فتوحات جہانگیری

سُنن دارقطنی

متن

امام ابو الحسن علی بن عمر دارقطنی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر
دام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

علماء اہلسنت کی کتب Pdf فائل میں حاصل
کرنے کے لئے
"فقہ حنفی PDF BOOK"
چینل کو جوائن کریں
http://T.me/FiqaHanfiBooks
عقائد پر مشتمل پوسٹ حاصل کرنے کے لئے
تحقیقات چینل ٹیلیگرام جوائن کریں
https://t.me/tehqiqat
علماء اہلسنت کی نایاب کتب گوگل سے اس لنک
سے فری ڈاؤن لوڈ کریں
https://archive.org/details/
@zohaibhasanattari
طالب دعا۔ محمد عرفان عطاری
زوہیب حسن عطاری

الله
رسول
محمد

فتوحاتِ جہانگیری

شرح

سُنن دار قطنی

جزء اوّل

1-2

متن

امام ابو الحسن علی بن عمر دار قطنی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ھو القادر

جمیع حقوق الطبع محفوظ للناشر

All rights are reserved

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب ———— فتوحاتِ جہانگیری سُنن دارقطنی

مترجم ———— ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

پروف ریڈنگ ———— ملک محمد یونس

کمپوزنگ ———— ورڈز میکر

باہتمام ———— ملک شبیر حسین

سن اشاعت ———— مئی 2011ء

سرورق ———— اے ایف ایس ایڈورٹائزرز

طباعت ———— اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ہدیہ ———— -/550 روپے

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر، ۴۰۔ اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

شرفِ انتساب

سلسلۂ چشتیہ صابریہ کے عظیم صوفی بزرگ

مخدوم احمد عبدالحق رودلوی رحمۃ اللہ علیہ

کی نذر

ریت ہی ریت ہے اس دل میں مسافر میرے
اور یہ صحرا تیرا نقشِ کفِ پا چاہتا ہے

محمد محی الدین
(اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں اور کوتاہیوں سے درگزر کرے)

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علم حدیث کی ترویج و اشاعت اور درس و تدریس کرنے والوں کے لیئے

دُعاءِ نبوی

نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا شَيْئًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ

اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش و خرم رکھے جو کوئی بات ہم سے سن کر اسی طرح آگے پہنچا دے جیسے سنی تھی

الحدیث

اخرجہ الترمذی، بہذ اللفظ فی "جامعہ" کتاب العلم، باب: ماجاء فی الحث علی تبلیغ السماع، رقم الحدیث 2657 (وفی معناہ) ابوداؤد 3660، ترمذی 2656، 2658، ابن ماجہ 230، 231، 232، مسند احمد 4157، 16784 داری 229، 230، معجم اوسط 5179، 5392، 7004، 9444، شعب الایمان 1736، مجمع الزوائد 582، 583، 584، 588، 589، 591، کنز العمال 29165، 29166، 29200، 29375

اس روایت کے طرق کی وضاحت کے بارے میں ایک مستقل رسالہ بھی ہے جس کا نام "جزء فیہ قول النبی ﷺ نضر اللہ امرأ" ہے اس کے مؤلف شیخ ابوعمرو احمد بن محمد اصبہانی مدینی ہیں۔ یہ رسالہ "دار ابن حزم" بیروت لبنان سے 1994ء میں شیخ بدر بن عبداللہ البدر کی تحقیق کے ہمراہ شائع ہوا تھا۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

ترتیب

عرضِ ناشر	۱۰
امام دارقطنی ؒ	۱۲
(سوانحی خاکہ)	۱۲
نام	۱۲
سلسلۂ نسب	۱۲
اسمِ منسوب	۱۲
پیدائش	۱۲
اساتذہ و مشائخ	۱۲
تلامذہ و مسترشدین	۱۲
سنن دارقطنی (ایک اجمالی تعارف)	۱۴
حدیثِ دل	۱۶
روایات میں تعارض کی بحث	۱۸
كتاب الطهارة	
طہارت کا بیان	۲۵
باب: جب پانی میں نجاست مل جائے' تو اس کا حکم	۲۵
حضرت عبداللہ بن عمر ؓ	۲۵
توضیح مسئلہ:	۲۸
حضرت انس بن مالک ؓ	۵۸
حضرت جابر بن عبداللہ ؓ	۶۲
باب: وہ پانی جو تبدیل ہو چکا ہو	۶۷
توضیح مسئلہ:	۶۸
حضرت صدی بن عجلان ؓ (ابوامامہ باہلی)	۷۰
حضرت سہل بن سعد ساعدی ؓ	۷۱
حضرت سعید بن مسیب ؒ	۷۳
توضیح مسئلہ:	۷۶
باب: اہل کتاب کے پانی سے وضو کرنا	۸۳
حضرت عمر بن خطاب ؓ	۸۴
باب: جب کنویں میں کوئی جانور گر جائے	۸۶
حضرت عبداللہ بن عباس ؓ	۸۷
حضرت ابراہیم نخعی ؒ	۹۰
باب: سمندر کا پانی	۹۲
حضرت جابر بن عبداللہ ؓ	۹۲
توضیح مسئلہ:	۹۳
حضرت عبداللہ بن عثمان (ابوبکر صدیق) ؓ	۹۷
حضرت علی کرم اللہ وجہہ	۹۹
امام زین العابدین ؓ	۱۰۰
حضرت عبداللہ بن عباس ؓ	۱۰۴
باب: جس کھانے میں ایسا جانور (یعنی کیڑا مکوڑا) گر جائے جس میں خون نہیں ہوتا	۱۱۱
حضرت سلمان فارسی ؓ	۱۱۲
توضیح مسئلہ:	۱۱۶
شمس الائمہ سرخسی کا بیان:	۱۱۷

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

شیخ ابن قدامہ کی وضاحت	۱۱۷
باب: گرم کیا گیا پانی	۱۱۸
توضیح مسئلہ:	۱۱۸
شیخ ابن قدامہ کی توضیح:	۱۱۸
سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا	۱۱۹
توضیح مسئلہ:	۱۲۱
باب: وہ پانی جس میں روٹی بھگوئی گئی ہو	۱۲۳
باب: (ارشادِ باری تعالیٰ:) ''جب تم نماز کے لیے کھڑے ہو'' کی تفسیر	۱۲۳
توضیح مسئلہ:	۱۲۴
ابن کثیر کی وضاحت:	۱۲۴
علامہ آلوسی کی وضاحت:	۱۲۵
باب: جس پانی میں مسواک رکھی گئی ہو اس سے وضو کرنا	۱۲۷
حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ	۱۲۸
توضیح مسئلہ:	۱۲۸
ابن حجر کی وضاحت:	۱۲۹
علامہ عینی کی وضاحت:	۱۳۰
باب: سونے اور چاندی کے برتن	۱۳۳
توضیح مسئلہ:	۱۳۴
علامہ ابن عبدالبر کی وضاحت:	۱۳۴
علامہ عینی کی وضاحت:	۱۳۵
باب: چمڑے کو پاک کرنا	۱۳۷
توضیح مسئلہ:	۱۳۹
ابن رشد کا بیان:	۱۳۹
اُمّ المومنین سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا	۱۴۸
اُمّ المومنین سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا	۱۵۴
حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ	۱۵۹
باب: نیند سے بیدار ہونے والے شخص کا دونوں ہاتھ دھونا	۱۶۵
توضیح مسئلہ:	۱۶۷
شیخ ابن عبدالبر کی وضاحت:	۱۶۷
علامہ عینی کی وضاحت:	۱۶۹
علامہ نووی کی وضاحت:	۱۷۰
باب: نیت کا بیان	۱۷۴
توضیح مسئلہ:	۱۷۷
احکام کا استنباط:	۱۷۸
باب: ٹھہرے ہوئے پانی میں غسل کرنا	۱۸۲
توضیح مسئلہ:	۱۸۴
باب: مرد کا عورت کے وضو کے بچے ہوئے پانی کو استعمال کرنا	۱۸۶
توضیح مسئلہ:	۱۸۷
باب: استنجاء کا بیان	۱۹۸
توضیح مسئلہ:	۱۹۹
امام ابوجعفر طحاوی کی تحقیق:	۲۰۰
حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:	۲۰۷
حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ	۲۰۷
طاؤس بن کیسان رحمۃ اللہ علیہ	۲۱۶
باب: مسواک کا بیان	۲۱۷
توضیح مسئلہ:	۲۱۸
باب: بیت الخلاء میں قبلہ کی طرف رخ کرنا	۲۳۶
توضیح مسئلہ:	۱۳۷
عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ	۴۲

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

حضرت خالد بن زید رضی اللہ عنہ (حضرت ابوایوب انصاری) ۲۴۸
حضرت امام شعبی رحمہ اللہ ۲۵۲
باب: استنجاء کے احکام ۲۵۴
باب: (جانوروں کے) جوٹھے پانی کا حکم ۲۵۷
باب: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا ۲۶۱
توضیح مسئلہ: ۲۶۲
باب: بلی کا جوٹھا ۲۷۳
حضرت عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ ۲۷۶
حضرت مجاہد رحمہ اللہ تعالیٰ ۲۸۲
باب: وضو سے پہلے بسم اللہ پڑھنا ۲۸۸
حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ ۲۹۵
باب: نبیذ کے ذریعے وضو کرنا ۳۰۰
عکرمہ بن عبدالرحمن رحمہ اللہ ۳۰۲
توضیح مسئلہ: ۳۰۴
ابن بطال کی وضاحت: ۳۰۵
ابن قدامہ کی وضاحت: ۳۰۵
صاحب ہدایہ کی وضاحت: ۳۰۶
امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے: ۳۰۶
توضیح مسئلہ: ۳۱۰
ابن حجر رحمہ اللہ کی تنقید: ۳۱۱
علامہ عینی رحمہ اللہ کا تبصرہ: ۳۱۱
حضرت شیخ ابوالعالیہ رحمہ اللہ ۳۱۹
توضیح مسئلہ: ۳۲۱
توضیح مسئلہ: ۳۲۲

جزو دوم

باب: وضو کے آغاز میں بسم اللہ پڑھنے کی ترغیب ۳۲۵
باب: نبی اکرم ﷺ کے وضو کا طریقہ ۳۲۶
حضرت اسلم رضی اللہ عنہ (ابورافع مولیٰ رسول اللہ) ۳۲۷
باب: کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کی ترغیب، وضو کا آغاز ان دونوں سے کیا جائے ۳۲۹
توضیح مسئلہ: ۳۴۰
حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ۳۴۹
باب: بازو دھونے سے بچنے والے پانی سے مسح کرنا ۳۵۵
سیدہ ربیع بنت معوذ رضی اللہ عنہا ۳۵۵
باب: (وضو کے دوران) دائیں ہاتھ سے پہلے بائیں ہاتھ کو دھولینا جائز ہے ۳۵۷
توضیح مسئلہ: ۳۵۷
باب: نبی اکرم ﷺ کے وضو کا طریقہ ۳۶۳
باب: مسح کرنے کے لیے نئے سرے سے پانی لینا ۳۶۷
توضیح مسئلہ: ۳۶۷
باب: تین مرتبہ مسح کرنے کی دلیل ۳۶۸
توضیح مسئلہ: ۳۶۹
باب: وضو کرنے والے شخص اور غسل کرنے والے شخص کے لیے کتنا پانی استعمال کرنا مستحب ہے؟ ۳۸۱
باب: سر اور جسم میں کیا چیز مسنون ہے؟ ۳۸۳
باب: دونوں پاؤں اور ایڑھیوں کو دھونا فرض ہے ۳۸۴
توضیح مسئلہ: ۳۸۵
حضرت رفاعہ بن رافع زرقی رضی اللہ عنہ ۳۹۱
باب: نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان منقول ہے: ’’دونوں کان سر کا حصہ ہیں‘‘ ۳۹۳
توضیح مسئلہ: ۳۹۴
صاحب بحر الرائق کی وضاحت: ۳۹۴

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

شیخ ابن قدامہ رحمہ اللہ کا بیان: ۳۹۶
باب: وضو کی فضیلت اور وضو کے دوران پورے پاؤں تک اچھی طرح پانی پہنچانے کے بارے میں جو کچھ منقول ہے ۴۲۹
باب: وضو کے (پانی) یعنی اعضاء کو خشک کرنا ۴۳۶
باب: وضو کرنے کے بعد شرمگاہ پر پانی چھڑکنا ۴۳۷
حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ ۴۳۸
باب: شرمگاہوں کے مل جانے سے غسل واجب ہو جاتا ہے اگرچہ انزال نہ ہوا ہو ۴۴۰
توضیح مسئلہ: ۴۴۰
توضیح مسئلہ: ۴۴۱
باب: غسل جنابت میں کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کے بارے میں جو کچھ منقول ہے ۴۵۱
ابن سیرین رحمہ اللہ ۴۵۱
توضیح مسئلہ: ۴۵۳
ابن حجر رحمہ اللہ کا بیان: ۴۵۳
ابن حجر رحمہ اللہ کی مزید وضاحت: ۴۵۳
علامہ عینی رحمہ اللہ کا تبصرہ: ۴۵۴
علامہ عینی رحمہ اللہ کا مزید تبصرہ: ۴۵۴
صاحب ہدایہ کی وضاحت: ۴۵۶
امام نووی رحمہ اللہ کی توضیح: ۴۵۶
باب: عورت کے غسل کے بچے ہوئے پانی سے غسل کرنے کی ممانعت ۴۵۶
باب: جنبی شخص اور حائضہ عورت کے لیے قرآن کی تلاوت کی ممانعت ۴۶۴
توضیح مسئلہ: ۴۶۴
صاحب ہدایہ کا بیان: ۴۶۵
باب: بے وضو شخص کے لیے قرآن کو چھونا منع ہے ۴۶۷
توضیح مسئلہ: ۴۶۸
ابن عبدالبر رحمہ اللہ کا بیان: ۴۶۸
باب: تر یا خشک منی کے پاک ہونے اور اس کے حکم کے بارے میں جو کچھ منقول ہے ۴۸۵
توضیح مسئلہ: ۴۸۵
امام نووی رحمہ اللہ کا بیان: ۴۸۵
حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کا بیان: ۴۸۷
علامہ عینی رحمہ اللہ کا تبصرہ: ۴۸۸
باب: جب جنبی شخص سونے‘ کھانے یا پینے کا ارادہ کرے تو وہ کیا کرے؟ ۴۹۳
باب: صرف انزال کی وجہ سے غسل لازم ہونے کا حکم منسوخ ہے ۴۹۵
حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ ۴۹۶
توضیح مسئلہ: ۴۹۷
امام ترمذی رحمہ اللہ کا بیان: ۴۹۷
مصنف عبدالرزاق رحمہ اللہ کی روایت: ۴۹۷
باب: پیشاب کا ناپاک ہونا اور اس سے بچنے کا حکم ۴۹۹
اور جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے‘ ان کے پیشاب کا حکم ۵۰۰
حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ ۵۰۰
توضیح مسئلہ: ۵۰۳
شیخ ابن رُشد رحمہ اللہ کا بیان ۵۰۳
حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ ۵۰۶
باب: جو بچہ یا بچی کھانا نہیں کھاتے ہوں‘ ان کے پیشاب

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

کا حکم ____ ۵۱۱
توضیح مسئلہ: ____ ۵۱۱
باب: بیٹھے ہوئے سو جانا وضو نہیں توڑتا' اس بارے میں جو کچھ منقول ہے ____ ۵۱۲
توضیح مسئلہ: ____ ۵۱۷
صاحب ہدایہ کا بیان ____ ۵۱۷
امام ابن ہمام کی وضاحت: ____ ۵۱۸
باب: زمین کو پیشاب سے پاک کرنا ____ ۵۲۳
توضیح مسئلہ: ____ ۵۲۴
صاحب ہدایہ کا بیان ____ ۵۲۴
ابن ہمام کی توضیح ____ ۵۲۵
باب: اُن چیزوں کا بیان جن سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور چھو لینے اور بوسہ دینے کے بارے میں جو کچھ منقول ہے ____ ۵۳۰
توضیح مسئلہ: ____ ۵۳۱
ابن رشد کا بیان: ____ ۵۳۱
باب: باوضو حالت میں بوسہ لینے کے بارے میں جو کچھ منقول ہے ____ ۵۳۷
باب: (عورت کا اپنی) اگلی یا پچھلی شرمگاہ یا مرد کا اپنی شرمگاہ کو چھونے کے بارے میں جو کچھ منقول ہے اور اس کا حکم ____ ۵۳۷
توضیح مسئلہ: ____ ۵۵۹
امام ترمذی رحمہ اللہ کا بیان ____ ۵۵۹
ابن رُشد رحمہ اللہ کا بیان: ____ ۵۵۹
باب: بغل کو چھونے کے بارے میں جو کچھ منقول ہے اور اس کے بعد وضو کرنے کا حکم ____ ۵۵۵
توضیح مسئلہ: ____ ۵۵۶
باب: جسم سے نکلنے والی چیز جیسے نکسیر' قے' پچھنے (لگوانے سے نکلنے والا خون) وغیرہ کے بعد وضو کرنا ____ ۵۷۸
توضیح مسئلہ: ____ ۵۷۹
باب: داڑھی کا خلال کرنا ____ ۵۸۳
باب: نکسیر کے بارے میں جو کچھ منقول ہے ____ ۵۸۵
باب: نماز کے دوران قے آنے یا کھٹا ڈکار آنے کے بارے میں جو کچھ منقول ہے ____ ۵۸
باب: جس شخص کا نماز کے دوران وضو ٹوٹ جائے اُس کا طریقہ ____ ۵۹۸
باب: جو شخص کھڑے ہوئے' بیٹھے ہوئے یا لیٹ کر سو جائے اُس کے بارے میں جو کچھ منقول ہے' اس سے طہارت کا لازم ہونا ____ ۶۰۴
توضیح مسئلہ: ____ ۶۰۶
باب: نماز کے دوران قہقہہ لگانے (سے وضو ٹوٹ جانے) کے بارے میں احادیث ان میں موجود علتوں کا بیان ____ ۶۱۲
توضیح مسئلہ: ____ ۶۱۴
ابن تیمیہ کا قول: ____ ۶۱۴
ابن رُشد کی وضاحت: ____ ۶۱۵
صاحب ہدایہ کا بیان: ____ ۶۱۶
ابن ہمام کی تحقیق: ____ ۶۱۷

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

عرضِ ناشر

اللہ تعالیٰ کے لیے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے' جس کی عطاء کی ہوئی ہمت اور توفیق کے نتیجے میں ہم اس کے دین کی تعلیمات کی نشرو اشاعت کے حوالے سے خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر بے حد وشمار درود وسلام نازل ہو! جو اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں' جن کا لایا ہوا دین انسانیت کی ہدایت ورہنمائی کے لیے کافی ہے۔

آپ ﷺ کے ہمراہ آپ ﷺ کے تمام اہلِ بیت' آپ ﷺ کی آل' اصحاب' آپ کی اُمت کے تمام افراد پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں!

•••——•••——•••

آپ کا ادارہ شبیر برادرز ایک طویل عرصے سے اسلامی کتب کی نشرو اشاعت کی خدمت سرانجام دے رہا ہے۔ پہلے آپ کے ادارے کو ''کتب فتاویٰ'' کی نشرو اشاعت کے حوالے سے امتیازی مقام حاصل تھا۔ جو اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول کے فضل وکرم سے آج بھی حاصل ہے۔

چند برس پیشتر جب حضرت استاذِ زمن واقف اسرارِ آیات وسنن ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر دامت برکاتہم العالیہ نے ادارے کی علمی سرپرستی قبول کی تو انہوں نے اس خواہش کا اظہار کیا' اب ہمیں اپنی زیادہ توجہ علمِ حدیث کی خدمت کی طرف مبذول کرنی چاہیے۔ حضرت جہانگیر کی رہنمائی وسرپرستی میں ادارہ کے انتظامیہ نے علمِ حدیث کی خدمت کے عظیم کام کا بیڑا اُٹھایا اور صرف چند برسوں کے اندر بہت سی کتب احادیث کو شائع کرنے کا شرف حاصل کیا۔

ان کتب میں سے اکثر کے ترجمہ وتحقیق کی خدمت حضرت جہانگیر نے سرانجام دی اور عوام وخواص نے اس خدمت کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔

•••——•••——•••

کتب احادیث کی خدمت کے اسی سلسلے کی ایک اور کڑی ''سنن دار قطنی'' کے ترجمہ وتشریح کی شکل میں اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے' جس میں سنن دارقطنی کی احادیث کی اسناد میں ذکر ہونے والے راویوں کا اجمالی تعارف بھی ہے اور ان کے حالات کے لیے اصل مآخذ کی نشاندہی کر دی گئی ہے۔

بعض مقامات پر مسئلے کی تحقیق کرتے ہوئے' متقدمین اہلِ علم کی آراء نقل کرتے ہوئے' اصل ماخذ میں سے اصل عربی

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

متن اور اس کا ترجمہ بھی ساتھ دیا گیا ہے' ہماری ناقص معلومات کے مطابق ابھی تک اُردو زبان میں کتب احادیث کی شرح کرتے ہوئے اصل عربی عبارات نقل کرنے کا اہتمام کسی نے نہیں کیا' یہ روایت بھی حضرت جہانگیر نے قائم کی ہے۔اس کے ساتھ انہوں نے بیروت سے شائع ہونے والے سنن دارقطنی کے ایک تحقیقی نسخے سے احادیث کی تخریج بھی نقل کر دی ہے۔اور سب سے اہم بات یہ ہے' سنن دارقطنی اُردو زبان میں ترجمے کے ساتھ پہلی مرتبہ شائع ہو رہی ہے۔اور ہماری معلومات کے مطابق آج تک اس کتاب کی کوئی عربی شرح بھی شائع نہیں ہوئی۔اس اعتبار سے فاضل مصنف یقیناً مبارک باد کے مستحق ہیں' انہوں نے علمِ حدیث کے اس اہم ماخذ کو اُردو میں منتقل کرنے کے ساتھ اس کی شرح تحریر کر کے ایک اہم خدمت سرانجام دی ہے' جس کے لیے ادارہ' اس کی انتظامیہ' علمِ حدیث کے اساتذہ' طلباء اور عام قارئین بجا طور پر ان کے شکرگزار ہیں۔

•••———•••———•••

ہم سے جو خدمت ہو سکتی تھی' وہ ہم نے کر دی ہے۔اب یہ آپ کا کام ہے' آپ علمِ حدیث کے ان انوار سے خود بھی فیض یاب ہوں اور انہیں دوسروں تک بھی منتقل کریں۔

ہماری درخواست ہے: آپ اس کتاب سے استفادہ کرتے ہوئے متن' مترجم و شارح' کے ساتھ ادارہ کی انتظامیہ اور اس کے متعلقین کو بھی اپنی نیک دعاؤں میں یاد رکھیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے پیارے دین اور اس کی عظیم تعلیمات کی زیادہ سے زیادہ اور بہتر سے بہتر خدمت کرنے کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

ملک شبیر حسین

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ

(سوانحی خاکہ)

نام

امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ کا نام علی بن عمر' اور ان کی کنیت ابوالحسن ہے۔

سلسلۂ نسب

آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے:

اسمِ منسوب

علی بن عمر بن احمد بن مہدی بن مسعود بن نعمان بن دینار بن عبداللہ۔

آپ بغداد کے محلے "دار قطن" کے رہنے والے تھے اور اسی نسبت سے مشہور ہوئے۔

پیدائش

آپ کی پیدائش چوتھی صدی ہجری کے آغاز میں 306 ہجری میں ہوئی۔

•••———•••———•••

اساتذہ و مشائخ

آپ نے درج ذیل حضرات سے احادیث کا سماع کیا:

ابوالقاسم بغوی' یحییٰ بن محمد' ابوبکر بن ابوداؤد' محمد انماطی' ابوحامد' محمد بن ہارون' علی بن عبداللہ بن مبشر' ابوعلی محمد بن سلمان مالکی' ابوعمر محمد بن یوسف اور دیگر بہت سے افراد سے امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے احادیث کا سماع کیا۔

تلامذہ و مسترشدین

آپ کے شاگردوں میں امام حاکم (جو مستدرک حاکم کے مصنف ہیں)' حافظ الحدیث شیخ عبدالغنی' مشہور فقیہہ ابوحامد اسفرائنی' ابونعیم اصفہانی' ابوبکر برقانی اور دیگر بہت سے حضرات شامل ہیں۔

امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ علوم کا سمندر تھے' آپ کو مختلف علوم و فنون میں امامت کا درجہ حاصل تھا' علمِ حدیث کے حافظ تھے' علل

Marfat.com

الحدیث اور رجال الحدیث کی بھرپور معرفت رکھتے تھے۔ فقہاء کے نظریات اور ان کے اختلاف کے ماہر تھے' تاریخ و سیرت پر دسترس رکھتے تھے' قرأت اور نحو کے امام تھے۔

•••———•••———•••

شیخ ابوذر بیان کرتے ہیں: میں نے امام حاکم سے دریافت کیا: کیا آپ نے دارقطنی جیسا (فاضل) کوئی دوسرا شخص دیکھا ہے؟ تو امام حاکم نے جواب دیا: انہوں نے خود اپنے جیسا کوئی نہیں دیکھا ہوگا' تو پھر بھلا میں کیسے دیکھ سکتا ہوں؟

علمِ حدیث کے ماہر حافظ عبدالغنی ازدی رحمۃ اللہ علیہ جب امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ کی کوئی بات نقل کرتے تو یہ کہا کرتے تھے:

''ہمارے استاد صاحب نے یہ فرمایا ہے''۔

قاضی ابوطیب طبری فرماتے ہیں: امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ ''امیر المؤمنین فی الحدیث'' تھے۔

یہی قاضی ابوطیب طبری بیان کرتے ہیں:

ایک مرتبہ میں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر تھا' میں نے ان کے سامنے وہ احادیث پڑھیں جو انہوں نے شرمگاہ کو چھونے (پر وضو لازم ہونے یا نہ ہونے) کے بارے میں جمع کی تھیں۔ امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اگر اس وقت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ یہاں موجود ہوتے تو وہ بھی ان احادیث سے استفادہ کرتے۔

79 برس کی بھرپور زندگی گزارنے کے بعد جمعرات کے دن 8 ذیقعدہ 385 ہجری میں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے وفات پائی۔

Marfat.com

سنن دار قطنی

(ایک اجمالی تعارف)

جیسا کہ سابقہ صفحات میں ہم یہ بات واضح کر چکے ہیں' امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ اپنے زمانے میں علمِ حدیث' علل الحدیث اور رجال الحدیث کے بڑے ماہر تھے۔ ان کی یہ مہارت اور فضیلت ان کی شہرۂ آفاق تصنیف ''سنن دارقطنی'' کے بالاستیعاب تحقیقی مطالعے کے نتیجے میں آشکار ہوتی ہے۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس عظیم تصنیف میں مختلف موضوعات سے متعلق کم وبیش 4749 کے لگ بھگ احادیث نقل کی ہیں۔

تاہم یہ بات پیش نظر رہے' روایات کی یہ تعداد سند اور متن کے اختلاف کے ساتھ ہے' ورنہ متن کے موضوع کو سامنے رکھ کر اگر مکررات کو نکال دیا جائے' تو تعداد کافی کم رہ جاتی ہے۔

•••——•••——•••

دوسری بات یہ پیش نظر رہنی چاہیے: امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کتاب میں صرف وہ روایات نقل کی ہیں' جو فقہی احکام سے متعلق ہیں۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے عقائد' فضائل' تفسیر' سیرت وغیرہ سے متعلق روایات کو اس کتاب میں نقل نہیں کیا۔

•••——•••——•••

تیسری بات یہ پیش نظر رہے' امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کتاب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کے ساتھ صحابہ کرام کے آثار اور بعد کے زمانوں کے اہلِ علم' بطورِ خاص تابعین عظام کے فقہی اقوال بھی نقل کیے ہیں۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ کا اسلوب یہ ہے: وہ پہلے کسی فقہی مسئلے سے متعلق باب کا عنوان قائم کرتے ہیں' پھر اس موضوع سے متعلق تمام روایات ایک ہی جگہ اسناد اور متن کے الفاظ کے اختلاف کے ہمراہ نقل کر دیتے ہیں۔

اگر کسی روایت کی سند میں کوئی ضعیف راوی ہو' تو امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ اس کی وضاحت کر دیتے ہیں۔

اگر کسی روایت میں کوئی خفیہ علت پائی جاتی ہو' یعنی وہ روایت ''مرفوع'' حدیث کے طور پر منقول ہے' حالانکہ درحقیقت وہ روایت ''موقوف'' ہو یا کسی ایک سند کے ساتھ وہ روایت ''متصل'' طور پر منقول ہو' حالانکہ درحقیقت وہ ''مرسل'' ہو' تو امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ اس کی وضاحت کر دیتے ہیں۔

Marfat.com

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس کتاب میں فقہی موضوعات سے متعلق مرفوع' موقوف' مقطوع' صحیح' حسن' ضعیف احادیث وآثار متعدد طرق کے ساتھ نقل کر دیئے ہیں۔

•••——•••——•••

ترجمہ کرتے ہوئے ہمارے سامنے ''سنن دارقطنی'' کے دو نسخے موجود تھے۔

ان میں سے ایک نسخہ ''دارالمعرفہ'' بیروت' لبنان سے 1422 ہجری بمطابق 2001 عیسوی میں شائع ہوا۔ اس نسخے کی تحقیق اور تعلیق نگاری کی خدمت شیخ عادل احمد عبدالموجود اور شیخ علی محمد معوض نے سرانجام دی ہے' ہم نے احادیث کی تخریج اور راویوں کا اجمالی تعارف' مختصر کمی وبیشی کے ہمراہ' اسی نسخے سے نقل کر دیا ہے۔

•••——•••——•••

سنن دارقطنی کا دوسرا نسخہ جو ہمارے پیش نظر ہے' یہ دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان سے 1424 ہجری بمطابق 2003 عیسوی میں' دو جلدوں میں شائع ہوا۔ اس نسخے کی تحقیق وتعلیق نگاری کی خدمت شیخ مجدی بن منصور بن سید الشوری نے سرانجام دی ہے۔ فاضل محقق نے کتاب کے آخر میں کچھ فہارس بھی شامل کی ہیں۔

اس نسخے کے مطابق سنن دارقطنی میں مذکور احادیث وآثار کی مجموعی تعداد 4790 ہے۔

Marfat.com

حدیثِ دل

اللہ تعالیٰ کے لیے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے جو اپنی شان کے لائق صفات سے متصف ہے' اور ان تمام صفات سے پاک ہے جو اس کی شان کے لائق نہ ہوں۔

حضرت محمد ﷺ پر اللہ تعالیٰ' اس کے فرشتوں' بلکہ جملہ مخلوقات کی طرف سے بے حد و شمار درود و سلام نازل ہو! جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کے سب سے مقرب اور اس کی مخلوق میں سب سے برگزیدہ شخصیت ہیں۔

آپ کے ہمراہ آپ کے تمام اصحاب' اہل بیت' آپ کی اُمت کے اہلِ علم اور عام افراد پر' اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں' جنہوں نے آپ کی احادیث کا علم حاصل کیا' انہیں دوسروں تک پہنچایا' ان پر عمل کیا۔

•••——•••——•••

اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول کے فضل و کرم کے تحت ہم نے علمِ حدیث کی خدمت کے جس کام کا آغاز کیا تھا' اپنے معزز قارئین کی دعاؤں کی بدولت اس میں ایک قدم آگے بڑھاتے ہوئے' ہم اس وقت علمِ حدیث کی اہم کتاب ''سنن دارقطنی'' کا ترجمہ اور تشریح آپ کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔ اس عظیم کتاب کے مؤلف چوتھی صدی ہجری کے عظیم مایۂ ناز محدث امام ابوالحسن علی بن عمر دارقطنی ہیں۔ جن کے مرتبہ و مقام کا اندازہ صرف اسی بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ''المستدرک'' کے مؤلف امام ابوعبداللہ حاکم نیشاپوری ان کے شاگردوں کی صف میں شامل ہیں۔ ہم یہ بیان کرتے ہوئے بہت خوشی محسوس کر رہے ہیں' اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول کے فضل و کرم کے تحت ''سنن دارقطنی'' کا اُردو زبان میں پہلی مرتبہ ترجمہ برادرانِ اسلام کی خدمت میں پیش کرنے کا شرف ہمیں حاصل ہو رہا ہے' کیونکہ تادمِ تحریر اس کتاب کا کوئی ترجمہ شائع نہیں ہوا ہے۔

متن کے ترجمے کے ساتھ ہم نے احادیث کی مختصر شرح بھی تحریر کی ہے کیونکہ سنن دارقطنی میں مذکور تمام تر روایات فقہی احکام سے متعلق ہیں' اس لیے قارئین کی سہولت کے لیے یہ امر ضروری تھا کہ متن میں مذکور مسائل کے بارے میں فقہاء کے اختلاف کی وضاحت کر دی جائے۔ ویسے بھی ہماری ناقص معلومات کے مطابق سنن دارقطنی کی کوئی باقاعدہ شرح آج تک شائع نہیں ہوئی ہے۔ اس اعتبار سے یہ نعمت بھی ہمارے حصے میں آئی ہے۔

احادیث کی تخریج اور رجال کا تعارف ہم نے جس نسخے میں سے نقل کیا ہے' اس کی وضاحت آئندہ صفحات میں کر دی گئی ہے۔

Marfat.com

ائمہ محدثین کی وساطت سے نبی اکرم ﷺ تک جانے والی اپنی سند حدیث ہم نے ''صحیح بخاری'' (مترجم' مطبوعہ شبیر برادرز) اور جامع ترمذی (مترجم' مطبوعہ شبیر برادرز) کے آغاز میں ذکر کر دی ہے۔

•••——•••——•••

اس کتاب کی خدمت کی تکمیل کے لیے جن احباب کا تعاون شاملِ حال رہا' ہم ان سب کے شکرگزار ہیں' جن میں سرِفہرست برادرِ مکرم خرم زاہد ہیں جنہوں نے تصنیف و تالیف کے لئے سازگار ماحول فراہم کیا۔ ملک محمد یونس جنہوں نے مسودہ پڑھنے' متن کی تصحیح وغیرہ کے حوالے سے ہماری بہت مدد کی۔ ریحان علی' فیصل رشید جنہوں نے نہایت سرعت کے ساتھ مسودہ کمپوز کیا' مخدوم قاسم شاہد جنہوں نے اسے دیدہ زیب انداز میں مرتب کیا۔ محترم شبیر احمد جنہوں نے خوبصورت سرِ ورق ڈیزائن کیا۔ منصور صاحب جنہوں نے اپنی ذاتی نگرانی میں یہ کام کروایا۔ خلیفہ مجیب احمد اور برادرم عرفان حسین جنہوں نے خوبصورت جلد بندی کی۔ اور ملک شبیر حسین جنہوں نے اشاعت کے تمام امور کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا جس کے نتیجے میں یہ کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

شکریہ کے ان جذبات میں ایک بڑا حصہ ہمارے اساتذہ و مشائخ اور والدین کے لیے بھی ہے جن کی دعاؤں اور تربیت کے طفیل ہم اس لائق ہو سکے۔

•••——•••——•••

سب سے آخر میں قاسم پیرزادہ کا یہ شعر یقیناً ہمارے حسبِ حال ہے۔

اپنی تلاش کا سفر ختم بھی کیجئے کبھی
خواب میں چل رہے ہیں آپ' آپ بہت عجیب ہیں

محمد محی الدین

(اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں اور کوتاہیوں سے درگزر کرے)

Marfat.com

روایات میں تعارض کی بحث

﴿از ملا احمد جیون انبیٹھوی﴾

تعارض کی بحث:

بعض اوقات ہمیں محسوس ہوتا ہے کہ ہمارے سامنے موجود شرعی دلائل میں تعارض واقع ہوگیا ہے۔اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ ہمیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ دونوں متعارض دلائل میں سے کون سا حکم ناسخ ہے؟ اور کون سا منسوخ ہے؟ وگرنہ شرعی دلائل میں کسی قسم کا تعارض نہیں پایا جاسکتا اور وہ بھی اللہ کے کلام میں' کیونکہ کلام میں تعارض عیب ہے اور اللہ کی ذات اس سے پاک ہے۔

تعارض کی تعریف:

تعارض کا مطلب یہ ہے کہ دو دلیلیں (جو ایک دوسرے کی ضد ہوں) اس طرح سے ایک دوسرے کے مقابل آجائیں کہ ان میں سے کسی ایک کو دوسری پر ترجیح نہ دی جاسکے نہ ذات میں اور نہ ہی صفات میں ایسا ہوسکے۔

لہٰذا مفسر اور محکم کے درمیان تعارض نہیں پایا جائے گا اسی طرح عبارۃ النص اور اشارۃ النص کے درمیان بھی تعارض نہیں پایا جائے گا کیونکہ ان میں صرف ظاہری طور پر ایک دوسرے کی مخالفت ہوتی ہے ورنہ درحقیقت ان دونوں میں سے ایک کو دوسرے پر وصف کے اعتبار سے ترجیح حاصل ہوتی ہے۔اسی طرح مشہور حدیث اور خبر واحد حدیث کے درمیان تعارض نہیں ہوتا۔اسی طرح کتاب اللہ کے خاص حکم اور ایسے عام حکم جس میں سے بعض افراد کو خاص کرلیا گیا ہو' درحقیقت تعارض ہوتا ہی نہیں ہے کیونکہ ان دونوں میں سے کسی ایک قسم کو ذاتی اعتبار سے دوسری قسم پر ترجیح حاصل ہوتی ہے۔

تعارض کیلئے یہ بات شرط ہے کہ دونوں متضاد دلائل سے دو متضاد احکام ثابت ہو رہے ہوں یعنی ایک دلیل کے ذریعے کسی چیز کی حلت ثابت ہو رہی ہو اور دوسری دلیل کے ذریعے اسی چیز کی حرمت ثابت ہو رہی ہو یہ شرط نہایت ضروری ہے البتہ یہاں اسے ضمنی طور پر الگ سے ذکر کیا گیا ہے۔

تعارض کیلئے یہ بات شرط ہے کہ مسئلے کا محل اور وقت ایک ہو لیکن دونوں دلائل کے ذریعے حکم متضاد ثابت ہوتا ہو جیسے جب کوئی شخص کسی عورت کے ساتھ نکاح کرتا ہے تو اس کی وجہ سے وہ عورت اس کیلئے حلال ہو جاتی ہے اور اسی نکاح کی وجہ سے اس عورت کی ماں اس کیلئے حرام ہو جاتی ہے (اب نکاح ایک ہی ہے اور اس کے ذریعے ثابت ہونے والے حکم دو ہیں یعنی حلت اور حرمت ہے لیکن ان دونوں متضاد احکام کا محل مختلف ہے یعنی حلت کے حکم کا تعلق ایک عورت کے ساتھ ہے اور حرمت کے حکم کا تعلق

Marfat.com

دوسری عورت کے ساتھ ہے' یہ مثال محل کی تھی وقت کی مثال یہ ہے)۔

ابتداء اسلام میں شراب پینا جائز تھا بعد میں اسے حرام قرار دے دیا گیا (اب یہاں حلت اور حرمت دو متضاد حکم ہیں اور دونوں کا محل یعنی شراب نوشی ایک ہی ہے لیکن اس کے باوجود یہاں تعارض موجود نہیں ہوگا کیونکہ دونوں کا وقت ایک نہیں ہے)

اسی طرح اگر محل اور وقت ایک ہوں اور حکم ایک نہ ہو تو اسے تعارض نہیں کیا جا سکتا اور یہ بات واضح ہے۔

بعض علماء نے یہاں اس بات کا اضافہ کیا ہے کہ حکم کے ساتھ اس کی نسبت بھی یکساں ہونی چاہئے جیسے (نکاح کی وجہ سے) بیوی شوہر کے لئے حلال ہوتی ہے اور اس کے علاوہ دیگر تمام مردوں کیلئے حرام ہوتی ہے لیکن اس اختلاف کو تعارض نہیں کہا جا سکتا۔

اگر دو آیات کے درمیان بظاہر تعارض نظر آئے تو سنت کی طرف رجوع کیا جائے گا کیونکہ تعارض کی وجہ سے دونوں آیات کا حکم ساقط ہو جائے گا اس لیے اسی دلیل کی طرف رجوع کرنا ہوگا جو آیات کے بعد سب سے زیادہ مستند ہو اور وہ سنت ہے ایسی صورت میں کسی تیسری آیت کی طرف رجوع نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ آپ کثرت کی وجہ سے ایک دلیل کو دوسری دلیل پر ترجیح دے رہے ہیں اور یہ درست نہیں ہے۔

اس کی مثال اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے

''(نماز میں) تم سے قرآن کا جو حصہ پڑھا جا سکے پڑھ لو!'' (المزمل:20)

ایک اور مقام پر ارشاد باری تعالیٰ ہے

''جب قرآن پڑھا جائے تو اسے غور سے سنو اور خاموش رہو''۔ (الاعراف:204)

پہلی آیت کے عمومی حکم سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ نماز میں مقتدی کیلئے بھی قرات کرنا فرض ہے جبکہ دوسری آیت کے خصوصی حکم سے اس کی نفی ہوتی ہے اور یہ دونوں آیات نماز ہی کے بارے میں ہیں اس لیے اس تعارض کی موجودگی میں حدیث کی طرف رجوع کیا جائے گا اور وہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے۔

''جس شخص کے آگے امام کھڑا ہو تو امام کی قرات ہی اس کیلئے کافی ہوگی۔''

سنت میں تعارض:

اگر دو حدیثوں کے درمیان تعارض آ جائے تو صحابہ کرام کے اقوال یا قیاس کی طرف رجوع کیا جائے گا۔ امام فخرالاسلام بزدوی نے یہی اصول بیان کیا ہے تاہم بعض علما اس بات کے قائل ہیں کہ صحابہ کرام کے اقوال کو قیاس پر ترجیح حاصل ہوگی۔ خواہ وہ قیاس کے مطابق ہوں یا نہ ہوں بعض علماء کے نزدیک مطلق طور پر قیاس کو ترجیح حاصل ہوگی بعض علماء نے یہ رائے پیش کی ہے کہ جن مسائل کا حل قیاس کے ذریعے حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ ان میں صحابہ کرام کے اقوال کو مقدم رکھا جائے گا اور جن مسائل کو قیاس کے ذریعے حل کیا جا سکتا ہے ان میں قیاس کو مقدم رکھا جائے گا اس کی مثال یہ ہے کہ

Marfat.com

بعض احادیث میں یہ بات منقول ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے نماز کسوف میں دو رکعت ادا کی تھیں جن میں سے ہر ایک رکعت میں ایک مرتبہ رکوع کیا اور دو مرتبہ سجدہ کیا جبکہ سیدہ عائشہ صدیقہ روایت کرتی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے نماز کسوف میں چار رکعات ادا کی تھیں اور ان میں سے ہر ایک رکعت میں چار مرتبہ رکوع کیا تھا اور چار مرتبہ سجدہ کیا تھا (یہ دونوں روایات متعارض ہیں) اس لیے قیاس کی طرف رجوع کیا جائیگا اور نماز کسوف کو بھی دیگر نمازوں پر قیاس کرتے ہوئے (اس روایت کو ترجیح دی جائیگی جس میں ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدوں کا ذکر ہے)

اگر صحابہ کرام کے اقوال اور قیاس کی طرف رجوع کرنے کے بعد بھی مسئلے کا حل سامنے نہ آسکے تو ہر ایک صورت کو اس کی اصل کے مطابق لیا جائے گا اس کی مثال یہ ہے کہ گدھا اگر پانی میں منہ ڈال دے تو اس کا حکم کیا ہوگا؟ اس بارے میں احادیث مختلف ہیں جیسا کہ احادیث سے ثابت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ خیبر کے موقع پر پالتو گدھوں کا گوشت حرام قرار دیا تھا جبکہ غالب بن فہر روایت کرتے ہیں۔ میں نے بارگاہ رسالت میں عرض کی گدھوں کے علاوہ میرا تمام مال ضائع ہو چکا ہے تو آپ نے فرمایا تمہارے مال میں سے جو بھی جانور موٹا تازہ ہو تم اس کا گوشت کھا سکتے ہو تو جب اس کے گوشت کے بارے میں تعارض واقع ہو گیا تو اس کے جوٹھے کا بھی یہی حکم ہوگا کیونکہ منہ کا لعاب گوشت سے پیدا ہوتا ہے ایک حدیث میں یہ بات موجود ہے کہ نبی اکرم ﷺ سے گدھے کے جوٹھے پانی کا حکم دریافت کیا گیا کہ اس کے ذریعے وضو کیا جا سکتا ہے؟ تو آپ نے فرمایا ہاں! یہ روایت حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے نقل کی ہے جبکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نقل کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے پالتو گدھوں کو ناپاک قرار دیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کا جوٹھا بھی ناپاک ہوگا گدھے کے جوٹھے پانی کا حکم قیاس کے ذریعے بھی واضح نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اسے پسینے پر قیاس نہیں کیا جائے گا۔ اسی طرح اس کو دودھ پر بھی قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ اس کو کتے کے جوٹھے پر قیاس نہیں کیا جا سکتا کیونکہ کتے کا جوٹھا ناپاک ہوتا ہے اور (سابقہ زمانوں میں) انسان کو کتے سے زیادہ گدھے کی ضرورت ہوتی تھی اس طرح گدھے کے جوٹھے کو بلی کے جوٹھے پر بھی قیاس نہیں کیا جا سکتا کیونکہ بلی کا جوٹھا پاک ہوتا ہے اور گدھے کی بہ نسبت گھر میں بلی کی آمد و رفت زیادہ ہوتی ہے لہٰذا جب یہ تمام دلائل باہمی طور پر متعارض ہو گئے تو اب وضو کرنے اور پانی کے استعمال کا حکم اپنی اصل پر باقی رہے گا۔

مذکورہ بالا مسئلے کا یہ حکم ہوگا کہ پانی کیونکہ اپنی اصل کے اعتبار سے پاک ہوتا ہے اس لیے گدھے کے جوٹھے پانی کو نجس قرار نہیں دیا جائے گا لہٰذا اس پانی کے ذریعے وضو کرنا واجب ہوگا۔ (جب کوئی اور پانی موجود نہ ہو) اور انسان کیونکہ اپنی اصل کے اعتبار سے بے وضو ہوتا ہے اس لیے ایسے پانی سے اس کا حدث زائل نہیں ہوگا اس لیے اسے اس وضو کے ہمراہ احتیاطاً تیمم بھی کرنا پڑے گا یہاں یہ سوال نہیں کیا جا سکتا کہ پانی اپنی اصل کے اعتبار سے انسان کو پاک کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اس لیے تیمم کی ضرورت نہیں ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ ایسی صورت میں آدمی کے بجائے صرف پانی کے اصل حکم کا خیال رکھا گیا ہوگا۔ یہاں یہ اعتراض نہیں کیا جا سکتا کہ جب کسی مسئلے کے بارے میں حلال اور حرام دونوں حال سے نجات حاصل کی جا سکے۔ ہم اس کا جواب یہ دیں گے یہ ترجیح احتیاط کے پیش نظر دی جاتی ہے اور ہم نے یہاں احتیاط کے پیش نظر پہلے ہی یہ

Marfat.com

فتویٰ دیا ہے کہ احتیاط کے پیش نظر اس پانی سے وضو بھی کر لیا جائے اور بعد میں تیمم بھی کر لیا جائے۔ گدھے کے جوٹھے پانی کو مشکوک اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ اس کی حلت یا حرمت کے بارے میں منقول دلائل میں تعارض پایا جاتا ہے اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ اس کا حکم ہی پتہ نہیں ہے کیونکہ ان کا حکم موجود ہے اور وہ یہ کہ اگر کوئی دوسرا پانی موجود نہ ہو تو اسی پانی کے ذریعے وضو کرنا واجب ہے اور اس کے ساتھ تیمم بھی کیا جائے گا۔

قیاس میں تعارض:

اگر دو طرح کے قیاس کے درمیان تعارض آ جائے تو اس تعارض کی وجہ سے وہ دونوں ساقط نہیں ہونگے کیونکہ قیاس کے بعد مزید کوئی دلیل نہیں ہوتی۔ سوائے اس کے کہ ہر چیز کو اس کی اصل پر باقی رکھا جائے جیسا کہ ضرورت کے پیش نظر گدھے کے جوٹھے کے حکم میں ایسا کیا گیا تھا لیکن یہ عمل ہمارے (فقہائے احناف کے) نزدیک حجت نہیں ہے اس لیے جب دو قیاسوں کے درمیان تعارض آ جائے تو مجتہد اپنے ذہن کے فیصلے کے مطابق ان دونوں میں سے کسی ایک پر عمل کر سکتا ہے یعنی مجتہد پہلے دونوں طرح کے قیاسوں میں غور و فکر کرے گا اور پھر اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ نور فراست کی مدد سے اس کا ذہن جس قیاس پر مطمئن ہوگا اس کے مطابق فیصلہ دیدیگا۔ امام شافعی کے نزدیک ایسی صورت میں دل کی گواہی شرط نہیں ہے یہی وجہ ہے اکثر مسائل میں ان کے مختلف فتاویٰ منقول ہیں۔ اس کے برعکس ہمارے آئمہ میں سے کسی ایک امام کے' کسی مسئلے کے بارے میں دو فتاویٰ موجود ہوں بھی تو ان کا تعلق دو الگ زمانوں سے ہوگا لیکن کیونکہ تاریخی طور پر یہ پتہ نہیں چل پاتا کہ دونوں میں پہلا فتویٰ کون سا ہے؟ تاکہ دوسرے پر عمل کیا جا سکے اسی لیے بعد میں آنیوالے فقہاء دونوں میں سے کسی ایک قول پر فتویٰ دے دیتے ہیں۔ یہ تمام بحث حقیقی تعارض کے بارے میں تھی جس کا حکم یہ ہے کہ اس کی موجودگی میں متعارض دلائل ساقط ہو جائیں گے۔ تعارض کی دوسری صورت ظاہری تعارض ہے جس کا حکم یہ ہے کہ اس میں ظاہری طور پر متعارض دلائل میں سے کسی ایک کو دوسرے پر ترجیح دی جاتی ہے اس کی ممکنہ صورتیں درج ذیل ہیں۔

(i) یہ تعارض دلیل کی حیثیت کے حوالے سے ہوگا یعنی وہ دونوں متعارض دلیلیں مساوی حیثیت کی مالک نہیں ہونگی جیسے ان میں سے کوئی ایک خبر مشہور ہو اور دوسری خبر واحد ہو یا ان میں سے کوئی ایک (اصول فقہ کی اصطلاح کے مطابق) ''نص'' ہو اور دوسری ''ظاہر'' ہو تو ایسی صورت میں اعلیٰ کو ادنیٰ پر ترجیح دی جائے گی۔

(ii) ظاہری تعارض کا تعلق حکم کے اعتبار سے ہوگا یعنی ایک حکم کا تعلق دنیا سے ہوگا اور دوسرے کا تعلق آخرت سے ہوگا جیسے سورہ بقرہ اور سورہ مائدہ میں قسم اٹھانے سے متعلق آیات موجود ہیں۔

سورہ بقرہ 225 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''اللہ تعالیٰ تمہاری لغو قسموں کا موخذہ نہیں کرے گا بلکہ وہ تمہارے دل میں موجود نیت کا مواخذہ کرے گا''۔

اس آیت میں موجود حکم میں غموس اور منعقد دونوں نوعیت کی اقسام شامل ہیں۔ لہٰذا اس سے ثابت یہ ہوتا ہے کہ ہمیں غموس میں بھی مواخذہ ہوگا جبکہ دوسری طرف سورہ المائدہ 89 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

Marfat.com

''اللہ تعالیٰ انہی قسموں کے بارے میں تمہارا مواخذہ کرے گا جنہیں تم نے مضبوط کیا ہے (یعنی صرف یمین منعقدہ پر مواخذہ ہوگا'')

لہٰذا اس آیت کے تحت یمین غموس لغو اقسام میں داخل ہوگی جس کا مطلب یہ ہوا کہ یمین غموس پر مواخذہ نہیں ہوگا۔

جب یہ دونوں آیتیں یمین غوس کے بارے میں تعارض کا شکار ہوگئیں تو جہاں یمین غموس پر مواخذہ ہونے کا ذکر ہے اس سے مراد اخروی مواخذہ یعنی گناہ ہوگا اور جہاں یمین غموس پر مواخذہ نہ ہونے کا ذکر ہے اس سے مراد دنیاوی مواخذہ یعنی قسم توڑنے کا کفارہ نہ ہونا ہے۔ہم اس موضوع پر پہلے ہی تفصیل سے بحث کر چکے ہیں۔

(iii) ظاہری تعارض کی ایک صورت یہ ہوسکتی ہے کہ اس کا تعلق مخصوص حالت سے ہو یعنی دونوں متعارض دلائل میں سے ایک کو ایک حالت پر محمول کیا جائے اور دوسرے کو دوسری حالت پر محمول کیا جائے جیسے ارشاد باری تعالیٰ حتی ''یطھرن'' میں ''ہ'' پر ''شد'' بھی پڑھی گئی ہے اوراس حرف کو ''شد'' کے بغیر بھی پڑھا گیا ہے۔آیت یہ ہے۔

''(حائضہ بیویوں کے ساتھ) اس وقت تک صحبت نہ کرو جب تک وہ پاک نہ ہو جائیں''۔(البقرہ:222)

اس آیت میں اگر حرف ''ہ'' پر ''شد'' نہ پڑھی جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ جب ان کے خون کی آمد منقطع ہو جائے تو خواہ انہوں نے غسل کیا ہو یا نہ کیا ہو ان سے صحبت کرنا جائز ہے اگر ''ہ'' پر ''شد'' پڑھی جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ جب تک وہ غسل نہ کرلیں تو ان کے ساتھ صحبت کرنا جائز نہیں ہوگا۔قرات کے اس اختلاف کی وجہ سے آیت کے حکم میں تعارض آ گیا ہے اور یہ دو متعارض آیات کی مانند ہوگئی ہے اس لیے ان دونوں قراتوں کے درمیان مطابقت پیدا کرنے کی کوشش کی جائے گی یعنی جس قرات میں ''شد'' نہیں پڑھی گئی اس سے مراد وہ صورت ہوگی جب خون کی آمد دس دن گزر جانے کے بعد منقطع ہوئی ہو کیونکہ مزید حیض کی آمد کا امکان باقی نہیں ہے لہٰذا ایسی صورت میں محض خون کی آمد منقطع ہو جانے سے ہی صحبت کرنا درست ہوگا جبکہ ''شد'' والی قرات کو ایسی صورتحال پر محمول کیا جائیگا۔جب دس دن پورے ہونے سے پہلے خون کی آمد منقطع ہو جائے تو ایسی صورت میں اس بات کا احتمال موجود ہے کہ شاید یہ دوبارہ خون آ جائے اس لیے خون کے انقطاع کو یقینی سمجھنے کیلئے ضروری ہوگا کہ عورت غسل کرے یا پھر خون کے انقطاع کے بعد ایک نماز کا وقت گزر جائے تا کہ معنوی طور پر عورت کی طہارت کا حکم جاری ہو جائے۔

لیکن اس جواب پر یہ اعتراض وارد ہوگا کہ اس آیت کے اگلے حصے میں لفظ تطھرن ''شد'' کے ساتھ منقول ہے جس کا لازمی مطلب یہ ہوگا کہ دونوں صورتوں میں غسل ہی کی تاکید ہوگی اس لیے اب اس تعارض کو ختم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ''شد'' والی قرات غسل کے وجوب کے بجائے اس کے استحباب پر دلالت کرتی ہے۔

(iv) ظاہری تعارض کو ختم کرنے کی ایک صورت یہ ہے کہ دونوں دلائل میں سے ہر ایک کو صریح طور پر مختلف زمانوں پر محمول کیا جائے۔یہ اس وقت ہوگا جب یہ پتہ نہ ہو کہ دونوں دلائل میں سے کون سا حکم پہلے موجود تھا؟ کیونکہ اگر یہ پتہ چل جائے تو پھر پہلے حکم کو منسوخ اور دوسرے کو ناسخ ماننا ضروری ہوگا جیسے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان بعد میں نازل ہوا۔

Marfat.com

''حاملہ عورتوں کی عدت (کا اختتامی وقت) وضع حمل ہے''۔(طلاق:4)

جب کہ یہ فرمان پہلے نازل ہوا تھا۔

''جس عورت کا شوہر فوت ہو جائے وہ چار ماہ دس دن تک عدت بسر کرے''۔(البقرہ:234)

اس آیت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جس عورت کا شوہر فوت ہو جائے تو اس کی عدت چار ماہ دس دن ہوگی خواہ وہ عورت حاملہ ہو یا نہ ہو لیکن پہلی آیت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حاملہ عورت کی عدت کا اختتامی وقت بچے کی پیدائش ہوگا خواہ وہ عورت طلاق یافتہ ہو یا بیوہ ہو لہٰذا ان دونوں کے درمیان عموم خصوص من وجہ کی نسبت پائی جاتی ہے لہٰذا اجتماعی صورت میں دونوں آیات کے درمیان تعارض آ جائے گا یعنی حاملہ بیوہ کی عدت کیا ہوگی؟ ایسی صورت کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فتویٰ یہ ہے کہ احتیاط کے پیش نظر عورت وہ عدت بسر کرے گی جو دونوں میں سے زیادہ طویل ہو یعنی اگر بچے کی پیدائش نزدیک ہو تو عورت کی عدت چار ماہ دس دن ہوگی اور اگر بچے کی پیدائش دور ہو تو اس کی پیدائش تک عدت بسر کرے گی۔ یہ اس وقت ہوگا جب یہ پتہ نہ چل سکے کہ دونوں میں سے کون سی آیت پہلے نازل ہوئی تھی لیکن اسی صورتحال کے بارے میں حضرت عبداللہ بن مسعود کا فتویٰ یہ ہے کہ ایسی عورت کی عدت بچے کی پیدائش کے ساتھ ختم ہوگی وہ یہ کہا کرتے تھے کہ میں اس بارے میں مباہلہ کرنے کیلئے تیار ہوں کہ سورہ طلاق کی آیت (جس میں حاملہ کی عدت بچے کی پیدائش ہونے کا ذکر ہے) سورہ بقرہ کی آیت (جس میں بیوہ کی عدت چار ماہ دس دن ہونے کا ذکر ہے) کے بعد نازل ہوئی تھی۔

لہٰذا جب یہ واضح ہو گیا کہ کون سی آیت بعد میں نازل ہوئی تھی تو اس سے یہ ثابت ہو جائے گا کہ بعد میں نازل ہونے والی آیت نے پہلے نازل ہونے والی آیت کے حکم کو منسوخ کر دیا ہے۔ اسی لیے ایسی صورت کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ کہا تھا کہ اگر مرحوم شوہر کی میت غسل کے تختے پر پڑی ہوئی ہو اور اسی دوران اس کی حاملہ بیوہ کے ہاں بچے کی پیدائش ہو جائے تو اسی وقت اس بیوہ کی عدت ختم ہو جائے گی اور اب اگر وہ چاہے تو دوسرے شخص سے نکاح کر سکے گی۔ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

(۷) ظاہری تعارض کو ختم کرنے کی ایک صورت یہ ہے کہ دونوں دلائل کو دلالت کے اعتبار سے مختلف زمانوں پر محمول کیا جائے جیسے ایک ہی چیز کے بارے میں دو مختلف دلائل سامنے آ جائیں جن میں سے ایک کے ذریعے اس کا مباح ہونا ثابت ہوتا ہو اور دوسری دلیل کے ذریعے مباح نہ ہونا ثابت ہوتا ہو تو مباح نہ ہونے والی دلیل کو دلالت کے اعتبار سے موخر قرار دیا جائے گا۔

اس دلالت کی صورت یہ ہوگی کہ ہر شے اپنی اصل کے اعتبار سے مباح ہوتی ہے اس لیے جب ہم حرام قرار دینے والی دلیل کو اختیار کریں گے تو اباحت ثابت کرنے والی دلیل اس اصول سے مل جائے گی کہ ہر شے اصل میں مباح ہوتی ہے لہٰذا حرمت ثابت کرنے والی دلیل کے ذریعے ان دونوں طریقوں سے ثابت ہونے والی اباحت کو منسوخ قرار دیا جائے گا۔ اس کے برعکس اگر ہم اباحت ثابت کرنے والی دلیل کو موخر قرار دیں تو اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ حرمت ثابت کرنے والی دلیل کے ذریعے پہلے شے

Marfat.com

کی اصل اباحت کو منسوخ قرار دیا جائے گا اور پھر اباحت ثابت کرنے والی دلیل کے ذریعے حرمت ثابت کرنے والی دلیل کو منسوخ قرار دیا جائے گا یوں ایک ہی مسئلے میں نسخ میں تکرار آ جائے گی جو عقل کے خلاف ہے۔

یہ بہت بڑا بنیادی اصول ہے جس کے ذریعے بہت سی جزئیات کا حل پیش کیا جا سکتا ہے لیکن یہ ان حضرات کے موقف کے مطابق ہوگا جو اس بات کے قائل ہیں کہ ہر شے میں اصل اباحت ہوتی ہے البتہ بعض علماء کے نزدیک ہر شے میں اصل حرمت ہوتی ہے بعض علماء اس نظریے کے قائل ہیں کہ شے کے اصل حکم کے بارے میں خاموشی اختیار کی جائے گی۔ یہاں تک اس کے حرام اور حلال ہونے کی دلیل سامنے آ جائے ہم نے اپنی کتاب ''تفسیرات احمدیہ'' میں اس موضوع پر تفصیل سے بحث کی ہے۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَيْرِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَكَفٰى وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى

كِتَابُ الطَّهَارَة

طہارت کا بیان

قَالَ: اَخْبَرَنَا عَمُّنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِالْقَادِرِ[1]، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْبَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ بِشْرَانَ[2]، قَالَ: قَالَ:

(کتاب کے راوی کہتے ہیں:) ہمارے چچا شیخ عبدالرحمٰن بن احمد نے یہ بات بیان کی ہے: شیخ محمد بن عبدالملک بن بشران نے ہمیں یہ بتایا ہے: (یعنی سنن دارقطنی کو روایت کیا ہے جو آئندہ سطور میں شروع ہو رہی ہے)

1- باب حُكْمِ الْمَآءِ اِذَا لَاقَتْهُ النَّجَاسَةُ

باب: جب پانی میں نجاست مل جائے، تو اس کا حکم

1- حَدَّثَنَا الْإِمَامُ الْحَافِظُ اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَهْدِيِّ الدَّارَقُطْنِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ حَدَّثَنَا

1- اخرجه ابو داود (۱۷/۱) كتاب الطهارة، باب ما ينجس الماء، الحديث (۶۳) والطيالسي رقم (۱۹۵۴)- وابن ابي شيبة في المصنف (۱۴۴/۱) وعبد بن حميد في المنتخب رقم (۸۱۷) ومن طريقه ابن الجوزي في التحقيق (۹/۱) رقم (۷)-......

و ابن حبان في صحيحه (۵۷/۴) رقم (۱۲۴۹) والطحاوي في مشكل الآثار (۲۶۶/۳) والحاكم في المستدرك (۱/۱۳۲- ۱۳۳)، والبيهقي في السنن (۱/۲۶۰، ۲۶۱) وابن الجارود في المنتقى رقم (۴۵) من طرق عن ابي اسامة، عن الوليد بن كثير، عن محمد بن جعفر، عن عبد الله- المكبر- عن ابن عمر، به- قال الحاكم: (هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، فقد احتجا جميعًا بجميع رواته ولم يخرجاه و اظنهما- والله اعلم- لم يخرجاه لخلاف فيه على ابي اسامة وعلى الوليد بن كثير)- اه- وقال ابن حزم في المحلى (۱۵۱/۱): (صحيح ثابت لا مغمز فيه)- اه-

و قد اعل هذا الحديث بعلل يمكن اجمالها في: الاضطراب في الاسناد- والاضطراب في المتن- واعلاله بالوقف-

و قد دافع عن الحديث ورد هذا العلل الحافظ ابن حجر في التلخيص (۱/۱۸- ۲۴) رقم (۴)، وابن الملقن في البدر المنير (۲/۸۷- ۱۱۴) رقم (۴)، والزيلعي في نصب الراية (۱/۱۰۴ وما بعدها)- والحديث طرقه كثيرة، سيوردها المصنف جميعًا ويبين الخلاف فيها-

[1] ابوطاہر عبدالرحمٰن بن احمد بن عبدالقادر بن محمد بن یوسف بغدادی البزار۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ''، ''صدوق''، ''ثبت'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 511ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۹/۲۹۷-۲۹۸)، والمنتظم (۱۹۴/۹)۔

[2] ابوبکر محمد بن الواعظ الامام ابی القاسم عبدالملک بن محمد بن عبداللہ بن بشران الاموری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 373ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۶۰/۱۸)، والمنتظم (۱۷۶/۸)۔

Marfat.com

الْقَاضِى اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِىُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ اَبِى السَّفَرِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُعَدَّلُ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بِوَاسِطٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَادَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا حَاجِبُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنِ الْمَآءِ يَكُوْنُ بِاَرْضِ الْفَلَاةِ وَمَا يَنُوْبُهُ مِنَ السِّبَاعِ وَالدَّوَابِّ فَقَالَ اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يُنَجِّسْهُ شَىْءٌ . وَقَالَ ابْنُ اَبِى السَّفَرِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ . وَقَالَ ابْنُ عَبَادَةَ مِثْلَهُ .

☆☆ عبداللہ بن عبداللہ اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا جو کسی ویرانے میں ہوتا ہے اور جس میں سے درندے اور جانور آ کر پیتے ہیں' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب پانی دو قلے ہو تو اسے کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: وہ ناپاک نہیں ہوتا۔

ایک روایت میں اسی کی مانند الفاظ ہیں۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما

آپ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں۔ آپ کی بہن سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ تھیں۔ آپ کا تعلق قریش کے خاندان بنوعدی سے ہے۔

آپ نے بچپن میں اسلام قبول کرلیا تھا۔ آپ نے اپنے والد کے ہمراہ اسلام قبول کیا تھا۔

اس بات پر تمام مورخین کا اتفاق ہے کہ آپ کی کمسنی کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں غزوۂ بدر میں شرکت کی اجازت نہیں دی تھی۔ البتہ غزوۂ اُحد کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: آپ کو غزوۂ اُحد میں شرکت کا شرف حاصل ہے۔ بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: غزوۂ اُحد میں بھی آپ کو کم سنی کی وجہ سے شریک نہیں کیا گیا تھا۔

طبقات ابن سعد (142/4) طبقات خلیفة (190/22) التاریخ الکبیر (2/5) الجرح والتعدیل (107/5) معجم الصحابة للبغوی (ق 171 / ب) الثقات لابن حبان (209/3) المستدرك للحاکم (556/3) المعجم الکبیر للطبرانی (199/12) الاستیعاب (950/3) اسد الغابة (236/3) سیر اعلام النبلاء (303/3) تجرید اسماء الصحابة (325/1) الکاشف (100/2) الاصابة (107/4) التہذیب (328/5) التقریب (ص 315) الریاض المستطابة (ص 194) بقی بن مخلد و مقدمة مسنده (ص 79)

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فتویٰ دینے میں نہایت احتیاط سے کام لیتے تھے۔
ذاتی طور پر نہایت متقی اور پرہیزگار شخصیت کے مالک تھے۔
اہل شام آپ کو خلیفہ بنانا چاہتے تھے۔ لیکن اس کے باوجود آپ نے مسلمانوں کو کسی بھی قسم کے اختلاف سے بچانے کے لئے اس کو قبول نہیں کیا۔
آپ نے کبھی بھی کسی بھی فتنے سے متعلق معاملے میں شرکت نہیں کی۔ یہاں تک کہ آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہمراہ کسی جنگ میں شرکت نہیں کی لیکن بعد میں آپ کو اپنے اس عمل پر افسوس ہوا۔ جیسا کہ حضرت عبداللہ بن حبیب بیان کرتے ہیں: میرے والد نے یہ بات بیان کی ہے: جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے فرمایا: مجھے دنیا میں کسی بھی بات کے معاملے میں کسی بھی چیز کی آرزو نہیں ہے۔ البتہ مجھے اس بات کا افسوس ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ مل کر باغیوں کے ساتھ لڑائی کیوں نہیں کی۔
حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے ایسا کوئی شخص نہیں دیکھا جس کی طرف دنیا نہ جھکی ہو اور وہ دنیا کی طرف نہ جھکا ہو۔ صرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور ان کے صاحبزادے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ایسے ہیں (کہ نہ دنیا ان کی طرف جھکی اور نہ وہ دنیا کی طرف جھکے)
حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بکثرت حج اور عمرہ کیا کرتے تھے۔ یہ بکثرت صدقہ و خیرات کیا کرتے تھے۔
حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت سی احادیث روایت کی ہیں۔ اس کے علاوہ آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ' حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ' حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے بھی احادیث روایت کی ہیں۔
حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے احادیث روایت کرنے والوں میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت جابر رضی اللہ عنہ اور تابعین کی ایک بڑی جماعت شامل ہے جن میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے صاحبزادے سالم' عبداللہ' حمزہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے غلام نافع اور اسلم بھی شامل ہیں۔
حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا انتقال' حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کی شہادت کے تین ماہ بعد سن ۷۲ ہجری میں ہوا۔
نوٹ: ان سے منقول روایات جلد ہشتم میں ملاحظہ فرمائیں۔ یہاں جگہ کی کمی کی وجہ سے ہم اس کی تفصیل نقل نہیں کر سکے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوعبداللہ حسین بن اسماعیل بن محمد ابن اسماعیل بن سعید بن ابان، ضبی بغدادی محاملی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے، یہ "سنن" کے مؤلف ہیں' ان کی پیدائش 235 ہجری میں ہوئی۔ ان کا انتقال 330ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "سیر اعلام النبلاء" از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۵/ ۲۵۸-۲۶۱) المنتظم (۶/ ۳۲۷-۳۲۹)۔

Marfat.com

○ یعقوب بن ابراہیم بن کثیر بن زید بن افلح عبدی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابو یوسف الدورقی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 252ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی ' ۱۰۸۷ (۷۸۶۶)۔

○ حماد بان اسامۃ قرشی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) الکوفی ابو اسامۃ' علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ"، "صدوق"، "ثبت" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 252ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی ' (۱/۱۹۵)۔

○ ابوعبداللہ احمد بن علی بن العلاء جوزجانی ثم بغدادی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 328ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "سیر اعلام النبلاء" از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۵/۲۴۸)، العبر (۲/۲۱۱)۔

○ احمد بن عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن ابوالسفر :علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 258ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی ' ص (۹۳) رقم (۶۰)۔

○ محمد بن عبادۃ ابن بختری اسدی العجلی باہلی، ابوعبداللہ واسطی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۲/۴۱۹) (۶۴۴۴)۔

○ شیخ الاسلام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن زیاد بن واصل بن میمون نیشاپوری، ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "سیر اعلام النبلاء" از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۵/۶۵، ۶۶)، المنتظم (۶/۲۸۶-۲۸۷)۔

توضیح مسئلہ:

امام دارقطنی رحمہ اللہ نے جس باب کے تحت اس حدیث کو ذکر کیا ہے' اس کا عنوان انہوں نے یہ تجویز کیا ہے' جب کسی پانی میں نجاست مل جائے تو اس کا حکم کیا ہوگا؟

شریعتِ اسلامیہ کے مطابق شرعی طور پر طہارت کے حصول کا بنیادی ذریعہ پانی ہے' اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

"اور اسی نے آسمان سے تم پر پانی نازل کیا تا کہ وہ اس کے ذریعے تمہیں پاک کردے"۔

اس آیت میں اس آیات کی صراحت موجود ہے' اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی اس لیے نازل کیا ہے تا کہ وہ اس پانی کے ذریعے اہلِ ایمان کو پاک وصاف کردے۔ یہ اس بات پر دلالت کرتی ہے' پانی طہارت اور پاکیزگی کے حصول کا ذریعہ ہے۔

ایک اور مقام پر ارشاد باری تعالیٰ ہے:

Marfat.com

''اور اگر تمہیں پانی نہ ملے تو تم پاک مٹی کے ذریعے تیمم کرلو''۔

اس آیت کے ذریعے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ طہارت کے حصول کا اصل ذریعہ پانی ہے' اگر کوئی شخص پانی نہیں پاتا تو اب اسے شریعت نے اس بات کی اجازت دی ہے کہ وہ پاک مٹی سے بھی شرعی طور پر طہارت کرسکتا ہے۔

تمام فقہاء اس بات پر متفق ہیں: ہر قسم کا پانی اپنی اصل کے اعتبار سے خود بھی پاک ہوتا ہے اور دوسرے کو بھی پاک کر دیتا ہے۔

صرف ابتدائی زمانے کے فقہاء میں سے بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: سمندر کا پانی مطلق طور پر پاک نہیں ہوتا۔

لیکن اس کے برخلاف نبی اکرم ﷺ کی حدیث موجود ہے' جس کے مطابق نبی اکرم ﷺ سے جب سمندر کے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''اس کا پانی پاک ہوتا ہے اور اس کا مردار حلال ہوتا ہے''۔

اس بات پر بھی تمام اہل علم کے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے' کوئی چیز اگر پانی میں مل جائے اور وہ اس پانی کے ذائقے' رنگ یا بو کو تبدیل کردے' تو ایسے پانی کے ساتھ وضو کرنا بھی جائز نہیں ہے اور غسل کرنا بھی جائز نہیں ہے۔

اس بارے میں بھی تمام فقہاء کے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے: اگر پانی زیادہ مقدار میں موجود ہو اور پھر اس میں کوئی ایسی نجاست گر جائے جو اس پانی کی کسی صفت کو تبدیل نہ کرے لیکن وہ نجاست نظر آ رہی ہو' تو یہ نجاست اس پانی کو کوئی نقصان نہیں پہنچائے گی' یعنی اس پانی کے صاف والے حصے کے ساتھ آدمی وضو یا غسل کرسکتا ہے۔

یہاں فقہاء کے درمیان کچھ اختلاف پایا جاتا ہے' اگر پانی میں نجاست مل گئی ہو اور اس نے پانی کی کسی صفت کو تبدیل نہ کیا ہو' تو اس بارے میں حکم کیا ہوگا؟

بعض فقہاء اس بات کے قائل ہیں: ایسا پانی پاک شمار ہوگا خواہ اس پانی کی مقدار کم ہو یا زیادہ ہو۔

ایک روایت کے مطابق امام مالک رحمہ اللہ اسی بات کے قائل ہیں'

جبکہ بعض اصحاب ظواہر نے بھی اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔

بعض دیگر فقہاء نے پانی کی کم مقدار اور زیادہ مقدار کے درمیان حکم کے فرق کی وضاحت کی ہے۔

یہ حضرات فرماتے ہیں: اگر پانی کی مقدار کم ہوگی تو ایسا پانی ناپاک ہو جائے گا اور اگر اس کی مقدار زیادہ ہوگی تو وہ پانی ناپاک نہیں ہوگا۔

یہاں فقہاء کے درمیان پھر یہ اختلاف سامنے آتا ہے' آپ کتنی مقدار کے پانی کو کم قرار دیں گے اور کتنی مقدار سے زیادہ پانی کو زیادہ قرار دیا جائے گا؟

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے اس کی مقدار یہ مقرر کی ہے: اگر پانی کے ایک طرف والے حصے میں پانی کو حرکت دی جائے تو

Marfat.com

اس حرکت کا اثر دوسری طرف ظاہر نہیں ہونا چاہیے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جب پکی مٹی کے بنے ہوئے دو مٹکوں میں آنے والے پانی جتنی مقدار ہو تو نجاست اسے ناپاک نہیں کرے گی۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس بارے میں جو روایات نقل کی ہیں' ان کے ذریعے امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ کا مقصود یہ ہے: وہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کی تائید میں دلائل نقل کریں۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں کم وبیش چالیس روایات نقل کی ہیں' جن سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ جب پانی دو قلّے ہو اور اس میں نجاست شامل ہو جائے تو وہ پانی کو ناپاک نہیں کرتی ہے۔

احناف اس روایت کو تسلیم نہیں کرتے ہیں' احناف نے یہ بات بیان کی ہے: سند اور متن دونوں حوالوں سے اس روایت میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

احناف نے دوسرا نکتہ یہ اٹھایا ہے: حدیث میں لفظ دو قلّے یعنی پکی مٹی کے بنے ہوئے دو گھڑے' استعمال ہوا ہے' اس گھڑے کی مقدار کیا ہوگی؟ اس کا کہیں ذکر نہیں ہے' تو جب اس کی مقدار مجہول ہو جائے گی تو ہم اس کی بنیاد پر کوئی حکم جاری نہیں کر سکیں گے۔

اس کے مقابلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مستند طور پر یہ بات ثابت ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''کوئی بھی شخص ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے کیونکہ اس نے پھر اسی پانی سے غسل کرنا ہوگا''۔

اس بارے میں امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے باقاعدہ ایک باب کے تحت تین روایات نقل کی ہیں' ان میں ایک حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے اور بقیہ دو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہیں' ان کے الفاظ میں اختلاف پایا جاتا ہے لیکن ان سب کا نفس مضمون یہی ہے ''ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہیں کیا جاتا''۔

○ علاء بن عبد جبار انصاری ولاھم عطار بصری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق ہے۔ ان کا انتقال 212ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب

Marfat.com

التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۲/۲)(۸۲۵)۔

○ موسیٰ بن اسماعیل منقری، ابوسلمۃ تبوذ کی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ ثبت'' قرار دیا ہے۔ ان کا راویوں کے نویں طبقے سے تعلق ہے۔ ان کا انتقال 223ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۸۰/۲)(۱۴۳۱)۔

○ عبیداللہ بن محمد ابن عائشۃ، حفص بن عمر بن موسیٰ بن عبیداللہ بن معمر قرشی تیمی، ان کی نسبت عائشہ بنت طلحہ کی طرف ہے۔ کیونکہ یہ ان کی اولاد سے تعلق رکھتے ہیں۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان پر یہ الزام ہے کہ یہ قدریوں کے سے عقائد رکھتے تھے۔ تاہم یہ بات مستند طور پر ثابت نہیں ہے۔ ان کا راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق ہے۔ ان کا انتقال 228ھ میں ہوا۔

•••———•••———•••

20/2- حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحِ الْاَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنْبَاَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ بِهٰذَا وَلَمْ يَقُلْ اَوْ ثَلاثًا . وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ وَهُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ وَّكَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ قَالُوْا فِيْهِ اِذَا بَلَغَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ اَوْ ثَلاثًا . حَدَّثَنَا بِهٖ دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَجَّاجِ وَهُدْبَةَ بْنِ خَالِدٍ . وَاَخْبَرَنَا بِهِ الْقَاضِيْ اَبُوْ طَاهِرِ بْنُ نَصْرٍ وَّدَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَا حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ قَالُوْا حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ بِذٰلِكَ وَرَوَاهُ عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ وَّيَعْقُوْبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ وَبِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ وَالْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْمَكِّيُّ وَمُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَيْشِيُّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَقَالُوْا فِيْهِ اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَنْجُسْ . وَلَمْ يَقُوْلُوْا اَوْ ثَلاثًا .

☆☆ یہ روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس سند میں یہ الفاظ منقول نہیں ہیں۔

''راوی کو شک ہے' یا شاید تین قلے''۔

یہی روایت ایک اور شخص کے ہمراہ بھی منقول ہے جس میں یہ الفاظ ہیں:

''جب پانی دو قلے ہو جائے تو (راوی کو شک ہے) شاید یہ الفاظ تین قلے ہو جائے''۔

یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ منقول ہے جس میں بعض راویوں سے یہ بات منقول ہے:

''جب پانی دو قلے ہو جائے تو وہ ناپاک نہیں ہوتا۔ (ان راویوں نے یہ بت نقل نہیں کی۔ راوی کو شک ہے شاید تین قلے ہو جائے)۔

21- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ كُنَّا فِيْ بُسْتَانٍ لَنَا اَوْ لِعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَحَضَرَتِ

Marfat.com

الصَّلَاةُ فَقَامَ عُبَيْدُ اللَّهِ اِلَى مَقْرًى فِي الْبُسْتَانِ فَجَعَلَ يَتَوَضَّأُ مِنْهُ وَفِيهِ جِلْدُ بَعِيرٍ فَقُلْتُ اَتَوَضَّأُ مِنْهُ وَفِيهِ هٰذَا الْجِلْدُ فَقَالَ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ رَسُولِ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَنْجُسْ .

☆☆ عاصم بن منذر بیان کرتے ہیں: ہم ایک باغ میں موجود تھے۔ راوی کو شک ہے یہ الفاظ ہیں: وہ ہمارا تھا یا شاید یہ الفاظ ہیں' وہ حضرت عبداللہ بن عبداللہ کا تھا' اسی دوران نماز کا وقت ہو گیا تو عبداللہ اُٹھے' اور باغ میں موجود حوض کے پاس گئے اور اس سے وضو کرنا شروع کر دیا' حالانکہ اس حوض میں اونٹ کی کھال پڑی ہوئی تھی' میں نے کہا: آپ اس سے وضو کر رہے ہیں' اس میں کھال پڑی ہوئی ہے تو انہوں نے بتایا: میرے والد نے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے یہ حدیث مجھے سنائی ہے' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب پانی دو قلے ہو جائے تو وہ ناپاک نہیں ہوتا''۔

22- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُو بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسٰى ح حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ صَالِحٍ الشِّيرَازِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ وَالْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ الْمُنْذِرِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَ قَوْلِ عَفَّانَ اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَنْجُسْ .

☆☆ یہی روایت بعض دیگر اسناد سے منقول ہے۔

''جب پانی دو قلے ہو جائے تو وہ'' ناپاک نہیں ہوتا''۔

23- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا مُوسٰى وَابْنُ عَائِشَةَ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ الْمُنْذِرِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَهُ سَوَاءً اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ فَاِنَّهُ لَا يَنْجُسُ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' جس میں یہ الفاظ ہیں:

''جب پانی دو قلے ہو جائے تو وہ'' ناپاک نہیں ہوتا''۔

24- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبَّادٍ قَالَ قَرَاْنَا عَلٰى عَبْدِ الرَّزَّاقِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يُنَجِّسْهُ شَيْءٌ .

☆☆ عبیداللہ بن عبداللہ اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب پانی دو قلے ہو جائے تو کوئی بھی چیز اسے ناپاک نہیں کرتی''۔

۲۴- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱/ ۸۰) رقم (۲۶۶)۔

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن اسماعیل بن اسحاق بن بحر ابوعبداللہ فارسی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 335ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۵۰/۲)(۴۴۷)۔

○ ابویعقوب اسحاق بن ابراہیم بن عباد صنعانی دبری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 285ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۴۱۶/۱۳)(۲۰۳)، العبر (۷۴/۲)، المیزان (۱۸۱/۱-۱۸۲)۔

○ عبدالرزاق بن ہمام بن نافع، ابوبکر حمیری، صنعانی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ علمِ حدیث کی مشہور کتاب ''مصنف عبدالرزاق'' کے مؤلف ہیں۔ یمن میں اپنے زمانے کے علمِ حدیث کے استاد ہیں۔ صحاح ستہ کے تمام مؤلفین ان کے بالواسطہ شاگردوں کی صف میں شامل ہیں۔ احمد عجلی یہ کہتے ہیں: ''ہے ان کی طبیعت میں تشیع بھی ذرا سا'' ان کا انتقال 211ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۵۶۳/۹-۵۸۰)، العبر (۳۶۰/۱)، میزان الاعتدال (۶۰۹/۲)۔

○ ابراہیم بن محمد بن ابویحییٰ الاسلمی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ ان کا راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق ہے۔ ان کا انتقال 184ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۱۵) ت (۲۴۳)۔

○ ابوبکر بن عمر بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عمر قرشی العدوی مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق ہے۔ انہوں نے اپنے پردادا کے حوالے سے جو روایات نقل کی ہیں' وہ متصل نہیں سمجھی جاتی ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۹۹/۲)(۶۴)۔

•••——•••——•••

25- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ جَابِرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْمِصِّيصِيُّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ إِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ فَلَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ

رَفَعَهُ هٰذَا الشَّيْخُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَثِيرٍ عَنْ زَائِدَةَ . وَرَوَاهُ مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ زَائِدَةَ مَوْقُوفًا وَهُوَ الصَّوَابُ

۲۵- اخرجه البيهقي في السنن (۲۶۲/۱) من طريق الدارقطني بهذا الاسناد-

Marfat.com

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب پانی دو قلے ہو جائے تو کوئی بھی چیز اسے ناپاک نہیں کرتی''۔

بعض روایات میں یہ الفاظ''مرفوع'' حدیث کے طور پر منقول ہیں' جبکہ بعض میں''موقوف'' حدیث کے طور پر منقول ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابومحمد عبداللہ بن حسین بن جابر بغدادی مصیصی ثغری بزار:علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں''متروک'' قرار دیا ہے۔ابن حبان کہتے ہیں: یہ روایات کے الفاظ میں تقلیب کرتے تھے اور سرقہ کے مرتکب ہوتے تھے۔جب یہ کسی روایت کو نقل کرنے میں منفرد ہوں تو وہ مستند تسلیم نہیں کی جائے گی۔ان کا انتقال 280ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''سیر اعلام النبلاء''از حافظ شمس الدین ذہبی (۳۰۸،۳۰۷/۱/۳) (۱۴۱)،المیزان (۴۰۸/۲)۔

○ محمد بن کثیر بن ابوعطاء ثقفی صنعانی، ابویوسف،:علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں''صدوق'' قرار دیا ہے۔لیکن یہ غلطیاں بہت کرتے ہیں۔ان کا راویوں کے نویں طبقے سے تعلق ہے۔ان کا انتقال 210ھ کے آس پاس ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۰۳/۲) رقم (۶۵۳)۔

○ لیث بن ابوسلیم بن زنیم،:علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں''صدوق'' قرار دیا ہے۔البتہ آخری عمر میں اختلاط کا شکار ہوگئے تھے۔جس کی وجہ سے انہیں''متروک'' قرار دیا گیا۔ان کا راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق ہے۔ان کا انتقال 148ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۳۸/۲)○ ''سیر اعلام النبلاء''از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۳۶/۸) (۱۲)۔

○ مجاہد بن جبر، ابوحجاج مخزومی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) مکی،:یہ مشہور تابعی ہیں۔حضرت عبداللہ بن عباس کے شاگردِ خاص ہیں۔علمِ تفسیر کے امام سمجھے جاتے ہیں۔علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق ہے۔ان کا انتقال 104ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب''از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۲۹/۲) (۹۲۲)۔

•••———•••———•••

28 حَدَّثَنَا بِهِ الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّائِغُ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو

۲۸- اخرجه البيهقي في السنن (۲۶۲/۱) من طريق الدارقطني به موقوفاً۔

Marfat.com

حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مِثْلَهُ مَوْقُوفًا.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ مجاہد کے حوالے سے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ''موقوف'' حدیث کے طور پر منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جعفر بن محمد بن شاکر صائغ ابومحمد بغدادی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ علم حدیث کے بہت بڑے ماہر سمجھے جاتے ہیں۔ ان کا راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق ہے۔ ان کا انتقال 279ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۳۲/۱)(۹۶)۔

○ معاویہ بن عمرو بن مہلب بن عمرو ازدی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا راویوں کے طبقے نویں سے تعلق ہے۔ ان کا انتقال 214ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۶۰/۲)(۱۲۳۸)۔

•••———•••———•••

27 حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شِيرَوَيْهِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي رِزْمَةَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ الْمُنْذِرِ قَالَ الْقِلَالُ الْخَوَابِي الْعِظَامُ.

★★ عاصم کہتے ہیں: روایات کے متن میں استعمال ہونے والے لفظ ''القلال'' سے مراد ''بڑے مٹکے'' ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالعزیز بن ابورزمہ، یشکری (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) ابومحمد مروزی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا راویوں کے نویں طبقے سے تعلق ہے۔ ان کا انتقال 206ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۰۹/۱)(۱۲۱۹)۔

•••———•••———•••

28- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو حُمَيْدٍ الْمِصِّيصِيُّ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى اَنَّ يَحْيَى بْنَ عُقَيْلٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ يَحْيَى بْنَ يَعْمَرَ اَخْبَرَهُ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِذَا

۲۷- اخرجه البيهقي في السنن (۱/ ۲٦٤)-

۲۸- اخرجه البيهقي في الكبرى (۱/ ۲٦۲) كتاب الطهارة باب قدر القلتين' من طريق الدارقطني به' ولم يذكر فيه قول ابن عباس' وقد ساقه في سننه ايضا (۱/ ۲٦۲) كتاب الطهارة باب الفرق بين القليل الذي ينجس والكثير الذي لا ينجس ما لم يتغير-

Marfat.com

كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلْ نَجَسًا وَّلَا بَاْسًا . فَقُلْتُ لِيَحْيَى بْنِ عُقَيْلٍ قِلَالُ هَجَرَ قَالَ قِلَالُ هَجَرَ . فَاَظُنُّ اَنَّ كُلَّ قُلَّةٍ تَاْخُذُ فَرَقَيْنِ .

قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ وَّاَخْبَرَنِىْ لُوطٌ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ مُّجَاهِدٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ فَصَاعِدًا لَمْ يُنَجِّسْهُ شَىْءٌ.

★★ یحییٰ بن عقیل بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب پانی دو قلے ہو جائے تو وہ نجس نہیں ہوتا اور (اسے استعمال کرنے میں) کوئی حرج نہیں ہے''۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے استاد یحییٰ بن عقیل سے دریافت کیا' اس سے مراد ''ہجر'' کے مٹکے ہیں؟ تو انہوں نے جواب دیا: اس سے مراد ہجر کے مٹکے ہیں' تو میں نے یہ اندازہ لگایا: ایک قلہ دو ''فرق'' کے برابر ہوتا ہے۔

مجاہد' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

''جب پانی دو قلے یا اس سے زیادہ ہو' تو کوئی چیز اسے ناپاک نہیں کرتی''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن محمد بن تمیم ابوحمید مصیصی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۴۶/۱)۔

○ حجاج بن محمد مصیصی اعور ابومحمد ترمذی الاصل: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ لیکن آخری عمر میں اختلاط کا شکار ہو گئے تھے۔ ان کا راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۵۴/۱)(۱۶۱)۔

○ عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج اموی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) مکی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ بعض اوقات تدلیس بھی کر دیتے ہیں اور ارسال بھی کر دیتے ہیں۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 150ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۶۲۴) رقم (۴۲۲۱)۔

○ یحییٰ بن عقیل خزاعی بصری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ امام بخاری نے ان کے حوالے سے ''الادب المفرد'' میں احادیث نقل کی ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: التھذیب (۴۷۳/۳۱) (۶۸۸۷)۔

Marfat.com

○ یحییٰ بن یعمر بصری ابوسلیمان، قاضی مرو: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: التہذیب (۵۳/۳۲)(۶۹۵۲)۔

○ عمرو بن عبداللہ ہمدانی ابواسحاق السبیعی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 192ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۳/۲)(۶۲۳)۔

•••——•••——•••

29- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لَمَّا رُفِعْتُ اِلٰى سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى فِي السَّمَآءِ السَّابِعَةِ نَبْقُهَا مِثْلُ قِلَالِ هَجَرَ وَوَرَقُهَا مِثْلُ اٰذَانِ الْفِيَلَةِ يَخْرُجُ مِنْ سَاقِهَا نَهْرَانِ ظَاهِرَانِ وَنَهْرَانِ بَاطِنَانِ قُلْتُ يَا جِبْرِيلُ مَا هٰذَا قَالَ اَمَّا الْبَاطِنَانِ فَفِي الْجَنَّةِ وَاَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالنِّيلُ وَالْفُرَاتُ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

جب مجھے ساتویں آسمان سے سدرۃ المنتہیٰ کی طرف بلند کیا گیا' تو اس کے پھل ''ہجر'' کے مٹکوں کی طرح بڑے بڑے تھے اور اس کے پتے ہاتھی کے کانوں کی طرح تھے' اس کی جڑ میں سے دو نہریں نکل رہی تھیں' جو ظاہری تھیں اور دو نہریں تھیں جو باطنی تھیں' میں نے دریافت کیا: اے جبرائیل! یہ کیا ہے؟ تو انہوں نے بتایا: باطنی نہریں جنت میں ہیں اور ظاہری نہریں نیل اور فرات ہیں۔

۲۹- اخرجه البخاري (۶/ ۴۴۵-۴۴۷) كتاب بدء الخلق' حديث (۳۲۰۷)' واطرافه في (۳۳۹۳' ۳۴۳۰' ۳۸۸۷)- مسلم (۱/ ۴۸۶-۴۸۸) كتاب الايمان' باب: الاسراء برسول الله صلى الله عليه وسلم' حديث (۲۵۹/ ۱۶۲)' فذكر القلال دون ان يذكر هجر' واحمد (۴/ ۲۰۷-۲۰۸)' والبيهقي (۱/ ۲۶۵) كتاب الطهارة باب: (قدر القلتين)-

واخرجه الطبراني (۲/ ۱۳۱) دون ذكر القلال' والحاكم (۱/ ۸۱)-

قال الحاكم: هذا حديث صحيح الاسناد' ولم يخرجاه بهذه السياقة' ووافقه الذهبي' ثم قال الحاكم: وله شاهد غريب من حديث شعبة' عن قتادة' عن انس صحيح الاسناد ولم يخرجاه ثم الخرجه' فذكر طرفا من حديث المعراج' ثم قال: قلت لشيخنا: ابي عبد الله: لم لم يخرجا هذا الحديث !

قال: لان انس بن مالك لم يسمعه من النبي صلى الله عليه وسلم انما سمعه من مالك بن صعصعة- قال الحاكم: ثم نظرت فاذا الاحرف التي سمعها من مالك بن صعصعة غير هذه- وليعلم طالب هذا العلم ان حديث المعراج قد سمع انس بعضه من النبي صلى الله عليه وسلم' وبعضه من ابي ذر الغفاري' وبعضه من مالك بن صعصعة غير هذه' وبعضه من ابي هريرة)- اه-

قلت: قد بينا ان الشيخين اخرجه الحديث من رواية انس عن مالك بن ابي صعصعة-

ولتمام الفائدة اقول: ان السبب الذي جعل الدارقطني - رحمه الله- اورد هذا الحديث هنا! كانه اراد ان يقول: ان القلة هي كقلال هجر' والدليل على ذلك ان النبي صلى الله عليه وسلم لما وصف لهم نبق سدرة المنتهى' وصفها لهم بقلال هجر' لعلمهم بها ولانها هي المشهورة لديهم' فعلم انه ان اطلقها فانما اراد بها قلال هجر' وقد ذكر هذا الدليل. بناء على ان ما ورد من وصفها في احاديث المياه بقلال هجر احاديث لا تثبت عند التحقيق- اه-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ معمر بن راشد ازدی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) ابوعروۃ بصری نزیل الیمن، علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 145ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۶۶)(۱۳۸۴)۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ

آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے:

انس بن مالک بن نضر بن ضمضم بن زید بن حرام بن جندب بن عامر بن غنم بن عدی بن نجار۔

آپ کا تعلق خزرج قبیلے کی شاخ "بنو عدی بن نجار" سے ہے۔

آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم خاص ہیں اور اس نسبت پر بہت فخر کیا کرتے تھے۔

آپ کی کنیت "ابوحمزہ" تھی۔ یہ کنیت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تجویز کی تھی۔ اس کی وجہ تسمیہ کے بارے میں یہ بات نقل کی گئی ہے "حمزہ" ایک سبزی کا نام تھا جسے یہ کھاتے نہیں تھے۔

ان کی والدہ سیّدہ اُمّ سلیم بنت ملحان رضی اللہ عنہا ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ زرد رنگ کا خضاب استعمال کیا کرتے تھے۔

بعض حضرات نے یہ بات نقل کی ہے: آپ مہندی لگایا کرتے تھے۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: آپ ورس لگایا کرتے تھے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے لمبے بال رکھے ہوئے تھے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دس برس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرنے کا شرف حاصل ہوا ہے۔

ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ دعا دی تھی

(اللہ تعالیٰ ان کے مال اور اولاد میں برکت پیدا کرے) تو ان کا ایک باغ تھا جہاں سال میں دو مرتبہ پھل لگا کرتے تھے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بہت سی احادیث منقول ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے احادیث روایت کرنے والوں میں ابن سیرین' حمید طویل' ثابت بنانی' قتادہ' حسن بصری' زہری

طبقات ابن سعد (22/6) طبقات خلیفۃ (ص 133/71) التاریخ الکبیر (434/1) الجرح والتعدیل (278/2) معرفۃ الصحابۃ لابی نعیم (300/2) الاستیعاب (133/1) اسد الغابۃ (118/1) تہذیب الکمال (286/3) تجرید اسماء الصحابۃ (23/1) الاصابۃ (68/1) التہذیب (359/1) التقریب (ص 113)

Marfat.com

اور دیگر بہت سے افراد شامل ہیں۔

ان کے پاس نبی اکرم ﷺ کا ایک عصاء مبارک بھی تھا۔ جب ان کا انتقال ہونے لگا تو انہوں نے یہ وصیت کی' وہ عصاء بھی میرے ساتھ دفن کیا جائے۔ چنانچہ وہ عصاء ان کے پہلو میں رکھ دیا گیا۔

بعض حضرات کے بیان کے مطابق حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا انتقال ۹۱ ہجری میں ہوا جبکہ بعض روایات میں ۹۲ ہجری اور ۹۰ ہجری کا ذکر بھی ملتا ہے۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: انتقال کے وقت ان کی عمر ۱۶۳ برس تھی۔ بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: ۱۱۰ برس تھی۔ بعض نے ۱۰۷ برس کا تذکرہ کیا ہے۔ بعض نے ۹۰ برس کا تذکرہ کیا ہے اور بعض نے کچھ اس سے کم اور زیادہ کا تذکرہ کیا ہے لیکن زیادہ قرین قیاس یہی ہے کہ ان کی عمر ۱۰۰ کے لگ بھگ تھی۔

بصرہ میں انتقال کرنے والے یہ سب سے آخری صحابی ہیں۔

•••——•••——•••

30- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ الْكُوفِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ هَارُوْنَ الْبَلَدِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُلْوَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِيْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ فَسَارَ لَيْلاً فَمَرُّوا عَلٰى رَجُلٍ جَالِسٍ عِنْدَ مَقْرَاةٍ لَهٗ فَقَالَ عُمَرُ يَا صَاحِبَ الْمَقْرَاةِ اَوَلَغَتِ السِّبَاعُ اللَّيْلَةَ فِيْ مَقْرَاتِكَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَا صَاحِبَ الْمَقْرَاةِ لَا تُخْبِرْهُ هٰذَا مُكَلَّفٌ لَهَا مَا حَمَلَتْ فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَنَا مَا بَقِيَ شَرَابٌ وَّطَهُوْرٌ.

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ سفر پر تشریف لے گئے' آپ رات بھر چلتے رہے' آپ کا گزر ایک شخص کے پاس سے ہوا' جو تالاب کے کنارے بیٹھا ہوا تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اے تالاب والے شخص! کیا تمہارے اس تالاب میں گزشتہ رات درندوں نے پانی پیا ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے اس شخص سے فرمایا: اے تالاب کے مالک! تم اسے اس بارے میں نہ بتاؤ' یہ شخص احتیاط پسند ہے' ان درندوں نے جو پی لیا وہ ان کا ہوا اور جو باقی بچ گیا' وہ ہمیں مشروب کے طور پر مل گیا۔

——————

۳۰- في اسناده ايوب بن خالد الجهني' ابو عثمان الحراني: ضعيف- وقد اخرج ابن ماجه (۱/۱۷۳) كتاب الطهارة' باب: الحياض' حديث (۵۱۹) والبيهقي (۱/۲۵۸) كتاب الطهارة' باب: الماء الكثير لا ينجس بنجاسة تحدث فيه مالم يتغير- كلاهما من طريق عبد الرحمن بن اسلم' عن ابيه' عن عطاء بن يسار' عن ابي سعيد الخدري- رضي الله عنه- ان النبي صلى الله عليه وسلم سئل عن الحياض التي بين مكة والمدينة تردها السباع والكلاب والحمر' وعن الطهارة منها؟ فقال: لها ما حملت في بطونها' ولنا ما غبر طهور) وهذا لفظ ابن ماجه ولفظ البيهقي بنحوه-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسن بن احمد بن صالح ابومحمد سبیعی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 371ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲۷۲/۷)(۳۷۶۰)۔

○ علی بن حسن بن ہارون بن عبدالجبار بن زید بلدی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 400ھ کے بعد ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الانساب (۳۸۹/۱) (بلدی)۔

○ ایوب بن خالد جہنی ابوعثمان حرانی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۹/۱)(۶۹۵)۔

○ محمد بن علوان، امام ابوحاتم نے الجرح والتعدیل (۴۹/۸) میں انہیں (مجھول) قرار دیا ہے۔:ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۲۶۲/۶)(۷۹۶۵)۔

○ نافع ابوعبداللہ مدنی مولی ابن عمر، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 117ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۹۶/۲)(۳۰)۔

31- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا عَلِیٌّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیلُ حَدَّثَنَا اَیُّوبُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا خَطَّابُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ عَبْدِ الْكَرِیمِ الْجَزَرِیِّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ.

☆☆ یہ روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ خطاب بن قاسم حرانی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔یہ آخری عمر میں اختلاط کا شکار ہوگئے تھے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۲۴/۱)(۱۳۲)۔

○ عبدالکریم بن مالک جزری ابوسعید مولی بنی امیۃ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 127ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۱۶/۱)(۱۲۸۳)۔

Marfat.com

32- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ السَّلُوْلِیُّ اَبُوْ سَالِمٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبِیْ قَالَ سَمِعْتُ وَكِيْعًا يَقُوْلُ اَهْلُ الْعِلْمِ يَكْتُبُوْنَ مَا لَهُمْ وَمَا عَلَيْهِمْ وَاَهْلُ الْاَهْوَاءِ لَا يَكْتُبُوْنَ اِلَّا مَا لَهُمْ.

★★ وکیع کہتے ہیں: اہلِ علم ہر چیز کونوٹ کرتے ہیں' خواہ وہ ان کے حق میں ہوتی ہے' یا حق میں نہیں ہوتی ہے۔ اور بدعتی لوگ صرف اسی چیز کونوٹ کرتے ہیں' جوان کے حق میں ہوتی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ وکیع بن جراح بن ملیح الرواسی، ابوسفیان کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 297ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۳۱)(۴۰)۔

•••——•••——•••

33- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيٰى بْنَ اَبِیْ زَائِدَةَ يَقُوْلُ كِتَابَةُ الْحَدِيْثِ خَيْرٌ مِّنْ مَّوْضِعِهٖ.

یحییٰ بن ابوزائدہ فرماتے ہیں: حدیث نوٹ نہ کرنے سے' نوٹ کرلینا زیادہ بہتر ہے۔

34- حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ وَبُرْهَانُ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ الدِّيْنَوَرِیُّ قَالَا حَدَّثَنَا عُمَيْرُ بْنُ مِرْدَاسٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بُكَيْرٍ الْحَضْرَمِیُّ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعُمَرِیُّ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا بَلَغَ الْمَاءُ اَرْبَعِيْنَ قُلَّةً فَاِنَّهٗ لَا يَحْمِلُ الْخَبَثَ . كَذَا رَوَاهُ الْقَاسِمُ الْعُمَرِیُّ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ وَّوَهِمَ فِیْ اِسْنَادِهٖ وَكَانَ ضَعِيْفًا كَثِيْرَ الْخَطَاِ وَخَالَفَهٗ رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ وَمَعْمَرُ بْنُ رَاشِدٍ رَوَوْهُ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو مَوْقُوْفًا وَرَوَاهُ اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِیُّ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ مِنْ قَوْلِهٖ لَمْ يُجَاوِزْهُ .

★★ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے: جب پانی چالیس قلے کی حد تک پہنچ جاتا ہے' تو وہ ناپاک نہیں ہوتا ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے منقول ہے۔ تاہم اس کی سند میں وہم پایا جاتا ہے۔

ایک اور راوی نے اس روایت کو دوسری سند کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے ''موقوف'' روایت کے طور پرنقل کیا ہے۔

۳۴- اخرجه البيهقي (۱/۲۶۲) كتاب الطهارة' باب: الفرق بين القليل الذي ينجس والكثير الذي لا ينجس ما لم يتغير-

Marfat.com

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ ابن منکدر سے ان کے اپنے قول کے طور پر منقول ہے' جس میں یہ الفاظ ہیں:
''اس سے زیادہ نہ ہو''۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے:
جابر بن عبداللہ بن عمرو بن حرام بن کعب بن غنم بن مالک بن سلمہ۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: آپ کو غزوۂ بدر میں شرکت کرنے کا شرف حاصل ہے جبکہ بعض نے یہ بات بیان کی ہے: آپ کو اس میں شرکت کرنے کا شرف حاصل نہیں ہے۔ اسی طرح غزوۂ اُحد میں ان کی شرکت کے بارے میں بھی اختلاف رائے پایا جاتا ہے۔

بعض محدثین نے یہ بات نقل کی ہے: حضرت جابر رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ۱۷ غزوات میں شرکت کی ہے۔

جنگ صفین کے دوران حضرت جابر رضی اللہ عنہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہے تھے۔

آخری عمر میں یہ نابینا ہو گئے تھے۔

یہ زرد رنگ کا خضاب استعمال کیا کرتے تھے۔

بیعت عقبہ میں شرکت کرنے والوں میں سے' سب سے آخر میں مدینہ منورہ میں انہی کا انتقال ہوا۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بکثرت احادیث روایت کرنے والے صحابہ کرام میں سے ایک ہیں۔

آپ سے امام باقر رضی اللہ عنہ' ابوعمرو بن دینار' ابوزبیر مکی' عطاء' مجاہد وغیرہ نے احادیث روایت کی ہیں۔

طبقات خلیفة (ص 78 99) معرفة الصحابة لابی نعیم (228/3) الجمهرة لابن حزم (ص 354) الاستیعاب (205/1) اسد الغابة (271/1) تجرید اسماء الصحابة (63/1) الاصابة (201/1) التهذیب (9/2) التقریب (ص 132)

طبقات خلیفة (ص 94) التاریخ الکبیر (167/2) الجرح والتعدیل (356/2) معجم الصحابة للبغوی (ق 30/ب) الثقات لابن حبان (43/3) معرفة الصحابة لابی نعیم (219/3) الاستیعاب (200/1) اسد الغابة (275/1) تهذیب الکمال (368/4) تجرید اسماء الصحابة (64/1) الاصابة (203/1) التهذیب (12/2) التقریب (ص 133) المغنی لمحمد طاهر (ص 144) الریاض المستطابة (ص 42) بقی ابن مخلد ومقدمة مسنده (ص 136)

طبقات ابن سعد (88/7) طبقات خلیفة (ص 102) التاریخ الکبیر (207/2) الجرح والتعدیل (492/2) معجم الصحابة للبغوی (ق 34/ب) الثقات لابن حبان (51/3) المستدرک للحاکم (564/3) معرفة الصحابة لابی نعیم (ج 1 ق 121/ا) الاستیعاب (219/1) اسد الغابة (307/1) سیر اعلام النبلاء (189/3) تجرید اسماء الصحابة (73/1) الکاشف (122/1) الاصابة (222/1) التهذیب (42/2) التقریب (ص 136) الریاض المستطابة ص 44)

Marfat.com

مشہور قول کے مطابق حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا انتقال ۷۴ ہجری میں ہوا۔ انتقال کے وقت ان کی عمر ۹۴ برس تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن زکریا بن ابوزائدۃ ہمدانی، ابوسعید کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 184ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۴۷)(۶۳)۔

○ ابوحسین عبدالصمد بن علی بن محمد بن مکرم بغدادی الطستی الوکیل: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 346ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۵/۵۵۵-۵۵۶)۔

○ محمد بن بکیر، ابن واصل بغدادی ابوحسن نزدیل اصبہان، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ لیکن یہ غلطی کر جاتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۴۸)(۸۳)۔

○ قاسم بن عبداللہ بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمر بن خطاب، العمری مدنی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں کذاب قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 160ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۱۸)(۲۶)۔

○ محمد بن منکدر بن عبداللہ بن الہدیر، تیمی مدنی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرا طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 130ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۱۰)(۷۳۶)۔

•••———•••———•••

35- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ اِذَا بَلَغَ الْمَاءُ اَرْبَعِينَ قُلَّةً لَمْ يَنْجُسْ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: جب پانی چالیس قلے ہو جائے تو وہ ناپاک نہیں ہوتا۔

۳۵-اخرجه ابن جرير الطبري في تهذيب الآثار رقم (۱۰۸۹) من طريق روح بن القاسم به- واخرجه ابن ابي شيبة (۱/ ۱٤٤)، وابو عبيد في الطهور رقم (۱۷۰)، والعقيلي في الضعفاء (۲/ ٤۷۳)، والبيهقي (۱/ ۲٦۲)، وابن المنذر في الاوسط (۱/ ۲٦٤)-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبید اللہ عمر بن میسرۃ قواریری ابوسعید بصری، نزیل بغداد، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 235ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۳۷)(۱۴۸۹)۔

○ روح بن قاسم تمیمی عنبری ابوغیاث، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 141ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: (۱/۲۴۵)(۱۲۲)۔

•••——•••——•••

36- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح وَأَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح وَأَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ جَمِيعًا عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ إِذَا كَانَ الْمَاءُ أَرْبَعِينَ قُلَّةً لَمْ يُنَجِّسْهُ شَىْءٌ.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب پانی چالیس قلے ہو' تو کوئی چیز اسے ناپاک نہیں کرتی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن اسماعیل بن بختری، حسانی، ابوعبد اللہ واسطی نزیل بغداد، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 258ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۴۴)(۴۵)۔

○ فضل بن دکین، کوفی تیمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) الاحول ابونعیم الملائی، یہ امام بخاری کے استاد ہیں۔ :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 218ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۱۰)(۳۴)۔

37- حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا الثَّوْرِيُّ وَمَعْمَرٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو مِثْلَهُ سَوَاءً.

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

۳۷- رواه البيهقي (۱/۲۶۲)- وانظر الحديث رقم (۳۵)-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسماعیل بن محمد بن اسماعیل بن صالح بن عبدالرحمٰن ابوعلی صفار النحری صاحب مبرد: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 341ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۰۲/۶)(۳۳۴۴)۔

○ احمد بن منصور بن سیار البغدادی الرمادی ابوبکر: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 265ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۷۲/۱)(۳۲۵)۔

38- حَدَّثَنَا الْقَاضِی الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِی الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ اِذَا كَانَ الْمَاءُ اَرْبَعِينَ قُلَّةً لَمْ يُنَجِّسْهُ شَیْءٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب پانی چالیس قلے ہو جائے تو کوئی بھی چیز اسے ناپاک نہیں کرتی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسن بن یحییٰ بن جعد عبدی ابوعلی بن ابوربیع جرجانی نزیل بغداد: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 263ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۷۲/۱)(۳۲۵)۔

39- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ الْوَاسِطِیُّ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ اِذَا بَلَغَ الْمَاءُ اَرْبَعِينَ قُلَّةً لَمْ يَنْجُسْ .اَوْ كَلِمَةً نَحْوَهَا.

☆☆ محمد بن منکدر بیان کرتے ہیں: جب پانی چالیس قلے ہو جائے تو وہ ناپاک نہیں ہوتا' یا شاید اسی کی مانند کوئی لفظ انہوں نے بیان کیا ہے۔

40- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِیُّ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ

۳۹-اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۱۴۴/۱)، وابن جرير في تهذيب الآثار رقم (۱۰۹۰)، والعقيلي في الضعفاء الكبير (۴۷۲/۳)، والبيهقي في السنن (۲۶۲/۱)-

۴۰-اخرجه ابو عبيد في الطهور رقم (۱۷۱)-

Marfat.com

حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ سِنَانٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ إِذَا كَانَ الْمَاءُ قَدْرَ أَرْبَعِينَ قُلَّةً لَمْ يَحْمِلْ خَبَثًا . كَذَا قَالَ وَخَالَفَهُ غَيْرُ وَاحِدٍ رَوَوْهُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ فَقَالُوا أَرْبَعِينَ غَرْبًا وَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ أَرْبَعِينَ دَلْوًا . سُلَيْمَانُ بْنُ سِنَانٍ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ وَأَبَا هُرَيْرَةَ كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ .

☆☆ عبدالرحمٰن بن ابوہریرہ اپنے والد (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) کا یہ قول نقل کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں:

''جب پانی چالیس قلے کی مقدار تک پہنچ جائے تو وہ ناپاک نہیں ہوتا''۔

یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے' بعض روایات میں ''چالیس بڑے ڈول'' کا لفظ استعمال ہوا ہے' بعض روایات میں ''چالیس چھوٹے ڈول'' کا لفظ استعمال ہوا ہے۔

(یعنی یہ لفظ ''قلے'' کی جگہ استعمال ہوا ہے۔)

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ہارون بن معروف مروزی ابوعلی خزاز ضریر نزیل بغداد، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 231ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۱۳/۲) (۲۵)۔

○ عبداللہ بن لھیعۃ، ابن عقبۃ حضرمی ابوعبدالرحمٰن مصری قاضی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 174ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۴۴/۱) (۵۷۴)

○ یزید بن ابوحبیب مصری ابورجاء، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 128ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۶۳/۲) (۲۳۷)۔

○ سلیمان بن سنان مزنی مدنی نزیل مصر، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۶/۱) (۴۴۹)۔

○ عبدالرحمٰن بن ابوہریرۃ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ انہوں نے اپنے والد حضرت ابوہریرہ کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں۔ شیخ ابن حبان نے کتاب ''الثقات'' میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الثقات (۸۲/۵)۔

Marfat.com

2- باب الْمَآءِ الْمُتَغَيِّرِ

باب: وہ پانی جو تبدیل ہو چکا ہو

41- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ السَّرَّاجِ حَدَّثَنَا اَبُو شُرَحْبِيلَ عِيسَى بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ ثَوْبَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلْمَاءُ طَهُورٌ اِلَّا مَا غَلَبَ عَلٰى رِيحِهِ اَوْ عَلٰى طَعْمِهِ.

☆☆ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''پانی پاک کرنے والی چیز ہے ماسوائے اس پانی کے جس کی بو یا ذائقے پر (ناپاک چیز) غالب آ جائے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن سراج بن عبداللہ ابوحسن،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 308ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۱۱/۴۳۱-۴۳۳) (۶۳۲۳)۔

○ عیسیٰ بن خالد خراسانی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۶/۲۷۵) (۱۵۲۵)۔

○ مروان بن محمد بن حسان اسدی دمشقی طاطری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 210ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۳۹) (۱۰۲۴)۔

○ رشدین، ابن سعد بن مفلح مھری، ابوحجاج مصری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 188ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۵۱) (۹۲)۔

○ معاویۃ بن صالح بن حدیر، حضرمی ابوعمرو او ابوعمرو او ابوعبدالرحمٰن حمصی قاضی الاندلس،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 198ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۵۹) (۱۳۳۲)۔

○ راشد بن سعد مقرائی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرا طبقے

۴۱- اخرجه البيهقي في السنن الكبرٰى (۱/۲۵۹-۲۶۰) نحوه وقد ضعف الحديث ابن الملقن في البدر المنير (۲/۷۶) والحافظ في التلخيص (۱/۱۶) وكذا الزيلعي في نصب الراية (۱/۹۵)-

Marfat.com

سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 108ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۴۰) (۳)۔

توضیح مسئلہ:

امام دارقطنی عِشائیہ نے اس باب کے تحت مختلف روایات نقل کی ہیں' جس میں سے بعض احادیث ہیں' بعض تابعین کے اقوال ہیں اور بعض آثار ہیں۔ ان روایات میں امام دارقطنی عِشائیہ نے یہ بات بیان کی ہے: اگر پانی میں کوئی چیز مل جاتی ہے اور وہ پانی کے رنگ' بو یا ذائقے کو تبدیل کر دیتی ہے تو اس کا حکم کیا ہوگا؟

اگر پانی میں کوئی نجاست گر جاتی ہے تو اب سب سے پہلے اس بات کا جائزہ لیا جائے گا' وہ پانی ٹھہرا ہوا ہے یا بہہ رہا ہے؟ یا پھر بعض حصہ ٹھہرا ہوا ہے اور بعض حصہ بہہ رہا ہے؟

اگر وہ پانی ٹھہرا ہوا ہو' تو پھر آپ نجاست کا جائزہ لیں گے۔ اگر وہ کوئی ایسی نجاست ہو جو پانی میں حل ہو سکتی ہو' جیسے پیشاب ہو یا کوئی ایسا مردار ہو جس کا خون یا غلاظت بہہ سکتی ہو' تو پھر اس بات کا جائزہ لیا جائے گا' اگر وہ نجاست پانی کی کسی ایک صفت کو تبدیل کر دیتی ہے' یعنی وہ صفت ذائقہ بھی ہو سکتی ہے' رنگ بھی ہو سکتا ہے اور بو بھی ہو سکتی ہے' تو ایسی صورت میں وہ پانی ناپاک شمار ہوگا۔

اس کی دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

''پانی پاک ہوتا ہے' اسے کوئی بھی چیز ناپاک نہیں کرتی ہے ماسوائے اس چیز کے جو پانی کے ذائقے یا بو کو تبدیل کر دے''۔

اس حدیث میں اگرچہ صرف ذائقے اور بو کا لفظ استعمال ہوتا ہے لیکن فقہاء نے رنگ کو بھی اس پر قیاس کیا ہے' کیونکہ یہ بھی پانی کے بنیادی اوصاف میں سے ایک ہے۔ جس طرح ذائقہ اور بو پانی کے اوصاف میں سے ایک ہے' ہم اس سے پہلے بھی یہ بات بیان کر چکے ہیں' اور اس پر تمام فقہاء کا اتفاق ہے: جب نجاست پانی کے ذائقے' رنگ یا بو کو تبدیل کر دے' تو ایسے پانی کے ساتھ وضو کرنا یا طہارت حاصل کرنا جائز نہیں ہے۔

•••———•••———•••

42- حَدَّثَنَا ابْنُ الصَّوَّافِ حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا سُرَيْجٌ حَدَّثَنَا اَبُو اِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ وَاَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَحْوَصِ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لاَ يُنَجِّسُ الْمَاءَ اِلَّا مَا غَيَّرَ طَعْمَهُ اَوْ رِيحَهُ . لَمْ يُجَاوِزْ بِهِ رَاشِدٌ وَّاَسْنَدَهُ الْغُضَيْضِيُّ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ.

☆☆ حضرت راشد بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

۴۲- اخرجه البيهقي في الكبرىٰ (۱/۲۶۰) كتاب الطهارة' باب نجاسة الماء الكثير اذا غيرته النجاسة' والطحاوي في شرح معاني الآثار (۱/۱۶)' وابن ابي حاتم في العلل (۱/۴۴)' وقد رواه عبد الرزاق في المصنف (۱/۸۰) رقم (۲۶۴)-

Marfat.com

''پانی کوکوئی بھی چیز ناپاک نہیں کرتی' ماسوائے جو چیز اس کے ذائقے یا بوکوتبدیل کردیں''۔
مذکورہ روایت راشد بن سعد تک منقول ہے' تاہم غضیضی نے اس حدیث کوحضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن احمد بن حسن بن اسحاق بن ابراہیم بن عبداللہ ابوعلی المعروف بابن صواف: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 359ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱/۲۸۹) (۱۴۰)۔

○ حامد بن محمد بن شعیب بن زہیر ابوالعباس بلخی مودب: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 309ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۸/۱۶۹-۱۷۰) رقم (۴۲۸۰)۔

○ سریج بن نعمان بن مروان جوہری ابوحسن بغدادی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 210ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۸۵) (۶۲)۔

43- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبَّارُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْغَضِيضِيُّ حَدَّثَنَا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ اَبُو الْحَجَّاجِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لَا يُنَجِّسُ الْمَاءَ شَيْءٌ اِلَّا مَا غَيَّرَ رِيْحَهُ اَوْ طَعْمَهُ . لَمْ يَرْفَعْهُ غَيْرُ رِشْدِيْنَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ وَّلَيْسَ بِالْقَوِيِّ وَالصَّوَابُ فِىْ قَوْلِ رَاشِدٍ .

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: پانی کوکوئی چیز ناپاک نہیں کرتی' ماسوائے اس چیز کے جو اس پانی کی بو اور ذائقے کو تبدیل کردے۔

اس روایت کو ''مرفوع'' کے طور پر صرف رشدین بن سعد نے نقل کیا ہے اور یہ راوی مستند نہیں ہے' صحیح یہ ہے' یہ راشد بن سعد کے قول پر منقول ہے۔

۴۳- اخرجہ ابن ماجہ (۱/۱۷۴) کتاب الطہارۃ وسننہا' باب الحیاض الحدیث (۵۲۱)' والبیہقي في الکبریٰ (۱/۲۵۹)' (۱/۲۵۹-۲۶۰) کتاب الطہارۃ' باب نجاسۃ الماء الکثیر اذا غیرتہ نجاسۃ- والطبراني في الکبیر (۷/۱۲۳) رقم (۷۵۰۳)-

Marfat.com

حدیث روایت کرنے والے صحابی کا تعارف:

حضرت صدی بن عجلان رضی اللہ عنہ (ابوامامہ باہلی)

ان کا سلسلہ نسب یہ ہے:

صدی بن عجلان بن حارث۔ بعض حضرات نے صدی بن عجلان بن وہب بیان کیا ہے۔ ان کی کنیت ''ابوامامہ بن باہلی'' ہے۔ ان کا تعلق قبیلہ باہلہ کی شاخ سہم سے ہے۔ تاہم یہ ان کنیت ''ابوامامہ باہلی'' سے زیادہ مشہور ہیں۔ انہوں نے شام کے شہر حمص میں رہائش اختیار کی تھی۔

سفیان بن عیینہ بیان کرتے ہیں: شام میں صحابہ کرام میں سب سے آخر میں انہی کا انتقال ہوا۔

تاہم دیگر حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: شام میں انتقال کرنے والے آخری صحابی حضرت عبداللہ بن بشیر رضی اللہ عنہ ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوالعباس احمد بن علی بن مسلم الابار، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 290ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۳، ۴۴۳، ۴۴۴) (۲۱۸)، ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۰۶/۴-۳۰۷)، العبر (۸۵/۲-۸۶)۔

○ محمد بن یوسف بن صباح الغضیضی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 239ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۹۲/۳) (۱۵۱۳)۔

•••——•••——•••

44- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحَرَّانِيُّ اَبُوْ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ الْجُرْجَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْحَرَشِيُّ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّمَيْرِيُّ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ الْمَاءُ لاَ يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ.

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''پانی کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی''۔

٤٤- وقع في اسناده (محمد بن موسى الحرشي) وهو تحريف، فانه (محمد بن موسى الحرشي) فانه هو الذي يروي عن فضيل بن سليمان النميري كما في تهذيب الكمال (٢٣/ ٢٧٤)، وكذا ايضا ذكره ابن الملقن في البدر المنير (٢/ ٧٥)- والحديث عزاه ابن الملقن الى (قاسم بن اصبغ وحسن اسناده، وللحديث شواهد من حديث جابر وابن عباس وعائشة- ينظر تخريجها في تلخيص الحبير والبدر المنير-

Marfat.com

حدیث روایت کرنے والے صحابی کا تعارف:

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ

آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے:
سہل بن سعد بن مالک بن خالد بن ثعلبہ بن حارثہ بن عمرو
آپ انصار کے خاندان بنوساعدہ سے تعلق رکھتے ہیں۔
آپ کی کنیت "ابوالعباس" بعض لوگوں نے ابویحییٰ بیان کی ہے۔
حضرت سہل رضی اللہ عنہ کا انتقال 88 ہجری میں 96 برس کی عمر میں ہوا۔
بعض حضرات کے بیان کے مطابق آپ کا انتقال 91 ہجری میں 100 برس کی عمر میں ہوا۔
مدینہ منورہ میں انتقال کرنے والے یہ سب سے آخری صحابی ہیں۔
ابوحاجر بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا وہ فرماتے ہیں: جب میں فوت ہو جاؤں گا تو تم کسی کو یہ کہتے ہوئے نہیں سنو گے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے: (یعنی پھر کوئی صحابی باقی نہیں رہے گا)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ الامام ابوحسن علی بن احمد بن عبدالعزیز جرجانی محتسب: انہوں نے امام فربری سے "صحیح بخاری" روایت کی ہے۔ جبکہ امام حاکم نے ان سے احادیث روایت کی ہیں۔ان کا انتقال 366ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "سیر اعلام النبلاء" از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۶/ ۲۴۷) (۱۷۳)۔

○ محمد بن موسیٰ بن نفیع الحرشی، :علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "لین" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 248ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۱۱) (۷۴۸)۔

○ فضیل بن سلیمان النمیری، ابوسلیمان بصری علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 183ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۱۲) (۶۳)۔

○ سلمۃ بن دینار ابوحازم اعرج الاثور التمار مدنی قاضی، :علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۱۶) (۳۶۰)۔

Marfat.com

45- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا الْاَحْوَصُ بْنُ حَكِيْمٍ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلْمَاءُ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ اِلَّا مَا غَلَبَ عَلَيْهِ رِيْحُهُ اَوْ طَعْمُهُ . مُرْسَلٌ .وَوَقَفَهُ اَبُوْ اُسَامَةَ عَلٰى رَاشِدٍ.

☆☆ راشد بن سعد بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

پانی کو کوئی بھی چیز ناپاک نہیں کرتی ماسوائے اس چیز کے جس کی بو یا ذائقہ اس پانی پر غالب آ جائے۔

یہ روایت ''مرسل'' ہے اور ابواسامہ نامی راوی نے اسے راشد بن سعد تک ''موقوف'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

46- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُو الْبَخْتَرِيِّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا الْاَحْوَصُ بْنُ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْ عَوْنٍ وَّرَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ قَالَا اَلْمَاءُ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ اِلَّا مَا غَيَّرَ رِيْحَهُ اَوْ طَعْمَهُ.

☆☆ ابوعون راشد بن سعد بیان کرتے ہیں: پانی کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی' ماسوائے اس چیز کے جو پانی کی بو یا اس کے ذائقے کو تبدیل کر دے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوبختری عبداللہ بن محمد بن شاکر عنبری بغدادی مقری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 270ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۳۴،۳۳/۱۳) (۱۹)، ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۸۳-۸۲/۱۰)۔ المنتظم (۷۷/۵)۔

○ محمد بن عبیداللہ بن ابوسعید ابوعون ثقفی کوفی اعور، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۸۷/۲)(۴۹۲)۔

47- حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ اِنَّ الْمَاءَ طَهُوْرٌ كُلُّهُ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ.

☆☆ سعید بن میسب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: پانی پاک ہوتا ہے' اسے کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی۔

۴۵- رواہ البیہقی فی الکبرٰی (۲۶۰/۱) کتاب الطھارۃ' باب الماء الکثیر اذا غیرتہ النجاسۃ۔

۴۷- اخرجہ البیہقی فی الکبرٰی (۲۵۹/۱) کتاب الطھارۃ باب الماء الکثیر لا ینجس بنجاسۃ۔

Marfat.com

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں سعید بن مسیّب رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ نقل کیا ہے۔ جن کا اِجمالی تعارف درج ذیل ہے:

حضرت سعید بن مسیّب رحمۃ اللہ علیہ

جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض اصحاب نے سمندر کے پانی کے ذریعے وضو کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے' ان میں حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہم شامل ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ آگ ہے۔ (جامع ترمذی 100/1)

•••———•••———•••

65- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْبَاقِي بْنُ قَانِعٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِى الْبَحْرِ هوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحَلَالُ مَيْتَتُهُ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سمندر کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اس کا پانی پاک کرنے والا ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالباقی بن قانع بن مرزوق بن واثق، ابوحسین اموی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)۔

٦٥ اخرجه الحاكم (١/١٤٢) والطبراني في الكبير (٢/١٨٦-١٨٧) برقم (١٧٥٩)-

Marfat.com

○ محمد بن علی بن شعیب بن عدی بن ھمام، ابوبکر سمسار، ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۶۶/۳) رقم (۱۰۳۳)۔

○ حسن بن بشر بن سلم، ہمدانی اوبجلی، ابوعلی کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 221ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۶۳/۱) (۲۴۸)۔

○ معافی بن عمران ازدی، فہمی، ابومسعود موصلی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 285ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۵۸/۲) (۱۲۱۵)۔

•••——•••——•••

66- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْاَدَمِيُّ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْاَعْرَجُ وَالْفَضْلُ بْنُ زِيَادٍ الْقَطَّانُ قَالَا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ بْنُ اَبِى الزِّنَادِ حَدَّثَنِىْ اِسْحَاقُ بْنُ حَازِمٍ عَنِ ابْنِ مِقْسَمٍ - وَهُوَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مِقْسَمٍ - عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) سُئِلَ عَنِ الْبَحْرِ فَقَالَ هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحَلَالُ مَيْتَتُهُ ۔

لَفْظُ الْفَضْلِ بْنِ زِيَادٍ وَّخَالَفَهُ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عِمْرَانَ - وَهُوَ ابْنُ اَبِىْ ثَابِتٍ - وَلَيْسَ بِالْقَوِىِّ فَاَسْنَدَهُ عَنْ اَبِىْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ وَجَعَلَهُ عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ جَابِرٍ.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سمندر کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک کرنے والا ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

روایت کے یہ الفاظ فضل بن زیاد نامی راوی سے منقول ہیں' ایک اور سند میں یہ روایت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن اسماعیل، ابوبکر مقری ادمی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 327ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۸۹/۴) (۲۲۷۵)۔

۶۶- اخرجه احمد (۳۷۳/۳) ومن طريقه ابن ماجه (۱۳۷/۱) كتاب الطهارة وسننها' باب الوضوء بماء البحر' حديث (۳۸۸) وابن خزيمة ۵۹/۱ حديث (۱۱۲) وابن حبان (۵۱/٤) كتاب الطهارة' باب: المياه' حديث (۱۲٤٤)۔

Marfat.com

○ فضل بن سہل بن ابراہیم اعرج، بغدادی، اصلہ من خراسان، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 255ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۱۰/۲)(۳۷)۔

○ فضل بن زیاد قطان، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۶۳/۱۲)(۶۷۹۷)۔

○ احمد بن محمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ بن ہلال بن ادشیبانی مروزی، نزیل بغداد، ابوعبداللہ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 241ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۴/۱)(۱۱۰)۔

○ ابوالقاسم بن ابوالزناد مدنی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۶۳/۲)(۲)۔

○ اسحاق بن حازم، وقیل: ابن ابوحازم، بزاز مدنی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۷/۱)(۳۹۱)۔

○ فی (ا): عبداللہ۔

○ عبیداللہ بن مقسم، مدنی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۳۹/۱)(۱۵۱۱)۔

○ عمر بن شبۃ، ابن عبید بن زید النمیری، ابوزید ابن ابومعاذ، بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 262ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۷/۲)(۴۵۲)۔

•••——•••——•••

67- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالاَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ أَبُوْ زَيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي ثَابِتِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ

٦٧- وعزاه في البدر المنير للدارقطني من طريق عبد العزيز بهذا الاسناد' ثم قال: وعبد العزيز هذا احد المتروكين' وقال يحيى: ليس بثقة' وقال البخاري: لا يكتب حديثه- وقال النسائي: متروك الحديث- وقال الترمذي والدارقطني: ضعيف- وقال ابن حبان: يروي المناكير عن المشاهير- ثم رواه الدارقطني موقوفًا على ابي بكر الصديق-

Marfat.com

عَوْفٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ حَازِمٍ الزَّيَّاتِ مَوْلٰى اٰلِ نَوْفَلٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِىْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُم اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) سُئِلَ عَنْ مَّاءِ الْبَحْرِ فَقَالَ هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ ۔

★★ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما' حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات ذکر کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سمندر کے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک کرنے والا ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت عبداللہ بن عثمان (ابوبکر صدیق) رضی اللہ عنہ

آپ کا نام عبداللہ بن عثمان ہے آپ کے والد عثمان بن عامر ابوقحافہ کی کنیت سے مشہور ہیں۔ جبکہ آپ کہ خود ابوبکر کی کنیت سے مشہور ہوئے۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اسلام قبول کرنے والے سب سے پہلے فرد ہیں۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے انتہائی قریبی ساتھی تھے۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی دعوت وتبلیغ کے نتیجے میں بہت سے افراد نے اسلام قبول کیا۔ جن میں حضرت عثمان غنی کا نام نمایاں ہے۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے ذاتی مال میں سے ان غلام مسلمانوں کو رہائی دلائی جنہیں اسلام قبول کرنے کی وجہ سے ان کے آقا تکالیف دیا کرتے تھے۔ ان میں نمایاں نام حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کا ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہجرت کرنے کا شرف حاصل ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''جس شخص نے ہمارے ساتھ بھلائی کی ہم نے اس کا بدلہ اسے دے دیا' سوائے ابوبکر کے' اس کی کی ہوئی بھلائیوں کا بدلہ اللہ تعالیٰ اسے آخرت میں دے گا''۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے فضائل ومناقب میں بہت سی احادیث منقول ہیں۔

طبقات ابن سعد (169/3) طبقات خليفة (ص 17) التاريخ الصغير للبخارى (57/1) الثقات للعجلى (ص 491) الجرح والتعديل (111/5) معجم الصحابة للبغوى (ق 168 / ب) المستدرك (61/3) معرفة الصحابة لابى نعيم (159/1) اسد الغابة (205/3) تجريد اسماء الصحابة (323/1) تذكرة الحفاظ (2/1) الكاشف (97/2) الاصابة (101/4) التهذيب (315/5) التقريب (ص/313) الرياض المستطابة (ص140)

Marfat.com

آپ کا شمار عشرۂ مبشرہ میں ہوتا ہے۔

نبی اکرم ﷺ کی ظاہری زندگی کے آخری ایام میں' نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت' آپ ہی مسلمانوں کی امامت کرتے رہے۔

نبی اکرم ﷺ کے وصالِ ظاہری کے بعد آپ کو مسلمانوں کا خلیفہ منتخب کیا گیا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا انتقال 13 ہجری میں ہوا اور آپ کو نبی اکرم ﷺ کے پہلو میں سپردِ خاک کردیا گیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف

○ محمد بن یحیٰ بن علی بن عبد الحمید الکنانی، ابوغسان مدنی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۱۸) (۸۱۳)۔

○ عبد العزیز بن عمران بن عبد العزیز بن عمر بن عبد الرحمٰن بن عوف زہری، مدنی، الاعوج،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 197ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۱۱) (۱۲۴۲)۔

○ اسحاق بن حازم الزیات، مدنی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجامع فی الجرح والتعدیل (۱/۶۲) (۲۹۳)۔

○ وہب بن کیسان، قرشی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابونعیم مدنی، المعلم،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 127ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۳۹) (۱۲۴)۔

•••———•••———•••

68- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ قَالاَ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ جَمِيعًا عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَخْبَرَنِى عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ اَبِى الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ سُئِلَ عَنْ مَّاءِ الْبَحْرِ فَقَالَ هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهٗ.

☆☆ ابوطفیل بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے سمندر کے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک کرنے والا ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

۶۸- اخرجه ابو عبيد في الطهور، رقم (۲۳۸) وابن حبان في المجروحين (۲/۱۳۹)-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حفص بن عمرو بن ربال، ابن ابراہیم الربالی، الرقاشی بصری، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 258ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۸۸)۔

○ عبید اللہ بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمر بن خطاب، العمری، مدنی، ابوعثمان، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 142ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۳۷)۔

•••——•••——•••

69- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنْ مَّاءِ الْبَحْرِ فَقَالَ هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ.

☆☆ امام محمد باقر رضی اللہ عنہ (امام زین العابدین رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے ان کے والد (امام حسین رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سمندر کے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی: اس کا پانی پاک ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت علی کرم اللہ وجہہ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سگے چچا زاد بھائی ہیں۔ آپ کی پرورش نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود کی۔ آپ

تہذیب التہذیب (4/211-213) والتقریب (ص402)وتذھیب تہذیب الکمال (2/250) والاصابة (4/269-271) وطبقات ابن سعد (2/5'54 4/296)والتاریخ الکبیر (6/359) والاستیعاب (3/197-225) والاستبصار (ص 390) والریاض المستطابة (ص163) وتاریخ بغداد (1/133) وازمنة التاریخ الاسلامی (1/773) والبدایة والنہایة (7/223-224) وتذکرة (1/10) والتاریخ لابن معین (2/49) ومروج الذھب (2/358) والتبصرة والتذکرة (1/26) والشذرات (1/49) والزھد لوکیع (1014) وطبقات الشیرازی (ص41) والتحفة اللطیفة (3/226) والعبر (ص524) والریاض النضرة (1/201) وتاریخ الخلفاء (6/191)وتجرید اسماء الصحابة (1/392) والتاریخ الصغیر (5/435) والجرح والتعدیل (6/191) وتاریخ الاسلام (3/8) وبقی بن مخلد (105) وتنقیح فہوم الاثر (ص110'367) وصفة الصفوة (1/308) وغایة النہایة (1/546) ومعرفة القراء الکبار (1/30) والاعلام (4/295) وحلیة الاولیاء (2/971) وطبقات الحفاظ (ص4)

۶۹- اخرجه الحاکم (۱/۱۴۲-۱۴۳)۔

Marfat.com

کا تعلق قریش کی شاخ بنوہاشم سے ہے۔آپ کی کنیت ''ابوحسن'' اور ''ابوتراب'' ہے۔آپ نے دس برس کی عمر میں اسلام قبول کیا تھا۔

نبی اکرم ﷺ آپ سے بہت محبت کرتے تھے۔اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ آپ نے حضرت علی سے یہ فرمایا تھا:

''تم دنیا اور آخرت میں میرے بھائی ہو''۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فضائل ومناقب بے شمار ہیں۔مفسرین کے بیان کے مطابق قرآن کی بعض آیات کا شانِ نزول حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ مخصوص ہے۔اسی طرح نبی اکرم ﷺ کی بعض احادیث بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی فضیلت پر دلالت کرتی ہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شجاعت' ذہانت عربوں میں ضرب المثل کی حیثیت رکھتی ہے۔

حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مسلمانوں کا چوتھا خلیفہ منتخب کیا گیا۔

آپ نے 21 رمضان المبارک سن 40 ہجری میں جامِ شہادت نوش کیا۔

امام زین العابدین رضی اللہ عنہ

مشہور مؤرخ حافظ ابونعیم اصفہانی' مدینہ منورہ کے رہنے والے' عبادت وریاضت کے حوالے سے مشہور تابعین کا تعارف کرواتے ہوئے تحریر کرتے ہیں۔

''زین العابدین (عبادت گزاروں کی زینت) علی بن حسین اس طبقے سے تعلق رکھتے ہیں' وہ عبادت گزاروں کی زینت تھے' حقیقی عبادت گزار اور نہایت سخی تھے''۔

اصفہانی ان کے بارے میں تحریر کرتے ہیں:

''امام زین العابدین رضی اللہ عنہ جب نماز کے لیے وضو کرکے فارغ ہوتے تھے تو وضو اور نماز کے دوران ان پر کپکپی طاری ہوجاتی تھی' ان سے اس کی وجہ دریافت کی گئی تو انہوں نے فرمایا: کیا تم یہ نہیں جانتے کہ میں کس (عظیم پروردگار) کی بارگاہ میں کھڑا ہونے اور مناجات کرنے لگا ہوں؟''

امام ابن شہاب زہری کے بارے میں منقول ہے: وہ امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کرتے ہوئے رو پڑتے تھے اور یہ فرماتے تھے: وہ ''عبادت گزاروں کی زینت'' ہیں۔

ابوحمزہ ثمالی بیان کرتے ہیں: امام زین العابدین رضی اللہ عنہ' رات کے وقت روٹیوں کی بوری اپنی پشت پر لاد کے صدقہ کرنے لے جاتے تھے اور یہ فرمایا کرتے تھے:

''خفیہ طور پر دیا جانے والا صدقہ پروردگار کی ناراضگی کو ختم کردیتا ہے''۔

شیبہ بن نعامہ بیان کرتے ہیں' جب امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوگیا تو یہ پتہ چلا کہ وہ مدینہ منورہ کے ایک سو

Marfat.com

گھرانوں کو (صدقہ کے طور پر) خوراک فراہم کرتے تھے۔

جریر نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ بات نقل کی ہے: جب امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا اور انہیں غسل دیا جانے لگا تو لوگوں کو ان کی پشت پر سیاہ رنگ کے نشان نظر آئے انہوں نے اس کی تحقیق کی تو پتہ چلا کہ یہ آٹے کی ان بوریوں کو اٹھانے کی وجہ سے ہیں جنہیں امام زین العابدین رضی اللہ عنہ رات کے وقت اپنی پشت پر لاد کر مدینہ منورہ کے غریبوں تک پہنچاتے تھے

امام زین العابدین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک مرتبہ عراق سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ میرے پاس آئے انہوں نے حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عثمان (رضی اللہ عنہم) کے بارے میں کچھ کلام کیا۔ جب وہ لوگ اپنی بات کر کے فارغ ہو گئے تو میں نے دریافت کیا:[1]

کیا' آپ مجھے بتائیں گے؟ کیا آپ ہی وہ لوگ ہیں (جن کے بارے میں آیت ہے؟)

''پہلے ہجرت کرنے والے وہ لوگ جنہیں ان کے علاقے اور اموال (زمینوں) سے نکال دیا گیا۔ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کا فضل اور رضا (حاصل کرنا) چاہتے ہیں' انہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی مدد کی' یہی لوگ سچے ہیں''۔

(ان عراقیوں نے) جواب دیا: جی نہیں! (اس سے مراد ہم لوگ نہیں ہیں)

امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا اس سے مراد تم لوگ ہو (جن کا ذکر اس آیت میں ہے؟)

''جنہوں نے' ان سے پہلے' اس جگہ (مدینہ منورہ) اور ایمان کو اپنا ٹھکانا بنا لیا۔ یہ ان لوگوں سے محبت کرتے ہیں جو ہجرت کر کے ان کی طرف آتے ہیں' اور یہ اپنے سینوں میں اس کی حاجت نہیں پاتے' جو انہیں دیا گیا۔ اور یہ دوسروں کو اپنی ذات پر ترجیح دیتے ہیں' اگرچہ انہیں خود اس چیز کی ضرورت ہو' اور جسے نفس کے بخل سے بچا لیا گیا' وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں''۔

(ان عراقیوں نے) جواب دیا: جی نہیں! اس سے مراد ہم نہیں ہیں۔

امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگوں نے یہ اعتراف کر لیا ہے کہ تمہارا ان دونوں گروہوں میں سے کسی ایک کے ساتھ بھی تعلق نہیں ہے اور اب میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں' تم لوگ ان افراد میں بھی شامل نہیں ہو جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''اور جو لوگ ان کے بعد آئیں گے وہ یہ کہیں گے' اے ہمارے پروردگار! ہماری مغفرت کر دے اور ہمارے ان بھائیوں کی بھی' جو ہم سے پہلے اسلام لا چکے ہیں' اور ہمارے دلوں میں ان لوگوں کے لیے کوئی کینہ نہ رکھنا جو ایمان لا چکے ہیں' اے ہمارے پروردگار! بے شک تو مہربان اور رحم کرنے والا ہے''۔

---

[1] ہجویری' علی بن عثمان ''کشف المحجوب'' (مترجم) صفحہ ۱۱۴' مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور

Marfat.com

(پھر امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے فرمایا) اب تم یہاں سے نکل جاؤ اللہ تعالیٰ تمہیں (برباد) کرے۔

خلف بن حوشب بیان کرتے ہیں' امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

''اے اہل کوفہ کے گروہ! ہمارے ساتھ وہ محبت رکھو جو اسلامی تعلیمات کے مطابق ہو اور ہمیں ہمارے حق سے بلند نہ کرو۔''

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سے ان کی بکثرت گریہ وزاری کا سبب دریافت کیا گیا' تو انہوں نے فرمایا: تم لوگ مجھے ملامت نہ کرو۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کے تو صرف ایک صاحبزادے لاپتہ ہوئے تھے۔ اور وہ اتنا روتے رہے کہ ان کی بینائی رخصت ہوگئی حالانکہ انہیں یہ پتہ نہیں چلا تھا کہ وہ صاحبزادے فوت ہو چکے ہیں (یا نہیں؟) جبکہ میں نے اپنے خاندان کے چودہ افراد کو ایک ہی موقعہ پر شہید ہوتے ہوئے دیکھا ہے کیا تم لوگ یہ سمجھتے ہو' کہ ان کا دکھ میرے دل سے ختم ہو جائے گا؟

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن حسین بن عبد الملک، ابوجعفر، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 299ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' -۴/۹۷)۔

•••——•••——•••

70- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا هِقْلٌ عَنِ الْمُثَنّٰى عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَيْتَةُ الْبَحْرِ حَلَالٌ وَّمَاؤُهٗ طَهُوْرٌ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: سمندر کا مردار حلال ہے اور اس کا پانی پاک ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن اسحاق بن جعفر، وقیل: محمد بن اسحاق بن محمد ابوبکر الصاغانی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثبت'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 270ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱/۲۴۰)۔

○ حکم بن موسیٰ بن ابوزہیر بغدادی، ابوصالح، قنطری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا

۷۰- اخرجه الحاکم (۱/۱۴۳)۔

Marfat.com

ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 232ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۹۳)۔

○ ہقل، ابن زیاد سکسکی، دمشقی، ایک قول کے مطابق یہ ان کا لقب ہے اور ان کا نام محمد' یا شاید عبداللہ ہے۔ یہ امام اوزاعی کے سیکرٹری تھے۔ علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 279ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۲۱)۔

○ مثنی بن صباح، الیمنی، الابناوی، علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے () ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 149ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۲۸)۔

○ عمرو بن شعیب بن محمد بن عبداللہ بن عمرو بن العاص، علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 118ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۷۲)۔

○ شعیب بن محمد بن عبداللہ بن عمرو بن العاص، علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۵۳)۔

•••——•••——•••

71- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ اَبَانَ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِيْ مَآءِ الْبَحْرِ قَالَ الْحَلَالُ مَيْتَتُهُ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ ۔ اَبَانُ بْنُ اَبِيْ عَيَّاشٍ مَتْرُوْكٌ.

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سمندر کے پانی کے بارے میں یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اس کا مردار حلال ہے اور اس کا پانی پاک ہے۔

اس روایت کا راوی ابان بن ابوعیاش "متروک الحدیث" ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوحسن علی بن عبداللہ بن مبشر واسطی: ان کا انتقال 324ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:

اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱/۹٤) رقم (۳۲۰)۔

Marfat.com

''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۵/۲۵)۔

○ محمد بن حرب واسطی النشائی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 140ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۱۹)۔

○ ابان بن ابوعیاش، فیروز بصری، ابواسماعیل عبدی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 140ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: التقریب (۱/۳۱)۔

72- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ الثَّوْرِيِّ عَنْ اَبَانَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

73- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاهِدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ رَاشِدٍ حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِى التَّيَّاحِ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنْ مَّاءِ الْبَحْرِ فَقَالَ مَاءُ الْبَحْرِ طَهُوْرٌ . كَذَا قَالَ وَالصَّوَابُ مَوْقُوْفٌ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سمندر کے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: سمندر کا پانی پاک ہے۔

راویوں نے اسی طرح نقل کیا ہے' تاہم درست یہ ہے: یہ روایت ''موقوف'' ہے۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما

آپ کا سلسلہ نسب ہے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف۔

آپ کی کنیت ''ابوالعباس'' ہے۔ آپ قبیلہ قریش کی شاخ ''بنو ہاشم'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا زاد بھائی ہیں۔

آپ کی والدہ سیدہ لبابہ کبریٰ بنت حارث رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیدہ میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کی بہن ہیں۔

۷۳- اخرجه الحاکم (۱/۱۴۰)۔

Marfat.com

ان کی عظمت علم کی وجہ سے انہیں ''حبر الامۃ'' (امت کا بڑا عالم) کا خطاب دیا گیا۔

جب حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما پیدا ہوئے اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خاندان کے افراد سمیت شعب ابی طالب میں محصور تھے۔

انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لعاب دہن ان کے منہ میں ڈالا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے دو مرتبہ حضرت جبرائیل علیہ السلام کی زیارت کی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مرتبہ میرے لیے دعا کی ہے۔

ایک اور روایت میں حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے ساتھ لپٹا لیا اور دعا کی:

''اے اللہ! اسے حکمت کا علم عطا کر''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی عمر ۱۳ برس تھی اور بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: اس وقت ان کی عمر ۱۵ برس تھی۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے دور حکومت میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو بصرہ کا گورنر مقرر کیا تھا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت سے کچھ عرصہ پہلے یہ بصرہ کو چھوڑ کر واپس حجاز چلے گئے تھے۔ جنگِ جمل میں انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے شرکت کی تھی۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں

جبکہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے روایت کرنے والوں میں صحابہ کرام میں سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ' حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بھائی کثیر بن عباس شامل ہیں۔

تابعین میں سے امام زین العابدین رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے صاحبزادے علی' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام عکرمہ اور کریب' ان کے علاوہ عطاء بن ابی رباح' مجاہد' ابن ابی ملیکہ' عمرو بن دینار' عبید بن عمیر' سعید بن مسیب' محمد' عبیداللہ بن عبداللہ' سلیمان بن یسار' عروہ بن زبیر' ابوزبیر' محمد بن کعب' طاؤس' وہب بن منبہ اور دیگر بہت سے افراد نے احادیث روایت کی ہیں۔

طبقات ابن سعد (365/2)طبقات خلیفة (ص 3/126/189) التاریخ الکبیر (3/5) الجرح والتعدیل (116/5) معجم الصحابة للبغوی (و173/ب) الثقات لابن حبان (207/3) معرفة الصحابة لابی نعیم (ج 2و17/1) الاستیعاب (933/3) اسد الغابة (186/3) سیر اعلام النبلاء (331/3) تجرید اسماء الصحابة (320/1)الکاشف (90/2) الاصابة (90/4) التهذیب (276/5) التقریب (ص309)الریاض المستطابة (ص198) بقی بن مخلد و مقدمة مسنده (ص80)

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا انتقال ''طائف'' میں ہوا۔
آپ کی نمازِ جنازہ (حضرت علی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے) محمد بن حنفیہ نے پڑھائی۔
جب حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی قبر کی مٹی کو برابر کر دیا گیا تو محمد بن حنیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:
''اللہ کی قسم! آج اس امت کا ایک بڑا عالم فوت ہو گیا ہے''۔
مشہور قول کے مطابق حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا انتقال ۷۸ ہجری میں ہوا۔ انتقال کے وقت ان کی عمر ۷۰ سال تھی۔
بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: وصال کے وقت ان کی عمر ۸۱ سال تھی اور ان کا انتقال ۷۰ ہجری میں ہوا تھا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن موسیٰ بن العباس بن مجاھد ابوبکر مقری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 324ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۴۴/۵)(۲۵۸۰)۔

○ ابراہیم بن راشد بن سلیمان، ابواسحاق الادمی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 264ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۷۴/۶)۔

○ یزید بن حمید الضبعی، ابوالتیاح، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 128ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۶۳/۲)۔

○ موسیٰ بن سلمۃ بن محبق - ہذلی، بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۸۳/۲)۔

•••———•••———•••

74- حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُخْتَارِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ اَبِىْ هِنْدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَنْ لَمْ يُطَهِّرْهُ مَاءُ الْبَحْرِ فَلَا طَهَّرَهُ اللّٰهُ .
اِسْنَادٌ حَسَنٌ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جسے سمندر کا پانی پاک نہیں کر سکتا' اللہ تعالیٰ

۷۴- اخرجہ البیہقی (۴/۱) کتاب الطہارۃ' باب: التطہر بماء البحر-

Marfat.com

بھی اُسے پاک نہ کرے۔

اس حدیث کی سند ''حسن'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوالقاسم عبد اللہ بن محمد بن عبد العزیز بن المرزبان بن سابور بن ساھنشاہ البغوی الاصل بغدادی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 317ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۰/۱۱۱)۔

○ محمد بن حمید بن حیان رازی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 230ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۵۶)۔

○ ابراہیم بن مختار تمیمی، ابواسماعیل رازی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 182ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۳)۔

○ عبد العزیز بن عمر بن عبد العزیز بن مروان اموی، ابومحمد، مدنی، نزیل الکوفۃ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 150ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۱۱)۔

•••——•••——•••

75- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْقَاضِي حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لَقَدْ ذُكِرَ لِي اَنَّ رِجَالاً يَغْتَسِلُوْنَ مِنَ الْبَحْرِ الْاَخْضَرِ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ عَلَيْنَا الْغُسْلُ مِنْ مَاءٍ غَيْرِهِ وَمَنْ لَمْ يُطَهِّرْهُ مَاءُ الْبَحْرِ فَلَا طَهَّرَهُ اللّٰهُ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میرے سامنے یہ بات ذکر کی گئی' کچھ لوگ بحرِاخضر میں نہانے کے بعد یہ کہتے ہیں: ہم پر یہ لازم ہے' ہم دوسرے پانی سے بھی نہا لیں (حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا:) جس شخص کو سمندر کا پانی پاک نہیں کرتا' اللہ تعالیٰ اُسے پاک نہ کرے۔

۷۵- تقدم في (۷٤) من حديث ابي هريرة مرفوعاً-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبد الملک بن عمرو القیسی، ابوعامر، العقدی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 205ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۲۱)۔

○ سلیمان بن بلال تیمی' (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابومحمد وابوایوب مدنی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 177ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۲۲)۔

○ عمرو بن ابوعمرو، میسرۃ، مولی المطلب، مدنی، ابوعثمان، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 150ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۷۵)۔

○ عکرمۃ بن عبد اللہ، مولی ابن عباس، اصلہ بربری، یہ ثقہ ہیں۔ ثبت، عالم بالتفسیر، لم یثبت تکذیبہ عن ابن عمر: یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 107ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۰)۔

•••——•••——•••

76- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْمَدَنِيُّ حَدَّثَنَا مَالِكٌ قَالَ الْمَحَامِلِيُّ وَاَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ مَالِكٍ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ سَلَمَةَ مِنْ اٰلِ ابْنِ الْاَزْرَقِ اَنَّ الْمُغِيرَةَ بْنَ اَبِى بُرْدَةَ وَهُوَ مِنْ بَنِى عَبْدِ الدَّارِ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَرْكَبُ الْبَحْرَ وَنَحْمِلُ مَعَنَا الْقَلِيلَ مِنَ الْمَآءِ فَاِنْ تَوَضَّاْنَا بِهٖ عَطِشْنَا اَفَنَتَوَضَّاُ بِمَآءِ

۷۶- اخرجه مالك (۱/۲۲) كتاب الطهارة' باب الطهور للوضوء الحديث (۱۲)' والشافعي في (۱/۱٦) كتاب الطهارة' ومحمد بن الحسن في الموطا (٤۲): كتاب الطهارة: باب الوضوء بماء البحر' الحديث (٤٦)' وابن ابي شيبة (۱/۱۳۱) كتاب الطهارات' باب من رخص في الوضوء وبماء البحر' واحمد (۲/۳٦۱)' والدارمي (۱/۱۸٦) كتاب الطهارة' باب الوضوء من ماء البحر' والبخاري في التاريخ الكبير (۳/٤۷۸)' وابو داؤد (۱/٦٤) كتاب الطهارة' باب الوضوء بماء البحر' الحديث (۸۳)' والترمذي (۱/۱۰۰-۱۰۱) كتاب الطهارة باب ما جاء في ماء البحر انه طهور' الحديث (٦۹)' والنسائي (۱/۱۷٦) كتاب الطهارة باب الوضوء بماء البحر' وابن ماجه (۱/۱۳٦) كتاب الطهارة باب الوضوء بماء البحر' الحديث (۳۸٦)' وابن خزيمة (۱/٥۹) كتاب الطهارة باب الرخصة في الغسل والوضوء من ماء البحر' الحديث (۱۱۱)' وابن حبان في (موارد الظمآن الى زوائد ابن حبان) كتاب الطهارة' باب ما جاء في الماء' الحديث (۱۱۹)' وابن الجارود ص (۲٥) باب في طهارة الماء' والقدر الذى ينجس الماء والذي لا ينجس' والحاكم (۱/۱٤۰-۱٤۱) كتاب الطهارة' والبيهقي في (۱/۳) كتاب الطهارة' باب التطهير بماء البحر- وفي (معرفة السنن والآثار) (۱/۱٥۰-۱٥۱)-

Marfat.com

الْبَحْرِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ وَالْحَدِيْثُ عَلٰى لَفْظِ الْقَعْنَبِيِّ وَاخْتَصَرَهُ ابْنُ مَهْدِيٍّ۔

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: یارسول اللہ! ہم لوگ سمندر میں سفر کرتے ہیں اور اپنے ساتھ تھوڑا سا پانی لے کر جاتے ہیں اگر ہم اس سے وضو کرلیں تو خود پیاسے رہ جائیں گے کیا ہم سمندر کے پانی سے وضو کرلیا کریں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن اسماعیل بن محمد سہمی ابوحذافۃ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 259ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۱)۔

○ عبدالرحمٰن بن مہدی بن حسان عنبری (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوسعید بصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 298ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۹۹)۔

○ عبداللہ بن مسلمۃ بن قعنب، قعنبی حارثی، ابوعبدالرحمٰن بصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 221ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۵۱)۔

○ صفوان بن سلیم مدنی، ابوعبداللہ زہری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 132ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۶۸)۔

○ سعید بن سلمۃ بن ابوالحسام، العدوی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوعمرو مدنی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۹۷)۔

○ مغیرۃ بن ابوبردۃ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 105ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳/۲۶۸)۔

Marfat.com

77- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَنْصُورٍ الْفَقِيهُ أَبُو إِسْمَاعِيلَ الْبُطَيْخِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو أَيُّوبَ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَزْوَانَ حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنِ الْوُضُوءِ بِمَاءِ الْبَحْرِ فَقَالَ هُوَ الطَّهُورُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سمندر کے پانی سے وضو کرنے کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبد اللہ بن منصور، ابواسماعیل شیبانی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 283ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۴۳۱/۵)۔

○ سلیمان بن عبد الرحمٰن بن عیسیٰ تیمی دمشقی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 233ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۷/۱)۔

○ محمد بن غزوان، قال ابوزرعۃ: منکر الحدیث، وقال ابن حبان: یقلب الاخبار، ویرفع الموقوف، لایحل الاحتجاج بہ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۲۹۲/۶)۔

○ عبد الرحمٰن بن عمرو بن ابوعمرو الاوزاعی، ابوعمرو، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 132ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۹۳/۱)۔

○ یحییٰ بن ابوکثیر طائی، (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابونصر الیمامی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۶/۲)۔

78- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَهْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُدَامِيُّ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنْ مَاءِ الْبَحْرِ أَيُتَوَضَّأُ مِنْهُ فَقَالَ هُوَ الطَّهُورُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ.

Marfat.com

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سمندر کے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا: کیا اس سے وضو کرلیا جائے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن محمد بن ربیعہ بن القدامی مصیصی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۴/۱۸۰) (۴۵۴۹)۔

•••——•••——•••

79- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ الْقَلَانِسِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا ابْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنِي الْمُثَنَّى بْنُ الصَّبَّاحِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَيْتَةُ الْبَحْرِ حَلَالٌ وَّمَاؤُهُ طَهُوْرٌ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: سمندر کا مردار حلال ہے اور اس کا پانی پاک ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جعفر بن محمد بن حماد، ابوفضل رملی القلانسی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۴/۱۰۸)۔

•••——•••——•••

6- باب كُلِّ طَعَامٍ وَّقَعَتْ فِيهِ دَابَّةٌ لَيْسَ لَهَا دَمٌ

باب: جس کھانے میں ایسا جانور (یعنی کیڑا مکوڑا) گر جائے جس میں خون نہیں ہوتا

80- حَدَّثَنَا اَبُوْ هَاشِمٍ عَبْدُ الْغَافِرِ بْنُ سَلَامَةَ الْحِمْصِيُّ قَالَ وَجَدْتُ فِيْ كِتَابِيْ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيْدٍ الْحِمْصِيِّ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الزُّبَيْدِيِّ عَنْ بِشْرِ بْنِ مَنْصُوْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ سُهَيْلٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي الْاَخْيَلِ الْحِمْصِيُّ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنِيْ

۷۹- نقله ابن الملقن في البدر (۲/۳۱-۳۲) عن المصنف، وقال: (ابن عياش هذا: هو اسماعيل ابو عتبة الحمصي، ليس بالقوي، وحديثه عن الحجازيين ضعيف بخلاف الشاميين، والمثنى بن الصباح مكي، فتكون هذه الطريقة ضعيفة)- اه- ثم قال: والاعتماد انما هو على الطريق الاول، وهذه متابعة له)- اه- والطريق الاول هو الذي تقدم رقم (۷۰)-

۸۰- اخرجه ابن عدي في الكامل (۲/۱۲۴۳) والبيهقي في الكبرى (۱/۲۵۳) كتاب الطهارة، باب (ما لا نفس له سائلة اذا مات في الماء القليل)-

Marfat.com

سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ سَعِيْدٍ عَنْ بِشْرِ بْنِ مَنْصُوْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَا سَلْمَانُ كُلُّ طَعَامٍ وَّشَرَابٍ وَّقَعَتْ فِيْهِ دَابَّةٌ لَيْسَ لَهَا دَمٌ فَمَاتَتْ فِيْهِ فَهُوَ حَلَالٌ اَكْلُهُ وَشُرْبُهُ وَوُضُوْءُهُ . لَمْ يَرْوِهِ غَيْرُ بَقِيَّةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِيْدِ الزُّبَيْدِيِّ وَهُوَ ضَعِيْفٌ۔

☆☆ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اے سلمان! ہر وہ کھانا یا مشروب جس میں کوئی ایسا جانور (یعنی کیڑا مکوڑا) گر جائے، جس کا خون نہیں ہوتا' اور وہ کھانے کی چیز میں مر جائے تو اسے کھانا اور پینا کپڑا اور اس پانی سے وضو کرنا حلال ہوگا۔

اس روایت کو سعید بن ابوسعید زبیدی کے حوالے سے صرف بقیہ نے نقل کیا ہے اور یہ ''ضعیف'' ہے۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے اور یہ ''خیر'' کے لقب سے مشہور ہیں۔

ایک مرتبہ لوگوں نے ان سے ان کا نسب دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا۔ میں ابن اسلام ہوں۔ یہ اصل میں ایران کے شہر رام ہرمز کے رہنے والے تھے۔ بعض لوگوں نے یہ بات بیان کی ہے: یہ اصفہان کے شہر کے رہنے والے تھے۔ اسلام قبول کرنے سے پہلے ان کا نام کچھ اور تھا۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ خود بیان کرتے ہیں: میرے والد ایک زمیندار تھے۔ ہم آگ کی پوجا کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ میرے والد نے کسی کام کے سلسلے میں زمینوں پر بھیجا۔ راستے میں میرا گزر ایک گرجے کے پاس سے ہوا۔ وہاں لوگ عبادت کر رہے تھے۔ مجھے ان کا طریقہ عبادت پسند آیا۔ میں نے یہ سوچا کہ ان کا دین ہمارے دین کے مقابلے میں بہتر ہے۔ میں اس دن ان کے ساتھ رہا۔ شام کو جب واپس آیا تو والد صاحب نے دریافت کیا۔ تم کہاں رہ گئے تھے۔ زمینوں پر کیوں نہیں گئے تو میں نے انہیں بتایا کہ میں ایک گرجے میں چلا گیا تھا۔ مجھے ان لوگوں کا دین پسند آیا۔ میرا یہ خیال ہے کہ ان کا دین ہمارے دین کے مقابلے میں بہتر ہے تو میرے والد نے مجھے بیڑیاں ڈال کر قید کر دیا۔ پھر میں کسی طرح وہاں سے جان چھڑوا کر گرجے والوں کے پاس آیا۔ انہوں نے بتایا کہ ہمارے مذہب کی اصل شام میں ہے تم وہاں پر چلے جاؤ! وہاں تمہیں ہمارے مذہب کا بڑا عالم مل جائے گا۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں وہاں سے شام چلا گیا۔ میں نے سب سے بڑے عالم کے بارے میں دریافت کیا۔ مجھے ایک بڑے پادری کے بارے میں بتایا گیا۔ میں اس کے ساتھ رہنے لگ پڑا۔ وہ شخص ایک بددیانت شخص تھا۔ وہ شخص لوگوں کو صدقہ کرنے کے لئے کہتا تھا اور لوگ جو صدقے کے طور پر دیتے تھے وہ اسے اپنے پاس رکھتا تھا۔ یہاں تک کہ

Marfat.com

اس نے سونے اور چاندی کے سات مٹکے بھر لئے تھے۔ جب وہ مر گیا تو میں نے لوگوں کو اس کی حقیقت کے بارے میں بتایا۔ لوگ مجھے لے کر اسی جگہ پر آئے جہاں اس نے مال دفن کیا ہوا تھا۔ جب واقعی وہاں سے مال نکلا تو لوگوں نے اس پادری کو دفن نہیں کیا بلکہ سنگسار کیا اور اس کی جگہ ایک دین دار شخص کو اپنا پیشوا مقرر کر دیا۔ وہ دین دار شخص مجھ سے محبت کرنے لگا۔ جب وہ مرنے لگا تو اس نے مجھے بتایا تم یہاں سے فلاں جگہ چلے جاؤ۔ وہاں تمہیں عیسائیت کا ایک بڑا عالم مل جائے گا۔ تم اس کے ساتھ رہنا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ میں وہاں سے اس جگہ آ گیا۔ وہاں اس بڑے پادری کے پاس گیا۔ اس کے ساتھ رہا۔ جب اس کے مرنے کا وقت قریب آیا تو اس نے مجھے بتایا کہ تم یہاں سے عموریہ چلے جاؤ۔ وہاں تمہیں ایک بڑا پادری مل جائے گا۔ میں وہاں سے عموریہ چلا گیا۔

وہاں کے پادری کے پاس کافی عرصہ رہا۔ اس کے مرنے کا وقت قریب آیا تو میں نے اس سے کہا کہ تم مجھے ایک بڑے اور نیک پادری کے بارے میں بتاؤ۔ اس شخص نے جواب دیا۔ میرے علم کے مطابق اب ایسا کوئی شخص نہیں ہے جو ہمارے جیسی حالت پر ہو۔ البتہ نبی آخرالزماں کی بعثت کا زمانہ قریب ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین کی پیروی کریں گے۔ کھجوروں کی سرزمین کی طرف ہجرت کر کے آئیں گے۔ ان کی واضح نشانیاں ہوں گی۔ ان کے دونوں کندھوں کے درمیان مہر نبوت ہوگی۔ صدقہ قبول نہیں کریں گے۔ تحفہ قبول کر لیا کریں گے۔ ہو سکے تو تم ان کی خدمت میں حاضر ہو جاؤ۔ اس پادری کا انتقال ہو گیا۔

میرے پاس کچھ بکریاں اور بھیڑیں تھیں۔ بنو کلب قبیلے کا ایک قافلہ وہاں سے گزرا تو میں نے ان سے کہا: تم لوگ مجھے اپنے ساتھ لے جاؤ۔ میں معاوضے کے طور پر اپنی بکریاں اور گائے تمہیں دیتا ہوں۔ وہ لوگ مجھے اپنے ساتھ لے کر وادی قرہ کے اندر آ گئے اور مجھے ایک یہودی کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ کھجوروں کے درخت دیکھ کر مجھے اندازہ ہو گیا کہ میں اپنی منزل کے قریب پہنچ چکا ہوں۔ پھر اس یہودی نے مجھے ایک شخص کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ وہ شخص مجھے لے کر مدینہ آ گیا اور مدینہ منورہ کو دیکھ کر مجھے اندازہ ہو گیا کہ یہی میری منزل ہے۔ میں اس شخص کے پاس کھجوروں کے باغ میں کام کرتا رہا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو مبعوث کر دیا لیکن مجھے اس کا پتہ نہیں چلا۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے اور آپ نے ایک محلے میں قیام کیا تو اس وقت میں ایک کھجور کے درخت پر چڑھا کھجوریں اتار رہا تھا۔ اسی دوران میرے مالک کا بھتیجا وہاں آیا اور بولا: چچا جان! فلاں قبیلے کے لوگ ہلاکت کا شکار ہو جائیں۔ میں ان کے پاس سے ہو کر آ رہا ہوں۔ انہوں نے مکہ سے آنے والے ایک شخص کے گرد ہجوم کیا ہوا ہے، وہ مکہ والا شخص خود کو نبی کہتا ہے۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں یہ سن کر خوش ہو گیا اور کانپنے لگا۔ یہاں تک کہ یہ قریب تھا کہ میں درخت سے نیچے گر جاتا۔ میں جلدی سے درخت سے نیچے اترا اور اس سے پوچھا: تم نے یہ کیا بات بتائی ہے۔ میرے مالک نے مجھے ایک مکا مارا اور بولا: تمہیں اس سے کیا مطلب ہے۔ تم اپنا کام جاری رکھو۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں اپنا کام کرتا رہا۔ یہاں تک کہ شام ہو گئی اور میں کچھ کھجوریں لے کر نبی

Marfat.com

اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ کے ساتھ آپ کے کچھ اصحاب بھی موجود تھے۔ میں نے آپ کی خدمت میں عرض کی: میرے پاس کچھ کھجوریں ہیں۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ میں انہیں صدقہ کر دوں۔ مجھے پتہ چلا ہے کہ آپ ایک نیک آدمی ہیں اور آپ کے ساتھیوں کو بھی کھجوروں کی ضرورت ہے تو میں یہ لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک کھینچ لیا اور اپنے اصحاب کو ہدایت کی کہ وہ ان کھجوروں کو کھالیں (کیونکہ یہ صدقے کی کھجوریں تھیں) حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ میں نے دل میں سوچا کہ ایک نشانی تو ظاہر ہوگئی (یعنی یہ نبی صدقہ استعمال نہیں کرتے)۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں وہاں سے واپس آ گیا۔ اگلے دن میں پھر کچھ کھجوریں لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کی: میں آپ کو ایک نیک بزرگ سمجھتا ہوں اور آپ کے لئے تحفہ لایا ہوں۔ یہ صدقہ نہیں ہے تو نبی اکرم ﷺ نے خود بھی ان کھجوروں کو کھایا اور اپنے ساتھیوں کو بھی کھلایا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ میں نے کہا دوسری نشانی بھی ظاہر ہوگئی۔ (نبی اکرم ﷺ تحفہ قبول کر لیتے ہیں)۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' میں وہاں سے واپس آ گیا۔ پھر ایک دن مجھے ایک جنازے میں شرکت کرنے کا موقع ملا۔ نبی اکرم ﷺ بھی اس میں شامل تھے۔ آپ کے گرد آپ کے اصحاب تھے۔ میں آپ کے قریب آیا اور آپ کی پشت کی طرف آنے لگا تا کہ آپ کی مہر نبوت کی زیارت کر سکوں۔ آپ کو میرے ارادے کا اندازہ ہوگیا۔ آپ نے اپنی چادر سر کائی تو میں نے آپ کے دو کندھوں کے درمیان مہر نبوت دیکھ لی۔ میں نے اسے بوسہ دیا اور رونے لگا۔ نبی اکرم ﷺ نے مجھے اپنے سامنے بٹھایا۔ میں نے آپ کو پورا واقعہ سنایا۔

(حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) اے ابن عباس! جس طرح میں تمہیں یہ واقعہ سنا رہا ہوں۔

نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے سلمان! تم اپنے آقا کے ساتھ کتابت کرلو۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے اپنے آقا سے کتابت کرنے کے لئے کہا۔ یہاں تک کہ اس نے یہ شرط پیش کی کہ میں انہیں تین سو درخت لگا کر دوں گا اور چالیس اوقیہ سونا ادا کروں گا۔ جب یہ طے پایا تو میں نے اس بارے میں نبی اکرم ﷺ کو بتایا۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنے اصحاب کو فرمایا: تم اپنے بھائی کی درخت لگانے میں مدد کرو۔ اس طرح تین سو درخت لگا دیے گئے۔ جب سونے کی ادائیگی کی باری آئی تو ایک شخص سونے کا ایک انڈہ لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ جو اسے کسی کان میں سے ملا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے اسے ہدایت کی کہ یہ سلمان کو دے دو۔ میں نے اس کے ذریعے اپنا کتابت کا معاوضہ ادا کیا اور آزاد ہوگیا۔

ابوطفیل نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے سونے کا انڈہ مجھے عنایت کر کے میری مدد کی تھی۔ اگر میں اس انڈے کو احد پہاڑ کے برابر وزن کرتا تو وہ اس سے بھی زیادہ وزنی ہوتا۔

غلام ہونے کی وجہ سے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ غزوۂ بدر اور غزوۂ اُحد میں شریک نہیں ہو سکے تھے۔ آپ نے سب سے پہلے غزوۂ خندق میں شرکت کی تھی اور غزوۂ خندق کے موقع پر خندق کھودنے کا مشورہ آپ ہی نے دیا تھا۔ جو ایرانیوں کا جنگ کرنے کا مخصوص انداز ہے۔ اس کے بعد حضرت سلمان فارسی تمام غزوات میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ شریک رہے۔ نبی اکرم ﷺ نے انہیں اور حضرت ابودرداء کو بھائی بھائی بنا دیا تھا۔

Marfat.com

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے فضائل ومناقب کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث بھی منقول ہیں۔ جیسا کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جنت تین لوگوں کی مشتاق ہے (علی عمار اور سلمان)۔

غزوۂ خندق کے موقع پر جب خندق کھودنے کا موقع آیا تو کیونکہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ تکنیکی طور پر اس کام سے واقف تھے۔ اس لیے وہ زیادہ بہتر طریقے سے خندق کھودرہے تھے۔ اس پر مہاجرین اور انصار کے درمیان (ہنسی مذاق کے طور پر) اختلاف ہوگیا۔ مہاجرین نے کہا: حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کا تعلق ہمارے ساتھ ہے اور انصار نے کہا: ان کا تعلق ہمارے ساتھ ہے۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کا علم ہوا تو آپ نے ارشاد فرمایا: سلمان ہم میں سے ہے۔ یعنی اہل بیت میں سے ہے۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے احادیث روایت کرنے والے صحابہ کرام میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ' حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ شامل ہیں۔

اس کے علاوہ تابعین کی ایک بڑی جماعت نے آپ سے احادیث روایت کی ہیں۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا انتقال حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دور خلافت کے آخر میں ہوا۔ یہ سن ۳۵ ہجری کی بات ہے۔ بعض کے بیان کے مطابق آپ کا سن وفات ۳۱ ہجری بیان کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالغافر بن سلامۃ بن احمد بن عبدالغافر بن سلامۃ بن ازھر، ابوہاشم الحضومی: یہ ثقہ ہیں' ان کا انتقال 265ھ میں ہوا۔

○ یحیٰی بن عثمان بن سعید بن کثیر بن دینار قرشپ، حمصی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 255ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۳/۲)(۱۳۰)۔

○ بقیۃ بن ولید بن صائد بن کعب الکلاعی، ابویحمد، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 197ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۵/۱)(۱۰۸)۔

○ سعید بن عبدالجبار، زبیدی، ابوعثمان حمصی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۹۹/۱)(۲۰۳)۔

○ عقیل ابن خالد بن عقیل ایلی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 144ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۹)(۲۶۹)۔

○ عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ بن مسعود ہذلی، ابوعبد اللہ مدنی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 94ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۳۵)(۱۴۶۹)۔

○ ابراہیم بن ہانی، ابواسحاق نیشاپوری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 265ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۶/۲۰۴)(۳۲۶۱)۔

توضیح مسئلہ:

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس موضوع سے متعلق روایات نقل کی ہیں' جب کسی جانور کی کھال کی دباغت کر لی جائے تو وہ کھال استعمال کے لیے پاک ہو جاتی ہے۔

ابن رشد کا بیان:

مشہور مالکی فقیہہ علامہ ابن رشد بیان کرتے ہیں:

مردار کی کھال سے نفع حاصل کرنے کے بارے میں اہلِ علم نے اختلاف کیا ہے۔

ایک گروہ اس بات کا قائل ہے: مردار کی کھال کو استعمال کیا جا سکتا ہے خواہ اس کی دباغت ہوئی ہو یا دباغت نہ ہوئی ہو۔

دوسرے گروہ کی رائے اس سے مختلف ہے' وہ اس بات کے قائل ہیں: مردار کی کھال کو استعمال کیا نہیں جا سکتا' خواہ دباغت ہوئی ہو یا دباغت نہ ہوئی ہو۔

تیسرا فریق اس بات کا قائل ہے: دباغت شدہ اور دباغت کے بغیر کھال کے استعمال کے حکم کے بارے میں فرق ہوگا۔

یہ حضرات اس بات کے قائل ہیں: دباغت کے نتیجے میں کھال پاک ہو جاتی ہے (یعنی اسے استعمال کیا جا سکتا ہے)۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اسی بات کے قائل ہیں۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے اس حوالے سے دو طرح کی روایات منقول ہیں' ایک روایت کے مطابق ان کا بھی وہی مؤقف ہے جو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے' جبکہ دوسرے قول کے مطابق ان کے نزدیک دباغت کے ذریعے بھی کھال پاک نہیں ہوتی ہے' البتہ اس سے خشک چیزیں بنائی جا سکتی ہیں۔

جن حضرات نے دباغت کو کھال کے پاک ہونے کا ذریعہ قرار دیا ہے' ان کے نزدیک یہ حکم ان جانوروں کے ساتھ

Marfat.com

مخصوص ہوگا جنہیں شرعی طور پر ذبح کیا جاتا ہے یعنی جن جانوروں کا گوشت کھانا جائز ہے۔

جن جانوروں کو ذبح نہیں کیا جاتا (یعنی جن کا گوشت کھانا جائز نہیں ہے) دباغت کے ذریعے اُن کی کھال پاک ہوتی ہے یا نہیں ہوتی۔ اس بارے میں اہلِ علم کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: دباغت کے ذریعے وہی کھال پاک ہوتی ہے جو اس جانور کی ہو جس کا گوشت کھانا جائز ہوتا ہے۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: خنزیر کے علاوہ تمام جانوروں کی کھال دباغت کے نتیجے میں پاک ہو جاتی ہے۔

اہلِ علم کے اس اختلاف کا بنیادی سبب یہ ہے: اس بارے میں مختلف طرح کی روایات منقول ہیں۔

سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے ایک حدیث منقول ہے جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ جب جانور کی کھال کی دباغت کر دی جائے تو اس سے مطلقاً نفع حاصل کیا جا سکتا ہے اور یہ عمل مباح ہے۔ اس حدیث میں یہ بات مذکور ہے:

''ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مردہ جانور کے پاس سے گزرے تو آپ نے دریافت کیا: تم لوگ اس کی کھال سے نفع حاصل کیوں نہیں کرتے''۔

اس کے برعکس حضرت عبداللہ بن عکیم رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث منقول ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تم لوگ مردار سے نفع حاصل نہ کرو نہ اس کی کھال سے اور نہ ہی اس کی ہڈیوں سے''۔

انہوں نے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان آپ کے وصال ظاہری سے ایک سال پہلے کا ہے۔

جبکہ بعض احادیث میں یہ بات مذکور ہے: دباغت کے بعد کھال کو استعمال کیا جا سکتا ہے البتہ دباغت سے پہلے اس کا استعمال ممنوع قرار دیا جائے گا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب کھال کی دباغت کر لی جائے تو وہ پاک ہو جاتی ہے''۔

ان اہلِ علم کے درمیان اختلاف کی بنیادی وجہ ان تینوں روایات کا آپس میں اختلاف ہے۔

بعض حضرات نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی نقل کردہ روایت کے مطابق جمع اور تطبیق کا طریقہ اختیار کیا ہے انہوں نے یہ بات بیان کی ہے جس کھال کی دباغت کر لی گئی ہو اور جس کی نہ کی گئی ہو ان دونوں کا حکم مختلف ہوگا۔

دوسرے فریق نے نسخ کے پہلو کو ترجیح دی ہے انہوں نے حضرت عبداللہ بن عکیم رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایات کو ناسخ قرار دیا ہے کیونکہ اس میں اس بات کی تصریح موجود ہے یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال ظاہری سے ایک سال پہلے کا واقعہ ہے۔

تیسرے فریق نے ترجیح کے پہلو کو اختیار کیا ہے انہوں نے سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے منقول حدیث کو ترجیح دی ہے۔

وہ یہ سمجھتے ہیں: اس روایت میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول حدیث پر اضافہ ہے اور حضرت عبداللہ بن

Marfat.com

عباس رضی اللہ عنہما سے منقول حدیث کے ذریعے دباغت سے پہلے نفع حاصل کرنے کی حرمت ثابت نہیں ہوتی' کیونکہ نفع حاصل کرنا اور چیز ہے جبکہ طہارت دوسری چیز ہے۔

•••——•••——•••

95- حَدَّثَنَاهُ يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَقَالَ زَادَ عُقَيْلٌ فِي حَدِيثِهِ

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَلَيْسَ فِي الْمَآءِ وَالْقَرَظِ مَا يُطَهِّرُهَا وَالدِّبَاغِ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم عقیل نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ اضافی نقل کیے ہیں۔

''نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا پانی اور کیکر کی چھال کے ذریعے دباغت کر کے اسے پاک نہیں کیا جا سکتا''۔

96- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ وَاللَّفْظُ لِعَبْدِ الْجَبَّارِ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَرَّ بِشَاةٍ مَيِّتَةٍ فَقَالَ مَا هٰذِهِ. قَالُوا أُعْطِيَتْهَا مَوْلَاةٌ لِمَيْمُونَةَ مِنَ الصَّدَقَةِ قَالَ أَفَلَا أَخَذُوا إِهَابَهَا فَدَبَغُوهُ فَانْتَفَعُوا بِهِ. قَالُوا إِنَّهَا مَيِّتَةٌ فَقَالَ إِنَّمَا حَرُمَ مِنَ الْمَيِّتَةِ أَكْلُهَا.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ ایک مردار بکری کے پاس سے گزرے' آپ نے دریافت کیا: یہ کس کی ہے؟ لوگوں نے بتایا ہے: یہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی کنیز کو صدقے کے طور پر دی گئی تھی' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ان لوگوں نے اس کی کھال اتار کر اس کو دباغت کر کے اس سے فائدہ کیوں نہیں اُٹھایا' لوگوں نے عرض کی: یہ مردار ہے' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مردار کو کھانا حرام ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالجبار بن علاء بن عبدالجبار عطار بصری، ابوبکر، نزیل مکة: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 248ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۶۶)(۷۹۴)۔

○ محمد بن عبداللہ بن یزید مقری، ابویحییٰ، مکی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 256ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۸۱)(۴۲۱)۔

•••——•••——•••

Marfat.com

97- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ نَيْرُوزَ اِمْلَاءً وَّالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ وَقُرِءَ عَلٰى ابْنِ صَاعِدٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ قَالُوْا حَدَّثَنَا اَبُوْ عُتْبَةَ الْحِمْصِيُّ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا الزُّبَيْدِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَرَّ بِشَاةٍ دَاجِنٍ لِبَعْضِ اَهْلِهِ قَدْ نَفَقَتْ فَقَالَ اَلَّا اسْتَمْتَعْتُمْ بِجِلْدِهَا .
قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا مَيْتَةٌ قَالَ اِنَّ دِبَاغَهَا ذَكَاتُهَا .
وَقَالَ ابْنُ صَاعِدٍ اِنَّ دِبَاغَهُ ذَكَاتُهُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ اپنی ایک اہلیہ محترمہ کی پالتو بکری کے پاس سے گزرے جو مر چکی تھی' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اس کی کھال کو استعمال کیوں نہیں کرتے؟ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ مردار ہے' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ دباغت کے ذریعے پاک ہو جاتی ہے۔
ابن صاعد کی نقل کردہ روایت میں کچھ لفظی اختلاف ہے (یعنی ضمیر مجرور متصل واحد مؤنث غائب کی بجائے واحد مذکر غائب منقول ہے)

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن ابراہیم بن نیروز، ابوبکر الانماطی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 318ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱/۴۰۸) (۳۸۹)۔

○ ابوعتبہ احمد بن الفرج بن سلیمان کندی حمصی، الملقب بالحجازی المؤذن: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 321ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۲/۵۸۴) (۲۲۱)۔

○ محمد بن ولید بن عامر زبیدی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 149ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۱۵) (۷۹۱)۔

98- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ وَاَبُوْ سَلَمَةَ الْمِنْقَرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِهٰذَا وَقَالَ اِنَّمَا حَرُمَ لَحْمُهَا وَدِبَاغُ اِهَابِهَا طَهُوْرُهَا .

Marfat.com

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اس کا گوشت حرام ہے اس کی کھال کو دباغت کے ذریعے پاک کیا جاسکتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن ابوبکر بن علی بن عطاء بن مقدم، ابوعثمان المقدمی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 263ھ میں ہوا ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۹۸/۴)(۲۲۹۴)۔

○ محمد بن کثیر عبدی بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 223ھ میں ہوا ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۲۰۳/۲)(۶۵۴)۔

○ سلیمان بن کثیر عبدی، بصری، ابوداود، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 133ھ میں ہوا ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۳۲۹/۱)(۴۸۳)۔

99- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا وَقَالَ اِنَّمَا حَرُمَ عَلَيْكُمْ لَحْمُهَا وَرُخِّصَ لَكُمْ فِي مَسْكِهَا .
هٰذِهٖ اَسَانِيْدُ صِحَاحٌ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ زہری سے منقول ہے جس میں یہ الفاظ ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
''تم پر اس کا گوشت حرام قرار دیا گیا ہے اور اس کی کھال (کو استعمال کرنے) کی اجازت دی گئی ہے''۔
اس حدیث کی سند ''صحیح'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ہلال بن العلاء بن ہلال بن عمر، باہلی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوعمر الرقی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 208ھ میں ہوا ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۳۲۴/۲)(۶۴۱)۔

Marfat.com

○ عبداللہ بن جعفر بن غیلان ابوعبدالرحمٰن قرشی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، یہ ثقہ ہیں۔ یہ دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 220ھ میں ہوا۔ ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۰۶/۱) (۲۳۰)۔

○ عبید اللہ بن عمرو بن ابوولید اسدی، ابووہب الرقی مولی بنی اسد، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 180ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: التہذیب (۱۳۶/۱۹) (۳۶۷۱)۔

○ اسحاق بن راشد جزری، ابوسلیمان، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۰/۱) (۵۷)۔

•••——•••——•••

100- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لاَهْلِ شَاةٍ مَاتَتْ اَلَّا نَزَعْتُمْ اِهَابَهَا فَدَبَغْتُمُوْهُ وَانْتَفَعْتُمْ بِهٖ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مردہ بکری کے مالک سے ارشاد فرمایا: تم لوگوں نے اس کی کھال کو کیوں نہیں اتارا؟ تم اس کی دباغت کرتے اور اس سے فائدہ حاصل کرتے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یونس بن عبدالاعلی بن میسرۃ صدفی، ابوموسیٰ مصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 264ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۸۵/۲) (۴۸۱)۔

○ اسامۃ بن زید لیثی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوزید مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 153ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات

۱۰۰-اخرجه الحميدي (۲۲۹/۱-۲۳۰) برقم (٤٩١)' واحمد (۲۲۷/۱' ۲۷۷' ۳۷۲)- ومسلم (۲۸۸/۲) كتاب الحيض' باب: طهارة جلود الميتة بالدباغ' حديث (۱۰۲/۳۶۳' ۱۰٤/۳۶۵)' والترمذي (٤/ ۲۲۰-۲۲۱) كتاب اللباس' باب من جاء في جلود الميتة اذا دبغت' والنسائي (۱۷۲/۷) كتاب الفرع والعتيرة' باب جلود الميتة' حديث (٤۲۳۸)- والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (٤٦٩/١)- والبيهقي (١٦/١) كتاب الطهارة' باب طهارة جلد الميتة بالدبغ' وعبد الرزاق (٦٢/١-٦٣) كتاب الطهارة' باب جلود الميتة اذا بلغت' حديث (١٨٧) كلهم من طريق عطاء عن ابن عباس' رضي الله عنه-

Marfat.com

کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۳/۱)(۳۵۸)۔

○ عطاء بن ابورباح قرشی و (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) مکی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 114ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۲/۲)(۱۹۰)۔

•••——•••——•••

101- حَدَّثَنَا بِهِ اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيُّ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ دَاجِنَةً لِمَيْمُوْنَةَ مَاتَتْ فَقَالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلَّا انْتَفَعْتُمْ بِاِهَابِهَا اَلَّا دَبَغْتُمُوْهُ فَاِنَّهُ ذَكَاةٌ لَهُ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی پالتو بکری مرگئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اس کی کھال کو استعمال کیوں نہیں کرتے' اس کی دباغت کرو' کیونکہ اس طرح وہ پاک ہو جاتی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالرحمٰن بن بشر بن حکم، عبدی، ابومحمد نیشاپوری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 260ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۷۳/۱)(۸۷۶)۔

○ یحییٰ بن سعد بن ابان بن سعید بن العاص، اموی، ابوایوب کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 194ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۴۸/۲)(۶۹)۔

○ مسدد بن مسرھد بن مسربل بن مستورد اسدی، بصری، ابوحسن، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 228ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۴۲/۲)(۱۰۵۲)۔

•••——•••——•••

۱۰۱- تقدم برقم (۱۰۰) وقد ورد الحديث من طريق عطاء' عن ابن عباس' عن ميمونة: اخرجه واحمد (۳۲۹/۶)- ومسلم (۲۸۸/۲) كتاب الحيض' باب: طهارة جلود الميتة بالدباغ' حديث (۱۰۳/۳٦٤)' والنسائي (۱۷۲/۷) كتاب الفرع والعتيرة' باب جلود الميتة' حديث (٤۲۳۷)' وعبد الرزاق في (مصنفه) (٦۲/۱) كتاب الطهارة' باب جلود الميتة اذا ذبحت' حديث (۱۸۸)' وابن حبان في صحيحه (۲۹/٤) كتاب الطهارة' باب: جلود الميتة' حديث (۱۲۸۳)' والبيهقي (۲۲/۱)' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (٤٦٩/۱)-

Marfat.com

102- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يُونُسَ السَّرَّاجُ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ شَرِيكٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ ذَكَاةُ الْمَيْتَةِ دِبَاغُهَا . قَالَ اِبْرَاهِيمُ وَكَانَ اَصْحَابُ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُونَ ذَكَاةُ الصُّوفِ غَسْلُهُ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: مردار کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے: اس کی دباغت کی جائے۔

ابراہیم نخعی بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگرد حضرات فرمایا کرتے تھے:

''اون کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے: اُسے دھولیا جائے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سعید بن محمد بن احمد بن سعید، ابوعثمان الحنّاط، یہ ثقہ ہیں' ان کا انتقال 311ھ میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۰۶/۹)(۴۷۰۲)۔

○ عبدالرحمٰن بن یونس بن محمد الرقی، ابومحمد السراج، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 246ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۰۳/۱)(۱۱۶۳)۔

○ شریک بن عبداللہ النخعی کوفی، قاضی بواسط ثم الکوفۃ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 178ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۱/۱)(۶۴)۔

○ الاسود بن یزید بن قیس النخعی، ابوعمرو او ابوعبدالرحمٰن، مخضرم، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 75ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۷/۱)(۵۷۹)۔

۱۰۲- اخرجه النسائي (۷/ ۱۷٤) كتاب الفرع والعتيرة' باب جلود الميتة' من طرق عن شريك' عن الاعمش' عن ابراهيم' عن الاسود' عن عائشة' به- واخرجه احمد (٦/ ١٥٤' ١٥٥)' والنسائي (۷/ ۱۷٤) كتاب الفرع والعتيرة' باب جلود الميتة' والطحاوي في شرح المعاني (٤٧٠/١)' وابنحبان (١٠٥/٤)(١٢٩٠) من طريق الحسين بن محمد المروذي' عن شريك' عن الاعمش' عن عمارة' عن الاسود' عن عائشة' وسياتي عند المصنف رقم (١٠٣)' ورواه النسائي (۷/ ۱۷٤)' والطحاوي (٤٧٠/١) من طريق اسرائيل' عن الاعمش' عن ابراهيم' عن الاسود' به- واخرجه الطحاوي (٤٧٠/١) من طريق عمر بن حفص بن غياث' عن ابيه' عن الاعمش قال حدثنا اصحابنا' عن عائشة- ورواه الدارقطني رقم (١٢٠)' والبيهقي (٢١/١) كتاب الطهارة' باب اشتراط الدباغ في طهارة جلد ما لا يوكل لحمه وان ذكي - ورواه الطحاوي (٤٧٠/١) من طريق جرير بن عبد الحميد' عن منصور' عن ابراهيم' عن الاسود' به- ورواه الطبراني في (الصغير)(١٨٩/١-١٩٠)' من طريق محمد بن مسلم الطائفي' عن عبد الرحمن ابن القاسم' عن ابيه' عن عائشة-

Marfat.com

103- خَالَفَهُ حُسَيْنٌ الْمَرْوَرُوذِيُّ عَنْ شَرِيكٍ فَقَالَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) دِبَاغُهَا طَهُورُهَا .

حَدَّثَنَاهُ ابْنُ كَامِلٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي خَيْثَمَةَ عَنْهُ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: اس کی دباغت کرنا ہی اسے پاک کرنا ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمارۃ بن عمیر تیمی، کوفی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 100ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۵۰)(۴۷۷)۔

○ احمد بن ابوخیثمہ زہیر بن حرب بن شداد، یہ ''ثقہ'' ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۴۹۲/۱۱)، وتذکرۃ الحفاظ (۵۹۶/۲)۔

104- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ فَرْقَدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حُذَافَةَ حَدَّثَهُ عَنْ أُمِّهِ الْعَالِيَةِ بِنْتِ سُبَيْعٍ أَنَّ مَيْمُونَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) حَدَّثَتْهَا أَنَّهُ مَرَّ بِرَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَفَرٌ مِنْ قُرَيْشٍ يَجُرُّونَ شَاةً لَهُمْ مِثْلَ الْحِمَارِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَوْ أَخَذْتُمْ إِهَابَهَا . قَالُوا إِنَّهَا مَيْتَةٌ . قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يُطَهِّرُهَا الْمَاءُ وَالْقَرَظُ .

☆☆ عالیہ بنت سبیع بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے انہیں بتایا' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے کچھ لوگوں کے پاس سے گزرے' وہ لوگ اپنی بھیڑ بکری کو اس طرح کھینچ رہے تھے جیسے (مردار) گدھے کو کھینچا جاتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اگر تم اس کی کھال حاصل کرلو (تو یہ مناسب ہوگا) ان لوگوں نے عرض کی: یہ مردار ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پانی اور کیکر کے پتے اسے پاک کردیں گے۔

۱۰۴- اخرجه احمد (۳۳۲/۶-۳۳۴) وابو داؤد (۶۶/۴-۶۷) کتاب اللباس' باب في اهب الميتة' حديث (۴۱۲۶)' والنسائي (۱۷۴/۷-۱۷۵) کتاب الفرع والعتيرة' باب ما يدبغ به جلود الميتة' حديث (۴۲۴۸)- والمزي في تهذيب الكمال (۵۰۷/۱۵) في ترجمة عبد الله بن مالك بن حذافة' وابن حبان (۱۰۶/۴) کتاب الطهارة' باب جلود الميتة' حديث (۱۲۹۱)' والبيهقي (۱۹/۱) کتاب الطهارة' باب وقوع الدباغ بالقرظ وما يقوم مقامه' والطحاوي في شرح معاني الآثار (۴۷۰/۱-۴۷۱) كلهم من طريق كثير بن فرقد بهذا الاسناد وقد تحرف عبد الله بن حذافة الى عبيد الله هنا عند الدارقطني وفي بعض المصادر' وصوابه: (عبد الله بن مالك بن حذافة) كذا في تهذيب الكمال (۵۰۷/۱۵)-

Marfat.com

حدیث کی راوی صحابی خاتون کا تعارف:

اُمّ المؤمنین سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا

سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا تعلق خانوادہ قریش سے ہے۔ آپ کی پہلی شادی مذکور بن عمرو ثقفی سے ہوئی۔ ان سے علیحدگی ہو گئی۔ اس کے بعد دوسری شادی ابورہم بن عبدالعزیٰ سے ہوئی۔ ۷ ہجری میں ان کا انتقال ہوگیا تو اس کے بعد ذی قعدہ کے مہینے میں ۷ ہجری میں عمرہ کے سفر کے دوران مکہ مکرمہ کے راستے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ شادی کی۔

یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آخری شادی تھی اور سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آخری زوجہ محترمہ ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام ''سرف'' میں ان کے ساتھ شادی کی تھی اور اتفاق یہ ہے کہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا انتقال بھی مقام سرف میں ہوا۔ مشہور روایات کے مطابق آپ کا انتقال ۵۱ ہجری میں ہوا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمرو بن حارث بن یعقوب انصاری (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، مصری، ابوایوب، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 175ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۶۷)(۵۵۵)۔

○ لیث بن سعد بن عبدالرحمٰن فہمی، ابوحارث، مصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۳۸)۔

○ کثیر بن فرقد، مدنی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۳۳)(۲۱)۔

○ عبداللہ بن مالک بن حذافہ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۴۴)(۵۷۷)۔

•••——•••——•••

105- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْهَيْثَمِ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا اَبِى عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ اَنَّ نَبِىَّ اللهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) دَعَا فِى غَزْوَةِ تَبُوكَ بِمَاءٍ مِنْ عِنْدِ امْرَاَةٍ فَقَالَتْ مَا عِنْدِى مَاءٌ اِلَّا فِى قِرْبَةٍ لِى مَيْتَةٍ .فَقَالَ اَلَيْسَ قَدْ دَبَغْتِهَا . قَالَتْ بَلَى .قَالَ

Marfat.com

فَاِنَّ ذَكَاتَهَا دِبَاغُهَا .

☆☆ حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ تبوک کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خاتون سے پانی طلب کیا تو اس نے عرض کی: میرے پاس جو پانی ہے وہ ایک ایسے مشکیزے میں ہے جو ایک مردہ (جانور) کا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم نے اس (کی کھال) کی دباغت نہیں کر لی تھی؟ اس خاتون نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دباغت کے نتیجے میں یہ پاک ہو جاتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبد اللہ بن ہیثم بن عثمان، (اور ایک قول کے مطابق:) ابن محمد بن ہیثم، عبدی، ابو محمد، بصری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 261ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۵۸)(۷۱۵)۔

○ معاذ بن ہشام بن ابو عبد اللہ الدستوائی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 200ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۵۷)(۱۲۱۱)۔

○ ہشام ابی عبد اللہ سنبر ابوبکر بصری الدستوائی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 154ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۳۴۹)۔

○ حسن بن ابو حسن بصری انصاری (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 110ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ترجمۃ (۱۲۲۷)۔

○ جون ابن قتادۃ بن اعور بن ساعدۃ تمیمی ثم السعدی، بصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ترجمۃ (۹۹۳)۔

۱۰۵- اخرجه احمد (۳/۴۷۶)، (۵/۷۰۶)، وابو داؤد (۴/۶۶)، كتاب (اللباس)، باب في اهب الميتة، حديث (۴۱۲۵)، والنسائي (۷/۱۷۳-۱۷۴) كتاب الفرع والعتيرة، باب: جلود الميتة، حديث (۴۲۴۳)، والحاكم (۴/۱۴۱)، وابن حبان (۱۰/۳۸۱) كتاب السير، باب الخلافة والامارة، حديث ۴۵۲۲)، والبيهقي (۱/۱۷) كتاب الطهارة، باب طهارة جلد الميتة بالدبغ، والطبراني في (الكبير) (۷/۵۳) برقم (۶۳۴۰-۶۳۴۳)، والطحاوي (۱/۴۷۱)- كلهم من طرق عن سلمة بن المحبق- قال الحاكم: هذا حديث صحيح الاسناد، ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي-

Marfat.com

106- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ بِهٰذَا وَقَالَ دِبَاغُ الْاَدِيمِ ذَكَاتُهُ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

''چمڑے کو دباغت کرنے سے وہ پاک ہو جاتا ہے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سلیمان بن داؤد بن الجارود، ابوداود الطیالسی، بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 204ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۳/۱) رقم (۴۲۸)۔

•••—•••—•••

107- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الدَّقِيقِيُّ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِهٰذَا وَقَالَ دِبَاغُهَا طُهُوْرُهَا .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

''اس کی دباغت ہی اسے پاک کر دیتی ہے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبدالملک بن مروان واسطی، ابوجعفر الدقیقی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 266ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص۸۷۳ (۶۱۴۱)۔

○ بکر بن بکار القیسی، ابوعمرو بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۷۵) (۷۴۴)۔

•••—•••—•••

108- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا عَفَّانُ وَالْحَوْضِيُّ وَمُوْسٰى قَالُوْا حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ بِهٰذَا

Marfat.com

وَقَالَ دِبَاغُهَا ذَكَاتُهَا .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

''اس کی دباغت اسے پاک کر دیتی ہے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حفص بن عمر بن حارث بن سخبرۃ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 255ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۲۵۸) (۱۴۲۱)۔

○ ہمام بن یحییٰ بن دینار العوذی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) ابوعبداللہ او ابوبکر بصری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 165ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۰۲۴) (۷۳۶۹)۔

•••———•••———•••

109- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَعْلَةَ الْمِصْرِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) دِبَاغُ كُلِّ اِهَابٍ طَهُوْرُهُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ہر کھال دباغت کے ذریعے پاک ہو جاتی ہے''۔

۱۰۹- اخرجه مالك (۲/۴۹۸) كتاب الصيد' باب ما جاء في جلود الميتة' الحديث (۱۷)' والشافعي في (المسند) (۱/۲۶)' كتاب الطهارة الباب الثالث في الآنية والدباغة' الحديث (۵۸)' واحمد (۱/۲۱۹)' والدارمي (۲/۸۶): كتاب الاضاحي باب الاستمتاع بجلود الميتة' ومسلم (۱/۲۷۷) كتاب الحيض' باب طهارة جلود الميتة بالدباغ' الحديث (۱۰۵/ ۳۶۶)' وابو داؤد (۴/۳۶۷) كتاب اللباس' باب في اهب الميتة' الحديث (۴۱۲۳)' والترمذي (۴/۲۲۱) كتاب اللباس باب ما جاء في جلود الميتة اذا دبغت' الحديث (۱۷۲۸)' والنسائي (۷/۱۷۳) كتاب الفرع والعتيرة' باب جلود الميتة' وابن ماجه (۲/۱۱۹۳) كتاب اللباس' باب لبس جلود الميتة اذا دبغت' الحديث (۳۶۰۹)' وابن الجارود ص (۲۹۵)' باب ما جاء في الاطعمة' الحديث (۸۷۴)' والطحاوي (۱/۴۶۹) كتاب الصلوة' باب دباغ الميتة عند لفظان: (ايما اهاب دبغ فقد طهر)' والطبراني في (الصغير) (۱/۲۳۹)' والبيهقي (۱/۲۰) كتاب الطهارة' باب اشتراط الدباغ في طهارة جلد ما لا يوكل لحمه وان ذكي' وابن شاهين في (الناسخ والمنسوخ) (ص۱۱۷)' والبغوي في شرح السنة (۱/۲۹۲) من طرق عن ابن وعلة' عن ابن عباس' به' وله الفاظ مختلفة- وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن بکار بن الریان ہاشمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوعبداللہ بغدادی، الرصافی۔ یہ ثقہ ہیں۔ دسویں طبقے سے تعلق ہے۔ ان کا انتقال 230ھ میں ہوا۔ التقریب (۱۱۲۰)۔

○ عبدالرحمٰن بن وعلۃ مصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۰۴)(۴۰۶۶)۔

•••———•••———•••

110- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ مَذْعُورٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِیُّ حَدَّثَنِی زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ عَنِ ابْنِ وَعْلَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

قَالَ اِذَا دُبِغَ الْاِهَابُ فَقَدْ طَهُرَ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب چمڑے کی دباغت کر لی جائے تو وہ پاک ہو جاتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالعزیز بن محمد بن عبید الدراوردی، ابومحمد جہنی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، مدنی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 187ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۱۵)(۱۴۷)۔

•••———•••———•••

111- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْهُذَلِیُّ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْاَزْرَقُ يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا جَدِّی حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ سَلَّامٍ اَبُوْ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا زَافِرٌ عَنْ اَبِیْ بَكْرٍ الْهُذَلِیِّ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِیْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ (قُلْ لَا اَجِدُ فِيْمَا اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ يَطْعَمُهٗ)

قَالَ الطَّاعِمُ الْاٰكِلُ فَاَمَّا السِّنُّ وَالْقَرْنُ وَالْعَظْمُ وَالصُّوْفُ وَالشَّعْرُ وَالْوَبَرُ وَالْعَصَبُ فَلَا بَاْسَ بِهٖ لِاَنَّهٗ يُغْسَلُ .

۱۱۱- اخرجه البيهقي (۱/ ۲۴) كتاب الطهارة، باب: المنع من الانتفاع بشعر الميتة، وذكره السيوطي في الدر (۳/ ۱۴۵) نحوه، وعزاه الى ابن ابي حاتم وابن المنذر-

Marfat.com

وَقَالَ شَبَابَةُ اِنَّمَا حَرُمَ مِنَ الْمَيْتَةِ مَا يُؤْكَلُ مِنْهَا وَهُوَ اللَّحْمُ فَاَمَّا الْجِلْدُ وَالسِّنُّ وَالْعَظْمُ وَالشَّعْرُ وَالصُّوْفُ فَهُوَ حَلَالٌ ۔

اَبُوْ بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ ضَعِيْفٌ.

☆☆ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''تم یہ فرما دو! میری طرف جو چیز وحی کی گئی ہے' اس میں' میں ایسی کسی چیز کو نہیں پاتا جو کھانے والے پر حرام قرار دی گئی ہو''۔

اس کی تفصیل بیان کرتے ہوئے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں: یہاں طاعم (کھانے والے) سے مراد کھانے والا شخص ہے' جہاں تک دانت' سینگ' ہڈی' اُون' بال' وبر' کا تعلق ہے' تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے' کیونکہ انہیں دھولیا جاتا ہے۔

شبابہ نامی راوی نے یہ بات نقل کی ہے:

''مردار کی وہ چیز حرام ہوتی ہے' جسے کھایا جاتا ہے اور وہ چیز گوشت ہے جہاں تک کھال' ہڈی' دانت' بال' اُون کا تعلق ہے' تو انہیں (دوسرے کاموں کے لیے) استعمال کرنا جائز ہے''۔

اس روایت کا راوی ابوبکر ہذلی ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ شبابۃ بن سوار مدائنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 206ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۲۹)۔

○ ابوبکر ہذلی، امام بخاری نے انہیں ''متروک الحدیث'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 167ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۱۲۰)(۱۰۵۹)۔

○ یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن بہلول بن حسان بن سنان، ابوبکر الازرق تنوخی الکاتب، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 329ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۴/۳۲۱)(۷۶۴۴): علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ایضاً ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۵/۲۸۹)، والمنتظم (۶/۳۲۵)۔

Marfat.com

○ اسحاق بن بہلول بن حسان بن سنان ابویعقوب تنوخی۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۲/۲۱۴) وترجمة فی ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۶/۳۶۶)، وسیر اعلام النبلاء (۱۲/۴۸۹)۔

○ زافر بن سلیمان ابوسلیمان الایادی القوهستانی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التهذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۱۹۹۰)۔

•••——•••——•••

112- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَلْحَةَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيمِ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ بِبَيْرُوتَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَيُّوْبَ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ السَّفْرِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ اُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ

لَا بَأْسَ بِمَسْكِ الْمَيْتَةِ اِذَا دُبِغَ وَلَا بَأْسَ بِصُوْفِهَا وَشَعْرِهَا وَقُرُوْنِهَا اِذَا غُسِلَ بِالْمَآءِ .

يُوْسُفُ بْنُ السَّفْرِ مَتْرُوْكٌ وَلَمْ يَأْتِ بِهِ غَيْرُهُ.

☆☆ ابوسلمہ بن عبدالرحمان بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: وہ فرماتی ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب مردار کی کھال کی دباغت کر لی جائے تو پھر اسے استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اس کی اُون اس کے بال اس کے سینگ استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے جب انہیں پانی کے ذریعہ دھولیا جائے۔

اس روایت کا راوی یوسف بن سفر متروک ہے اور اس سے اس روایت کے علاوہ اور کوئی روایت منقول نہیں ہے۔ (یا اس روایت کو صرف اسی نے نقل کیا ہے)۔

حدیث کی راوی صحابی خاتون کا تعارف:

اُم المومنین سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا

سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کا اصل نام ''ہند'' ہے۔ آپ کا تعلق قریش کے خاندان ''بنومخزوم'' سے ہے۔
آپ کے والد ابوامیہ مکہ کے مشہور صاحب حیثیت شخص تھے۔

۱۱۲- اخرجه البيهقي (۲۴/۱) كتاب الطهارة، باب: المنع من الانتفاع بشعر الميتة-

Marfat.com

سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی پہلی شادی حضرت عبداللہ بن عبدالاسد رضی اللہ عنہ سے ہوئی تھی جو''ابوسلمہ'' کی کنیت سے مشہور ہیں۔
ایک روایت کے مطابق یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے رضاعی بھائی ہیں۔
سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے شوہر کے ہمراہ آغاز اسلام میں ہی اسلام قبول کرلیا تھا۔
سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے شوہر کے ہمراہ حبشہ کی طرف ہجرت بھی کی تھی۔ انہوں نے کچھ عرصہ وہاں قیام کیا اور پھر مکہ مکرمہ آ گئیں۔ اس کے بعد انہوں نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی تھی۔
بعض سیرت نگاروں کے بیان کے مطابق یہ مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کر کے جانے والی پہلی خاتون ہیں۔
آپ کے شوہر حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ غزوۂ احد میں زخمی ہوئے اور کچھ عرصے بعد ان زخموں کی وجہ سے ان کا انتقال ہو گیا۔
اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سن ۴ ہجری میں شوال کے مہینے میں سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی۔
مؤرخین اور سیرت نگاروں نے سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی ذہانت اور سمجھداری کے مختلف واقعات نقل کیے ہیں۔
سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ۶۲ ہجری میں ہوا۔ انتقال کے وقت آپ کی عمر کم و بیش ۸۴ برس تھی۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ان کی نمازِ جنازہ پڑھائی اور انہیں جنت البقیع میں دفن کیا گیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن عبدالکریم بن یزید بن سعید، ابوطلحہ الفزاری بصری المعروف بالوساوسی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 320ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکراحمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۵/۵۷) (۲۴۲۳)۔

○ یوسف بن السفر، ابوالفیض، کاتب لاوزاعی، الشامی امام بخاری نے انہیں متروک الحدیث قرار دیا ہے۔ عامل حدیث (۸۵۴) (التاریخ الکبیر ۸/ ۳۸۷) علل الحدیث (۸۵۴)۔

•••———•••———•••

113- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْبَاقِي بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ السَّفَرِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَهُ سَوَاءً .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ یوسف بن سفر کے حوالے سے منقول ہے۔

○ اسماعیل بن فضل بن موسیٰ بن مسمار بن ہانی، ابوبکر البلخی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 286ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکراحمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۶/۲۹۰) (۳۳۱۹)۔

•••———•••———•••

114- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِسْمَاعِيلَ الْاُبُلِّيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبُسْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اٰدَمَ

Marfat.com

حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ اَخِيهِ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّمَا حَرَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِنَ الْمَيْتَةِ لَحْمَهَا وَاَمَّا الْجِلْدُ وَالشَّعْرُ وَالصُّوفُ فَلَا بَاْسَ بِهِ .

عَبْدُ الْجَبَّارِ ضَعِيفٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مردار کا گوشت (کھانے) کو حرام قرار دیا ہے' جہاں تک اس کی کھال' اس کے بال اور اُون کا تعلق ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

اس روایت کا راوی ''عبدالجبار'' ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن علی بن اسماعیل بن فضل، ابوعبداللہ ایلی حافظ۔ :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 250ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳/۷۷)(۱۰۵۴)۔

○ محمد بن آدم بن سلیمان جہنی :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۸۲۴)(۵۷۵۶)۔

○ عبدالجبار بن مسلم :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: میزان الاعتدال (۴/۲۴۰)(۴۷۵۰)۔

115- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَابِدُ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنِي شُعْبَةُ عَنْ اَبِي قَيْسٍ الْاَوْدِيِّ عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَوْ زَيْنَبَ اَوْ غَيْرِهِمَا مِنْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّ مَيْمُونَةَ مَاتَتْ شَاةٌ لَهَا فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِاِهَابِهَا . فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ نَسْتَمْتِعُ بِهَا وَهِيَ مَيْتَةٌ فَقَالَ طَهُورُ الْاَدِيمِ دِبَاغُهُ .

وَقَالَ غَيْرُهُ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِي قَيْسٍ عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ عَنْ بَعْضِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَتْ لَنَا شَاةٌ فَمَاتَتْ.

۱۱۴- تقدم تخريجه برقم (۱۱۱) من طريق ابي بكر الهذلي عن الزهري بنحوه-

۱۱۵- عزاه ابن الملقن في البدر المنير (۲/۱۳۲) الى البيهقي ولم اجده في السنن الكبرى ثم قال: (ورواه الطبراني من هذا الطريق وفيه: (لتستمتعي باهابها) ثم قال: (لم يرو هذا الحديث عن شعبة الا عباد بن تفرد به يحيى بن ايوب)- قلت: (ولا يضر تفرده بذلك لانه ثقة ثبت مخرج حديثه في الصحيح) اه- وانظر: تخريج حديث ميمونة المتقدم في الحديث (۱۰۱)-

Marfat.com

☆☆ ہزیل بن شرحبیل' سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا یا سیدہ زینب رضی اللہ عنہا' یا ان دونوں کے علاوہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی اور زوجہ محترمہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی بکری مرگئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے ارشاد فرمایا: تم لوگ اس کی کھال کو استعمال کیوں نہیں کرتے؟ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اسے کیسے استعمال کر سکتے ہیں' یہ تو مردار ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دباغت کے ذریعے چمڑہ پاک ہو جاتا ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک زوجہ محترمہ سے منقول ہے' جس کے یہ الفاظ ہیں: ہماری ایک بکری تھی جو مرگئی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن ایوب المقابری بغدادی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 234ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۵۰)(۷۵۶۲)۔

○ عباد بن عباد بن حبیب بن مہلب بن ابوصفرۃ ازدی مہلبی، ابومعاویۃ بصری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 179ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۸۱)(۳۱۴۹)۔

○ عبدالرحمٰن بن ثروان ابوقیس الاوردی کوفی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 120ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۷۳)(۳۸۴۷)۔

116- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي هَوْذَةَ حَدَّثَنَا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ اَنَّ الزُّهْرِيَّ حَدَّثَهُمْ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ

(قُلْ لَا اَجِدُ فِيمَا اُوحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَطْعَمُهُ)

اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مِنَ الْمَيْتَةِ حَلَالٌ اِلَّا مَا اُكِلَ مِنْهَا فَاَمَّا الْجِلْدُ وَالْقَرْنُ وَالشَّعْرُ وَالصُّوفُ وَالسِّنُّ وَالْعَظْمُ فَكُلُّ هٰذَا حَلَالٌ لِاَنَّهُ لَا يُذَكّٰى .

اَبُوْ بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ مَتْرُوْكٌ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

Marfat.com

(اللہ تعالیٰ نے) ارشاد فرمایا ہے:

''تم یہ فرما دو! میری طرف جو چیز وحی کی گئی ہے اس میں' میں نے یہ چیز نہیں پائی جو اس کے کھانے والے کے لیے حرام ہو''۔

(نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:)

''مردار کی ہر چیز حلال ہے ماسوائے اس چیز کے جو کھائی جاتی ہے' جہاں تک کھال' سینگ' بال' اُون' دانت' ہڈی کا تعلق ہے' تو یہ سب حلال ہیں' کیونکہ انہیں ذبح نہیں کیا جاتا۔

اس روایت کا راوی ابوبکر ہذلی ''متروک'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن حرب بن عبدالرحمٰن جندیسابوری، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 258ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۹۱)(۴۷۳۶)۔

117- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَقِيلِ بْنِ خُوَيْلِدٍ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

اَيُّمَا اِهَابٍ دُبِغَ فَقَدْ طَهُرَ .

هٰذَا اِسْنَادٌ حَسَنٌ.

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے: جس کھال کی دباغت کر دی جائے' وہ پاک ہو جاتی ہے۔

۱۱۷- نقله الزيلعي في نصب الراية (۱۱٦/۱) عن المصنف' ونقل قوله: (اسناد حسن) ساكتا عليه' وذكره الذهبي في الميزان (٦/۲٦۱) في ترجمة محمد بن عقيل الخزاعي - وقال فيه: (شيخ نيسابوري معروف لا باس به الا انه تفرد بهذا)' ثم ذكر له هذا الحديث كانه ينكره عليه-

والحديث: رواه المصنف رقم (۱۱۹)' وابن شاهين في الناسخ والمنسوخ رقم (۱٦۰- بتحقيقنا) من طريق القاسم' عن عبد الله' عن عبد الله بن دينار' عن عبد الله بن عمر' مرفوعاً- وقد عزاه ابن الملقن في البدر المنير (۲/ ٤۲٤) للطبراني' ونقل فيه قول الطبراني: (القاسم ضعيف) ثم قال: وهو كما قال- ولم اجده عند الطبراني فالله اعلم- قال ابن الملقن ۲/ ٤۲٤): رواه الحافظ ابو احمد الحاكم في الكنى من حديث حفص بن قيس الخراساني' عن نافع' عن ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال: (جلود الميتة دباغها) يعني طهورها' ثم قال: (ابو سهل هذا في حديثه بعض المناكير) وقال: (ولا اعرف لعبد الله بن عمر بن الخطاب في هذا الباب حديثا ولا رواية من مخرج يعتمد عليه' بل كل ما روي عنه فيه واه غير محفوظ)- اه-

Marfat.com

اس کی سند ''حسن'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عقیل ابن خویلد بن معاویہ خزاعی، نیشاپوری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 257ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۷۹)(۶۱۸۶)۔

○ حفص بن عبداللہ بن راشد سلمی، ابوعمرو نیشاپوری یہ وہاں کے قاضی تھے: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 209ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۵۷)(۱۴۱۷)۔

○ ابراہیم بن طہمان خراسانی، ابوسعید، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 168ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۹)(۱۹۱)۔

•••——•••——•••

118- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ هَارُوْنَ بْنِ مَرْدَانْشَاهْ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالاَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِى اِسْحَاقَ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا الْوَاقِدِىُّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِىُّ عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِىِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ النَّبِىِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

قَالَ دِبَاغُ جُلُودِ الْمَيْتَةِ طَهُوْرُهَا.

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مردار کی کھال کی دباغت کر دینا اس کو پاک کر دیتا ہے''۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ

آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے:

۱۱۸-قال ابن الملقن في البدر المنير (۲/ ۴۳۲): (رواه الطبراني من طريق الواقدي وهو مكشوف الحال)- اه- قلت: لم اجده عند الطبراني في الكبير ولا ذكره صاحب مجمع الزوائد فلم اجع والحديث عزاه الحافظ في التلخيص (۱/ ۸۳) الى (تاريخ نيسابور) والى (الكنى) للحاكم ابي احمد-

Marfat.com

زید بن ثابت بن ضحاک بن زید عمرو بن عبد بن اوف بن غنم بن مالک بن نجار۔

آپ کا تعلق انصار کے قبیلے بنوخزرج کی شاخ ''بنونجار'' سے ہے۔

جب نبی اکرم ﷺ ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے تو اس وقت حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی عمر ۱۱ برس تھی۔

جنگ بیاض کے موقع پر ان کی عمر ۶ سال تھی۔ ان کے والد اس جنگ میں مارے گئے تھے۔

غزوۂ بدر میں کم سنی کی وجہ سے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو شریک نہیں کیا گیا۔

البتہ غزوۂ اُحد میں انہیں شرکت کا شرف حاصل ہے۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: انہیں غزوۂ اُحد میں بھی شرکت کرنے کا موقع نہیں ملا۔

انہوں نے سب سے پہلے غزوۂ خندق میں شرکت کی تھی۔

یہ دیگر مسلمانوں کے ساتھ مٹی اٹھا کر لا رہے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے ان کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے: یہ بہت اچھا لڑکا ہے۔

غزوۂ تبوک کے موقع پر بنو مالک بن نجار کا علم ایک صحابی کے پاس تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے ان سے وہ علم لے کر حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو دے دیا۔

حضرت عمارہ رضی اللہ عنہ نے آپ کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ کو میری طرف سے کوئی شکایت پہنچی ہے تو آپ نے (علم واپس لے لیا ہے؟) تو نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا نہیں۔ لیکن قرآن کو ہر چیز پر فوقیت حاصل ہے اور زید تم سے زیادہ قرآن کا عالم ہے۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کا شمار کاتبینِ وحی میں کیا جاتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں غیر ملکی سربراہوں کی طرف سے مختلف زبانوں میں خطوط آیا کرتے تھے تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو عبرانی زبان سیکھنے کا حکم دیا۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ نے عبرانی زبان سیکھی اور وہ ان خطوط کا ترجمہ کر کے نبی اکرم ﷺ کو سنایا کرتے تھے اور نبی اکرم ﷺ ان خطوط کا ترجمہ عبرانی میں کر کے ان لوگوں کو بھجوایا کرتے تھے۔

ابن اثیر نے یہ بات بیان کی ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تین مرتبہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں اپنا قائم مقام مقرر کیا۔ دو مرتبہ حبشہ جاتے ہوئے اور ایک مرتبہ جب وہ شام تشریف لے گئے تھے۔

اسی طرح جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بھی حج کے لئے جاتے تھے تو حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو اپنا قائم مقام مقرر کرتے تھے۔

طبقات ابن سعد (358/2) طبقات خلیفة (ص 89) التاریخ الکبیر (380/3) المعرفة والتاریخ (300/1، 383) الجرح والتعدیل (558/3) معجم الصحابة للبغوی (ق 105/ ب) الثقات لابن حبان (135/3) المعجم الکبیر للطبرانی (111/5) المستدرک للحاکم (421/3) معرفة الصحابة لابی نعیم (ج 1 ق 252/ ب) الاستیعاب (537/2) اسد الغابة (278/2) سیر اعلام النبلاء (426/2) تجرید اسماء الصحابة (197/1) الکاشف (264/1) الاصابة (22/3) التهذیب (399/3) التقریب (ص 222) بقی بن مخلد و مقدمة مسنده (ص 83) الریاض المستطابة (ص 84)

Marfat.com

حضرت زید رضی اللہ عنہ کی ایک خصوصیت یہ ہے: آپ علم وراثت میں سب سے بڑے عالم تھے۔
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔ ''زید تم میں سب سے زیادہ علم وراثت کا علم رکھتا ہے''۔
حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے انہیں بیت المال کا نگران مقرر کیا تھا۔
حضرت زید رضی اللہ عنہ کے انتقال کے بارے میں مختلف اقوال میں ۴۱' ۴۲' ۴۵' ۵۱' ۵۲' ۵۵ ہجری میں ان کا انتقال ہوا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسحاق بن ابراہیم بن محمد، ابویعقوب صفار، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 262ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۷۴/۶) (۳۴۰۴)۔

○ معاذ بن محمد بن معاذ بن محمد بن ابوکعب، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۵۲) (۶۷۸۶)۔

○ عطاء بن ابومسلم، ابوعثمان خراسانی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 135ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۶۷۹) (۴۶۳۳)۔

•••——•••——•••

119- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حُبَيْشٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَرَّ عَلٰى شَاةٍ فَقَالَ مَا هٰذِهِ . قَالُوْا مَيْتَةٌ .قَالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِدْبِغُوْا اِهَابَهَا فَاِنَّ دِبَاغَهٗ طَهُوْرُهٗ . اَلْقَاسِمُ ضَعِيْفٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک بکری کے پاس سے گزرے آپ نے دریافت کیا: اسے کیا ہوا ہے؟ لوگوں نے بتایا: یہ مردار ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اس کی کھال کی دباغت کرو' کیونکہ اس کی دباغت اسے پاک کر دیتی ہے۔

اس روایت کا راوی قاسم ''ضعیف'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن علی بن حبیش بن احمد بن عیسیٰ بن خاقان ابوحسین الناقد، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 359ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی

Marfat.com

المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳/۸۶)(۱۰۷۱)۔

○ احمد بن قاسم بن مساور، ابوجعفر جوہری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 293ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۴/۳۴۹)(۲۱۹۰)۔

○ سوید بن سعید بن سہل ہروی الاصل ثم الحدثانی، ابومحمد: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 240ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۲۳)(۲۷۰۵)۔

○ عبداللہ بن دینار العدوی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوعبدالرحمٰن مدنی مولی ابن عمر: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 127ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۰۴)(۳۳۲۰)۔

•••———•••———•••

120- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ وَآخَرُونَ قَالُوا حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَائِشَةَ

عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ طَهُوْرُ كُلِّ اَدِيمٍ دِبَاغُهُ.

هٰذَا اِسْنَادٌ حَسَنٌ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ.

✯✯ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: چمڑے کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے' اس کی دباغت کرلی جائے۔

اس کی سند ''حسن'' ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن ہیثم بن مہلب، ابواسحاق بلدی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 277ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۶/۲۰۶)(۳۲۶۳)۔

○ علی بن عیاش الالہانی حمصی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 219ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۰۲)(۴۳۱۳)۔

○ محمد بن مطرف بن داؤد لیثی، ابوغسان، مدنی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ

Marfat.com

راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 160ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۰۸)(۱۲/۷)۔

•••———•••———•••

121- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ يُوسُفَ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ قَالَ حَدَّثَنَا فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهَا كَانَتْ لَهَا شَاةٌ تَحْتَلِبُهَا فَفَقَدَهَا النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ مَا فَعَلَتِ الشَّاةُ . قَالُوا مَاتَتْ . قَالَ اَفَلَا انْتَفَعْتُمْ بِاِهَابِهَا . قُلْنَا اِنَّهَا مَيْتَةٌ . فَقَالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِنَّ دِبَاغَهَا يُحِلُّ كَمَا يُحِلُّ خَلُّ الْخَمْرِ .

تَفَرَّدَ بِهِ فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ وَهُوَ ضَعِيفٌ.

★★ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ان کی ایک بکری تھی جس کا وہ دودھ دوہ لیا کرتی تھیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ بکری نظر نہیں آئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: بکری کہاں ہے؟ تو لوگوں نے بتایا: وہ مرگئی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی کھال سے نفع حاصل کیوں نہیں کرتے؟ ہم نے عرض کی: وہ تو مردار ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کی دباغت اسے حلال کر دیتی ہے' جس طرح سرکہ' شراب کو حلال کر دیتا ہے۔

اس روایت کو نقل کرنے میں فرج بن فضالہ منفرد ہے اور یہ ''ضعیف'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن اسحاق بن یوسف، ابوبکر راقی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 262ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۴/۲۷)(۱۶۲۸)۔

○ محمد بن عیسیٰ بن نجیح بغدادی، ابوجعفر ابن طباع بغدادی نزیل اذنۃ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 224ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۸۶،۸۸۷)(۶۲۵۰)۔

○ فرج بن فضالۃ بن نعمان تنوخی، ابوفضالۃ شامی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 177ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۸۰)(۵۳۱۸)۔

۱۲۱- اخرجه البيهقي (٦/ ٣٧-٣٨) كتاب الرهن' باب: ذكر الخبر الذي ورد فيه خل الخمر- وابن عدي في الكامل (٦/ ٢٠٥٤)' وفي اسناده فرج بن فضالة ضعيف' كما في التقريب (٢/ ١٠٨)' والحديث ضعفه البيهقي ايضاً-

Marfat.com

○ عمرة بنت عبد الرحمٰن بن سعد بن زرارة الانصاریة، مدنیة، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتی ہیں۔ ان کا انتقال 100ھ سے پہلے ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۳۶۵) (۸۷۴۲)۔

•••———•••———•••

122- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُغَلِّسٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْاَزْهَرِ الْبَلْخِيُّ حَدَّثَنَا مَعْرُوفُ بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ عَنْ مُعَاذَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اسْتَمْتِعُوْا بِجُلُوْدِ الْمَيْتَةِ اِذَا هِيَ دُبِغَتْ تُرَابًا كَانَ اَوْ رَمَادًا اَوْ مِلْحًا اَوْ مَا كَانَ بَعْدَ اَنْ تُرِيْدَ صَلَاحَهُ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: مردہ جانور کی کھال استعمال کرو' اس کی مٹی' راکھ یا نمک یا کسی بھی چیز کے ذریعے دباغت کرلی گئی ہو یا (راوی کو شک ہے یہ الفاظ ہیں:) یا جس چیز کے (ذریعے دباغت کرلینے) کے بعد وہ استعمال کے قابل ہو جائے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن المغلس، ابوعبداللہ البزار، : ان کا انتقال 318ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۰۴/۵) (۲۵۰۵)۔

○ احمد بن ازہر بن منیع، ابوالازہر عبدی، نیشاپوری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 263ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۵) (۵)۔

○ معروف بن حسان، قال ابن عدی: منکر الحدیث: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''منکر الحدیث'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۲۶۷/۶) (۸۶۱۰)۔

○ عمر بن ذر بن عبداللہ بن زراۃ ہمدانی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 153ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۱۸) (۴۹۲۷)۔

۱۲۲- اخرجه البيهقي (۲۰/۱) كتاب الطهارة' باب: وقوع الدباغ بالقرظ او ما يقوم مقامه- من طريق احمد بن الازهر بن خالد البلخي باسناد الدارقطني ومتنه- واخرجه مالك (۴۹۸/۲) كتاب (الصيد)' باب: ما جاء في جلود الميتة' حديث (۱۸) عن يزيد بن عبد الله بن قسيط' عن محمد بن عبد الرحمن بن ثوبان' عن امه' عن عائشة...... فذكره بنحوه- ومن طريقه احمد (۷۳/۶' ۱۰۴' ۱۴۸' ۱۵۳)' وابو داؤد (۶۶/۴) كتاب اللباس' باب: في اهب الميتة' حديث (۴۱۲۴)' والنسائي (۱۷۶/۷) كتاب الفرع والعتيرة' باب الرخصة في الاستمتاع بجلود الميتة اذا دبغت' حديث (۴۲۵۲) لا انه قال: (محمد بن عبد الرحمن بن ثوبان' عن ابيه)' وابن ماجه (۱۱۹۴/۲) كتاب اللباس باب: لبس جلود الميتة اذا دبغت' حديث (۳۶۱۲)- والدارمي (۸۶/۲) كتاب الاضاحي' باب: الاستمتاع بجلود الميتة-

Marfat.com

○ معاذۃ بنت عبد اللہ العدویۃ، ام الصھباء بصریۃ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتی ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۳۷۲)(۸۷۸۲)۔

•••——•••——•••

13- باب غَسْلِ الْيَدَيْنِ لِمَنْ اسْتَيْقَظَ مِنْ نَوْمِهِ

باب: نیند سے بیدار ہونے والے شخص کا دونوں ہاتھ دھونا

123- حَدَّثَنَا الْقَاضِى الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ وَعُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ الْقَطَّانُ قَالاَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

۱۲۳-اخرجه مسلم (۱/۲۳۳) كتاب الطهارة' باب: كراهة غمس المتوضى، وغيره يده' وابو عوانة (۱/۲۶۳)' واحمد (۲/۴۵۵)' وابن خزيمة (۱/۷۵) رقم (۱۴۵)' وابن حبان (۱۰۶۱' ۱۰۶۲-الاحسان)' والدارقطني (۱/۴۹) كتاب الطهارة: باب غسل اليدين لمن استيقظ من نومه حديث (۱)' والبيهقي (۱/۴۶) كتاب الطهارة' باب التكرار في غسل اليدين' كلهم من طريق خالد الحذاء بهذا الاسناد- وهذا الحديث مشهور من حديث ابي هريرة' وقد رواه عن ابي هريرة جماعة كثيرة من اصحابه-

الطريق الاول: اخرجه مالك (۱/۲۱) كتاب الطهارة' باب وضوء النائم اذا قام من نومه' حديث (۹)' والبخاري (۱/۲۶۳) كتاب الوضوء' باب الاستجمار وترا' حديث (۱۶۲)' ومسلم (۱/۲۳۳) كتاب الطهارة' باب كراهة غمس المتوضي وغيره يده حديث (۲۷۸/۸۸)' والشافعي (۱/۲۹- الام) كتاب الطهارة' باب غسل اليدين قبل الوضوء' وفي المسند (۱/۲۹-۳۰) كتاب الطهارة' باب في صفة الوضوء حديث (۶۸' ۶۹' ۷۰)' واحمد (۲/۴۶۵)' والحميدي (۲/۴۳۲) رقم (۹۵۲)' وابن حبان (۱۰۶۰-الاحسان) وابن المنذر في (الاوسط) (۱/۱۴۳) حديث (۳۵)' وابو عوانة (۱/۲۶۳) كتاب الطهارة' باب ايجاب غسل اليدين' والبيهقي (۱/۴۵) كتاب الطهارة' باب غسل اليدين قبل ادخالهما في الاناء' والبغوي في (شرح السنة (۱/۳۰۲-بتحقيقنا)' كلهم من طريق ابي الزناد' عن الاعرج' عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: (اذا استيقظ احدكم من نومه' فليغسل يديه قبل ان يدخلهما في وضوئه فان احدكم لا يدري: اين باتت يده!)-

الطريق الثاني: اخرجه مسلم (۱/۲۳۴) كتاب الطهارة' باب كراهة غمس المتوضي وغيره يده حديث (۲۷۸/۸۸)' وابو عوانة (۱/۲۶۳) كتاب الطهارة' باب ايجاب غسل اليدين ثلاثا على المستيقظ' والنسائي (۱/۶) كتاب الطهارة' باب تاويل قوله - عزوجل -: (اذا قمتم الى الصلوة)' والدارمي: (۱/۱۹۶) كتاب الطهارة: باب اذا استيقظ احدكم من نومه' وابن ابي شيبة (۱/۹۸)' والشافعي (۱/۲۹) كتاب الطهارة: باب في صفة الوضوء حديث (۶۷)' واحمد (۲/۲۴۱)' والحميدي (۲/۴۲۲-۴۲۳) رقم (۹۵۱)' وابن خزيمة (۱/۵۲) برقم (۹۹)' وابو يعلى (۱۰/۲۷۲) برقم (۵۹۶۱)' وابن حبان (۱۰۵۹- الاحسان)' وابن الجارود في (المنتقى رقم (۹)' وابن عدي في (الكامل) (۱/۱۹۴)' والبيهقي (۱/۴۵) كتاب الطهارة' باب غسل اليدين قبل ادخالهما في الاناء' والبغوي في (شرح السنة) (۱/۳۰۲- بتحقيقنا)' كلهم من طريق الزهري عن ابي سلمة بن عبد الرحمن عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال: (اذا استيقظ احدكم من نومه فلا يغمس يده في وضوئه حتى يغسلها ثلاثاً' فان احدكم لا يدري: اين باتت يده!) وقد توبع الزهري' تابعه محمد بن عمرو-

اخرجه احمد (۲/۲۸۲)' وابن ابي شيبة (۱/۹۸)' وابو يعلى (۱۰/۳۰۷ ۲۷۸) رقم (۵۹۷۳)' وابو عبيد في (كتاب الطهور) ص (۳۲۶) رقم (۲۷۹)' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/۲۲) كتاب الطهارة' باب سور الكلب' من طريق محمد بن عمرو' عن ابي سلمة' عن ابي هريرة' قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: (اذا قام احدكم من النوم فليفرغ على يده من وضوئه فانه لا يدري: اين باتت يداه)

وقد رواه الزهري عن سعيد بن المسيب وابي سلمة معا عن ابي هريرة اخرجه الترمذي (۱۰/۳۶) كتاب الطهارة' باب اذا استيقظ احدكم من منامه' حديث (۲۴)' وابن ماجه (۱/۱۳۸)' كتاب الطهارة' باب الرجل يستيقظ من منامه' حديث (۳۹۳) وابن جميع في (معجم شيوخه) (ص ۲۴۱' ۲۴۲) رقم (۲۲۳)' والخطيب في (تاريخ بغداد) (۱۱/۳۰۰)' كلهم من طريق الاوزاعي' عن الزهري' عن سعيد بن المسيب وابي سلمة' عن ابي هريرة' عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: (اذا استيقظ احدكم من نومه فلا يدخل يده (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ

في الاناء حتى يفرغ عليها مرتين او ثلاثا، فانه لا يدري: اين باتت يده!)- وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح-

الطريق الثالث: اخرجه مسلم (١/ ٢٣٣) كتاب الطهارة، باب كراهة غمس المتوضي وغيره يده، حديث (٨٧/ ٢٧٨) وابو عوانة (١/ ٢٦٤)، والنسائي (١/ ٢١٥) كتاب الغسل باب الامر بالوضوء من النوم، واحمد (٢/ ٢٦٥) وابو عبيد في (كتاب الطهور) رقم (٢٨١) والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (١/ ٢٢) كتاب الطهارة، باب سور الكلب، من طريق الزهري، عن سعيد ابن المسيب، عن ابي هريرة، به-

الطريق الرابع: اخرجه مسلم (١/ ٢٣٣) كتاب الطهارة، باب كراهة غمس المتوضي وغيره يده، حديث (٢٧٨/٨٨) واحمد (٢/ ٣٩٥، ٥٠٧) من طريق هشام بن حسان، عن محمد بن سيرين، عن ابي هريرة، به-

الطريق الخامس: اخرجه ابو داؤد (١/ ٧٦) كتاب الطهارة، باب في الرجل يدخل يده في الاناء، حديث (١٠٤) واحمد (٢/ ٢٥٣) وابو عوانة (١/ ٢٦٤)، وابو داؤد الطيالسي (١/ ٥١، ٥٢ -منحة) رقم (١٧٠) والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (١/ ٢٢) كتاب الطهارة، باب سور الكلب، وابن عدي في (الكامل) (٢/ ٢٩٤)، والسهمي في (تاريخ جرجان) (ص ١٣٨) وابو نعيم في (تاريخ اصبهان) (٢/ ٢٣٢-٢٣٣) والبيهقي (١/ ٤٧) كتاب الطهارة، باب صفة غسل اليدين، من طرق عن الاعمش، عن ابي صالح، عن ابي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : (اذا استيقظ احدكم من نومه فلا يغمس يده في الاناء حتى يغسلها ثلاث مرات فانه لا يدري: اين باتت يده!)-

واخرجه مسلم (١/ ٢٣٣) كتاب الطهارة، باب كراهة غمس المتوضي وغيره يده، حديث (٢٧٨/٨٧) وابو عوانة (١/ ٢٦٤) واحمد (٢/ ٤٧١)، والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (١/ ٢٢) والبيهقي (١/ ٤٥) كتاب الطهارة، باب التكرار في غسل اليدين، وابو داؤد (١/ ٧٦) كتاب الطهارة، باب في الرجل يدخل يده في الاناء حديث (١٠٣) من طريق الاعمش عن ابي صالح وابي رزين، عن ابي هريرة بمثل حديث ابي صالح وحده-

الطريق السادس: اخرجه ابو داؤد (١/ ٧٨) كتاب الطهارة، باب في الرجل يدخل يده في الاناء، حديث (١٠٥) وابن حبان (١٠٥٨ -الاحسان) والبيهقي (١/ ٤٦) كتاب الطهارة، باب التكرار في غسل اليدين، كلهم من طريق معاوية بن صالح، عن ابي مريم، عن ابي هريرة قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: (اذا استيقظ احدكم من نومه فلا يدخل يده في الاناء حتى يغسلها ثلاثا، فان احدكم لا يدري: اين باتت يده، او اين باتت تطوف يده) لفظ الدارقطني وقال: وهذا اسناد حسن- قال الحافظ في (التلخيص) (١/ ٣٤): قال ابن منده: وهذه الزيادة رواتها ثقات ولا اراها محفوظة- وسياتي هذا الطريق عن المصنف رقم (١٣٦)-

الطريق السابع: اخرجه مسلم (١/ ٢٣٣) كتاب الطهارة، باب كراهة غمس المتوضي يده حديث (٢٧٨/٧٨)، واحمد (٢/ ٣١٦) وابو عوانة (١/ ٢٦٤) من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن همام بن منبه، عن ابي هريرة، به-

الطريق الثامن: اخرجه مسلم (١/ ٢٣٣) كتاب الطهارة، باب كراهة غمس المتوضي يده حديث (٢٧٨/٨٧) وابو عوانة (١/ ٢٦٤) واحمد (٢/ ٤٠٣) و ابو يعلى (١٠/ ٢٥٦، ٢٥٧) رقم (٥٨٦٤)، والبيهقي (١٠/ ٤٧) كتاب الطهارة، باب صفة غسل اليدين، من طريق ابي الزبير، عن جابر ان ابا هريرة اخبره ان النبي صلى الله عليه وسلم قال: (اذا استيقظ احدكم من منامه فليفرغ على يديه ثلاث مرات قبل ان يدخلهما، فانه لا يدري فيم باتت يده!)-

الطريق التاسع: اخرجه مسلم (١/ ٢٣٣-٢٣٤) كتاب الطهارة، باب كراهة غمس المتوضي وغيره يده، حديث (٢٧٨/٨٨) واحمد (٢/ ٢٧١)، وابو عوانة (١/ ٢٦٤) كلهم من طريق ابن جريج، عن زياد، عن ثابت؛ مولى عبد الرحمن بن زيد، عن ابي هريرة، به-

الطريق العاشر: اخرجه احمد (٢/ ٥٠٠) من طريق محمد بن اسحاق، عن موسى بن يسار، عن ابي هريرة، به-

الطريق الحادي عشر: اخرجه مسلم (١/ ٢٣٣) كتاب الطهارة، باب كراهة غمس المتوضي وغيره يده، حديث (٢٧٨/٨٨) وابو عوانة (١/ ٢٦٤) والبيهقي (١/ ٤٥) كتاب الطهارة، باب غسل اليدين قبل ادخالهما في الاناء، من طريق عبد الرحمن بن يعقوب، عن ابي هريرة، به- وللحديث طرق اخرى عند مسلم (١/ ٢٣٣) من طريق ثابت؛ مولى عبد الرحمن بن زيد، عن ابي هريرة- وعند ابن عدي في (الكامل) (٦/ ٣٧٤) من طريق معلى بن الفضل، ثنا الربيع بن صبيح، عن الحسن، عن ابي هريرة، عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: (اذا استيقظ احدكم من منامه فلا يغمس يده في الاناء حتى يغسلها ثلاثا ثم ليتوضا فان غمس يده في الاناء قبل ان يغسلها فليهرق ذلك الماء)- قال ابن عدي: قوله في هذا المتن: (فليهرق ذلك الماء) منكر لا يحفظ- وقال في ترجمة معلى: ولي بعض رواياته نكرة-

Marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰہِ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ) اِذَا اسْتَیْقَظَ اَحَدُکُمْ مِنْ نَوْمِہٖ فَلَا یَغْمِسْ یَدَہٗ فِیْ اِنَائِہٖ اَوْ فِیْ وَضُوْئِہٖ حَتّٰی یَغْسِلَھَا ثَلَاثًا فَاِنَّہٗ لَا یَدْرِیْ اَیْنَ بَاتَتْ یَدُہٗ مِنْہُ ۔ تَابَعَہٗ عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ عَنْ شُعْبَۃَ۔

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو تو وہ اس وقت تک اپنا ہاتھ کسی برتن میں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) وضو کے پانی میں داخل نہ کرے جب تک ان ہاتھوں کو تین مرتبہ دھو نہ لے کیونکہ وہ یہ بات نہیں جانتا کہ اس کا ہاتھ رات بھر کہاں رہا ہے؟

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ خالد بن مہران، ابوالمنازل، الحذاء، :علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۹۲)(۱۶۹۰)۔

○ عبداللہ بن شقیق عقیلی، بصری، :علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 108ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۱۵)(۳۴۰۶)۔

توضیح مسئلہ:

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے جو روایت نقل کی ہے اس میں وضو کے پانی میں ہاتھ دھوئے بغیر داخل کرنے کا حکم بیان کیا گیا ہے' لیکن اس مسئلے کی جزئیات کے بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے' مشہور مالکی فقیہ شیخ ابن عبدالبر اندلسی رحمۃ اللہ علیہ نے فقہاء کے اس اختلاف کو درج ذیل الفاظ میں واضح کیا ہے:

شیخ ابن عبدالبر کی وضاحت:

واما قولہ فی الحدیث ﴿فلیغسل یدہ قبل ان یدخلھا فی وضوئہ﴾ فان اکثر اھل العلم ذھبوا الی ان ذلک ندب لا ایجاب وسنۃ لا فرض

وکان مالک یستحب لکل من کان علی غیر وضوء سواء قام من نوم او غیرہ ان یغسل یدہ قبل ان یدخلھا فی وضوئہ

وروی اشھب عنہ فی ذلک تاکیدا واستحبابا وروی بن وھب وبن نافع عن مالک فی المتوضیء یخرج منہ ریح لحدثان وضوئہ ویدہ طاھرۃ قال یغسل یدہ قبل ان یدخلھا فی الاناء احب الی

قال بن وھب وقد کان قبل ذلک یقول ان کانت یدہ طاھرۃ فلا باس ان یدخلھا فی الوضوء قبل ان یغسلھا

Marfat.com

ثم قال احب الی ان یغسل یدہ اذا احدث قبل ان یدخلھا فی وضوئہ وان کانت طاھرۃ

وذکر بن عبد الحکم عنہ قال من استیقظ من نومہ او مس فرجہ او کان جنبا او امراۃ حائضا فادخل احدھم یدہ فی وضوئہ فلیس ذلک یضرہ کان الماء قلیلا او کثیرا الا ان یکون فی یدہ نجاسۃ

قال ولا یدخل احدھم یدہ فی وضوء قبل ان یغسلھا

قال ابوعمر الفقھاء علی ھذا کلھم یستحبون ذلک ویامرون بہ

فان ادخل احد یدہ بعد قیامہ من نومہ فی وضوئہ قبل ان یغسلھا ویدہ نظیفۃ لا نجاسۃ فیھا فلا شیء علیہ ولا یضر ذلک وضوءہ

وقد ذکرنا فی ﴿التمھید﴾ عن جماعۃ من الصحابۃ والتابعین انھم کانوا یتوضؤون من المطاھر

وفی ذلک ما یدلک علی ان ادخال الید السالمۃ من الاذی فی اناء الوضوء لا یضرہ ذلک

وقد کان الحسن البصری فیما روی عنہ اشعث الحمرانی یقول اذا استیقظ احدکم من النوم فغمس یدہ فی الاناء قبل ان یغسلھا اھراق ذلک الماء

والی ھذا ذھب اھل الظاھر فلم یجیزوا الوضوء بہ لانہ عندھم ماء منھی عن استعمالہ لان عندھم المنھی عنہ لا معنی لہ الا ھذا کانہ قال فلا یدخل یدہ فان فعل لم یتوضا بذلک الماء[1]

وضو کے پانی میں ہاتھ داخل کرنے سے پہلے انہیں دھولینے کا حکم اکثر فقہاء کے نزدیک استحباب کے طور پر ہے' ایجاب کے طور پر نہیں ہے ایسا کرنا سنت ہے فرض نہیں ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں' ہر وہ شخص جو بے وضو ہو' وہ وضو کے پانی میں ہاتھ داخل کرنے سے پہلے ہاتھ دھوئے گا اور ایسا کرنا مستحب ہوگا' خواہ وہ شخص نیند سے بیدار ہوا ہو یا ویسے ہی بیدار ہو۔

فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے' جو شخص نیند سے بیدار ہوا ہو' یا اس نے اپنی شرمگاہ کو چھولیا ہو' یا کوئی شخص جنابت کی حالت میں ہو' یا عورت حیض کی حالت میں ہو اور پھر ان میں سے کوئی اپنا ہاتھ دھونے سے پہلے وضو کے برتن میں داخل کرلے تو اس سے پانی ناپاک نہیں ہوگا' خواہ وہ پانی کم مقدار میں ہو یا زیادہ مقدار میں ہو' البتہ اگر ان کے ہاتھ پر نجاست لگی ہوئی ہو' تو حکم مختلف ہوگا' کیونکہ نجاست لگے ہونے کی وجہ سے پانی ناپاک ہو جائے گا۔

علامہ ابن عبدالبر نے یہ بات بیان کی ہے: بہت سے صحابہ کرام اور تابعین کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ حضرات وضو کے بڑے برتنوں کے ذریعے وضو کرلیا کرتے تھے اور یہ بات اس بات پر دلالت کرتی ہے' جس ہاتھ پر نجاست نہ لگی ہوئی ہو' اسے وضو کے پانی میں داخل کرنے پر پانی سے کچھ اثر نہیں ہوتا۔

امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں یہ بات نقل کی گئی ہے' وہ یہ فرماتے ہیں:

[1] الاستذکار فی معرفۃ مذاہب علماء الامصار' از حافظ ابوعمر و یوسف بن عبداللہ بن عبدالبر اندلسی مالکی' مطبوعہ دارالکتب العلمیہ' بیروت' ۱۴۲۱ھ

Marfat.com

''جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہونے کے بعد ہاتھ کو دھونے سے پہلے وضو کے پانی میں داخل کر لے تو ایسے پانی کو بہا دیا جائے گا''۔

اصحابِ ظواہر نے یہ بات بیان کی ہے: اگر ہاتھ دھونے سے پہلے وضو کے پانی میں داخل کر دیا جائے تو ایسے پانی کے ذریعے وضو کرنا جائز نہیں ہوگا۔ اس کی وجہ یہ ہے: ان کے نزدیک ایسا پانی عمومی طور پر ممنوع اور ناقابلِ استعمال ہوگا۔

علامہ عینی کی وضاحت:

علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ اسی حدیث کی شرح میں تحریر کرتے ہیں:

ان اول الحديث يقتضي وجوب الغسل للنهي عن ادخال اليد في الاناء قبل الغسل وآخره يقتضي استحباب الغسل للتعليل بقوله فانه لا يدري اين باتت يده يعني في مكان طاهر من بدنه او نجس فلما انتفى الوجوب لمانع في التعليل المنصوص ثبتت السنية لانها دون الوجوب وقال خطابي الامر فيه امر استحباب لا امر ايجاب وذلك لانه قد علقه بالشك والامر المضمن بالشك لا يكون واجبا واصل الماء الطهارة وكذلك بدن الانسان واذا ثبتت الطهارة يقينا لم تزل بامر مشكوك فيه قلت مذهب عامة اهل العلم ان ذلك على الاستحباب وله ان يغمس يده في الاناء قبل غسلها وان الماء طاهر ما لم يتيقن نجاسة يده وممن روى عنه ذلك عبيدة وابن سيرين وابراهيم النخعي وسعيد بن جبير وسالم والبراء بن عازب والاعمش فيما ذكره البخاري وقال ابن المنذر قال احمد اذا انتبه من النوم فادخل يده في الاناء قبل الغسل اعجب الى ان يريق ذلك الماء اذا كان من نوم الليل ولا يهراق في قول عطاء ومالك والاوزاعي والشافعي وابي عبيدة واختلفوا في المستيقظ من النوم بالنهار فقال الحسن البصري نوم النهار ونوم الليل واحد في غمس اليد وسهل احمد في نوم النهار ونهى عن ذلك اذا قام من نوم الليل قال ابوبكر وغسل اليدين من ابتداء الوضوء ليس بفرض وذهب داؤد طبري الى ايجاب ذلك[1]

اس حدیث کے آغاز میں یہ حکم دیا گیا ہے ہاتھ کو دھونے سے پہلے وضو کے پانی میں داخل نہیں کیا جا سکتا۔

یہ حصہ اس بات کا تقاضا کرتا ہے وضو کے پانی میں داخل کرنے سے پہلے ہاتھ کو دھونا واجب ہے جبکہ حدیث کے آخری حصے میں یہ بات بیان کی گئی ہے اس حکم کی علت یہ ہے: وہ شخص یہ نہیں جانتا کہ اس کا ہاتھ رات بھر کہاں رہا ہے؟

یہ اس بات کا تقاضا کرتا ہے: وضو کے پانی میں ہاتھ داخل کرنے سے پہلے اسے دھولینا مستحب ہوگا۔

علامہ خطابی نے بھی یہی بات بیان کی ہے یہاں پر ''امر'' کا صیغہ استحباب کے طور پر ہے وجوب ثابت کرنے کے لیے نہیں ہے کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے اسے شک کے ساتھ معلق کیا ہے اور جو حکم شک کے ساتھ معلق ہو وہ واجب نہیں ہوتا اور اپنی اصل کے اعتبار سے پانی بھی پاک ہوتا ہے اور انسان کا پورا جسم بھی پاک ہوتا ہے تو جب طہارت یقینی طور پر ثابت ہوگی تو یہ کسی مشکوک امر کی وجہ سے زائل نہیں ہوگی۔

---

[1] عمدۃ القاری از حافظ بدرالدین محمود عینی

Marfat.com

(علامہ عینی کہتے ہیں:) عام اہلِ علم کا مذہب بھی یہی ہے' یہ حکم استحباب کے طور پر ہے اور آدمی کو اس بات کا حق حاصل ہے' وہ ہاتھ کو دھونے سے قبل برتن میں داخل کرلے' اور پانی اس وقت تک پاک شمار ہوگا' جب تک آدمی کے ہاتھ پر نجاست لگنے کا یقین نہ ہو۔

جن حضرات سے یہ بات منقول ہے' ان میں حضرت براء بن عازب' حضرت عبیدہ' ابن سیرین' ابراہیم نخعی' سعید بن جبیر' سالم' اعمش اور دیگر حضرات شامل ہیں۔

امام احمد نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو اور وہ ہاتھ دھونے سے پہلے برتن میں داخل کرلے تو میرے نزدیک یہ بات پسندیدہ ہے' وہ اس پانی کو بہادے جبکہ وہ شخص رات کی نیند سے بیدار ہوا ہو۔

البتہ عطاء بن ابی رباح' امام مالک' امام وزاعی' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور ابوعبیدہ کے نزدیک ایسے پانی کو بہایا نہیں جائے گا۔

دن کے وقت نیند سے بیدار ہونے والے شخص کا حکم کیا ہوگا؟

اس بارے میں حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں:

''دن کی نینداور رات کی نیند کا حکم یکساں ہوگا''۔

جبکہ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک دن کی نیند میں یہ حکم نہیں ہوگا۔

شیخ ابوبکر نے یہ بات بیان کی ہے:

وضو کے آغاز میں دونوں ہاتھ دھونا فرض نہیں ہے جبکہ داؤد ظاہری نے اسے واجب قرار دیا ہے۔

علامہ نووی کی وضاحت:

صحیح مسلم میں مذکور اسی حدیث کی تشریح کرتے ہوئے صحیح مسلم کے حاشیہ نگار امام ابوزکریا یحیٰ بن شرف نووی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

واعلم ان الواجب فی ازالۃ النجاسۃ الانقاء فان کانت النجاسۃ حکمیۃ وھی التی لا تشاھد بالعین کالبول ونحوہ وجب غسلھا مرۃ ولا تجب الزیادۃ ولکن یستحب الغسل ثانیۃ وثالثۃ لقولہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا استیقظ احدکم من نومہ فلا یغمس یدہ فی الاناء حتی یغسلھا ثلاثا وقد تقدم بیانہ واما اذا کانت النجاسۃ عینیۃ کالدم وغیرہ فلا بد من ازالۃ عینھا ویستحب غسلھا بعد زوال العین ثانیۃ وثالثۃ وھل یشترط عصر الثوب اذا غسلہ فیہ وجھان الاصح انہ لا یشترط واذا غسل النجاسۃ العینیۃ فبقی لونھا لم یضرہ بل قد حصلت الطھارۃ وان بقی طعمھا فالثوب نجس فلا بد من ازالۃ الطعم وان بقیت الرائحۃ ففیہ قولان للشافعی اصحھما یطھر والثانی لا یطھر واللہ اعلم[1]

[1] الحاشیہ للنووی علیٰ صحیح مسلم'

Marfat.com

یہ بات جان لیں نجاست کے ازالے کے لیے صفائی کرنا لازم ہے اگر وہ کوئی ایسی نجاست ہو جو حکمی ہو یعنی جسے آنکھ کے ذریعے دیکھا نہ جا سکے' جیسے پیشاب وغیرہ تو اب اُسے ایک مرتبہ دھونا لازم ہوگا' مزید دھونا لازم نہیں ہوگا' البتہ دوسری یا تیسری مرتبہ دھونے کو مستحب قرار دیا جائے گا' کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو تو وہ اپنے ہاتھ کو برتن میں اُس وقت تک نہ ڈالے جب تک اُسے تین مرتبہ دھو نہ لے''۔

اس کی وضاحت پہلے گزر چکی ہے۔

البتہ اگر وہ نجاست ایسی ہو جو (خشک ہو جانے کے بعد بھی) آنکھ کے ذریعے دیکھی جا سکے' جیسے خون وغیرہ تو اب اُس نظر آنے والی نجاست کو زائل کرنا لازم ہوگا' اور اس کے زائل ہو جانے کے بعد اُس (جسم کے حصے یا کپڑے) کو دوسری یا تیسری مرتبہ دھونا مستحب ہوگا۔

جب ایسے کسی کپڑے کو دھویا جائے تو اسے نچوڑنا بھی شرط ہوگا؟ اس بارے میں دو آراء ہیں۔ درست رائے یہ ہے کہ یہ بات شرط نہیں ہے۔

جب نظر آنے والی نجاست کو دھو لیا جائے اور اُس کا رنگ باقی رہ جائے تو یہ چیز نقصان دہ نہیں ہوگی بلکہ طہارت حاصل ہو جائے گی لیکن اگر اُس کا ذائقہ باقی ہو تو کپڑا ناپاک شمار ہوگا۔ اور اس ذائقے کو زائل کرنا ضروری ہوگا۔ اگر اس نجاست کی بو باقی ہو تو اس بارے میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے دو قول منقول ہیں۔ زیادہ فصیح قول یہ ہے کہ وہ کپڑا پاک شمار ہوگا اور دوسرا قول یہ ہے کہ وہ پاک نہیں ہوگا۔ باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

•••———•••———•••

124- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ وَّعَبْدُ الْبَاقِىْ بْنُ قَانِعٍ قَالاَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ حَدَّثَنَا زِيَادٌ الْبَكَّائِىُّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِىْ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ مِنَ النَّوْمِ فَاَرَادَ اَنْ يَّتَوَضَّاَ فَلاَ يُدْخِلْ يَدَهُ فِى الْاِنَاءِ حَتّٰى يَغْسِلَهَا فَاِنَّهُ لاَ يَدْرِىْ اَيْنَ بَاتَتْ يَدُهُ وَلاَ عَلٰى مَا وَضَعَهَا .

اِسْنَادٌ حَسَنٌ .

★★ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو اور وضو کرنا چاہے تو وہ اپنا ہاتھ برتن میں اس وقت تک داخل نہ کرے' جب تک اسے دھو نہ لے' کیونکہ وہ یہ نہیں جانتا' اس کا ہاتھ رات بھر کہاں رہا ہے؟ اور اس نے اسے کہاں رکھا تھا؟

اس کی سند ''حسن'' ہے۔

۱۲۴- اخرجه ابن ماجه (۱/۱۳۹) كتاب الطهارة' باب الرجل يستيقظ من منامه حديث (۳۹۵)' والخطيب في (تاريخ بغداد) (۱۰/۴۵۰) من طريق زياد بن عبد الله البكائي بهذا الاسناد- قال البوصيري في (الزوائد) (۱/۱۶۴): هذا اسناد صحيح' رجاله ثقات-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسن بن العباس بن ابی مہران، ابوعلی مقری رازی: ان کا انتقال 89ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۷/۳۹۷)(۳۹۳۵)۔

○ محمد بن نوح بن میمون بن عبدالحمید بن ابوالرجال، : ان کا انتقال 218ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳/۳۲۲)(۱۴۲۵)۔

○ زیاد بن عبداللہ بن الطفیل العامری، البکائی، ابومحمد کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 183ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۴۶)(۲۰۹۶)۔

○ عبدالملک بن ابوسلیمان میسرۃ العرزمی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 145ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۲۳)(۴۲۱۲)۔

•••——•••——•••

125- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمِّي حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ وَجَابِرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْحَضْرَمِيُّ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيهِ قَالَ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ مِنْ مَنَامِهِ فَلَا يُدْخِلْ يَدَهُ فِي الْاِنَاءِ حَتّٰى يَغْسِلَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَاِنَّهُ لَا يَدْرِي اَيْنَ بَاتَتْ يَدُهُ اَوْ اَيْنَ طَافَتْ يَدُهُ . فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ اَرَاَيْتَ اِنْ كَانَ حَوْضًا فَحَصَبَهُ ابْنُ عُمَرَ وَقَالَ اُخْبِرُكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَتَقُوْلُ اَرَاَيْتَ اِنْ كَانَ حَوْضًا .

اِسْنَادٌ حَسَنٌ.

☆☆ سالم بن عبداللہ اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

۱۲۵- اخرجه ابن ماجه(۱/۱۳۹) كتاب الطهارة' باب الامر بغسل اليدين ثلاثا حديث (۳۹۴) وابن خزيمة (۱/۷۵) رقم (۱۴۶)' والبيهقي (۱/۴۶) كتاب الطهارة' باب: التكرار في غسل اليدين كلهم من طريق ابن وهب بهذا الاسناد- وقال البوصيري في (الزوائد) (۱/۱۶۴): هذا اسناد صحيح على شرط مسلم رواه الدارقطني في سننه' وقال: اسناد حسن' وللحديث شاهد- ايضا- من حديث عائشة- رضي الله عنها- اخرجه ابو داؤد الطيالسي (۱/۵۱-منحة) رقم (۱۶۹) حدثنا ابن ابي ذئب' حدثني من سمع ابا سلمة يحدث عن عائشة' ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: (من استيقظ من منامه فلا يغمس يده في طهور حتى يفرغ على يده ثلاث غرفات)' ولم يكن رسول الله صلى الله عليه وسلم يفعل ذلك حتى يفرغ على يده ثلاثا- قال ابن ابي حاتم في (العلل) (۱/۶۲) رقم (۱۶۲): سئل ابو زرعة عن حديث رواه ابن ابي ذئب عمن سمع ابا سلمة بن عبد الرحمن يحدث عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم : (اذا استيقظ احدكم من النوم' فليغرف على يده ثلاث غرفات قبل ان يدخلها في وضوئه' فانه لا يدري حيث باتت يده)- ورواه الزهري عن ابي سلمة عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم هذا الحديث فقال ابو زرعة: هذا عندي وهم' يعني: حديث ابن ابي ذئب-

Marfat.com

ہے: جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو تو وہ اپنا ہاتھ برتن میں اس وقت تک نہ ڈالے جب تک اسے تین مرتبہ دھو نہ لے کیونکہ وہ یہ نہیں جانتا کہ اس کا ہاتھ رات کے وقت کہاں رہا ہے یا اس کے ہاتھ نے کہاں کا طواف کیا ہے؟

ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ کہا: آپ کا کیا خیال ہے؟ اگر وہ شخص حوض سے وضو کرنا چاہ رہا ہو (تو پھر بھی اسے ایسا کرنا پڑے گا)؟ تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اسے کنکری ماری اور بولے: میں تمہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث سنا رہا ہوں اور تم یہ کہہ رہے ہو ''آپ کا کیا خیال ہے' اگر اس نے حوض سے وضو کرنا ہو؟''

اس روایت کی سند ''حسن'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن عبدالرحمٰن بن وہب بن مسلم مصری، وہبی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 264ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۴) (۶۷)۔

○ جابر بن اسماعیل حضرمی، ابوعباد مصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۹۱) (۸۷۲)۔

126- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ نَصْرٍ الدَّقَّاقُ اِمْلَاءً وَّاَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ اِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ مِنْ نَوْمِهِ فَلَا يُدْخِلْ يَدَهُ فِي الْاِنَاءِ حَتّٰى يَغْسِلَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَا يَدْرِي اَيْنَ بَاتَتْ يَدُهُ اَوْ اَيْنَ بَاتَتْ تَطُوْفُ يَدُهُ .

وَهٰذَا اِسْنَادٌ حَسَنٌ اَيْضًا .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو تو وہ اپنا ہاتھ اس وقت تک برتن میں داخل نہ کرے جب تک اسے تین مرتبہ دھو نہ لے' کیونکہ کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ اس کا ہاتھ رات بھر کہاں رہا ہے؟ یا اس کا ہاتھ رات بھر کہاں گھومتا رہا ہے؟

یہ حدیث ''حسن'' ہے۔

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ بحر بن نصر بن سابق حولانی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، مصری، ابوعبداللہ: یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 267ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۲۳) (۶۴۵)۔

○ ابومریم انصاری ابوالخصومی، : ان کے نام عبدالرحمٰن بن ماعز ہے اور یہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے غلام ہیں۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۲۰۴) (۸۴۲۳)۔

14- باب النِّيَّة

باب: نیت کا بیان

127- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ وَجَعْفَرُ بْنُ

۱۲۷- اخرجه البخاري (۹/۱) كتاب بدء الوحي' باب كيف كان بدء الوحي؟ حديث (۱)' (۱۹۰/۵) كتاب العتق' باب الخطا والنسيان' حديث (۲۵۲۹)' (۲۶۷/۷) كتاب مناقب الانصار' باب هجرة النبي صلى الله عليه وسلم واصحابه الى المدينة' حديث (۳۸۹۸)' (۱۷/۹) كتاب النكاح' باب من هاجر او عمل خيرًا لتزوج امراة' فله ما نوى' حديث (۵۰۷۰)' (۵۸۰/۱۱) كتاب الايمان والنذر' باب النية في الايمان حديث (۶۶۸۹)' (۳۴۲/۱۲-۳۴۳) كتاب الحيل باب من ترك الحيل' حديث (۶۹۵۳)' ومسلم (۱۵۱۵/۳) كتاب الامارة' باب قوله صلى الله عليه وسلم : (انما الاعمال بالنيات)' حديث (۱۹۰۷/۱۵۵)' وابو داؤد (۶۵۱/۲) كتاب الطلاق' باب فيما عني به الطلاق والنيات' حديث (۲۲۰۱)' والنسائي (۵۸/۱-۵۹) كتاب الطهارة' باب النية في الوضوء' والترمذي (۱۷۹/۴) كتاب فضائل الجهاد' باب ما جاء فيمن يقاتل رياء' حديث (۱۶۴۷)' وابن ماجه (۱۴۱۳/۲) كتاب الزهد' باب النية' حديث (۴۲۲۷)' واحمد (۲۵/۱' ۴۳)' الحميدي (۱۶/۱-۱۷) رقم (۲۸)' وابو داؤد الطيالسي(۲۷/۲-منحة) رقم (۱۹۹۷)' وابن خزيمة (۷۳/۱-۷۴) رقم (۱۴۲)' وابن حبان (۳۸۸' ۳۸۹- الاحسان)' وابن الجارود ف (المنتقى) رقم (۶۴)' وابن المبارك في الزهد (ص ۶۲' ۶۳) وابن ابي عاصم في (الزهد) (ص ۱۰۱) رقم (۲۰۶)' وهناد بن السري في (الزهد) (۴۴۱/۲) رقم (۸۷۱)' ووكيع في (الزهد) رقم (۳۵۱)' وابن المنذر في (الاوسط) (۳۶۹/۱)' وابن ابي حاتم في (مقدمة الجرح والتعديل) ص ۲۱۳' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۹۶/۳) كتاب الطلاق' باب طلاق المكره' وابو نعيم في(حلية الاولياء) (۴۲/۸)' وفي (تاريخ اصبهان) (۱۱۵/۲' ۲۲۷)' وابن عساكر في (تاريخ دمشق) (۴۰۲/۱-تهذيب)' والقضاعي في (مسند الشهاب) (۱۱۷۲' ۱۱۷۳' ۱۱۷۴)' وابن حزم في (المحلى) (۷۳/۱)' والبيهقي (۴۱/۱) كتاب الطهارة' باب النية في الطهارة' وفي (معرفة السنن والآثار) (۱۵۲/۱)' و(شعب الايمان) (۳۳۶/۵) رقم (۶۸۳۷)' و(الاعتقاد) رقم (۲۵۴)' وفي (الزهد الكبير) (ص ۱۳۲) رقم (۲۴۱)' وفي (الآداب) رقم (۱۱۳۸)' والخطيب في (تاريخ بغداد) (۲۴۴/۴' ۱۵۳/۶' ۳۴۵/۹-۳۴۶)' والقاضي عياض في (الالماع) (ص ۵۴-۵۵) باب ما يلزم من اخلاص النية في طلب الحديث وانتقاد ما يوخذ عنه' وابن جميع في (معجم شيوخه) (ص ۱۱۷) رقم (۶۶)' والبغوي في (شرح السنة) (۵۴/۱-بتحقيقنا) والرافعي في (تاريخ قزوين) (۷۷/۴)' والنووي في (الاذكار) (ص ۳۳)' والذهبي في (تذكرة الحفاظ) (۲/ ۷۷۴)' والحافظ ابن حجر في (تخريج احاديث المختصر) (۲۴۲/۲' ۲۴۳) كلهم من طريق يحيى بن سعيد' عن محمد بن ابراهيم التيمي' عن علقمة بن وقاص' عن عمر بن الخطاب-

قال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح - اه-

وقال ابو نعيم: هذا الحديث من صحاح الاحاديث وعيونها - اه- وقال ابن عساكر: هذا حديث صحيح (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

Marfat.com

عَوْنٍ وَّاللَّفْظُ لِيَزِيْدَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ يُحَدِّثُ اَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ وَهُوَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ وَاِنَّمَا لِامْرِءٍ مَا نَوٰى فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ فَهِجْرَتُهُ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ اِلٰى دُنْيَا يُصِيْبُهَا اَوِ امْرَاَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهُ اِلٰى مَا هَاجَرَ اِلَيْهِ.

من حديث امير المومنين ابي حفص عمر بن الخطاب وثابت من حديث علقمة بن وقاص الليثي لم يروه عنه غير ابي عبد الله: محمد بن ابراهيم التيمي واشتهر عنه برواية ابي سعد يحي بن سعيد بن قيس الانصاري المدني القاضي وهو ممن انفرد به كل واحد من هو لا. عن صاحبه- ورواه عن يحيى العدد الكثير والجم الغفير- اه-

قال الحافظ في (التلخيص) (۱/۵۵): وقال الحافظ ابو سعيد محمد بن علي الخشاب: رواه عن يحيى بن سعيد نحو من مائتين وخمسين انساناً- وقال الحافظ ابو موسى: سمعت عبد الجليل ابن احمد في المذاكرة يقول: قال ابو اسماعيل الهروي عبد الله بن محمد الانصاري: كتبت هذا الحديث عن سبعمائة نفر من اصحاب يحيى بن سعيد - قلت -اي: الحافظ- تتبعته من الكتب والاجزاء حتى مررت على اكثر من ثلاثة آلاف جزء فما استطعت ان اكمل له سبعين طريقا- وقال البزار والخطابي وابو علي بن السكن ومحمد بن عتاب وابن الجوزي وغيرهم: انه لا يصح عن النبي صلى الله عليه وسلم الا عن عمر بن الخطاب...... اه-

قلت: وقد روى هذا الحديث غير يحيى بن سعيد عن محمد بن ابراهيم اخرجه ابن عدي في (الكامل) (۳/۱۳۶) من طريق الربيع بن زياد: ابو عمرو الضبي عن محمد بن عمرو عن محمد بن ابراهيم التيمي عن علقمة بن وقاص عن عمر بن الخطاب عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: (انما الاعمال بالنيات وانما لكل امرى ما نوى فمن كانت هجرته الى الله ورسوله فهجرته الى الله ورسوله ومن كانت هجرته الى دنيا يصيبها او امراة يتزوجها فهجرته الى ما هاجر اليه)- قال ابن عدي: وهذا الاصل فيه يحيى بن سعيد الانصاري عن محمد بن ابراهيم وقد رواه عن يحيى ائمة الناس واما عن محمد بن عمرو عن محمد بن ابراهيم لم يروه عنه غير الربيع بن زياد وقد روى الربيع بن زياد عن غير محمد بن عمرو من اهل المدينة باحاديث لا يتابع عليها- اه-

وفي الباب عن جماعة من الصحابة وهم: ابو سعيد الخدري وانس بن مالك وعلي بن ابي طالب وابو هريرة وهزال بن يزيد الاسلمي-

۱- حديث ابي سعيد الخدري: اخرجه الخليلي في (الارشاد) (۱/۲۳۳) والدارقطني في (غرائب مالك) والحاكم في (تاريخ نيسابور) كما في (تخريج احاديث المختصر) لابن حجر (۲/۲۴۷-۲۴۸) وابو نعيم في (الحلية) (۶/۲۴۲) والقضاعي في (مسند الشهاب) (۱۱۷۳) كلهم من طريق عبد المجيد بن عبد العزيز بن ابي رواد ثنا مالك بن انس عن زيد بن اسلم عن عطاء بن يسار عن ابي سعيد الخدري قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: (انما الاعمال بالنيات ولكل امرى ما نوى فمن كانت هجرته الى دنيا يصيبها او امراة ينكحها فهجرته الى ما هاجر اليه) قال الخليلي: وعبد المجيد قد اخطا في هذا الحديث الذي يرويه عن مالك في الحديث الذي يرويه مالك والخلق عن يحيى بن سعيد الانصاري وهو غير محفوظ من حديث زيد بن اسلم بوجه- اه- وقال الدارقطني: تفرد به عبد المجيد عن مالك- اه- وقال ابو نعيم: غريب من حديث مالك عن زيد تفرد به عبد المجيد ومشهوره وصحيحه ما في الموطا: مالك عن يحيى بن سعيد ا- ه- وقد حكم ببطلان هذا الطريق ابو حاتم الرازي فقال ولده في (العلل) (۱/۱۳۱) رقم (۳۶۲): سئل ابي عن حديث رواه نوح بن حبيب عن عبد المجيد بن عبد العزيز بن ابي رواد عن مالك بن انس عن زيد بن اسلم عن عطاء بن يسار عن ابي سعيد الخدري عن النبي صلى الله عليه وسلم (انما الاعمال بالنيات)؟ قال ابي: هذا حديث باطل لا اصل له انما هو مالك عن يحيى بن سعيد عن محمد بن ابراهيم التيمي عن علقمة بن وقاص عن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم اه-

وقد اخرجه الحافظ ابن حجر في (تخريج المختصر) (۲/۲۴۷) من طريق عبد المجيد بن عبد العزيز عن مالك عن زيد به- وقال: هذا حديث غريب من هذا الوجه- وقال -ايضاً-: وعبد المجيد وثقه احمد وابن معين والنسائي وتكلم فيه ابو حاتم والدارقطني وقيل: ان هذا مما اخطا فيه على مالك والمحفوظ عن مالك عن يحيى بن سعيد بالسند المعروف المتقدم)- اه- قلت: وقد حاول بعضهم الصاق الخطا بنوح بن حبيب الراوي عن عبد المجيد كالبزار مثلا- فقال الزيلعي في (نصب الراية) (۱/۳۰۲): وقال -يعني البزار- في مسند الخدري حديث روي عن مالك عن زيد بن اسلم عن عطاء بن يسار عن ابي سعيد الخدري عن النبي صلى الله عليه وسلم قال:

Marfat.com

☆☆ علقمہ بن وقاص بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا' وہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: اعمال (کی جزاء) کا دارومدار نیت پر ہے' اور ہر شخص کو وہی ملے گا جو اس نے نیت کی ہوگی' جس شخص نے ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف کی ہوگی' اس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف شمار ہوگی' اور جس شخص نے ہجرت دنیا کے لیے کی تھی تاکہ اسے حاصل کرے یا کسی عورت کے لیے کی تھی تاکہ وہ اس سے شادی کر لیتا تو اس کی ہجرت اسی طرف ہوگی جس کی طرف (نیت کر کے) اس نے ہجرت کی تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جعفر بن عون بن جعفر بن عمرو بن حریث مخزومی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 207ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۲۰۰) (۹۵۶)۔

○ یحییٰ بن سعید بن قیس انصاری، مدنی، ابوسعید قاضی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 144ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص ((۱۰۵۶)) (۷۶۰۹)۔

(الاعمال بالنية) اخطافيه نوح بن حبيب' ولم يتابع عليه' وليس له اصل عن ابي سعيد ١-ﮪ-

قلت: وفي كلام البزار نظر- اما ان الحديث ليس له اصل عن ابي سعيد فهذا صواب' اما الصاقه الخطا بنوح بن حبيب' ودعواه انه تفرد به ولم يتابع عليه فهذا الخطا- فقد توبع نوح بن حبيب على هذا الحديث تابعه اثنان وهما: ابراهيم بن محمد بن مروان بن هشام عند الدارقطني في (غرائب مالك) وعلي بن الحسن الذهلي عند الحاكم في (تاريخ نيسابور) - ينظر: (تخريج المختصر) لابن حجر (٢/٢٤٧-٢٤٨) ومنه تعلم ان نوحًا لم يتفرد به بل تابعه اثنان فان الذي تفرد به هو عبد المجيد بن عبد العزيز بن ابي رواد' وهو الذي اخطا في الحديث-

٢-حديث انس بن مالك: اخرجه ابن عساكر في اماليه' كما في (تخريج المختصر) لابن حجر (٢/٢٤٦)' وقال الحافظ: وفي سنده ضعف- وقال الحافظ العراقي في (طرح التثريب) (٢/٤): رواه ابن عساكر من رواية يحيى بن سعيد عن محمد بن ابراهيم' عن انس بن مالك' وقال: هذا حديث غريب جدًا' والمحفوظ حديث عمر-

٣-حديث ابي هريرة: قال العراقي في (طرح التثريب) (٢/٤): رواه الرشيد العطار في بعض تخاريجه وهو وهم ايضا- وقال ابن حجر في (تخريج احاديث المختصر) (٢/٢٤٦): اخرجه الرشيد العطار في فوائده بسند ضعيف-

٤-حديث علي بن ابي طالب: قال الحافظ العراقي في (طرح التثريب) (٢/٤): رواه محمد ابن ياسر الجياني في نسخة منطريق اهل البيت اسنادها ضعيف- وقال الحافظ ابن حجر في (تخريج احاديث المختصر) (٢/٢٤٦): اخرجه ابو علي بن الاشعث' وهو واه جدا-

٥-حديث هزال بن يزيد الاسلمي: اخرجه الحاكم في (تاريخ نيسابور)' كما في (تخريج احاديث المختصر) (٢/٢٤٨) في ترجمة ابي بكر: محمد بن احمد بن بالويه' من طريق محمد ابن يونس' عن روح بن عبادة' عن شعبة' عن محمد بن المنكدر' عن ابن هزال' عن ابيه' عن النبي صلى الله عليه وسلم ...... فذكره- قال الحاكم: ذكرته لابي علي الحافظ فانكره جدا وقال لي: قل لابي بكر لا يحدث به بعد هذا- اﮪ- قال الحافظ: محمد بن يونس شيخه هو الكديمي' وهو معروف بالضعف والمحفوظ بالسند المذكور قصة ماعز فلعله دخل عليه حديث في حديث- وهزال هو: ابن يزيد الاسلمي وهو صحابي معروف' واسم ابنه: نعيم وهو مختلف في صحبته ١-ﮪ- قلت: مما سبق نبين ان حديث: (انما الاعمال بالنيات) لم يصح الا من حديث عمر-

Marfat.com

توضیح مسئلہ:

اس حدیث کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ''صحیح بخاری'' کے بالکل آغاز میں نقل کیا ہے۔ اس حدیث کی اہمیت کے پیش نظر صحیح بخاری کے عظیم شارح حافظ بدرالدین محمود عینی رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث کے متن سے متعلق فقہاء کے اختلاف پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ جس میں سے چند ایک مباحث درج ذیل ہیں:

استنباط الاحکام﴾ وهو على وجوه الاول احتجت الائمة الثلاثة به فى وجوب النية فى الوضوء والغسل فقالوا التقدير فيه صحة الاعمال بالنيات والالف واللام فيه لاستغراق الجنس فيدخل فيه جميع الاعمال من الصوم والصلاة والزكاة والحج والوضوء وغير ذلك مما يطلب فيه النية عملا بالعموم ويدخل فيه ايضا الطلاق والعتاق لان النية اذا قارنت الكناية كانت كالصريح وقال النووى تقديره انما الاعمال تحسب اذا كانت بنية ولا تحسب اذا كانت بلا نية وفيه دليل على ان الطهارة وسائر العبادات لا تصح الا بنية وقال خطابى قوله انما الاعمال بالنيات لم يرد به اعيان الاعمال لانها حاصلة حسا وعيانا بغير نية وانما معناه ان صحة احكام الاعمال فى حق الدين انما تقع بالنية وان النية هى الفاصلة بين ما يصح وما لا يصح وكلمة انما عاملة بركنيها ايجابا ونفيا فهى تثبت الشيء وتنفى ما عداه فدلالتها ان العبادة اذا صحبتها النية صحت واذا لم تصحبها لم تصح ومقتضى حق العموم فيها يوجب ان لا يصح عمل من الاعمال الدينية اقوالها وافعالها فرضها ونفلها قليلها وكثيرها الا بنية وقال البيضاوى الحديث متروك الظاهر لان الذوات غير منتفية والمراد به نفى احكامها كالصحة والفضيلة والحمل على نفى الصحة اولى لانه اشبه بنفى الشيء نفسه ولان اللفظ يدل بالتصريح على نفى الذات وبالتبع على نفى جميع الصفات فلما منع الدليل دلالته على نفى الذات بقى دلالته على نفى جميع الصفات وقال الطيبى كل من الاعمال والنيات جمع محلى باللام الاستغراقية فاما ان يحملا على عرف اللغة فيكون الاستغراق حقيقيا او على عرف الشرع وحينئذ اما ان يراد بالاعمال الواجبات والمندوبات والمباحات وبالنيات الاخلاص والرياء او ان يراد بالاعمال الواجبات وما لا يصح الا بالنية كالصلاة لا سبيل الى اللغوى لانه ما بعث الا لبيان الشرع فكيف يتصدى لما لا جدوى له فيه فحينئذ يحمل انما الاعمال بالنيات على ما اتفق عليه اصحابنا اى ما الاعمال محسوبة لشيء من الاشياء كالشروع فيها والتلبس بها الا بالنيات وما خلا عنها لم يعتد بها فان قيل لم خصصت متعلق الخبر والظاهر العموم كمستقر او حاصل فالجواب انه حينئذ يكون بيانا للغة لا اثباتا لحكم الشرع وقد سبق بطلانه ويحمل انما لكل امرىء ما نوى على ما تثمره النيات من القبول والرد والثواب والعقاب ففهم من الاول انما الاعمال لا تكون محسوبة ومسقطة للقضاء الا اذا كانت مقرونة بالنيات ومن الثانى ان النيات انما تكون مقبولة اذا كانت مقرونة بالاخلاص انتهى

Marfat.com

وذهب ابو حنيفة وابو يوسف ومحمد وزفر والثورى والاوزاعى والحسن بن حى ومالك فى رواية الى ان الوضوء لا يحتاج الى نية وكذلك الغسل وزاد الاوزاعى والحسن التيمم وقال عطاء ومجاهد لا يحتاج صيام رمضان الى نية الا ان يكون مسافرا او مريضا وقالوا التقدير فيه كمال الاعمال بالنيات او ثوابها او نحو ذلك لانه الذى يطرد فان كثيرا من الاعمال يوجد ويعتبر شرعا بدونها ولان اضمار الثواب متفق عليه

علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی شرح میں تحریر کرتے ہیں:

احکام کا استنباط:

یہ کئی حوالوں سے ہے۔ آئمہ ثلاثہ نے اس حدیث سے یہ استدلال کیا ہے' وضو اور غسل میں نیت کرنا واجب ہے۔

ان حضرات کا یہ کہنا ہے اصل عبارت یہ ہوگی' اعمال کی صحت کا مدار نیت پر ہے' اس میں استعمال ہونے والے ''ال'' کو استغراق جنس کے لئے سمجھا جائے گا۔ اس لیے اس میں تمام اعمال جیسے روزہ' نماز' زکوۃ' حج' وضو وغیرہ شامل ہوں گے۔ جن میں نیت مطلوب ہوتی ہے' کیونکہ عموم پایا جا رہا ہے۔ نیز اس میں طلاق دینا اور غلام کو آزاد کرنا بھی شامل ہوگا۔ کیونکہ جب نیت ''کنایہ'' کے ساتھ مل جاتی ہے تو وہ کنایہ ''صریح'' کی مانند ہو جاتا ہے۔

امام نووی فرماتے ہیں: اصل عبارت یہ ہوگی: اعمال کو شمار کیا جائے گا جب نیت ہوگی اور جب وہ نیت کے بغیر ہوں گے تو ان کو شمار نہیں کیا جائے گا' اس میں اس بات کی دلیل موجود ہے' طہارت اور دیگر تمام عبادات صرف نیت کے ساتھ ہی درست شمار ہوتی ہیں۔

شیخ خطابی فرماتے ہیں: حدیث کے یہ الفاظ ''اعمال کا مدار نیت پر ہوتا ہے'' میں اعمال سے مراد فی نفسہ اعمال نہیں ہیں' کیونکہ وہ نیت کے بغیر حسی اور مشاہداتی طور پر حاصل ہو جاتے ہیں' بلکہ یہاں مراد یہ ہے: دین کے حوالے سے اعمال کے حکم کا صحیح ہونا نیت کے ذریعے ہی واقع ہوتا ہے اور نیت ہی وہ بنیادی چیز ہے جو درست اور نادرست کے درمیان حد فاصل قائم کرتی ہے' اور لفظ ''انما'' اپنے دونوں ارکان پر ایجاب یا نفی کے حوالے سے عمل کرتا ہے تو یہ ان کے علاوہ ہر چیز کو ثابت کر دیتے ہیں یا ہر چیز کی نفی کر دیتے ہیں' تو یہ اس مفہوم پر دلالت کرے گا' عبادت کے ساتھ جب نیت موجود نہیں ہوگی تو عبادت درست نہیں ہوگی' اس میں عموم کے مفہوم کا بنیادی تقاضا یہ ہے: اس بات کو لازم کرے کہ دینی اعمال' خواہ وہ قولی ہوں' ان کا تعلق فعل سے ہو وہ فرض ہوں' نفل ہوں' تھوڑے ہوں' زیادہ ہوں (ہر حال میں) وہ صرف نیت کے ساتھ ہی درست شمار ہوں گے۔

امام بیضاوی فرماتے ہیں:

حدیث کا ظاہر متروک ہے (یعنی اسے مراد نہیں لیا جاتا) کیونکہ یہاں اعمال کے وجود کی نفی نہیں کی جا رہی بلکہ ان کے حکم کی نفی کی جا رہی ہے یعنی ان کی صحت اور فضیلت (کی نفی مراد لی جا سکتی ہے)۔

اور یہاں (روایت کے الفاظ کو) صحت کی نفی پر محمول کرنا زیادہ مناسب ہے' کیونکہ یہ چیز کے وجود کی نفی سے زیادہ مشابہت رکھتا ہے۔

Marfat.com

اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے: لفظ صراحت کے ساتھ ذات کی نفی کر رہا ہے اور ثانوی طور پر تمام صفات کی نفی کر رہا ہے تو جب دلیل کی بنیاد پر اس کا ذات کی نفی پر دلالت کرنا ممنوع شمار ہوگا تو صرف یہ صورت باقی رہ جائے گی' وہ تمام صفات کی نفی پر دلالت کرے۔

شیخ طیبی فرماتے ہیں:

(روایت کے الفاظ میں) نیت اور اعمال ان دونوں الفاظ کو "ل" استغراق کے ذریعے آراستہ کیا گیا ہے' اب یا تو انہیں زبان کے محاورے پر محمول کیا جائے گا۔

اس اعتبار سے استغراق حقیقی شمار ہوگا یا پھر اسے شریعت کے عرف پر محمول کیا جائے گا۔

اس صورت میں اعمال سے مراد واجب' مستحب اور مباح اعمال ہوں گے اور نیت سے مراد' اخلاص والی نیت' یا ر ؛ دری والی نیت ہوگی' یا پھر یہ ہوسکتا ہے' اعمال سے مراد واجب (یعنی فرض) اعمال ہوں جو نیت کے بغیر درست نہیں ہوتے۔ جیسے نماز پڑھنا ہے۔

اب یہاں لغوی مفہوم مراد لینے کی کوئی صورت نہیں بنتی' کیونکہ نبی اکرم ﷺ کو شرعی احکام بیان کرنے کے لیے مبعوث کیا گیا ہے تو آپ ﷺ کسی ایسی چیز کے درپے کیسے ہوسکتے ہیں جس کے ساتھ آپ کا واسطہ نہیں ہے۔

اس لئے حدیث کے الفاظ "اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے" کو جیسا کہ ہمارے اصحاب اس بات پر متفق ہیں' اس مفہوم پر محمول کیا جائے گا' اعمال اسی وقت شمار ہوں گے جب ان میں نیت موجود ہوگی' جیسے کسی بھی فعل کا آغاز کرنا اور اسے سرانجام دینا' اور نیت کے بغیر انہیں شمار نہیں کیا جائے گا۔

اگر یہاں یہ سوال کیا جائے: آپ نے خبر کے متعلق کو مخصوص کیوں کیا ہے؟ کیونکہ ظاہر تو عموم کا تقاضا کرتا ہے' جیسے مستقر اور حاصل ہے۔

اس کا جواب یہ ہے: یہ اس صورت میں لغوی مفہوم واضح کرنے کے لیے ہوگا۔ شرعی حکم کے اثبات کے لیے نہیں ہوگا' لیکن اس کا بطلان ثابت ہو چکا ہے۔

تو اب اسے اس مفہوم پر محمول کیا جائے گا' ہر شخص نے جو نیت کی ہوگی اسے وہی ملے گا' یعنی جو نیت کا ثمرہ ہوتا ہے' جیسے قبول ہونا' مسترد ہونا' ثواب ملنا' سزا ہونا۔

تو پہلی صورت میں یہ مفہوم سامنے آئے گا' اعمال اسی وقت قابل اعتبار شمار ہوں گے جب ان کے ساتھ نیت بھی موجود ہوگی۔

دوسرے مفہوم کے اعتبار سے یہ مطلب سامنے آئے گا' نیت اسی وقت متقبول ہوگی جب اس کے ساتھ اخلاص بھی موجود ہوگا۔

امام ابوحنیفہ' امام ابویوسف' امام محمد بن حسن شیبانی' امام زفر' امام سفیان ثوری' امام اوزاعی' امام حسن بن حئی اور ایک روایت

Marfat.com

کے مطابق امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: وضو کے لیے نیت شرط نہیں ہے جبکہ غسل کا بھی یہی حکم ہے۔

امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ اور امام حسن بن حیّ کے نزدیک تیمم میں بھی نیت شرط نہیں ہے۔

عطاء اور مجاہد یہ فرماتے ہیں: رمضان کا روزہ رکھنے کے لیے بھی نیت شرط نہیں ہے۔ البتہ اگر انسان بیمار ہو یا مسافر ہو (تو ایسی صورت میں اس پر روزہ فرض نہیں ہوتا۔ اب اگر اس حالت میں وہ روزہ رکھتا ہے تو اس کے لیے) نیت کرنا شرط ہوگا۔

یہ حضرات فرماتے ہیں: عبارت کا مطلب یہ ہوگا: اعمال صرف نیت کے ساتھ کامل ہوتے ہیں' یا یہ مطلب ہوگا: ان کا ثواب نیت کی بنیاد پر ملتا ہے یا اسی طرح کا کوئی اور مفہوم مراد ہوگا' کیونکہ یہی وہ چیز ہے جو الگ ہوتی ہے' کیونکہ بہت سے اعمال ایسے ہوتے ہیں جو نیت کے بغیر پائے جاتے ہیں اور شرعی طور پر ان کا اعتبار کیا جاتا ہے' اس کی ایک دلیل یہ بھی ہے' یہاں ثواب محذوف تسلیم کرنے کی صورت میں اتفاق پایا جائے گا۔

•••———•••———•••

128- حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا الْحَجَبِيُّ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَنَسٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ غَسَّانَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يُجَاءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِصُحُفٍ مُخَتَّمَةٍ فَتُنْصَبُ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمَلَائِكَتِهِ اَلْقُوا هٰذَا وَاقْبَلُوْا هٰذَا فَتَقُوْلُ الْمَلَائِكَةُ وَعِزَّتِكَ مَا رَاَيْنَا اِلَّا خَيْرًا فَيَقُوْلُ وَهُوَ اَعْلَمُ اِنَّ هٰذَا كَانَ لِغَيْرِيْ وَلَا اَقْبَلُ الْيَوْمَ مِنَ الْعَمَلِ اِلَّا مَا ابْتُغِيَ بِهِ وَجْهِيْ.

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قیامت کے دن کچھ صحیفے لائے جائیں گے' جن پر مہر لگی ہوئی ہوگی' انہیں اللہ تعالیٰ کے سامنے رکھا جائے گا' تو اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں سے فرمائے گا: انہیں پرے کر دو! تو فرشتے عرض کریں گے: ہمیں تیری عزت کی قسم! ہمیں تو ان میں صرف بھلائی نظر آئی ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ فرمائے گا' حالانکہ وہ زیادہ علم رکھتا ہے' یہ سب کام دوسروں کے لیے تھے' آج کے دن میں صرف وہی عمل قبول کروں گا' جو صرف میری رضا کے لیے کیا گیا تھا۔

۱۲۸- اخرجه البيهقي في (شعب الايمان) (۵/۳۳۵-۳۳۶)، حديث (۶۸۳۶)، والعقيلي (۱/۲۱۸-۲۱۹) في ترجمة الحارث بن غسان، والذهبي في الميزان من طريق العقيلي (۲/۱۷۷)، والطبراني في (الاوسط)، كما في مجمع البحرين (۴۷۹۰) كلهم من طريق الحارث ابن غسان بهذا الاسناد- قال العقيلي: فلا يتابع عليه بهذا الاسناد، وقد حدث هذا الشيخ بمناكير- وقال الذهبي في (الميزان): الحارث بن غسان عن ابي عمران الجوني مجهولان- والحديث اخرجه الطبراني في (الاوسط)، كما في مجمع البحرين (۸/۱۰۲) برقم (۴۷۸۹) من طريق الحارث بن عبيد ابو قدامة، عن ابي عمران الجوني عن انس -رضي الله عنه- به بنحوه- قال الهيثمي في (المجمع) (۱۰/۳۵۴): رواه الطبراني في (الاوسط) باسنادين، ورجال احدهما رجال الصحيح - وقال المنذري في (الترغيب والترهيب) (۱/۸۹): رواه البزار والطبراني باسنادين، رواة احدهما رواة الصحيح، والبيهقي-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن ادریس بن منذر حنظلی، ابوحاتم رازی: یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 277ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۸۲۴)(۵۷۵۵)۔

○ عبداللہ بن عبدالوہاب حجبی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 228ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۵۲۳)(۳۴۷۲)۔

○ حارث بن غسان مزنی: یہ راوی مجہول ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۸۵/۲)(۳۹۳)۔

○ عبدالملک بن حبیب ازدی او کندی، بصری، ابوعمران الجونی، :یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 128ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۶۲۱)(۴۲۰۰)۔

•••——•••——•••

129- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَّجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ الصَّنْدَلِيُّ قَالاَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُجَشِّرٍ حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ رُفَيْعٍ وَّغَيْرُهُ عَنْ تَمِيْمِ بْنِ طَرَفَةَ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ قَيْسٍ الْفِهْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُوْلُ اَنَا خَيْرُ شَرِيْكٍ فَمَنْ اَشْرَكَ مَعِي شَرِيْكًا فَهُوَ لِشَرِيْكِي يَا اَيُّهَا النَّاسُ اَخْلِصُوْا اَعْمَالَكُمْ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ لاَ يَقْبَلُ اِلاَّ مَا اُخْلِصَ لَهُ وَلاَتَقُوْلُوْا هٰذَا لِلّٰهِ وَلِلرَّحِمِ فَاِنَّهَا لِلرَّحِمِ وَلَيْسَ لِلّٰهِ مِنْهَا شَيْءٌ وَلاَتَقُوْلُوْا هٰذَا لِلّٰهِ وَلِوُجُوْهِكُمْ فَاِنَّهَا لِوُجُوْهِكُمْ وَلَيْسَ لِلّٰهِ مِنْهَا شَيْءٌ.

☆☆ حضرت ضحاک بن قیس فہری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں. نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ یہ ارشاد فرماتا ہے: میں شریک سے پاک ہوں تو جو شخص میرے ساتھ کسی کو شریک کرے گا' تو وہ عمل میرے شریک کے لیے ہوگا (یعنی اسی سے وہ شخص اپنے بدلے کا طلبگار رہو)

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) اے لوگو! اپنے اعمال کو اللہ تعالیٰ کے لیے خالص کرلو! کیونکہ اللہ تعالیٰ صرف اس عمل کو قبول کرے گا جو خالص اس کے لیے ہو' اور تم یہ نہ کہو کہ یہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور یہ رشتہ داری کی وجہ سے ہے۔

۱۲۹- اخرجه البزار (۲۵٦۷- كشف)، والاصبهاني في الترغيب (۹۷)، والبيهقي في الشعب (۳۳٦/۵) رقم (٦۸۳٦) قال الهيثمي في المجمع (۲۲٤/۱۰): رواه البزار عن شيخه ابراهيم بن مجشر، وثقه ابن حبان وغيره، وفيه ضعف، وبقية رجاله رجال الصحيح - ۵۱- قال المنذري في الترغيب (٦۱/۱): رواه البزار باسناد لا باس به، والبيهقي لكن الضحاك بن قيس مختلف في صحبته-

Marfat.com

اس کی وجہ یہ ہے: وہ رشتے داری کے حوالے سے ہوگا' اس کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں ہوگا اور تم یہ بھی نہ کہو: یہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور یہ تمہاری وجہ سے ہے' کیونکہ وہ تمہاری وجہ سے ہی ہوگا' اس کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں ہوگا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جعفر بن محمد بن یعقوب، ابوالفضل الصندلی،: ان کا انتقال 318ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲۱۱/۷)(۳۶۸۶)۔

○ عبیدة بن حمید کوفی، ابوعبدالرحمٰن المعروف بالحذاء تیمی۔ :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 190ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۶۵۴)(۴۴۴۰)۔

○ عبد العزیز بن رفیع ابوعبد اللہ مکی، نزیل الکوفة، : یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 130ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۶۱۲)(۴۱۲۳)۔

○ تمیم بن طرفة طائی، مسلی: یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 95ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۸۲)(۸۱۰)۔

15- باب الْاِغْتِسَالِ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ

باب: ٹھہرے ہوئے پانی میں غسل کرنا

130- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا السَّائِبِ مَوْلٰى بَنِىْ زُهْرَةَ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَا يَغْتَسِلُ اَحَدُكُمْ فِى الْمَاءِ الدَّائِمِ وَهُوَ جُنُبٌ . فَقَالَ كَيْفَ يَفْعَلُ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ تَتَنَاوَلُهُ تَنَاوُلاً .

اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ .

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کوئی بھی شخص جب جنبی ہو' تو وہ ٹھہرے ہوئے پانی میں غسل نہ کرے۔ راوی نے دریافت کیا: اے حضرت ابوہریرہ! پھر وہ کیا کرے؟ تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ پانی حاصل کر لے (اور ایک طرف ہو کر غسل کرے)۔

Marfat.com

اس کی سند "صحیح" ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ بکیر بن عبداللہ بن اشج، مولی بنی مخزوم، ابوعبداللہ او ابویوسف مدنی، نزیل مصر: یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے

۱۳۰-اخرجه مسلم (۱/۲۳۶) کتاب الطهارة: باب النهي عن البول في الماء الراكد' حديث (۲۸۳)' وابو عوانة (۱/۲۷۶)' والنسائي (۱/۱۲۴-۱۲۵) کتاب الطهارة: باب النهي عن اغتسال الجنب في الماء الدائم' وابن ماجه (۱/۱۹۸) کتاب الطهارة' حديث (۶۰۵)' وابو عبيد في كتاب الطهور (ص۲۵۵)' وابن الجارود في (المنتقى) رقم (۵۶)' وابن خزيمة (۱/۴۹-۵۰)' وابن حبان (۱۲۴۹- الاحسان)' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/۱۴) کتاب الطهارة' والبيهقي (۱/۲۳۷) کتاب الطهارة' باب الدليل على انه ياخذ كل عضو ماء جديداً- كلهم منطريق ابن وهب بهذا الاسناد- وللحديث طرق اخرى عن ابي هريرة-رضي الله عنه-

واخرجه مسلم (۱/۲۳۵) کتاب الطهارة' باب النهي عن البول في الماء الراكد حديث (۹۵/۲۸۲)' واحمد (۲/۳۶۲' ۴۹۲)' وابو داؤد (۱/۵۶) کتاب الطهارة' باب النهي عن البول في الماء الراكد حديث (۶۹) والنسائي (۱/۱۷۵) کتاب الطهارة' باب النهي عن اغتسال الجنب في الماء الدائم' والدارمي (۱/۱۵۲) کتاب الطهارة' وابو عوانة (۱/۲۷۶)' وعبد الرزاق (۱/۱۸۹) رقم (۳۰۰)' وابو عبيد في (كتاب الطهور) ص (۲۳۳)' والحميدي (۲/۴۲۹) رقم (۹۶۹)' وابن الجارود في (المنتقى) رقم (۵۴)' وابو يعلى (۱۰/۴۶۱-۴۶۲) رقم (۶۰۷۶)' وابن خزيمة (۱/۵۰) رقم (۶۶)' وابن حبان (۱۲۴۸- الاحسان)' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/۱۴) کتاب الطهارة' والخطيب في (تاريخ بغداد) (۱۰/۱۰۵)' والبيهقي (۱/۹۷) کتاب الطهارة' باب النهي عن البول في الماء الراكد' وابن حزم في (المحلى) (۱/۱۳۹)- كلهم من طريق محمد بن سيرين' عن ابي هريرة' عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: (لا يبولن احدكم في الماء الدائم ثم يتوضا منه)-

واخرجه مسلم (۱/۲۳۵) کتاب الطهارة' باب النهي عن البول في الماء الراكد حديث (۹۶/۲۸۲)' وابو عوانة (۱/۲۷۶)' وعبد الرزاق (۱/۸۹) رقم (۲۹۹)' واحمد (۲/۳۱۶)' والترمذي (۱/۱۰۰) کتاب الطهارة' باب كراهية البول في الماء الراكد' حديث (۶۸)' وابن الجارود في (المنتقى) رقم (۵۴)' والبيهقي (۱/۹۷) کتاب الطهارة' باب النهي عن البول في الماء الراكد' والبغوي في (شرح السنة) (۱/۳۷۴- بتحقيقنا) من طريق همام بن منبه' عن ابي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: (لا يبال في الماء الدائم الذي لا يجري ثم يغتسل فيه)-

واخرجه احمد (۲/۴۳۳)' وابو داؤد (۱/۶۶) کتاب (الطهارة)' باب البول في الماء الراكد حديث (۷۰)' وابن ماجه (۱/۱۲۴) کتاب الطهارة' باب النهي عن البول في الماء الراكد حديث (۳۴۴)' وابن ابي شيبة (۱/۱۴۱)' وابو عبيد في (كتاب الطهور) (ص۲۳۲)' وابن حبان (۱۲۵۴- الاحسان)' والبيهقي (۱/۲۳۸) من طريق عجلان' عن ابي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: (لا يبولن احدكم في الماء الدائم ولا يغتسل فيه من جنابة)' واخرجه البخاري (۱/۳۴۶) کتاب الوضوء' باب البول في الماء الدائم' حديث (۲۳۹)' والنسائي (۱/۱۹۷) کتاب الغسل والتيمم' باب ذكر نهي الجنب عن الاغتسال في الماء الدائم' وابو عبيد في (كتاب الطهور) (ص۲۳۲' ۲۳۳) من طريق ابي الزناد' عن الاعرج' عن ابي هريرة' واخرجه احمد (۲/۳۴۶) من طريق حميد بن عبد الرحمن' عن ابي هريرة واخرجه (۲/۲۵۹)' والخطيب في (تاريخ بغداد) (۱۰/۱۰۵) من طريق خلاس' عن ابي هريرة واخرجه (۲/۲۵۹)' والخطيب في (تاريخ بغداد) (۱۰/۱۰۵) من طريق خلاس' عن ابي هريرة- واخرجه ابن خزيمة رقم (۹۴)' وابن حبان (۱۲۵۶- الاحسان) من طريق عطاء بن ميناء' عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: (لا يبولن احدكم في الماء الدائم ثم يتوضا منه او يشرب)-

واخرجه العقيلي في (الضعفاء) (۱/۲۴۳) من طريق الحسن بن محمد' ثنا محمد بن عمرو' عن ابي سلمة' عن ابي هريرة قال: نهى النبي صلى الله عليه وسلم ان يبال في الماء الراكد- وقال العقيلي: الحسن بن محمد منكر الحديث..... والحديث غير محفوظ لا يتابع عليه' وقد روي عن ابي هريرة باسناد صحيح-

Marfat.com

تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 120ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۷۷) (۷۶۸)۔

○ ابوالسائب انصاری، مدنی، مولی عبد اللہ بن ہشام بن زہرۃ: ان کا نام عبداللہ بن سائب ہے۔علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۱۵۱) (۸۱۷۴)۔

توضیح مسئلہ:

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

واما احکام المسالة فقال العلماء من اصحابنا وغيرهم يكره الاغتسال فى الماء الراكد قليلا كان او كثيرا وكذا يكره الاغتسال فى العين الجارية قال الشافعى رحمه الله تعالى فى البويطى اكره للجنب ان يغتسل فى البئر معينة كانت او دائمة وفى الماء الراكد الذى لا يجرى قال الشافعى وسواء قليل الراكد وكثيره اكره الاغتسال فيه هذا نصه وكذا صرح اصحابنا وغيرهم بمعناه وهذا كله على كراهة التنزيه لا التحريم واذا اغتسل فيه من الجنابة فهل يصير الماء مستعملا فيه تفصيل معروف عند اصحابنا وهو انه ان كان الماء قلتين فصاعدا لم يصر مستعملا ولو اغتسل فيه جماعات فى اوقات متكررات واما اذا كان الماء دون القلتين فان انغمس فيه الجنب بغير نية ثم لما صار تحت الماء نوى ارتفعت جنابته وصار الماء مستعملا وان نزل فيه الى ركبتيه مثلا ثم نوى قبل انغماس باقيه صار الماء فى الحال مستعملا بالنسبة الى غيره وارتفعت الجنابة عن ذلك القدر المنغمس بلا خلاف وارتفعت ايضا عن القدر الباقى اذا تم انغماسه على المذهب الصحيح المختار المنصوص المشهور لان الماء انما يصير مستعملا بالنسبة الى المتطهر اذا انفصل عنه وقال ابو عبد الله الخضرى من اصحابنا وهو بكسر الخاء واسكان الضاد المعجمتين لا يرتفع عن باقيه والصواب الاول وهذا اذا تم الانغماس من غير انفصاله فلو انفصل ثم عاد اليه لم يجزئه ما يغسله به بعد ذلك بلا خلاف ولو انغمس رجلان تحت الماء الناقص عن قلتين ان تصورا ثم نويا دفعة واحدة ارتفعت جنابتهما وصار الماء مستعملا فان نوى احدهما قبل الآخر ارتفعت جنابة الناوى وصار الماء مستعملا بالنسبة الى رفيقه فلا ترتفع جنابته على المذهب الصحيح المشهور وفيه وجه شاذ انها ترتفع وان نزلا فيه الى ركبتيهما فنويا ارتفعت جنابتهما عن ذلك القدر وصار مستعملا فلا ترتفع عن باقيهما الا على الوجه الشاذ والله اعلم[1]

ہمارے علماء نے اور دیگر حضرات نے یہ بات بیان کی ہے:

[1] ۔ الحاشیہ الصحیح مسلم للنووی 189/3

Marfat.com

''ٹھہرے ہوئے پانی میں غسل کرنا مکروہ ہے' خواہ وہ پانی تھوڑا ہو یا زیادہ ہو' اسی طرح بہتے ہوئے چشمے میں غسل کرنا بھی مکروہ ہے''۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

میرے نزدیک جنبی شخص کا کنویں میں غسل کرنا مکروہ ہے' خواہ اس کا پانی بہتا ہو یا کھڑا رہتا ہو' اسی طرح وہ ٹھہرا ہوا پانی جو بہتا نہ ہو' اس میں بھی (جنبی شخص کا غسل کرنا) مکروہ ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس بارے میں حکم برابر ہے خواہ وہ ٹھہرا ہوا پانی تھوڑا ہو یا زیادہ ہو' میں اس میں غسل کرنے کو مکروہ قرار دوں گا۔

یہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی تصریح ہے' اسی طرح ہمارے اصحاب (یعنی فقہائے احناف) اور دیگر (مسالک کے فقہاء) نے بھی یہی بات بیان کی ہے۔

لیکن یہ سب کراہت تنزیہی پر محمول ہوگا' کراہت تحریمی پر محمول نہیں ہوگا۔

اگر کوئی شخص ایسے پانی میں غسل جنابت کر لیتا ہو' تو کیا وہ پانی ''مستعمل'' ہو جائے گا؟

اس بارے میں کچھ تفصیل ہے۔

اگر وہ پانی دو قلے یا اس سے زیادہ ہو' تو وہ مستعمل نہیں ہوگا' خواہ اس میں کئی لوگ مختلف اوقات میں غسل جنابت کر لیں۔

اگر پانی دو قلے سے کم ہو اور جنبی شخص نیت کے بغیر اُس میں داخل ہو جائے اور پھر پانی میں داخل ہو جانے کے بعد وہ غسل کی نیت کرے تو اس کی جنابت ختم ہو جائے گی اور پانی مستعمل ہو جائے گا۔

لیکن اگر وہ اپنے گھٹنوں تک اس پانی میں اترتا ہے' پھر مکمل طور پر اس میں داخل ہونے سے پہلے نیت کر لیتا ہے تو پانی اسی وقت مستعمل ہو جائے گا' کیونکہ اب اس کی نیت دوسری طرف ہوگئی ہے اور اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے' اس نے جتنا حصہ پانی میں داخل کیا تھا' اس سے جنابت ختم ہو جائے گی۔

صحیح یہ ہے' اس کے بقیہ جسم سے بھی جنابت ختم ہو جائے گی' اگر وہ مکمل طور پر اس میں داخل ہو جاتا ہے' صحیح اور مختار قول یہی ہے' اس کی وجہ یہ ہے' پانی اس وقت مستعمل ہوگا جب اس کی نسبت طہارت حاصل کرنے والے کی طرف کی جائے گی' اس وقت جب وہ پانی اس طہارت حاصل کرنے والے سے جدا ہو جائے۔

اگر دو افراد ایک ساتھ ایسے پانی میں داخل ہوتے ہیں جو دو قلے سے کم ہو اور ان دونوں نے کوئی نیت نہیں کی لیکن پھر داخل ہونے کے بعد وہ دونوں نیت کر لیتے ہیں اور ان دونوں کی نیت ایک ساتھ ہوتی ہے تو ان دونوں کی جنابت ختم ہو جائے گی' البتہ پانی مستعمل ہو جائے گا' لیکن اگر ان میں سے ایک دوسرے سے پہلے نیت کر لیتا ہے تو جس نے نیت کی تھی' اس کی جنابت ختم ہو جائے گی اور اس دوسرے شخص کے لیے وہ پانی مستعمل شمار ہوگا' جس کے ذریعے طہارت حاصل نہیں کی جا سکتی' اس لیے صحیح قول کے مطابق دوسرے شخص کی جنابت ختم نہیں ہوگی۔

Marfat.com

البتہ ایک شاذ قول یہ بھی ہے' اس کی بھی جنابت ختم ہو جائے گی۔

16- باب اسْتِعْمَالِ الرَّجُلِ فَضْلَ وَضُوْءِ الْمَرْاَةِ

باب: مرد کا عورت کے وضو کے بچے ہوئے پانی کو استعمال کرنا

131- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوبَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى زَائِدَةَ ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُجَشِّرٍ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِىُّ حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيْدِ قَالُوْا حَدَّثَنَا حَارِثَةُ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَقَدْ رَاَيْتُنِىْ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَتَطَهَّرُ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مجھے اپنے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات اچھی طرح یاد ہے: ہم ایک ہی برتن سے طہارت حاصل کرلیا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ زیاد بن ایوب بن زیاد بغدادی، ابوہاشم، طوسی الاصل، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 252ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۳۴۳) (۲۰۶۷)۔

○ زکریا بن یحیٰ بن زکریا بن ابوزائدۃ الوادعی، ابوزائدۃ کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۳۳۹) (۲۰۴۱)۔

○ عبیدۃ بن حمید: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 190ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۴۷)۔

○ شجاع بن ولید بن قیس السکونی، ابوبدر کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ

۱۳۱- اخرجه البخاري (۱/۳۷۲) كتاب الغسل' باب هل يدخل الجنب يده في الاناء قبل ان يغسلها اذا العديث (۲۶۱) وليس عنده: (من الجنابة)' وانما هي عند مسلم' ومسلم (۱/۲۵۶) كتاب الحيض' باب القدر المستحب من الماء في غسل الجنابة' الحديث (۴۵/۳۲۱)' وابو داؤد (۱/۶۷-۶۸) كتاب الطهارة' باب الوضوء بفضل وضوء المراة رقم (۷۷)' والنسائي (۱/۱۲۸-۱۲۹) كتاب الطهارة' باب ذكر اغتسال الرجل والمراة من اناء واحد رقم (۲۳۲' ۲۳۳' ۲۳۴' ۲۳۵)' والترمذي (۴/۲۰۵) كتاب اللباس' باب ما جاء في الجمة واتخاذ الشعر' رقم (۱۷۵۵)' وابن ماجه (۱/۱۳۳) كتاب الطهارة' باب الرجل والمراة يغتسلان من اناء واحد' حديث (۳۷۶)' واحمد (۶/۱۹۲)' والطيالسي (۱/۴۲) رقم (۱۱۶)' والحميدي (۱۵۹)' وابو عوانة (۱/۲۳۳-۲۳۴)' وابن خزيمة (۲۵۰)' وابن حبان (۱۰۹۷) من طرق كثيرة عن عائشة۔

Marfat.com

راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 204ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۴۳۲) (۲۷۶۵)۔

○ حارثہ بن ابورجال انصاری ثم نجاری مدنی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 149ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۲۱۵) (۱۰۶۹)۔

توضیح مسئلہ:

اس موضوع پر بحث کرتے ہوئے مشہور فقیہ حافظ ابن عبدالبر اندلسی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

مالك عن نافع ان عبد الله بن عمر كان يقول لا باس ان يغتسل بفضل المراة ما لم تكن حائضا او جنبا

قال ابوعمر هذا معنى قد اختلفت فيه الآثار واختلفت فيه ايضا فقهاء الامصار

قال الوليد بن مسلم سمعت الاوزاعي يقول لا باس بفضل وضوء المراة الا ان تكون حائضا او جنبا

قال الوليد وقال مالك والليث بن سعد يتوضا به اذا لم يجد غيره ولا يتيمم

وفى هذه المسالة للسلف خمسة اقوال

احدها قول بن عمر هذا وبه قال الاوزاعي وروى ذلك عن الحسن والشعبى رواه هشيم وغيره عن يونس عن الحسن

وقال اسماعيل بن ابى خالد سالت الشعبى عن فضل وضوء الحائض والجنب فنهى ان يتوضا به

والثانى الكراهية ان يتوضا الرجل بفضل المراة وان تتوضا المراة بفضل الرجل

رواه داؤد بن عبد الله الاودى عن حميد بن عبد الرحمن الحميرى قال لقيت رجلا صحب النبى -عليه السلام- ما صحبه ابوهريرة اربع سنين فقال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يغتسل الرجل بفضل المراة ولا تغتسل المراة بفضله

هكذا رواه ابوخيثمة زهير بن معاوية عن داؤد بن عبد الله الاودى عن حميد بن عبد الرحمن الحميرى

ورواه ابوعوانة عن داؤد الاودى عن حميد بن عبد الرحمن الحميرى عن ابى هريرة فاخطا فيه

وروى عبد العزيز بن المختار عن عاصم الاحول عن عبد الله بن سرجس ان النبى -عليه السلام- نهى ان يتوضا الرجل بفضل المراة والمراة بفضل الرجل ولكن ليشرعا جميعا

وقد روى سليمان التيمى عن الاعرج عن ابى هريرة ان النبى -عليه السلام- نهى ان يغتسل الرجل

Marfat.com

والمراة من اناء واحد

والوجه الثالث الكراهية ان يتوضا الرجل بفاضل طهور المراة والترخيص فى ان تتطهر المراة بفضل طهور الرجل

ورواه شعبة عن عاصم الاحول عن عبد الله بن سرجس عن النبى عليه السلام

ورواه سليمان التيمى عن ابى حاجب عن رجل من اصحاب النبى عن النبى عليه السلام ورواه شعبة عن عاصم الاحول وهو عاصم بن سليمان عن ابى حاجب عن الحكم الغفارى عن النبى عليه السلام

واسم ابى حاجب سوادة بن عاصم

وهو قول الحسن وسعيد بن المسيب رواه قتادة عنهما

وروى الوليد بن مسلم قال اخبرنى سالم انه سمع الحسن يقول اكره الوضوء بفضل المراة حائضا كانت او غير حائض

والقول الرابع انهما اذا شرعا جميعا فى التطهر فلا باس به واذا خلت المراة بالطهور فلا خير فى ان يتوضا بفضل طهورها

روى ذلك عن جويرية زوج النبى عليه السلام

ورواه الشيبانى عن عكرمة

ورواه الاوزاعى عن عطاء

وهو قول احمد بن حنبل

قال الاثرم قلت لابى عبد الله -يعنى احمد بن حنبل -فضل وضوء المراة فقال اذا خلت به تتوضا منه انما الذى رخص فيه ان يتوضا معا جميعا

وذكر حديث الحكم بن عمرو الغفارى فقال هو يرجع الى ان الكراهة اذا خلت به المراة قيل له فالمراة تتوضا بفضل الرجل قال اما الرجل فلا باس به انما كرهت المراة

وجاء عن عطاء انه قال لا يصلح للرجل ان يغتسل بماء اغتسلت به المراة الا ان يشرعا فيه جميعا

ذكره دحيم عن محمد بن شعيب عن الاوزاعى ومعاوية بن سلام عن عطاء

وذكره عبيد الله بن موسى عن زكريا عن الشعبى قال لا يغتسل الرجلان جميعا اذا اجنبا والرجل والمراة يغتسلان جميعا

وهذا غريب عجيب

والقول الخامس انه لا باس ان يتطهر كل واحد منهما بفضل طهور صاحبه شرعا جميعا او خلا كل واحد منهما به

Marfat.com

وعلى هذا القول فقهاء الامصار وجمهور العلماء والآثار فى معناه متواترة

فمنها حديث بن عباس ان امراة من نساء النبى -عليه السلام -اغتسلت من الجنابة راى رسول الله ان يغتسل من فضلها فاخبرته انها اغتسلت منه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ﴿الماء لا ينجسه شيء﴾

وروى عكرمة عن بن عباس من طرق كثيرة ومنهم من يجعله عن بن عباس عن ميمونة ومنهم من قال فيه بعض ازواج النبى عليه السلام

وروى بن عيينة عن عمرو بن دينار عن ابى الشعثاء جابر بن زيد عن بن عباس ان ميمونة اخبرته انها كانت تغتسل هى والنبى -عليه السلام -من اناء واحد -هو الفرق -من الجنابة

ولحديث عائشة طرق متواترة منهم من يقول فيه يشرعان فيه جميعا

ومنهم من يقول فيه وهما جنبان

وروى ايضا حديث عائشة من طرق سعيد بن المسيب وعكرمة ومعاذة العدوية كلهم عن عائشة بمعنى واحد

وروى ابوسلمة بن عبد الرحمن عن ام سلمة مثله قالت كنت اغتسل انا ورسول الله صلى الله عليه وسلم من اناء واحد من الجنابة

وروى من حديث على بن ابى طالب وجابر بن عبد الله وانس بن مالك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يغتسل هو وبعض نسائه من اناء واحد

وروى عن ام صبية الجهنية -وهى خولة بنت قيس -انها قالت اختلفت يدى ويد رسول الله صلى الله عليه وسلم فى اناء واحد

ومن حديث ام هانىء قالت اغتسل رسول الله صلى الله عليه وسلم وميمونة من اناء واحد

وقال بن عمر كان الرجال والنساء يتوضؤون من اناء واحد فى زمان رسول الله صلى الله عليه وسلم

وقال بن عباس لا باس ان تتوضا بفضلها وتتوضا بفضلك وكان يقول هن الطف بنانا واطيب ريحا

وقال الزهرى تتوضا بفضلها كما تتوضا بفضلك

وقال مالك لا باس بذلك حائضا كانت او جنبا

وقال الشافعى لا باس ان يتوضا بفضل الحائض والجنب لان النبى -عليه السلام -اغتسل هو وعائشة من اناء واحد فكل واحد منهما مغتسل بفضل وضوء صاحبه وليست الحيضة فى اليد وليس المؤمن بنحس وانما هو متعبد بان يمس الماء فى بعض حالاته دون بعض

الاستذکار فی معرفۃ مذاہب علماء الامصار، باب جامع غسل الجنابۃ 297/1

Marfat.com

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے وہ یہ فرماتے ہیں:
''اس میں کوئی حرج نہیں کہ آدمی عورت کے (وضو یا غسل) کے بچے ہوئے پانی سے غسل کر لے بشرطیکہ وہ عورت حائضہ نہ ہو یا جنابت کی حالت میں نہ ہو''۔

علامہ ابن عبدالبر اندلسی بیان کرتے ہیں: اس بارے میں آثار مختلف ہیں اور اس بارے میں فقہاء نے اختلاف بھی کیا ہے۔

امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: عورت کے وضو سے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے بشرطیکہ وہ عورت حیض یا جنابت کی حالت میں نہ ہو۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام لیث بن سعد یہ بیان فرماتے ہیں: اگر آدمی کو عورت کے بچے ہوئے پانی کے علاوہ اور کوئی پانی نہیں ملتا تو وہ اسی پانی کے ذریعے وضو کر لے گا اور وہ تیمم نہیں کرے گا۔

امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: حائضہ عورت یا جنبی شخص کے بچے ہوئے پانی سے وضو نہیں کیا جائے گا۔

بعض اہلِ علم نے یہ بات بیان کی ہے مرد کا عورت کے بچائے ہوئے پانی سے وضو کرنا اور عورت کا مرد کے بچائے ہوئے پانی سے وضو کرنا مکروہ ہے۔

بعض محدثین نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات بھی نقل کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کوئی مرد کسی عورت کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرے یا کوئی عورت مرد کے بچائے ہوئے پانی سے وضو کرے۔

بعض فقہاء اس بات کے قائل ہیں: مرد کا عورت کی طہارت سے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا مکروہ ہے البتہ عورت مرد کے وضو کے پانی سے بچے ہوئے پانی سے وضو کر سکتی ہے۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے اگر مرد اور عورت ایک ساتھ وضو کرنا شروع کرتے ہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن اگر عورت پہلے وضو کر لیتی ہے تو اب مرد اس کے بچے ہوئے پانی سے وضو نہیں کرے گا۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے بھی یہی بات بیان کی ہے اگر عورت پہلے کسی پانی سے وضو کر لیتی ہے تو اب مرد اس کے ذریعے وضو نہیں کرے گا کیونکہ اس بارے میں جو اجازت دی گئی ہے وہ یہ ہے: وہ دونوں ایک ساتھ وضو کر لیں۔

پانچواں قول یہ ہے: اس میں کوئی حرج نہیں ہے مرد یا عورت میں سے کوئی ایک دوسرے کے وضو سے بچے ہوئے پانی کے ذریعے وضو (یا غسل) کر سکتا ہے خواہ وہ دونوں ایک ساتھ (وضو یا غسل کرنا) شروع کریں یا ان دونوں میں سے کوئی ایک پہلے کر لے اور دوسرا بعد میں کرے۔

اکثر فقہاء اور اہلِ علم نے اسی بات کو اختیار کیا ہے۔

اور اس بات کی تائید اُس حدیث سے بھی ہو جاتی ہے جسے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے نقل کیا ہے:
''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک زوجہ نے غسل جنابت کیا' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے غسل سے بچے ہوئے پانی سے غسل

Marfat.com

کرنے لگے تو انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو اس بارے میں اطلاع دی (کہ وہ اس پانی سے پہلے ہی غسل کر چکی ہیں) تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: پانی کو کوئی چیز ناپاک نہیں کر سکتی"۔

یہی روایت سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے اور اسی نوعیت کی روایت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے مختلف حوالوں سے منقول ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بھی یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم ﷺ کے زمانۂ اقدس میں مرد اور خواتین (یعنی میاں بیوی) ایک ہی برتن کے ذریعے وضو کر لیا کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے بھی یہ بات بیان کی ہے: اس میں کوئی حرج نہیں ہے، تم عورت کے (وضو سے) بچے ہوئے پانی کے ذریعے وضو کر لو یا وہ تمہارے وضو سے بچے ہوئے پانی کے ذریعے وضو کر لے۔

زہری نے بھی یہ بات بیان کی ہے، تم اس (عورت) کے بچے ہوئے پانی کے ذریعے وضو کر سکتے ہو اور وہ تمہارے وضو کے بچے ہوئے پانی کے ذریعے وضو کر سکتی ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس میں کوئی حرج نہیں ہے، خواہ وہ عورت حیض کی حالت میں ہو یا جنابت کی حالت میں ہو۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس بارے میں کوئی حرج نہیں ہے، کوئی شخص حیض والی عورت یا جنابت کی حالت والی عورت کے وضو کے بچے ہوئے پانی کے ذریعے وضو کر لے۔

وہ یہ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے یہ بات ثابت ہے، آپ ﷺ اور سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ایک ہی برتن میں وضو کر لیتے تھے، تو گویا ان میں سے ہر ایک دوسرے کے وضو کے بچے ہوئے پانی کے ذریعے غسل کرتا تھا، ویسے بھی حیض ہاتھ میں نہیں ہوتا اور مؤمن ناپاک نہیں ہوتا۔ یہ امر تعبدی ہے کہ بعض صورتوں میں پانی استعمال کرنا پڑتا ہے اور بعض میں نہیں کرنا پڑتا ہے۔

•••——•••——•••

132- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ حَدَّثَنَا عَارِمٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ

لَقَدْ رَاَيْتُنِى اَتَوَضَّاُ مَعَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي الْاِنَاءِ الْوَاحِدِ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مجھے اپنے بارے میں اچھی طرح یاد ہے، میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ایک ہی برتن سے وضو کر لیا کرتی تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن فضل سدوسی، ابونعمان بصری: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے

Marfat.com

نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 224ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۸۸۹) (۶۲۶۶)۔

○ عبید بن عمیر بن قتادۃ لیثی، ابوعاصم مکی۔ امام مسلم نے یہ بات بیان کی ہے۔ نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں ہی پیدا ہوئے تھے۔

•••——•••——•••

133- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْهَيْثَمِ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ اَبِىْ حَرْبٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ بُكَيْرٍ عَنْ شَرِيكٍ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ اَجْنَبْتُ فَاغْتَسَلْتُ مِنْ جَفْنَةٍ فَفَضَلَتْ فِيهَا فَضْلَةٌ فَجَآءَ النَّبِىُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَغْتَسِلُ مِنْهُ فَقُلْتُ اِنِّىْ قَدِ اغْتَسَلْتُ مِنْهُ فَقَالَ الْمَاءُ لَيْسَ عَلَيْهِ جَنَابَةٌ . فَاغْتَسَلَ مِنْهُ . اخْتُلِفَ فِىْ هٰذَا الْحَدِيثِ عَلٰى سِمَاكٍ وَّلَمْ يَقُلْ فِيهِ عَنْ مَيْمُونَةَ غَيْرُ شَرِيكٍ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' وہ فرماتی ہیں: مجھے جنابت لاحق ہوگئی' میں نے ایک برتن سے غسل کرلیا اور اس میں کچھ پانی بچ گیا' پھر نبی اکرم ﷺ تشریف لائے' آپ اس سے غسل کرنے لگے تو میں نے عرض کی: میں نے اس برتن سے غسل کیا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس پانی کو جنابت لاحق نہیں ہوئی ہے' پھر نبی اکرم ﷺ نے اس برتن سے غسل کرلیا۔

اس روایت میں سماط نامی راوی سے اختلاف کیا گیا ہے اور اس میں صرف شریک نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: یہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن احمد بن ہیثم بن خالد، ابوحسن البزار، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 328ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۱/۳۲۰) (۶۱۲۹)۔

۱۳۳- اخرجه احمد (٦/ ٣٣٠)، وابو داؤد (١/ ٥٥-٥٦) كتاب الطهارة، باب الماء يجنب، الحديث (٦٨)، والترمذي (١/ ٩٤) كتاب الطهارة، باب الرخصة في فضل طهور المراة، الحديث (٦٥)، والنسائي (١/ ١٧٣) كتاب المياه باب (١)، وابن ماجه (١/ ١٣٢) كتاب الطهارة، باب الرخصة بفضل وضوء المراة، الحديث (٣٧٠)، عن ابن عباس..... فذكره نحو هذه القصة، قال الترمذي: (هذا حديث حسن صحيح)، وصححه ابن خزيمة برقم (١٠٩)-

وقال ابن ابي حاتم في العلل (١/ ٤٣): سالت ابا زرعة عن حديث رواه سفيان، عن سماك، عن عكرمة، عن ابن عباس، ان بعض ازواج النبي صلى الله عليه وسلم اغتسلت من جنابة، فجاء النبي فقالت له، فتوضا بفضلها، وقال: (الماء لا ينجسه شيء)- ورواه شريك، عن سماك، عن عكرمة، عن ابن عباس، عن ميمونة؟ فقال: الصحيح عن ابن عباس، عن النبي صلى الله عليه وسلم بلا ميمونة- وللحديث شاهد من حديث ابن عباس بنحو حديث ميمونة- وانظر: تخريج الحديث (١٣٧)-

Marfat.com

○ عیسیٰ بن موسیٰ بن ابوحرب، ابویحیٰ صفار بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 267ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۱/۱۶۵)(۵۸۶۳)۔

○ یحییٰ بن ابوبکیر، الکرمانی، کوفی الاصل، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 209ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۰۵۰)(۷۵۶۶)۔

○ سماک ابن حرب بن اوس بن خالد الذھلی البکری کوفی، ابومغیرۃ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 123ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۳۲)(۵۱۹)۔

•••——•••——•••

134- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ

كُنَّا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَتَوَضَّاُ الرَّجُلُ وَالْمَرْاَةُ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ .

تَابَعَهٗ اَيُّوْبُ وَمَالِكٌ وَّابْنُ جُرَيْجٍ وَّغَيْرُهُمْ .

✰✰ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں مرد اور خواتین (یعنی میاں بیوی) ایک ہی برتن سے وضو کرلیا کرتے تھے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

۱۳٤-اخرجه مالك في (الموطا) (۱/ ۲٤) كتاب الطهارة' باب الطهور للوضوء' حديث (١٥) عن نافع' عنه' به نحوه- ومن طريق مالك اخرجه البخاري (۱/ ۲۹۹) كتاب الوضوء' باب: وضوء الرجل مع امراته وفضل وضوء امراته' وتوضا عمر بالحميم ومن بيت نصرانية' حديث (۱۹۳)' وابو داؤد (۱/ ۲۰) كتاب الطهارة' باب: الوضوء بفضل وضوء المراة' حديث (۷۹)- والنسائي (۱/ ٥۷) كتاب الطهارة ومننها' باب: الرجل والمراة يتوضآن من اناء واحد' حديث (۲۸۱)- والشافعي (۱/ ۳۲) كتاب الطهارة' باب: في المياه' حديث (٤۱)- وابن حبان (٤/ ٧٦) كتاب الطهارة' باب: الوضوء بفضل وضوء المراة' حديث (۱۲٦٥)- والبيهقي (۱/ ۱۹۰) كتاب الطهارة' باب: فضل المحدث-

واخرجه احمد (۲/ ۱۰۳)' وابو داؤد (۱/ ۲۰) كتاب الطهارة' باب الوضوء بفضل وضوء المراة' حديث (۸۰)' وابن خزيمة (۱/ ٦۳) برقم (۱۲۱)' وابن حبان (٤/ ٧٥) كتاب الطهارة' باب الوضوء بفضل وضوء المراة' حديث (۱۲٦٤) وابن الجارود (۱/ ٦۱) برقم (٥٨)' والبيهقي (۱/ ۱۹۰) كتاب الطهارة' باب فضل المحدث- كلهم من طريق عبيد الله باسناد الدارقطني' واخرجه ابو داؤد (۷۹)' وابن خزيمة (۱/ ۱۰۲-۱۰۳) (۲۰٥)' والبيهقي (۱/ ۱۹۰) كلهم من طرق' عن نافع' به-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن یزید بن محمد بن کثیر عجلی، ابوہشام الرفاعی، کوفی، قاضی المدائن: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 248ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۹۰۹) (۶۴۴۲)۔

○ سلیمان بن حیان ازدی، ابوخالد الاحمر کوفی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 190ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۴۰۶) (۲۵۶۲)۔

•••——•••——•••

135- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ عِلْمِىْ وَالَّذِىْ يَسْكُنُ عَلٰى بَالِىْ اَنَّ اَبَا الشَّعْثَاءِ حَدَّثَنَا اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهُ

اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَغْتَسِلُ بِفَضْلِ مَيْمُوْنَةَ .

اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے (غسل یا وضو کے) بچے ہوئے پانی سے غسل کرلیا کرتے تھے۔

اس کی سند ''صحیح'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن یحییٰ بن سعید قطان، ابوسعید بصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 258ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۹۹) (۱۰۷)۔

○ روح بن عبادۃ بن العلاء بن حسان القیسی، ابومحمد بصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 207ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۳۲۹) (۱۹۷۳)۔

۱۳۵- اخرجه احمد (۱/ ۳۶۶)' ومسلم (۱/ ۲۵۷) كتاب الحيض' باب القدر المستحب من الماء في غسل الجنابة' الحديث (۴۸/ ۳۲۳)' والبيهقي (۱/ ۱۸۸)؛ كتاب الطهارة' باب في فضل الجنب' من حديث ابن جريج' عن عمرو بن دينار' قال: اكبر علمي' والذي يخطر على بالي ان ابا الشعثاء اخبرني' ان ابن عباس اخبره: (ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يغتسل بفضل ميمونة)- والحديث اخرجه ابن خزيمة (۱/ ۵۷) رقم (۱۰۸)' وانظر: تخريج الحديث (۱۳۲)-

Marfat.com

○ جابر بن زید ازدی، الیحمدی، ابوالشعثاء، الجوفی، بصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۴/۴۳۳)(۸۶۶)

•••———•••———•••

136- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا ابْنُ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنْبَأَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِى عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ عِلْمِى وَالَّذِى يَخْطُرُ عَلَى بَالِى أَنَّ أَبَا الشَّعْثَاءِ أَخْبَرَنِى أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ

أَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَغْتَسِلُ بِفَضْلِ مَيْمُونَةَ .

إِسْنَادٌ صَحِيحٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے (غسل یا وضو کے) بچے ہوئے پانی سے غسل کرلیا کرتے تھے۔

اس کی سند ''صحیح'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حمید بن مخلد بن قتیبہ بن عبداللہ ازدی، ابواحمد بن زنجویہ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 248ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۲۷۶) (۱۵۶۷)۔

•••———•••———•••

137- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ أَخْزَمَ وَأَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالاَ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

حَدَّثَتْنِى مَيْمُونَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ أَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَوَضَّأَ بِفَضْلِ غُسْلِهَا مِنَ الْجَنَابَةِ .

وَقَالَ الرَّمَادِىُّ تَوَضَّأَ مِنْ فَضْلِ وَضُوئِهَا مِنَ الْجَنَابَةِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: سیّدہ میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے غسل جنابت سے بچے ہوئے پانی سے وضو کرلیا تھا۔

رمادی نامی راوی نے یہ بات نقل کی ہے: سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے جنابت کی حالت میں پانی سے وضو کیا تھا' اس کے بچے ہوئے پانی سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا تھا۔

۱۳۶- اخرجه احمد (۱/۳۶٦)، والبيهقي (۱/۱۸۸)، وابن خزيمة (۱/۵۷) رقم (۱۰۸) من طريق عبد الرزاق، به. وانظر: الحديث السابق-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ زید بن اخزم طائی نبہانی ابوطالب بصری، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 257ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۰)(۲۱۲۶)۔

•••———•••———•••

138- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا حَاجِبٍ يُحَدِّثُ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَمْرٍو

اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَهٰى اَنْ يَّتَوَضَّاَ بِفَضْلِ وَضُوْءِ الْمَرْاَةِ اَوْ قَالَ شَرَابِهَا.

قَالَ شُعْبَةُ وَاَخْبَرَنِىْ سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا حَاجِبٍ يُحَدِّثُ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَهٰى اَنْ يَّتَوَضَّاَ بِفَضْلِ وَضُوْءِ الْمَرْاَةِ .

اَبُوْ حَاجِبٍ اسْمُهٗ سَوَادَةُ بْنُ عَاصِمٍ وَّاخْتُلِفَ عَنْهُ فَرَوَاهُ عِمْرَانُ بْنُ حُدَيْرٍ وَّغَزْوَانُ بْنُ حُجَيْرٍ السَّدُوْسِيُّ عَنْهُ مَوْقُوْفًا مِّنْ قَوْلِ الْحَكَمِ غَيْرَ مَرْفُوْعٍ اِلَى النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

☆☆ حضرت حکم بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے' مرد' عورت کے وضو سے بچے ہوئے پانی سے وضو کرے۔ (راوی کو شک ہے' شاید یہ الفاظ ہیں:) عورت کے پینے کے بعد بچے ہوئے پانی سے (وضو کرے)۔

شعبہ نامی راوی یہ بات بیان کرتے ہیں: سلیمان تیمی نے یہ بات بیان کی ہے: ابوحاجب نے نبی اکرم ﷺ کے ایک صحابی کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے' عورت کے وضو کے بچے ہوئے پانی سے وضو کیا جائے۔

۱۳۸-اخرجه ابو داؤد (۱/ ٦٣) كتاب الطهارة' باب: النهي عن الوضوء بفضل المراة' الحديث (۸۲)' والترمذي (۱/ ۹۳) كتاب الطهارة' باب: في كراهية فضل طهور المراة' الحديث (٦٤)' والطيالسي ص (۱۷٦)' والحديث (۱۲۵۲)' واحمد (٥/ ٦٦)' والبخاري في التاريخ الكبير (٤/ ۱۸٥)' والنسائي (۱/ ۱۷۹): كتاب المياه' باب النهي عن فضل وضوء المراة' وابن ماجه (۱/ ۱۳۲) كتاب الطهارة' باب النهي عن فضل وضوء المراة' الحديث (۳۷۳)' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/ ۲٤) كتاب الطهارة' باب سور بني آدم' والبيهقي (۱/ ۱۹۱) كتاب الطهارة' باب ما جاء في النهي عن فضل المحدث' وابن حبان (۲۲٤-موارد الظمآن) كتاب الطهارة' باب فضل طهور المراة' كلهم من رواية شعبة' عن عاصم الاحول قال: سمعت ابا حاجب يحدث عن الحكم بن عمرو الغفاري به' وقال الترمذي: هذا حديث حسن' وصححه ابن حبان-

وقال البيهقي في السنن (۱/ ۱۹۲): (وبلغني عن الترمذي انه قال: سالت محمدا - يعني: البخاري - عن هذا الحديث! فقال: ليس بصحيح)' ثم اسند عن الدارقطني انه قال: (اختلف فيه' فرواه عمران بن حدير' وغزوان بن جرير السدوسي عنه موقوفاً من قول الحكم غير مرفوع الى النبي صلى الله عليه وسلم ' ما ما ذكره البيهقي عن الترمذي فهو في (علله الكبير) (ص٤٠)-

Marfat.com

ابوحاجب نامی راوی کا نام سوادہ بن عاصم ہے' ان کے حوالے سے اس روایت میں اختلاف کیا گیا ہے' بعض راویوں نے اسے حکم کے قول کے طور پر "موقوف" روایت کے طور پر نقل کیا ہے' اسے نبی اکرم ﷺ تک "مرفوع" روایت کے طور نقل نہیں کیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عاصم بن سلیمان الاحول، ابوعبدالرحمٰن بصری: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 140ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۲۷۱) (۳۰۷۷)۔

○ سوادۃ بن عاصم عنزی ابوحاجب بصری: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۴۲۲) (۲۶۹۶)۔

139- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ اَنْبَاَنَا خَارِجَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا سَالِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَتْنِي مَوْلَاتِي خَوْلَةُ بِنْتُ قَيْسٍ اَنَّهَا كَانَتْ تَخْتَلِفُ يَدُهَا وَيَدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِيْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ تَتَوَضَّاُ هِيَ وَالنَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) .

☆☆ سیّدہ خولہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا یہ فرماتی ہیں:) ان کا ہاتھ اور نبی اکرم ﷺ کا دستِ مبارک ایک ہی برتن میں آگے پیچھے داخل ہوتے تھے' وہ اور نبی اکرم ﷺ (ایک ساتھ) وضو کیا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ زید بن حباب ابوحسین عکلی: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 203ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۱) (۲۱۳۶)۔

○ خارجۃ بن عبداللہ بن سلیمان بن زید بن ثابت انصاری، ابوزید مدنی: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں

۱۳۹- اخرجه احمد (۶/۳۶۶، ۳۶۷)، وابو داؤد (۱/۲۰) كتاب الطهارة، باب الوضوء بفضل وضوء المراة، حديث (۷۸)، وابن ماجه (۱/۱۳۵) كتاب الطهارة، باب الرجل والمراة يتوضآن من اناء واحد، حديث (۳۸۲)- والبخاري في (الأدب المفرد) (۱۰۶۲)، والبيهقي في (السنن) (۱/۱۹۰) كتاب الطهارة، باب: فضل المحدث كلهم عنها، به- وخولة بنت قيس هي: ام حبيبة-

Marfat.com

''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 165ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۲۸۳) (۱۶۲۱)۔

○ سالم بن سرج ابونعمان مدنی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۹، ۳۶۰) (۲۱۸۷)۔

•••———•••———•••

17- بَابُ الْاِسْتِنْجَاءِ

باب: استنجاء کا بیان

140- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ لَهُ بَعْضُ الْمُشْرِكِينَ وَهُوَ يَسْتَهْزِءُ بِهِ اِنِّى لَارَى صَاحِبَكُمْ يُعَلِّمُكُمْ كُلَّ شَيْءٍ حَتَّى الْخِرَاءَةَ قَالَ اَجَلْ اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنْ لَّا نَسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ وَلَانَسْتَدْبِرَهَا وَلَانَسْتَنْجِىَ بِاَيْمَانِنَا وَلَانَكْتَفِىَ بِدُونِ ثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ لَيْسَ فِيهَا عَظْمٌ وَلَارَجِيعٌ۔

☆☆ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: کسی مشرک نے ان کا مذاق اُڑاتے ہوئے ان سے یہ کہا: میں نے یہ بات نوٹ کی ہے' آپ کے آقا نے آپ کو ہر چیز کی تعلیم دی ہے یہاں تک کہ رفع حاجت کے طریقے کی بھی تعلیم دی ہے' تو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں! اللہ کے رسول نے ہمیں یہ ہدایت کی ہے' ہم استنجاء کرتے ہوئے قبلہ کی طرف رُخ یا پیٹھ نہ کریں اور دائیں ہاتھ کے ذریعے استنجاء نہ کریں اور تین پتھروں سے کم کے ذریعہ استنجاء نہ کریں' ان پتھروں میں کوئی ہڈی یا مینگنی نہیں ہونی چاہیے۔

<u>راویانِ حدیث کا تعارف:</u>

○ عبدالرحمٰن بن یزید بن قیس نخعی، ابوبکر کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 83ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب

۱۴۰- اخرجه الطيالسي ص (۹۱)' الحديث (٦٥٤)' واحمد (٥/٤٣٧' ٤٣٩)' ومسلم (۱/۲۲۳): كتاب الطهارة' باب الاستطابة' الحديث (۵۷/۲٦۲)' وابو داؤد (۱/۱۷) كتاب الطهارة' باب كراهية استقبال القبلة عند قضاء الحاجة' الحديث (۷)' والترمذي (۱/۲٤) كتاب الطهارة' باب الاستنجاء بالحجارة' الحديث (۱٦) وابن ماجه (۱/۱۱۵) كتاب الطهارة' باب الاستنجاء بالحجارة والنهي عن الروث والرمة' الحديث (۳۱٦)' وابن الجارود (ص:۲۰) كتاب الطهارة' باب كراهية استقبال القبلة للغائط والبول والاستنجاء' الحديث (۲۹)' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/۱۲۲) كتاب الطهارة' باب الاستجمار بالعظام' والبيهقي (۱/۱۰۲)' كتاب الطهارة' باب وجوب الاستنجاء بثلاثة احجار-

Marfat.com

التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۰۴)(۴۷۰)۔

توضیح مسئلہ:

لفظ ''استنجاء'' کا مطلب اگلی یا پچھلی شرمگاہ میں سے نکلنے والی چیز کو زائل (صاف) کرنا ہے' اس مقام سے جہاں سے وہ نکلی ہے' خواہ یہ عمل پانی کے ذریعے کیا جائے یا پتھر کے ذریعے یا ان کی مانند کسی بھی اور چیز کے ذریعے کیا جائے۔

استنجاء کو ''استطابہ'' (پاکیزگی حاصل کرنا) بھی کہا جاتا ہے' بالکل اسی طرح جیسے اسے ''استجمار'' بھی کہا جاتا ہے' البتہ لفظ استجمار پتھروں کے ذریعے استنجاء کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے' جن کے ذریعے انسان مخرج سے نجاست کو صاف کر دیتا ہے (یہ لفظ ''استجمار' لفظ ''جمار'' سے ماخوذ ہے' جو چھوٹی کنکریوں کو کہتے ہیں)۔

استنجاء کو ''استطابہ'' اس لیے کہتے ہیں' کیونکہ اس عمل کے نتیجے میں انسان کی طبیعت پاک صاف اور ہلکی پھلکی ہو جاتی ہے۔

اس عمل کو ''استنجاء'' اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ یہ لفظ ''نجوت الشجرة'' سے ماخوذ ہے' جس کا مطلب درخت کو کاٹنا ہے' کیونکہ اس عمل کے ذریعے نجاست کو اس کے مقام سے الگ کر دیا جاتا ہے (اس لیے اسے استنجاء کا نام دیا گیا ہے)۔

استنجاء کرنے میں اصلی طریقہ یہ ہے: وہ پانی کے ذریعے کیا جائے' جہاں تک پانی کے ذریعے استنجاء کرنے کا تعلق ہے' تو یہ ہم سے پہلے کی اُمتوں میں بھی مشروع تھا۔

یہ بات روایت کی گئی ہے' سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پانی کے ذریعے استنجاء کیا تھا۔

لیکن اسلامی شریعت میں چونکہ آسانی اور نرمی کا پہلو پایا جاتا ہے' اس لیے شریعت نے یہ حکم دیا ہے' پتھر وغیرہ کے ذریعہ بھی استنجاء کیا جا سکتا ہے۔

استنجاء کے حکم کے حوالے سے احناف کی یہ رائے ہے: عام عادت کے اعتبار سے جب تک نجاست اپنے مخرج سے تجاوز نہ کرے' اس وقت تک استنجاء کرنا سنت مؤکدہ ہے' یہ حکم مردوں اور خواتین دونوں کے لیے ہے۔

اس کی دلیل احناف نے یہ پیش کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''(استنجاء کرنے کے لیے) جو شخص پتھر استعمال کرے وہ طاق تعداد میں انہیں استعمال کرے' جو ایسا کرے گا تو اس نے اچھا کیا اور جو نہیں کرتا تو اس میں کوئی حرج بھی نہیں ہے۔ (ابوداؤد' ابن ماجہ' مسند احمد' سنن بیہقی' ابن حبان)

لیکن اگر نجاست اپنے مخرج سے تجاوز کر جاتی ہے تو اگر تجاوز کرنے والی نجاست کی مقدار ایک درہم جتنی ہو' تو اسے پانی کے ذریعے صاف کرنا واجب ہو جائے گا۔

دیگر فقہاء اس بات کے قائل ہیں: ''سبیلین'' سے عام عادت کے مطابق خارج ہونے والی ہر چیز کے لیے استنجاء کرنا یا پتھر کے ذریعے انہیں صاف کرنا واجب ہے۔ عام عادت کے مطابق خارج ہونے والی چیزوں میں پیشاب' پاخانہ' مذی وغیرہ شامل ہیں۔

Marfat.com

ان حضرات نے اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کی ہے ارشادِ باری تعالیٰ ہے:
''اور ناپاکی سے لاتعلق رہو''۔
یہاں ''امر'' کا صیغہ استعمال کیا گیا ہے۔
اس حکم میں عمومی مفہوم پایا جاتا ہے اور یہ ہر جگہ اور محل کو عام ہوگا' خواہ اس کا تعلق لباس کے ساتھ ہو یا جسم کے ساتھ ہو۔

ان حضرات نے اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل بھی پیش کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:
''کوئی بھی شخص تین پتھروں سے کم کے ذریعے استنجاء نہ کرے''۔
حدیث کے یہ الفاظ امام مسلم نے نقل کیے ہیں۔

امام ابوجعفر طحاوی کی تحقیق:

اس موضوع سے متعلق امام ابوجعفر طحاوی نے بعض روایات نقل کی ہیں' انہیں نقل کرنے کے بعد امام طحاوی یہ تحریر فرماتے ہیں:
''کچھ حضرات نے اس رائے کو اختیار کیا ہے: استنجاء کرتے وقت تین سے کم پتھر استعمال کرنا جائز نہیں ہیں اور اُنہوں نے دلیل کے طور پر وہ روایات نقل کی ہیں' جنہیں ابھی ہم ذکر کر چکے ہیں۔
بعض دیگر حضرات نے اس کے برعکس رائے پیش کی ہیں' وہ یہ کہتے ہیں: جب انسان (استنجاء کرتے ہوئے) پتھر استعمال کرے تو اتنے استعمال کرنے چاہئیں جس کے ذریعے گندگی صاف ہو جائے' خواہ وہ تین ہوں' یا اس سے زیادہ ہوں یا اس سے کم ہوں' طاق تعداد میں ہو یا طاق تعداد میں نہ ہو' تو وہ شخص پاک ہو جاتا ہے۔
ان حضرات نے اس بارے میں یہ دلیل پیش کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے یہاں طاقت تعداد میں (پتھر لانے کا) جو حکم دیا ہے' اُس میں اِس بات کا احتمال پایا جاتا ہے' طاق تعداد استعمال کرنا استحباب کے طور پر ہو' ایسا نہ ہو کہ جو شخص طاق تعداد میں انہیں استعمال نہ کرے' وہ پاک ہی نہ ہو' اور اس میں اس بات کا بھی احتمال پایا جاتا ہے' نبی اکرم ﷺ نے یہ تعداد اس حوالے سے متعین کی ہو' جو شخص طاق تعداد میں انہیں استعمال نہ کرے' وہ (شرعی طور پر) پاک شمار نہ ہو۔
تو اب ہم اس بات کا جائزہ لیں گے: کیا ہمیں اس حوالے سے کوئی ایسی روایت ملتی ہے؟ جو اس بارے میں ہماری رہنمائی کر سکے!

اس حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جو شخص سرمہ لگائے وہ طاق تعداد میں لگائے' جو ایسا کرے گا تو اس نے اچھا کیا اور جو ایسا نہیں کرتا تو اس میں (شرعی اعتبار سے) کوئی حرج نہیں ہے' اور جو شخص (استنجاء کرتے ہوئے) پتھر استعمال کرے' وہ طاق تعداد میں کرے' جو ایسا کرے گا اس نے اچھا کیا (اور جس نے ایسا نہ کیا تو اس میں کوئی حرج بھی نہیں) اور جو شخص کسی

Marfat.com

(تیلی) وغیرہ کے ذریعے دانتوں کا خلال کرے' اسے (خلال کے نتیجے میں نکلنے والی چیز کو پھینک دینا چاہیے) اور جو شخص زبان کے ذریعے مَل کر (دانتوں میں سے کوئی چیز نکال دے) اُسے وہ نگل لینی چاہیے' جو شخص ایسا کرے گا تو اس نے اچھا کیا اور جو نہیں کرے گا تو اس میں کوئی حرج بھی نہیں ہے' جو شخص قضائے حاجت کرنے کے لیے آئے' اُسے پردہ کر لینا چاہیے' یہاں تک کہ پردہ کرنے کے لیے اُسے ٹیلہ ملے تو اسے ہی اکٹھا کر کے اس کے ذریعے پردہ کرے' کیونکہ شیطان آدم کی شرمگاہوں کی کھیلتا ہے''۔

اس کے بعد امام ابوجعفر طحاوی نے یہ بات بیان کی ہے' یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ زائد ہیں:

''جو شخص (استنجاء کرتے ہوئے) پتھر استعمال کرے تو وہ طاق تعداد میں استعمال کرے' اگر وہ ایسا کرتا ہے تو اچھا کرتا ہے' اگر وہ ایسا نہیں بھی کرتا تو کوئی حرج بھی نہیں ہے''۔

(امام ابوجعفر طحاوی نے یہ بات بیان کی ہے) اس سے یہ ثابت ہوتا ہے' نبی اکرم ﷺ نے سابقہ ذکر شدہ آثار میں طاق تعداد میں پتھر استعمال کرنے کا جو حکم دیا ہے' وہ طاق تعداد کے استحباب کے طور پر ہے' یہ لازم نہیں ہے' اس کے بغیر استنجاء کرنا جائز ہی نہیں ہے۔

اس کے بعد امام ابوجعفر طحاوی نے یہ بات بیان کی ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ایک روایت نقل کی گئی ہے' جو اس مفہوم کی وضاحت کرتی ہے۔

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھا' آپ ﷺ قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے تین پتھر لا دو۔ (حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) میں نے انہیں تلاش کیا تو مجھے دو پتھر اور ایک مینگنی ملی' تو نبی اکرم ﷺ نے مینگنی کو پھینک دیا اور پتھر لے لیے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ (مینگنی) ناپاک ہوتی ہیں''۔

اس کے بعد ابوجعفر طحاوی نے اسی روایت کی ایک اور سند نقل کی ہے' پھر انہوں نے یہ بات بیان کی ہے' اس حدیث سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے' نبی اکرم ﷺ قضائے حاجت کے لیے ایک ایسے مقام پر موجود تھے جہاں پتھر نہیں تھے' کیونکہ آپ ﷺ کا حضرت عبداللہ کو یہ کہنا: مجھے تین پتھر لا دو' یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے' وہاں ایسی صورتِ حال تھی' کیونکہ اگر نبی اکرم ﷺ کے آس پاس پتھر موجود ہوتے تو آپ ﷺ کو دوسرے کو کہنے کی ضرورت نہیں تھی' وہ آپ ﷺ کو پتھر لا کر دے۔

پھر جب حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' آپ ﷺ کی خدمت میں دو پتھر اور ایک مینگنی لے کر حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے مینگنی کو ایک طرف کر دیا اور دو پتھر لے لیے۔

یہ بھی اس بات پر دلالت کرتا ہے: نبی اکرم ﷺ نے اس وقت دو پتھر استعمال کیے ہوں گے۔

Marfat.com

اور یہ اس بات پر بھی دلالت کرتا ہے' نبی اکرم ﷺ کے نزدیک ان دونوں پتھروں کے ذریعے طہارت حاصل کرنا اسی طرح جائز ہے' جس طرح تین پتھروں کے ذریعے طہارت حاصل کرنا جائز ہے۔

کیونکہ اگر تین سے کم پتھروں کے ذریعے طہارت حاصل کرنا جائز نہ ہوتا تو نبی اکرم ﷺ دو پتھروں پر اکتفاء نہ کرتے۔ اور آپ ﷺ' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیتے' وہ آپ ﷺ کے لیے تیسرا پتھر تلاش کر کے لائیں' تو آپ ﷺ کا اس عمل کو ترک کرنا اس بات کی دلیل ہے: آپ ﷺ نے صرف دو پتھروں پر اکتفاء کیا۔

روایات کے مفہوم کی تصحیح کے حوالے سے اس بارے میں یہ بحث تھی۔

(امام جعفر طحاوی فرماتے ہیں:) اب ہم قیاس کے اعتبار سے اس مسئلے کا جائزہ لیتے ہیں' ہم نے یہ بات دیکھی: پاخانہ یا پیشاب جب ان دونوں کو پانی کے ذریعے ایک مرتبہ دھولیا جائے اور اس ایک مرتبہ دھونے کے نتیجے میں ان دونوں کا اثر یا ان کی بوختم ہو جائے اور اس کا کوئی بھی اثر باقی نہ رہے تو وہ جگہ پاک شمار ہوتی ہے' لیکن اگر ان کا اثر زائل نہ ہو' تو اس مقام کو دوسری مرتبہ دھونے کی ضرورت پیش آتی ہے' اگر دوسری مرتبہ دھونے کے ساتھ نجاست صاف ہو جاتی ہے تو اس کے ذریعے انسان پاک ہو جائے گا' بالکل اسی طرح جس طرح ایک مرتبہ دھونے سے بھی پاک ہو سکتا ہے' لیکن اگر دو مرتبہ دھونے سے بھی وہ نجاست زائل نہیں ہوتی تو اب اس کے بعد پھر اسے دھونے کی ضرورت پیش آئے گی' جب تک وہ نجاست صاف نہیں ہو جاتی۔ اس لیے پتھروں کے استعمال کے ذریعے بھی وہی مقصد حاصل کیا جاتا ہے جو پانی کے استعمال کے ذریعے سے حاصل کیا جاتا ہے' جس طرح دھونے میں کوئی متعین مقدار نہیں ہے' اس طرح پتھروں کے استعمال میں بھی کوئی متعین مقدار نہیں ہونی چاہیے۔

اس کے بعد امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ' امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ اسی بات کے قائل ہیں۔

امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس موضوع پر بحث کرتے ہوئے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہڈی یا مینگنی کے ذریعے سے پاکیزگی حاصل کرنے سے منع کیا ہے۔

اس کے بعد امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند کے حوالے سے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے' وہ فرماتے ہیں: ''ہمیں اس بات سے منع کیا گیا ہے' ہڈی یا مینگنی کے ذریعے استنجاء کریں''۔

اس کے بعد ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک اور صحابی کے حوالے سے روایت نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے' مینگنی یا ہڈی کے ذریعے استنجاء کیا جائے۔

اس کے بعد امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس بارے میں بعض دیگر روایات نقل کی ہیں' ان تمام روایات کو نقل کرنے کے بعد امام ابوجعفر طحاوی نے یہ بات بیان کی ہے' ان احادیث سے یہ بات ثابت ہوتی ہے' نبی اکرم ﷺ نے ہڈی کے ذریعے استنجاء کرنے سے اس لیے منع فرمایا ہے' کیونکہ یہ جنات کی خوراک ہے' آپ ﷺ نے اس حوالے سے منع نہیں کیا' ہڈی کے

Marfat.com

ذریعے استنجاء کرنے سے انسان پاک نہیں ہوتا' بالکل اسی طرح جس طرح پتھر کے ذریعے استنجاء کرنے سے انسان پاک ہو جاتا ہے۔

ہڈی کے ذریعے استنجاء کر کے بھی انسان پاک ہو جاتا ہے۔

یہی امام ابوحنیفہ' امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ کا موقف ہے۔

•••——•••——•••

141- حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ وَّاَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حمید بن ربیع بن حمید بن مالک بن سحیم: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۳۸۵/۲) (۲۳۳۰)۔

•••——•••——•••

142- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ ح وَاَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَا اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَّنْصُوْرٍ وَّالْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ

قَالَ الْمُشْرِكُوْنَ اِنَّا نَرٰى صَاحِبَكُمْ يُعَلِّمُكُمْ حَتّٰى يُعَلِّمَكُمُ الْخِرَاءَةَ . قَالَ اَجَلْ اِنَّهٗ لَيَنْهَانَا اَنْ يَّسْتَنْجِيَ اَحَدُنَا بِيَمِيْنِهٖ اَوْ يَسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ وَيَنْهَانَا عَنِ الرَّوْثِ وَالْعِظَامِ وَقَالَ لَا يَسْتَنْجِي اَحَدُكُمْ بِدُوْنِ ثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ .

اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ.

☆☆ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: کچھ مشرکین نے ان سے یہ کہا: ہم نے یہ بات نوٹ کی ہے' آپ کے آقا نے آپ کو ہر طرح کی بات کی تعلیم دی ہے' یہاں تک کہ آپ کو استنجاء کرنے کے طریقے کی بھی تعلیم دی ہے' تو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات سے منع کیا ہے' ہم میں سے کوئی شخص اپنے دائیں ہاتھ کے ذریعے استنجاء کرے' یا قبلہ کی طرف رخ کر کے استنجاء کرے' اور آپ نے ہمیں مینگنی اور ہڈی سے استنجاء کرنے سے بھی منع کیا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: کوئی شخص تین پتھروں سے کم (پتھروں کے ذریعے) استنجاء نہ کرے۔

اس حدیث کی سند ''صحیح'' ہے۔

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن سنان بن اسد بن حبان ابوجعفر قطان واسطی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 259ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۹۰) (۴۴)۔

○ منصور بن المعتمر بن عبداللہ سلمی، ابوعتاب کوفی، ''ثقہ'' یہ اعمش کے طبقے سے تعلق رکھتی ہیں۔ انتقال 132 ہجری میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۹۷۳) (۶۹۵۶)۔

•••———•••———•••

143- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ وَّالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِىْ حَازِمٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنْ مُسْلِمٍ وَّهُوَ ابْنُ قُرْطٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ
اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِذَا ذَهَبَ اَحَدُكُمْ لِحَاجَتِهٖ فَلْيَسْتَطِبْ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ فَاِنَّهَا تُجْزِئُهٗ .
اِسْنَادٌ حَسَنٌ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جب کوئی شخص قضائے حاجت کے لیے جائے تو وہ تین پتھروں کے ذریعے پاکیزگی حاصل کرے' ایسا کرنا اس کے لیے کافی ہوگا''۔
اس روایت کی سند ''حسن'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالعزیز بن ابوحازم سلمۃ بن دینار مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 184ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۱۱) (۵۹۳۷)۔

○ مسلم بن قرط مدنی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی'

۱۴۳- اخرجه احمد (۱۰۸/۶) وابو داؤد (۳۷/۱) کتاب الطهارة، الحديث (۴۰) والنسائي (۱/۴۱-۴۲) کتاب الطهارة، باب الاجتزاء في الاستطابة بالحجارة دون غيرها، والدارمي (۱۷۰/۱) والبيهقي (۱۰۲/۱) وله شاهد من حديث ابي ايوب مرفوعاً: (اذا توضا احدكم فليمسح بثلاثة احجار، فان ذلك كافيه) اخرجه الطبراني في (الاوسط) كما في مجمع الزوائد (۲۱۱/۱) والكبير (۱۷۴/۴) الحديث (۴۰۵۵)- وقال الهيثمي: ورجاله موثقون الا ان ابا شعيب صاحب ابي ايوب ولم ارفيه تعديلا ولا جرحا-

Marfat.com

(۹۴۰)(۲۶۸۳)۔

•••———•••———•••

144- حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الزَّيَّاتُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِى الرَّبِيعِ الْجُرْجَانِيُّ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ زَنْجَوَيْهِ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِىُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الصَّنْعَانِىُّ قَالُوْا اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) ذَهَبَ لِحَاجَتِهٖ فَاَمَرَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ اَنْ يَّاْتِيَهٗ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ فَجَآءَهٗ بِحَجَرَيْنِ وَرَوْثَةٍ فَاَلْقَى الرَّوْثَةَ وَقَالَ اِنَّهَا رِكْسٌ ائْتِنِىْ بِحَجَرٍ ۔ تَابَعَهٗ اَبُوْ شَيْبَةَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُوْلٍ حَدَّثَنَا جَدِّىْ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنْ اَبِىْ شَيْبَةَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ خَرَجْتُ يَوْمًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ فَاَمَرَنِىْ اَنْ اٰتِيَهٗ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ قَالَ فَاَتَيْتُهٗ بِحَجَرَيْنِ وَرَوْثَةٍ قَالَ فَاَلْقَى الرَّوْثَةَ وَقَالَ اِنَّهَا رِكْسٌ فَائْتِنِىْ بِغَيْرِهَا ۔ اخْتُلِفَ عَلٰى اَبِىْ اِسْحَاقَ فِىْ اِسْنَادِ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَقَدْ بَيَّنْتُ الْاِخْتِلَافَ فِىْ مَوْضِعٍ اٰخَرَ۔

✪✪ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے' آپ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ ہدایت کی: وہ آپ کے لیے تین پتھر لے کر آئیں۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ دو پتھر اور ایک مینگنی لے آئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مینگنی کو پھینک دیا اور فرمایا: یہ گندگی ہے' تم پتھر لے کر آؤ۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' جس کے مطابق حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کہیں جا رہا تھا۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ ہدایت کی: میں آپ کے لیے تین پتھر لے کر آؤں۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں آپ کے پاس دو پتھر اور ایک مینگنی لے کر آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مینگنی کو ایک طرف ڈال دیا اور ارشاد فرمایا: یہ گندگی ہے' تم اس کی بجائے دوسری چیز (پتھر) میرے پاس لے کر آؤ۔

اس روایت میں ابواسحاق نامی راوی پر اختلاف کیا گیا ہے' (امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:) میں نے کسی دوسرے مقام پر

۱۴۴- اخرجه احمد في المسند (۱/ ٤٥٠)، حدثنا عبد الرزاق، قال حدثنا معمر فذكره وكذا رواه الطبراني في الكبير (۱۰/ ۷۳) رقم (۹۹٥۱) من طريق عبد الرزاق به- ورواه ابن خزيمة (۱/ ۳۹) رقم (۷۰)، والطحاوي في شرح معاني الآثار (۱/ ۱۲۲)، والبيهقي (۱/ ۱۰۸) كتاب الطهارة، باب: الاستنجاء بما يقوم مقام الحجارة في الانقاء دون ما نهي عن الاستنجاء به، والطبراني في (الكبير) (۱۰/ ۷٦) رقم (۹۹٦۰) كلهم من طريق ابي اسحاق، عن عبد الرحمن بن الاسود، عن علقمة، عن عبد الله، به- واخرجه البخاري (۱/ ۳۰۸) كتاب الوضوء، باب لا يستنجي بروث، حديث (۱٥٦)، والنسائي (۱/ ۳۹- ٤۰) كتاب الطهارة، باب الرخصة في الاستطابة بحجر، حديث (٤۲)، وابن ماجه (۱/ ۱۱٤) كتاب الطهارة، باب الاستنجاء بالحجارة والنهي عن الروث والرمة، حديث (۳۱۳)، واحمد (۱/ ٤۱۸)، وابن المنذر في (الاوسط) رقم (۲۹٦)، وابو يعلى (۹/ ٦۳) رقم (٥۱۲۷)، والبيهقي (۲/ ٤۱۳)، والطبراني في (الكبير) (۹۹٥۳) كلهم من طريق زهير بن معاوية، عن ابي اسحاق- واخرجه ابو داؤد الطيالسي (۱/ ٤۷- منحة) رقم (۱٤٤)، حدثنا زهير، عن ابي اسحاق، عن عبد الرحمن بن الاسود، عن ابن مسعود- فسقط ذكر الاسود بن يزيد- واخرجه الترمذي (۱/ ۲٥- ۲٦) كتاب الطهارة، باب ما جاء في الاستنجاء بالحجرين، حديث (۱۷)، واحمد (۱/ ۳۸۸، ٤٦٥)، والطبراني في (الكبير) (۱۰/ ۷۳- ۷٤) رقم (۹۹٥٤)

Marfat.com

اس اختلاف کی وضاحت کردی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسحاق بن محمد بن فضل بن جابر ابوالعباس الزیات، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 322ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۹۲/۶) (۳۴۴۳)۔ علقمۃ بن قیس بن عبداللہ النخعی، کوفی، ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۸۹) (۴۷۱۵)۔

○ بہلول بن حسان بن سنان ابوہیثم تنوخی ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۰۸/۷) (۳۵۴۹)۔

○ ابراہیم بن عثمان عبسی ابوشیبۃ کوفی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 169ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۱۲) (۲۱۷)۔

145- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي عَمْرٍو السَّيْبَانِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ فَيْرُوزَ الدَّيْلَمِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ

نَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنْ نَسْتَنْجِيَ بِعَظْمٍ اَوْ رَوْثٍ اَوْ حُمَمَةٍ .

اِسْنَادٌ شَامِيٌّ لَيْسَ بِثَابِتٍ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات سے منع کیا ہے' ہم ہڈی' مینگنی یا کوئلے کے ذریعے استنجاء کریں۔

اس روایت کی سند شامی ہے اور یہ مستند نہیں ہے۔

۱۴۵- اخرجه ابو داؤد (۱۰/۱) كتاب الطهارة' باب ما ينهى عنه ان يستنجى به' الحديث (۳۹)- ومن طريق ابي داؤد' اخرجه البيهقي في الكبرى (۱۰۹/۱) كتاب الطهارة' باب الاستنجاء بما يقوم مقام الحجارة من طريق اسماعيل بن عياش' به' بهذا الاسناد- وانظر الحديث (۱۴۴)-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ہشام بن عمار بن نصیر سلمی، دمشقی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 245ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۲۲)(۷۳۵۳)۔

○ یحییٰ بن ابوعمرو السیبانی ابوزرعۃ حمصی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 148ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۰۶۳)(۷۶۶۶)۔

○ عبداللہ بن فیروز الدیلمی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۵۳۵)(۳۵۵۸)۔

•••———•••———•••

146- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِيْ مُوْسَى بْنُ عُلَيٍّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَهَى اَنْ نَسْتَنْجِيَ بِعَظْمٍ حَائِلٍ اَوْ رَوْثَةٍ اَوْ حُمَمَةٍ .

عُلَيُّ بْنُ رَبَاحٍ لَا يَثْبُتُ سَمَاعُهُ مِنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے' ہم بوسیدہ ہڈی' مینگنی یا کوئلے کے ذریعہ استنجاء کریں۔

اس روایت کے راوی علی بن رباح کا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے سماع ثابت نہیں ہے۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو بالکل ابتداء میں اسلام قبول کرنے کا شرف حاصل ہے جب سعید بن زید رضی اللہ عنہ اور ان کی اہلیہ سیّدہ فاطمہ بنت خطاب رضی اللہ عنہا نے اسلام قبول کیا تھا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پہلے اسلام قبول کیا تھا۔

۱۴۶- اخرجه احمد في المسند (۴۵۷/۱) والبيهقي (۱۰۹/۱-۱۱۰) كتاب الطهارة: باب الاستنجاء بما يقوم مقام الحجارة- كلاهما رواه من طريق عبد الله بن وهب قال: اخبرنا موسى بن علي بن رباح عن ابيه عن عبد الله بن مسعود- وانظر حديث ابن مسعود المتقدم (۱۴۴) (۱۴۵)-

Marfat.com

جب سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنے ساتھ رکھا کرتے تھے۔ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے یہ فرمایا تھا: جب تمہیں میری آواز سنائی دے اور پردہ گرا ہوا نہ ہو تو تمہیں اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ تم اجازت لیے بغیر اندر آ سکتے ہو۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تکیہ مبارک اور مسواک مبارک کو اٹھانے کا شرف حاصل ہے (یعنی آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم خاص تھے)۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اور میرے بھائی جب یمن سے آئے تو ہم کافی عرصے تک یہی سمجھتے رہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت میں شامل ہیں۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اور ان کی والدہ بکثرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں آیا جایا کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو حبشہ اور مدینہ منورہ دونوں کی طرف ہجرت کرنے کا شرف حاصل ہے۔

آپ نے دونوں قبلوں کی طرف رخ کر کے نماز ادا کی ہوئی ہے۔

آپ نے غزوۂ بدر' غزوۂ اُحد' غزوۂ خندق' بیعت الرضوان بلکہ تمام غزوات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ شرکت کی ہے۔

علامہ ابن اثیر نے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں جنت کی بشارت دی تھی اگرچہ روایتی طور پر ان کا شمار عشرۂ مبشرہ میں نہیں ہوتا)

صحابہ کرام میں سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما' حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما' حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے ان سے احادیث روایت کی ہیں۔

تابعین میں سے علقمہ' ابووائل' اسود' مسروق' عبیدہ' قیس بن ابوحازم اور دیگر نے ان سے احادیث روایت کی ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے فضائل میں احادیث بھی منقول ہیں۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ابن اُمّ عبد (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) کے طریقے پر عمل کرو۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اگر میں نے مشورے کے بغیر کسی کو امیر مقرر کرنا ہوتا تو میں ابن اُمّ عبد کو مقرر کرتا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں کوفہ بھیجا تھا اور اہل کوفہ کو یہ خط لکھا تھا: میں عمار بن یاسر کو بطور امیر اور عبداللہ بن مسعود کو بطور

طبقات ابن سعد (342/2) طبقات خلیفة (ص 128/26/16) التاریخ الکبیر (2/5) الجرح والتعدیل (149/5) معجم الصحابة للبغوی (ق 170/ا) الثقات لابن حبان (208/3) المستدرك للحاکم (312/3) معرفة الصحابة لابی نعیم (ج 1 ق 33/ا) الاستیعاب (987/3) اسد الغابة (280/3) سیر اعلام النبلاء (461/1) الکاشف (116/2) تجرید اسماء الصحابة (334/1) الاصابة (129/4) التهذیب (27/6) التقریب (ص 323) بقی بن مخلد و مقدمة مسنده (ص 80) الریاض المستطابة (ص 185)

Marfat.com

معلم اور وزیر کے بھیج رہا ہوں۔ یہ دونوں نبی اکرم ﷺ کے منتخب اصحاب میں سے ہیں جنہیں غزوۂ بدر میں شرکت کا شرف حاصل ہے۔ تم لوگ ان کی پیروی کرنا' ان کے احکام کی اطاعت کرنا' ان کی باتیں غور سے سننا۔ میں اپنے اوپر ایثار کر کے عبداللہ کو تمہاری طرف بھیج رہا ہوں۔

ایک روایت کے مطابق حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے کسی کام کے لئے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو درخت پر چڑھنے کا حکم دیا۔ نبی اکرم ﷺ کے بعض اصحاب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے کمزور پاؤں اور پسلیوں کو دیکھ کر مسکرا دیئے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم کیوں مسکرا رہے ہو؟ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا پاؤں' نامہ اعمال میں قیامت کے دن اُحد پہاڑ سے زیادہ وزنی ہوگا۔

مشہور قول کے مطابق حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا انتقال ۳۲ ہجری میں مدینہ منورہ میں ہوا اور آپ کو جنت البقیع میں دفن کیا گیا۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے آپ کی نمازِ جنازہ پڑھائی۔

بعض مؤرخین کے بیان کے مطابق حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے پڑھائی تھی اور بعض کے بیان کے مطابق حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے پڑھائی تھی۔ آپ کو رات کے وقت دفن کیا گیا۔

وفات کے وقت حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی عمر ۶۰ برس سے کچھ زیادہ تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ موسیٰ بن علی ابن رباح اللخمی، ابوعبدالرحمٰن بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 163ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۸۳)(۷۰۴۳)۔

○ علی بن رباح بن قصیر اللخمی ابوعبداللہ مصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 110ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۹۵)(۴۷۶۶)۔

•••——•••——•••

147- حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا اَبُوْ طَاهِرٍ وَّعَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ قَالاَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ مُوْسَى بْنِ اَبِيْ اِسْحَاقَ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

۱۴۷- رواه البيهقي في الكبرى (۱/ ۱۱۰-۱۱۱) كتاب الطهارة' باب الاستنجاء بالجلد المدبوغ' من طريق الدارقطني' به بهذا الاسناد والمتن- ورواه الطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/ ۱۲۲) قال: حدثنا يونس قال: اخبرنا ابن وهب' فذكره به- قال الزيلعي في نصب الراية (۱/ ۱۲۰): (قال ابن القطان في (كتابه): وعلته الجهل بحال موسى بن ابي اسحاق- قال: وذكره ابن ابي حاتم ولم يعرف من امره شي' فهو عنده مجهول - قال: وهو ايضا مرسل' لانه عمن لم يسم ممن يذكر عن نفسه انه راى او سمع' وان لم يشهد لاحدهم التابعي الراوي عنه بالصحبة)- اه-

Marfat.com

عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِنَ الْاَنْصَارِ اَخْبَرَهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

اَنَّهُ نَهَى اَنْ يَسْتَطِيبَ اَحَدٌ بِعَظْمٍ اَوْ رَوْثٍ اَوْ جِلْدٍ .

هٰذَا اِسْنَادٌ غَيْرُ ثَابِتٍ اَيْضًا .عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَجْهُوْلٌ.

☆☆ عبداللہ بن عبدالرحمان' نبی اکرم ﷺ کے ایک صحابی' جو انصاری تھے' کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے: کوئی شخص ہڈی' مینگنی یا چمڑے کے ذریعے استنجاء کرے۔

اس روایت کی سند ثابت نہیں ہے۔

اس روایت کا راوی عبداللہ بن عبدالرحمان مجہول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمرو بن سواد ابن اسود بن عمرو العامری، ابومحمد بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 245ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۷۳۷) (۵۰۸۱)۔

○ عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن الحباب۔ : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۲۸) (۴۲۵)۔

•••———•••———•••

148- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ وَّاَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ قَالَا حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنِي يَعْقُوْبُ بْنُ كَاسِبٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ رَجَاءٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي حَازِمٍ الْاَشْجَعِيِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ اِنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَهَى اَنْ يُسْتَنْجَى بِرَوْثٍ اَوْ بِعَظْمٍ وَّقَالَ اِنَّهُمَا لَا يُطَهِّرَانِ .

اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے' مینگنی یا ہڈی کے ذریعے استنجاء کیا جائے' آپ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: یہ دونوں چیزیں پاک نہیں کرتی ہیں۔

۱۴۸- اخرجه ابن عدي في الكامل (۳/۱۱۷۹) في ترجمة سلمة بن رجاء الكوفي- واعله به-

Marfat.com

اس روایت کی سند ''صحیح'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یعقوب بن حمید کاسب مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 241ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۰۸۸) (۷۸۶۹)۔

○ سلمۃ بن رجاء تمیمی، ابوعبدالرحمٰن کوفی: ''صدوق'' علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۰۸۸)۔

○ حسن بن الفرات بن ابوعبدالرحمٰن تمیمی القزاز، کوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۲۴۲) (۱۲۸۷)۔

○ فرات بن ابوعبدالرحمٰن القزاز کوفی :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۷۷۹) (۵۴۱۵)۔

○ سلمان، ابوحازم اشجعی، کوفی، یہ ثقہ ہیں۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 100ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۳۹۸) (۲۴۹۲)۔

•••———•••———•••

149- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْهَيْثَمِ الْعَسْكَرِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ الزُّبَيْرِيُّ حَدَّثَنَا اُبَيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) سُئِلَ عَنِ الْاِسْتِطَابَةِ فَقَالَ اَوَلَا يَجِدُ اَحَدُكُمْ ثَلَاثَةَ اَحْجَارٍ حَجَرَانِ لِلصَّفْحَتَيْنِ وَحَجَرٌ لِلْمَسْرُبَةِ .

اِسْنَادٌ حَسَنٌ .

★★ اُبی بن عباس اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے استنجاء کرنے کے طریقہ کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تمہیں تین پتھر نہیں ملتے

۱۴۹- اخرجه البيهقي في الكبرٰى (۱/ ۱۱۴) كتاب الطهارة، باب كيفية الاستنجاء من طريق عتيق بن يعقوب الزبيري عن ابي بن العباس، به، مثل حديث المصنف-

Marfat.com

ہیں؟ دو پتھر مخرج کے کناروں (کو صاف کرنے کے لیے) اور ایک پتھر مخرج (کو صاف کرنے) کے لیے۔
اس کی سند ''حسن'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن حرب بن محمد بن علی طائی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 265ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۹۱) (۴۷۳۵)۔

○ عتیق بن یعقوب بن صدیق بن موسیٰ بن عبداللہ بن زبیر بن عوام: مشہور صحابی رسول حضرت زبیر بن عوام کی اولادِ امجاد میں سے ہیں۔ بعض روایات کے مطابق انہوں نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی میں ہی ''المؤطا'' حفظ کرلی تھی۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۴۶/۷) (۲۶۱)۔

○ ابی بن العباس بن سہل بن سعد انصاری، الساعدی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۲۰) (۲۸۳)۔

○ عباس بن سہل بن سعد الساعدی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۴۸۶) (۳۱۸۷)۔

150- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّعْمَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُتْبَةَ اَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنِي مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنِي الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

قَالَتْ مَرَّ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ الْمُدْلَجِيُّ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَسَاَلَهُ عَنِ التَّغَوُّطِ فَاَمَرَهُ اَنْ يَتَنَكَّبَ الْقِبْلَةَ وَلَايَسْتَقْبِلَهَا وَلَايَسْتَدْبِرَهَا وَلَايَسْتَقْبِلَ الرِّيحَ وَاَنْ يَسْتَنْجِيَ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ لَيْسَ فِيهَا رَجِيعٌ اَوْ ثَلَاثَةِ اَعْوَادٍ اَوْ ثَلَاثِ حَثَيَاتٍ مِنْ تُرَابٍ .

لَمْ يَرْوِهِ غَيْرُ مُبَشِّرِ بْنِ عُبَيْدٍ وَهُوَ مَتْرُوْكُ الْحَدِيْثِ.

۱۵۰- اخرجه البيهقي في الكبرى (۱۱۱/۱) كتاب الطهارة' باب ما ورد في الاستنجاء بالتراب- وفي اسناده مبشر بن عبيد' وهو متروك' كما قال المصنف- قال الذهبي في الميزان (۱۷/۶): (قال احمد: كان يضع الحديث' وقال البخاري: روى عن بقية' منكر الحديث)- اه- قال الحافظ في (التقريب) (۲۲۸/۲): (متروك رماه احمد بالوضع' من السابعة' له في ابن ماجه حديث واحد في غسل الميت)- اه- وفيه ايضاً- حجاج بن ارطاة صدوق' لكنه كثير الخطا والتدليس' كما قال الحافظ في (التقريب) (۱۵۲/۱)-

Marfat.com

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ سراقہ بن مالک مدلجی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا اور آپ سے قضائے حاجت کے طریقے کے بارے میں دریافت کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے یہ ہدایت کی: وہ قبلہ کی طرف سے ہٹ کر بیٹھے' اس کی طرف منہ یا پیٹھ نہ کرے اور جس طرف ہوا چل رہی ہو' اس طرح منہ نہ کرے' اور وہ تین پتھروں کے ذریعے استنجاء کرے' جس میں کوئی مینگنی شامل نہ ہو یا تین لکڑیوں کے ذریعے کرے یا مٹی کے تین لپ کے ذریعے کرے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن سلیمان بن محمد بن سلیمان بن عمرو بن الحصین، ابوجعفر باہلی، نعمانی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 322ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۰۲/۵) (۲۸۰۸)۔

○ مبشر بن عبید حمصی، ابوحفص، کوفی الاصل، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۹۱۹) (۶۵۰۹)۔

○ حجاج بن ارطاۃ ابن ثور بن ہبیرۃ النخعی، ابوارطاۃ کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 145ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۲۲۲) (۱۱۲۷)۔

○ سراقۃ بن مالک بن جعشم بن مالک بن عمرو بن تیم بن مدلج بن مرۃ بن عبد مناف بن کنانۃ الکنانی المدلجی، ان کی کنیت ابوسفیان تھی۔ یہ صحابی رسول ہیں۔ ان کا انتقال 24ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: اسد الغابۃ (۴۱۲/۲) (۱۹۵۵)۔

•••———•••———•••

151- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْبَاقِي بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُضَرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

اِذَا قَضٰى اَحَدُكُمْ حَاجَتَهُ فَلْيَسْتَنْجِ بِثَلَاثَةِ اَعْوَادٍ اَوْ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ اَوْ بِثَلَاثِ حَثَيَاتٍ مِّنَ التُّرَابِ .

۱۵۱-اخرجه البيهقي في الكبرٰى (۱/۱۱۱) كتاب الطهارة' باب ما ورد في الاستنجاء بالتراب- ومن طريق الدارقطني رواه ابن الجوزي في العلل المتناهية (۱/۳۳۰-۳۳۱)- وقد رواه البيهقي (۱/۱۱۱) من طريق الدارقطني مرسلًا بالاسناد الآتي (۱۵۲)- ثم قال البيهقي: (ولا يصح وصله ولا رفعه)- اه- قال الزيلعي في نصب الراية (۲/۱۰۳-۱۰۴): (قال عبد الحق في (احكامه): وقد اسند هذا عن ابن عباس ولا يصح' اسنده احمد بن الحسن المصري وهو متروك' قال ابن القطان في (كتابه): والمرسل ايضا ضعيف فانه دائر على زمعة بن صالح' وقد ضعفه احمد بن حنبل وابن معين وابو حاتم)- اه-

Marfat.com

قَالَ زَمْعَةُ فَحَدَّثْتُ بِهِ ابْنَ طَاوُسٍ فَقَالَ اَخْبَرَنِی اَبِی عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ بِهٰذَا سَوَاءً لَمْ یُسْنِدْهُ غَیْرُ الْمُضَرِیِّ وَهُوَ كَذَّابٌ مَتْرُوْكٌ وَّغَیْرُهُ یَرْوِیهِ عَنْ اَبِی عَاصِمٍ عَنْ زَمْعَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ عَنْ طَاوُسٍ مُرْسَلاً لَیْسَ فِیْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّكَذٰلِكَ رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَابْنُ وَهْبٍ وَّوَكِیْعٌ وَّغَیْرُهُمْ عَنْ زَمْعَةَ وَرَوَاهُ ابْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ عَنْ طَاوُسٍ قَوْلَهُ .وَقَدْ سَاَلْتُ سَلَمَةَ عَنْ قَوْلِ زَمْعَةَ اَنَّهُ عَنِ النَّبِیِّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) فَلَمْ یَعْرِفْهُ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص قضائے حاجت کرے تو وہ تین لکڑیوں کے ذریعے یا تین پتھروں کے ذریعے یا تین مرتبہ مٹھی میں مٹی بھر کر اس کے ذریعے استنجاء کرے۔

یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ منقول ہے اور اس کی سند میں کچھ اختلاف پایا جاتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن حسن بن ابان مضری ایلی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۱/۲۲۴) (۳۲۹)۔

○ ضحاک بن مخلد بن ضحاک بن مسلم شیبانی، ابوعاصم النبیل بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 212ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۲۵۹) (۲۹۹۴)۔

○ زمعۃ ابن صالح جندی یمانی، نزیل مکۃ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۳۴۰) (۲۰۴۶)۔

○ سلمۃ بن وهرام، یمانی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۰۲) (۵۲۸)۔

○ طاؤس بن کیسان، فقیہ قدوۃ عالم الیمن، ابوعبدالرحمٰن فارسی، ثم یمنی جندی حافظ :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 106ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیراعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۵/۳۸) (۱۳)۔

152- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ الْفَارِسِیُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ زَمْعَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ قَالَ سَمِعْتُ طَاوُسًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ)

Marfat.com

إِذَا أَتَى أَحَدُكُمُ الْبَرَازَ فَلْيُكْرِمْ قِبْلَةَ اللَّهِ فَلَا يَسْتَقْبِلْهَا وَلَا يَسْتَدْبِرْهَا ثُمَّ لِيَسْتَطِبْ بِثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ أَوْ ثَلَاثَةِ أَعْوَادٍ أَوْ ثَلَاثِ حَثَيَاتٍ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ لِيَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَخْرَجَ عَنِّي مَا يُؤْذِينِي وَأَمْسَكَ عَلَيَّ مَا يَنْفَعُنِي.

☆☆ سلمہ بن وہرام بیان کرتے ہیں: میں نے طاؤس کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص پاخانہ کرنے لگے تو وہ اللہ تعالیٰ کے قبلے کا احترام کرے اور اس کی طرف رخ یا پیٹھ نہ کرے پھر تین پتھروں کے ذریعے طہارت حاصل کرے یا تین لکڑیوں کے ذریعے کرے یا پھر تین مرتبہ مٹھی بھر مٹی کے ذریعہ طہارت حاصل کرے اور پھر یہ پڑھے:

''ہر طرح کی حمد اس اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے جس نے میرے اندر سے اس چیز کو باہر نکال دیا جو مجھے اذیت دے سکتی تھی اور میرے اندر اس چیز کو باقی رکھا جو میرے لیے فائدہ مند ہے''۔

153- حَدَّثَنَا أَبُو سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْحَاقَ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنَا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ وَابْنِ طَاوُسٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِهٰذَا مُرْسَلاً.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ طاؤس کے حوالے سے ''مرسل'' حدیث کے طور پر منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن طاؤس بن کیسان یمانی، ابومحمد، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 132ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۱۶) (۳۴۱۸)۔

154- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ زَمْعَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِهٰذَا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ طاؤس کے حوالے سے منقول ہے۔

155- حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ وَحَمْزَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ وَهْرَامَ أَنَّهُ سَمِعَ طَاوُسًا يَقُولُ نَحْوَهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

قَالَ عَلِيٌّ قُلْتُ لِسُفْيَانَ أَكَانَ زَمْعَةُ يَرْفَعُهُ قَالَ نَعَمْ فَسَأَلْتُ سَلَمَةَ عَنْهُ فَلَمْ يَعْرِفْهُ يَعْنِي لَمْ يَرْفَعْهُ.

۱۵۵— وإسناده (حسن) فإن سلمة بن وهرام' انما ضعف احمد رواية زمعة' عنه كما رواه عنه عبد الله' كما في التهذيب (۱۱/ ۳۲۹): (روى عنه زمعة احاديث مناكير' اخشى ان يكون حديثه ضعيفاً) وقال ابن عدي: (ارجو انه لا باس بروايات الاحاديث التي يرويها عنه غير زمعة)- ولذلك قال الحافظ في (التقريب) (۱/ ۳۱۹): (صدوق)- وانظر رقم (۱۵۱)-

Marfat.com

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ طاؤس سے منقول ہے اور ان کے قول کے طور پر منقول ہے انہوں نے اس روایت کو "مرفوع" حدیث کے طور پر نقل نہیں کیا ہے۔

علی نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے سفیان سے دریافت کیا: کیا زمعہ نامی راوی نے اس روایت کو "مرفوع" حدیث کے طور پر نقل کیا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! پھر میں نے سلمہ سے اس بارے میں دریافت کیا تو وہ اس چیز سے واقف نہیں تھے یعنی یہ روایت "مرفوع" حدیث کے طور پر منقول ہے۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں طاؤس کے حوالے سے منقول مرسل روایت نقل کی ہے طاؤس کا تعارف درج ذیل ہے:

حضرت طاؤس بن کیسان رحمۃ اللہ علیہ

ابن کیسان، فقیہ قدوۃ عالم یمن، ابوعبدالرحمٰن الفارسی، ثم یمنی جندی

انہوں نے ان حضرات سے احادیث کا سماع کیا ہے:

حضرت زید بن ثابت - عائشۃ - ابو ہریرۃ - زید بن ارقم - ابن عباس،

انہوں نے ان حضرات سے احادیث روایت کی ہیں:

جابر - سراقۃ بن مالک - صفوان بن امیۃ - ابن عمر - عبداللہ بن عمرو - زیاد الاعجم - حجر مدری - اور ایک گروہ ہے۔

انہوں نے حضرت معاذ بن جبل سے مرسل روایات نقل کی ہیں۔

ان سے احادیث روایت کرنے والے حضرات یہ ہیں:

عطاء - مجاہد - عبد اللہ - حسن بن مسلم - ابن شہاب - ابراہیم بن میسرۃ - ابو الزبیر مکی - سلیمان تیمی - سلیمان بن موسیٰ دمشقی - قیس بن سعد مکی - عکرمۃ بن عمار - اسامۃ بن زید لیثی - عبد الملک بن میسرۃ - عمرو بن دینار - عبد اللہ بن ابونجیح - حنظلۃ بن ابوسفیان - اور ان کے علاوہ بھی بہت سے لوگ ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میرا یہ خیال ہے کہ طاؤس جنتی آدمی ہے۔

قیس بن سعد بیان کرتے ہیں: ہمارے درمیان ان کی وہی مثال ہے جو بصرہ میں ابن سیرین کی ہے۔

سفیان بیان کرتے ہیں: ابراہیم بن میسرہ نے قبلہ کی طرف رخ کر کے ہمارے سامنے قسم اٹھا کر یہ بات کہی کہ اس عمارت کے پروردگار کی قسم ہے۔ میں نے ایسا کوئی شخص نہیں دیکھا جس کے سامنے امیر اور غریب یکساں اہمیت رکھتے ہوں۔ صرف طاؤس ایسے شخص ہیں۔

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: اگر آپ طاؤس کی زیارت کر لیں تو یہ بات جان جائیں گے کہ یہ شخص جھوٹ نہیں بول سکتا۔

طاؤس خود بیان کرتے ہیں: میں نے پچاس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زیارت کی ہے۔

Marfat.com

جریر بن حازم بیان کرتے ہیں: انہوں نے طاؤس کو دیکھا ہے: وہ گہری سرخ مہندی لگایا کرتے تھے۔

عبدالرحمان بن ابوبکر فرماتے ہیں: میں نے طاؤس کو دیکھا ہے: ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان سجدے کا نشان موجود تھا۔

ابن شوذب بیان کرتے ہیں: میں 105 ہجری میں مکہ میں طاؤس کے جنازے میں شریک ہوا ہوں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حمزہ بن محمد بن العباس بن فضل بن حارث بن جنادۃ بن شبیب بن یزید، ابواحمد الدھقان، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 347ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۸۳/۸)(۴۳۰۶)۔

○ علی بن عبد اللہ بن جعفر بن نجیح سعدی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوحسن ابن مدنی بصری، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 234ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۶۹۹) (۴۷۹۴)۔

•••——•••——•••

18- باب السِّوَاكِ

باب: مسواک کا بیان

156- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيْدِ بْنِ بُرْدٍ الْاَنْطَاكِيُّ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَيْمُوْنٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ فِى السِّوَاكِ عَشْرُ خِصَالٍ مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ تَعَالٰى وَمَسْخَطَةٌ لِلشَّيْطَانِ وَمَفْرَحَةٌ لِلْمَلَائِكَةِ جَيِّدٌ لِلثَّةِ وَيُذْهِبُ بِالْحَفْرِ وَيَجْلُو الْبَصَرَ وَيُطَيِّبُ الْفَمَ وَيُقَلِّلُ الْبَلْغَمَ وَهُوَ مِنَ السُّنَّةِ وَيَزِيْدُ فِى الْحَسَنَاتِ .

قَالَ الشَّيْخُ اَبُو الْحَسَنِ مُعَلَّى بْنُ مَيْمُوْنٍ ضَعِيْفٌ مَتْرُوْكٌ.

*طبقات ابن سعد 615/2، التاریخ الکبیر 338/5، تاریخ الفسوی 615/2، الجرح والتعدیل 276/5، تہذیب الکمال: 813، تذہیب التہذیب 2/ 226/ 1، تاریخ الاسلام 78/4، تہذیب التہذیب 256/6، خلاصۃ تذہیب الکمال 233. :طبقات ابن سعد 537/5، طبقات خلیفۃ 287 :، تاریخ خلیفۃ 236 :، التاریخ الکبیر 365/4، التاریخ الصغیر 252/1، تاریخ الفسوی 705/1، الجرح والتعدیل 500/4، حلیۃ الاولیاء 4/ 3، 23، طبقات الفقہاء للشیرازی 73، اللباب 241/1، تہذیب الاسماء واللغات 251/1 ،وفیات الاعیان 509/2، تہذیب الکمال 623 :، تذہیب التہذیب 2/ 101/ 2، تاریخ الاسلام 126/4، تذکرۃ الحفاظ 90/1، العبر 130/1، طبقات القراء 341/1، تہذیب التہذیب 8/5، النجوم الزاہرۃ 260/1، طبقات الحفاظ 34 :، خلاصۃ تذہیب الکمال 181 :، شذرات الذہب 133/1.

Marfat.com

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں: مسواک میں دس خوبیاں ہیں: یہ پروردگار کی رضامندی کا باعث ہے' شیطان کی ناراضگی کا باعث ہے' فرشتوں کو خوش کرنے کا باعث ہے' مسوڑھوں کی صحت اور خوبصورتی کا باعث ہے' دانتوں کی میل کو ختم کردیتی ہے' بصارت کو تیز کرتی ہے' منہ میں خوشبو پیدا کرتی ہے' بلغم کو کم کرتی ہے' مسواک کرنا سنت ہے اور یہ نیکیوں میں اضافہ کرتی ہے۔

شیخ ابوالحسن بیان کرتے ہیں: اس روایت کے راوی معلی بن میمون ضعیف اور متروک ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن احمد بن ولید بن محمد بن برد بن یزید بن سخت ابوولید انطاکی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 278ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: تاریک بغداد (۱/۳۶۷) (۳۱۱)۔

○ موسیٰ بن داؤد ضبی، ابوعبداللہ طرسوی، نزیل بغداد، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 217ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۷۹) (۷۰۰۸)۔

○ معلّٰی بن میمون المجاشعی، بصری، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۶/۴۷۸) (۸۶۸۴)۔

توضیح مسئلہ:

اس موضوع پر تحقیق کرتے ہوئے اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مولانا الشاہ احمد رضا خان تحریر کرتے ہیں:

علاّمہ ابراہیم حلبی فرماتے ہیں:

قد عده القدوری والاکثرون من السنن وهو الاصح

امام قدوری اور اکثر حضرات نے اسے سنت قرار دیا ہے اور یہی رائے زیادہ درست ہے۔

۱۵۶- اخرجه ابن الجوزي في العلل المتناهية (۱/ ۳۳۵)، الحديث رقم (۵۴۸) من طريق الدارقطني، لكن الذي وقع في العلل مرفوعاً، ولست ادري وجه الصواب - قال ابن الملقن في البدر المنير (۲/ ۱۶۶): (وذكر هذه الرواية ابن الجوزي في (علله) من حديث ابن عباس مرفوعاً من طريق الدارقطني)، كما تقدم، ثم قال: (هذا حديث لا يصح)، وعلله بما قدمناه والذي رايته في سننه ما قدمته)- اه- والعلة التي قدمها ابن الملقن هي قوله (۴/ ۱۶۵): (هو من رواية معلى ابن ميمون وهو ضعيف الحديث)- اه- وله شاهد من حديث عائشة- اخرجه النسائي (۱/ ۱۰) كتاب الطهارة، باب الترغيب في السواك، حديث (۵)، واحمد (۶/ ۱۲۴)، وابو يعلى (۸/ ۳۱۵) رقم (۴۹۱۶)، وابن حبان (۱۴۳- موارد)، والحميدي (۱۶۲)، وابن المنذر في (الاوسط) (۳۲۸)، وابو نعيم في (الحلية) (۷/ ۱۵۹)، والبيهقي (۱/ ۳۴)، وابن خزيمة رقم (۱۳۵) من حديث عائشة- وعلقه البخاري (۴/ ۱۵۸) باب: سواك الرطب واليابس للصائم، بصيغة الجزم فهو صحيح عنده وصححه ايضا ابن خزيمة وابن حبان- وقال البغوي في (شرح السنة) (۱/ ۲۹۴- بتحقيقنا): (هذا حديث حسن)- وقال النووي في (المجموع) (۱/ ۳۲۴): (حديث صحيح وفي الباب عن جماعة من الصحابة)-

Marfat.com

ردالمحتار میں ہے: وعلیه المتون' متون اسی پر دلالت کرتے ہیں۔

درمختار میں ہے: السواك سنة مؤكدة كما في الجوهرة

مسواک کرنا سنت مؤکدہ ہے' جیسا کہ ''الجوہرۃ'' میں تحریر ہے۔

ہدایہ میں ہے: الاصح انه مستحب

زیادہ درست یہ ہے: یہ مستحب ہے۔

امام زیلعی فرماتے ہیں: الصحيح انهما مستحبان يعني السواك والتسمية لانهما ليسا من خصائص الوضوء

صحیح رائے یہ ہے' یہ دونوں یعنی مسواک کرنا اور بسم اللہ پڑھنا مستحب ہیں' کیونکہ یہ دونوں وضو کے خصائص میں شامل نہیں ہیں۔

محقق علی الاطلاق فرماتے ہیں: الحق انه من مستحبات الوضوء

حق یہ ہے' یہ وضو کے مستحبات میں شامل ہیں۔

امام ابن امیر الحاج بعد ذکر حدیث فرماتے ہیں: هذا عند التحقيق انما يفيد الاستحباب فلا جرم ان قال في خير مطلوب هو الصحيح وفي الاختيار قالوا والا صح انه مستحب

تحقیق کے مطابق یہ چیز استحباب کا فائدہ دیتی ہے' تو یہ لازمی ہوگا' انہوں نے یہ بات ایسی نیکی کے بارے میں کی ہو' جو مطلوب ہوتی ہے' اور یہی درست ہے۔

علامہ خیر الدین رملی قول بحر درباره استحباب نقلا عن الفتح هو الحق ﴿فتح سے نقل کیا گیا کہ وہ حق ہے۔ت﴾

پھر قول صغیری درباره سنیت هو الاصح نقل کر کے فرماتے ہیں: فقد علم بذلك اختلاف التصحيح اه كما في المنحة

''الاختیار'' نامی کتاب میں یہ تحریر ہے' علماء فرماتے ہیں: زیادہ درست یہ ہے: یہ مستحب ہے۔

علامہ خیر الدین رملی استحباب کے بارے میں ''بحر'' کا قول نقل کرتے ہیں' جو انہوں نے ''الفتح'' کے حوالے سے ذکر کیا ہے اور یہی حق ہے۔

اس سے یہ بات پتہ چل گئی' اسے صحیح قرار دینے کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے' جیسا کہ ''المنہاۃ'' نامی کتاب میں درج ہے۔

جیسا کہ (اہلِ علم نے) اس کی تشریح کی ہے۔

وجہ دوم: خود امام مذہب رضی اللہ عنہ سے سنیت پر نص وارد۔ امام عینی فرماتے ہیں:

المنقول عن ابي حنيفة رضي الله تعالى عنه على ماذكره صاحب المفيد ان السواك من سنن الدين اه نقله الشلبي على الكنز.

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی گئی ہے' جیسا کہ ''المفید'' کے مصنف نے یہ بات ذکر کی ہے۔ (امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) مسواک کرنا دینی سنت ہے' اسے شبلی نے ''کنز'' (کے حاشیے) پر نقل کیا ہے۔

Marfat.com

بلکہ ہمارے صاحب مذہب کے تلمیذ جلیل امام الفقہاء امام المحدثین امام الاولیاء سیدنا عبداللہ بن مبارک رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: اگر بستی کے لوگ سنّیت مسواک کے ترک پر اتفاق کریں تو ہم اُن پر اس طرح جہاد کریں گے جیسا مرتدوں پر کرتے ہیں تا کہ لوگ اس سنّت کے ترک پر جرات نہ کریں۔

فتاوٰی حجہ میں ہے: قال عبدالله بن المبارك لوان اهل قرية اجتمعوا على ترك سنة السواك نقاتلهم كما نقاتل المرتدين كيلا يجترء الناس على ترك سنة السواك وهو من احكام الاسلام۔

عبداللہ بن مبارک فرماتے ہیں. اگر کسی بستی کے لوگ اس بات پر متفق ہو جائیں کہ وہ مسواک کی سنت کو ترک کر دیں گے تو ہم ان لوگوں کے ساتھ اسی طرح جنگ کریں گے' جس طرح ہم مرتد ہو جانے والوں لوگوں کے ساتھ جنگ کرتے ہیں' تا کہ لوگوں کو مسواک کرنے کی سنت ترک کرنے کا حوصلہ نہ ہو' یہ اسلام کے احکام میں شامل ہے۔

حلیہ میں اسے نقل کر کے فرمایا: وهذا يفيد انه من سنن الدين كما حكاه قولا في المفيد وليس ببعيد.

یہ اس بات کا فائدہ دیتی ہے' یہ (مسواک کرنا) دینی اعتبار سے سنت ہے' جیسا کہ ''المفید'' نامی کتاب میں قول نقل کیا گیا ہے اور (یہ حکم بیان کرنا) بعید بھی نہیں ہے۔

وجہ سوم: یہی اقوی من حیث الدلیل ہے کہ احادیث متوافرہ اُس کی تاکید اور اس میں قولاً و فعلاً اہتمام شدید پر ناطق جن سے کتبِ احادیث مملو ہیں بلکہ حضور پُرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اُس پر مواظبت و مداومت گویا ضروریات و بدیہیات سے ہے ہر شخص کہ احوال قدسیہ پر مطلع ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اُس پر مداومت فرمانا جانتا ہے، خود ہدایہ میں فرمایا: والسواك لانه صلى الله تعالى عليه وسلم كان يواظب عليه.

اور مسواک کرنا سنت ہے' کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے اسے باقاعدگی کے ساتھ سرانجام دیا ہے۔

تبیین میں فرمایا: وقد واظب عليه النبي صلى الله تعالى عليه وسلم۔ اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس پر مداومت فرمائی۔

بہت زیادہ علم رکھنے والے بادشاہ (یعنی اللہ تعالیٰ کی) مدد کے ساتھ اس مقصد کی تکمیل کے لیے بقیہ کلام آپ کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

ثانیا: سنّیت کو مواظبت درکار اب ہم وضو میں کُلّی کے وقت احادیث کو دیکھتے ہیں تو ہرگز اُس وقت مسواک پر مواظبت ثابت نہیں ہوتی۔ خود امام محقق علی الاطلاق کو اس کا اعتراف ہے اور اسی بنا پر قول استحباب اختیار فرمایا۔ فتح میں فرماتے ہیں: المطلوب مواظبته عليه الصلوة والسلام عند الوضوء ولم اعلم حديثا صريحا فيه.

اصل مقصد یہ ہے: وضو کے وقت اس پر (مسواک کرنے پر) نبی اکرم ﷺ کی مواظبت (یعنی باقاعدگی) ثابت ہو جائے اور میرے علم کے مطابق اس بارے میں کوئی صریح حدیث منقول ؟؟ ہے۔

اقول: بلکہ مواظبت درکنار چوبیس صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے صفتِ وضو قولاً و فعلاً نقل فرمائی:

Marfat.com

✦ امیر المومنین عثمان غنی	✦ امیر المومنین مولا علی	✦ عبداللہ بن عباس
✦ عبداللہ بن زید بن عاصم	✦ مغیرہ بن شعبہ	✦ مقدام بن معدی کرب
✦ ابو مالک اشعری	✦ ابوبکرہ نفیع بن الحارث	✦ ابو ہریرہ
✦ وائل بن حجر	✦ نفیر بن مالک حضرمی	✦ ابوامامہ باہلی
✦ انس بن مالک	✦ ابوایوب انصاری	✦ کعب بن عمرو یامی
✦ عبداللہ بن ابی اوفی	✦ براء بن عازب	✦ قیس بن عائذ
✦ ام المومنین صدیقہ	✦ رُبیع بنت معوذ بن عفراء	✦ عبداللہ بن اُنیس
✦ عبداللہ بن عمرو بن عاص	✦ امیر معاویہ	

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ایک فرد جن کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

اوّل کے بیس علامہ محدث جلیل زیلعی نے ذکر کئے اُن کے بعد کے دو امام محقق علی الاطلاق نے زیادہ فرمائے اخیر کے دو اس فقیر غفرلہ نے بڑھائے اور ان کے پچیسویں امیر المؤمنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں مگر ان سے خود اُن کے وضو کی صفت مروی ہے اگرچہ وہ بھی حکم مرفوع میں ہے، رواہ سعید بن منصور فی سننه عن الاسود بن یزید قال بعثنی عبداللّٰه بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه الی عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه الحدیث۔ والحدیث قبله رواه ابوبکر بن ابی شیبة والعدنی والخطیب عن رجل من الانصار ان رجلا قال الا اریکم کیف کان وضوء رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قالوا بلی الحدیث وحدیث معٰویة رضی الله تعالیٰ عنه عند ابن عساکر۔

سعید بن منصور نے اس روایت کو اپنی ''سنن'' میں اسود کے حوالے سے نقل کیا ہے' وہ بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے مجھے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیجا۔ (الحدیث)

اس سے پہلے اس حدیث کو شیخ ابوبکر بن ابوشیبانی ؟؟ اور مدنی اور خطیب نے ایک انصاری کے حوالے سے نقل کیا ہے' وہ صاحب بیان کرتے ہیں: کیا میں آپ لوگوں کو یہ کر کے دکھاؤں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح وضو کیا کرتے تھے؟ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں! (الحدیث)

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول حدیث کو ابن عساکر نے نقل کیا ہے۔

ان پچیس صحابہ کی بہت کثیر التعداد حدیثیں اس وقت فقیر کے پیش نظر ہیں ان میں کہیں وضو یا کُلی کرتے میں مسواک فرمانے کا اصلاً ذکر نہیں جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا طریقہ وضو زبان سے بتایا انہوں نے مسواک کا ذکر نہ کیا، جنہوں نے اسی لئے وضو کر کے دکھایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ مسنونہ بتائیں انہوں نے مسواک نہ کی علی الخصوص امیر المومنین ذوالنورین وامیر المومنین مرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہ دونوں حضرات سے بوجوہ کثیرہ بارہا بکثرت حضور

Marfat.com

اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو کر کے دکھانا مروی ہوا، کسی بار میں مسواک کا ذکر نہیں۔

عثمان غنی سے راوی اُن کے مولٰی حمران، عند احمد والبخاری ومسلم وابی داود والنسائی وابن ماجۃ وابن خزیمۃ والبزار وابی یعلی والعدنی وابن حبان والدارقطنی وابن بشران فی امالیہ وابی نُعیم فی الحلیۃ۔ ابن الجارود عند الامام الطحاوی وابن حبان والبغوی فی مسند عثمان وسعید بن منصور۔ ابو وائل شقیق بن سلمہ عند عبدالرزاق وابن منیع والدارمی وابی داؤد وابن خزیمۃ والدارقطنی۔ ابودارہ عند احمد والدارقطنی والضیاء۔ عبدالرحمٰن سلمانی عند البغوی فیہ۔ عبداللہ بن جعفر ابوعلقمہ کلاھما عند الدارقطنی عبداللہ بن ابی مُلکیہ عند ابی داؤد ابو مالک دمشقی عند سعید بن منصور قال حُدثت ابوالنضر سالم عند ابن منیع والحارث وابی یعلی ولم یلق عثمٰن۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے اس روایت کو ان کے آزاد کردہ غلام حمران نے نقل کیا ہے۔

اس روایت کو امام احمد بن حنبل' امام بخاری' امام مسلم' امام ابوداؤد' امام نسائی' امام ابن ماجہ' امام ابن خزیمہ' امام بزار' امام ابویعلی' عدنی' ابن حبان' دارقطنی' ابن بشران نے اپنی ''امالی'' میں' ابونعیم نے ''حلیہ'' اور میں ابن جارود نے نقل کیا ہے۔

امام طحاوی' ابن حبان نے نقل کیا ہے' بغوی نے مسند عثمان میں نقل کیا ہے' سعید بن منصور نے نقل کیا ہے۔

امام عبدالرزاق' ابن منیع' داؤدی' ابوداؤد' ابن خزیمہ' دارقطنی نے اسے وائل کے حوالے سے شقیق بن سلمہ سے نقل کیا ہے۔

ایک راوی ابودارہ ہیں' جن کی روایت امام احمد' امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ اور ضیاء مقدسی نے نقل کی ہے۔

ایک راوی عبدالرحمٰن؟؟ سلمانی ہیں' ان کی روایت امام بغوی نے نقل کی ہے۔

ایک راوی عبداللہ بن جعفر اور ابوعلقمہ ہیں' ان دونوں کی روایت امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہے۔

ایک راوی عبداللہ بن ابومولقاہ ہیں' ان کی روایت امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہے۔

ایک راوی ابومالک دمشقی ہیں' ان کی روایت سعید بن منصور نے نقل کی ہے۔

وہ یہ بیان کرتے ہیں: مجھے یہ بات بتائی گئی ہے' ابونضر سالم نامی راوی کی جو روایت ابن منیع نے نقل کی ہے اور حارث اور ابویعلی نے نقل کی ہے' ان صاحب کی حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے ملاقات ثابت نہیں ہے۔

علی مرتضٰی سے راوی عبدخیر، عند عبدالرزاق وابی بکر بن ابی شیبۃ وسعید بن منصور والدارمی وابی داؤد والترمذی والنسائی وابن ماجۃ والطحاوی وابن منیع وابن خُزیمۃ وابی یعلی وابن الجارود وابن حبان والدارقطنی والضیاء ابوحیہ عند عبدالرزاق وابن ابی شیبۃ واحمد وابی داؤد الترمذی والنسائی وابی یعلی والطحاوی والھروی فی مسند علی والضیاء سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ عند النسائی وابن جریر عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنھما عند احمد وابی داؤد وابی یعلی وابن خزیمۃ والطحاوی وابن حبان والضیاء زر بن حُبَیش عند احمد وابی داؤد سمویہ والضیاء، ابوالعریف عند احمد وابی یعلی' ابومطر عند عبد بن حمید

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس روایت کو عبدخیل نامی راوی نے نقل کیا ہے' ان کی روایت کو امام عبدالرزاق' امام

Marfat.com

ابو بکر بن ابوشیبہ امام سعید بن منصور امام داؤدی امام ابوداؤد امام ترمذی امام نسائی امام ابن ماجہ امام طحاوی امام ابن منیع امام ابن خزیمہ امام ابویعلیٰ امام ابن جارود امام ابن حبان امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ اور ضیاء مقدسی نے نقل کی ہے۔
اس کے دوسرے راوی ابوحیہ نامی راوی ہیں ان کی روایت کو امام عبدالرزاق امام ابن ابی شیبہ امام احمد بن حنبل امام ابوداؤد امام ترمذی امام نسائی امام ابویعلیٰ امام طحاوی امام ہروی نے "مسند علی" میں ضیاء مقدسی نے نقل کیا ہے۔
حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس روایت کے ایک راوی حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ ہیں جن کی نقل کردہ روایت کو امام نسائی امام ابوجعفر طحاوی اور امام ابن جریر نے نقل کیا ہے۔
حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس کے چوتھے راوی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ہیں جن کی روایت کو امام احمد بن حنبل امام ابوداؤد امام ابویعلیٰ امام ابن خزیمہ امام ابوجعفر طحاوی امام ابن حبان اور ضیاء مقدسی نے نقل کیا ہے۔
(حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس کے) پانچویں راوی زر بن حبیش ہیں ان کی روایت کو امام احمد بن حنبل امام ابوداؤد ؟؟ ضیا مقدسی ہیں۔
(حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس کے اگلے راوی) ابوعریف ہیں ان کی نقل کردہ روایت کو امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابویعلیٰ رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے۔
(حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس کے اگلے راوی) ابومطر ہیں ان کی روایت کو امام عبد بن حمید نے نقل کیا ہے۔
یوں ہی عبداللہ بن عباس وعبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھی احادیث کثیرہ بطرق عدیدہ مروی ہوئیں سب کی تفصیل باعثِ تطویل ان تمام حدیث کا ترک ذکر مسواک پر اتفاق تو یہ بتا رہا ہے کہ اس وقت مسواک نہ فرمانا ہی معتاد ورنہ کوئی تو ذکر کرتا۔

اقول : بلکہ صدہا احادیث متعلق وضو و مسواک اس وقت سامنے ہیں کسی ایک حدیث صحیح صریح سے اصلا مسواک کیلئے وقت مضمضہ یا داخل وضو ہونے کا پتہ نہیں چلتا جن بعض سے اشتباہ ہو اُس سے دفع شُبہ کریں۔
حدیث اوّل: محقق علی الاطلاق نے صرف ایک حدیث پائی جس سے اس پر استدلال ہوسکے: حیث قال بعد ذکر احادیث وفي الصحيحين قال صلى الله تعالى عليه وسلم لولا ان اشق على امتي لامرتهم بالسواك مع كل صلاة اوعند كل صلاة وعند النسائي في رواية عند كل وضوء رواه ابن خُزيمة في صحيحه وصححها الحاكم وذكرها البخاري تعليقا ولا دلالة في شيء على كونه في الوضوء الاهذه وغاية مايفيد الندب وهولا يستلزم سوى الاستحباب اذيكفيه اذاندب لشيء ان يتعبد به احيانا ولا سنة دون المواظبة.
جیسا کہ انہوں نے اس بارے میں احادیث ذکر کرنے کے بعد یہ بات تحریر کی ہے۔
"صحیحین" میں یہ بات مذکور ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
"اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں انہیں ہر نماز کے ساتھ مسواک کرنے کا حکم دیتا۔ (یا شاید یہ الفاظ ہیں:) ہر نماز کے وقت (مسواک کرنے کا حکم دیتا)"۔

Marfat.com

نسائی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں: ''ہر وضو کے وقت (مسواک کرنے کا حکم دیتا)''۔
امام ابن خزیمہ نے اس روایت کو اپنی ''صحیح'' میں نقل کیا ہے' امام حاکم نے اسے ''صحیح'' قرار دیا ہے۔
امام بخاری نے اسے تعلیق کے طور پر نقل کیا ہے' لیکن ان میں سے کسی روایت میں بھی اس بات پر دلالت نہیں پائی جاتی کہ مسواک کرنا وضو کا حصہ ہے' اس سے زیادہ سے زیادہ یہ ثابت ہوتا ہے' ایسا کرنا مندوب ہے اور یہ استحباب کو مستلزم ہے' جب نبی اکرم ﷺ کسی بات کو مندوب قرار دیں تو اس کے لیے اتنا کافی ہوتا ہے' انسان کبھی کبھار اسے سرانجام دے دیا کرے۔ کسی عمل کا سنت ہونا اسی وقت ثابت ہوتا ہے' جب اس پر مواظبت ثابت ہو۔
اُنھی کا اتباع اُن کے تلمیذ محقق حلبی نے حلیہ میں کیا۔
اقول اولا: احادیث ف میں مشہور و مستفیض یہاں ذکر نماز ہے یعنی لفظ:

عند کل صلاۃ یا مع کل صلاۃ رواہ مالك واحمد والستۃعـــہ عن ابی ھریرۃ۔ یعنی
یعنی ہر نماز کے وقت' یا ہر نماز کے ساتھ' جسے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام احمد نے اور صحاح ستہ کے مصنفین نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

عـــہ: قال الشوکانی فی نیل الاوطار قال النووی غلط بعض الائمۃ الکبار فزعم ان البخاری لم یخرجه وھوخطا منه وقد اخرجه من حدیث مالك عن ابی الزناد عن الاعرج عن ابی ھریرۃ ولیس ھو فی المؤطا من ھذا الوجه بل ھو فیه عن ابن شھاب عن حمید عن ابی ھریرۃ قال لولا ان اشق علی امتی لامرتھم بالسواك مع کل وضوء ولم یصرح برفعه قال ابن عبدالبر وحکمه الرفع وقد رواہ الشافعی عن مالك مرفوعا۔ ھذا کلامه فی النیل ثم جعل یعد بعض ماورد فی الباب ولم یعلم ماانتھی الیه کلام الامام النووی.

اقول: لااظن قوله لیس ھو فی المؤطا الخ من کلام الامام وھو خطا فـ اشد واعظم فان الحدیث فی المؤطا اولابعین السند المذکور فی البخاری رفعاثم متصلا به بالسند الاخر وقفا وقدروی ھذا ایضا معن ابن عیسیٰ وایوب ابن صالح وعبدالرحمٰن بن مھدی وغیرھم عن مالك مرفوعا وھؤلاء کلھم من رواۃ المؤطا اھ منه.

شوکانی نے ''نیل الاوطار'' میں یہ بات تحریر کی ہے' امام نووی فرماتے ہیں: بعض اکابر آئمہ نے اس بارے میں غلطی کی ہے' انہوں نے یہ کہا ہے: امام بخاری نے اس حدیث کو روایت نہیں کیا' ان کا یہ کہنا غلطی ہے' کیونکہ امام بخاری نے اس حدیث کو امام مالک' ابوالزناد' اعرج کے حوالے سے' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔
البتہ موطأ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ میں یہ روایت اس سند کے ساتھ منقول نہیں ہے بلکہ اس میں یہ روایت ابن شہاب' حمید کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔ (نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:)
''اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں انہیں ہر وضو کے ساتھ مسواک کرنے کا حکم

Marfat.com

دیتا''۔

یہاں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کے ''مرفوع'' ہونے کی تصریح نہیں کی ہے۔

امام ابن عبدالبر فرماتے ہیں: اس کا حکم ''مرفوع'' حدیث کا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کیا ہے۔

''نیل الاوطار'' میں شوکانی نے یہ تحریر کیا ہے' پھر اس کے بعد انہوں نے اس بارے میں منقول ہونے والی چند روایات شمار کروائی ہیں اور یہ پتہ نہیں چلتا کہ امام نووی کا کلام کہاں ختم ہوتا ہے؟

میں یہ کہتا ہوں: میں یہ گمان نہیں کرتا کہ یہ الفاظ ''یہ روایت موطاً میں نہیں ہے'' امام نووی کا کلام ہو گا' کیونکہ یہ واضح غلطی ہے کیونکہ یہ حدیث موطاً میں موجود ہے' اور پہلے اسی سند کے ساتھ منقول ہے جو امام بخاری نے ذکر کی ہے اور ''مرفوع'' حدیث کے طور پر منقول ہے' اس کے بعد اس کی دوسری سند ذکر کی گئی ہے' جس میں یہ ''موقوف'' روایات کے طور پر منقول ہے۔

یہی روایت معن بن عیسیٰ' ایوب بن صالح' عبدالرحمان بن مہدی اور دیگر حضرات نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کی ہے اور یہ تمام موطاً کے راوی ہیں۔

واحمد وابو داؤد والنسائی والترمذی والضیا عن زید بن خالد. واحمد بسند جید عن ام المؤمنین زینب بنت جحش وکابن ابی خیثمة وابن جریر عن ام المؤمنین ام حبیبة. والبزار وسمویه عن انس وھما والطبرانی وابو یعلی والبغوی والحاکم عن سیدنا العباس واحمد والبغوی والطبرانی وابو نعیم والباوردی وابن قانع والضیاء عن تمام بن العباس.

امام احمد' امام ابوداؤد' امام نسائی' امام ترمذی' ضیاء مقدسی نے حضرت زید بن خالد کے حوالے سے اسے نقل کیا ہے۔

امام احمد نے اسے بہترین سند کے ساتھ اُم المؤمنین سیّدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے نقل کیا ہے' اسی طرح شیخ ابن ابی خیثمہ اور ابن جریر نے اسے اُم المؤمنین سیدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

امام بزار اور امام سمویہ نے اسے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

ان دونوں حضرات نے امام طبرانی' امام ابویعلیٰ' امام بغوی' امام حاکم نے اسے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

امام احمد' امام بغوی' امام طبرانی' امام ابونعیم' شیخ باوردی' شیخ ابن قانع اور ضیاء مقدسی نے اسے حضرت تمام بن عباس کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

واحمد والباوردی عن تمام بن قثم وصوبوا کونه عن العباس. وعثمٰن بن سعید الدارمی فی الرد علی الجھمیة والدار قطنی فی احادیث النزول عن امیر المؤمنین علی. والطبرانی فی الکبیر عن ابن عباس وفی

Marfat.com

الاوسط كالخطيب عن ابن عمر وابو نعيم في السواك عن ابن عمرو.

امام احمد' شیخ باوردی نے اسے حضرت تمام بن قثم کے حوالے سے نقل کیا ہے' ان حضرات نے اس روایت کے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہونے کو درست قرار دیا ہے۔

شیخ عثمان بن سعید دارمی نے اسے اپنی کتاب ''الادعلی الجھمیہ'' میں نقل کیا ہے۔

حضرت امام دارقطنی نے اسے امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ''احادیثِ نزول'' میں نقل کیا ہے۔

امام طبرانی نے اسے ''معجم کبیر'' میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

جبکہ انہوں نے اسے ''المعجم الاوسط'' میں خطیب کی طرح حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے۔

شیخ ابونعیم نے مسواک کے بارے میں حضرت عبداللہ بن عمرو کے حوالے سے حدیث نقل کی ہے۔

و سعيد بن منصور عن مكحول وابو بكر بن ابي شيبة عن حسان بن عطية كلاهما مرسل.

سعید بن منصور نے مکحول کے حوالے سے جبکہ شیخ ابوبکر بن ابوشعبہ نے حسان بن عطیہ کے حوالے سے روایت نقل کی ہے' یہ دونوں روایات مرسل ہیں۔

اور بعض میں ذکر وضو ہے یعنی: مع كل وضوء يا عند كل وضوء رواه الائمة مالك والشافعي واحمد والنسائي وابن خزيمة وابن حبان والحاكم والبيهقي عن ابي هريرة۔

''یعنی ہر وضو کے ساتھ یا وضو کے وقت''۔

اس روایت کو کئی ائمہ نے جیسے امام مالک' امام شافعی' امام احمد' امام نسائی' امام ابن خزیمہ' امام ابن حبان' امام حاکم' امام بیہقی اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

والطبراني في الاوسط بسند حسن عن علي وفي الكبير عن تمام بن العباس وابن جرير عن زيد بن خالد۔رضي الله تعالى عنهم اجمعين.

نیز امام طبرانی نے اپنی ''معجم اوسط'' میں عمدہ سند کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے' جبکہ معجم کبیر میں تمام بن عباس کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

جب روایات متواترہ میں عند کل صلاۃ یا مع کل صلاۃ آنے سے ہمارے ائمہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے نزدیک نماز سے اتصال بھی ثابت نہ ہوا بلکہ اتصال حقیقی اصلاً کسی کا قول نہیں حتیٰ کہ شافعیہ جو اُسے سنّتِ نماز سے مانتے ہیں تو بعض روایات میں عند کل وضوء آنے سے داخل وضو ہونا کیونکر رنگ ثبوت پائے گا۔فلیست فـ عند لجعل مدخولها ظرفا لموصوفها بحيث يقع فيه انما مفادها القرب والحضور حسا او معنى فلا تقول زيد عند الدار اذا كان فيها بل اذا كان قريبا منها والقرب المفهوم هو العرفي دون الحقيقي وله عرض عريض الاترى الى قوله تعالى عند سدرة المنتهى عندها جنة الماوىٰ مع ان السدرة في السماء السادسة كما في صحيح مسلم عن عبدالله بن مسعود

Marfat.com

رضی اللہ تعالٰی عنہ والجنۃ فوق السمٰوٰت۔
لفظ ''عندا'' یہ مفہوم واضح کرنے کے لیے نہیں ہوتا کہ اس کا مدخول اس کے موصوف کا ایسا ظرف کہ وہ اس کے اندر ہی موجود ہوگا بلکہ یہ زیادہ سے زیادہ یہ ثابت کرتا ہے کہ وہ اس کے قریب ہوگا اور پاس موجود ہوگا' خواہ وہ حسی اعتبار سے ہو' خواہ وہ معنوی اعتبار سے ہو۔

وبما قررنا ظہر ضعف ماوقع فی عمدۃ القاری تحت الحدیث فیہ اباحۃ السواک فی المسجد لان عند یقتضی الظرفیۃ حقیقۃ فیقتضی استحبابہ فی کل صلاۃ وعند بعض المالکیۃ کراھتہ فی المسجد لاستقذارہ والمسجد ینزہ عنہ ۔ اھ۔

ہم نے جو بات بیان کی ہے' اس سے اُس روایت کا ضعیف ہونا بھی واضح ہوگا' جو ''عمدۃ القاری'' میں تحریر ہے' جو اس حدیث کے تحت ہے جس میں مسجد میں مسواک کرنے کو جائز قرار دیا گیا ہے' کیونکہ لفظ ''عند'' حقیقت کے اعتبار سے ظرفیت کا تقاضا کرتا ہے' تو پھر تو یہ اس بات کا بھی تقاضا کرے گا کہ ہر نماز میں مسواک کرنا مستحب ہو۔ بعض مالکی حضرات نے مسجد میں مسواک کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے کیونکہ اس سے گندگی پھیلتی ہے اور مسجد کو گندگی سے صاف رکھنا ضروری ہے (یہاں گندگی پھیلنے سے مراد مسواک کرنے کے بعد انسان جو تھوک پھینکتا ہے)۔

اقول اولا : فحقیقۃ الظرفیۃ غیر معقولۃ فی الصّلوٰۃ ولا ھی مفاد عند کما علمت.
میں یہ کہتا ہوں: پہلی بات تو یہ ہے کہ نماز میں ظرفیت کی حقیقت کا مفہوم پایا ہی نہیں جا سکتا اور نہ ہی لفظ ''عند'' کے ذریعے یہ فائدہ حاصل ہوتا ہے' جیسا کہ آپ یہ بات جان چکے ہیں۔

وثانیا : قد قال فالامام العینی نفسہ قبل ھذا بورقۃ مانصہ فان قلت کیف التوفیق بین روایۃ عند کل وضوء وروایۃ عند کل صلاۃ قلت السواک الواقع عند الوضوء واقع للصلاۃ لان الوضوء شرع لہا ۔ اھ۔
دوسری بات یہ ہے کہ اس سے ایک ورق پہلے امام عینی خود ہی یہ بات تحریر کر چکے ہیں کہ اگر یہ سوال کیا جائے: ہر وضو کے وقت ہر نماز کے وقت کی دونوں روایات میں تطبیق کیسے ممکن ہوگی؟ تو میں یہ کہوں گا کہ وضو کے وقت کی جانے والی مسواک نماز کے لیے ہی شمار ہوگی' کیونکہ وضو نماز کے لیے ہی مشروع کیا گیا ہے۔

وثالثا : کیف فیباح الاستیاک فی المسجد مع حرمۃ المضمضۃ والتفل فیہ والسواک یستعمل مبلولا ویستخرج الرطوبات فلا یؤمن ان یقطر منہا شیء وکل ذلک لایجوز فی المسجد الا ان یکون فی اناء اوموضع فیہ معد لذلک من حین البناء کما بیناہ فی فتاوٰنا.
تیسری بات یہ ہے کہ مسجد میں مسواک کرنا مباح کیسے ہوسکتا ہے' حالانکہ مسجد میں کلی کرنا اور تھوک پھینکنا حرام ہے اور مسواک کو تر کر کے استعمال کیا جاتا ہے' اور مسواک کرنے کے نتیجے میں منہ سے رطوبت بھی خارج ہوتی ہے' جس کا کچھ حصہ مسجد کے فرش پر گرنے کا اندیشہ بھی موجود ہوگا اور یہ سب عمل مسجد میں کرنا جائز نہیں ہے۔ ماسوائے اس صورت کے کہ کوئی

Marfat.com

برتن موجود ہو یا کوئی ایسی جگہ ہو جو مسجد کے تعمیر کے وقت اسی مقصد کے لیے بنائی گئی ہو (جیسے وضوخانہ ہوتا ہے)' جیسا کہ ہم اپنے فتاویٰ میں یہ بات بیان کر چکے ہیں۔

ف: مسئلہ مسجد میں مسواک کرنی نہ چاہیے۔ مسجد میں کلی کرنا حرام مگر یہ کہ کسی برتن میں یا بانی مسجد نے وقت بنائے مسجد اس میں کوئی جگہ خاص اس کام کے لئے بنادی ہو ورنہ اجازت نہیں۔

چوتھی بات یہ ہے کہ انہوں نے جو بات ذکر کی ہے' وہ بعض مالکیہ کا قول نہیں ہے' بلکہ خود امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے' امام قرطبی نے ''المفہم'' میں اسے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے بیان کیا ہے' جیسا کہ المواہب اللدنیہ میں مذکور ہے۔

ثانیا: عند الوضوء فمیں خصوصیت وقت مضمضہ بھی نہیں تو حدیث اگر بوجہ عدم افادہ مواظبت سنیت ثابت نہ کرے گی بوجہ عدم تعین وقت استحباب عند المضمضہ بھی نہ بتائے گی فافہم میں خصوصیت وقت مضمضہ بھی نہیں تو حدیث اگر بوجہ عدم افادہ مواظبت سنیت ثابت نہ کرے گی بوجہ عدم تعین وقت استحباب عند المضمضہ بھی نہ بتائے گی فافہم

حدیث دوم: طبرانی اوسط میں ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ان العبد اذا غسل رجليه خرجت خطاياه واذا غسل وجهه وتمضمض وتشوص واستنشق ومسح براسه خرجت خطايا سمعه وبصره ولسانه واذا غسل ذراعيه وقدميه كان كيوم ولدته امه۔

انسان جب دونوں پاؤں دھوتا ہے تو ان میں سے اس کے گناہ نکل جاتے ہیں' جب وہ چہرہ دھوتا ہے' کلی کرتا ہے' منہ میں پانی ڈالتا ہے' ناک میں پانی ڈالتا ہے' سر کا مسح کرتا ہے تو اسکی سماعت' بصارت اور زبان کے گناہ اس میں سے نکل جاتے ہیں۔ جب وہ دونوں بازو اور دونوں پاؤں دھولیتا ہے (یعنی وضو مکمل کر لیتا ہے) تو وہ اسطرح ہو جاتا ہے جیسے اس دن تھا جب اس کی ماں نے اسے جنم دیا تھا۔

جیسا کہ ''الصحاح'' میں تحریر ہے' القاموس میں یہ تحریر ہے: ہاتھ کے ذریعے ملنا' مسواک کو چبانا' اس کے ساتھ دانت صاف کرنا' مسواک کرنا' ڈاڑھ کا درد' پیٹ کا درد' دھونا' صاف کرنا۔

وقال الرازی: الشوص الغسل والتنظيف۔ اھ

شوص کا مطلب (کسی چیز کو) دھونا اور صاف کرنا ہے۔

وفی القاموس الدلك باليد ومضغ السواك والاستنان به اوالا ستياك ووجع الضرس والبطن والغسل والتنقية۔

قاموس میں یہ بات تحریر ہے: (اس کا مطلب) ہاتھ کے ذریعے ملنا' مسواک چبانا' اُس سے دانت صاف کرنا' مسواک کرنا' داڑھ میں درد ہونا' پیٹ میں درد ہونا' کوئی چیز دھونا' کسی چیز کو صاف کرنا ہے۔

ثانیا: حدیث میں افعال بترتیب نہیں تو ممکن کہ مسواک سب سے پہلے ہو اور یہی حدیث کہ امام احمد نے بسند حسن مرحبا روایت کی اس میں ذکر شوص نہیں، اس کے لفظ یہ ہیں:

Marfat.com

عن ابی امامۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ قال ان رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم قال ایما رجل قام الی وضوئہ یرید الصلاۃ ثم غسل کفیہ نزلت کل خطیئۃ من کفیہ مع اول قطرۃ فاذا مضمض واستنشق واستنثر نزل کل خطیئۃ من لسانہ وشفتیہ مع اول قطرۃ فاذا غسل وجہہ نزلت کل خطیئۃ من سمعہ وبصرہ مع اول قطرۃ فاذا غسل یدہ الی المرفقین ورجلہ الی الکعبین سلم من کل ذنب کھیاۃ یوم ولدتہ امہ۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص نماز پڑھنے کے لیے وضو کرنے لگتا ہے اور پھر اپنے دونوں ہاتھ دھوتا ہے تو پانی کے پہلے قطرے کے ساتھ اس کے دونوں ہاتھوں میں سے ہر گناہ نکل جاتا ہے' پھر جب وہ کلی کرتا ہے اور ناک میں پانی ڈالتا ہے تو اس کی زبان اور دونوں ہونٹوں میں سے تمام گناہ پہلے قطرے کے ساتھ نکل جاتے ہیں' جب وہ اپنا چہرہ دھوتا ہے تو اس کی سماعت اور بصارت کے تمام گناہ پہلے قطرے کے ساتھ نکل جاتے ہیں۔ جب وہ اپنا بازو کہنی تک دھوتا ہے اور پاؤں ٹخنوں تک دھوتا ہے تو وہ ہر گناہ سے اسی طرح پاک ہو جاتا ہے' جیسے اس دن تھا جب اس کی والدہ نے اسے جنم دیا تھا''۔

فائدہ: فیہ نفیس وعظیم بشارت کہ امت محبوب صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم پر رب عزوجل کا عظیم فضل اور نمازیوں کیلئے کمال تہنیت اور بے نمازوں پر سخت حسرت ہے بکثرت احادیث صحیحہ معتبرہ میں وارد ہوئی اس معنی کی حدیثیں حدیث ابوامامہ کے علاوہ صحیح مسلم شریف میں امیر المومنین عثمان غنی وابو ہریرہ وعمرو بن عبسہ اور مالک واحمد ونسائی وابن ماجہ وحاکم کے یہاں عبداللہ صنابحی اور طحاوی ومعجم کبیر طبرانی میں عباد والد ثعلبہ اور مسند احمد میں مرہ بن کعب اور مسند مسدد وابی یعلی میں انس بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہم سے مروی ہیں ان میں حدیث صنابحی وحدیث عمرو سب سے اتم ہیں کہ ان میں ناک کے گناہوں کا بھی ذکر ہے اور مسح سر کرنے سے سر کے گناہ نکل جانے کا بھی۔

رواہ ایضا احمد وابن ماجۃ منہ۔

ورواہ ایضا مالک والشافعی والترمذی والطحاوی منہ۔

ورواہ ایضا احمد وابوبکر بن ابی شیبۃ والامام الطحاوی والضیاء وھو عند الطبرانی فی الاوسط مختصرا وابن زنجویۃ بسند صحیح منہ۔

ففی الاول اذا استنثر خرجت الخطایا من انفہ ثم قال بعد ذکر الوجہ والیدین فاذا مسح راسہ خرجت الخطایا من راسہ حتی تخرج من اذنیہ۔

پہلی روایت میں یہ ہے کہ جب وہ ناک صاف کرتا ہے تو اس کے ناک سے گناہ نکل جاتے ہیں' پھر انہوں نے اس کا چہرہ اور دونوں ہاتھوں کا ذکر کرنے کے بعد ذکر کی ہے کہ جب وہ اپنے سر کا مسح کرتا ہے تو اس کے سر کے گناہ نکل جاتے ہیں' یہاں تک کہ اس کے دونوں کانوں سے بھی نکل جاتے ہیں۔

Marfat.com

وفي الثاني مامنكم رجل يقرب وضوء ه فيتمضمض ويستنشق ويستنثر الاخرجت خطايا وجهه من فيه وخياشمه ثم قال بعد ذكر الوجه واليدين ثم يمسح راسه الاخرجت خطايا راسه من اطراف شعره مع الماء ۔

دوسری روایت میں یہ ہے کہ تم میں سے جو بھی شخص وضو کرنے کے لیے کلی کرتا ہے اور ناک میں پانی ڈالتا ہے اور اسے صاف کرتا ہے تو اس کے چہرے میں سے گناہ نکل جاتے ہیں' یہاں تک کہ اس کے منہ میں سے اور ناک کے بالوں میں سے بھی نکل جاتے ہیں۔ اس کے بعد راوی نے چہرے اور دونوں ہاتھوں کا ذکر کیا ہے اور یہ الفاظ ذکر کیے ہیں: پھر وہ اپنے سر کا مسح کرتا ہے تو پانی کے ساتھ اس کے سر کے گناہ بھی نکل جاتے ہیں' یہاں تک کہ اس کے بالوں کے سروں میں سے بھی گناہ نکل جاتے ہیں۔

بہت علماء فرماتے ہیں یہاں گناہوں سے صغائر مراد ہیں۔

اقول: تحقیق یہ ہے کہ کبائر بھی ڈھلتے ہیں اگرچہ زائل نہ ہوں یہ سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ وغیرہ اکابر اولیائے کرام قدست اسرارہم کا مشاہدہ ہے جسے فقیر نے رسالہ "الطرس المعدل فی حدالماء المستعمل ﴿۰۰۰۰۰ھ﴾" میں ذکر کیا اور کرم مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم بحر بے پایاں ہے حدث عن البحر ولاحرج والحمدللّٰه رب العٰلمين ﴿بحر سے بیان کیا، اس میں کوئی حرج نہیں والحمدللّٰه رب العلمين ۔ اور بات وہ ہے جو خود مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بشارت بیان کر کے ارشاد فرمائی کہ

لاتغتروا رواه البخاری ۔ عن عثمٰن ذی النورين رضی اللّٰه تعالٰی عنهم وحسبنا اللّٰه ونعم الوكيل۔

''اسی پر مغرور نہ ہو جانا'' (یا اس حوالے سے غلط فہمی کا شکار نہ ہو جانا) اس حدیث کو امام بخاری نے حضرت عثمان ذوالنورین کے حوالے سے نقل کیا ہے' باقی ہمارے لیے اللہ تعالیٰ کافی ہے' وہ بہترین کارساز ہے۔

حدیث سوم: سنن بیہقی میں ہے: عن عبداللّٰه بن المثنی قال حدثنی بعض اهل بيتی عن انس بن مالك رضی اللّٰه تعالٰی عنه ان رجلا من الانصار من بنی عمرو بن عوف قال يارسول اللّٰه انك رغبتنا فی السواك فهل دون ذلك من شیء قال اصبعك سواك عند وضوء ك تمر بها علی اسنانك انه لاعمل لمن لانية له ولا اجر لمن لاخشية له ۔

عبداللہ بن مثنیٰ بیان کرتے ہیں: میرے اہل خانہ میں سے ایک فرد نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے کہ وہ بیان کرتے ہیں: بنوعمرو بن عوف سے تعلق رکھنے والے ایک انصاری نے عرض کی: یارسول اللہ! مسواک کرنے کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ترغیب دے دی ہے (اگر لکڑی نہیں ملتی تو دانت صاف کرنے کی) اس کے علاوہ بھی کوئی صورت ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''تمہاری انگلی وضو کے وقت تمہاری مسواک ہوگی' تم اسے اپنے دانتوں پر پھیر لو'' کیونکہ جس شخص کی نیت نہ ہو اسے (عمل کا) کوئی ثواب نہیں ہوتا اور جس شخص میں خشیت نہ ہو' اسے کوئی اجر نہیں ملتا۔

Marfat.com

اقول اولاً: یہ حدیث ضعیف ہے لما تری من الجہالۃ فی سندہ وقد ضعفہ البیہقی۔
اس کی وجہ یہ ہے کہ جو آپ نے ملاحظہ کی ہے اس کی سند میں مجہول راوی پائے جاتے ہیں امام نے بھی اسے قرار دیا ہے۔

ثانیاً وثالثاً: لفظ عند وضوء کیں وہی مباحث ہیں کہ گزرے۔

حدیث چہارم: ایک حدیث مرسل میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

الوضوء شطر الایمان والسواك شطر الوضوء رواہ ابوبکر بن ابی شیبۃ۔ عن حسان بن عطیۃ و رستۃ فی کتاب الایمان عنہ بلفظ السواك نصف الوضوء والوضوء نصف الایمان۔

وضو نصف ایمان ہے اور مسواک کرنا نصف وضو ہے۔ اس حدیث کو امام ابوبکر بن ابوشیبہ نے حسان بن عطیہ کے حوالے سے نقل کیا ہے جبکہ شیخ رستہ نے کتاب الایمان میں ان الفاظ میں نقل کیا ہے: ''مسواک کرنا نصف وضو ہے اور وضو نصف ایمان ہے''۔

اقول: یعنی ایمان بے وضو کامل نہیں ہوتا اور وضو بے مسواک۔ اس سے مسواک کا داخل وضو ہونا ثابت نہیں ہوتا جس طرح وضو داخل ایمان نہیں ہاں وجہ تکمیل ہونا مفہوم ہوتا ہے وہ ہر سنت کیلئے حاصل ہے قبلیہ ہو یا بعدیہ جس طرح صبح وظہر کی سنتیں فرضوں کی مکمل ہیں واللہ تعالیٰ اعلم۔

ثالثاً اقول: جب محقق ہولیا کہ مسواک سنت ہے اور ہمارے علما اُسے سنّتِ وضو مانتے اور شافعیہ کے ساتھ اپنا خلاف یونہی نقل فرماتے ہیں کہ اُن کے نزدیک سنّتِ نماز ہے اور ہمارے نزدیک سنّتِ وضو اور متون مذہب قاطبۃً یک زبان یک زبان صریح فرمارہے ہیں کہ مسواک سننِ وضو سے ہے تو اُس سے عدول کی کیا وجہ ہے، سنّتِ شے قبلیہ ہوتی ہے یا بعدیہ یا داخلہ جیسے رکوع میں تسویہ ظہر۔ مگر روشن بیانوں سے ثابت ہوا کہ مسواک وضو کی سنت داخلہ نہیں کہ سنت بے مواظبت نہیں اور وضو کرتے میں مسواک فرمانے پر مداومت درکنار اصلاً ثبوت ہی نہیں اور سنت بعدیہ نہ کوئی مانتا ہے نہ اس کا محل ہے کہ مسواک سے خون نکلے تو وضو بھی جائے۔

بحرالرائق میں ہے: وعن السراج الہندی فی شرح الہدایۃ بانہ اذا استاك للصلاۃ ربما یخرج منہ دم وھو نجس بالاجماع وان لم یکن ناقضا عندالشافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

سراج ہندی نے ''شرح الہدایہ'' میں اس کی علت یہ بیان کی ہے کہ جب انسان نماز کے لیے مسواک کرے گا تو بعض اوقات اس کے منہ میں سے خون بھی نکل سکتا ہے اور جس بات پر اتفاق ہے کہ خون ناپاک ہوتا ہے اگرچہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس کی وجہ سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے۔

لاجرم ثابت ہوا کہ سنت قبلیہ ہے اور یہی مطلوب تھا اور خود حدیث صحیح مسلم اس کی طرف ناظر، اور حدیث ابی داؤد اس میں نص۔ کما تقدم اما تعلیل التبیین عدم استنانہ فی الوضوء بانہ لایختص بہ۔ جیسا کہ گزرا، مگر تبیین میں

Marfat.com

مسواک کے سنتِ وضو نہ ہونے کی علت یہ بتانا کہ مسواک وضو کے ساتھ خاص نہیں۔﴿ت﴾

اقول اولا : لا یلزم فی لسنۃ الشیء الاختصاص بہ الا تری ان ترک اللغوسنۃ مطلقا ویتاکد استنانہ للصائم والمحرم والمعتکف والتسمیۃ کمالا تختص بالوضوء لاتختص بالاکل ولا یسوغ انکار انھا سنۃ للاکل، وثانیا اذاف واظب النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم علی شیء فی شیئین فھل یکون ذلک سنۃ فیھما او فی احدھما اولا فی شیء منھما الثالث باطل و الا یختلف المحدود مع صدق الحد وکذا الثانی مع علاوۃ الترجیح بلا مرجح فتعین الاول وثبت ان الاختصاص لایلزم الاستنان۔

میں یہ کہتا ہوں کہ اس بارے میں پہلی بات تو یہ ہے کہ کسی چیز کے بارے میں سنت ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ چیز اس کے ساتھ مخصوص بھی ہو' کیا آپ نے یہ بات ملاحظہ نہیں کی کہ لغو (کام یا بات) کو ترک کرنا مطلق طور پر سنت ہے' لیکن اس سنت کو اختیار کرنا روزہ دار کے لیے' حالت احرام والے شخص کے لیے اور اعتکاف کرنے والے شخص کے لیے زیادہ مؤکد ہو جاتا ہے۔ اسی طرح بسم اللہ پڑھنا جس طرح وضو کے ساتھ مخصوص نہیں ہے' اسی طرح کھانے کے ساتھ بھی مخصوص نہیں ہے' لیکن اس کے کھانے کے ساتھ سنت ہونے کا انکار کرنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ دومختلف کاموں کے بارے میں کسی چیز پر مواظبت فرمالیں تو کیا وہ عمل دونوں کے متعلق سنت شمار ہوگا یا ان میں سے ایک کے بارے میں سنت شمار ہوگا یا ان دونوں میں سے کسی کے بارے میں بھی سنت شمار نہیں ہوگا' یہ تیسری صورت تو باطل شمار ہوگی' کیونکہ اس سے یہ لازم آئے گا کہ حد کے صادق آنے کے ساتھ محدود اختلاف پایا جاتا ہے۔ اسی طرح دوسری صورت بھی باطل شمار ہوگی کیونکہ کسی ترجیح دینے والی صورت کے بغیر یہاں ترجیح کی صورت پائی جارہی ہے' لہٰذا صرف پہلی صورت باقی رہ جائے گی اور اس سے یہ ثابت ہوگا کہ کسی چیز کے لیے مخصوص ہونا ثابت ہونے کو لازم نہیں ہوگا۔

اما ما فی عمدۃ القاری اختلف العلماء فیہ فقال بعضھم انہ من سنۃ الوضوء وقال اخرون انہ من سنۃ الصلاۃ وقال اخرون انہ من سنۃ الدین وھو الاقوی نقل ذلک عن ابی حنیفۃ رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ۔ اہ ذکرہ فی باب السواک من ابواب الوضوء زاد فی باب السواک یوم الجمعۃ ان المنقول عن ابی حنیفۃ انہ من سنن الدین فحینئذ یستوی فیہ کل الاحوال ۔ اہ

جہاں تک عمدۃ القاری میں مذکور اس بات کا تعلق ہے' اس بارے میں علماء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے' بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: یہ (یعنی مسواک کرنا) وضو کی سنت ہے جبکہ دیگر حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: یہ (یعنی مسواک کرنا) نماز کی سنت ہے جبکہ بعض دیگر حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: یہ دین کی سنت ہے اور یہی رائے زیادہ مضبوط ہے' یہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے بھی منقول ہے۔ علامہ عینی نے یہ بات مسواک کا بیان' وضو کے ابواب میں نقل کی ہے' جبکہ جمعہ کے دن مسواک کرنے سے متعلق باب میں انہوں نے یہ بات اضافی نقل کی ہے:

Marfat.com

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے بات نقل کی گئی ہے: یہ (یعنی مسواک کرنا) دینی سنت ہے' اس اعتبار سے یہ ہر حالت میں کرنا برابر ہوگا (خواہ وضو سے پہلے کیا جائے یا مسواک کو نماز سے پہلے کیا جائے)۔

اقول : یؤیدہ حدیث الدیلمی عن ابی هریرة رضی اللّٰہ تعالی عن النبی صلی اللّٰہ تعالی علیہ وسلم السواك سنة فاستاكوا ای وقت شئتم۔

اقول: اس کی تائید دیلمی کی اس حدیث سے ہوتی ہے جو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مسواک سنت ہے تو تم جس وقت چاہو مسواک کرو۔

ولکن اوّلًا: لاکونہ السنة فی الوضوء ینفی کونہ من سنن الدین بل یقررہ ولاکونہ سنة مستقلة ینافی کونہ من سنن الوضوء کما قررنا الا تری ان الماثور عنہ رضی اللّٰہ تعالی عنہ انہ من سنن الدین واطبقت حملة عرش مذھبہ المتین المتون انہ من سنن الوضوء ونصھا عین نصہ رضی اللّٰہ تعالی عنہ۔

لیکن اس حوالے سے پہلی بات یہ ہے کہ اس کا وضو کی سنت ہونا' اس بات کی نفی نہیں کرتا کہ یہ دین کی سنت ہے' بلکہ یہ اس کو مزید پختہ کرتا ہے' اسی طرح اس کا مستقل طور پر سنت ہونا اس بات کے منافی نہیں ہے کہ اسے وضو کی سنت قرار دیا جائے' جیسا کہ ہم اس سے پہلے یہ بات واضح کر چکے ہیں' کیا آپ نے غور نہیں کیا کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے یہ بات منقول ہے کہ یہ دین کی سنت ہے اور فقہ حنفی کے تمام اکابرین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ مسواک کرنا وضو کی سنت ہے' ان حضرات نے اس بارے میں خود تصریح کی ہے۔

وثانیا: ھذا الامام العینی فنفسہ ناصا قبل ھذا بنحو ورقة ان باب السواك من احکام الوضوء عند الاکثرین۔ اھ فلم نعدل عن قول الاکثرین وعن اطباق المتون لروایة عن الامام لاتنافیہ اصل۔

یہی امام عینی بذاتِ خود تقریباً ایک ورق پہلے اس بات کی صراحت کر چکے ہیں کہ اکثر اہلِ علم کے نزدیک مسواک وضو کے احکام سے تعلق رکھتی ہے تو پھر ہم کیوں اکثر حضرات کے قول کو ترک کریں اور متون کے اتفاق کو ترک کریں' ایک ایسی روایت کے لیے جو امام صاحب سے منقول ہے اور جو اس کے منافی بھی نہیں ہے۔

وثالثا :اعجب فمن ھذا قولہ رحمہ اللّٰہ تعالی فی شرح قول الکنز وسنتہ غسل یدیہ الی رسغیہ ابتداء کالتسمیة والسواك اذ قال الامام الزیلعی قولہ والسواك یحتمل وجھین احدھما ان یکون مجرورا عطفا علی التسمیة والثانی ان یکون مرفوعا عطفا علی الغسل والاول اظھر لان السنة ان یستاك عند ابتداء الوضوء۔ اھ مانصہ بل الاظھر ھو الثانی لان المنقول عن ابی حنیفة رضی اللّٰہ تعالی عنہ علی ما ذکرہ صاحب المفید ان السواك من سنن الدین فحینئذ یستوی فیہ کل الاحوال۔ اھ۔

تیسری بات یہ ہے کہ مجھے حیرانگی ان کے (یعنی علامہ عینی کے) اس بیان کے بارے میں بھی ہے جو انہوں نے کنز کی شرح میں تحریر کی ہے: ''اس کی سنت یہ ہے کہ دونوں کے آغاز میں بسم اللہ پڑھنے اور مسواک کرنے کی طرح دونوں ہاتھ گٹوں

Marfat.com

تک دھوئے جائیں''۔

امام زیلعی نے یہ بات بیان کی ہے کہ متن کے الفاظ ''مسواک کرنا'' میں دو احتمال ہو سکتے ہیں' ان میں سے ایک احتمال یہ بھی ہے کہ اسے مجرور سمجھا جائے اور اس کا عطف ''تسمیہ'' پر ہو اور دوسرا استعمال یہ ہے کہ اسے مرفوع پڑھا جائے اور اس کا عطف لفظ ''غسل'' پر ہو' پہلی صورت زیادہ واضح ہے۔ کیونکہ یہ بات سنت ہے کہ وضو کے آغاز میں مسواک کی جائے (اس پر علامہ عینی نے) یہ فرمایا ہے: بلکہ زیادہ واضح دوسری صورت ہے کیونکہ جیسا کہ ''المفید'' کے مصنف نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے کہ مسواک کرنا دین کی سنتوں میں سے ایک ہے تو اس حوالے سے یہ ہر حالت میں ایک جیسی حیثیت رکھتی ہوگی۔

اقول: كونه من سنن الدين كان يقابل عندكم كونه من سنن الوضوء فما يغني الرفع مع كونه عطفا على خبر سنته اى سنة الوضوء وبوجه اخرف۔ ما المراد باستواء الاحوال نفي ان يختص به حال بحيث تفقد السنية في غيره ام نفي التشكيك بحسب الاحوال بحيث لايكون التصاقه ببعضها ازيد من بعض على الاول لاوجه لاستظهار الثاني فلو كان سنة في ابتداء الوضوء اى اشد طلبا في هذا الوقت والصق به لم ينتف استنانه في غير الوضوء وعلى الثاني لاوجه للثاني ولا للاول فضلا عن كون احدهما اظهر من الاخر۔

(اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں:) میں یہ کہتا ہوں کہ اگر آپ کے بقول مسواک کرنے کا دین کی سنتوں میں سے ایک ہونا وضو کی سنت ہونے کے مقابل ہو تو پھر اس کو مرفوع کیسے پڑھا جا سکے گا' کیونکہ اس صورت میں اس کا عطف لفظ سنت کی خبر پر ہو گا' یعنی وضو کی سنت۔ دوسرا پہلو یہ ہے کہ تمام احوال کے برابر ہونے سے مراد کیا لیا جا رہا ہے' کیا اس کا یہ مفہوم ہے کہ کسی بھی حالت میں مسواک کرنے کے حوالے سے کوئی ایسی خصوصیت نہیں ہے' جس کے نتیجے میں وہ کسی دوسری حالت میں مسنون شمار نہ کی جائے' یا پھر یہاں احوال کے تشکیک اعتبار سے کی نفی مقصود ہے' یعنی اس اعتبار سے کہ بعض احوال میں مسواک کرنے کا تعلق دیگر بعض احوال سے زیادہ نہ ہو' اگر آپ پہلا مفہوم مراد لیتے ہیں تو لفظ ''اسواک'' میں رفع پڑھنے کو زیادہ مناسب قرار دینے کی کوئی صورت نہیں ہوگی کیونکہ اگر مسواک کرنا وضو کے آغاز میں سنت ہو' یعنی اس وقت میں یہ عمل مطلوب ہو اور اس وقت کے ساتھ اس عمل کا تعلق زیادہ ہو تو اس کے ذریعے وضو کے علاوہ میں مسواک کرنے کے مسنون ہونے کی نفی نہیں ہوتی اور اگر آپ دوسرا مفہوم مراد لیتے ہیں تو اس صورت میں نہ پہلی ترکیب ٹھیک ہوگی اور نہ ہی دوسری ترکیب ٹھیک ہوگی' کہاں یہ کہ ان دونوں میں سے کسی ایک کو دوسری ترکیب سے زیادہ مناسب قرار دیا جائے۔

والعجب من البحر صاحب البحرانه جعل الاولى كون وقته عند المضمضة لاقبل الوضوء وتبع الزيلعي في ان الجر اظهر ليفيد ان الابتداء به سنة نبه عليه اخوه في النهر رحمهم الله تعالى جميعا.

اور مجھے ''البحر الرائق'' کے مصنف پر بھی حیرانگی ہے' کیونکہ پہلے تو انہوں نے یہ طے کیا ہے کہ مسواک کا وقت کُلّی

Marfat.com

کرنے کے وقت ہے وضو سے پہلے نہیں ہے اور پھر دوسری طرف انہوں نے ''کنزالدقائق'' کے متن میں ذکر ہونے والے لفظ ''الاسواک'' میں جر (یعنی زیر پڑھنے) کی صورت زیادہ مناسب ہونے میں امام زیلعی کی پیروی بھی کر لی ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وضو کے آغاز میں (یعنی مسواک) کرنا سنت ہے اس لیے اس پر دوسرے فقیہ میں ''النہرالفائق'' میں اُنہیں تنبیہ کی ہے۔

اما تعلیل الفتح ان لاسنیۃ دون المواظبۃ۔ ولم تثبت عند الوضوء۔

اب رہی فتح القدیر کی یہ تعلیل کہ بغیر مداومت کے سنّیت ثابت نہیں ہوتی اور وقتِ وضو مداومت ثابت نہیں۔

اقول: الدلیل اعم من الدعوی فان المقصود نفی الاستنان للوضوء والدلیل نفی کونہ من السنن الداخلۃ فیہ فلم لایختار کونہ سنۃ قبلیۃ للوضوء۔

(اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں:) میں یہ کہتا ہوں: دعویٰ کے مقابلے میں دلیل زیادہ عام ہے کیونکہ اصل مقصد یہ ہے یعنی دعویٰ یہ ہے کہ اس بات کی نفی کی جائے کہ وضو کے لیے مسواک کرنا سنت ہے اور دلیل انہوں نے یہ دی ہے جس سے اس بات کی نفی ہوتی ہے کہ یہ وضو کے اندر کی سنتوں میں شامل ہے تو پھر اس بات کو اختیار کیوں نہ کیا جائے کہ مسواک کرنا ان سنتوں میں شامل ہے جو وضو کرنے سے پہلے کے وقت سے تعلق رکھتی ہیں۔

بالجملہ: بحکم متون واحادیث اظہر، وہی مختار بدائع وزیلعی وحلیہ ہے کہ مسواک وضو کی سنت قبلیہ ہے، ہاں سنت مؤکدہ اُسی وقت ہے جبکہ منہ میں تغیر ہو، اس تحقیق پر جبکہ مسواک وضو کی سنّت ہے مگر وضو میں نہیں بلکہ اُس سے پہلے ہے تو جو پانی کہ مسواک میں صرف ہوگا اس حساب سے خارج ہے سنّت یہ ہے کہ مسواک ف کرنے سے پہلے دھولی جائے اور فراغ کے بعد دھوکر رکھی جائے اور کم ازکم اُوپر کے دانتوں اور نیچے کے دانتوں میں تین تین بار تین پانیوں سے کی جائے۔

ف: مسئلہ مسواک دھوکر کی جائے اور کر کے دھولیں اور کم ازکم تین تین بار تین پانیوں سے ہو۔

دُرمختار میں ہے: اقلہ ثلاث فی الاعالی وثلاث فی الاسافل بمیاہ ثلثۃ۔

نماس کی کم ازکم مقدار یہ ہے کہ تین مرتبہ اوپر کے دانتوں میں اور تین مرتبہ نیچے کے دانتوں میں کی جائے اور اسے تین مرتبہ پانی کے ساتھ دھویا جائے۔

صغیری میں ہے: یغسلہ عد الاستیاک وعند الفراغ منہ۔

مسواک کرنے سے پہلے اور مسواک کرنے کے بعد مسواک کو دھولیا جائے۔

﴿﴾ اس قدر تو درکار ہی ہے اور اُس کے ساتھ اگر منہ میں کوئی تغیر رائحہ ہوا تو جتنی بار مسواک اور کُلّیوں سے اس کا ازالہ ہولازم ہے اس کیلئے کوئی حد مقرر نہیں بدبودار کثیف ف بے احتیاطی کا حقہ پینے والوں کو اس کا خیال سخت ضروری ہے اور اُن سے زیادہ سگریٹ والے کہ اس کی بدبو مرکب تمباکو سے سخت تر اور زیادہ دیرپا ہے اور ان سب سے زائد اشد ضرورت تمباکو کھانے والوں کو ہے جن کے منہ میں اُس کا جرم دبا رہتا اور منہ کو اپنی بدبو سے بسا دیتا ہے یہ سب لوگ وہاں تک مسواک اور

Marfat.com

کُلّیاں کریں کہ منہ بالکل صاف ہوجائے اور بُو کا اصلاً نشان نہ رہے اور اس کا امتحان یوں ہے کہ ہاتھ اپنے منہ کے قریب لے جاکر منہ کھول کر زور سے تین بار حلق سے پوری سانس ہاتھ پر لیں اور معاً سونگھیں بغیر اس کے اندر کی بدبو خود کم محسوس ہوتی ہے، اور جب منہ میں سے بدبو ہو تو مسجد میں جانا حرام نماز میں داخل ہونا من عون اللّٰہ الھادی۔

•••——•••——•••

19- باب اسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ فِي الْخَلَاءِ

باب: بیت الخلاء میں قبلہ کی طرف رخ کرنا

157- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسٰى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ ذَكْوَانَ عَنْ مَّرْوَانَ الْاَصْفَرِ قَالَ

رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ اَنَاخَ رَاحِلَتَهُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ ثُمَّ جَلَسَ يَبُوْلُ اِلَيْهَا فَقُلْتُ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَلَيْسَ قَدْ نُهِيَ عَنْ هٰذَا فَقَالَ بَلٰى اِنَّمَا نُهِيَ عَنْ ذٰلِكَ فِي الْفَضَاءِ فَاِذَا كَانَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ شَيْءٌ يَسْتُرُكَ فَلَا بَاْسَ .

هٰذَا صَحِيْحٌ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ.

☆☆ مروان اصفر بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا' انہوں نے اپنی اونٹنی کو قبلہ کی طرف رخ کر کے بٹھایا اور پھر بیٹھ کر اس کی طرف منہ کر کے پیشاب کرنے لگے' میں نے کہا: اے ابوعبدالرحمان! کیا اس بات سے منع نہیں کیا گیا؟ تو انہوں نے فرمایا: ہاں! لیکن کھلی فضا میں ایسا کرنے سے منع کیا گیا ہے' جب تمہارے اور قبلہ کے درمیان کوئی چیز رکاوٹ ہو' تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

یہ روایت مستند ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ صفوان بن عیسیٰ زہری، ابومحمد بصری القسام، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 200ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۵۴)(۲۹۵۶)۔

○ حسن بن ذکوان، ابوسلمۃ بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں

۱۵۷- اخرجه ابو داؤد (۳/۱) كتاب الطهارة' باب كراهية استقبال القبلة عند قضاء الحاجة' الحديث (۱۱)' وابن خزيمة (۳۵/۱) رقم (۶۰)' والحاكم (۱/ ۱۵۴)' والبيهقي (۹۲/۱) كتاب الطهارة' باب الرخصة في ذلك في الابنية' وابن الجارود في المنتقى رقم (۳۲)' والحازمي في (الاعتبار) (ص۱۳۷) قال الحاكم: (صحيح على شرط البخاري' فقد احتج بالحسن ابن ذكوان' ولم يخرجاه) ووافقه الذهبي- وقال الحازمي في الاعتبار: (هذا حديث حسن)- اه-

Marfat.com

کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۳۷)(۱۲۵۰)۔

○ مروان الاصفر، ابوخلف بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۳۲)(۶۶۲۰)۔

توضیح مسئلہ:

اس موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے مشہور مالکی فقیہ شیخ ابن رشد اندلسی تحریر کرتے ہیں:

وانما اختلفوا من ذلك في مسالة واحدة مشهورة وهي استقبال القبلة للغائط والبول واستدبارها فان للعلماء فيها ثلاثة اقوال: انه لا يجوز ان تستقبل القبلة لغائط ولا بول اصلا ولا في موضع من المواضع وقول ان ذلك يجوز باطلاق .وقول انه يجوز في المباني والمدن ولا يجوز ذلك في الصحراء وفي غير المباني والمدن .والسبب في اختلافهم هذا حديثان متعارضان ثابتان: احدهما حديث ابي ايوب انصاری انه قال عليه الصلاة والسلام "اذا اتيتم الغائط فلا تستقبلوا القبلة ولا تستدبروها ولكن شرقوا او غربوا " .والحديث الثاني حديث عبد الله بن عمر انه قال "ارتقيت على ظهر بيت اختي حفصة فرايت رسول الله صلى الله عليه وسلم قاعدا لحاجته على لبنتين مستقبل الشام مستدبر القبلة "فذهب الناس في هذين الحديثين ثلاثة مذاهب: احدها مذهب الجمع .والثاني مذهب الترجيح .والثالث مذهب الرجوع الى البراءة الاصلية اذا وقع التعارض واعني بالبراءة الاصلية عدم الحكم فمن ذهب مذهب الجمع حمل حديث ابي ايوب انصارى على الصحارى وحيث لا سترة وحمل حديث ابن عمر على السترة وهو مذهب مالك .ومن ذهب مذهب الترجيح رجح حديث ابي ايوب لانه اذا تعارض حديثان احدهما فيه شرع موضوع والآخر موافق للاصل الذى هو عدم الحكم ولم يعلم المتقدم منهما من المتاخر وجب ان يصار الى الحديث المثبت للشرع لانه قد وجب العمل بنقله من طريق العدول وتركه الذى ورد ايضا من طريق العدول يمكن ان يكون ذلك قبل شرع ذلك الحكم ويمكن ان يكون بعده فلم يجز ان نترك شرعا وجب العمل به بظن لم نؤمر ان نوجب النسخ به الا لو نقل انه كان بعده فان الظنون التى تستند اليها الاحكام محدودة بالشرع: اعني التى توجب رفعها او ايجابها وليست هي اى ظن اتفق ولذلك يقولون ان العمل ما لم يجب بالظن وانما وجب بالاصل المقطوع به يريدون بذلك الشرع المقطوع به الذى اوجب العمل بذلك النوع من الظن وهذه الطريقة التى قلناهاهي طريقة ابى محمد بن حزم الاندلسي وهي طريقة جيدة مبنية على اصول اهل الكلام الفقهي وهو راجع الى انه لا يرتفع بالشك ما ثبت بالدليل الشرعي .واما من

Marfat.com

ذهب مذهب الرجوع الى الاصل عند التعارض فهو مبنى على ان الشك يسقط الحكم ويرفعه وانه كلا حكم وهو مذهب داؤد الظاهرى ولكن خالفه ابومحمد بن حزم فى هذا الاصل مع انه من اصحابه[1]

اس میں فقہاء نے ایک مشہور مسئلے میں اختلاف کیا ہے اور یہ مسئلہ پاخانہ یا پیشاب کرتے وقت قبلہ کی طرف رخ کرنے کا پیٹھ کرنے کا ہے' اس بارے میں علماء کے تین اقوال ہیں۔

پاخانہ یا پیشاب کرتے ہوئے قبلہ کی طرف رخ کرنا اصل کے اعتبار سے جائز نہیں ہے' خواہ جگہ کوئی بھی ہو۔ دوسرا قول یہ ہے کہ ایسا کرنا مطلق طور پر جائز ہے' تیسرا قول یہ ہے کہ ایسا کرنا عمارت کے اندر یا آبادی کے اندر جائز ہے' البتہ صحرا میں یا عمارتوں اور آبادی سے باہر ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔

اس بارے میں فقہاء کے اختلاف کا سبب دو احادیث ہیں جو دونوں ثابت ہیں' لیکن (ظاہر کے اعتبار سے) ایک دوسرے سے متعارض ہیں۔

ان میں سے ایک حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے' وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب تم قضائے حاجت کے لیے قبلہ کی طرف رخ نہ کرو اور اس کی طرف پیٹھ بھی نہ کرو' بلکہ (مدینہ منورہ کے اعتبار سے) مغرب یا مشرق کی طرف رخ کرلو''۔

''دوسری حدیث حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے' وہ بیان کرتے ہیں: ایک دفعہ میں اپنی بہن (اُم المؤمنین) سیدہ حفصہ کے گھر کی چھت پر چڑھا تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لیے دو اینٹوں پر بیٹھے ہوئے تھے' آپ کا رخ شام کی طرف تھا اور آپ کی پیٹھ قبلہ کی طرف تھی''۔

تو اہل علم نے ان احادیث کے حوالے سے تین طرح کا مسلک اختیار کیا ہے:

1- ان کو جمع کرنا اور ان کے درمیان مطابقت کرنا
2- (دونوں میں سے ایک کو دوسری پر) ترجیح دینا
3- جب تعارض سامنے آجائے تو اصل کے اعتبار سے بَری ہونے کے اصول کی طرف رجوع کرنا' ہمارا مطلب یہ ہے کہ جب کوئی حکم موجود نہ ہو تو اصل کے اعتبار سے بَری ہونے کا (فتویٰ) دینا۔

جب حضرات نے تطبیق دینے کی کوشش کی ہے' انہوں نے حضرت ابوایوب انصاری کی نقل کردہ روایت کو صحرا کے ساتھ مخصوص قرار دیا ہے یا ایسے عالم کے ساتھ مخصوص قرار دیا ہے' جب آس پاس کوئی آڑ اور رکاوٹ موجود نہ ہو۔ جبکہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول حدیث کو آڑ اور رکاوٹ ہونے پر محمول کیا ہے۔ یہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے۔

جن حضرات نے ترجیح دینے کی صورت کو اختیار کیا ہے' انہوں نے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے منقول حدیث کو ترجیح دی ہے کہ جب دو احادیث کے درمیان ظاہری طور پر تعارض سامنے آجائے اور ان میں سے ایک حدیث میں کوئی شرعی

[1] بدایۃ المجتہد از ابن رشد 136/1

Marfat.com

حکم ذکر کیا گیا ہو اور دوسری حدیث اس اصول کے مطابق ہو کہ اصل کے اعتبار سے کوئی حکم نہیں ہوتا' یہ بھی پتا نہ چل سکے زمانے کے اعتبار سے ان دونوں میں سے کون سی روایت پہلے زمانے کی ہے اور کون سی روایت بعد کے زمانے کی ہے' تو اس صورت میں اس حدیث پر عمل کیا جائے گا' جس کے ذریعے شرعی حکم ثابت ہو رہا ہو' چونکہ عادل راویوں کے حوالے سے منقول ہونے کے اعتبار سے ایسی روایت پر عمل کرنا واجب ہو جاتا ہے اور عادل راویوں کے حوالے سے منقول دوسری روایت کو ترک کرنا ضروری ہو جاتا ہے' چونکہ اس بات کا احتمال پایا جاتا ہے کہ وہ حدیث اس حکم سے پہلے کی ہو یا زمانے کے اعتبار سے بعد کی ہو تو ایسی صورتِ حال میں محض ایک گمان کی وجہ سے کسی حکم کو چھوڑا نہیں جا سکتا' وہ بھی ایسا شرعی حکم جس پر عمل کرنا واجب ہے اور وہ گمان بھی ایسا ہو جسے ناسخ تسلیم کرنا واجب نہ ہو' البتہ اگر یہ پتا چل جائے کہ ناسخ روایت بعد کے زمانے کی ہے تو اس صورت میں حکم مختلف ہوگا' وہ ظن جن کا سہارا احکام لیتے ہیں' یعنی وہ ظن جو احکام کو واجب کر دیتے ہیں یا انہیں ختم کر دیتے ہیں' ان کی حد بندی شریعت کی طرف سے ہوئی ہے اور کسی بھی ظن کو یہ مقام حاصل نہیں ہے' اسی لیے فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے کہ عمل وہ ہوتا ہے جو کسی قطعی اصل کے ذریعے واجب ہو' محض ظن کی وجہ سے واجب نہ ہو۔ اس سے مراد شرعی قطعی دلیل ہے جو اس نوعیت کے ظن پر عمل کرنے کو واجب قرار دے دیتی ہے' ہم نے یہ جو طریقہ ذکر کیا ہے' یہ شیخ ابومحمد بن حزم اندلسی کا ہے اور یہ ایک بہترین طریقہ ہے۔ جو علم فقہاء کے ماہرین کے اصولوں کے مطابق ہے۔ اس کا لب لباب یہ ہے کہ شک ایسے حکم کو ختم نہیں کر سکتا جو شرعی دلیل سے ثابت ہو۔

جن فقہاء نے تعارض سامنے آنے کے وقت اصل کے اعتبار سے بَری ہونے کے اصول پر عمل کیا ہے' ان کی بنیاد یہ ہے کہ شک حکم کو ساقط کر دیتا ہے۔ اور اس حکم کو اس طرح رفع کر دیتا ہے گویا وہ حکم موجود ہی نہیں تھا۔ شیخ داؤد ظاہری اسی مسلک کے قائل ہیں' لیکن ان کے اصحاب میں سے ابن حزم نے اس بارے میں ان سے اختلاف کیا ہے۔

•••——•••——•••

158- حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَوْكَرٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِىْ اَبَانُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَدْ نَهَانَا اَنْ نَسْتَدْبِرَ الْقِبْلَةَ اَوْ نَسْتَقْبِلَهَا بِفُرُوْجِنَا اِذَا اَهْرَقْنَا الْمَاءَ ثُمَّ قَدْ رَاَيْتُهُ قَبْلَ مَوْتِهٖ بِعَامٍ يَبُوْلُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ .

كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ .وَقَالَ ابْنُ شَوْكَرٍ اَنْ نَسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ اَوْ نَسْتَدْبِرَهَا .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات سے منع کیا ہے' ہم (پاخانہ کرتے ہوئے

۱۵۸- اخرجه ابو داؤد (۱/۶) كتاب الطهارة' باب: الرخصة في ذلك' حديث (۱۳)' والترمذي (۱/۱۵) كتاب الطهارة' باب: ما جاء من الرخصة في ذلك' حديث (۹)' وابن ماجه (۱/۱۱۷) كتاب الطهارة' باب: الرخصة في ذلك في الكنيف' واباحته دون الصحاري' حديث (۳۲۵)' واحمد (۳/۳۶۰)' وابن الجارود (۱/۳۸) برقم (۳۱)' وابن خزيمة (۱/۳۴) برقم (۵۸)' وابن حبان (۴/۲۶۸- ۲۶۹) كتاب الطهارة' باب: الاستطابة' حديث (۱۴۲۰)- والحاكم (۱/۱۵۴)' والبيهقي (۱/۹۲) كتاب الطهارة' باب الرخصة في ذلك في الابنية- كلهم من طريق ابن اسحاق بهذا الاسناد- والحديث صححه الترمذي' والحاكم على شرط مسلم ووافقه الذهبي-

Marfat.com

اوراس کے بعد) اپنی شرمگاہوں پر پانی ڈالیں تو اس وقت قبلہ کی طرف پیٹھ کریں یا رخ کریں۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس کے بعد میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصالِ ظاہری سے ایک سال پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم قبلہ کی طرف رخ کر کے پیشاب کر رہے تھے۔

اس روایت کے تمام راوی ثقہ ہیں اور ابن شوکر نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

''ہم قبلہ کی طرف رخ کریں یا پیٹھ کریں''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابان بن صالح بن عمیر بن عبید قرشی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 110ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۳)(۱۳۸)۔

•••——•••——•••

159- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْاٰدَمِيُّ حَدَّثَنِي السَّرِيُّ بْنُ عَاصِمٍ اَبُوْ سَهْلٍ حَدَّثَنَا

۱۵۹- اخرجه بهذا الاسناد البيهقي في الكبرى (۱/ ۹۲) من طريق خالد الحذاء عن عراك عن عائشة' ورواه احمد (۶/ ۱۳۷ ۱۸۴ ۲۱۹ ۲۳۹)' وابن ماجه (۱/ ۱۱۷) كتاب الطهارة' باب الرخصة في ذلك في الكنيف واباحته دون الصحاري- الحديث (۳۲۴)' والطيالسي (۱/ ۴۶) رقم (۱۴۱- منحة)' والبيهقي في الكبرى (۱/ ۹۲-۹۳) كتاب الطهارة' باب الرخصةفي ذلك في الابنية' والحازمي في (الاعتبار) (ص۱۳۶) من طرق عن خالد الحذاء عن خالد بن ابي الصلت' عن عراك بن مالك' عن عائشة- وسياتي عند المصنف رقم (۱۶۲)' (۱۶۳) وسماع عراك من عائشة مختلف فيه- قال العلائي في جامع التحصيل ص (۲۳۶): (عراك بن مالك روى عن عائشة- رضي الله عنها- حديث: (حولوا مقعدي نحو القبلة) قال فيه احمد بن حنبل: مرسل- قال الاثرم: فقلت له: رواه حماد بن سلمة عن خالد الحذاء وفيه عن عراك قال: سمعت عائشة فانكره' وقال: عراك بن مالك: من اين سمع عائشة!! هذا خطا انما يروى عن عروة- يعني عن عائشة رضي الله عنها- قلت: اخرج مسلم لعراك بن مالك عن عائشة حديث جاء تني مسكينة...... الحديث- والظاهر ان ذلك على قاعدته المعروفة- والله اعلم)- اه- وقال الذهبي في الميزان (۵/ ۸۰): (عراك بن مالك ثقة معروف' يروي عن ابي هريرة' قال الامام احمد: لم يسمع من عائشة انما هو عراك عن عروة عنها)- اه- حكى ابن ابي حاتم في المراسيل رقم (۶۰۶) عن احمد انه ساله عراك بن مالك قال: (سمعت) عائشة رضي الله عنها: فانكر وقال: عراك بن مالك من اين سمع عائشة!! ما له والعائشة!! انمايروي عن عروة- هذا خطا' قال لي: من روى هذا!! قلت: حماد بن سلمة عن خالد الحذاء- فقال: رواه غير واحد عن خالد الحذاء' ليس فيه (سمعت)- وقال غير واحد ايضاً: عن حماد بن سلمة ليس فيه (سمعت)- انتهى كلام ابن ابي حاتم- قال الزيلعي في (نصب الراية) بعد نقل كلام ابن ابي حاتم (۲/ ۱۰۷-۱۰۸): (قال الشيخ- يعني: صاحب الامام-: وقد ذكر عن موسى بن هارون حكى عن احمد في هذا' ولعراك احاديث عدية عن عروة عن عائشة' قال: ولكن لقائل ان يقول: اذا كان الرواي عنه' قوله: سمعت ثقة' فهو مقدم' لا حتمال انه لقي الشيخ بعد ذلك' فحدثه' اذا كان ممن يمكن لقاء ه' وقد ذكروا سماع عراك من ابي هريرة' ولم ينكروه' وابو هريرة توفي هو وعائشة في سنة واحدة' فلا يبعد سماعه من عائشة' مع كونهما في بلدة واحدة' ولعل هذا هو الذي اوجب لمسلم ان اخرج في (صحيحه) حديث عراك عن عائشة' من رواية يزيد بن ابي زياد' مولى ابن عباس عن عراك عن عائشة: جاء تني مسكينة تحمل ابنتين لها' الحديث)' وبعد هذا كله' فقد وقعت لنا رواية صريحة بسماعه من غير جهة حماد بن سلمة التي انكرها احمد' اخرجها الدارقطني عن علي- عاصم عن خالد الحذاء' وفيه: فقال عراك: حدثتني عائشة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم لما بلغه قول الناس امر بمقعدته' فاستقبل بها القبلة- انتهى-

Marfat.com

عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ اَبِيْ عَوَانَةَ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ ذُكِرَ لِلنَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّ قَوْمًا يَكْرَهُوْنَ اَنْ يَّسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ بِغَائِطٍ اَوْ بَوْلٍ فَاَمَرَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِمَوْضِعِ خَلَائِهِ اَنْ يُّسْتَقْبَلَ بِهِ الْقِبْلَةُ .

بَيْنَ خَالِدٍ وَّعِرَاكٍ خَالِدُ بْنُ اَبِي الصَّلْتِ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا گیا' کچھ لوگ پاخانہ کرتے ہوئے قبلہ کی طرف رخ کرنے اور پیٹھ کرنے کو ناپسند کرتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں پاخانہ کی ایسی جگہ پر جا کر قضائے حاجت کرنے کی ہدایت کی جس کا رخ قبلہ کی طرف تھا۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: اس روایت کی سند میں خالد نامی راوی اور عراک نامی راوی کے درمیان خالد بن ابوصلت نامی راوی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سری بن عاصم، ابوسہل ہمدانی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 258ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۹/۱۹۲)(۴۷۷۰)۔

○ ابوعوانہ، وضاح ابن عبداللہ یشکری وسطی بزاز، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 176ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۳۶)(۷۴۵۷)۔

○ عراک بن مالک الغفاری، الکنانی، مدنی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 100ھ کے آس پاس میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۷۳)(۴۵۸۱)۔

○ خالد بن ابوصلت بصری، مدنی الاصل، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۸۷)(۱۶۵۳)۔

160- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ الْجَمَّالُ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُطَيَّبٍ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ قَالَ

Marfat.com

كَانُوا عِنْدَ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ فَقَالَ مَا اسْتَقْبَلْتُ الْقِبْلَةَ بِغَائِطٍ مُذْ كُنْتُ رَجُلاً وَّعِرَاكُ بْنُ مَالِكٍ عِنْدَهُ فَقَالَ عِرَاكٌ

قَالَتْ عَائِشَةُ بَلَغَ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّ قَوْمًا يَكْرَهُونَهُ فَاَمَرَ بِمَقْعَدَتِهِ فَحُوِّلَتْ اِلَى الْقِبْلَةِ ۔

وَهٰذَا مِثْلُهُ ۔ تَابَعَهُ يَحْيَى بْنُ مَطَرٍ عَنْ خَالِدٍ۔

☆☆ خالد جزء بیان کرتے ہیں: وہ لوگ عمر بن عبدالعزیز کے پاس موجود تھے انہوں نے یہ فرمایا: میں جب سے جوان ہوا ہوں' میں نے کبھی بھی قبلہ کی طرف رخ کر کے پاخانہ نہیں کیا' عراک بن مالک ان کے پاس موجود تھے' عراک نے کہا: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی ہے: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کا پتہ چلا کہ کچھ لوگ اس بات کو ناپسند کرتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بیت الخلاء کے بارے میں یہ حکم دیا' تو اس بیت الخلاء کا رخ قبلہ کی طرف کر دیا گیا۔
اسی کی مانند ایک اور روایت منقول ہے۔

یہاں پہ امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ نقل کیا ہے جن کا تعارف درج ذیل ہے:

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ

عمر بن عبدالعزیز بن مروان بن حکم بن ابوالعاص بن امیہ بن عبد شمس۔
اپنے وقت کے جلیل القدر امام' حافظ' عالم' مجتہد' زاہد اور عبادت گزار تھے۔
آپ کو پانچواں خلیفہ راشد بھی کہا جاتا ہے۔

آپ نے عبداللہ بن جعفر بن ابوطالب' سائب بن یزید' سہل بن سعد' سعید بن مسیب' عروہ' ابوسلمہ بن عبدالرحمان' ابوبکر بن عبدالرحمان' عبداللہ بن ابراہیم اور دیگر کئی حضرات سے احادیث روایت کی ہیں جبکہ آپ سے احادیث روایت کرنے والوں میں ابوسلمہ' جو آپ کے استاد ہیں۔ ابوبکر بن حزم رجاء بن حیوۃ' ابن المنکدر' ز بن سعید' ایوب سختیانی اور دیگر کئی حضرات شامل ہیں۔

امام ذہبی نے یہ بات بیان کی ہے: ایک مرتبہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کی اقتداء

سیرۃ عمر بن عبد العزیز لابن عبد الحکم، طبقات ابن سعد 5/330 ، تاریخ خلیفۃ 321 :، 322، التاریخ الکبیر 6/174 ، تاریخ الفسوی 1/568 ، 620، الطبری 6/565 ، 573، الجرح والتعدیل 6/122 ، الاغانی 9/254 ، حلیۃ الاولیاء 5/253 ، طبقات الشیرازی 64 :، سیرۃ عمر بن عبد العزیز لابن الجوزی، ابن الاثیر 5/58 ، 66، تہذیب الکمال 1017، تذہیب التہذیب 3/ 2/88 ، تاریخ الاسلام 4/164 ، تذکرۃ الحفاظ 1/118 ، العبر 1/120 ، فوات الوفیات 3/133 ، البدایۃ 9/192 ، 219، سیرۃ عمر بن عبد العزیز للآجری، العقد الثمین 6/331 ، طبقات ابن جزری 1/593 ، تہذیب التہذیب 7/475 ، النجوم الزاہرۃ 1/246 ، تاریخ الخلفاء 228 :، خلاصۃ تذہیب التہذیب 284 :، شذرات الذہب 1/119.

Marfat.com

میں نماز ادا کی تو یہ ارشاد فرمایا: میں نے کسی بھی شخص کو اس نوجوان سے زیادہ بہتر طور پر نبی اکرم ﷺ کے طریقے کے مطابق نماز ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔

ابن سعد نے اہل مدینہ سے تعلق رکھنے والے تابعین کے تیسرے طبقے میں ان کا ذکر کیا ہے۔

ان کی والدہ سیدہ ام عاصم بنت زید بن عمر بن خطاب ہیں۔

مشہور روایت کے مطابق حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ ۶۳ ہجری میں پیدا ہوئے تھے۔

امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہر قوم کا ایک نجیب ہوتا ہے اور بنوامیہ کے نجیب عمر بن عبدالعزیز ہیں۔

عمرو بن میمون فرماتے ہیں: عمر بن عبدالعزیز کے سامنے (ہمارے زمانے کے علماء) شاگردوں کی حیثیت رکھتے ہیں۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: (خلفاء راشدین) پانچ ہیں۔ حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت عمر بن عبدالعزیز (رضی اللہ عنہم)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن محمد بن سعید بن زیاد، ابومحمد مقری المعروف بابن الجمال: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 323ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۰/۱۲۰)(۵۲۴۷)۔

○ حجاج بن نصیر فساطیطی -بفتح قیسی، ابومحمد بصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 214ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۲۵)(۱۱۴۸)۔

○ قاسم بن مطیب عجلی، بصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۹۵)(۵۵۳۱)۔

•••——•••——•••

161- حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا عَمِّي حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ بَهْرَامٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَطَرٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِقَوْمٍ يَكْرَهُونَ اَنْ يَّسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ بِغَائِطٍ اَوْ بَوْلٍ فَحَوَّلَ مَقْعَدَتَهُ اِلَى الْقِبْلَةِ .

هٰذَا الْقَوْلُ اَصَحُّ .

هٰكَذَا رَوَاهُ اَبُو عَوَانَةَ وَالْقَاسِمُ بْنُ مُطَيَّبٍ وَيَحْيَى بْنُ مَطَرٍ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عِرَاكٍ . وَرَوَاهُ عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِي الصَّلْتِ عَنْ عِرَاكٍ وَتَابَعَهُمَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ

Marfat.com

اِلَّا اَنَّهُ قَالَ عَنْ رَجُلٍ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ لوگوں کے بارے میں یہ بات سنی کہ وہ اس بات کو ناپسند کرتے ہیں' پاخانہ یا پیشاب کرتے ہوئے قبلہ کی طرف رخ کریں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان کے پاخانے کے لیے بیٹھنے کی جگہ کو قبلہ کے رخ کی طرف پھیر دیا گیا۔

یہ روایت زیادہ مستند ہے۔

اس روایت کو بعض دیگر راویوں نے بھی نقل کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ہشام بن بہرام مدائنی، ابومحمد،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: فی ''تقریب التهذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۲۰)(۷۳۳۷)۔

162- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِى الصَّلْتِ قَالَ

كُنْتُ عِنْدَ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فِىْ خِلَافَتِهِ وَعِنْدَهُ عِرَاكُ بْنُ مَالِكٍ فَقَالَ عُمَرُ مَا اسْتَقْبَلْتُ الْقِبْلَةَ وَلَا اسْتَدْبَرْتُهَا بِبَوْلٍ وَلَا غَائِطٍ مُنْذُ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ عِرَاكٌ حَدَّثَتْنِىْ عَائِشَةُ

قَالَتْ لَمَّا بَلَغَ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَوْلُ النَّاسِ فِىْ ذٰلِكَ اَمَرَ بِمَقْعَدَتِهِ فَاسْتَقْبَلَ بِهَا الْقِبْلَةَ .

هٰذَا اَضْبَطُ اِسْنَادٍ وَّزَادَ فِيْهِ خَالِدَ بْنَ اَبِى الصَّلْتِ وَهُوَ الصَّوَابُ.

☆☆ خالد بن ابوصلت بیان کرتے ہیں: میں عمر بن عبدالعزیز کے پاس ان کے زمانۂ خلافت میں بیٹھا ہوا تھا' ان کے پاس عراک بن مالک بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ عمر بن عبدالعزیز نے یہ فرمایا: میں نے اتنے عرصے سے کبھی بھی پیشاب یا پاخانہ کرتے ہوئے قبلہ کی طرف رخ نہیں کیا اور پیٹھ نہیں کی' تو عراک نے کہا: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ حدیث سنائی تھی' وہ فرماتی ہیں:

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بعض لوگوں کی اس رائے کے بارے میں پتہ چلا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان کے پاخانے کی جگہ کا رخ قبلہ کی طرف کر دیا گیا۔

اس روایت کی سند میں زیادہ ضبط پایا جاتا ہے اور اس میں خالد بن ابوصلت نامی راوی کا اضافہ ہے اور یہ درست ہے۔

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ہارون بن عبداللہ بن مروان بغدادی، ابوموسیٰ حمال، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 243ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: القریب (۱۰۱۴)(۲۸۴ھ)۔

○ علی بن عاصم بن صہیب واسطی، تیمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 201ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۶۹۹)۔

•••———•••———•••

163- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِى الصَّلْتِ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عَآئِشَةَ بِهٰذَا قَالَتْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اسْتَقْبِلُوْا بِمَقْعَدَتِى الْقِبْلَةَ .

وَقَالَ يَحْيٰى بْنُ اِسْحَاقَ خَرَجَ النَّبِىُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَهُمْ يَذْكُرُوْنَ كَرَاهِيَةَ اسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ بِالْفُرُوْجِ فَقَالَ النَّبِىُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَدْ فَعَلُوْهَا حَوِّلُوْا مَقْعَدَتِى اِلَى الْقِبْلَةِ .

وَهٰذَا مِثْلُهٗ.

☆☆ عراک بن مالک' سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' وہ فرماتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا: میرے بیت الخلاء کا رخ قبلہ کی طرف کردو۔

یحیٰی بن اسحاق نامی راوی نے یہ بات نقل کی ہے: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو لوگ پیشاب یا پاخانے کے وقت قبلہ کی طرف رخ کرنے کے پسندیدہ ہونے کا تذکرہ کر رہے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ لوگ ایسا کہہ رہے ہیں' تم میرے بیت الخلاء کا رخ قبلہ کی طرف کردو۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحیٰی بن اسحاق سیلحینی ابوزکریا نزیل بغداد، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 210ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۰۴۸)۔

•••———•••———•••

Marfat.com

164- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ عَنْ خَالِدٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ عِرَاكٍ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَمَرَ بِخَلَائِهِ فَحُوِّلَ إِلَى الْقِبْلَةِ لَمَّا بَلَغَهُ أَنَّ النَّاسَ كَرِهُوا ذَلِكَ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت آپ کے بیت الخلاء کا رخ قبلہ کی طرف کردیا گیا تھا' جب آپ کو اس بات کا پتہ چلا تھا کہ کچھ لوگ اس بات کو ناپسند کرتے ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالوہاب بن عبدالمجید بن صلت ثقفی، ابومحمد بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 194ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۶۳۳)۔

165- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ جَعْفَرٍ الْأَحْوَلُ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْأَحْمَسِيُّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبِيبٍ عَنْ عِيسَى الْحَنَّاطِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي حَاجَةٍ فَلَمَّا دَخَلْتُ إِلَيْهِ فَإِذَا النَّبِيُّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي الْمَخْرَجِ عَلَى لَبِنَتَيْنِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ .

قَالَ الشَّيْخُ أَبُو الْحَسَنِ عِيسَى بْنُ أَبِي عِيسَى الْحَنَّاطُ ضَعِيفٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں کسی کام سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں داخل ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت بیت الخلاء میں دو اینٹوں پر بیٹھے ہوئے قضائے حاجت کررہے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا رخ قبلہ کی طرف تھا۔

شیخ ابوالحسن (امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ) فرماتے ہیں: عیسیٰ بن ابوعیسیٰ حناط نامی راوی ضعیف ہے۔

۱۶۵- اخرجہ احمد (۲/ ۱۲)' والبخاري (۱/ ۲۴۶-۲۴۷) کتاب الوضوء' باب من تبرز علی لبنتین' الحدیث (۱۴۵)' ومسلم (۱/ ۲۲۴-۲۲۵) کتاب الطھارۃ' باب الاستطابة (۱۱۷)' الحدیث (۶۱/ ۲۶۶)' وابو داؤد (۱/ ۲۱)؛ کتاب الطھارۃ' باب الرخصة في استقبال القبلة عند قضاء الحاجة' الحدیث (۱۲)' والترمذي (۱/ ۱۶) کتاب الطھارۃ' باب الرخصة في ذلك' الحدیث (۱۱)' والنسائي (۱/ ۲۳-۲۴)؛ کتاب الطھارۃ' باب الرخصة في ذلك في البیوت' وابن ماجه (۱/ ۱۱۶) کتاب الطھارۃ' باب الرخصة في ذلك في الکنیف' الحدیث (۳۲۲)' والشافعي في (مسنده) (۶۵)' واحمد (۲/ ۴۱)' وابن خزیمة (۵۹)' وابن حبان (۱۴۱۸)' والطحاوي (۲۳۴)' والبغوي في (شرح السنة) (۱/ ۲۷۴)' والبیهقي (۱/ ۶۱)' وابن ابي شیبة (۱/ ۱۵۱)' وابن الجارود (۳۰)' والطبراني (۱۲/ رقم ۱۳۳۱۴)' وابن عبد البر في التمهید (۱/ ۳۰۶) من طرق عن ابن عمر۔

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن اسماعیل بن سمرۃ الاحمسی ابوجعفر سراج، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 260ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۸۲۶)۔

○ فی (ا): عمرو۔

○ عیسیٰ بن ابوعیسیٰ الحناط الغفاری، ابوموسیٰ مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 151ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۷۷۰)۔

○ عامر بن شراحیل الشعبی ابوعمرو، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 100ھ کے آس پاس ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۴۷۵) (۳۱۰۹)۔

•••———•••———•••

166- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ صَاعِقَةُ حَدَّثَنَا اَبُو الْمُنْذِرِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِى اَيُّوبَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ وَلَاتَسْتَدْبِرُوهَا بِغَائِطٍ وَلَابَوْلٍ شَرِّقُوا اَوْ غَرِّبُوا .

☆☆ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: پاخانہ کرتے ہوئے یا پیشاب کرتے ہوئے قبلہ کی طرف رخ نہ کرو' اس کی طرف پیٹھ نہ کرو' بلکہ (مدینہ منورہ کے حساب سے) مشرق یا مغرب کی طرف رخ کرو۔

۱۶۶-اخرجه الطبراني في الكبير (۴/۱۳۷) رقم (۳۹۱۷)' والخطيب (۲/۳۶۳) من طريق عمر بن ثابت' به- واخرجه البخاري (۱/۴۹۸) كتاب الطهارة' باب قبلة اهل المدينة' الحديث (۳۹۴)' ومسلم (۱/۲۲۴): كتاب الطهارة' باب الاستطابة' الحديث (۵۹/۲۶۴)' وابو داؤد (۱/۱۹) كتاب الطهارة' باب كراهية استقبال القبلة عند قضاء الحاجة' الحديث (۹)' والترمذي (۱/۱۳) كتاب الطهارة' باب النهي عن استقبال القبلة بغائط او بول' الحديث (۸) والنسائي (۱/۲۳) كتاب الطهارة' باب الامر باستقبال المشرق اوالمغرب عند الحاجة' وابن ماجه (۱/۱۱۵) كتاب الطهارة' باب النهي عن استقبال القبلة بالغائط والبول' الحديث (۳۱۸)' وابو عوانة (۱/۱۹۹)' وابن خزيمة (۵۷)' وابن حبان (۱۴۱۴)' والشافعي في (المسند) (۱/رقم ۶۳)' والحميدي (۳۷۸)' وابن ابي شيبة (۱/۱۵۰)' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۴/۲۳۳)' وابن شاهين في (الناسخ والمنسوخ) (ص ۸۲)' والطبراني في (الكبير) (ج ۴/۳۹۳۷' ۳۹۳۸' ۳۹۳۹' ۳۹۴۰' ۳۹۴۱' ۳۹۴۲)' وابو نعيم في (اخبار اصبهان) (۱/۱۶۸)' وابن عبد البر في (التمهيد) (۱/۳۰۴)' والبيهقي (۱/۹۱)' والبغوي في (شرح السنة) (۱/۲۷۳) من طريق الزهري' عن عطاء بن يزيد' عن ابي ايوب' به-

وله طريق ثالث عن ابي ايوب: اخرجه الطبراني في (الكبير) (۴/رقم ۳۹۳۱)' والطحاوي (۴/۲۳۳)' من طريق عبد الرحمن بن يزيد بن جارية عنه' بلفظ: (نهانا رسول الله صلى الله عليه وسلم ان نستقبل القبلة بغائط او بول)-

Marfat.com

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت خالد بن زید رضی اللہ عنہ (حضرت ابوایوب انصاری)

آپ کا نسب یہ ہے:

خالد بن زید بن وکیب بن ثعلبہ بن عبدعوف بن غنم بن مالک بن نجار۔

آپ کا تعلق انصار کے قبیلے خزرج کی شاخ ''بنونجار'' سے ہے۔

آپ کی والدہ کا نام ہند بنت سعید بن عمرو تھا۔ آپ کی کنیت ''ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ'' ہے اور آپ اپنی کنیت کے حوالے سے زیادہ مشہور ہیں۔

آپ کو بیعتِ عقبہ میں' غزوۂ بدر میں' غزوۂ اُحد میں بلکہ تمام غزوات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ شرکت کرنے کا شرف حاصل ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کر کے جب مدینہ منورہ تشریف لائے تھے تو آپ نے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے ہاں قیام کیا تھا۔

ابن اسحاق بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو آپ نے بنوعمرو بن عوف کے محلے میں پانچ دن قیام کیا۔ جب آپ مدینہ منورہ کی طرف روانہ ہوئے تو بنو سالم بن عوف نے آپ کی خدمت میں گزارش کی۔ یارسول اللہ! ہماری تعداد بہت زیادہ ہے اور ہم قوت والے لوگ ہیں۔ آپ ہمارے ہاں پڑاؤ کیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری اونٹنی کا راستہ چھوڑ دو یہ (اللہ تعالیٰ کے) حکم کی پابند ہے (جہاں یہ بیٹھے گی میں وہی قیام کروں گا)۔ اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک قبیلے سے ہوا تو انہوں نے آپ کی خدمت میں یہی گزارش کی تو آپ نے انہیں یہی جواب دیا۔ پھر آپ بنوساعدہ کے پاس سے گزرے تو انہوں نے بھی آپ سے قیام کی درخواست کی تو آپ نے یہی ارشاد فرمایا: میری اونٹنی کا راستہ چھوڑ دو یہ (اللہ تعالیٰ کے) حکم کی پابند ہے۔ پھر آپ کا گزر آپ کے ننھیالی عزیزوں سے ہوا جو عدی بن نجار تھے۔ انہوں نے درخواست کی کہ آپ اپنے ننھیالی عزیزوں کے ہاں چلئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں بھی یہی جواب دیا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر بنو مالک بن نجال کے پاس سے ہوا تو اونٹنی اس جگہ پر بیٹھ گی جہاں اب مسجد کا دروازہ ہے۔ اس نے ادھر ادھر دیکھا پھر تھوڑی سی دور آگے گئی۔ پھر واپس اسی مقام پر لوٹ آئی جہاں سے اٹھی تھی اور زمین پر بیٹھ گئی۔ پھر اس نے وہ آواز نکالی جو اونٹ بیٹھنے کے بعد نکالتے ہیں۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اونٹنی سے اترے۔ (یہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے دروازے کے پاس کی بات ہے) تو حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے آپ کا سامان اٹھایا اور آپ کو اپنے گھر لے گئے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مقام پر مسجد کی تعمیر کا حکم دیا جہاں اونٹنی بیٹھی تھی۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے میرے گھر کے نیچے والے حصے میں قیام کیا اور ہم نے بالائی حصے میں قیام کیا۔ ایک مرتبہ پانی گر گیا تو

Marfat.com

میں اور اُمّ ایوب کپڑے کے ذریعے اسے جذب کرنے لگے کہ کہیں وہ نبی اکرم ﷺ تک نہ پہنچ جائے۔ بعد میں میں ڈرتے ہوئے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے یہ گزارش کی: یہ مناسب نہیں ہے کہ آپ نیچے قیام کریں اور ہم اوپر قیام کریں۔ بہتر یہی ہے کہ آپ بالائی حصے میں تشریف لے جائیں۔

نبی اکرم ﷺ کے حکم کے مطابق آپ کا سامان بالائی حصے میں منتقل کر دیا گیا۔

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بہت سی خصوصیات کے مالک تھے۔ آپ نے جہاد کو اپنے اوپر لازم کر لیا تھا۔ وہ یہ فرمایا کرتے تھے: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم ہلکے ہو یا بھاری ہو اس جہاد کے لئے نکل کھڑے ہو''۔

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ میں یا ہلکا ہو سکتا ہوں یا بھاری ہو سکتا ہوں۔ لہٰذا دونوں صورتوں میں میرے اوپر جہاد کرنا لازم ہے۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے صرف ایک بار جہاد میں شرکت نہیں کی تھی اس کی وجہ یہ تھی کہ اس جہاد کے لشکر کا امیر ایک نوجوان کو بنایا گیا تھا اور حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کو یہ بات پسند نہیں آئی لیکن بعد میں انہیں اس بات کا زندگی بھر افسوس رہا کہ انہوں نے جہاد میں شرکت کیوں نہیں کی۔ وہ یہ فرمایا کرتے تھے: جو مرضی امیر ہو؟ میرا اس کے ساتھ کیا مطلب ہے؟

صحابہ کرام میں سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ، حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ، حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ، حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن یزید خطمی رضی اللہ عنہ نے ان سے احادیث روایت کی ہیں

جبکہ تابعین میں سے سعید بن مسیب، عروہ، سالم بن عبداللہ، ابوسلمہ، عطاء بن یسار، سالم بن یزید اور دیگر تابعین نے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں۔

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ قسطنطنیہ (موجودہ استنبول) پر حملے کی مہم کے دوران سن ۵۰ ہجری میں واصل بحق ہوئے اور آپ کو فصیل شہر کے پاس دفن کیا گیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبدالرحیم بن ابوزہیر بغدادی بزاز، ابویحییٰ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 255ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۸۷۲)۔

○ اسماعیل بن عمر واسطی، ابومنذر، نزیل بغداد: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 200ھ کے آس پاس ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۴۲)۔

Marfat.com

○ ورقاء بن عمر الیشکری، ابوبشر کوفی، نزیل المدائن، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۰۳۶)۔

○ سعد بن سعید بن قیس بن عمرو انصاری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 141ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۳۶۹)۔

○ عمر بن ثابت انصاری، الخزرجی، مدنی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۷۱۴)۔

•••——•••——•••

167- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ دَاوُدَ

١٦٧–اخرجه الحازمي في (الاعتبار) ص (١٣٩) من طريق الدارقطني بهذا الاسناد' واخرجه ابن ماجه (١/ ١١٧) كتاب الطهارة' باب الرخصة في ذلك في الكنيف' واباحته دون الصحاري' حديث (٣٢٣) نحو تلك الرواية' واما حديث ابي هريرة فقد اخرجه ابو داؤد (١/ ٤٩) كتاب الطهارة' باب كراهية استقبال القبلةعند قضاء الحاجة' الحديث (٨)' وابن ماجه (١/ ١١٤) كتاب الطهارة' باب الاستنجاء بالحجارة' الحديث (٣١٣)' والنسائي كتاب الطهارة' باب النهي عن الاستطابة بالروث' الحديث (٤٠)' واحمد (٢/ ٢٤٧' ٢٥٠)' وابو عوانة (١/ ٢٠٠)' والشافعي في (المسند) (٦٤)' والحميدي (٢/ ٤٣٤–٤٣٥)' وابن خزيمة (١/ ٤٣–٤٤)' وابن حبان (١٢٨)' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (٤/ ٢٣٣)' وابن شاهين في (الناسخ والمنسوخ) (ص٨٣)' والبيهقي (١/ ٩١' ١٠٢)' والبغوي في (شرح السنة) (١/ ٢٧٢) من طرق عن ابن عجلان' عن القعقاع' عن ابي صالح' عن ابي هريرة مرفوعا بلفظ: (انما انا مثل الوالد اعلمكم' اذا ذهب احدكم الى الخلاء فلا يستقبل القبلة ولا يستدبرها) وصححه ابن خزيمة' وابن حبان' والبغوي- واما حديث ابن عمر –رضي الله عنهما–: فقد تقدم برقم (١٦٥)' وسياتي برقم (١٦٨)-

و في الباب عن جماعة من الصحابة منهم: عبد الله بن الحارث بن جزء' ومعقل بن ابي الهيثم وسهل بن حنيف' وسهل بن سعد' واسامة بن زيد' ورجل من الانصار-

حديث عبد الله بن الحارث بن جزء الزبيدي: اخرجه ابن ماجه (١/ ١١٥) كتاب الطهارة' باب النهي عن استقبال القبلة بغائط وبول' حديث رقم (٣١٧) وابن ابي شيبة (١/ ١٥١)' واحمد (٤/ ١٩٠–١٩١)' وبن شاهين في (الناسخ والمنسوخ) ص (٨٣–بتحقيقنا) من طرق عن الليث' عن يزيد بن ابي حبيب' عن عبد الله بن الحارث قال: انا اول من سمع النبي صلى الله عليه وسلم يقول: (لا يبولن احدكم مستقبل القبلة)- وانا اول من حدث الناس بذلك- وذكره البو صيري في (الزوائد) (١/ ١٢٤)' وقال: هذا اسناد صحيح' وقد حكم بصحته ابن حبان' والحاكم' وابو ذر الهروي وغيرهم' ولا اعرف له علة-

حديث معقل بن ابي الهيثم: اخرجه ابن ابي شيبة (١/ ١٥١)' وابو داؤد (١/ ١٩) كتاب الطهارة' باب كراهية استقبال القبلة عند قضاء الحاجة' حديث (١٠)' وابن ماجه (١/ ١١٥) كتاب الطهارة' باب النهي عن استقبال القبلة بالغائط' والبول' حديث (٣١٩)' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (٤/ ٢٣٣)' وابن عبد البر في (التمهيد) (١/ ٣٠٤)' والبيهقي (١/ ٩١) من طريق عمرو بن يحيى المازني' ثنا ابو زيد مولى الثعلبيين عنه بلفظ: (نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان نستقبل القبلتين بغائط او بول)- وسنده ضعيف' لجهالة ابي زيد مولى الثعلبيين- قال الحافظ في (التقريب) (٢/ ٤٢٥): ابو زيد مولى بني ثعلبة' قيل: اسمه الوليد' مجهول- (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

Marfat.com

حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ عَنْ عِيسَى بْنِ اَبِى عِيسَى قَالَ قُلْتُ لِلشَّعْبِيِّ عَجِبْتُ لِقَوْلِ اَبِى هُرَيْرَةَ وَنَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ .قَالَ وَمَا قَالَا قُلْتُ

قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ لَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ وَلَا تَسْتَدْبِرُوهَا

وَقَالَ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَاَيْتُ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) ذَهَبَ مَذْهَبًا مُوَاجِهَ الْقِبْلَةِ

فَقَالَ اَمَّا قَوْلُ اَبِى هُرَيْرَةَ فَفِى الصَّحْرَاءِ اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى خَلْقًا مِّنْ عِبَادِهٖ يُصَلُّونَ فِى الصَّحْرَاءِ فَلَا تَسْتَقْبِلُوهُمْ وَلَا تَسْتَدْبِرُوهُمْ وَاَمَّا بُيُوتُكُمْ هٰذِهِ الَّتِى تَتَّخِذُونَهَا لِلنَّتْنِ فَاِنَّهٗ لَا قِبْلَةَ لَهَا .

عِيسَى بْنُ اَبِى عِيسَى هُوَ الْحَنَّاطُ وَهُوَ عِيسَى بْنُ مَيْسَرَةَ وَهُوَ ضَعِيفٌ.

☆☆ عیسیٰ بن ابوعیسیٰ بیان کرتے ہیں: میں نے امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے یہ کہا: مجھے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے قول' اور نافع کی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نقل کردہ روایت' پر بڑی حیرت ہوتی ہے۔ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے دریافت کیا: ان دونوں حضرات نے کیا بات بیان کی ہے؟ تو میں نے جواب دیا:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تو یہ فرماتے ہیں: (قضائے حاجت کے وقت) قبلہ کی طرف رخ یا پیٹھ نہ کرو'

جبکہ نافع نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے' وہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا: آپ قضائے حاجت کے لیے بیت الخلاء تشریف لے گئے' جس کا رخ قبلہ کی طرف تھا۔

تو امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات ارشاد فرمائی: جہاں تک حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے قول کا تعلق ہے' تو وہ صحرا کے بارے میں ہے' کیونکہ اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو صحرا میں نماز ادا کرتے ہیں' تو تم لوگوں کو استنجاء کرتے ہوئے ان کی طرف رخ یا پیٹھ نہیں کرنی چاہیے' لیکن جہاں تک گھروں میں بنائے جانے والے بیت الخلاء کا تعلق ہے' تو ان میں قبلہ کی طرف رخ یا پیٹھ کرنے کی کوئی ممانعت نہیں ہے۔

حديث سهل بن حنيف: اخرجه احمد (۳/ ٤٨٧)' والدارمي (۱/ ۱۳۵)' والحاكم (۳/ ٤١٢)من طريق ابن جريج' عن عبد الكريم بن ابي المخارق' ان الوليد بن مالك اخبره' ان محمد بن قيس' مولى: سهل بن حنيف اخبره' ان سهلا اخبره ان النبي ﷺ بعثه' قال: (انت رسولي الى اهل مكة' قل: ان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرا عليكم السلام' ويامركم بثلاث: لا تحلفوا بغير الله' واذا تخليتم فلا تستقبلوا القبلة ولا تستدبروها' ولا تستنجوا بعظم ولا ببعرة)- وذكر الهيثمي في (المجمع) (۱/ ۲۰۸)' وقال:رواه احمد' وفيه عبد الكريم بن ابي المخارق' وهو ضعيف- اه- ينظر التقريب (۱/ ٥١٦)-

حديث سهل بن سعد: اخرجه الطبراني في (الكبير) (٦/رقم ٥٧٣٥)' والعقيلي في: (الضعفاء) (۳/ ۱۰۳- ۱۰٤)من طريق الواقدي' ثنا عبد الحكيم بن عبد الله بن ابي فروة' عن العباس بن سهل' عن ابيه مرفوعا بلفظ: (اذا ذهب احدكم الى الخلاء' فلا يستقبل القبلة ولا يستدبرها)- والواقدي علة الحديث- وذكر الهيثمي في (المجمع)(۱/ ۲۰۸)' وقال: فيه الواقدي' وهو ضعيف-

حديث اسامة بن زيد: اخرجه ابن عدي في (الكامل) (٤/ ١٦٥)من طريق عبد الله بن نافع عن ابيه' عن اسامة بن زيد' ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى ان تستقبل القبلة بغائط او بول- قال يحيى: ضعيف' وقال البخاري: فيه نظر' وقال: منكر الحديث- وقال النسائي: متروك الحديث- اسند ذلك ابن عدي في ترجمة عبد الله بن نافع من (الكامل)-

حديث الرجل من الانصار: اخرجه مالك (۱/ ۱۹۳) رقم (۲)' عن نافع' عن رجل من الانصار' ان رسول الله صلى الله عليه و.. نهى' ان تستقبل القبلة لغائط' او بول-

Marfat.com

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: عیسیٰ بن ابوعیسیٰ نامی راوی حناط ہیں اور یہ عیسیٰ بن میسرہ ہے' جو ضعیف راوی ہے۔

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے دو مختلف روایات کے بارے میں امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ کا وضاحتی بیان نقل کیا ہے' امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف درج ذیل ہے:

حضرت امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ

عامر بن شراحیل بن عبد بن ذی کبار

انہوں نے ان سے احادیث روایت کی ہیں:

سعد بن ابی وقاص-سعید بن زید-ابوموسیٰ الاشعری-عدی بن حاتم-اسامۃ بن زید-ابومسعود البدری-ابو ہریرۃ-ابو سعید-عائشۃ-جابر بن سمرۃ-ابن عمر-عمران بن حصین-مغیرۃ بن شعبۃ-عبد اللہ بن عمرو-جریر بن عبد اللہ-ابن عباس-کعب بن عجرۃ-عبد الرحمٰن بن سمرۃ-سمرۃ بن جندب-نعمان بن بشیر-براء بن عازب-زید بن ارقم-بریدۃ بن حصیب-حسن بن علی-حبشی بن جنادۃ-الاشعث بن قیس الکندی-وہب بن خنبش طائی-عروۃ بن مضرس-جابر بن عبد اللہ-عمرو بن حریث-ابو سریحۃ غفاری-میمونۃ-ام سلمۃ-اسماء بنت عمیس-فاطمۃ بنت قیس-ام ہانی-ابوجحیفۃ السوائی-عبد اللہ بن ابواوفی-عبد اللہ بن یزید الانصاری-عبد الرحمٰن بن ابزی-عبد اللہ بن الزبیر-المقدام بن معد یکرب-عامر بن شہر-عروۃ بن الجعد البارقی-عوف بن مالک الاشجعی-عبد اللہ بن مطیع بن الاسود العدوی-انس بن مالک-محمد ابن صیفی-ان کے علاوہ پچاس صحابہ کرام ہیں۔

انہوں نے ان سے بھی احادیث روایت کی ہیں:

علقمۃ-الاسود-الحارث الاعور-عبد الرحمٰن بن ابولیلیٰ-القاضی شریح اور ایک بڑی تعداد ہے۔

ان سے احادیث روایت کرنے والے حضرات یہ ہیں:

الحکم-حماد-ابواسحاق-داود بن ابوہند-ابن عون واسماعیل بن ابوخالد-عاصم الاحول-مکحول الشامی-منصور بن عبد الرحمٰن

طبقات ابن سعد 6/246 ، طبقات خلیفۃ ت 1144، تاریخ البخاری 6/450 ، تاریخ البخاری الصغیر 1/243 ، 253، 254، المعارف 449، المعرفۃ والتاریخ 2/592 ، =(*) =اخبار القضاۃ 2/413 ، المنتخب من ذیل المذیل للطبری 635، الجرح والتعدیل القسم الاول من المجلد الثالث 322، الاکلیل 8/145 ، الحلیۃ 4/310 ، طبقات الشافعیۃ للعبادی 58، تاریخ بغداد 12 /227 ، طبقات الفقہاء للشیرازی 81، سمط اللآلی 751، الجمع بین رجال الصحیحین 377، تاریخ ابن عساکر (عاصم عایذ) 138-الاصل (س) 8 / 342 ب، طبقات فقہاء الیمن 70، اللباب 2/21 ، معجم البلدان (شعب)-فیات الاعیان 3/12 ، تہذیب الکمال ص 642، تاریخ الاسلام 4/130 ، تذکرۃ الحفاظ 1/74 ، العبر 1/127 ، تذہیب التہذیب 2/ 114 آ، البدایۃ والنہایۃ 9 /230 ، غایۃ النہایۃ ت 1500، طبقات المعتزلۃ 130، 139، تہذیب التہذیب 5/65 ، النجوم الزاہرۃ 1/253 ، طبقات الحفاظ للسیوطی ص 32، خلاصۃ تذہیب التہذیب 184، شذرات الذہب 1/126 ، تہذیب ابن عساکر 7/.141

Marfat.com

ہمدانی- عطاء بن سائب- مغیرۃ بن مقسم- محمد بن سوقہ- مجالد- یونس بن ابواسحاق- ابن ابولیلیٰ- ابو حنیفہ- عیسیٰ بن ابوعیسیٰ حناط- عبداللہ بن عیاش منتوف- ابوبکر الہذلی- اوران کے علاوہ بہت سے افراد ہیں۔

آپ اپنے وقت کے امام اپنے زمانے کے علامہ ہیں۔ آپ کی کنیت ابوعمرو ہمدانی ہے آپ شعبی کے اسم سے منسوب ہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت کے چھ سال گزرنے کے بعد آپ کی پیدائش ہوئی تھی اور ایک قول کے مطابق آپ سن ۲۱ ہجری میں پیدا ہوئے ہیں۔

امام ذہبی فرماتے ہیں: آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی زیارت کی ہے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اقتدا میں نماز بھی ادا کی ہے۔ ان کے علاوہ انہوں نے دیگر اکابر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی بھی زیارت کی ہے۔ ابوحصین بیان کرتے ہیں: میں نے شعبی سے بڑا فقیہ کوئی شخص نہیں دیکھا۔

ابومجلز بیان کرتے ہیں: میں نے شعبی سے بڑا فقیہ نہیں دیکھا اور نہ سعید بن مسیب' نہ طاؤس' نہ عطاء' نہ حسن بصری اور نہ ابن سیرین (ان سے بڑے ہیں)۔ میں نے ان سب کو دیکھا ہوا ہے۔

ابوبکرہ ہذلی بیان کرتے ہیں: شیخ ابن سیرین نے مجھ سے کہا: تم شعبی کی صحبت اختیار کرو کیونکہ میں نے دیکھا ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بکثرت صحابہ موجود تھے' اس زمانے میں بھی ان سے فتویٰ لیا جاتا تھا۔

ابن عیینہ بیان کرتے ہیں: لوگوں میں بڑے عالم تین ہوئے ہیں۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ اپنے زمانے میں' شعبی اپنے زمانے میں اور ثوری اپنے زمانے میں۔

عبدالملک بن عمیر بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' شعبی کے پاس سے گزرے تو اس وقت وہ غزوات سے متعلق کوئی روایت بیان کر رہے تھے تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ تو اس طرح بیان کر رہا ہے جیسے ہمارے ساتھ وہاں موجود تھے بلکہ یہ اس بارے میں مجھ سے زیادہ اچھے طریقے سے یاد رکھے ہوئے ہیں اور زیادہ بہتر جانتے ہیں۔

عاصم بن سلیمان بیان کرتے ہیں: میں نے ایسا کوئی شخص نہیں دیکھا جس کو اہل کوفہ' اہل بصرہ' اہل حجاز بلکہ دیگر تمام علاقوں کی احادیث کے بارے میں شعبی سے زیادہ علم ہو۔

مشہور روایات کے مطابق امام شعبی کا انتقال ۱۰۴ ہجری میں ہوا۔ اس وقت ان کی عمر ۸۲ سال کے لگ بھگ تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حاتم بن اسماعیل مدنی، ابواسماعیل حارثی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 187ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۲۰۷)۔

Marfat.com

168- حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ وَاَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَكِيلُ قَالاَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ عَمِّهِ وَاسِعِ بْنِ حَبَّانَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ ظَهَرْتُ عَلٰى اِجَّارٍ عَلٰى بَيْتِ حَفْصَةَ فِي سَاعَةٍ لَمْ اَظُنَّ اَحَدًا يَخْرُجُ فِي تِلْكَ السَّاعَةِ فَاطَّلَعْتُ فَاِذَا اَنَا بِرَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَلٰى لَبِنَتَيْنِ مُسْتَقْبِلَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ.

☆☆ واسع بن حبان بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو میں نے یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' وہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ میں سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر کی چھت پر چڑھا' ایک ایسے وقت میں جب مجھے یہ گمان تھا کہ اس وقت میں کوئی گھر سے نہیں نکلتا۔ جب میں نے توجہ کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو اینٹوں پر بیٹھے ہوئے بیت المقدس کی طرف رخ کر کے (قضائے حاجت) کر رہے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن یحییٰ بن حبان ابن منقذ انصاری، مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 121ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۹۰۶)۔

○ واسع بن حبان ابن منقذ بن عمرو انصاری، المازنی، مدنی، یہ صحابی ابن صحابی ہیں :بعض نے کہا ہے: یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۸/۲)(۳)۔

•••———•••———•••

20- بَابٌ فِي الْاِسْتِنْجَاءِ

باب: استنجاء کے احکام

169- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا اَبُو يَعْقُوبَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى التَّوْاَمُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ اُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ بَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَاتَّبَعَهُ عُمَرُ بِكُوزٍ مِنْ مَاءٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِنِّي لَمْ اُؤْمَرْ اَنْ اَتَوَضَّا كُلَّمَا بُلْتُ وَلَوْ فَعَلْتُ كَانَتْ سُنَّةً.

١٦٩- اخرجه ابو داؤد (١/٥٨) كتاب الطهارة' باب في الاستبراء حديث (٤٢)' وابن ماجه (١/١١٨) كتاب الطهارة' باب من بال ولم يمس ماء حديث (٣٢٧)' وابن ابي شيبة (١/٥٤)' والبيهقي (١/١١٣) كتاب الطهارة من حديث عائشة- قال النووي في (المجموع) (٢/١١٥) حديث ضعيف-

Marfat.com

لَا بَأْسَ بِهِ تَفَرَّدَ بِهِ اَبُوْ يَعْقُوْبَ التَّوْاَمُ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ حَدَّثَ بِهِ عَنْهُ جَمَاعَةٌ مِّنَ الرُّفَعَاءِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشاب کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک برتن میں پانی لے کر آئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے یہ حکم نہیں دیا گیا' میں جب بھی پیشاب کروں تو فوراً وضو کرلوں' اگر میں نے ایسا کیا تو یہ چیز سنت بن جائے گی۔

اس روایت کو دیگر سند کے ہمراہ بھی نقل کیا گیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ خلف بن ہشام بن ثعلب مقری، بغدادی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 299ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: التقیب ص (۳۰۰)۔

○ عبداللہ بن یحییٰ بن سلمان ثقفی، ابویعقوب التوءم، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۵۵٦)۔

○ عبداللہ بن عبیداللہ بن عبداللہ بن ابوملیکہ ابن عبداللہ بن جدعان: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 117ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۵۲۴)۔

○ میمونہ بنت ولید بن حارث انصاریہ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتی ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۳۷۳)۔

170 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَسْعَدَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ اَخْبَرَنِىْ عُتْبَةُ بْنُ اَبِىْ حَكِيْمٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ نَافِعٍ اَنَّهُ حَدَّثَهُ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبُوْ اَيُّوْبَ وَجَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَنَسُ بْنُ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيُّوْنَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِىْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ
(فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ) فَقَالَ
يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ اَثْنٰى عَلَيْكُمْ خَيْرًا فِى الطُّهُوْرِ فَمَا طُهُوْرُكُمْ هٰذَا . قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَتَوَضَّاُ لِلصَّلَاةِ وَنَغْتَسِلُ مِنَ الْجَنَابَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَهَلْ مَعَ ذٰلِكَ مِنْ غَيْرِهِ . قَالُوْا

Marfat.com

لَا غَيْرَ اَنَّ اَحَدَنَا اِذَا خَرَجَ مِنَ الْغَائِطِ اَحَبَّ اَنْ يَسْتَنْجِيَ بِالْمَاءِ .فَقَالَ هُوَ ذَاكَ فَعَلَيْكُمُوهُ .
عُتْبَةُ بْنُ اَبِي حَكِيمٍ لَيْسَ بِقَوِيٍّ.

☆☆ طلحہ بن نافع بیان کرتے ہیں: حضرت ابوایوب انصاری' حضرت جابر بن عبداللہ انصاری اور حضرت انس بن مالک انصاری (رضی اللہ عنہم) نے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے اس آیت کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے۔ (آیت یہ ہے:)

''اس میں وہ لوگ ہیں جو اس بات کو پسند کرتے ہیں: وہ اچھی طرح پاکیزگی حاصل کریں اور اللہ تعالیٰ اچھی طرح پاکیزگی حاصل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے''۔

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے انصار کے گروہ! اللہ تعالیٰ نے طہارت حاصل کرنے کے حوالے سے تمہاری بہت تعریف کی ہے' تمہارا طہارت حاصل کرنے کا طریقہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نماز کے لیے وضو کرتے ہیں جنابت کی حالت میں غسل کر لیتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا اس کے علاوہ تمہارا کوئی اور بھی طریقہ ہے؟ انہوں نے عرض کی: نہیں! البتہ جب ہم میں سے کوئی شخص پاخانہ کرتا ہے' تو وہ اس بات کو پسند کرتا ہے' وہ پانی کے ذریعے استنجاء کرے۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس کی وجہ یہی ہوگی' تم اسے اختیار کیے رکھنا۔

اس روایت کا راوی عتبہ بن ابوحکیم مستند نہیں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن شبیب بن زیاد، ابوبکر بزاز یعرف بابن ابوشیبۃ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 317ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۱/۵)(۲۳۷۹)۔

۱۷۰- اخرجه ابن ماجه (۱۲۷/۱) كتاب الطهارة' باب الاستنجاء بالماء' الحديث (۳۵۵)' وابن الجارود (ص ۲۴) كتاب الطهارة' باب الاستنجاء بالماء' الحديث (۴۰)' والحاكم (۱۵۵/۱) كتاب الطهارة' والبيهقي (۱۰۵/۱) كتاب الطهارة' باب الجمع في الاستنجاء بين المسح بالاحجار والغسل بالماء من حديث طلحة بن نافع' قال: حدثني ابو ايوب' وجابر بن عبد الله' وانس بن مالك الانصاريون: (ان هذه الآية لما نزلت: (فيه رجال يحبون ان يتطهروا والله يحب المطهرين) (التوبة: ۱۰۸) فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: (يا معشر الانصار' ان الله قد اثنى عليكم خيرًا في الطهور' فما طهوركم هذا؟ قالوا: يا رسول الله نتوضا للصلوة ونغتسل من الجنابة' فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: فهل مع ذلك غيره؟ قالوا: لا' غير ان احدنا اذا خرج من الغائط احب ان يستنجي بالماء' فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: هو ذاك فعليكموه)- وقال الحاكم: (صحيح الاسناد ولم يخرجاه)' ووافقه الذهبي- وقال البوصيري في (الزوائد) (۱۵۰/۱): هذا اسناد ضعيف' عتبة بن ابي حكيم ضعيف' وطلحة لم يدرك ابا ايوب- اه- وعتبة بن ابي حكيم ذكره الحافظ في (التقريب) (۴/۲): صدوق يخطئ كثيرًا- وقال الزيلعي في (نصب الراية) (۲۱۹/۱): اسناده حسن- اما طلحة بن نافع' فقال ابو حاتم: لم يسمع ابو سفيان من ابي ايوب شيئًا' واما انس فيحتمل' واما جابر فان شعبة يقول: سمع ابو سفيان من جابر اربعة احاديث-

Marfat.com

○ ابوحارث محمد بن عمرو بن مسعدۃ البیروتی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 295ھ کے بعد ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الانساب (۱/ ۴۲۸)۔

○ محمد بن شعیب بن شابور اموی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، دمشقی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 200ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۵۴) (۵۹۹۶)۔

○ عتبۃ بن ابوحکیم ہمدانی ابوالعباس الاردنی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 140ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۵۷) (۴۴۵۹)۔

○ طلحۃ بن نافع واسطی، ابوسفیان الاسکاف، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۶۵) (۳۰۵۲)۔

•••——•••——•••

21- باب الْاَسْآرِ

باب: (جانوروں کے) جوٹھے پانی کا حکم

171- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الصَّنْعَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَوَضَّاَ بِمَا اَفْضَلَتِ السِّبَاعُ .

اِبْرَاهِيمُ هُوَ ابْنُ اَبِى يَحْيٰى ضَعِيفٌ .وَتَابَعَهُ اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِى حَبِيبَةَ وَلَيْسَ بِالْقَوِيِّ فِي الْحَدِيثِ .

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے درندوں کے جوٹھے پانی سے وضو کیا ہے۔

اس روایت کا راوی ابراہیم ابن ابویحییٰ ہے' جوضعیف ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

۱۷۱- اخرجه عبد الرزاق (۱/ ۷۷) كتاب الطهارة' باب الماء ترده الكلاب والسباع' حديث (۲۵۲) بهذا الاسناد' واشار اليه البيهقي في الكبرى (۱/ ۲۴۹-۲۵۰) من طريق ابراهيم بن ابي اسحاق ثم قال: مختلف في ثقته' وضعفه اكثر اهل العلم بالحديث' وطعنوا فيه' وكان الشافعي يبعده عن الكذب- اه- وقد ورد من طريق الشافعي عن ابراهيم' كم سياتي عند المصنف في التالي-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ داؤد بن حصین اموی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوسلیمان مدنی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 135ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۰۵)(۱۷۸۹)۔

○ حصین والد دواد، یہ ''لین الحدیث'' ہیں۔ یہ ''چوتھے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۸۴)(۴۳۰)۔

•••——•••——•••

172- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ حَبِيْبَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَتَوَضَّاُ بِمَا اَفْضَلَتِ الْحُمُرُ قَالَ وَبِمَا اَفْضَلَتِ السِّبَاعُ .

ابْنُ اَبِيْ حَبِيْبَةَ ضَعِيْفٌ اَيْضًا وَهُوَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبَةَ.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا ہم گدھوں کے جوٹھے پانی سے وضو کرلیا کریں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: درندوں کے جوٹھے پانی سے (بھی وضو) کرلیا کرو۔

اس روایت کا راوی ابن ابی حبیبہ' ضعیف ہے' اس کا نام ابراہیم بن اسماعیل بن ابوحبیبہ ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سعید بن سالم القداح، ابوعثمان مکی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۷۹)(۲۳۲۸)۔

○ ابراہیم بن اسماعیل بن ابوحبیبۃ انصاری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 165ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۴)(۱۰۴۷)۔

•••——•••——•••

۱۷۲-اخرجه البيهقي في الكبرٰى (۱/۲۴۹) كتاب الطهارة' باب سور سائر الحيوانات سوى الكلب والخنزير في المعرفة (۱/۳۱۲-۳۱۳) كتاب الطهارة' باب سور ما لا يوكل لحمه سوى الكلب والخنزير رقم (۳۶۷) وفي بيان خطا من اخطا على الشافعي ص (۱۳۱)۔

Marfat.com

173- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِىُّ قَالَ وَحَدَّثَ الشَّافِعِىُّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ حَبِيْبَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ بِهٰذَا نَحْوَهُ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ داؤد بن حصین سے منقول ہے۔

174- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَيْدِ الْحِنَّائِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ دَاوُدَ بْنِ اَبِىْ عَتَّابٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ خَالِدٍ السَّمْتِىُّ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عَبَّادٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ ثَمَنُ الْكَلْبِ خَبِيْثٌ وَّهُوَ اَخْبَثُ مِنْهُ . يُوْسُفُ السَّمْتِىُّ ضَعِيْفٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کتے کی قیمت ناپاک ہے اور وہ خود اس سے بھی زیادہ ناپاک ہے۔

اس روایت کا راوی یوسف سمتی ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن احمد بن زید ابوبکر حنائی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱/۳۰۵) (۱۷۴)۔

○ محمد بن احمد بن داؤد بن سیار بن ابوعتاب ابوبکر المودب: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱/۳۰۱) (۱۶۵)۔

○ فضیل بن حسین بن طلحہ جحدری، ابوکامل، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 237ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۸۵)۔

○ ضحاک بن عباد: یہ راوی مجہول ہے۔

175- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ الْمُسَيَّبِ حَدَّثَنِىْ اَبُوْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَاْتِىْ دَارَ قَوْمٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَدُوْنَهُمْ دَارٌ فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَاْتِىْ دَارَ فُلَانٍ وَلَا تَاْتِىْ دَارَنَا فَقَالَ النَّبِىُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لِاَنَّ فِىْ دَارِكُمْ كَلْبًا . قَالُوْا فَاِنَّ

۱۷۴- لم اجد من خرجه من طريق عكرمة عن ابن عباس بهذا اللفظ غير المصنف- ولكن سياتي نحوه من طريق اخرى عن ابن عباس في كتاب البيوع- فانظر تخريجه هناك-

Marfat.com

فِیْ دَارِهِمْ سِنَّوْرًا فَقَالَ النَّبِیُّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) اَلسِّنَّوْرُ سَبُعٌ .

تَفَرَّدَ بِهٖ عِیْسَی بْنُ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ وَهُوَ صَالِحُ الْحَدِیْثِ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کچھ انصاریوں کے گھر تشریف لے گئے' ان کے گھروں سے پہلے جو گھر تھے (وہاں آپ تشریف نہیں لے کر گئے) تو یہ بات ان لوگوں کو گراں گزری' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ فلاں صاحب کے گھر تشریف لے آئے ہیں اور ہمارے گھر تشریف نہیں لائے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کی وجہ یہ ہے: تمہارے گھر میں کتا موجود ہے' انہوں نے عرض کی: ان کے گھر میں بلی موجود ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بلی درندوں میں شامل ہے۔

اس روایت کو نقل کرنے میں عیسیٰ بن میسب نامی راوی منفرد ہیں اور یہ احادیث نقل کرنے میں قابل اعتماد ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سالم بن ابوامیۃ، ابونضر، مولی عمر بن عبیداللہ تیمی مدنی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 129ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۹)(۲۱۸۲)۔

○ عیسیٰ بن میسب بجلی: ان کے بارے میں امام ابوزرعہ رازی نے یہ کہا ہے یہ قوی نہیں ہے۔(۲۸۸/۶)(۱۶۰۰)۔

○ ابوزرعۃ بن عمرو بن جریر بن عبداللہ بجلی کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۲۴/۲)(۶)۔

176- حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ حَدَّثَنَا وَكِیْعٌ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ حَدَّثَنَا زِیَادُ بْنُ اَیُّوْبَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِیْعَةَ جَمِیْعًا عَنْ عِیْسَی بْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) اَلسِّنَّوْرُ سَبُعٌ .

۱۷۵- اخرجه احمد (۴۴۲/۲)' والحاكم (۱۸۳/۱)' والعقیلي في الضعفاء (۲۸۶/۳-۲۸۷) في ترجمة عيسى بن المسيب' والبيهقي في الكبرى (۲۵۱/۱- ۲۵۲) كتاب الطهارة' باب: ذكر الاخبار التي يتفرق بها الكلب- كلهم من طريق عيسى بن المسيب' عن ابي زرعة' عن ابي هريرة به- قال الحاكم: (وعيسى بن المسيب تفرد عن ابي زرعة الا انه صدوق ولم يجرح قط)- اه- وتعقبه الذهبي بقوله: (قال ابو داؤد ضعيف' وقال ابو حاتم: ليس بالقوي)- روى العقيلي عن يحيى بن معين انه قال: (عيسى بن المسيب ضعيف' وفي موضع آخر: ليس بشي' كان اسد بن عمر ولاه القضاء بخراسان) وذكر له الحديث السابق ثم قال: (فلايتابعه الا من هو مثله او دونه)- اه- قال الهيثمي في المجمع (۴۷/۴): (رواه احمد وفيه عيسى بن المسيب وثقه ابو حاتم ضعفه غيره)- اه- وابو حاتم لم يوثقه انماقال فيه: في الجرح والتعديل (۲۸۸/۶) (محله الصدق ليس بالقوي)- اه-

Marfat.com

وَقَالَ وَكِيعٌ الْهِرُّ سَبُعٌ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بلی درندہ ہے۔

ایک روایت میں بلی کے لیے لفظ ''ھر'' استعمال ہوا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن ربیعۃ کلابی، کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 190ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۴۴)(۵۹۱۴)۔

○ مسلم بن جنادۃ بن سلم السوائی ابوالسائب کوفی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 254ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۹۶)(۲۴۷۷)۔

22- باب وُلُوغِ الْكَلْبِ فِي الْإِنَاءِ

باب: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا

177- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ وَّاَبُوْ رَزِينٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِىْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ .

صَحِيحٌ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی کتا کسی شخص کے برتن میں منہ ڈال دے تو وہ شخص اسے سات مرتبہ دھوئے۔

۱۷۷- اخرجه مسلم (۲/۹۹- الابى) كتاب الطهارة' باب حكم ولوغ الكلب- الحديث (۲۷۹)- والنسائي (۱/۵۲) كتاب الطهارة' باب الامر باراقة ما في الاناء اذا ولغ فيه الكلب' وفي (۱/۱۷۶) كتاب المياه' باب سور الكلب' واحمد في المسند (۲/۲۵۳' ۴۲۴)' وابن حبان في صحيحه (۴/۱۱۱) رقم (۱۲۹۶)' وابن الجارود في المنتقى رقم (۵۱)' وابو عوانة (۱/۲۰۷)' والبيهقي في الكبرٰى (۱/۲۳۹) كتاب الطهارة' باب الدليل على ان سور الكلب نجس- كلهم من طريق الاعمش' عن ابي صالح وابي رزين' به-

واخرجه ابن ابي شيبة (۱/۱۷۳)' ومن طريق ابن ماجه (۱/۱۳۰) كتاب الطهارة وسننها' باب غسل الاناء من ولوغ الكلب- الحديث (۳۶۳) من طريق ابي معاوية عن الاعمش' عن ابي رزين وحده' عن ابي هريرة' به-

ورواه الطحاوي (۱/۲۱) من طريق حفص' عن الاعمش' به كذلك' ورواه الطبراني في الصغير (۱/۹۳) من طريق عبد الرحمن الرواسي' عن الاعمش' عن ابي رزين' به' واخرجه الطيالسي (۱/۴۳) عن شعبة' عن الاعمش' عن ابي صالح وحده' به-

Marfat.com

یہ روایت ''صحیح'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عباس بن ولید بن نصر نرسی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 238ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۸۹) (۳۲۱۰)۔

○ عبدالواحد بن زیاد عبدی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 176ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۳۰) (۴۲۶۸)۔

○ ذکوان، ابوصالح السمان الزیات، مدنی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 101ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۱۳) (۱۸۵۰)۔

○ مسعود بن مالک، ابورزین اسدی، کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 85ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۳۶) (۶۶۵۶)۔

توضیح مسئلہ:

یہاں اس باب میں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے برتن میں کتے کے منہ ڈالنے کا حکم بیان کیا ہے۔

جس برتن میں کتا منہ ڈال لے' اس کا حکم کیا ہوگا؟

اس بارے میں اہلِ علم میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ امام ابن شہاب زہری' امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: اگر کوئی کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے اور اس برتن میں پانی موجود ہو' تو وہ پانی بدستور پاک رہے گا اور اس وقت اس کے ساتھ وضو کرنا اور غسل کرنا جائز ہوگا' جب اس پانی کے علاوہ کوئی پانی موجود نہ ہو۔

لیکن بعض فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے' اس پانی کے ساتھ وضو کر لینے کے ہمراہ احتیاط کے طور پر تیمم بھی کیا جائے گا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: ایسے برتن کو دھونے کا حکم (امر تعبدی) ہے' اس کا پانی کے پاک ہونے یا نہ ہونے کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔

فقہائے مالکیہ کتے کے جوٹھے کے پاک ہونے کی دلیل یہ دیتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے برتن کو سات مرتبہ دھونے کا حکم دیا ہے' اگر وہ برتن ناپاک ہوتا تو نجاست کے بارے میں حکم یہ ہے: جتنی مرتبہ دھونے سے نجاست زائل ہو جائے' اتنی

Marfat.com

مرتبہ دھونا لازم ہوگا' لیکن جب امرِ تعبدی کے طور پر کسی چیز کو دھونے کا حکم دیا جائے تو وہ ایک سے زیادہ مرتبہ ہوسکتا ہے' جیسے وضو کے دوران اعضائے وضو کو دو یا تین مرتبہ دھویا جاتا ہے' حالانکہ ایک مرتبہ دھو لینے سے مقصد حاصل ہو جاتا ہے۔

علامہ بدرالدین محمود عینی نے یہ بات بیان کی ہے' امام بخاری بھی اسی بات کے قائل ہیں: کتے کا جوٹھا ناپاک نہیں ہوتا ہے۔

علامہ عینی نے یہ بات تحریر کی ہے: احناف کے نزدیک نہ تو کتے کے جوٹھے برتن کو سات مرتبہ دھونا واجب ہے اور نہ ہی اسے پہلی مرتبہ مٹی کے ساتھ صاف کرنا واجب ہے۔

احناف نے اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کی ہے: کتے کے جوٹھے کو سات مرتبہ دھونے کی حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نقل کی ہے' جبکہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی کے حوالے سے کتے کے جوٹھے برتن کو تین مرتبہ دھونے کی روایت' جو قولی طور پر بھی ہے اور فعلی طور پر بھی ہے' منقول روایت کے طور پر بھی ہے اور ''موقوف'' روایت کے طور پر بھی ہے۔ یہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ہی ثابت ہے۔

ان میں سے بعض روایات امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ نقل کی ہیں۔

جن میں ایک روایت میں یہ ذکر ہے' حضرت ابوہریرہ نے خود یہ فتویٰ دیا ہے' کتے کے جوٹھے برتن کو تین مرتبہ دھویا جائے گا۔

اس سے یہ بات ظاہر ہو جاتی ہے' سات مرتبہ دھونے کے حکم والی روایت یا تو منسوخ ہوگی' کیونکہ اس روایت کے راوی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں اور اصول یہ ہے' جب راوی کا اپنا فتویٰ اس کی نقل کردہ روایت کے خلاف ہو' تو پھر وہ روایت حجت شمار نہیں ہوتی ہے۔

کیونکہ کسی بھی صحابی کے بارے میں یہ توقع نہیں کی جاسکتی کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی فرمان سنا ہو اور پھر خود ہی اس کے خلاف حکم دے دیا ہو' یا اس کے خلاف عمل کیا ہو' کیونکہ اگر وہ ایسا کرتے ہیں' تو اس کے نتیجے میں ان کی عدالت ساقط ہو جائے گی۔ اس لیے ہمیں یہی ماننا پڑے گا' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک کتے کے جوٹھے برتن کو سات مرتبہ دھونے کی روایت منسوخ ہوگی اور فقہائے احناف بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

امام یحییٰ بن شرف نووی ''شرح صحیح مسلم'' میں تحریر کرتے ہیں:

''اس باب کی احادیث سے یہ پتہ چل جاتا ہے' جب کسی برتن میں کتا منہ ڈال لے تو وہ برتن نجس ہو جاتا ہے اور اسے دھونا واجب ہو جاتا ہے۔

یہ ہمارا (یعنی شافعی فقہاء کا) امام مالک' امام احمد اور جمہور فقہاء کا مسلک ہے (یعنی سات مرتبہ دھونا واجب ہونا' جمہور فقہاء کا مسلک ہے) اس کے برعکس امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: ایسے برتن کو تین مرتبہ دھو لینا کافی ہوتا ہے''۔

ہم اس سے پہلے یہ وضاحت کر چکے ہیں' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے جو فتویٰ دیا ہے وہ کچھ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ثابت ہے۔

Marfat.com

178- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ وَّاَبِيْ رَزِيْنٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِيْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيُهَرِقْهُ وَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ . صَحِيْحٌ اِسْنَادُهٗ حَسَنٌ وَّرُوَاتُهٗ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی کتا کسی شخص کے برتن میں منہ ڈال دے تو وہ اس برتن میں موجود چیز کو بہا دے اور اس برتن کو سات مرتبہ دھولے۔

اس روایت کی سند صحیح اور حسن ہے اور اس کے تمام راوی مستند ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسماعیل بن الخلیل الخزاز ابوعبداللہ کوفی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 215ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۳۹)(۴۴۵)۔

○ علی بن مسہر قرشی کوفی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 189ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۰۵)(۴۸۳۴)۔

179- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنَا عَارِمٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

۱۷۹- اخرجه ابو داؤد في سننه (۱۹/۱) كتاب الطهارة' باب الوضوء بسور الكلب' الحديث (۷۲) من طريق المعتمر بن سليمان' وحماد بن زيد' جميعًا عن ايوب' عن محمد' عن ابي هريرة موقوفاً' كما رواه المصنف- ورواه ابو عبيد في الطهور' رقم (۲۰٤) من طريق ابن علية' عن ايوب' عن ابن سيرين' عن ابي هريرة موقوفاً' وزاد فيه: (اولهن او آخرهن بالتراب' والهر مرة)- وقد اخرجه الترمذي (۱۵۱/۱) كتاب الطهارة' باب ما جاء في سور الكلب' الحديث (۹۱) حدثنا سوار بن عبد الله العنبري' حدثنا المعتمر بن سليمان قال: سمعت ايوب يحدث' عن محمد بن سيرين' عن ابي هريرة...... فذكره مرفوعًا بالشك' وقد رواه ايضًا الطحاوي في شرح المعاني (۲۱/۱): حدثنا ابن ابي داؤد قال: ثنا المقدمي' ثنا المعتمر بن سليمان' عن ايوب' عن محمد' عن ابي هريرة مرفوعاً- ايضاً- وقال: (اولهن بالتراب) من غير شك- ورواه بالشك- ايضاً- الشافعي في الام (٤٥/۱) كتاب الطهارة' باب الماء الراكد' والحميدي (٤۲۸/۲) رقم (۹٦۸)' والبيهقي في الكبرى (۲٤۱/۱)' وابو نعيم في (الحلية) (۱۵۸/۹)' والبغوي في (شرح السنة) (۳۷۸/۱) رقم (۲۸۹- بتحقيقنا) من طريق ابن عيينة' عن ايوب' عن ابن سيرين' عن ابي هريرة مرفوعاً-

وقد رواه عبد الرزاق (۹٦/۱) رقم (۳۳۱)' واحمد في المسند (۲٦۵/۲) من طريق معمر بن راشد' عند ايوب' به مرفوعًا ايضاً- وروى احمد في المسند (٤۸۹/۲): ثنا محمد بن جعفر' قال: وسئل عن الاناء يلغ فيه الكلب؟ قال: ثنا سعيد بن ابي عروبة' عن ايوب' عن ابن سيرين' عن ابي هريرة...... فذكره مرفوعاً- وسياتي من طريق الاوزاعي عن ابن سيرين رقم (۱۸۱)' ومن طريق قرة عن ابن سيرين رقم (۱۸۲) ومن طريق لقتادة عنه رقم (۱۸۳)-

Marfat.com

زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ فِى الْكَلْبِ يَلِغُ فِى الْاِنَاءِ قَالَ يُهْرَاقُ وَيُغْسَلُ سَبْعَ مَرَّاتٍ .
صَحِيْحٌ مَوْقُوْفٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کتے کے بارے میں یہ روایت منقول ہے: جب کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے' تو وہ فرماتے ہیں: اس کے اندر موجود چیز کو بہا دیا جائے' اور اس برتن کو سات مرتبہ دھویا جائے۔

یہ روایت صحیح ہے اور ''موقوف'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حجاج بن ابویعقوب یوسف بن حجاج ثقفی، بغدادی المعروف بابن الشاعر، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 259ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۲۵)(۱۱۴۹)۔

•••——•••——•••

180- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانِ بْنِ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يَحْيَى الْهِلَالِىُّ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ يَعْنِى ابْنَ اَبِىْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ . وَيُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِىِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ طُهُوْرُ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِيْهِ يُغْسَلُ سَبْعَ مَرَّاتٍ الْاُوْلٰى بِالتُّرَابِ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب کسی برتن میں کتا منہ ڈال دے تو اس کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے' اسے سات مرتبہ دھولیا جائے' جس میں سے پہلی مرتبہ مٹی کے ذریعے صاف کیا جائے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یزید بن سنان بن یزید تمیمی، ابوفروۃ الرھاوی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 155ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۶۶)(۲۶۵)۔

○ سعید بن بشیر ازدی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوعبدالرحمٰن، او ابوسلمۃ الشامی، : علم ''اسماء الرجال'' کے

۱۸۰- لم اجد من خرجه من طريق الحسن عن ابي هريرة غير المصنف' وفيه (خالد بن يحيى) ذكره ابن عدي في الكامل (۲/۸۸۲)' وقال: (ولخالد هذا غير ما ذكرت من الحديث افرادات وغرائب عمن يحدث عنه' وليس بالكثير' وارجو انه لا باس به' لا ني لم ار في حديثه متنا منكرًا)- اهـ- وقال الذهبي في الميزان (۲/۶۳۱- بتحقيقنا): (صويلح لا باس به)- اهـ- وقد رواه غيره عن قتاده عن ابن سيرين' كما سياتي عند المصنف رقم (۱۸۴)-

Marfat.com

ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 169ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۷۴)(۲۲۸۹)۔

•••———•••———•••

181- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) طُهُوْرُ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ اِذَا وَلَغَ فِيهِ الْكَلْبُ اَنْ يَغْسِلَهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ اُولَاهُنَّ بِالتُّرَابِ .

اَلْاَوْزَاعِيُّ دَخَلَ عَلَى ابْنِ سِيرِينَ فِي مَرَضِهِ وَلَمْ يَسْمَعْ مِنْهُ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کسی شخص کے برتن کو پاک کرنے کا طریقہ' جب اس میں کتے نے منہ ڈال دیا ہو' یہ ہے: اسے سات مرتبہ دھولے اور اس میں سے پہلی مرتبہ مٹی کے ذریعے صاف کرے۔

امام اوزاعی' ابن سیرین کی خدمت میں اس وقت حاضر ہوئے تھے جب وہ بیمار تھے۔ امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن سیرین سے احادیث کا سماع نہیں کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ بشر بن بکر تنیسی' ابوعبداللہ بجلی۔ دمشقی الاصل۔: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 205ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۶۸)(۶۸۳)۔

•••———•••———•••

182- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ وَحَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) طُهُوْرُ الْاِنَاءِ اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِيهِ يُغْسَلُ سَبْعَ مَرَّاتٍ الْاُولٰى بِالتُّرَابِ وَالْهِرَّةُ مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ . قُرَّةُ شَكَّ .هٰذَا صَحِيحٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: برتن کو پاک کرنے کا طریقہ' جب

۱۸۱- اخرجه البيهقي في الكبرٰى (۱/ ۲٤۰) كتاب الطهارة' باب ادخال التراب في احدى غسلاته- وفي السنن الصغرى (۱/ ۷۰) رقم (۹۷) من طريق الاوزاعي عن ابن سيرين' عن ابي هريرة مرفوعاً- وانظر الحديث (۱۷۹)-

۱۸۲- اخرجه الطحاوي في شرح معاني الاٰثار (۱/ ۲۱)' والبيهقي في الكبرٰى (۱/ ۲٤۷)' والحاكم في المستدرك (۱/ ۱٦۰)' من طريق الضحاك بن مخلد: ابي عاصم النبيل' عن قرة بن خالد' عن ابن سيرين' عن ابي هريرة مرفوعاً- قال الحاكم: (صحيح الاسناد على شرط الشيخين)- اﻫ- وانظر تخريج الحديث (۱۷۹)-

Marfat.com

اس میں کتے نے منہ ڈال دیا ہو' یہ ہے: اس برتن کو سات مرتبہ دھولیا جائے' جس میں سے پہلی مرتبہ مٹی کے ذریعے صاف کیا جائے' اگر بلی نے منہ ڈالا ہو' تو اسے ایک یا دو مرتبہ دھولیا جائے۔

یہ شک قرہ نامی راوی کو ہے' اور یہ روایت مستند ہے۔

183- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبَانُ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ سِيْرِيْنَ حَدَّثَهٗ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهٗ

اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِى الْاِنَاءِ فَاغْسِلُوْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ السَّابِعَةُ بِالتُّرَابِ .

وَهٰذَا صَحِيْحٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو تم اسے سات مرتبہ دھولو اور ساتویں مرتبہ مٹی کے ذریعے صاف کرو۔

یہ روایت مستند ہے۔

184- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ قَتَادَةَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

185- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَانِءٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ بَشِيْرٍ عَنْ قَتَادَةَ بِاِسْنَادِهٖ نَحْوَهٗ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ الْاُوْلٰى بِالتُّرَابِ .

هٰذَا صَحِيْحٌ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: پہلی مرتبہ مٹی کے ساتھ صاف کیا جائے۔

یہ روایت مستند ہے۔

186- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ

۱۸۳-اخرجه ابو داؤد (۱۹/۱) كتاب الطهارة' باب البول في الماء الراكد' الحديث (۷۳) ومن طريق البيهقي (۲٤۱/۱) كتاب الطهارة' باب ادخال التراب في احدى غسلاته- من طريق ابان بن يزيد العطار- حدثنا قتادة عن ابن سيرين عن ابي هريرة مرفوعاً- كما رواه النسائي (۱۷۷/۱-۱۷۸) كتاب الطهارة' باب تعفير الاناء بالتراب من ولوغ الكلب فيه من طريق سعيد ابن ابي عروبة' عن قتادة' عن ابن سيرين' عن ابي هريرة' مرفوعاً-

۱۸٦-واخرجه النسائي (۱۷۷/۱): كتاب المياه' باب تعفير الاناء بالتراب من ولوغ الكلب فيه' والبيهقي (۲٤۱/۱) كتاب الطهارة' باب ادخال التراب في احدى غسلاته' والدارقطني (٦٤/۱) كتاب الطهارة' باب: ولوغ الكلب في الاناء' الحديث (٤)- كلهم من طريق معاذ بن هشام' عن ابيه' عن قتادة' عن خلاس' عن ابي رافع' عن ابي هريرة مثله- وقال البيهقي: (هذا حديث غريب ان كان حفظه معاذ فهو حسن لان التراب في هذا الحديث لم يروه ثقة' غير ابن سيرين' عن ابي هريرة' وانما رواه غير هشام' عن قتادة' عن ابن سيرين' كما مر)-

Marfat.com

هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ خِلَاسٍ عَنْ أَبِي رَافِعٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ إِ
وَلَغَ الْكَلْبُ فِي الْإِنَاءِ فَاغْسِلُوهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ أُولَاهُنَّ بِالتُّرَابِ .
هٰذَا صَحِيحٌ.

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو اسے سات مرتبہ دھولو اور پہلی مرتبہ مٹی کے ذریعے (دھونا)۔
یہ حدیث ''صحیح'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ خلاس ابن عمرو بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۳۰)(۱۸۲)۔

○ نفیع صائغ، ابورافع مدنی، نزیل البصرۃ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۰۶)(۱۴۱)۔

---

187 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ أَسَدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ مُطَرِّفًا عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُغَفَّلٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ ثُمَّ قَالَ مَا لَهُمْ وَلَهَا . فَرَخَّصَ فِي كَلْبِ الصَّيْدِ وَفِي كَلْبِ الْغَنَمِ وَقَالَ إِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِي الْإِنَاءِ فَاغْسِلُوهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ وَالثَّامِنَةَ عَفِّرُوهُ فِي التُّرَابِ .
صَحِيحٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتوں کو مارنے کا حکم دیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم

۱۸۷- اخرجه احمد (۸٦/٤)، والدارمي (۱۸۸/۱) كتاب الطهارة، باب في ولوغ الكلب، ومسلم (۲۳۵/۱) كتاب الطهارة، باب حكم ولوغ الكلب، الحديث (۲۸۰/۹۲)، وابو داؤد (۵۹/۱) كتاب الطهارة، باب الوضوء بسور الكلب، الحديث (۷٤)، والنسائي (۱۷۷/۱) كتاب الطهارة، باب تعفير الاناء بالتراب مع ولوغ الكلب فيه، وابن ماجه (۱۳۰/۱) كتاب الطهارة، باب غسل الاناء من ولوغ الكلب، الحديث (۳٦۵)، وابن ابي شيبة (۱۷٤/۱)، وابو عوانة (۲۰۸/۱)، وابن حبان (۱۲۹۸/٤)، وابن الجارود (۵۲)، والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۲۳/۱)، والبيهقي، وابن حزم في (المحلى) (۱۱۰/۱)، وابن عبد البر في (التمهيد) (٤۰٤/۸)، وابن عدي في (الكامل) (۱۲٦۱/۲)، والبغوي في (شرح السنة) (۳۷۸/۱)، من طرق عن شعبة، عن ابي التياح، عن مطرف، عن عبد الله بن مغفل- وقال الحافظ في (التلخيص) (۲٤/۱) قال ابن منده: اسناد مجمع على صحته-

Marfat.com

ارشاد فرمایا: لوگوں کو اس سے کیا فائدہ' پھر نبی اکرم ﷺ نے شکاری کتے' بکریوں کی حفاظت کے لیے کتے کو پالنے کی اجازت دی۔

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''جب کوئی کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو اسے سات مرتبہ دھولو اور آٹھویں مرتبہ مٹی کے ساتھ رگڑ لو''۔

یہ حدیث ''صحیح'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ بہز بن اسد عمی، ابوالاسود بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 200ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۰۹)(۱۴۹)۔

○ مطرف بن عبداللہ بن الشخیر، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 95ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۵۳)(۱۱۷۱)۔

188- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَيْدٍ الْحِنَّائِيُّ حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا الْخَضِرُ بْنُ اَصْرَمَ حَدَّثَنَا الْجَارُودُ عَنْ اِسْرَائِيلَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ هُبَيْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِيْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ اِحْدَاهُنَّ بِالْبَطْحَاءِ .

اَلْجَارُوْدُ هُوَ ابْنُ يَزِيْدَ مَتْرُوْكٌ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جب کتا کسی شخص کے برتن میں منہ ڈال دے تو وہ شخص اسے سات مرتبہ دھولے اور ان میں سے ایک مرتبہ اسے ریت کے ذریعہ (رگڑ کر صاف کرے)۔

اس روایت کا راوی جارود' یزید کا بیٹا ہے اور ''متروک'' ہے۔

188- اخرجه الطبراني في الاوسط كما في مجمع البحرين (۱/۳۰۸) رقم (۳۷۳) حدثنا محمود: ثنا الخضر: ثنا الجارود: ثنا اسرائيل: عن ابي اسحاق: عن هبيرة بن يريم عن علي قال: فذكره مرفوعاً- قال الطبراني: لا يروى عن علي الا بهذا الاسناد-

قال الهيثمي في المجمع (۱/۲۹۱): (رواه الطبراني في الاوسط من طريق الجارود عن اسرائيل والجارود لم اعرفه)- اه - قال الحافظ في التلخيص (۱/٦٦): (اسناده ضعيف فيه الجارود بن يزيد وهو متروك)- اه -

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمود بن محمد بن عبد العزیز، ابو محمد مروزی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 291ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۹۴/۱۳) (۷۰۷۸)۔

○ الجارود بن یزید۔ ابو علی العامری نیشاپوری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 230ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: میزان الاعتدال (۱۰۸/۲) (۱۴۳۰)۔

○ اسرائیل بن یونس بن ابو اسحاق سبیعی ہمدانی، ابو یوسف کوفی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 160ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابو الفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۴/۱) (۴۶۰)۔

○ ہبیرۃ بن یریم شیبانی الخارفی ابو حارث کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابو الفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۱۵/۲) (۵۱)۔

•••——•••——•••

189- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِى الْكَلْبِ يَلَغُ فِى الْاِنَاءِ اَنَّهُ يَغْسِلُهُ ثَلَاثًا اَوْ خَمْسًا اَوْ سَبْعًا.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کتوں کے بارے میں یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب کوئی کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو آدمی اسے تین مرتبہ (شاید یہ الفاظ ہیں:) پانچ مرتبہ یا شاید (یہ الفاظ ہیں:) سات مرتبہ دھولے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبد الوہاب بن ضحاک نیشاپوری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابو الفضل احمد

۱۸۹- اخرجه الشافعي في الام (۶/۱)، واحمد (۴۶۰/۲)، والبخاري (۳۶۸/۱) كتاب الوضوء، باب اذا شرب الكلب في الاناء- الحديث (۱۷۲)- ومسلم (۱۸۵/۲) كتاب الطهارة، باب حكم ولوغ الكلب، الحديث (۲۷۹)، والنسائي (۵۲/۱-۵۳) كتاب الطهارة، باب سور الكلب، وابن ماجه (۳۶۴/۱) كتاب الطهارة وسننها، باب غسل الاناء من ولوغ الكلب، الحديث (۳۶۴)، والبيهقي في الكبرىٰ (۲۴۰/۱)، وابن الجارود رقم (۵۰)، وابن حبان في صحيحه (۱۰۹/۴) رقم (۱۲۹۴)، والبغوي في شرح السنة (۳۷۸/۱) من طرق عن ابي الزناد، عن الاعرج، عن ابي هريرة مرفوعاً-

Marfat.com

علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۲۸)(۱۴۰۲)۔

○ عبداللہ بن ذکوان قرشی، ابوعبدالرحمٰن، مدنی، المعروف بابی الزناد، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 117ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۱۳)(۲۸۶)۔

○ عبدالرحمٰن بن ہرمز اعرج، ابوداود مدنی، مولی ربیعۃ بن حارث، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۰۱)(۱۱۴۲)۔

•••———•••———•••

190- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْبَاقِيْ بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ يَغْسِلُ ثَلَاثًا اَوْ خَمْسًا اَوْ سَبْعًا .

تَفَرَّدَ بِهٖ عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ عَنْ اِسْمَاعِيلَ وَهُوَ مَتْرُوْكُ الْحَدِيْثِ وَغَيْرُهُ يَرْوِيْهِ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ فَاغْسِلُوْهُ سَبْعًا ـ وَهُوَ الصَّوَابُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: وہ شخص اسے تین مرتبہ دھوئے۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) پانچ مرتبہ دھولے یا سات مرتبہ دھولے۔

اس روایت کو اسماعیل نامی راوی سے نقل کرنے کے حوالے سے عبدالوہاب نامی راوی منفرد ہیں اور یہ راوی ''متروک الحدیث'' ہیں۔

دیگر راویوں نے اسماعیل نامی راوی کے حوالے سے اس روایت کو نقل کیا ہے اور اس میں یہی الفاظ ہیں: ''اس کو سات مرتبہ دھولو' اور یہی روایت درست ہے۔

—•—•—•—

بیانِ حدیث کا تعارف:

○ حسین بن اسحاق واسطی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۷۳)(۳۳۹)۔

•••———•••———•••

191- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ قَالَ وَحَدَّثَنَا بِهٖ اَبِيْ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَمْرٍو الْحِمْصِيُّ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

Marfat.com

بِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ فَاغْسِلُوْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ . وَهٰذَا هُوَ الصَّحِيْحُ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ نبی اکرم ﷺ سے منقول ہے' جس میں آپ ﷺ کا یہ فرمان ہے:

''تم اسے سات مرتبہ دھولو''۔

یہ روایت زیادہ مستند ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالوہاب بن نجدۃ حوطی ابومحمد، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 232ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۲۹/۱) (۱۴۰۸)۔

•••——•••——•••

192- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ .وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ

اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِي الْاِنَاءِ فَاهْرِقْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ .

هٰذَا مَوْقُوْفٌ وَّلَمْ يَرْوِهِ هٰكَذَا غَيْرُ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب کوئی کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو تم اس میں موجود پانی کو بہادو اور پھر اسے تین مرتبہ دھولو۔

یہ روایت ''موقوف'' ہے اور عبدالملک نامی راوی کے علاوہ اور کسی نے اس طرح (''موقوف'' روایت کے طور پر) نقل نہیں کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسباط بن محمد بن عبدالرحمٰن بن خالد بن میسرۃ قرشی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابومحمد، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 195ھ میں ہوا' ان

۱۹۲- اخرجه المصنف هنا من طريق سعدان عن اسحاق الازرق' عن عبد الملك' به موقوفاً- وقد خالفه الحسين بن علي الكرابيسي' فرواه عن اسحاق الازرق' ثنا عبد الملك بن ابي سليمان' عن عطاء' عن ابي هريرة مرفوعاً- اخرجه ابن عدي في الكامل (۷۷۶/۲)' وابن الجوزي في العلل (۳۳۲/۱- ۳۳۳) رقم (۵۴۰)' وقال ابن الجوزي: (هذا حديث لا يصح' لم يرفعه عن اسحاق غير الكرابيسي' وهو ممن لا يحتج بحديثه' واصل هذا انه موقوف)- اه- وقد رواه الطحاوي في شرح الآثار (۲۳/۱): حدثنا اسماعيل بن اسحاق قال: ثنا ابو نعيم قال: ثنا عبد السلام بن حرب عن عبد الملك' عن عطاء' عن ابي هريرة في الاناء يلغ فيه الكلب او الهر' قال: (يغسل ثلاث مرات)- وقد رواه ايضاً الدارقطني من طريق ابن فضل عن عبد الملك' به' وسياتي بعد هذا- قال البيهقي في معرفة السنن (۳۱۰/۱- ۳۱۱)

Marfat.com

کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۳)(۳۶۱)۔

○ اسحاق بن یوسف بن مرداس مخزومی واسطی، المعروف بالازرق، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 195ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۶۳)(۴۵۰)۔

•••——•••——•••

193- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِي الْإِنَاءِ أَهْرَاقَهُ وَغَسَلَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اگر کوئی کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو آدمی اس میں موجود پانی کو بہا دے اور اس برتن کو تین مرتبہ دھولے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن فضیل بن غزوان ضبی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوعبدالرحمٰن کوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 195ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۰۰)(۲۲۸)۔

•••——•••——•••

23- باب سُؤْرِ الْهِرَّةِ

باب: بلی کا جوٹھا

194- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَمُرُّ بِهِ الْهِرَّةُ فَيُصْغِي لَهَا الْإِنَاءَ فَتَشْرَبُ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ بِفَضْلِهَا .

قَالَ أَبُو بَكْرٍ يَعْقُوبُ هَذَا هُوَ أَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي .وَعَبْدُ رَبِّهِ هُوَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيُّ وَهُوَ ضَعِيفٌ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: بعض اوقات کوئی بلی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آجاتی تھی تو آپ برتن اس کی طرف بڑھادیتے تھے اور وہ اس میں سے پانی پی لیتی تھی اور پھر آپ بلی کے جوٹھے پانی سے وضو کرلیا کرتے تھے۔

ابوبکر نامی راوی بیان کرتے ہیں: اس روایت کے راوی یعقوب ہیں یہ قاضی ابویوسف ہیں' اور عبدربہ نامی راوی عبداللہ

Marfat.com

بن سعید مقبری ہیں' جوضعیف ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن صالح بن محمد بن مسلم جہنی، ابوصالح مصری، کاتب اللیث، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 222ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۲۳/۱)(۳۸۱)۔

○ عبداللہ بن سعید بن ابوسعید، المقبری، ابوعباد لیثی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۱۹/۱)(۳۴۴)۔

195- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ فِىْ سُؤْرِ السِّنَّوْرِ يُهَرَاقُ وَيُغْسَلُ الْإِنَاءُ مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ .مَوْقُوْفٌ.

☆☆ بلی کے جھوٹے کے بارے میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان ہے: اس پانی کو بہادیا جائے اور اس برتن کو ایک مرتبہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) دومرتبہ دھولیا جائے۔

یہ روایت ''موقوف'' ہے۔

۱۹۴-اخرجه البيهقي في الكبرى (۲۴۷/۱) كتاب الطهارة، باب سور الهرة- من طريق الدارقطني بهذا الاسناد- واخرجه البزار (۱۴۴/۱-كشف) رقم (۲۷۵)، وابن شاهين في (الناسخ والمنسوخ) (ص ۱۰۹- بتحقيقنا) من طريق عبد الله بن سعيد المقبري عن ابيه، عن عروة بن الزبير، عن عائشة قالت: (كان رسول الله صلى الله عليه وسلم تمر به الهرة فيصغي لها الاناء، ثم يتوضا بفضلها)-و عبد الله بن سعيد ضعيف- قال الذهبي في (المغني) (۳۰۱/۱): تركوه- وقال الحافظ في (التقريب) (۴۱۹/۱): متروك- ولكن تابعه عبد الحميد بن عمران بن ابي انس، عن ابيه عن عروة، به- اخرجه البزار (۱۴۵/۱- كشف) رقم (۲۷۶)، والدارقطني (۷۰/۱) من طريق الواقدي محمد بن عمر عن عبد الحميد، به، وذكره الهيثمي في (مجمع الزوائد) (۲۱۹/۱) وعزاه للبزار، وضعفه بمحمد بن عمر الواقدي- وسياتي عند المصنف رقم (۲۱۴)-

وله طريق آخر عن عائشة: من طريق ابي يوسف القاضي عن ابي حنيفة، عن حماد، عن ابراهيم، عن الشعبي، عنها به- اخرجه ابن شاهين في (الناسخ والمنسوخ) ص (۱۰۹- بتحقيقنا) من طريق ابراهيم بن الحجاج، عن ابي يوسف، به، وذكره الحافظ في (التلخيص) (۴۲/۱) وقال: وفيه انقطاع، قلت: وهو بين عامر وعائشة، كما قال ابو حاتم وابن معين- وينظر (جامع التحصيل) (ص۲۰۴) للحافظ العلائي- ورواه الطبراني في الاوسط كما في مجمع البحرين (۳۰۷/۱) رقم (۳۷۲): حدثنا موسى، ثنا محمد بن المبارك، ثنا عبد العزيز بن محمد الدراوردي، عن داؤد بن صالح، عن ابيه، عن عائشة، والطحاوي (۱۹/۱): حدثنا علي بن معبد، ثنا خالد بن عمرو الخرساني، قال: ثنا صالح بن حسان، قال: ثنا عروة بن الزبير عن عائشة (ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يصغي الاناء للهر، ويتوضا بفضله)- قال الهيثمي في المجمع (۲۱۶/۱): (رواه البزار والطبراني في الاوسط ورجاله موثقون)- اه- وسياتي من طريق اخرى عند المصنف رقم (۲۱۲)-

۱۹۵-اخرجه بهذا اللفظ الطحاوي في شرح المعاني (۲۰/۱) قال: حدثنا ابو بكرة قال: ثنا وهب بن جرير، به- وقد تقدم تخريجه رقم (۱۸۲)-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ وہب بن جریر بن حازم بن زید، ابوعبداللہ ازدی، بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 206ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۳۸/۲)(۱۰۹)۔

•••——•••——•••

196- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ اِذَا وَلَغَ الْهِرُّ فِى الْاِنَاءِ فَاَهْرِقْهُ وَاغْسِلْهُ مَرَّةً.

☆☆ محمد بن سیرین' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات بیان کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا ہے: جب کوئی بلی کسی برتن میں منہ ڈال دے تو تم اس میں موجود پانی کو بہا دو اور اسے ایک مرتبہ دھولو۔

197- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ فِى الْهِرِّ يَلِغُ فِى الْاِنَاءِ قَالَ اغْسِلْهُ مَرَّةً وَّاَهْرِقْهُ.

☆☆ محمد بن سیرین' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: انہوں نے بلیوں کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اگر وہ کسی برتن میں منہ ڈال دے تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم اسے ایک مرتبہ دھولو اور اس میں موجود پانی کو بہا دو۔

198- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِىُّ .وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِىُّ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْحَاقَ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُ قَالَ فِى السِّنَّوْرِ اِذَا وَلَغَ فِى الْاِنَاءِ قَالَ يَغْسِلُهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ .

لَيْثُ بْنُ اَبِىْ سُلَيْمٍ لَيْسَ بِحَافِظٍ وَّهٰذَا مَوْقُوْفٌ وَلَا يَصِحُّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ هٰذَا اَشْبَهُ اَنَّهُ مِنْ قَوْلِ عَطَاءٍ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بلی کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب وہ کسی برتن میں منہ ڈال دے تو آدمی اسے سات مرتبہ دھولے۔

اس روایت کا راوی لیث بن ابوسلیم حافظ نہیں ہیں اور یہ روایت ''موقوف'' ہے' اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مستند طور پر منقول نہیں ہے' زیادہ امکان اس بات کا ہے' یہ عطاء کا اپنا قول ہے۔

۱۹۶- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۹۹/۱) رقم (۳۴۴): حدثنا معمر به بالاسناد الآتي بعد هذا عند المصنف' وسياتي عند المصنف رقم (۲۰۲) بلفظ: (اغسله مرة او مرتين)-

۱۹۸- اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۳۷/۱) (۳۳۹): حدثنا ابن علية' عن ليث' به- ومن طريق ابن ابي شيبة رواه ابن المنذر في الاوسط (۳۰۰/۱) وسياتي عند المصنف رقم (۲۰۶) قال: ثنا ابو بكر النيسابوري' نا ابو الازهر' نا علي بن عاصم' نا ليث' به- ومن طريق رواه البيهقي في الكبرى (۲۴۸/۱) بهذا الاسناد-

Marfat.com

199- وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءً يَقُولُ فِي الْهِرِّ يَلَغُ فِي الْإِنَاءِ قَالَ يَغْسِلُهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ.

☆☆ حسن بن علی بیان کرتے ہیں: میں نے عطاء کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: انہوں نے بلیوں کے بارے میں یہ فرمایا ہے: جب وہ کسی برتن میں منہ ڈال دے تو آدمی اسے سات مرتبہ دھولے۔

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے بلی کے جوٹھے کے بارے میں شیخ عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ نقل کیا ہے ان کا تعارف درج ذیل ہے:

حضرت عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ

انہوں نے ان سے "مرسل" روایات نقل کی ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم-حضرت ابوبکر-عتاب بن اسید-عثمان بن عفان-فضل بن عباس-اور ایک بڑی تعداد شامل ہے۔

انہوں نے ان سے احادیث روایت کی ہیں:

عائشة-ام سلمة-ام ہانی-ابو ہریرۃ-ابن عباس-حکیم بن حزام-رافع بن خدیج-زید بن ارقم-زید بن خالد الجہنی-صفوان بن امیة-ابن الزبیر-عبداللہ بن عمرو-ابن عمر-جابر-معاویة-ابوسعید-ایک بڑی تعداد شامل ہے۔

عبید بن عمیر-یوسف بن ماہک-سالم بن شوال-صفوان بن یعلی بن امیة-مجاہد-عروۃ-ابن حنفیة-ایک بڑی تعداد شامل ہے۔

ان سے احادیث روایت کرنے والے حضرات یہ ہیں:

مجاہد بن جبر-ابواسحاق سبیعی-ابوزبیر-عمرو ابن دینار-القدماء-الزہری-قتادۃ-عمرو بن شعیب-مالک بن دینار-الحکم بن عتیبة-سلمة بن کہیل-اعمش-ایوب سختیانی-مطر وراق-منصور بن زاذان-منصور بن معتمر-یحییٰ بن ابوکثیر-ابوحنیفة-جریر بن حازم-یونس بن عبید-اسامة بن زید لیثی-اسماعیل بن مسلم مکی-الاسود بن شیبان-ایوب بن موسیٰ فقیہ-ایوب بن عتبة یمامی-بدیل بن میسرۃ-برد بن سنانو جعفر بن برقان-جعفر صادق-حبیب بن شہید-حجاج بن ارطاۃ-حسین معلم-خصیف جزری-رباح بن ابومعروف مکی-رقبة ابن مصقلة-الزبیر بن خریق-زید بن ابوانیسة-طلحة بن

۱۹۹-اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۱/ ۳۷) رقم (۳۴۲)-

طبقات ابن سعد 5/ 467، طبقات خليفة 280 : تاريخ البخارى 6/ 463، التاريخ الصغير 1/ 277، تاريخ الفسوى 1/ 701، الجرح والتعديل 6/ 330، طبقات الشيرازى 69 :- فيات الاعيان 3/ 261، تبذيب الكمال 938 : تذبيب التبذيب 3/ 41 / 1، تاريخ الاسلام =(*) 4 = / 278، ميزان الاعتدال 3/ 70، العبر 1/ 141، نكت البميان 199 : البداية 9/ 306، العقد الثمين 6/ 84، طبقات القراء 1/ 513، تبذيب التبذيب 7/ 199، النجوم الزاهرة 1/ 273، طبقات الحفاظ 309 : خلاصة تذبيب الكمال 266 : شذرات الذهب 1/ 147.

Marfat.com

عمرو مکی-عباد بن منصور ناجی-عبد اللہ بن عبدالرحمٰن بن ابوحسین-عبد اللہ ابن ابونجیح-عبد اللہ بن مؤمل مخزومی-الاوزاعی-عبد ملک بن ابوسلیمان-ابن جریج-عبد واحد بن سلیم بصری-عبد وہاب بن بخت-عبیداللہ بن عمر-عثمان بن اسود-عسل بن سفیان-عطاء خراسانی-عفیر بن معدان-عقبۃ بن عبد اللہ اصم-عکرمۃ بن عمار-علی بن حکم-عمارۃ بن ثوبان-عمارۃ بن میمون-عمر بن سعید بن ابوحسین-عمر بن قیس سندل-فطر بن خلیفۃ-قیس بن سعد-کثیر ابن شنظیر-اللیث بن سعد-مبارک بن حسان-ابن اسحاق-محمد بن جحادۃ-محمد بن سعید طائفی-محمد بن عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ-محمد بن عبیداللہ عرزمی-مسلم بطین-معقل بن عبیداللہ جزری-مغیرۃ بن زیاد موصلی-موسیٰ بن نافع ابوشہاب کوفی- ہمام بن یحییٰ-عبد اللہ بن لہیعۃ-یزید بن ابراہیم تستری-ابوعمرو بن علاء-ابوملیح رقی اوران کے علاوہ دیگر بہت سے افراد ہیں۔

آپ کے والد ابورباح کا نام اسلم تھا۔آپ کی کنیت ''ابومحمد'' تھی۔آپ خانوادۂ قریش کے آزاد کردہ غلام ہیں۔

خالد نے ان کا یہ بیان نقل کیا ہے۔ مجھے دوسو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زیارت کا شرف حاصل ہے۔

عمر بن سعید اپنی والدہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں رحمۃ اللہ علیہ انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں کسی مسئلے کا حل دریافت کرنے کیلئے کسی شخص کو بھیجا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے اہل مکہ! تم لوگ میرے پاس اکٹھے ہو جاتے ہو جبکہ تمہارے پاس عطاء موجود ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔تاہم اس میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا ذکر ہے۔

عمر بن سعید بیان کرتے ہیں: ان کی والدہ نے یہ بات بیان کی ہے۔انہوں نے خواب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: عطاء بن ابی رباح مسلمانوں کا سردار ہے۔

ابو عاصم ثقفی بیان کرتے ہیں۔ میں نے ایک مرتبہ امام محمد بن الباقر کو لوگوں سے یہ فرماتے ہوئے سنا جوان کے اردگرد اکٹھے تھے۔تم لوگ عطاء کے پاس جایا کرو۔اللہ کی قسم! وہ تمہارے حق میں مجھ سے زیادہ بہتر ہے۔

ایک روایت کے مطابق امام باقر فرماتے ہیں: جہاں تک ہو سکے عطاء سے استفادہ کرو۔

ایک روایت کے مطابق امام باقر فرماتے ہیں۔اس وقت روئے زمین پر مناسک حج کا کوئی بھی شخص عطاء سے زیادہ علم نہیں رکھتا۔

ابراہیم بن عمر بیان کرتے ہیں: حج کے موقع پر حکومت کی طرف سے یہ اعلان ہوتا تھا: لوگوں کو فتویٰ صرف عطاء بن ابی رباح دیں گے اور اگر عطاء نہ ہوں تو عبداللہ بن ابونجیح دیں گے۔ شیخ ابوحازم بیان کرتے ہیں: فتویٰ دینے میں عطا کو تمام اہل مکہ پر فوقیت حاصل تھی۔

مشہور روایات کے مطابق عطاء بن ابی رباح کا انتقال 114 ہجری میں ہوا۔

راویان حدیث کا تعارف:

○ حسن بن علی شروی۔انہوں نے عطاء کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں۔ان کی روایات منکر ہوتی ہیں عقیلی کہتے

Marfat.com

ہیں: ان کی روایات کی متابعت نہیں کی گئی۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: میزان الاعتدال (۲۵۲/۲) (۱۸۹۴)۔

200- حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ يَغْسِلُهُ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةً.

☆☆ سعید بن مسیّب فرماتے ہیں: آدمی اسے دو مرتبہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) تین مرتبہ دھولے۔

201- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ وَبَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) طُهُورُ الْإِنَاءِ إِذَا وَلَغَ فِيهِ الْكَلْبُ يُغْسَلُ سَبْعَ مَرَّاتٍ الْأُولَى بِالتُّرَابِ وَالْهِرُّ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ.

قُرَّةُ شَكَّ .قَالَ أَبُو بَكْرٍ كَذَا رَوَاهُ أَبُو عَاصِمٍ مَرْفُوعًا وَرَوَى غَيْرُهُ عَنْ قُرَّةَ وُلُوغُ الْكَلْبِ مَرْفُوعًا وَوُلُوغُ الْهِرِّ مَوْقُوفًا.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کسی برتن میں کوئی کتا منہ ڈال دے تو اسے پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے' اسے سات مرتبہ دھولیا جائے' اور پہلی مرتبہ اسے مٹی کے ذریعے صاف کیا جائے' اور بلی کے بارے میں حکم یہ ہے' اسے ایک مرتبہ یا دو مرتبہ دھولیا جائے۔

یہ شک قرہ نامی راوی کو ہے۔

ابوبکر نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: ابوعاصم نامی راوی نے اس روایت کو ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کیا ہے' جبکہ دیگر راویوں نے کتے کے بارے میں حکم کو ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کیا ہے اور بلی کے منہ ڈالنے کے حکم کو ''موقوف'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

202- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ السُّلَمِيُّ وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ هَانِئٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا قُرَّةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ فِي الْهِرِّ يَلَغُ فِي الْإِنَاءِ قَالَ اغْسِلْهُ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ.

وَكَذَلِكَ رَوَاهُ أَيُّوبُ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ مَوْقُوفًا.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بلی کے بارے میں یہ ارشاد فرماتے ہیں: جب وہ کسی برتن میں منہ ڈال دے تو تم اسے ایک مرتبہ دھولو۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) دو مرتبہ دھولو۔

یہ روایت اسی طرح حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ''موقوف'' روایت کے طور پر منقول ہے۔

۲۰۰-اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (۹۹/۱) رقم (۳۴۵) عن معمر عن قتادة قال: اغسله مرة او اهرقه- ورواه ايضا ابن ابي شيبة (۲۸/۱) كتاب الطهارة' باب من قال: لا يجزئ ويغسل منه الاناء الحديث (۳۴۵)

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن یوسف بن خالد ازدی، ابوحسن نیشاپوری المعروف بحمدان سلمی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 264ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۹/۱)(۱۴۵)۔

○ مسلم بن ابراہیم ازدی الفراھیدی، ابوعمرو بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 222ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۴۴/۲)(۱۰۷۰)۔

•••——•••——•••

203- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَلَّانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى مَرْيَمَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ اَخْبَرَنِىْ خَيْرُ بْنُ نُعَيْمٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ

قَالَ يُغْسَلُ الْإِنَاءُ مِنَ الْهِرِّ كَمَا يُغْسَلُ مِنَ الْكَلْبِ .

هٰذَا مَوْقُوْفٌ وَلَايَثْبُتُ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ . وَيَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ فِىْ بَعْضِ اَحَادِيْثِهٖ اضْطِرَابٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ یہ ارشاد فرماتے ہیں: بلی کے منہ ڈالنے پر برتن کو دھولیا جائے گا' بالکل اسی طرح جس طرح کتے کے منہ ڈالنے پر دھویا جاتا ہے۔

یہ روایت ''موقوف'' ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مستند طور پر ثابت نہیں ہے۔

یحییٰ بن ایوب نامی راوی کی بعض روایات میں اضطراب پایا جاتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سعید بن حکم بن محمد بن سالم بن ابومریم الجمحی بالاولاء ابومحمد مصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 224ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۹۳/۱)(۱۴۲)۔

○ خیر بن نعیم بن مرۃ بن کریب حضرمی بصری، قاضی برقۃ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 137ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۳۰/۱)(۱۸۶)۔

۲۰۳-اخرجه البيهقي في الكبرى (۱/۲۶) كتاب الطهارة' باب سور الهر' من طريق الدارقطني' ثم قال: (وقد روى عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم ما هو حجة عليه في فتياه في الهرة ان صح ذلك' والا فهو محجوج بما تقدم من حديث ابي قتادة وعائشة)- اه-

Marfat.com

204- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِیُّ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ عُفَیْرٍ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اَیُّوْبَ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) یُغْسَلُ الْاِنَاءُ مِنَ الْهِرِّ کَمَا یُغْسَلُ مِنَ الْکَلْبِ .

قَالَ الشَّیْخُ لَا یَثْبُتُ هٰذَا مَرْفُوْعًا وَالْمَحْفُوْظُ مِنْ قَوْلِ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَاخْتُلِفَ عَنْهُ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بلی کے منہ ڈالنے پر برتن کو اسی طرح دھویا جائے گا جیسے کتے کے منہ ڈالنے پر دھویا جاتا ہے۔

شیخ (امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ) فرماتے ہیں: یہ روایت ''مرفوع'' طور پر مستند نہیں ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے قول کے طور پر زیادہ مستند ہے اور اس بارے میں بھی اختلاف کیا گیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوحسن، علی بن محمد بن احمد بن حسن، بغدادی، الواعظ، المشہور بمصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 338ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: سیر اعلام النبلاء (۱۵/۳۸۱) (۲۰۴)۔

○ روح بن الفرج بن زکریا بن عبد اللہ بن بغدادی، ابوحاتم المودب، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے بارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۵۴) (۱۲۰)۔

205- حَدَّثَنَا الْمَحَامِلِیُّ حَدَّثَنَا الصَّاغَانِیُّ حَدَّثَنَا ابْنُ عُفَیْرٍ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ مَوْقُوْفًا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ ''موقوف'' روایت کے طور پر منقول ہے۔

206- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ النَّیْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا لَیْثُ بْنُ اَبِیْ سُلَیْمٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اِذَا وَلَغَ السِّنَّوْرُ فِی الْاِنَاءِ غُسِلَ سَبْعَ مَرَّاتٍ .

مَوْقُوْفٌ لَا یَثْبُتُ .وَلَیْثٌ سَیِّءُ الْحِفْظِ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بلی جس برتن میں منہ ڈال دے تو اس برتن کو سات مرتبہ دھولیا جائے۔

یہ روایت ''موقوف'' ہے اور مستند طور پر منقول نہیں ہے۔

۲۰۴-اخرجه الطحاوي في شرح المعاني (۱/۲۰): حدثنا ربيع الجيزي قال: ثنا سعيد بن كثير بن عفير قال: نا يحيى بن ايوب عن ابن جريج عن عمرو بن دينار عن ابي صالح السمان عن ابي هريرة قال: (يغسل الاناء من الهر كما يغسل من الكلب)- وقال البيهقي في الكبرى (۱/۲۴۸): فصله عن سعد ابن الفرج عن ابن عفير مرفوعاً وليس بشيء، ا- اه-

Marfat.com

اس روایت کا راوی لیث' حافظے کے لحاظ سے مستند نہیں ہیں۔

207- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ يَعْنِىْ ابْنَ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ لَيْثٍ بِهٰذَا مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سعید بن کثیر بن عفیر، انصاری (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، مصری، علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 226ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۰۴) (۲۴۴)۔

208- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ وَّابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ كَانَ يَجْعَلُ الْهِرَّ مِثْلَ الْكَلْبِ يُغْسَلُ سَبْعًا .قَالَ وَاَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ قُلْتُ لِعَطَاءٍ الْهِرُّ قَالَ هِيَ بِمَنْزِلَةِ الْكَلْبِ اَوْ شَرٌّ مِنْهُ.

☆☆ طاؤس کے صاحبزادے اپنے والد کے بارے میں یہ بات بیان کرتے ہیں: وہ بلی کے منہ ڈالنے پر بھی کتے کے منہ ڈالنے کی طرح برتن کو سات مرتبہ دھویا کرتے تھے۔

ابن جریج بیان کرتے ہیں: میں نے عطاء سے دریافت کیا: بلی کا کیا حکم ہے؟ تو اُنہوں نے ارشاد فرمایا: کتے کی مانند ہے یا شاید انہوں نے یہ فرمایا تھا: یہ اس سے زیادہ بُری ہے۔

209- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبِىْ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ عَنْ مُّجَاهِدٍ اَنَّهُ قَالَ فِى الْاِنَاءِ يَلَغُ فِيْهِ السِّنَّوْرُ قَالَ اغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ.

☆☆ مجاہد برتن میں بلی کے منہ ڈالنے کے بارے میں یہ فرماتے ہیں: اس برتن کو سات مرتبہ دھولو۔

۲۰۸-اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱/۹۸) رقم (۳۴۳) عن معمر' عن ابن طاوس' عن ابيه' في الهر يلغ في الاناء قال: بمنزلة الكلب يغسل سبع مرات- ومعناه عبد الرزاق (۱/۹۸) رقم (۳۴۲) عن ابن جريج قال: هو بمنزلة الكلب او شر منه-

۲۰۹-لم اجده عند غير المصنف- ولكن روى ابن ابي شيبة في المصنف (۱/۳۷) رقم (۳۴۲): حدثنا وكيع عن الحسن بن علي قال: سمعت عطاء يقول في الهر يلغ في الاناء: يغسله سبع مرات-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علاء بن ہلال بن عمرو بن ہلال باہلی، ابومحمد الرقی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 215ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۴/۲)(۸۳۸)۔

○ علی بن معبد بن شداد الرقی، نزیل مصر، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 259ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۴/۲)(۴۱۴)۔

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے مجاہد رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ بھی نقل کیا ہے' جن کا تعارف درج ذیل ہے:

حضرت مجاہد رحمہ اللہ تعالیٰ

آپ اپنے وقت کے جلیل القدر امام' علم قرأت اور تفسیر کے ماہرین کے استاد ہیں۔

آپ کا نام مجاہد بن جبر ہے۔ آپ سائب بن ابوسائب مخزومی کے آزاد کردہ غلام ہیں۔ آپ کی کنیت ابوالحجاج ہے۔ آپ مکہ مکرمہ کے رہنے والے تھے۔

آپ نے سیدہ عائشہ' حضرت ابوہریرہ' حضرت سعد بن ابی وقاص' حضرت عبداللہ بن عمرو' حضرت عبداللہ بن عمر' حضرت جابر بن عبداللہ' حضرت رافع بن خدیج اور دیگر کئی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے احادیث روایت کی ہیں۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں' آپ نے سب سے زیادہ استفادہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے کیا ہے جن سے آپ نے قرآن مجید' احادیث' فقہ' تفسیر کا علم حاصل کیا۔

آپ سے احادیث روایت کرنے والوں میں' آپ کے معاصرین میں سے طاؤس' عکرمہ اور عطاء بن ابی رباح شامل ہیں۔

ان کے علاوہ عمرو بن دینار' ابوزبیر' حکم بن عتبہ اور ایک بڑی جماعت شامل ہے۔

مجاہد بیان کرتے ہیں۔ میں نے تین مرتبہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے سامنے قرآن اس طرح پڑھا کہ ہر آیت پر ٹھہر کر ان سے سوال کیا: یہ کس بارے میں نازل ہوئی؟ اور کس طرح نازل ہوئی؟

طبقات ابن سعد 5/466، طبقات خليفة ت 2535، تاريخ البخارى 7/411، المعارف 444، المعرفة والتاريخ 1/711، الجرح والتعديل القسم الاول من المجلد الرابع 319، الحلية 3/279، طبقات الفقهاء للشيرازى 69، تاريخ ابن عساكر 16/125 ب، تهذيب الاسماء واللغات القسم الاول من الجزء الثانى 83، تهذيب الكمال ص 1306، تاريخ الاسلام 4/190، تذكرة الحفاظ 1/86، العبر 1/125، تذهيب التهذيب 4/22 أ، البداية والنهاية 9/224، العقد الثمين 7/132، غاية النهاية ت 2659، الاصابة ت 8363، تهذيب التهذيب 10/42، طبقات الحفاظ للسيوطى ص 35، خلاصة تذهيب التهذيب 369، شذرات الذهب 1/125.

Marfat.com

قتادہ فرماتے ہیں: حلال وحرام کے سب سے بڑے عالم زہری ہیں۔ اس کے سب سے بڑے عالم مجاہد ہیں۔

ابن سعد فرماتے ہیں: مجاہد ثقہ فقیہ عالم کثیر الحدیث ہیں۔

مجاہد کا انتقال 104 ہجری میں ہوا۔ ان کے سن وفات کے بارے میں بعض دیگر اقوال بھی ہیں۔

انتقال کے وقت ان کی عمر ۹۳ برس تھی۔

•••———•••———•••

210- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوبَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى زَائِدَةَ حَدَّثَنَا حَارِثَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَتَوَضَّأُ اَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ وَّقَدْ اَصَابَتْ مِنْهُ الْهِرَّةُ قَبْلَ ذٰلِكَ .

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات ایک ہی برتن سے وضو کرلیا کرتے تھے جس میں سے بلی پہلے پانی پی چکی ہوتی تھی۔

یہ روایت ''صحیح'' ہے۔

211- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيسَ اَبُو حَاتِمٍ الرَّازِىُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ عَنِ الْهَيْثَمِ - يَعْنِى الصَّرَّافَ - عَنْ حَارِثَةَ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَالنَّبِىُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِنْ اِنَاءٍ قَدْ اَصَابَتْ مِنْهُ الْهِرَّةُ قَبْلَ ذٰلِكَ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن کے ذریعے وضو کرلیا کرتے تھے جس میں سے بلی پہلے پانی پی چکی ہوتی تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ قیس بن ربیع اسدی، ابومحمد کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 164 ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب''

۲۱۰- اخرجه ابن ماجه في سننه (۱۳۱/۱) كتاب الطهارة' باب الوضوء بسور الهرة والرخصة في ذلك' الحديث (۳۶۸): حدثنا عمرو بن رافع' واسماعيل بن توبة قالا: ثنا يحيى ابن زكريا بن ابي زائدة' به- ورواه ايضا عبد الرزاق في المصنف (۱۰۲/۱) رقم (۳۵۶) عن الثوري عن ابن ابي الرجال' به- قال البوصيري في الزوائد (۱۵۵/۱): (اسناده ضعيف' لضعف ابن ابي الرجال)- اه- وقال الحافظ في التلخيص (۷۰/۱): (فيه حارثة بن محمد وهو ضعيف)- اه- وقد رواه الخطيب في تاريخ بغداد (۱۴۶/۹) من طريق مسلم بن المغيرة' ثنا مصعب بن ماهان' عن سفيان' عن هشام' عن ابيه' عن عائشة قالت: (توضات انا ورسول الله صلى الله عليه وسلم من اناء واحد قد اصابته الهرة قبل)- قال الحافظ في التلخيص (۷۰/۱): (فيه مسلم بن المغيرة وهو ضعيف' قال الدارقطني: تفرد به عن مصعب بن ماهان' عن الثوري' عن هشام' عن ابيه' عن عائشة- والمحفوظ عن الثوري عن حارثة)-اه-

Marfat.com

از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۲۸/۲)(۱۳۹)۔

○ ہیثم بن حبیب صیرفی، کوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھ طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۶/۲)(۱۶۲)۔

•••———•••———•••

212- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ أَبُو حَاتِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُسَافِعٍ الْحَجَبِيُّ عَنْ مَنْصُورِ ابْنِ صَفِيَّةَ عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ إِنَّهَا لَيْسَتْ بِنَجَسٍ هِيَ كَبَعْضِ أَهْلِ الْبَيْتِ . يَعْنِي الْهِرَّ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: یہ (بلی) ناپاک نہیں ہے بلکہ یہ گھر میں (بسنے والے جانوروں) کی طرح ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان بلی کے بارے میں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبداللہ بن ابوجعفر رازی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۷۵/۲)(۳۶۶)۔

○ سلیمان بن مسافع الحجی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۳۱۴/۳)(۳۵۱۴)۔

○ منصور بن عبدالرحمٰن بن طلحۃ بن حارث العبدری، حجبی مکی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 138ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۷۶/۲)(۱۳۸۸)۔

○ صفیۃ بنت شیبۃ بن عثمان بن ابوطلحۃ عبدریۃ، امام بخاری کہتے ہیں: اس خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے احادیث کا سماع کیا ہے۔ جبکہ امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ کا کہنا ہے' اس خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ نہیں پایا ہے۔ اس خاتون نے سیدہ

☆☆ عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: جو شخص نبیذ کے علاوہ اور کوئی چیز نہ پائے' وہ نبیذ کے ذریعے وضو کر سکتا ہے۔

امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: اگر وہ نبیذ نشہ آور ہو' تو آدمی اس کے ذریعے وضو نہیں کرے گا۔

عبداللہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: میرے والد نے یہ بات بیان کی ہے: ہر وہ چیز جسے پانی نہ کہا جا سکے' اس کے بارے میں میرے نزدیک پسندیدہ رائے یہی ہے' آدمی اس کے ذریعے وضو نہ کرے' اور مجھے یہ زیادہ پسند ہے' آدمی نبیذ کے ذریعے وضو کرنے کی بجائے تیمم کرے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن احمد بن محمد بن حنبل شیبانی رحمۃ اللہ علیہ، ابوعبدالرحمٰن، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے بارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 290ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۰۱)(۱۷۹)۔

توضیح مسئلہ:

اس باب میں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس بات پر بحث کی ہے۔

آیا اگر کسی شخص کو پانی نہیں ملتا تو کیا وہ نبیذ کے ذریعے وضو کر سکتا ہے؟

اس بات کے آغاز میں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے:

''جس شخص کو پانی نہیں ملتا' اس کے لیے نبیذ وضو کرنے کا ذریعہ ہے''۔

اس کے بعد امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس بات کی وضاحت کی ہے: اس سے مراد وہ نبیذ ہے جو نشہ آور نہ ہو۔

لغوی طور پر لفظ ''نبیذ'' سے ماخوذ ہے' جس کا مطلب کسی چیز کو پرے کر دینا اور دور کر دینا ہے۔

اصطلاح میں نبیذ سے مراد یہ ہے' کچھ کھجوریں پانی میں بھگو دی جائیں تاکہ وہ میٹھا مشروب بن جائے۔

عام طور پر کسی بھی پھل کو جیسے منقیٰ' شہد' گندم' جَو وغیرہ کو اگر پانی میں بھگو دیا جائے تاکہ وہ پانی شربت بن جائے تو اسے بھی ''نبیذ'' کہا جاتا ہے۔

Marfat.com

اس میں ایسی کوئی شرط نہیں ہے' وہ نبیذ نشہ آور ہوگی یا نہیں ہوگی۔
جو نبیذ نشہ آور ہوتی ہے' اس پر بھی لفظ نبیذ کا اطلاق ہوتا ہے اور جو نبیذ نشہ آور نہیں ہوتی' اس پر بھی لفظ نبیذ کا ہی اطلاق ہوتا ہے۔
نبیذ کے ساتھ وضو کرنے کے جواز کے بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

ابن بطال کی وضاحت:

صحیح بخاری کے شارح امام ابوالحسن علی بن خلف مالکی جو ''ابن بطال'' کے نام سے معروف ہیں' وہ ''شرح صحیح بخاری'' میں تحریر کرتے ہیں:
امام مالک رحمۃ اللہ علیہ' امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں' نبیذ کے ساتھ وضو کرنا جائز نہیں ہے' خواہ صرف پانی میں (میوہ) ملا کر نبیذ تیار کی گئی ہو یا اسے پکا کر تیار کیا گیا ہو' خواہ (وضو کرنے والے شخص کے پاس) پانی موجود ہو یا نہ ہو' خواہ وہ نبیذ کھجور سے بنی ہوئی ہو یا کسی اور پھل سے بنی ہوئی ہو' اگر وہ نبیذ گاڑھی ہو جائے تو وہ نجس ہوگی' اسے پینا بھی جائز نہیں ہوگا اور اس کے ساتھ وضو کرنا بھی جائز نہیں ہوگا۔
امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے نبیذ کے ذریعے وضو کرنے کو درست قرار دیا ہے۔
امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ فتویٰ دیا ہے: نبیذ کی تمام اقسام کے ساتھ وضو کرنا جائز ہے۔
حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات منقول ہے (انہوں نے بھی نبیذ کی تمام اقسام کے ساتھ وضو کرنے کو جائز قرار دیا ہے)۔[1]

ابن قدامہ کی وضاحت:

مشہور حنبلی فقیہہ شیخ موفق الدین ابن قدامہ حنبلی تحریر کرتے ہیں:
حضرت علی کے نزدیک نبیذ کے ساتھ وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔
خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اور امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔
(مشہور تابعی) عکرمہ (جو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے شاگردِ رشید ہیں) وہ یہ فرماتے ہیں:
''جس شخص کو پانی نہ ملے وہ نبیذ کے ساتھ وضو کر لے''۔
اسحاق نے یہ فتویٰ دیا ہے: مستحب یہ ہے' نبیذ کے ساتھ وضو بھی کر لیا جائے اور ساتھ میں تیمم بھی کر لیا جائے۔
امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں یہ منقول ہے' وہ یہ فرماتے ہیں: جس شخص کو (وضو کرنے کے لیے) پانی نہ ملے وہ کھجور سے بنی ہوئی نبیذ کے ذریعے وضو کر لے' وہ (پانی نہ ہونے کی وجہ سے) تیمم نہ کرے۔

---

[1] (شرح صحیح بخاری از ابن بطال: ۱/۳۶۶-مطبوعہ دارالکتب العلمیہ' بیروت)

Marfat.com

امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: ایسا شخص تیمم کرے گا' وہ (نبیذ کے ذریعے) وضو نہیں کرے گا۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: وہ شخص اس نبیذ کے ذریعے وضو کر لے گا' پھر اس کے بعد تیمم بھی کر لے گا' البتہ وہ کھجور کے علاوہ بنی ہوئی کسی بھی نبیذ سے وضو نہیں کرے گا۔

صاحبِ ہدایہ کی وضاحت:

مشہور حنفی فقیہہ ''صاحب الہدایہ'' تحریر کرتے ہیں:

''اگر کھجور سے بنی ہوئی نبیذ کے علاوہ (کسی شخص کو) پانی نہیں ملتا (جس کے ذریعے وہ وضو کر سکے) تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ فرمایا ہے: وہ شخص اس نبیذ کے ذریعے وضو کر لے گا' ایسا شخص صرف تیمم کر کے (نماز ادا نہیں کر سکتا)۔ اس کی دلیل وہ حدیث ہے' جو جنوں سے ملاقات والی رات کے بارے میں ہے' کیونکہ اس میں یہ بات مذکور ہے: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کے لیے پانی دستیاب نہ ہوا تو آپ نے نبیذ سے وضو کر لیا تھا''۔

امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ بھی یہ فرماتے ہیں: ایسا شخص تیمم کرے گا' وہ نبیذ کے ذریعے وضو نہیں کرے گا۔

ایک روایت کے مطابق امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی قول ہے۔ یہ حضرات تیمم کے حکم سے متعلق آیت پر عمل کرتے ہیں' کیونکہ وہ زیادہ مستند طور پر ثابت ہے' نیز ان کے نزدیک نبیذ کے ساتھ وضو کرنے کا حکم منسوخ ہے' کیونکہ تیمم کے حکم سے تعلق رکھنے والی آیت مدینہ منورہ میں نازل ہوئی تھی اور جنات کی حاضری کا واقعہ مکہ مکرمہ میں پیش آیا تھا۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے' ایسا شخص نبیذ کے ساتھ وضو کرنے کے بعد احتیاط کے طور پر تیمم بھی کرے گا' کیونکہ حدیث میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ اس لیے دونوں کے حکم کو جمع کیا جائے گا کیونکہ احتیاط کا تقاضا یہی ہے۔

(صاحب ہدایہ لکھتے ہیں:) ہم یہ کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جنات کی حاضری کا واقعہ کئی مرتبہ پیش آیا' اس لیے نبیذ کے ساتھ وضو کر لینے کے حکم کے منسوخ ہونے کا دعویٰ کرنا درست شمار نہیں ہوگا۔ مزید برآں یہ حدیث مشہور ہے' صحابہ کرام نے بھی اس پر عمل کیا ہے اور اس نوعیت کی حدیث کے ذریعے کتاب اللہ کے حکم پر اضافہ کرنا جائز ہے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی رائے:

اس موضوع پر امام بخاری نے بھی ایک مستقل ترجمۃ الباب قائم کیا ہے' جس میں وہ تحریر کرتے ہیں:

''نبیذ اور کسی بھی نشہ آور چیز کے ذریعے وضو کرنا جائز نہیں ہے''۔

اس ترجمۃ الباب میں امام بخاری نے حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ ابوالعالیہ کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے' ان حضرات نے نبیذ کے ساتھ وضو کرنے کو مکروہ (یعنی ناجائز) قرار دیا ہے۔

اس کے بعد امام بخاری نے یہ بات بھی تحریر کی ہے' مشہور تابعی عطاء بن ابی رباح' جو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے جلیل القدر شاگرد ہیں' وہ یہ فرماتے ہیں:

Marfat.com

''میرے نزدیک نبیذ یا دودھ کے ساتھ وضو کرنے کے مقابلے میں تیمم کر لینا زیادہ پسندیدہ ہے''۔

•••——•••——•••

234- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِىُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَّحْيٰى عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ الْوُضُوْءُ بِالنَّبِيْذِ اِذَا لَمْ يَجِدِ الْمَاءَ.

☆☆ عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: نبیذ کے ذریعے وہ شخص وضو کر سکتا ہے' جسے پانی نہیں ملتا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ شیبان بن عبد الرحمٰن تمیمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، نحوی، ابومعاویہ بصری، نزیل الکوفۃ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 164ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۶/۱)(۱۱۵)۔

•••——•••——•••

235- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِىُّ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عَلِىِّ بْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ يَّحْيٰى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ النَّبِيْذُ وَضُوْءٌ لِّمَنْ لَّمْ يَجِدِ الْمَاءَ .

☆☆ عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: جس شخص کو پانی نہیں ملتا' وہ نبیذ کے ذریعے وضو کر سکتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن مبارک ہنائی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۳/۲)(۴۰۰)۔

•••——•••——•••

236- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا اَبُوْ تُمَيْلَةَ عَنْ عِيْسَى بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ وَسُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ لَا يَقْدِرُ عَلَى الْمَآءِ قَالَ يَتَوَضَّأُ بِالنَّبِيْذِ.

۲۳۴- ذکرہ البیہقی فی الکبرٰی (۱۲/۱) وفیہ متابعۃ للاوزاعی علیہ فقد رواہ شیبان ھنا عن یحیی عن عکرمۃ-

۲۳۵- اشار الیہ البیہقی فی الکبرٰی (۱۲/۱) وفیہ متابعۃ اخری للاوزاعی علیہ عن عکرمۃ-

Marfat.com

☆☆ عیسیٰ بن عبید بیان کرتے ہیں: میں نے عکرمہ کو سنا' ان سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا: جس کو پانی نہیں ملتا۔ عکرمہ نے فرمایا: وہ شخص نبیذ کے ذریعے وضو کر لے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن عمر بن محمد بن ابان بن صالح بن عمیر، اموی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 239ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۳۵) (۴۹۴)۔

○ یحییٰ بن واضح انصاری، (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوتمیلۃ مروزی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۵۹) (۱۹۳)۔

○ عیسیٰ بن عبید بن مالک کندی، ابوالمنیب :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۹۹) (۸۹۶)۔

237- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَرَّرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ النَّبِيْذُ وَضُوْءٌ لِمَنْ لَمْ يَجِدِ الْمَاءَ .ابْنُ مُحَرَّرٍ مَتْرُوْكُ الْحَدِيْثِ.

☆☆ عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبیذ کے ذریعے وہ شخص وضو کر سکتا ہے' جسے پانی نہیں ملتا۔

اس روایت کا راوی ابن محرر ''متروک الحدیث'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن یزید بن سنان جزری، ابوعبداللہ بن ابوفروۃ، الرہاوی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 220ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۱۹) (۸۲۵)۔

Marfat.com

○ عبداللہ بن محرر: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ابوجعفر منصور کے عہد خلافت میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۴۵/۱)(۵۸۶)۔

•••——•••——•••

238- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْبَاقِي بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ سَهْلٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رُشَيْدٍ حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ مُجَّاعَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ أَبَانَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) إِذَا لَمْ يَجِدْ أَحَدُكُمْ مَاءً وَّوَجَدَ النَّبِيذَ فَلْيَتَوَضَّأْ بِهِ . أَبَانُ هُوَ ابْنُ أَبِي عَيَّاشٍ مَتْرُوكُ الْحَدِيثِ وَمُجَّاعَةُ ضَعِيفٌ وَّالْمَحْفُوظُ أَنَّهُ رَأْيُ عِكْرِمَةَ غَيْرُ مَرْفُوعٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کسی شخص کو پانی نہ ملے اور اگر اسے نبیذ مل جائے تو وہ نبیذ کے ذریعے وضو کرلے۔

اس روایت کا راوی ابان' ابوعیاش کا بیٹا ہے اور یہ ''متروک الحدیث'' ہے جبکہ مجاعہ نامی راوی ''ضعیف'' ہے۔

زیادہ مستند طور پر یہ بات ثابت ہے' یہ عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ کی رائے ہے اور ''مرفوع'' حدیث نہیں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن رشید جندیسابوری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الانساب (۹۵،۹۴/۲)۔

○ ابوعبیدۃ مجاعۃ بن زبیر: امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۲۳،۲۲/۶)(۷۰۷۴)۔

•••——•••——•••

239- حَدَّثَنَا أَبُو الْحَسَنِ الْمِصْرِيُّ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاعِظُ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ حَدَّثَنَا

۲۳۸- ذكره الزيلعي في نصب الراية (۱۴۷/۱-۱۴۸)، ونقل عقبه كلام المصنف- وقد تقدم في (۲۳۰)-

۲۳۹- اخرجه احمد (۳۹۸/۱) والبزار كما في نصب الراية (۱۴۷/۱)، والطبراني في الكبير (۷۷،۷۶/۱۰) رقم (۹۹۶۱)- كلهم من طريق ابن لهيعة، حدثني قيس بن الحجاج عن حنش الصنعاني، عن ابن عباس عن ابن مسعود...... فذكره- وقد رواه ابن ماجه (۱۳۵/۱-۱۳۶) كتاب الطهارة، باب الوضوء بالنبيذ، الحديث (۳۸۵)، والطحاوي في شرح المعاني (۹۴/۱) من طريق ابن لهيعة، به...... عن ابن عباس- رضي الله عنه-: ان ابن مسعود خرج مع رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم الجن- قال الغماري في تخريج احاديث البداية (۳۰۴/۱): (فاما الطحاوي وابن ماجه فوقع عندهما كما قال ابن رشد: انه ابن مسعود فجعلاه من مسند ابن عباس واما الباقون فقالوا عن ابن عباس عن ابن مسعود فجعلوه من مسنده وهو الصواب، لان ابن عباس لم يحضر القصة ولا كان وقتها من اهل الرواية)- اه- وقال البوصيري في الزوائد (۱۶۰/۱): (هذا اسناد ضعيف لضعف ابن لهيعة)- اه-

Marfat.com

يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ حَدَّثَنِي قَيْسُ بْنُ الْحَجَّاجِ عَنْ حَنَشٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ أَنَّهُ وَضَّأَ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَيْلَةَ الْجِنِّ بِنَبِيذٍ فَتَوَضَّأَ بِهِ وَقَالَ شَرَابٌ وَطَهُورٌ.

ابْنُ لَهِيعَةَ لاَ يُحْتَجُّ بِحَدِيثِهِ وَقِيلَ إِنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ لَمْ يَشْهَدْ مَعَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَيْلَةَ الْجِنِّ كَذَلِكَ رَوَاهُ عَلْقَمَةُ بْنُ قَيْسٍ وَأَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ وَغَيْرُهُمَا عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ مَا شَهِدْتُ لَيْلَةَ الْجِنِّ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جنات سے ملاقات (کی رات) اُنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نبیذ کے ذریعے وضو کروایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ذریعے وضو کر لیا' آپ نے فرمایا: یہ پینے کی چیز ہے اور پاک ہے۔

ابن لہیعہ نامی راوی مستند نہیں سمجھا جاتا۔ ایک قول یہ بھی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جنات سے ملاقات کی رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود نہیں تھے۔

علقمہ بن قیس نے اسی طرح نقل کیا ہے۔

ابوعبیدہ بن عبداللہ اور دیگر راویوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے' وہ فرماتے ہیں: جنات سے ملاقات کی رات' میں موجود نہیں تھا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ قیس بن حجاج الکلاعی مصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 129ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۲۸) رقم (۱۳۴)۔

○ حنش بن عبداللہ، یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 100ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۰۵) (۶۳۰)۔

توضیح مسئلہ:

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے جنات کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات کے بارے میں حدیث نقل کی ہے اور اس روایت کے مختلف طرق بیان کیے ہیں' جن میں سند کے اختلاف کے ساتھ روایات کے الفاظ کے بارے میں مذکور اختلاف کا بھی تذکرہ کیا ہے۔

یہی وہ روایت ہے' جس کی بنیاد پر احناف نے یہ فتویٰ دیا ہے: نبیذ کے ساتھ وضو کرنا جائز ہے' کیونکہ اس حدیث سے یہ بات ثابت ہوتی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنات کے ساتھ ملاقات کی رات میں نبیذ کے ساتھ وضو کیا تھا' لہٰذا اب اگر کوئی شخص

Marfat.com

وضو کرنے کے لیے عام سادہ پانی نہیں پاتا اور اس کے پاس نبیذ موجود ہوتی ہے تو ایسا شخص نبیذ کے ساتھ وضو کرے گا' وہ محض تیمم کر کے نماز ادا نہیں کرے گا۔

ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کی تنقید:

احناف کی تائید میں پیش کی جانے والی اس حدیث پر صحیح بخاری کے مشہور شارح حافظ ابن حجر عسقلانی نے ان الفاظ میں تبصرہ کیا ہے:

''احناف نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول حدیث کو دلیل کے طور پر پیش کیا ہے' جس میں یہ مذکور ہے' جنات کے ساتھ ملاقات کی رات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: تمہارے پاس موجود مشکیزے میں کیا ہے؟ تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے عرض کی: نبیذ ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کھجوریں پاکیزہ ہوتی ہیں اور ان کا پانی پاک کرنے والا ہوتا ہے''۔

اور اس روایت میں امام ترمذی نے یہ بات اضافی طور پر نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نبیذ سے وضو کر لیا۔

(حافظ ابن حجر کہتے ہیں:) تمام متقدمین اہل علم کا اس بات پر اتفاق ہے' یہ حدیث ''ضعیف'' ہے۔ اگر اس حدیث کو مستند بھی تسلیم کر لیا جائے تو یہ منسوخ شمار ہوگی' کیونکہ جنات کے ساتھ ملاقات کا یہ واقعہ مکہ مکرمہ میں پیش آیا تھا اور تیمم کے حکم سے متعلق آیت کے بارے میں سب کا اتفاق ہے' یہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی تھی۔

یہاں یہ احتمال بھی ہو سکتا ہے' (اس حدیث میں جس پانی کا تذکرہ ہے) اس سے مراد وہ پانی ہے جس میں خشک کھجوریں بھگو دی گئی ہوں اور ان کھجوروں نے پانی کی صفت کو تبدیل نہ کیا ہو۔ اس طرح کی نبیذ اس لیے تیار کی جاتی تھی کیونکہ عام پر اس کا پانی میٹھا نہیں ہوتا تھا۔

علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ کا تبصرہ:

اس پر تبصرہ کرتے ہوئے حافظ بدرالدین محمود عینی لکھتے ہیں:

''میں یہ کہتا ہوں: اہلِ علم نے اس حدیث کو اس وجہ سے ضعیف قرار دیا ہے کیونکہ امام ترمذی نے اسے نقل کرنے کے بعد یہ بات تحریر کی ہے' یہ حدیث حضرت ابوزید کے حوالے سے' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔ اور ابوزید نامی یہ راوی محدثین کے نزدیک مجہول ہیں' ان کے حوالے سے صرف یہی ایک روایت منقول ہے''۔

اس کے بعد علامہ عینی نے یہ بات تحریر کی ہے: اس حدیث کو امام ترمذی نے ابوزید نامی راوی کی وجہ سے ضعیف قرار دیا ہے' جنہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس روایت کو نقل کیا ہے لیکن جب احادیث کی تحقیق کی جاتی ہے تو یہ بات سامنے آتی ہے' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے چودہ افراد نے اس روایت کو نقل کیا ہے۔

حافظ ابن حجر نے یہ بات بیان کی ہے: نبیذ کے ساتھ وضو کرنے سے متعلق یہ حکم منسوخ ہے۔

Marfat.com

اس پر تبصرہ کرتے ہوئے علامہ عینی یہ کہتے ہیں: ان صاحب نے شیخ ابن قصار مالکی اور شیخ ابن حزم ظاہری کے حوالے سے یہ اعتراض نقل کیا ہے اور ہمیں ان پر بہت حیرانی ہے کیونکہ انہیں یہ پتا ہے' یہ اعتراض مردود ہے' اس کے باوجود انہوں نے اسے تحریر کر دیا۔ ہے۔ اس کے مردود ہونے کی وجہ یہ ہے: امام طبرانی نے المعجم الکبیر میں اور امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات نقل کی ہے: حضرت جبرائیل علیہ السلام' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مکہ مکرمہ کے بالائی حصے میں نازل ہوئے' انہوں نے اپنی ایڑی کے ذریعے اشارہ کیا تو وہاں سے پانی نکلنے لگا' پھر انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کا طریقہ سکھایا۔

شیخ سہیلی نے یہ بات بیان کی ہے: وضو کے حکم سے متعلق آیت مکی ہے' البتہ تلاوت کے اعتبار سے یہ مدنی ہے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اسے آیتِ تیمم کہا ہے' آیت وضو نہیں کہا ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے: وضو اس سے پہلے فرض ہو چکا تھا۔ البتہ اس آیت کی قرآن میں تلاوت اس وقت شروع ہوئی' جب تیمم کے حکم سے متعلق آیت نازل ہوگئی۔ اسی طرح شیخ قاضی عیاض مالکی نے یہ بات تحریر کی ہے: پہلے وضو کرنا سنت تھا' یہاں تک کہ مدینہ منورہ میں قرآن کا حکم نازل ہوگیا۔

•••——•••——•••

240- حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفَّى حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الْحِمْصِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ قَيْسِ بْنِ الْحَجَّاجِ عَنْ حَنَشٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ

اَنَّهُ خَرَجَ مَعَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَيْلَةَ الْجِنِّ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَمَعَكَ مَاءٌ يَا ابْنَ مَسْعُوْدٍ . فَقَالَ مَعِي نَبِيْذٌ فِيْ اِدَاوَةٍ .فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صُبَّ عَلَىَّ مِنْهُ . فَتَوَضَّاَ وَقَالَ هُوَ شَرَابٌ وَّطَهُوْرٌ .

تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ وَهُوَ ضَعِيْفُ الْحَدِيْثِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے' یہ وہ رات تھی جب جنات سے ملاقات ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے یہ فرمایا: اے ابن مسعود! کیا تمہارے پاس پانی ہے؟ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میرے پاس برتن میں نبیذ موجود ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہی مجھ پر بہا دو' پھر نبی اکرم رضی اللہ عنہ نے اس کے ذریعے وضو کیا اور ارشاد فرمایا: یہ پینے کی چیز بھی ہے اور اس سے پاکی بھی حاصل کی جا سکتی ہے۔

اس روایت کو نقل کرنے میں ابن لہیعہ نامی راوی منفرد ہیں اور یہ ضعیف راوی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن مصفی بن بھلول حمصی قرشی، یہ ''صدوق'' ہیں۔ اوھام، یدلس یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے

Marfat.com

ہیں: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 240ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التھذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۰۸)(۷۱۱)۔

○ عثمان بن سعید بن کثیر بن دینار قرشی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) ابوعمرو حمصی، یہ ثقہ ہیں۔ یہ راویوں کے "نویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 209ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التھذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۹)(۶۲)۔

•••——•••——•••

241- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِیْ هِنْدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ

قَالَ قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَشَهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَحَدٌ مِّنْكُمْ لَيْلَةَ اَتَاهُ دَاعِی الْجِنِّ فَقَالَ لَا .

هٰذَا الصَّحِيْحُ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ .

☆☆ علقمہ بن قیس بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: جنات کے نمائندے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے' اس رات آپ میں سے کوئی ایک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھا؟ تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: نہیں!

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہونے کے حوالے سے یہ روایت مستند ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن المقدام ابوالاشعث عجلی بصری، یہ "صدوق" ہیں: یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 253ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التھذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۶)(۱۲۴)۔

•••——•••——•••

242- حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْجَعْدِ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ قُلْتُ لِاَبِیْ عُبَيْدَةَ حَضَرَ

۲۴۱- اخرجه مسلم (۲/۴۰۶- نووي) كتاب الصلوة' باب: الجهر بالقراءة في الصبح' حديث (۱۵۰/۴۵۰)- وابو داؤد (۱/۲۱-۲۲) كتاب الطهارة' باب: الوضوء بالنبيذ' حديث (۸۵)- والترمذي (۵/۳۸۲) كتاب تفسير القرآن' باب ومن سورة الاحقاف' حديث (۳۲۵۸) والنسائي في الكبرى (۶/۴۹۹) كتاب التفسير' باب: (سورة الجن) حديث (۱۱۶۲۴)- واحمد (۱/۴۳۶) وابن خزيمة (۱/۴۴) برقم (۸۲)' والبيهقي (۱/۱۱) كتاب الطهارة' باب منع التطهر بالنبيذ- كلهم من طرق عن علقمة عنه' به مطولا- قال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح-

Marfat.com

عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْعُوْدٍ لَیْلَۃَ الْجِنِّ قَالَ لاَ قُرِءَ عَلٰی اَبِی الْقَاسِمِ بْنِ مَنِیعٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَکُمْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَکِّیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِیْدٍ مَوْلٰی بَنِیْ هَاشِمٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَۃَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَیْدٍ عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِیَّ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لَهٗ لَیْلَۃَ الْجِنِّ اَمَعَکَ مَاءٌ . قَالَ لاَ . قَالَ اَمَعَکَ نَبِیْذٌ . اَحْسَبُهٗ قَالَ نَعَمْ فَتَوَضَّاَ بِهٖ .

لاَ یَثْبُتُ مِنْ وَجْهَیْنِ وَنُکْتَتُهٗ ذَکَرْتُهَا فِیْهِ.

☆☆ عمرو بن مرہ بیان کرتے ہیں: میں نے ابوعبیدہ سے دریافت کیا: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جنات سے ملاقات کی رات موجود تھے؟ تو انہوں نے جواب دیا: نہیں!

ایک اور روایت میں یہ بات منقول ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جنات سے ملاقات کی رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس پانی ہے؟ تو انہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے پھر دریافت کیا: کیا تمہارے پاس نبیذ ہے۔ راوی کہتے ہیں: میرا خیال ہے' روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں! پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نبیذ کے ذریعے وضو کرلیا۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت دو حوالوں سے ثابت نہیں ہے' اس کو میں پہلے ذکر کر چکا ہوں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوالقاسم عبداللہ بن محمد بن عبدالعزیز بن المرزبان البغوی الاصل، بغدادی

○ علی بن جعد بن عبید جوہری بغدادی، ان پر شیعہ ہونے کا الزام ہے۔ یہ راویوں کے ''نویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 230ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذ ۔'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۳/۲)(۳۰۳)۔

○ عمرو بن مرۃ بن عبداللہ بن طارق الجملی۔ بفتح الجیم والمیم المرادی ابوعبداللہ کوفی الاعمی، یہ ثقہ ہیں۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 118ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۸/۲) (۶۷۷)۔

○ محمد بن عباد الزبرقان مکی نزیل بغداد، یہ ''صدوق'' ہیں۔ یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 234ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر

۲۴۲-اخرجه البيهقي (۱۱/۱)، كتاب الطهارة، باب منع التطهير بالنبيذ من طريق شعبة بهذا الاسناد فذكر طرفه الاول- واما طريق حماد بن سلمة فسياتي تخريجه برقم (۲۴۳)-

Marfat.com

عسقلانی' (۲/۱۷۴)(۳۴۸)۔

•••——•••——•••

243- حَدَّثَنَا الْقَاضِیُ اَبُوْ طَاهِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ نَصْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ مَوْلٰى بَنِیْ هَاشِمٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ .عَلِیُّ بْنُ زَيْدٍ ضَعِيْفٌ وَّاَبُوْ رَافِعٍ لَمْ يَثْبُتْ سَمَاعُهُ مِنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَّلَيْسَ هٰذَا الْحَدِيْثُ فِیْ مُصَنَّفَاتِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَقَدْ رَوَاهُ اَيْضًا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِیْ رِزْمَةَ وَلَيْسَ هُوَ اَيْضًا بِقَوِیٍّ.

✿✿ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس کے مختلف راویوں پر جرح کی گئی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عبید بصری ابوسعید، مولی بنی ہاشم نزیل مکۃ، یہ راویوں کے''نویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں''صدوق'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 197ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۸۷)(۱۰۰۷)۔

•••——•••——•••

244- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِیُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ زَاجٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِیْ رِزْمَةَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَيْلَةَ الْجِنِّ اَمَعَكَ مَاءٌ .قَالَ لَا مَعِیْ نَبِيْذٌ قَالَ فَدُعِیَ بِهٖ فَتَوَضَّاَ.

✿✿ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنات سے ملاقات کی رات دریافت کیا: کیا تمہارے پاس پانی ہے' تو انہوں نے عرض کی: نہیں! میرے پاس نبیذ ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر اس نبیذ کو لایا گیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ذریعے وضو کرلیا۔

۲۴۳- اخرجه احمد (۱/۴۵۵) والطحاوي في (شرح المعاني) (۱/۹۵) كلاهما من طريق حماد بن سلمة' عن علي بن زيد' عن ابي رافع' عن ابن مسعود فذكره- وعلي بن زيد بن جدعان قال ابن معين: ليس بحجة' وقال ابن المديني هو ضعيف عندنا- قال ابو حاتم: ليس بالقوي يكتب حديثه ولا يحتج به- قال ابو زرعة: ليس بقوي' وقال الجوزجاني: واهي الحديث ضعيف- وقال ابن حبان: كان يهم في الاخبار ويخطئ في الآثار حتى كثر ذلك في اخباره' وتبين فيها المناكير التي يرويها عن المشاهير' فاستحق ترك الاحتجاج به- وقال الحافظ ابن حجر: ضعيف- ينظر: تاريخ ابن معين رواية الدوري (۴۶۹۹)' سوالات محمد بن عثمان لابن المديني (۴۱)' والجرح والتعديل (۳/۱/۱۸۶)' واحوال الرجال للجوزجاني (۱۸۵)' والمجروحين (۲/۱۰۳)' والتقريب (۲/۳۷)- وقد توبع عبد العزيز: تابعه ابو عمر الحوضي' اخرجه الطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/۹۵)-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن منصور بن راشد حنظلی، مروزی، یہ ''صدوق'' ہیں۔ یہ راویوں کے ''گیارہویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 258ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۲۶/۱)(۱۲۶)۔

•••———•••———•••

245- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ صَالِحِ الْهَاشِمِيُّ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعِجْلِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَيْلَةَ الْجِنِّ فَاَتَاهُمْ فَقَرَاَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِيْ بَعْضِ اللَّيْلِ اَمَعَكَ مَاءٌ يَا ابْنَ مَسْعُوْدٍ . قُلْتُ لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَّا اِدَاوَةٌ فِيْهَا نَبِيْذٌ .فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَمْرَةٌ طَيِّبَةٌ وَّمَاءٌ طَهُوْرٌ . فَتَوَضَّاَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) .

اَلْحُسَيْنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ هٰذَا يَضَعُ الْاَحَادِيْثَ عَلَى الثِّقَاتِ .

☆☆ ابووائل بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' وہ فرماتے ہیں: جنات سے ملاقات کی رات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لے گئے' آپ نے ان کے سامنے قرآن پڑھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے رات کے کسی حصے میں دریافت کیا: اے ابن مسعود! تمہارے پاس پانی ہے؟ میں نے عرض کی: نہیں! اللہ کی قسم! یا رسول اللہ! میرے پاس برتن میں صرف نبیذ موجود ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کھجور پاکیزہ ہوتی ہے اور اس کا پانی پاک کرنے والا ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ذریعے وضو کر لیا۔

حسین بن عبیداللہ نامی راوی ثقہ راویوں کے حوالے سے روایات ایجاد کر کے اپنی طرف سے بیان کر دیتا تھا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ فضل بن صالح بن علی بن عیسیٰ بن جعفر بن ابوجعفر منصور، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 300ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۷۴/۱۲)(۶۸۲۱)۔

○ حسین بن عبیداللہ عجلی ابوعلی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''کذاب'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید

۲۴۵ - ذكره الزيلعي في نصب الراية (۱/۱۴۲-۱۴۳) وعزاه الى المصنف ونقل قوله بعده- وقال العيني في تخريج الهداية (۱/۲۰۹): (رواية ابي وائل اخرجها الدارقطني بسند ساقط) - اه -

Marfat.com

حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۲/۲۹۶) (۲۰۲۴)۔

246- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ حَيَّانَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ اَبِى اِسْحَاقَ عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ عَنْ اَبِى عُبَيْدَةَ وَاَبِى الْاَحْوَصِ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ مَرَّ بِى رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ خُذْ مَعَكَ اِدَاوَةً مِنْ مَاءٍ . ثُمَّ انْطَلَقَ وَاَنَا معه فَذَكَرَ حَدِيثَهُ لَيْلَةَ الْجِنِّ - قَالَ - فَلَمَّا اَفْرَغْتُ عَلَيْهِ مِنَ الْاِدَاوَةِ اِذَا هُوَ نَبِيذٌ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَخْطَاْتُ بِالنَّبِيذِ فَقَالَ تَمْرَةٌ حُلْوَةٌ وَمَاءٌ عَذْبٌ .

تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ قُتَيْبَةَ عَنْ يُونُسَ عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ .وَالْحَسَنُ بْنُ قُتَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى ضَعِيفَانِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: اپنے ساتھ پانی کا برتن لے لو پھر آپ چلتے رہے میں بھی آپ کے ساتھ رہا' پھر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے جنات سے ملاقات والے واقعہ کا تذکرہ کیا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب میں نے اس برتن پر سے آپ پر پانی انڈیلا تو وہ نبیذ تھی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھ سے غلطی ہوگئی ہے' میں نبیذ لے آیا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کھجور میٹھی ہوتی ہے اوراس کا پانی میٹھا ہے۔

اس روایت کو نقل کرنے میں حسن بن قتیبہ نامی راوی منفرد ہیں اور یہ حسن بن قتیبہ اور محمد بن عیسیٰ نامی راوی دونوں ضعیف ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عیسیٰ بن حبان ابوعبداللہ مدائنی، امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے جبکہ خطیب بغدادی نے یہ بات نقل کی ہے یہ صاحب غفلت کا شکار تھے۔ انہیں یہ پتہ نہیں چلتا تھا روایت کے اصل الفاظ کیا ہیں؟ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲/۳۹۸) (۹۲۰)۔

○ حسن بن قتیبہ خزاعی مدائنی؛ یہ بکثرت وہم کا شکار ہوتے ہیں۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف متروک'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۲/۲۷۰) (۱۹۳۶)۔

○ عبیدۃ بن عمرو السمانی المرادی ابوعمرو کوفی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 72ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۴۷) (۱۵۹۸)۔

۲۴۶- تفرد به المصنف من طريق عبيدة وابي الاحوص' وقد تقدم ما يوجد من حديث ابن عباس وابي رافع وابي وائل- كلهم عن ابن عباس-

Marfat.com

○ عوف بن مالک بن نضلۃ جشمی ابوالاحوص کوفی یہ ثقہ ہیں۔ یہ راویوں کے "تیسرے طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال حجاج بن یوسف کے عہد حکومت میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۹۰/۲)(۷۹۶)۔

•••———•••———•••

247- حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِی حَسَّانَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ الْاَزْرَقُ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ يَعْنِی ابْنَ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ عَنْ اَخِيْهِ زَيْدٍ عَنْ جَدِّهٖ اَبِی سَلَّامٍ عَنْ فُلَانِ بْنِ غَيْلَانَ الثَّقَفِيِّ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ دَعَانِی رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَيْلَةَ الْجِنِّ بِوَضُوْءٍ فَجِئْتُهُ بِاِدَاوَةٍ فَاِذَا فِيْهَا نَبِيْذٌ فَتَوَضَّاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) .اَلرَّجُلُ الثَّقَفِيُّ الَّذِی رَوَاهُ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ مَجْهُوْلٌ قِيْلَ اسْمُهُ عَمْرٌو وَقِيْلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ غَيْلَانَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جنات سے ملاقات کی رات نبی اکرم ﷺ نے مجھے وضو کا پانی ساتھ لانے کے لیے کہا تو میں ایک برتن لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا' اس میں نبیذ موجود تھی' نبی اکرم ﷺ نے اس کے ذریعے وضو کر لیا۔

اس روایت کو جس ثقفی نامی راوی نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے: وہ مجہول ہے۔ ایک قول کے مطابق اس کا نام عمرو ہے اور ایک قول کے مطابق اس کا نام عبداللہ بن عمرو ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسحاق بن ابراہیم بن ابوحسان ابویعقوب الانماطی: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 302ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تاریخ بغداد" از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ "خطیب بغدادی" (۳۸۴/۶)(۳۴۲۲)۔

○ ہشام بن خالد بن یزید بن مروان الازرق ابومروان الدمشقی یہ "صدوق" ہیں۔ یہ راویوں کے "دسویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 249ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۳۱۸/۲)(۷۸)۔

○ معاویۃ بن سلام ابن ابوسلام ابوسلام، دمشقی یہ ثقہ ہیں۔ یہ راویوں کے "ساتویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 170ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ

۲۴۷- عزاه الزيلعي في نصب الراية (۱۴۲/۱) الى المصنف وابي نعيم في (كتاب دلائل النبوة) من طريق الطبراني بسنده الى معاوية عن عمرو بن غيلان- اه- قال ابو حاتم وابو زرعة في العلل (۴۵/۱): (وهذا ايضاً ليس بشيء ابن غيلان مجهول ولا يصح في هذا الباب شيء)- اه-

Marfat.com

ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۵۹) (۱۲۳۱)۔

○ زید بن سلام بن ابوسلام ممطور حبشی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: التقری (۱/۲۷۵) (۱۸۵)۔

○ ممطور اسود حبشی ابوسلام، یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۷۳) (۱۳۵۹)۔

○ فلان بن غیلان ثقفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ان کی نقل کردہ روایات مستند نہیں ہوتی ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۵/۴۴۲) (۶۷۸۷)۔

•••——•••——•••

248- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَلْدَةَ قَالَ قُلْتُ لاَبِي الْعَالِيَةِ رَجُلٌ لَيْسَ عِنْدَهُ مَاءٌ وَّعِنْدَهُ نَبِيْذٌ اَيَغْتَسِلُ بِهِ مِنْ جَنَابَةٍ قَالَ لاَ فَذَكَرْتُ لَهُ لَيْلَةَ الْجِنِّ فَقَالَ اَنْبِذَتُكُمْ هٰذِهِ الْخَبِيْثَةُ اِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ زَبِيْبٌ وَّمَاءٌ.

★★ ابوخلدہ بیان کرتے ہیں: میں نے ابوالعالیہ سے دریافت کیا: ایک ایسا شخص جس کے پاس پانی موجود نہ ہو اس کے پاس نبیذ موجود ہو تو کیا وہ اس نبیذ کے ذریعے غسل جنابت کرسکتا ہے تو ابوالعالیہ نے جواب دیا: نہیں! تو میں نے ان کے سامنے جنات سے ملاقات والی حدیث کا تذکرہ کیا تو انہوں نے فرمایا: تمہارے ہاں جو نبیذ بنائی جاتی ہے یہ خبیث ہوتی ہے وہ جو چیز تھی وہ کشمش اور پانی تھا۔

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ شیخ ابوالعالیہ رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ نقل کیا ہے جن کا تعارف درج ذیل ہے:

حضرت شیخ ابوالعالیہ رحمۃ اللہ علیہ

رفیع بن مہران، الریاحی بصری،

انہوں نے ان حضرات سے احادیث کا سماع کیا ہے:

حضرت عمر-علی-ابی-ابو ذر-ابن مسعود-عائشہ-ابو موسیٰ-ابو ایوب-ابن عباس-زید بن ثابت-اور دیگر حضرات ہیں۔

انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا ہے۔ یہ اس وقت نوجوان تھے لیکن انہوں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد

۲۴۸-اخرجه ابو داؤد (۱/۲۲) كتاب الطهارة' باب الوضوء بالنبيذ' حديث (۸۷)- والبيهقي (۱/۱۲- ۱۳) كتاب الطهارة' باب منع التطهير بالنبيذ- كلاهما من حديث ابي العالية بنحوه-

Marfat.com

خلافت میں اسلام قبول کیا تھا اور ان کی خدمت میں حاضر بھی ہوئے ہیں۔ انہوں نے قرآن مجید حفظ کیا ہے اور اس کی قرأت حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے سامنے کی ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: ابوالعالیہ نے قرآن پڑھنا سیکھا اور اسے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ ٗ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے سامنے پڑھ کر سنایا بھی ہے۔

ایک قول کے مطابق انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے بھی قرآن پڑھ کر سنایا ہے۔

ایک روایت کے مطابق ابوالعالیہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے تین مرتبہ قرآن پورا پڑھ کر سنایا ہے۔

ابوالعالیہ فرماتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما مجھے اپنے ساتھ پلنگ پر بٹھایا کرتے تھے اور قریش کے (سردار) پلنگ سے نیچے بیٹھتے تھے۔ اس بات پر قریش میرے بارے میں الجھن کا اظہار کرنے لگے تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا:

علم معزز شخص کی عزت میں اضافہ کرتا ہے اور غلام کو تخت پر بٹھا دیتا ہے۔

ابوبکر بن ابوداؤد بیان کرتے ہیں: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بعد قرآن کا سب سے زیادہ علم رکھنے والا ابوالعالیہ کے علاوہ اور کوئی شخص نہیں ہے۔ سعید بن جبیر ان کے بعد آتے ہیں۔

ابوالعالیہ فرماتے ہیں: مجھے امید ہے کہ ایسا شخص ہلاکت کا شکار نہیں ہوگا جسے یہ دو نعمتیں حاصل ہوں۔ ایک نعمت کے حصول پر وہ اللہ کی حمد بیان کرے اور دوسرا گناہ کے ارتکاب پر اللہ سے مغفرت طلب کرے۔

امام بخاری بیان کرتے ہیں:

شیخ ابوالعالیہ کا انتقال ۹۳ ہجری میں ہوا۔

ایک روایت کے مطابق آپ کو صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے لیکن یہ بات درست نہیں ہے۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں اسلام قبول کر لیا تھا لیکن یہ یمن سے (حجاز) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں منتقل ہوتے تھے۔ (اس لیے نہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل نہیں ہے)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ مروان بن معاویة بن حارث بن اسماء فزاری ابوعبداللہ کوفی نزیل مکة، یہ راویوں کے ''آٹھویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 193ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات

طبقات ابن سعد 112/7 ، الزہد لاحمد 302، صفات خلیفة ت 1634، تاریخ البخاری 3/326 ، المعارف 454، الجرح والتعدیل القسم الثانی من المجلد الاول 510، الحلیة 2/217 تاریخ اصبہان 1/314 ، طبقات الفقہاء للشیرازی 88، تاریخ ابن عساکر 6/ 131 آ، تہذیب الاسماء واللغات القسم الاول من الجزء الثانی 251، تہذیب الکمال ص 417و 1625، تذکرة الحفاظ 1/ 58 ، تاریخ الاسلام 3/ 319 و 4/79 ، العبر 1/108 ، تذہیب التہذیب 1/ 226 ب- 4/ 219 ب، غایة النہایة 1272، الاصابة ت 2740وکنی ت 838، تہذیب التہذیب 3/284 ، طبقات الحفاظ للسیوطی ص 22، خلاصة تذہیب التہذیب 119، طبقات المفسرین 1/172 ، شذرات الذہب 1/102 ، تہذیب ابن عساکر 5/326.

Marfat.com

کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۳۹)(۱۰۲۶)۔

○ خالد بن دینار تمیمی سعدی ابوخلدۃ، یہ ''صدوق'' ہیں۔ یہ راویوں کے ''پانچویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۱۳)(۲۶)۔

○ رفیع ابن مہران ابوالعالیہ ریاحی یہ ثقہ ہیں۔ کثیر الارسال، یہ راویوں کے ''دوسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 93ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۵۲)(۱۰۵)۔

توضیح مسئلہ:

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے ابوالعالیہ کا واقعہ نقل کیا ہے' جس میں انہوں نے یہ بات بیان کی ہے: جب شیخ ابوالعالیہ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا گیا جس میں جنات کے ساتھ ملاقات والی روایت میں نبیذ کے ذریعے طہارت حاصل کرنے کا تذکرہ ہے' تو شیخ نے یہ جواب دیا:

''تمہاری آج کل کی نبیذیں ناپاک ہوتی ہیں' وہ صرف کھجور اور پانی تھا''۔

اس سے بالواسطہ طور پر یہ بات ثابت ہوتی ہے' اگر پانی میں صرف کھجور کو ملا دیا جائے تو اس کے ذریعے وضو کرنا شیخ ابوالعالیہ کے نزدیک درست ہوگا' کیونکہ انہوں نے حدیث کو غلط قرار نہیں دیا بلکہ اپنے زمانے کی مروجہ نبیذ کو ناپاک قرار دیا ہے۔

ہم اس سے پہلے یہ بات ذکر کر چکے ہیں' امام بخاری نے اپنے ترجمۃ الباب میں شیخ ابوالعالیہ کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے' انہوں نے نبیذ کے ذریعے وضو کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے' شاید ان کا اشارہ اسی واقعہ کی طرف ہو۔

•••———•••———•••

249- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلًّى حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ لَا يَرَى بَاْسًا بِالْوُضُوْءِ مِنَ النَّبِيْذِ .تَفَرَّدَ بِهٖ حَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ لَا يُحْتَجُّ بِحَدِيْثِهٖ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ نبیذ کے ذریعے وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

۲۴۹-قال البيهقي في السنن (۱/۱۲) كتاب الطهارة باب منع التطهير بالنبيذ: (وقد روى الحجاج بن ارطاة عن ابي اسحاق عن الحارث عن علي' انه كان لا يرى باسا بالوضوء من النبيذ- ورواه ابو اسحاق الكوفي - واسمه: عبد الله بن ميسرة' ويقال له: ابو ليلى الخراساني - عن مزيدة بن جابر عن علي: لا باس بالوضوء بالنبيذ- وعبد الله بن ميسرة متروك' والحارث الاعور' ضعيف والحجاج بن ارطاة لا يحتج به)- اه- وقال ابن الجوزي في التحقيق (۱/۲۹): (هذا من رواية الحارث الاعور' وقال علي بن المديني: الحارث كذاب' ومن رواية مزيدة بن جابر' قال ابو زرعة: ليس بشيء)- اه- وانظر: نصب الراية (۱/۱۴۲)-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حارث بن عبداللہ اعور ہمدانی حوتی کوفی: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال حضرت عبداللہ بن زبیر کے عہد خلافت میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۴۱) (۴۰)۔

توضیح مسئلہ:

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھی حارث کا یہ بیان نقل کیا ہے: حضرت علی رضی اللہ عنہ نبیذ کے ساتھ وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے' جبکہ اس سے اگلی روایت میں انہوں نے مزیدہ بن جابر نامی راوی کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

"نبیذ کے ساتھ وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے"۔

ان دونوں روایت سے یہ بات ثابت ہوتی ہے: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نزدیک نبیذ کے ساتھ وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں تھا' لہٰذا احناف نے اپنے موقف کی تائید میں جو حدیث نقل کی تھی' آثارِ صحابہ کے ذریعے اس کی تائید ہو جاتی ہے۔

•••——•••——•••

250- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلًّى حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ الْكُوفِيِّ عَنْ مَزِيْدَةَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ عَلِيٍّ ح وَحَدَّثَنَا اَبُو سَهْلٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا وَكِيعٌ عَنْ اَبِى لَيْلَى الْخُرَاسَانِيِّ عَنْ مَزِيْدَةَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ لَا بَاْسَ بِالْوُضُوْءِ بِالنَّبِيْذِ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ فرماتے ہیں: نبیذ کے ذریعے وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن میسرۃ حارثی ابو ولید کوفی واسطی، یدلسہ، یہ راویوں کے "چھٹے طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۵۵) (۶۷۸)۔

○ مزیدۃ ابن جابر عصری عبدی: ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۴۰) (۱۰۳۶)۔

Marfat.com

اللہ رسول محمد

فتوحاتِ جہانگیری

شرح

جزء دوم

1-2

سُنن دار قطنی

متن

امام ابو الحسن علی بن عمر دار قطنی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

Marfat.com



Marfat.com

26- باب الْحَثِّ عَلَى التَّسْمِيَةِ ابْتِدَاءَ الطَّهَارَةِ

باب: وضو کے آغاز میں بسم اللہ پڑھنے کی ترغیب

251- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ فُدَيْكٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى بْنِ اَبِىْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ سَلَمَةَ اللَّيْثِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَّا وُضُوْءَ لَهُ وَلَا وُضُوْءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اس شخص کی نماز نہیں ہوتی جس کا وضو نہ ہو اور اس شخص کا وضو نہیں ہوتا جو شروع میں بسم اللہ نہ پڑھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن مسلم بن سعید طوسی نزیل بغداد: یہ ''صدوق'' ہیں۔ یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 253ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۴/۲)(۴۱۲)۔

○ محمد بن موسیٰ فطری یہ ''صدوق'' ہیں۔ رمی بالتشیع، یہ راویوں کے ''ساتویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۱۱/۲)(۷۴۵)۔

○ یعقوب بن سلمۃ لیثی مدنی، یہ راویوں کے ''ساتویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مجہول'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۷۵/۲)(۳۷۸)۔

○ سلمۃ لیثی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) مدنی، یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''لین'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ

۲۵۱- اخرجه احمد (۴۱۸/۲)' وابو داؤد (۷۵/۱)' كتاب الطهارة' باب التسمية في الوضوء' حديث (۱۰۱)' وابن ماجه (۱۴۰/۱) كتاب الطهارة' باب ما جاء في التسمية في الوضوء' حديث (۳۹۹)' والترمذي في (العلل) (ص۳۲)' وابو يعلى (۲۹۳/۱۱) رقم (۶۴۰۹)' والحاكم (۱۴۶/۱)' وابن السكن كما في (تلخيص الحبير) (۷۲/۱)' والبيهقي (۱/ ... كتاب الطهارة' باب التسمية على الوضوء' والبغوي في (شرح السنة) (۲۰۳/۱ -بتحقيقنا)- كلهم من طريق يعقوب بن سلمة' عن ابيه' عن ابي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : (لا صلاة لمن لا وضوء له ولا وضوء لمن لم يذكر اسم الله عليه)- قال الحاكم: صحيح الاسناد فقد احتج مسلم بيعقوب بن ابي سلمة الماجشون' واسم ابي سلمة: دينار- وتعقبه الذهبي بانه يعقوب بن سلمة الليثي' وقال (اسناده فيه لين)- وقال الحافظ في (التلخيص) (۷۲/۱): (ادعى الحاكم انه الماجشون والصواب انه الليثي)-ا ه- وقال الترمذي في (العلل): سالت محمدًا عن هذا الحديث؟ فقال: يعقوب بن سلمة مدني لا يعرف له سماع من ابيه' ولا يعرف لابيه سماع من ابي هريرة-

Marfat.com

ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۱۹/۱)(۳۹۱)۔

•••———•••———•••

252- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ كَامِلٍ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْمَخْزُوْمِيُّ بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ قتیبۃ بن سعید بن جمیل ابن طریف ثقفی ابورجاء البغلانی یہ راویوں کے "دسویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 240ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۲۳/۲)(۸۵)۔

•••———•••———•••

27- باب وُضُوْءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

باب: نبی اکرم ﷺ کے وضو کا طریقہ

253- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا الْمُحَارِبِيُّ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِمَاءٍ فَتَوَضَّاَ بِهِ مَرَّةً مَرَّةً ثُمَّ قَالَ هٰذَا وَظِيفَةُ الْوُضُوْءِ الَّذِى لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلَاةً اِلَّا بِهِ . ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّاَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ قَالَ هٰذَا وُضُوْءُ مَنْ تَوَضَّاَ بِهِ كَانَ لَهُ اَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ . ثُمَّ مَكَثَ سَاعَةً ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّاَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ هٰذَا وُضُوْئِى وَوُضُوْءُ النَّبِيِّيْنَ قَبْلِى .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے وضو کے لیے پانی منگوایا' آپ نے اس کے ذریعے ایک' ایک مرتبہ وضو کیا اور پھر آپ نے ارشاد فرمایا: یہ وضو کا وہ طریقہ ہے جس کے بغیر اللہ تعالیٰ نماز قبول نہیں کرتا' پھر آپ نے پانی منگوایا اور اس کے ذریعہ دو' دو مرتبہ وضو کیا' پھر ارشاد فرمایا: یہ اس شخص کے وضو کا طریقہ ہے' جسے وضو کرنے پر دوگنا اجر ملے گا' پھر آپ کچھ دیر ٹھہرے رہے' پھر آپ نے پانی منگوایا' پھر تین' تین مرتبہ وضو کیا' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ

۲۵۳- اخرجہ ابن ماجہ (۱۴۵/۱) کتاب الطہارۃ' باب ما جاء فی الوضوء مرۃ ومرتین وثلاثا' حدیث (۴۱۹)' والطیالسی (۵۳/۱) (۱۸۱- منحۃ) والبیہقی (۸۰/۱-۸۱) کتاب الطہارۃ' باب: فضل التکرار فی الوضوء' والحاکم (۱۵۰/۱) - کلہم من طریق زید العمی بہذا الاسناد' واخرجہ احمد (۹۸/۲) من طریق زید العمی' عن نافع' عن ابن عمر' فذکرہ' بنحوہ- والحدیث سکت عنہ الحاکم' وتعقبہ الذہبی بان مدارہ علی زید العمی' وہو واہ-

Marfat.com

میرا اور مجھ سے پہلے انبیاء کے وضو کا طریقہ ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عباد بن یعقوب رواجنی ابوسعید کوفی یہ "صدوق" ہیں۔ یہ رافضی ہیں ان سے منقول ایک روایت صحیح بخاری میں بھی ہے۔ یہ راویوں کے "دسویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 250ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۹۴)(۱۱۸)۔

○ محمد بن فضل بن عطیہ بن عمر عبدی، (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) کوفی: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 150ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۰۰)(۶۲۶)۔

○ زید بن حواری ابوالحواری، عمی بصری قاضی ہراۃ: یہ راویوں کے "پانچویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۷۴)(۱۷۵)۔

○ معاویہ بن قرۃ بن ایاس بن ہلال مزنی ابوایاس بصری: یہ راویوں کے "تیسرے طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 113ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۶۱)(۱۲۴۲)۔

254- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى السُّدِّيُّ حَدَّثَنَا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سَلَّامٍ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ زَيْدِ الْعَمِّيِّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بِنِ قُرَّةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسماعیل بن موسیٰ فزاری ابومحمد او ابواسحاق کوفی، یہ راویوں کے "دسویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 245ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۷۵)(۵۶۱)۔

○ سلام ابن سلیم ابوسلیمان طویل، مدائنی، یہ راویوں کے "ساتویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں۔ علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "متروک" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 77ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب

Marfat.com

التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ۱/۳۴۲)(۶۱۱)۔

•••———•••———•••

255- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ حَدَّثَنَا سَلَّامٌ الطَّوِيلُ ح حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ أَيْضًا حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا سَلَّامُ بْنُ سَلْمٍ عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِذٰلِكَ .النَّقَلَةُ عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ ضُعَفَاءُ وَزَيْدٌ الْعَمِّيُّ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس کے بعض راویوں کو ضعیف قرار دیا گیا ہے۔

256- حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ رُشَيْدٍ وَحَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ أَحْمَدَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَا حَدَّثَنَا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ تَوَضَّأَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَرَّةً مَرَّةً وَقَالَ هٰذَا وُضُوءُ مَنْ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ الصَّلَاةَ إِلَّا بِهِ . ثُمَّ تَوَضَّأَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ وَقَالَ هٰذَا وُضُوءُ مَنْ يُضَاعِفُ اللّٰهُ لَهُ الْأَجْرَ مَرَّتَيْنِ . ثُمَّ تَوَضَّأَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا وَقَالَ هٰذَا وُضُوئِي وَوُضُوءُ الْمُرْسَلِينَ مِنْ قَبْلِي . تَفَرَّدَ بِهِ الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ عَنْ حَفْصِ بْنِ مَيْسَرَةَ وَالْمُسَيَّبُ ضَعِيفٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک' ایک مرتبہ وضو کیا اور ارشاد فرمایا: یہ وہ وضو ہے' جس کے بغیر اللہ تعالیٰ نماز قبول نہیں کرتا' پھر آپ نے دو' دو مرتبہ وضو کیا اور ارشاد فرمایا: یہ اس شخص کا وضو کرنے کا طریقہ ہے' جسے اللہ تعالیٰ دوگنا اجر عطاء کرے گا' پھر آپ نے تین' تین مرتبہ وضو کیا اور ارشاد فرمایا: یہ میرا اور مجھ سے پہلے رسولوں کے وضو کا طریقہ ہے۔

اس روایت کو حفص بن میسرہ سے نقل کرنے میں میتب بن واضح نامی راوی منفرد ہے۔ اور میتب نامی یہ راوی ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حفص بن میسرۃ عقیلی ابوعمر صنعانی یہ راویوں کے ''آٹھویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے

۲۵۶- اخرجه البيهقي (۸۰/۱) كتاب الطهارة' باب: فضل التكرار في الوضوء' من طريق المسيب بن واضح - قال البيهقي: وهذا الحديث من هذا الوجه ينفرد به المسيب بن واضح 'وليس بالقوي' وروي من وجه آخر عن ابن عمر' رضي الله عنه- قال الزيلعي في (نصب الراية) (۲۸/۱): وقال في المعرفة: المسيب بن واضح غير محتج به' وقد روى هذا الحديث من اوجه كلها ضعيفة- اه - وقال عبد الحق في احكامه: هذا الطريق من احسن طرق هذا الحديث' ونقل عن ابن ابي حاتم انه قال: المسيب صدوق' لكنه يخطئ كثيراً- انتهى من النصب-

Marfat.com

ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 181ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۸۹)(۴۶۸)۔

•••———•••———•••

257- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْرَائِیْلَ عَنْ زَیْدٍ الْعَمِّیِّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَنْ تَوَضَّاَ مَرَّةً وَّاحِدَةً فَتِلْكَ وَظِیْفَةُ الْوُضُوْءِ الَّتِیْ لَا بُدَّ مِنْهَا وَمَنْ تَوَضَّاَ ثِنْتَیْنِ فَلَهٗ كِفْلَانِ وَمَنْ تَوَضَّاَ ثَلَاثًا فَذٰلِكَ وُضُوْئِیْ وَوُضُوْءُ الْاَنْبِیَاءِ قَبْلِیْ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص ایک بار وضو کرتا ہے' تو یہ وضو کا ایسا طریقہ ہے جو ضروری ہے اور جو شخص دو مرتبہ وضو کرتا ہے' تو اسے دوگنا اجر ملے گا اور جو شخص تین مرتبہ وضو کرتا ہے' تو یہ میرا اور مجھ سے پہلے آنے والے انبیاء کا طریقہ ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسود بن عامر شامی نزیل بغداد: یہ راویوں کے ''نویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 208ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۷۶)(۵۷۳)۔

○ اسماعیل بن خلیفہ عبسی، ابواسرائیل الملائی کوفی: یہ راویوں کے ''ساتویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 199ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۶۹)(۵۰۵)۔

•••———•••———•••

258- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِیُّ حَدَّثَنَا یَحْیٰی بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَرَادَةَ الشَّیْبَانِیُّ عَنْ زَیْدِ بْنِ الْحَوَارِیِّ عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ عُبَیْدِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنْ اُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) دَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّاَ مَرَّةً مَّرَّةً وَّقَالَ هٰذَا وَظِیْفَةُ الْوُضُوْءِ

۲۵۷–اخرجه احمد (۲/۹۸)' وقد تقدم الكلام عنه برقم (۲۵۳)۔

۲۵۸–اخرجه ابن ماجه (۱/۱۴۵–۱۴۶) كتاب الطهارة' باب: (ما جاء في الوضوء مرة ومرتين وثلاثا)' حديث (۴۲۰)۔ قال البوصيري في (الزوائد) (۱/۱۷۲): هذا اسناد ضعيف' زيد ابو الحواري هو: العمي ضعيف' وكذلك الراوي عنه۔ قال الزيلعي في (نصب الراية) (۱/۲۹): وهو ضعيف' قال ابن معين في زيد بن ابي الحواري' ليس بشيء۔ وقال البخاري: منكر الحديث – وقال ابن حبان: لا يجوز الا احتجاج به۔

Marfat.com

وَوُضُوْءُ مَنْ لَمْ يَتَوَضَّأْ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ . ثُمَّ تَوَضَّأَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ فَقَالَ هٰذَا وُضُوْءُ مَنْ تَوَضَّأَهُ اَعْطَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ كِفْلَيْنِ مِنَ الْاَجْرِ . ثُمَّ تَوَضَّأَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ هٰذَا وُضُوْئِىْ وَوُضُوْءُ الْمُرْسَلِيْنَ قَبْلِىْ .

☆☆ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوایا اور اس کے ذریعے ایک ایک مرتبہ وضو کیا اور پھر ارشاد فرمایا: یہ وضو کا وہ طریقہ ہے جو شخص اس طرح وضو نہ کرے اس کی نماز قبول نہیں ہوتی' پھر آپ نے دو دو مرتبہ وضو کیا' پھر ارشاد فرمایا: یہ اس شخص کے وضو کا طریقہ ہے جو اس طرح وضو کرے گا' تو اللہ تعالیٰ اسے دوگنا اجر عطاء کرے گا' پھر آپ نے تین' تین مرتبہ وضو کیا اور پھر آپ نے ارشاد فرمایا: یہ میرا اور مجھ سے پہلے آنے والے پیغمبروں کا طریقہ ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن عثمان بن صالح سہمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) مصری، یہ راویوں کے ''گیارہویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 282ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۴/۲)(۱۳۱)۔

○ اسماعیل بن مسلمۃ بن قعنب حارثی قعنبی ابوبشر مدنی نزدیل مصر: یہ راویوں کے ''نویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 189ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۵/۱)(۵۶۰)۔

○ عبداللہ بن عرادۃ سدوسی ابوشیبان مصری، یہ راویوں کے ''نویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۳۳/۱)(۴۷۴)۔

○ عبید بن عمر بن قتادۃ لیثی ابوعاصم مکی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ تابعین کے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال حضرت عبداللہ بن عمر کے انتقال سے پہلے ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۴۴/۱)(۱۵۶۱)۔

259- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْخَطَّابِىُّ حَدَّثَنَا الدَّرَاوَرْدِىُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِىْ عَمْرٍو عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ رَافِعٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَتَوَضَّأُ ثَلَاثًا ثَلَاثًا وَرَاَيْتُهُ يَتَوَضَّأُ مَرَّةً مَرَّةً.

☆☆ عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' آپ نے تین' تین

۲۵۹- رواه البزار والطبراني في الكبير ورجاله رجال الصحيح كما في (مجمع الزوائد) (۱/۲۲۴)-

Marfat.com

مرتبہ وضو کیا اور میں نے آپ ﷺ کو ایک ایک مرتبہ بھی وضو کرتے دیکھا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن عمر بن عبدالرحمٰن بن عبدالحمید بن زید بن خطاب خطابی بصری، یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 233ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۳۵)(۴۹۲)۔

○ عبیداللہ بن ابورافع مدنی' ان کے والد حضرت ابورافع نبی اکرم ﷺ کے غلام تھے جبکہ یہ خود یعنی عبیداللہ' حضرت علی کے سیکرٹری تھے۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۳۲)(۱۴۴۱)۔

•••——•••——•••

260- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ بِنْتِ السُّدِّيِّ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ ثَابِتٍ - يَعْنِي الثُّمَالِيَّ - قَالَ قُلْتُ لاَبِي جَعْفَرٍ حَدَّثَكَ جَابِرٌ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَوَضَّاَ مَرَّةً مَرَّةً وَّمَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ وَثَلاَثًا ثَلاَثًا قَالَ نَعَمْ .

اَلثُّمَالِيُّ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ وَابْنُ بِنْتِ السُّدِّيِّ ثِقَةٌ.

☆☆ ثابت ثمالی بیان کرتے ہیں: میں نے امام ابوجعفر (امام محمد باقر رحمۃ اللہ علیہ) سے یہ دریافت کیا: کیا حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے آپ کو یہ حدیث سنائی ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ایک' ایک مرتبہ اور دو' دو مرتبہ اور تین' تین مرتبہ وضو کیا ہے' تو امام ابوجعفر (یعنی امام باقر رحمۃ اللہ علیہ) نے جواب دیا: جی ہاں!

اس روایت کا راوی ثمالی مستند نہیں ہے اور اس روایت کا دوسرا راوی ابن بنت سدی ثقہ ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ثابت بن ابوصفیہ ابوحمزۃ کوفی ضعیف رافضی، یہ راویوں کے ''پانچویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ابوجعفر منصور کے عہد خلافت میں ہوا۔ ان کے مزید

۲۶۰- اخرجه الترمذي (۱/۶۵) كتاب الطهارة' باب: ما جاء في الوضوء مرة ومرتين وثلاثا' الحديث رقم (۴۵' ۴۶)' وابن ماجه (۱/۱۴۳) كتاب الطهارة' باب ما جاء في الوضوء مرة مرة' الحديث (۴۱۰) عن ثابت بن ابي صفية قال: قلت لابي جعفر - يعني: الباقر - حدثك جابر...... فذكر الحديث- قال الترمذي بعد الحديث الثاني: وهذا اصح من حديث شريك' لانه قد روي من غير وجه هذا عن ثابت نحو رواية وكيع' وشريك كثير الغلط' وثابت بن ابي صفية هو ابو حمزة الثمالي-

Marfat.com

حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۱۶)(۹)۔

•••——•••——•••

261- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهِ الَّذِىْ اُرِىَ النِّدَاءَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَوَضَّاَ فَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَيَدَيْهِ مَرَّتَيْنِ وَرِجْلَيْهِ مَرَّتَيْنِ كَذَا قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ وَاِنَّمَا هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَاصِمٍ الْمَازِنِىُّ وَلَيْسَ هُوَ الَّذِىْ اُرِىَ النِّدَاءَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن زید جہنی رضی اللہ عنہ جن کو خواب میں اذان دینے کا طریقہ دکھایا گیا تھا' وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا' آپ نے اپنے چہرۂ مبارک کو تین مرتبہ دھویا' دونوں بازوؤں کو دو مرتبہ دھویا اور دونوں پاؤں دو مرتبہ دھوئے۔

ابن عیینہ نے اسی طرح نقل کیا ہے' ویسے اس کے راوی حضرت عبداللہ بن زید المازنی رضی اللہ عنہ ہیں اور یہ وہ صحابی نہیں ہیں' جنہیں خواب میں اذان دینے کا طریقہ سکھایا گیا تھا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن حماد بن اسحاق بن اسماعیل بن حماد بن زید بن درہم ابواسحاق ازدی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 323ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۶/۶۱، ۶۲)(۲۰۹۳)۔

○ عمرو بن یحییٰ بن عمارۃ بن ابوحسن المازنی، مدنی، یہ راویوں کے ''چھٹے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 130ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۸۱)(۷۰۷)۔

○ یحییٰ بن عمارۃ بن ابوحسن انصاری مدنی، یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۵۴)(۱۳۸)۔

•••——•••——•••

۲۶۱- اخرجه الحميدي (۴۱۷)' واحمد (۴/۴۰)' والترمذي (۱/۶۶) كتاب الطهارة' باب: ما جاء فيمن يتوضا بعض وضوئه مرتين' وبعضه ثلاثاً' حديث (۴۷)' والنسائي (۱/۷۲) كتاب الطهارة' باب عدد مسح الراس' حديث (۹۹)- وفي الكبرى (۱/۸۱) كتاب الطهارة' باب الوضوء مرتين مرتين وثلاثاً' حديث (۸۶)' وابن خزيمة (۱/۸۰) برقم (۱۵۶)- كلهم من طريق سفيان بن عيينة بهذا الاسناد' قال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح-

Marfat.com

262- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ أَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ الَّذِي أُرِيَ النِّدَاءَ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَوَضَّأَ فَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَيَدَيْهِ مَرَّتَيْنِ وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ مَرَّتَيْنِ وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ مَرَّتَيْنِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن زید جہنی رضی اللہ عنہ جنہیں خواب میں اذان دینے کا طریقہ دکھایا گیا تھا' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' آپ نے وضو کیا تو آپ نے چہرۂ مبارک کو تین مرتبہ دھویا' دونوں بازو دو مرتبہ دھوئے اور دونوں پاؤں دو مرتبہ دھوئے اور اپنے سر کا دو مرتبہ مسح کیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن منصور بن داؤد طوسی نزیل بغداد ابوجعفر یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 256ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۱۰)(۷۳۵)۔

263- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ وَرِجْلَيْهِ مَرَّتَيْنِ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

''آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سر کا مسح کیا اور دونوں پاؤں دو مرتبہ دھوئے''۔

264- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ أَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بِهٖ. أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَيَدَيْهِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا اور دونوں بازوؤں کو دو' دو مرتبہ دھویا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن علی بن زید صائغ، ابوعبداللہ مکی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۳/۴۲۸)، (۲۱۲) الثقات (۹/۱۵۲)۔

○ سعید بن منصور بن شعبۃ ابوعثمان خراسانی نزیل مکۃ، یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 227ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:

Marfat.com

''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۰۶/۱) (۲۶۳)۔

•••———•••———•••

265- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ يَحْيٰى بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ بِالْمَدِيْنَةِ حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيٰى بْنِ عُمَارَةَ بْنِ اَبِىْ حَسَنٍ الْمَازِنِيِّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ عَمْرَو بْنَ اَبِىْ حَسَنٍ الْمَازِنِيَّ اَتٰى اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ وَّهُوَ ابْنُ عَاصِمٍ الْمَازِنِيُّ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ هَلْ تَسْتَطِيْعُ اَنْ تُرِيَنِىْ كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَتَوَضَّاُ قَالَ نَعَمْ فَدَعَا لَهُ بِتَوْرِ مَاءٍ فَاَكْفَاَ التَّوْرَ عَلٰى يَدِهِ الْيُمْنٰى فَغَسَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى ثَلَاثَ مَرَّاتٍ يُكْفِئُ التَّوْرَ عَلٰى يَدَيْهِ ثُمَّ يَغْسِلُ يَدَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ اَدْخَلَ يَدَيْهِ فِى التَّوْرِ فَغَرَفَ غُرْفَةً مِّنْ مَّاءٍ فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثُمَّ اسْتَنْثَرَ ثَلَاثَ غُرُفَاتٍ ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ غَسَلَ كُلَّ يَدٍ مَّرَّتَيْنِ اِلَى الْمِرْفَقِ ثُمَّ اَخَذَ مِنَ الْمَآءِ فَمَسَحَ بِرَاْسِهِ اَقْبَلَ بِهِمَا وَاَدْبَرَ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ۔

☆☆ عمرو بن یحییٰ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: عمرو بن ابوحسن مازنی' حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' یہ حضرت عبداللہ بن زید بن عاصم مازنی رضی اللہ عنہ ہیں' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں۔ عمرو بن ابوحسن نے گزارش کی: کیا آپ ہمیں یہ کر کے دکھا سکتے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح وضو کیا کرتے تھے؟ تو حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں! پھر حضرت عبداللہ نے پانی کا برتن منگوایا' انہوں نے اس برتن میں سے اپنے دائیں ہاتھ پر پانی انڈیلا اور دائیں ہاتھ کو تین مرتبہ دھویا' پھر انہوں نے برتن میں سے پانی اپنے دونوں ہاتھوں پر انڈیلا اور دونوں ہاتھوں کو تین مرتبہ دھویا' پھر انہوں نے اپنے دونوں ہاتھ برتن میں داخل کیے اور ایک چلو پانی لے کر اس کے ذریعے کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا' پھر

۲۶۵- واخرجہ مالک (۱۸/۱) کتاب الطہارۃ' باب: العمل في الوضوء' حدیث (۱)- عن عمرو بن یحیی المازني' عن ابیہ' انہ قال لعبد اللہ بن زید بن عاصم' وھو جد عمرو بن یحیی المازني وکان من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: (ھل تستطیع ان تریني کیف کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتوضا؟ فقال عبد اللہ بن زید بن عاصم -رضي اللہ عنہ-: نعم- فدعا بوضوء فافرغ علی یدہ' فغسل یدیہ مرتین مرتین ثم تمضمض' واستنثر ثلاثا ثم غسل وجھہ ثلاثا ثم غسل یدیہ مرتین مرتین الی المرفقین' ثم مسح راسہ بیدیہ فاقبل بھما وادبر' بدا بمقدم راسہ ثم ذھب بھما الی قفاہ' ثم ردھما حتی رجع الی المکان الذي بدا منہ' ثم غسل رجلیہ- ومن طریق مالک: اخرجہ البخاري (۲۸۷/۱-۲۸۸) کتاب الوضوء' باب مسح الراس کلہ' حدیث (۱۸۵) لکنہ قال- ان رجلا قال لعبد اللہ بن زید - واطراف حدیث البخاري (۱۸۶' ۱۹۱' ۱۹۲' ۱۹۷' ۱۹۹)' ومسلم (۱۲۲/۲-۱۲۴) کتاب الطہارۃ' باب: في وضوء النبي صلی اللہ علیہ وسلم' حدیث (۲۳۵/۱۸)' وابو داؤد (۲۹/۱-۳۰) کتاب الطہارۃ' باب صفۃ وضوء النبي صلی اللہ علیہ وسلم' حدیث (۱۱۸)-

والترمذي (۴۷/۱) کتاب الطہارۃ' باب: ما جاء في مسح الراس' حدیث (۳۲)- والنسائي (۷۱/۱) کتاب الطہارۃ' باب: حد الغسل' حدیث (۹۷' ۹۸)' وفي الکبری برقم (۱۰۳)- وابن ماجہ (۱۴۹/۱-۱۵۰) کتاب الطہارۃ' باب ما جاء في مسح الراس' حدیث (۴۳۴) وعبد الرزاق (۶/۱) کتاب الطہارۃ' باب: مسح الراس' حدیث (۵)' ومن طریق عبد الرزاق اخرجہ ابن خزیمۃ (۸۰/۱)' حدیث (۱۵۵) کلاھما مختصرا- ومن طریق مالک ایضا اخرجہ ابن حبان (۳۶۵/۲-۳۶۶) کتاب الطہارۃ' باب سنن الوضوء' حدیث (۱۰۸۴)- والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۳۰/۱) کتاب الطہارۃ' باب فرض مسح الراس في الوضوء- قال الترمذي: حدیث عبد اللہ ابن زید اصح شيء في الباب واحسن' وبہ یقول الشافعي واحمد اسحاق-

Marfat.com

انہوں نے تین مرتبہ چلّو میں پانی لے کر ناک صاف کیا' پھر انہوں نے اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' ہر ایک بازو کو کہنیوں تک دھویا' پھر کچھ پانی لے کر اس کے ذریعے سر کا مسح کیا' وہ اپنے ہاتھ آگے سے پیچھے کی طرف لے گئے' پھر پیچھے سے آگے کی طرف لائے' پھر انہوں نے دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھو لیے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن یعقوب بن عبد الوہاب بن یحیٰی بن عباد بن عبد اللہ بن زبیر بن عوام ابو عمر زبیری مدنی، یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 250ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۲۰، ۲۲۱)(۸۳۷)۔

○ محمد بن فلیح بن سلیمان الاسلمی اوخزاعی مدنی، : یہ راویوں کے ''نویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 197ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۰۱)(۶۲۹)۔

•••——•••——•••

266- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ اَنَّ حُمْرَانَ مَوْلٰى عُثْمَانَ اَخْبَرَهُ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ دَعَا يَوْمًا بِوَضُوْءٍ فَتَوَضَّاَ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَاسْتَنْثَرَ ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى اِلَى الْمِرْفَقِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُسْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ مَسَحَ بِرَاْسِهٖ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَهُ الْيُمْنٰى اِلَى الْكَعْبَيْنِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ غَسَلَ الْيُسْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَوَضَّاَ نَحْوَ وُضُوْئِيْ هٰذَا ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ تَوَضَّاَ نَحْوَ وُضُوْئِيْ هٰذَا ثُمَّ قَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ لَا يُحَدِّثُ فِيْهِمَا نَفْسَهُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ ۔ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَّكَانَ عُلَمَاؤُنَا يَقُوْلُوْنَ هٰذَا

۲۶۶-اخرجه النسائي (۱/۸۰) كتاب الطهارة' باب حد الغسل' والبيهقي في سننه (۱/۴۹) كتاب الطهارة' باب سنة التكرار في المضمضة والاستنشاق' وفي (۱/۶۸) كتاب الطهارة' باب التكرار في غسل الرجلين' وفي المعرفة (۱/۱۷۳)' وابن حبان في صحيحه (۳/۲۴۰) رقم (۱۰۵۸) من طرق عن عبد الله بن وهب بهذا الاسناد- واخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱/۴۴) رقم (۱۳۹) عن معمر' عن الزهري' به- ومن طريق عبد الرزاق: اخرجه احمد (۱/۵۹)' وابو داؤد (۱/۳۶) كتاب الطهارة' باب صفة وضوء النبي صلى الله عليه وسلم الحديث (۱۰۶)' والبيهقي (۱/۵۷-۵۸) كتاب الطهارة' باب المسح بالراس' واخرجه البخاري (۴/۶۶۲) كتاب الصوم' باب السواك الرطب واليابس للصائم الحديث (۱۹۳۴) والنسائي (۱/۶۴) في الطهارة' باب المضمضة والاستنشاق والبيهقي (۱/۵۶) كتاب الطهارة' باب التكرار في غسل اليمين والبغوي في شرح السنة (۱/۳۱۴) رقم (۲۲۱- بتحقيقنا) من طريق عبد الله عن معمر عن الزهري' به- وله طرق اخرى عن الزهري-

Marfat.com

اَلْوُضُوْءُ اَسْبَغُ مَا يَتَوَضَّأُ بِهٖ اَحَدٌ لِلصَّلَاةِ.

☆☆ حمران بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے ایک دن وضو کے لیے پانی منگوایا' پھر انہوں نے وضو کیا' دونوں ہاتھ تین مرتبہ دھوئے' پھر کلی کی' پھر ناک میں پانی ڈالا' پھر اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' پھر اپنے دائیں بازو کو کہنی تک تین مرتبہ دھویا اور پھر بائیں بازو کو بھی اسی طرح دھویا' پھر انہوں نے سر کا مسح کیا' پھر انہوں نے اپنے دائیں پاؤں کو ٹخنوں تک تین مرتبہ دھویا اور پھر بائیں پاؤں کو بھی اس طرح دھویا' اور یہ بات بیان کی: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' آپ نے اسی طرح وضو کیا جس طرح میں نے وضو کیا ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا:

''جو شخص میرے اس وضو کی طرح وضو کرے اور پھر اُٹھ کر دو نفل ادا کرے' جن میں وہ اپنے خیالوں میں گم نہ رہے تو اللہ تعالیٰ اس کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کر دے گا''۔

ابن شہاب زہری بیان کرتے ہیں: ہمارے علماء نے یہ بات بیان کی ہے: نماز کے لیے اچھی طرح وضو کرنے کا یہی طریقہ ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عطاء بن یزید لیثی مدنی نزیل الشام، یہ ثقہ ہیں۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 107ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۳)(۲۰۳)۔

○ حمران ابن ابان' یہ حضرت عثمان بن عفان کے غلام ہیں: یہ راویوں کے ''دوسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 75ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۹۸)(۵۵۹)۔

•••———•••———•••

267- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَقِيْلٍ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا تَوَضَّاَ اَدَارَ الْمَاءَ عَلٰى مِرْفَقَيْهِ .اِبْنُ عَقِيْلٍ لَيْسَ بِقَوِيٍّ.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تھے تو آپ اپنی کہنیوں تک پانی بہایا کرتے تھے۔

۲۶۷- اخرجه البيهقي في الكبرٰى (۱/۵٦) كتاب الطهارة: باب ادخال المرفقين في الوضوء من طريق الدارقطني به- ورواه ايضا عن عمر بن احمد العبدوي: ثنا ابو احمد الحافظ نا ابو القاسم عبد الله بن محمد بن عبد العزيز البغوي ببغداد: وحدثني سويد- يعني: ابن سعيد ثنا القاسم بن محمد العقيلي: به بلفظ (كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا توضا ادار الماء على مرفقيه)-

Marfat.com

اس روایت کا راوی ابن عقیل مستند نہیں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن اسحاق بن بہلول بن حسان بن سنان ابوجعفر تنوخی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 317ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۱،۳۰/۴)(۱۶۳۵)۔

○ قاسم بن محمد بن عبداللہ بن محمد بن عقیل ہاشمی طالبی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: (المیزان) (۴۶۰،۴۵۹/۵)(۶۸۴۴)۔

○ عبداللہ بن محمد بن عقیل بن ابوطالب ہاشمی، ابومحمد مدنی، یہ ''چوتھے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 140ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۴۷/۱)(۶۰۷)۔

268- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ رَافِعٍ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِىْ رَافِعٍ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا تَوَضَّاَ حَرَّكَ خَاتَمَهُ .

مَعْمَرٌ وَّاَبُوْهُ ضَعِيْفَانِ وَلَايَصِحُّ هٰذَا.

☆☆ عبیداللہ نامی راوی نے حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تھے تو آپ (ہاتھ دھوتے ہوئے) اپنی انگوٹھی کو حرکت دیتے تھے۔

اس روایت کا راوی معمر اور اس کا والد دونوں ضعیف ہیں اور یہ روایت مستند نہیں ہے۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت اسلم رضی اللہ عنہ (ابورافع مولیٰ رسول اللہ)

آپ کی کنیت ابورافع ہے اور آپ اسی کے حوالے سے زیادہ مشہور ہیں۔ ان کے نام کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ بعض حضرات نے ان کا نام ''اسلم'' بیان کیا ہے جبکہ بعض مؤرخین نے ان کا نام ''ہرمز'' بیان کیا ہے جبکہ بعض لوگوں نے

۲۶۸- اخرجه ابن ماجه (۱۵۳/۱) كتاب الطهارة و سننها' باب تخليل الاصابع' الحديث (۴۴۹)' والبيهقي في الكبرٰى (۵۷/۱) كتاب الطهارة' باب تحريك الخاتم في الاصبع عند غسل اليدين- قال البوصيري في الزوائد (۱۸۱/۱): (هذا اسناد ضعيف' لضعف معمر وابيه محمد بن عبيد الله)- اه-

Marfat.com

ان کا نام ''ابراہیم'' بیان کیا ہے۔

یہ ایک قبطی غلام تھے اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی ملکیت تھے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دے دیئے۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی یہ سعید بن العاص کے غلام تھے۔

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کو غزوۂ اُحد' غزوۂ خندق اور ان کے بعد پیش آنے والے تمام غزوات میں شرکت کا شرف حاصل ہے۔ البتہ انہیں غزوۂ بدر میں شرکت کا شرف حاصل نہیں ہے کیونکہ یہ اس وقت مکہ مکرمہ میں تھے۔

ان کے انتقال کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ بعض حضرات کے بیان کے مطابق ان کا انتقال حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت سے پہلے ہوا تھا اور بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے' ان کا انتقال حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ہوا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبد الملک بن محمد بن عبد اللہ بن محمد بن عبد الملک رقاشی ابوقلابہ بصری: یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 276ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۲۲/۱) رقم (۱۳۴۴)۔

○ معمر بن محمد بن عبید اللہ بن ابورافع ہاشمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) مدنی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''منکر الحدیث'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۶۷/۲) رقم (۱۲۹۲)۔

○ محمد بن عبید اللہ ابن ابورافع ہاشمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) کوفی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۸۷/۲)(۴۹۱)۔

•••———•••———•••

269- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَمِّي حَدَّثَنَا اَبِي عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْمَرٍ التَّيْمِيِّ عَنْ حُمْرَانَ مَوْلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ اَنَّهُ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ قَالَ هَلُمُّوا اَتَوَضَّأُ لَكُمْ وُضُوْءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ حَتّٰى مَسَّ اَطْرَافَ الْعَضُدَيْنِ ثُمَّ مَسَحَ بِرَاْسِهِ

طبقات ابن سعد (73/4) طبقات خليفة (ص 8) مسند الامام احمد (9/6) التاريخ الكبير (23/2) الجرح والتعديل (149/2) معجم الصحابة للبغوى (ق1/13) الثقات لابن حبان (16/3) المعجم الكبير للطبرانى (286/1) المستدرك للحاكم (597/3) معرفة الصحابة لابى نعيم (147/2) الاستيعاب (83/1) اسد الغابة (52/1' 93' 106/5) سير اعلام النبلاء (16/2) تجريد اسماء الصحابة (164/2) الكاشف (294/3) الاصابة (12/1' 37' 65) التهذيب (92/12) التقريب (ص639) بقى بن مخلد و مقدمة مسنده (84)

۲۶۹ اخرجه احمد (۶۸/۱): حدثنا يعقوب' قال: حدثنا ابي عن ابن اسحاق فذكره بهذا الاسناد - وانظر تخريج الحديث (۲۶۶)-

Marfat.com

ثُمَّ اَمَرَّ يَدَيْهِ عَلٰى اُذُنَيْهِ وَلِحْيَتِهِ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ .

✩✩ حمران بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو سنا' حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ لوگ آگے آئیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے کے مطابق وضو کر کے آپ لوگوں کو دکھاؤں' پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے چہرے کو دھویا' بازوؤں کو کہنیوں تک دھویا' یہاں تک کہ انہوں نے اپنے کندھوں کے کناروں تک کو چھولیا' پھر انہوں نے اپنے سر کا مسح کیا' اور دونوں ہاتھ کانوں اور داڑھی پر سے گزارے اور پھر دونوں پاؤں کو دھولیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن ابراہیم بن حارث بن خالد تیمی ابوعبداللہ مدنی، یہ ''چوتھے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 120ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۴۰/۲)(۴)۔

○ معاذ بن عبدالرحمٰن بن عثمان بن عبیداللہ بن عثمان تیمی یہ حضرت طلحہ کی اولاد سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۵۶/۲)(۱۲۰۴)۔

28- بَابُ مَا رُوِیَ فِی الْحَثِّ عَلَی الْمَضْمَضَةِ وَالاِسْتِنْشَاقِ وَالْبُدَاءَ ةِ بِهِمَا اَوَّلَ الْوُضُوْءِ

باب: کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کی ترغیب' وضو کا آغاز ان دونوں سے کیا جائے

270- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مِهْرَانَ حَدَّثَنَا عِصَامُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ الْمَضْمَضَةُ وَالاِسْتِنْشَاقُ مِنَ الْوُضُوْءِ الَّذِیْ لاَ بُدَّ مِنْهُ.

۲۷۰- اخرجه ابن الجوزي في العلل المتناهية (۳۳۷/۱) رقم (۵۵۴) بسنده الى الدارقطني بهذا الاسناد' ورواه ايضا البيهقي في الكبرٰى (۵۲/۱) من طريق ابن عدي عن ابي بكر بن ابي داؤد بهذا الاسناد- وقال البيهقي: ورواه اسماعيل بن بشر البلخي عن عصام نحوه الا انه قال: (من الوضوء الذي لا تتم الصلوة الا به)- اه- وقد نقل ابن الجوزي في (العلل) عبارة المصنف: (تفرد به سليمان ابن موسى) ثم قال: (اما سليمان: فقال البخاري: عنده مناكير- وقال علي بن المديني: سليمان مطعون- عليه واما عصام: فكالمجهول)- اه- والحديث ذكره الذهبي في الميزان (۲۱۸/۲) في ترجمة سليمان بن موسى' وقال: (كان سليمان فقيه اهل الشام في وقته قبل الاوزاعي' وهذه الغرائب التي تستنكر له يجوز ان يكون حفظها)- اه- وقد رواه المصنف رقم (۲۷۲) مرسلاً' ورجح المرسل' وقد نقل هذا كله البيهقي عنه (۵۲/۱)' وسياتي حديث آخر بهذا الاسناد رقم (۳۳۱)-

Marfat.com

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا وضو کا ایک ایسا حصہ ہے جو ضروری ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن سلیمان اشعث ابوبکر بجستانی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 316ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۳/۲۲۱-۲۳۷)، ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۹/۴۶۴-۴۶۸)۔

○ عصام بن یوسف بلخی یہ ابراہیم بن یوسف کے بھائی ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 210ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۵/۸۶)(۵۶۳۴)۔

○ سلیمان بن موسیٰ اموی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) دمشقی الاشدق، یہ راویوں کے ''پانچویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۳۱)(۵۰۱)۔

توضیح مسئلہ:

کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کے حکم کے بارے میں فقہاء کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے مشہور محدث اور فقیہہ شیخ ابن عبدالبر اندلسی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

والمضمضة معروفة وليس ادخال الاصبع ودلك الاسنان بها من المضمضة فمن شاء فعل ومن شاء لم يفعل

وحسب المتمضمض اخذ الماء من اليد بفيه وتحريكه متمضمضا به وطرحه عنه فان فعل ذلك ثلاثا فقد بلغ غاية الكمال

واما الاستنثار فهو دفع الماء من الانف والاستنشاق اخذه بريح الانف

وهما كلمتان مرويتان في الآثار المرفوعة وغيرها متداخلتان في المعنى واهل العلم يعبرون بالواحدة عن الاخرى

فاما اختلاف العلماء في حكمهما فان مالكا والشافعي واصحابهما يقولون المضمضة والاستنثار سنة لا فريضة لا في الوضوء ولا في الجنابة

وهذا قول الاوزاعي والليث بن سعد

وبه قال محمد بن جرير طبري

Marfat.com

وروى ذلك عن الحسن البصرى وبن شهاب والحكم بن عتيبة ويحيى بن سعيد وقتادة

فمن توضا ولم يات بهما ولا عملهما فى وضوئه وصلى فلا اعادة عليه عند واحد من هؤلاء العلماء

وحجة من لم يوجبهما ان الله لم يذكرهما فى كتابه ولا اوجبهما رسوله ولا اتفق الجميع على ايجابهما والفرائض لا تثبت الا من هذه الوجوه

وقال ابوحنيفة واصحابه والثورى هما فرض فى الجنابة وسنة فى الوضوء فان تركهما فى غسله من الجنابة وصلى اعاد كمن ترك لمعة ومن تركهما فى وضوئه فلا شى عليه

والحجة لهم قوله -عليه السلام ﴿تحت كل شعرة جنابة فبلوا الشعر وانقوا البشر﴾ وفى الانف ما فيه من الشعر وانه لا يوصل الى غسل الاسنان والشفتين الا بالمضمضة

وقد قال عليه السلام ﴿العينان تزنيان والفرج يزنى﴾ ونحو ذلك الى اشياء نزعوا بها تركت ذكرها

وقال بن ابى ليلى وحماد بن ابى سليمان هما فرض فى الغسل والوضوء جميعا وهو قول اسحاق بن راهويه

وروى عن عطاء والزهرى مثل ذلك ايضا وروى عنهما مثل قول مالك والشافعى

وكذلك اختلف اصحاب داود فمنهم من قال هما فرض فى الغسل والوضوء جميعا ومنهم من قال ان المضمضة سنة والاستنشاق فرض

وكذلك اختلف عن احمد بن حنبل على هذين القولين المذكورين عن داؤد واصحابه

ولم يختلف قول ابى ثور وابى عبيد ان المضمضة سنة والاستنشاق واجب قالا من ترك الاستنشاق وصلى اعاد ومن ترك المضمضة لم يعد

وكذلك القول عند احمد بن حنبل فى رواية وعند اصحاب داؤد ايضا مثله

واحتج من اوجبهما فى الوضوء وفى غسل الجنابة ان الله تعالى قال ﴿ولا جنبا الا عابرى سبيل حتى تغتسلوا﴾ النساء 43

كما قال فى الوضوء ﴿فاغسلوا وجوهكم﴾ المائدة 6

فما وجب فى الواحد من الغسل وجب فى الآخر

ولم يحفظ احد عن النبى صلى الله عليه وسلم انه ترك المضمضة والاستنشاق فى وضوئه ولا غسله للجنابة وهو المبين عن الله عز وجل مراده

وقد بين ان مراد الله بقوله ﴿فاغسلوا وجوهكم﴾ المضمضة والاستنشاق مع غسل سائر الوجه

وحجة من فرق بين المضمضة والاستنشاق ان النبى -عليه السلام -فعل المضمضة ولم يامر بها

Marfat.com

وافعاله مندوب اليها ليست بواجبة الا بدليل

وفعل عليه السلام الاستنثار وامر به وامره على الوجوب الا ان يستبين غير ذلك من مراده

وهذا على اصلهم في ذلك ولكل واحد منهم اعتلالات وترجيحات يطول ذكرها[1]

کلّی کرنا ایک معروف عمل ہے' اس میں انگلیاں منہ میں داخل کرنا' انگلی کے ذریعے دانتوں کو صاف کرنا' کلّی کرنے کا حصہ شمار نہیں ہوگا' جو چاہے وہ ایسا کر سکتا ہے اور جو چاہے وہ ایسا نہ کرے۔

کلّی کرنے والے کے لیے اتنا ہی کافی ہے' وہ ہاتھ کے ذریعے منہ میں پانی ڈالے' پانی کو حرکت دیتے ہوئے اس کے ساتھ کلّی کرے اور پھر باہر نکال دے' اگر وہ تین مرتبہ ایسا کرے تو اس نے اس عمل کو مکمل طور پر سرانجام دے دیا۔

لفظ''استنثار'' کا مطلب ناک سے پانی باہر نکالنا ہے اور لفظ''استنشاق'' کا مطلب ناک کی ہوا کے ذریعے پانی حاصل کرنا ہے' ان دونوں کا ذکر''مرفوع'' روایات میں ہوا ہے اور''مرفوع'' کے علاوہ دیگر روایات میں بھی ہوا ہے۔ ان دونوں کا مفہوم ایک دوسرے سے قریب ہے۔ عام طور پر اہلِ علم ان میں سے کوئی ایک لفظ بول کر دوسرے لفظ کا مفہوم مراد لیتے ہیں۔

جہاں تک ان دونوں کے حکم کا تعلق ہے تو اس بارے میں علماء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور ان دونوں حضرات کے اصحاب یہ کہتے ہیں: کلّی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا سنت ہے' فرض نہیں ہے' نہ تو یہ وضو میں فرض ہے اور نہ ہی یہ غسلِ جنابت میں فرض ہے۔

امام اوزاعی' امام لیث بن سعد بھی اسی بات کے قائل ہیں اور شیخ محمد بن جریر طبری نے اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔

یہی بات حسن بصری' ابن شہاب زہری' حکم بن عتیبہ' یحییٰ بن سعید اور قتادہ کے حوالے سے نقل کی گئی ہے۔ جو شخص وضو کرتے ہوئے ان دونوں کو سرانجام نہیں دیتا (یعنی کلّی بھی نہیں کرتا اور ناک میں پانی بھی نہیں ڈالتا) اور وضو کر کے نماز ادا کرتا ہے تو ان تمام علماء میں سے کسی ایک کے نزدیک بھی اس شخص پر دوبارہ نماز پڑھنا لازم نہیں ہوگا۔

جن حضرات نے ان دونوں کو واجب قرار نہیں دیا' ان کی دلیل یہ ہے: اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ان دونوں کا ذکر نہیں کیا ہے' اللہ کے رسول نے ان دونوں کو واجب قرار نہیں دیا ہے اور سب لوگوں کا ان کے واجب ہونے پر اتفاق بھی نہیں ہے تو کسی بھی چیز کی فرضیت تو انہی صورتوں میں ثابت ہو سکتی ہے (اور وہ یہاں نہیں پائی جاتی ہیں)۔

امام ابوحنیفہ' اُن کے اصحاب اور سفیان ثوری فرماتے ہیں: یہ دونوں (یعنی کلّی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا) غسلِ جنابت میں فرض ہیں اور وضو میں سنت ہیں' اگر کوئی شخص غسلِ جنابت میں ان دونوں کو ترک کر دیتا ہے اور پھر بعد میں نماز ادا کر لیتا ہے تو اب اس پر اس نماز کو دہرانا لازم ہوگا' یہ بالکل اسی طرح ہوگا جیسے اس نے کوئی فرض ترک کر دیا لیکن اگر کوئی شخص وضو میں ان دونوں کو ترک کر دیتا ہے تو اب اس پر کوئی چیز لازم نہیں ہوگی۔

[1] الاستذكار في معرفة مذاهب علماء الامصار 124/1

Marfat.com

ان حضرات کی دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

''ہر بال کے نیچے جنابت ہوتی ہے تو تم بالوں کو تر کرلو اور کھال کو صاف کرلو''۔

اور کیونکہ ناک میں بال موجود ہوتے ہیں (اس لیے غسلِ جنابت میں ناک کو دھونا فرض ہوگا) اسی طرح دانتوں اور ہونٹوں تک پانی اسی صورت پہنچایا جاسکتا ہے جب کلّی کی جائے (تو اس سے ثابت یہ ہوا کہ غسلِ جنابت کے دوران کلّی کرنا بھی فرض ہے)۔

نبی اکرم ﷺ نے یہ بات پھر ارشاد فرمائی ہے:

''دونوں آنکھیں زنا کا ارتکاب کرتی ہیں اور شرم گاہ بھی زنا کا ارتکاب کرتی ہے''۔

اور اس کی مانند اور چیزوں کا بھی ذکر ہے جن کا تذکرہ میں نے ترک کردیا ہے۔

شیخ ابن ابی لیلیٰ اور شیخ حماد بن ابوسلیمان فرماتے ہیں: یہ دونوں عمل یعنی (کلّی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا) غسل میں بھی فرض ہیں اور وضو میں بھی فرض ہیں۔

شیخ اسحٰق بن راہویہ اسی بات کے قائل ہیں۔

اسی طرح کی روایت عطاء اور زہری سے نقل کی گئی ہے البتہ ان دونوں حضرات کے حوالے سے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی رائے کی مانند بھی قول نقل کیا گیا ہے۔

اسی طرح داؤد ظاہری کے شاگردوں نے اس بارے میں اختلاف کیا ہے ان میں سے بعض حضرات نے یہ کہا ہے: یہ دونوں غسل اور وضو دونوں میں فرض ہیں۔ اور بعض حضرات نے یہ کہا ہے: کلّی کرنا سنت ہے اور ناک میں پانی ڈالنا فرض ہے۔

اسی طرح امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے اسی طرح کے دو قول منقول ہیں جن کا ذکر داؤد اور ان کے شاگردوں کے حوالے سے کیا گیا ہے۔

اس بارے میں شیخ ابوثور اور شیخ ابوعبید کے قول میں کوئی اختلاف نہیں ہے وہ یہ کہتے ہیں: کلّی کرنا سنت ہے اور ناک میں پانی ڈالنا واجب ہے۔

یہ دونوں حضرات یہ کہتے ہیں: جو شخص ناک میں پانی نہیں ڈالے گا اور اس کے بغیر ہی نماز ادا کرے گا تو وہ اس نماز کو دوبارہ دہرائے گا البتہ جو شخص کلّی نہیں کرتا تو اس پر نماز کو دہرانا لازم نہیں ہوگا۔

ایک روایت کے مطابق امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ بھی اس بات کے قائل ہیں اور داؤد ظاہری کے شاگرد بھی اسی مؤقف کے قائل ہیں جن حضرات نے ان دونوں کو وضو میں اور غسلِ جنابت میں واجب قرار دیا ہے ان کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

''اور نہ ہی جنبی شخص البتہ اگر وہ راستہ عبور کرنے کے طور پر (گزرے تو حکم مختلف ہوگا) جب تک تم لوگ غسل نہ کرلو''۔

Marfat.com

یہ اسی طرح ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے وضو کے بارے میں یہ ارشاد فرمایا ہے: ''اور تم اپنے چہروں کو دھولو''۔
تو ایک میں جس کو دھونا واجب ہوگا تو دوسرے میں بھی اسے دھونا واجب ہوگا۔
نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے ایسی کوئی روایت منقول نہیں ہے۔

جس میں اس بات کا تذکرہ ہو کہ نبی اکرم ﷺ نے وضو کے دوران یا غسلِ جنابت کے دوران کبھی کلی کرنے یا ناک میں پانی ڈالنے کو ترک کیا ہو اور نبی اکرم ﷺ اللہ تعالیٰ کی مراد کو زیادہ واضح کرنے والے تھے اور آپ ﷺ نے یہ بات واضح کی ہے' اللہ تعالیٰ کے اس فرمان ''تم اپنے چہروں کو دھولو'' میں اللہ تعالیٰ کی مراد کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا ہے' جو پورے چہرے کو دھونے کے ساتھ شامل ہے۔

جن حضرات نے کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کے حکم میں فرق کیا ہے' وہ یہ کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے کلی کرنے کا عمل سرانجام دیا ہے' لیکن آپ ﷺ نے اس کا حکم نہیں دیا اور آپ ﷺ کے افعال پر عمل کرنا مستحب ہوتا ہے' انہیں واجب قرار نہیں دیا جاتا' البتہ اگر کوئی دوسری دلیل موجود ہو (تو انہیں واجب قرار دیا جا سکتا ہے)۔

جبکہ ناک میں پانی ڈالنے کا عمل نبی اکرم ﷺ نے خود بھی سرانجام دیا ہے اور اس کا حکم بھی دیا ہے اور نبی اکرم ﷺ کا حکم وجوب کو ثابت کرتا ہے' ماسوائے ایسی صورت کے' جب کسی دوسرے قرینے کے ذریعے یہ بات واضح ہو جائے' یہاں امر کے ذریعے وجوب ثابت نہیں ہو رہا۔ یہ اس بارے میں ان حضرات کا بنیادی اصول تھا' ان میں سے ہر ایک نے اپنے مؤقف کی کوئی علت بیان کی ہے اور کوئی وجہ ترجیح ذکر کی ہے' جس کا ذکر طوالت کا باعث ہوگا۔

•••———•••———•••

271- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ وَّمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُقْرِءُ النَّقَّاشُ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمِ بْنِ يُوسُفَ التِّرْمِذِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ بِشْرٍ الْبَلْخِيُّ حَدَّثَنَا عِصَامُ بْنُ يُوسُفَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ مِنَ الْوُضُوْءِ الَّذِي لَا يَتِمُّ الْوُضُوْءُ اِلَّا بِهِمَا .

تَفَرَّدَ بِهِ عِصَامٌ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ وَوَهِمَ فِيهِ وَالصَّوَابُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسٰى مُرْسَلًا عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ تَوَضَّاَ فَلْيَتَمَضْمَضْ وَلْيَسْتَنْشِقْ . وَاَحْسَبُ عِصَامًا حَدَّثَ بِهِ مِنْ حِفْظِهِ فَاخْتَلَطَ عَلَيْهِ وَاشْتَبَهَ بِاِسْنَادِ حَدِيثِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسٰى عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ نُكِحَتْ بِغَيْرِ اِذْنِ وَلِيِّهَا فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ . وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:
''یہ وضو کا ایک ایسا حصہ ہے' جس کے بغیر وضو مکمل نہیں ہوتا''۔

اس روایت کو نقل کرنے میں عصام نامی راوی منفرد ہیں اور انہیں اس بارے میں وہم ہوا ہے۔ صحیح روایت وہ ہے' جسے ابن جریج نامی راوی نے سلیمان بن موسیٰ کے حوالے سے ''مرسل'' حدیث کے طور پر نقل کیا ہے' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات

Marfat.com

ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص وضو کرے اسے کلی کرنی چاہیے اور ناک میں پانی ڈالنا چاہیے''۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: میرا یہ خیال ہے' عصام نامی راوی نے اس حدیث کو اپنے حافظے کے حوالے سے بیان کیا اور یہ بات ان پر مختلط ہوگئی' اور ان پر اس روایت کی سند مشتبہ ہوگئی جو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے طور پر منقول ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جس عورت کا نکاح اس کے ولی کی اجازت کے بغیر کیا گیا ہو' تو اس کا نکاح باطل ہوگا''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن حسین بن محمد بن حاتم: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۱۱۹/۶) (۷۴۳۰)۔

•••——•••——•••

272- وَأَمَّا حَدِيثُ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى فِي الْمَضْمَضَةِ وَالاِسْتِنْشَاقِ فَحَدَّثَنَا بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى قَالَ

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ تَوَضَّأَ فَلْيُمَضْمِضْ وَلْيَسْتَنْشِقْ .

☆☆ جہاں تک ابن جریج کی سلیمان بن موسیٰ کے حوالے سے نقل کردہ روایت کا تعلق ہے' جو کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کے بارے میں ہے' تو وہ یہ ہے:

ابن جریج بیان کرتے ہیں: سلیمان بن موسیٰ نے یہ بات بیان کی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص وضو کرے' اسے کلی کرنی چاہیے اور ناک میں پانی ڈالنا چاہیے''۔

273- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى قَالَ

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ تَوَضَّأَ فَلْيُمَضْمِضْ وَلْيَسْتَنْشِقْ

☆☆ سلیمان بن موسیٰ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص وضو کرے اسے کلی کرنی چاہیے اور ناک میں پانی ڈالنا چاہیے''۔

274- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ الْمُؤَذِّنُ حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى قَالَ

۲۷۳- هذا المرسل هو الصواب، كما رجحه المصنف في الذي قبله- وانظر: تخريج الحديث (۲۷۰)-

Marfat.com

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ تَوَضَّأَ فَلْيُمَضْمِضْ وَلْيَسْتَنْشِقْ .

☆☆ سلیمان بن موسیٰ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جو شخص وضو کرے اسے کلی کرنی چاہیے اور ناک میں پانی ڈالنا چاہیے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جعفر بن احمد بن محمد بن یحییٰ بن عبد الرحمٰن ابو محمد قاری موذن: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 329ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲۲۲/۷) (۳۷۰۲)۔

○ سری بن یحییٰ بن ایاس بن حرملۃ، ابوہیثم شیبانی بصری، امام احمد نے انہیں ثقہ قرار دیا ہے جبکہ ابوالفتح ازدی کا یہ کہنا ہے: ان کی نقل کردہ روایات ''منکر'' ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۱۷۵/۳)

275- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ اَنْبَاَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسَى الشَّامِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ سَوَاءً.

☆☆ سلیمان بن موسیٰ شامی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے' اس کے بعد حسبِ سابق حدیث ہے۔

276- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ طَاهِرٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَفْصٍ بِبَلْخٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْاَزْهَرِ الْجَوْزَجَانِيُّ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى السِّينَانِيُّ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ تَوَضَّأَ فَلْيُمَضْمِضْ وَلْيَسْتَنْشِقْ .

مُحَمَّدُ بْنُ الْاَزْهَرِ هٰذَا ضَعِيْفٌ وَّهٰذَا خَطَأٌ وَّالَّذِيْ قَبْلَهُ الْمُرْسَلُ اَصَحُّ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص وضو کرے اسے کلی کرنا چاہیے اور ناک میں پانی ڈالنا چاہیے۔

اس روایت کا راوی محمد بن ازہر ضعیف ہے اور یہ روایت غلط ہے' اس سے پہلے جو ''مرسل'' روایت نقل کی گئی تھی' وہ زیادہ مستند ہے۔ باقی اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

۲۷۶- قال الحافظ في التلخيص (۱۶۱/۱): (فيه محمد بن الازهر' وقد كذبه احمد)- اه- وسياتي ايضا عند المصنف بهذا الاسناد رقم (۲۲۵)' وانظر تخريج الحديث (۲۷۰)-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن فضل بن طاہر بن نصر بن محمد ابوحسن بلخی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 323ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۲/۴۷)(۶۴۲۱)۔

○ حماد بن محمد بلخی: خطیب بغدادی نے ان کا ذکر کرتے ہوئے ان کے بارے میں کوئی جرح وتعدیل نقل نہیں کی ہے۔

○ محمد بن ازہر جوزجانی: امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے روایات نقل کرنے سے منع کیا ہے۔ اور اس کی وجہ یہ بیان کی ہے: یہ ''کذاب'' راویوں سے نقل کرتا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۶/۵۵، ۵۶) (۷۲۰۰)۔

○ فضل بن موسیٰ سینانی ابوعبداللہ مروزی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 192ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۱۱)(۵۴)۔

•••———•••———•••

277- حَدَّثَنَا أَبُو سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ غُصْنٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْمَضْمَضَةُ وَالِاسْتِنْشَاقُ سُنَّةٌ .

إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ ضَعِيفٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: (وضو کے دوران) کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا سنت ہے۔

اس روایت کا راوی اسماعیل بن مسلم ''ضعیف'' ہے۔

۲۷۷- اخرجه المصنف رقم (۳٤۱) بهذا الاسناد وزاد فيه: (والاذنان من الراس) ثم قال عقبة: (اسماعيل بن مسلم ضعيف والقاسم بن غصن مثله)- ورواه الخطيب في تاريخه (٦/ ۳۸٤) من طريق سويد بن سعيد به بهذا الاسناد مقتصرًا على قوله: (الاذنان من الراس) وضعفه الحافظ في التلخيص (۱/ ۱۳۳) ونقله عنه الشوكاني في نيل الاوطار (۱/ ۱٦٦)-

والحديث ذكره الزيلعي في نصب الراية (۱/ ۷۷) ووقع في طبعة المجلس العلمي: (القاسم ابن عصر) واشار المحقق في الهامش ان في نسخة (ابن غصن) قلت: والذي اشار اليه في الهامش هو الصواب- والله اعلم- وسياتي الكلام على هذا الحديث ايضاً في رقم (۳٤۱)-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ قاسم بن غصن، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۵/۴۵۷) (۶۸۳۵)۔

○ اسماعیل بن مسلم مکی ابواسحاق، یہ راویوں کے ''پانچویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۱/۷۴) (۵۵۲)۔

•••——•••——•••

۳۳۳-اشار الیه البیهقی فی الخلافیات (۳٦۹/۱)' وفی اسناده عبد الوهاب بن عطاء الخفاف' قال الحافظ فی التقریب (۵۲۸/۱): صدوق ربما اخطا' انکروا علیه حدیثا فی فضل العباس' یقال: (دلسه عن ثور)- اه- وهذا الحدیث المرسل رواه وکیع وسفیان وعبد الرزاق وصلة بن سلیمان عبد الوهاب- وکلها تقدمت- ورواه ابو عبید فی الطهور رقم (۳٦۰): ثنا حجاج عن ابن جریج عن سلیمان بن موسی ...... رفعه- ورواه ابن جریر الطبری فی التفسیر (۴۵۹/۴) رقم (۱۱۳۸۵): حدثنا ابو الولید الدمشقی' قال: حدثنا الولید بن مسلم' قال: اخبرنی ابن جریج وغیره عن سلیمان بن موسی: ان النبی صلی الله علیه وسلم قال: (الاذنان من الراس)-

۳۳٤-اخرجه البیهقی فی الخلافیات (۱/۳۷۲-۳۷۳) رقم (۱۷۴)' وابن الجوزی فی التحقیق رقم (۱۵٤) کلاهما من طریق الدارقطنی به- وسیاتی حدیث عطاء عن ابی هریرة رقم (۳۴۲)' وحدیث البختری عن ابیه عن ابی هریرة رقم (۳۴۹)- اما الحدیث من هذا الطریق فضعیف جدا: فیه (علی بن عاصم): قال الحافظ فی التقریب (۳۹/۲): (صدوق یخطیء ویصر' ورمی بالتشیع)- اه- وانظر ترجمته فی میزان الاعتدال (۱٦۵/۵) رقم (۵۸۷۹)' والحدیث اعله الدارقطنی بالارسال' واجاب عنه ابن الجوزی فی التحقیق (۹۵/۱) رقم (۱۵٤)' بما اجاب علیه فی حدیث ابن عباس المتقدم (۳۲٦)-

Marfat.com

335- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ طَاهِرٍ الْبَلْخِيُّ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَفْصٍ بِبَلْخٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْاَزْهَرِ الْجَوْزَجَانِيُّ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى السِّينَانِيُّ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسَى عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ تَوَضَّاَ فَلْيُمَضْمِضْ وَلْيَسْتَنْشِقْ وَالْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ . كَذَا قَالَ وَالْمُرْسَلُ اَصَحُّ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے: جو شخص وضو کرے اسے کلی کرنی چاہیے اور ناک میں پانی ڈالنا چاہیے اور دونوں کان سر کا حصہ ہیں' (یعنی ان پر بھی مسح کیا جائے گا۔)

اس کو راوی نے اسی طرح نقل کیا ہے تاہم اس کا ''مرسل'' ہونا زیادہ مستند ہے۔

336- وَرُوِيَ عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ عَنْ عَطَاءٍ وَّاخْتُلِفَ عَنْهُ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بَكْرٍ اَبُوْ سَعِيْدٍ بِبَالِسٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ الْقُرْقُسَانِيُّ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا تَوَضَّاَ اَحَدُكُمْ فَلْيُمَضْمِضْ وَلْيَسْتَنْشِقْ وَالْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
جب کوئی شخص وضو کرے تو اسے کلی کرنی چاہیے اور ناک میں پانی ڈالنا چاہیے اور دونوں کان سر کا حصہ ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن بکر بالسی (اور ایک قول کے مطابق:) ابن بکرویہ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۱/۲۱۹) (۳۰۸)۔

۳۳۵ اخرجه البيهقي في الخلافيات (۱/۴۳۵) رقم (۲۴۳)، وابن الجوزي في التحقيق (۱/۹۶) رقم (۱۵۵) من طريق الدارقطني عن علي بن الفضل به، قال الزيلعي في نصب الراية (۱/۲۰): (في سنده محمد بن الازهر، كذبه احمد بن حنبل، وضعفه الدارقطني)- اه- وكذا ضعفه الحافظ في التلخيص (۱/۱۶۱)- والحديث اخرجه البيهقي في الخلافيات (۱/۴۳۴) رقم (۲۴۱): اخبرنا ابو جعفر العزائمي، اخبرني احمد بن ابراهيم الحوري، ثنا ابو اسحاق ابراهيم بن اسحاق المروزي، حدثنا اسماعيل بن بشر البلخي، ثنا عصام بن يوسف، ثنا ابن المبارك، ثنا ابن جريج عن سليمان بن موسى عن الزهري عن عروة عن عائشة قالت: (المضمضة والاستنشاق من الوضوء الذي لا تتم الصلوة الا به، والاذنان من الراس)- اه-

ورواه ايضا من طريق الحاكم، اخبرني ابو سعيد احمد بن ابراهيم الفقيه المعدل ..... فذكره بمثل الذي قبله حرفا بحرف- ورواه ابن عدي في الكامل (۲/۱۱۲): ثنا الحسن بن علي بن مهران، ثنا عصام بن يوسف، به، وقال: (لا اعرفه الا من هذا الوجه)- اه-

۳۳۶- اخرجه البيهقي في الخلافيات (۱/۲۷۵) رقم (۱۷۸) من طريق الدارقطني به، ورواه ابن عدي في الكامل (۱/۱۹۱) حدثنا يحيى بن محمد به، وقد رواه البيهقي في الخلافيات (۱/۲۷۷) رقم (۱۷۹): حدثنا محمد بن القاسم بن زكريا، ثنا عباد بن يعقوب، ثنا ابو مطيع عن ابراهيم بن طهمان عن جابر عن عطاء، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: (ان المضمضة والاستنشاق من وظيفة الوضوء، ولايتم الوضوء الا بهما والاذنان من الراس)- اه- وقد روي عن اسماعيل بن مسلم عن عطاء عن ابن عباس مرفوعا، وسياتي رقم (۲۴۱)-

Marfat.com

○ محمد بن مصعب بن صدقہ قرقسائی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 208ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۰۸)(۷۰۹)۔

•••———•••———•••

337- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْحَسَنِ التَّمِيمِيُّ حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ سَوَاءً اِلَّا اَنَّهُ قَالَ وَلْيَسْتَنْثِرْ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسی کی مانند نقل کیا ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: ''ولیستنثر''۔

338- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ طَاهِرٍ بْنِ الْبَلْخِيِّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمْدَانَ الْعَائِذِيُّ اَبُو الْحَسَنِ الْاَنْطَاكِيُّ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْجُنَيْدِ الدَّامَغَانِيُّ - وَكَانَ رَجُلًا صَالِحًا - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ يُونُسَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْمَضْمَضَةُ وَالِاسْتِنْشَاقُ مِنَ الْوُضُوءِ الَّذِي لَا يَتِمُّ الْوُضُوءُ اِلَّا بِهِمَا وَالْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ. جَابِرٌ ضَعِيفٌ. وَقَدِ اخْتُلِفَ عَنْهُ فَاَرْسَلَهُ الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو مُطِيعٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَطَاءٍ وَهُوَ اَشْبَهُ بِالصَّوَابِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا وضو کا ایسا حصہ ہے جس کے بغیر وضو مکمل نہیں ہوتا اور دونوں کان سر کا حصہ ہیں (یعنی ان دونوں پر مسح کیا جائے گا)۔

اس روایت کا راوی جابر ضعیف ہے' اس سے نقل کرنے کے حوالے سے اس روایت میں اختلاف کیا گیا ہے۔ حکم بن عبداللہ نامی راوی نے اسے مرسل روایت کے طور پر نقل کیا ہے اور یہی زیادہ درست محسوس ہوتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسین بن جنید دامغانی قومسی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۷۴)(۳۴۹)۔

○ علی بن یونس مدنی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مجہول'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے

۳۳۷- هو ایضا من طریق جابر عن عطاء عن ابن عباس مرفوعاً' وانظر الذي قبله۔

۳۳۸- ذکر البیهقي في الخلافیات (۱/۲۷۶) قول الدارقطني هذا: (جابر ضعیف......)' ثم ذکر الحدیث التالي' فانظره۔

Marfat.com

ملاحظہ ہو: المیزان (۵/۱۹۸)(۵۹۸۰)۔

•••———•••———•••

339- حَدَّثَنَا بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا أَبُو مُطِيعٍ الْخُرَاسَانِيُّ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) إِنَّ الْمَضْمَضَةَ وَالِاسْتِنْشَاقَ مِنْ وَظِيفَةِ الْوُضُوءِ لَا يَتِمُّ الْوُضُوءُ إِلَّا بِهِمَا وَالْأُذُنَانِ مِنَ الرَّأْسِ ۔ وَرَوَاهُ عُمَرُ بْنُ قَيْسٍ الْمَكِّيُّ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَوْقُوفًا ۔

☆☆ عطاء نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا وضو کے ان اعمال میں سے ایک ہے' جن کے بغیر وضو مکمل نہیں ہوتا اور دونوں کان سر کا حصہ ہیں''۔

اس روایت کو عمر بن قیس نامی راوی نے اپنی سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ''موقوف'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حکم بن عبداللہ ابومطیع بلخی (یہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردِ رشید ہیں): علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 199ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۲/۳۳۹) (۲۱۸۵)۔

•••———•••———•••

340- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي حَامِدٍ الْخَصِيبُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الْأُذُنَانِ مِنَ الرَّأْسِ فِي الْوُضُوءِ وَمِنَ الْوَجْهِ فِي الْإِحْرَامِ ۔ عُمَرُ بْنُ قَيْسٍ ضَعِيفٌ ۔ وَرُوِيَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَاخْتُلِفَ عَنْهُ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: وضو میں دونوں کان سر کا حصہ ہیں (یعنی دونوں کانوں پر بھی مسح

۳۳۹- اخرجه البيهقي في الخلافيات (۱/۲۷۷) رقم (۱۷۹) من طريق الدارقطني به، وفي اسناده ابو مطيع الخولاني، واسمه: الحكم بن عبد الله صاحب ابي حنيفة- قال الذهبي في الميزان (۲/۳۳۹): (تفقه به اهل تلك الديار، وكان بصيرا بالراي كبير الشان، ولكنه واه في ضبط الاثر)- اه-

۳۴۰- اخرجه البيهقي في الخلافيات (۱/۲۸۶) رقم (۱۹۵) عن ابي بكر عن الدارقطني به، وفي اسناد عمر بن قيس: وهو المكي، قال البيهقي: (عمر بن قيس ضعيف)- اه- قال الحافظ في التقريب (۱/۶۲): (عمر بن قيس:- المعروف بسندل بفتح المهملة وسكون النون وآخره لام: متروك من السابعة)- اه-

Marfat.com

کیا جائے گا) اور احرام میں یہ چہرے کا حصہ ہیں (یعنی ان دونوں کو ڈھانپا نہیں جائے گا)۔

اس روایت کا راوی عمر بن قیس ضعیف ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے تاہم اس میں کچھ اختلاف کیا گیا ہے۔

341- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ غُصْنٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْمَضْمَضَةُ وَالِاسْتِنْشَاقُ سُنَّةٌ وَّالْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ . اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُسْلِمٍ ضَعِيْفٌ وَّالْقَاسِمُ بْنُ غُصْنٍ مِثْلُهُ . خَالَفَهُ عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ فَرَوَاهُ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ الْمَكِّيِّ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَلَا يَصِحُّ اَيْضًا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا سنت ہے اور دونوں کان سر کا حصہ ہیں''۔

اس روایت کا راوی اسماعیل بن مسلم ضعیف ہے اور قاسم بن غصن بھی اس کی مانند ضعیف ہے۔

علی بن ہاشم نے اس روایت کو نقل کرنے میں کچھ اختلاف کیا ہے' انہوں نے اسے اپنی سند کے ہمراہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے روایت کیا ہے' لیکن یہ بھی مستند نہیں ہے۔

342- قُرِءَ عَلٰى اَبِيْ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ يَحْيَى بْنِ مُحَمَّدٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ وَحَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ مِنْ كِتَابِهِ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبِ بْنِ حَرْبٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ كَعْبٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ الْمَكِّيِّ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا تَوَضَّاَ اَحَدُكُمْ فَلْيُمَضْمِضْ وَلْيَسْتَنْشِقْ وَالْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ . وَرُوِيَ عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص وضو کرے تو اسے کلی کرنی چاہیے اور ناک میں پانی ڈالنا چاہیے اور دونوں کان سر کا حصہ ہیں۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے۔

343- حَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيْدِ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ مَسَرَّةَ حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ

۳۴۲- اخرجه ابو يعلى في مسنده (۲۵۳/۱۱) رقم (۶۳۷۰)' والبيهقي في الخلافيات (۳۷۸/۱) رقم (۱۸۲)' وابن حبان في المجروحين (۱۱۰/۲)- كلهم من طريق علي بن هاشم عن اسماعيل' به- وفي اسناده علي بن هاشم' قال الحافظ في التقريب (۴۵/۱): (صدوق يتشيع)- قال ابن حبان: كان غالبًا في التشيع ممن يروي المناكير عن المشاهير: حتى كثر ذلك في رواياته مع ما يقلب من الاسانيد ا- اه- وفيه ايضا اسماعيل' وقد تقدم الكلام عليه-

۳۴۳- اخرجه البيهقي في الخلافيات (۳۸۲/۱) رقم (۱۸۹) من طريق الدارقطني' واخرجه ابن عدي في الكامل (۲۱۴۱/۶)' وابن حبان في المجروحين (۲۵۰/۲-۲۵۱)' وابو نعيم في الحلية (۹۶/۴)' والعقيلي في الضعفاء (۶۷/۴)' كلهم من طريق محمد بن زياد به- قال البيهقي: محمد بن زياد هذا هو الطحان' كذاب خبيث' قال العقيلي: متروك الحديث- ثم روى عن عمرو بن زرارة قال: كان محمد بن زياد يتهم بوضع الحديث- وروى عن عبد الله بن احمد' قال: سالت ابي عن محمد بن زياد' كان يحدث عن ميمون بن مهران؟ فقال: كذاب خبيث اعور يضع الحديث-

Marfat.com

یَحْیٰی حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِیَادٍ عَنْ مَیْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اَلْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''دونوں کان سر کا حصہ ہیں''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ خلاد بن یحییٰ بن صفوان سلمی ابومحمد کوفی نزیل مکۃ: (یہ امام بخاری کے اکابر اساتذہ میں سے ہے) علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 113ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۳۰) (۱۷۸)۔

○ محمد بن زیاد یشکری طحان اعور: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''کذاب'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۶۲) (۲۲۶)۔

○ میمون بن مہران جزری ابوایوب کوفی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 117ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۹۲) (۱۵۵۳)۔

344- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْخَضِرِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَیَّاشٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِیَادٍ مِثْلَهٗ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عوف بن سفیان طائی ابوجعفر حمصی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 273ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۹۷) (۵۹۹)۔

Marfat.com

345- وَحَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ يَاسِينَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَالِحٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ بِهٰذَا مِثْلَهُ .مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ هٰذَا مَتْرُوكُ الْحَدِيثِ .وَرَوَاهُ يُوسُفُ بْنُ مِهْرَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَوْقُوفًا .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے اور اس کا ایک راوی محمد بن زیاد متروک الحدیث ہے۔ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے ''موقوف'' روایت کے طور پر منقول ہے۔

346-حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مِهْرَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ .وَرُوِىَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: دونوں کان سر کا حصہ ہیں۔

یہی روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی نقل کی گئی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یوسف بن مہران بصری: یہ صاحب یوسف بن ماہک نہیں ہیں۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۸۲/۲)(۴۵۷)۔

347-حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوبَ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَاثَةَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَمَضْمَضُوا وَاسْتَنْشِقُوا وَالْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ . عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ وَابْنُ عُلَاثَةَ ضَعِيفَانِ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''(وضو کرتے ہوئے) کلی کرو اور ناک میں پانی ڈالو دونوں کان سر کا حصہ ہیں''۔

اس روایت کے ایک راوی عمرو بن حصین اور دوسرے راوی ابن علاثہ دونوں ضعیف ہیں۔

۳۴۶-اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۱/ ۲۴) رقم (۱۶۰): حدثنا وكيع عن حماد بن سلمة فذكره. واخرجه ابو عبيد في الطهور رقم (۳۶۱) وابن جرير (۴/ ۴۵۸) رقم (۱۱۲۷۶) وابن المنذر في الاوسط (۱/ ۴۰۱) رقم (۲۹۴)- كلهم من طريق حماد بن سلمة عن علي بن زيد به. وفي اسناده علي بن زيد بن جدعان' وهو ضعيف كما في التقريب (۱/ ۳۷)-

۳۴۷-اخرجه ابن ماجه في سننه (۱/ ۱۵۲) كتاب الطهارة' باب الاذنان من الراس' الحديث (۴۴۵): حدثنا محمد بن يحيى' ثنا عمرو بن الحصين به' ورواه البيهقي في الخلافيات (۱/ ۲۹۷) رقم (۳۰۷): اخبرناه ابو عبد الله محمد بن عبد الله الحافظ -رحمه الله- انا ابو بكر محمد بن جعفر بن احمد المزكي' ثنا محمد بن ابراهيم العبدي' ثنا ابو عثمان عمرو بن الحصين' به- قال البوصيري في الزوائد (۱/ ۱۷۹): (اسناده ضعيف: لضعف محمد بن عبد الله ابن علاثة وعمرو بن الحصين)- اه- وقال الحافظ ايضًا في التلخيص (۱/ ۱۶۰): (فيه عمرو بن الحصين وهو متروك)- اه- وانظر- ايضاً- نصب الراية (۱/ ۲۰)-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن ایوب بن ہشام رازی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''کذاب'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۶۸/۲) (۷۲۶۰)۔

○ عمرو بن حصین عقیلی بصری ثم جزوی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 230ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۸/۲) (۵۶۳)۔

○ محمد بن عبد اللہ بن علاثۃ: یہ راویوں کے ''ساتویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 198ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۷۹/۲) (۴۰۳)۔

•••———•••———•••

348- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَرَّرٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ الْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ .ابْنُ مُحَرَّرٍ مَتْرُوكٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: دونوں کان سر کا حصہ ہیں۔

اس روایت کا ایک راوی ابن محرر متروک ہے۔

349- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ الْقَلَانِسِيِّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا الْبَخْتَرِيُّ . وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ ثَابِتٍ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ شُرَحْبِيلَ حَدَّثَنَا الْبَخْتَرِيُّ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ . الْبَخْتَرِيُّ بْنُ عُبَيْدٍ ضَعِيفٌ وَّاَبُوهُ مَجْهُولٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''دونوں کان سر کا حصہ ہے''۔

اس روایت کا راوی بختری بن عبید ضعیف ہے اور اس کا والد مجہول ہے۔

۳۴۸- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱۲/۱) رقم (۲۷) ومن طريق المصنف رواه البيهقي في الخلافيات (۴۰۲/۱) رقم (۲۱۴) وفي اسناده ابن محرر هذا وهو متروك؛ كما قال المصنف-

۳۴۹- اخرجه البيهقي في الخلافيات (۴۰۱/۱) رقم (۲۱۳) من طريق الدارقطني بالاسنادين كليهما- ورواه ابن عدي (۴۹۰/۲)؛ ثنا محمد بن بشر ومحمد بن خريم - الدمشقيان جميعاً- عن هشام بن عمار عن البختري به' وفيه البختري وابوه' وبهما اعله ايضا الزيلعي في نصب الراية (۲۰/۱)-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ بختری بن عبید طائی: یہ راویوں کے ''ساتویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۹۴)(۱۰)۔

○ عبداللہ بن احمد بن ثابت بن سلام ابوالقاسم بزاز: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 329ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: تاریک بغداد (۹/۳۸۷)(۴۹۷۵)۔

○ سعید بن شرحبیل کندی کوفی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 212ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۹۸)(۱۹۴)۔

○ عبید: یہ بختری بن عبید کے والد ہیں۔ انہوں نے حضرت ابوہریرہ سے احادیث روایت کی ہیں جبکہ ان سے ان کے صاحبزادے بختری نے روایات نقل کی ہیں۔: ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۶/۷)(۳۷)۔

•••——•••——•••

350- وَرُوِیَ عَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ .حَدَّثَنَا بِهٖ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِیُّ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ زِیَادٍ الْاَحْمَرُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِیْمِ بْنُ سُلَیْمَانَ حَدَّثَنَا اَشْعَثُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ الْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ .رَفَعَهٗ عَلِیُّ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحِیْمِ وَالصَّوَابُ مَوْقُوْفٌ وَّالْحَسَنُ لَمْ یَسْمَعْ مِنْ اَبِیْ مُوْسٰی .

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''دونوں کان سر کا حصہ ہیں''۔

اس روایت کو علی بن جعفر نامی راوی نے ''مرفوع'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے' لیکن زیادہ درست یہ ہے' یہ روایت ''موقوف'' ہے' اس روایت کے راوی حسن نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے احادیث کا سماع نہیں کیا ہے۔

۳۵۰- اخرجه ابو حاتم الرازي في العلل (۱/ ۳۵) رقم (۱۳۳)؛ ومن طريقه المصنف؛ ومن طريق المصنف رواه البيهقي في الخلافيات (۱/ ۳۹٤) رقم (۳۰٤)؛ واخرجه ايضا ابن عدي في الكامل (۱/ ۳٦٤) من طريق ابي حاتم الرازي به- واخرجه ابن عدي في الكامل (۱/ ۳٦٤)؛ والطبراني في الاوسط (۵/ ۵۵- ۵٦) رقم (٤۰۹٦)؛ وهو في مجمع البحرين رقم (٤۱۷) قال: ثنا علي بن معبد بن بشير؛ ثنا علي بن جعفر به- قال ابن ابي حاتم في العلل: (سمعت ابي ......) وذكر الحديث؛ فقال ابي: ذاكرت ابا زرعة بهذا الحديث فقال: حدثنا ابراهيم بن موسى عن عبد الرحيم؛ فقال ن عن ابي موسى موقوفا)- اه- وقال العقيلي: (ابو جعفر لا يتابع عليه- الاسانيد في هذا الباب لينة)- اه- وصوب الدارقطني الموقوف ايضا في العلل (۷/ ۲۵۰)؛ واشعث بن سوار ضعيف؛ كما قال الحافظ في التقريب (۱/ ۷۹)؛ والحسن لم يسمع من ابي موسى: لذلك قال الحافظ في التلخيص (۱/ ۱٦۱): (اخرجه الدارقطني واختلف في وقفه ورفعه وصوب الوقف؛ وهو منقطع ايضا)- اه- وسياتي موقوفا على ابي موسى-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اشعث بن سوار کندی نجار افرق اثرم: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 136ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۷۹)(۶۰۰)۔

•••———•••———•••

351- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ - يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمَانَ - عَنْ أَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ الْأُذُنَانِ مِنَ الرَّأْسِ .مَوْقُوفٌ .تَابَعَهُ إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الْفَرَّاءُ وَغَيْرُهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحِيمِ. وَرُوِيَ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ .

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دونوں کان سر کا حصہ ہیں۔

یہ روایت ''موقوف'' ہے۔

بعض دیگر راویوں نے اس کی متابعت کی ہے۔

یہی روایت حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے بھی منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبد اللہ بن محمد بن ابوشیبۃ حافظ الکبیر حجۃ ابوبکر: (یہ مصنف ابن ابی شیبہ کے مؤلف ہیں) علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 235ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: میزان (۴/۱۸۲)(۴۵۵۴)۔

•••———•••———•••

352-حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ وَأَبُو حَامِدٍ الْحَضْرَمِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ الزِّيَادِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ سِنَانِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ الْأُذُنَانِ مِنَ الرَّأْسِ .وَكَانَ يَمْسَحُ عَلَى الْمَاقَيْنِ وَأَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَسَحَ رَأْسَهُ مَرَّةً وَاحِدَةً .شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ .وَقَدْ وَقَفَهُ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ حَمَّادٍ وَهُوَ ثِقَةٌ ثَبْتٌ.

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

---

۳۵۱ اخرجه ابن ابي شيبة (۱/ ۲٤) رقم (۱۵۸)' ومن طريقه رواه المصنف هنا' وابن عدي في الكامل (۱/ ۲٦٤) وابن المنذر في الاوسط (۱/ ٤٠١): ثنا عبد الرحيم به' ورواه البيهقي في الخلافيات (۱/ ۲۹۵ - ۲۹٦) رقم (۲۰۵) من طريق الدارقطني به- وقد صوب ابو زرعة والحافظ في التلخيص وغيرهما الموقوف: كما مر في الحديث السابق-

Marfat.com

''دونوں کان سر کا حصہ ہیں''۔

(انہوں نے یہ بات بھی بیان کی ہے:) نبی اکرم ﷺ دونوں آنکھوں کے گوشوں کا بھی مسح کیا کرتے تھے اور نبی اکرم ﷺ اپنے سر مبارک کا ایک مرتبہ مسح کیا کرتے تھے۔

اس روایت کا راوی شہر بن حوشب مستند نہیں ہے۔

سلیمان بن حرب نامی راوی نے اس روایت کو ''موقوف'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے اور یہ راوی ثقہ اور مستند ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سنان بن ربیعۃ باہلی بصری ابوربیعۃ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۳۴)(۵۳۴)۔

○ شہر بن حوشب اشعری شامی مولی اسماء بنت یزید بن سکن، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 112ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے

۳۵۲-ورد ھذا الحدیث من طرق کثیرۃ عن حماد بن زید:

۱-اخرجہ ابن ماجہ (۱/۱۵۲) کتاب الطہارۃ' باب الاذنان من الراس' الحدیث (۴۴۴): حدثنا محمد بن زیاد' انا حماد بن زید فذکرہ' ورواہ المصنف ایضا فی المؤتلف والمختلف (۳/۱۴۰۶): ثنا ابو حامد' بہ۔

۲-و اخرجہ ابن جریر الطبری (۴/۴۵۹) رقم (۱۱۳۸۲): حدثنا ابو کریب' قال: حدثنا معلی بن منصور عن حماد بن زید فذکرہ' وسیاتی عند المصنف رقم (۳۵۴)۔

۳-واخرجہ ابو داؤد (۱/۳۳) کتاب الطہارۃ' باب صفۃ وضوء النبی صلی اللہ علیہ وسلم الحدیث (۱۳۴)' ومن طریقہ البیہقی فی السنن الکبری (۱/۶۷) کتاب الطہارۃ' باب مسح الاذنین بماء جدید' وفی الخلافیات (۱/۴۲۳) رقم (۲۲۸)- کلہم من طریق سلیمان بن حرب ومسدد وقتیبۃ بن سعید عن حماد بن زید' بہ- وسیاتی عند المصنف رقم (۳۵۶)' واخرجہ الترمذی (۱/۵۳) کتاب الطہارۃ' باب ما جاء ان الاذنین من الراس الحدیث (۳۷)' وقال الترمذی: (قال قتیبۃ قال حماد: لا ادری ھذا من قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم او من قول ابی امامۃ!)- اھ-

۴-و سیاتی عند المصنف ایضا من طریق الہیثم بن جمیل عن حماد بہ رقم (۳۵۳)-

۵-و اخرجہ الطبرانی فی الکبیر (۸/۱۴۲-۱۴۳) رقم (۷۵۵۴): ثنا علی بن عبد العزیز' ثنا عارم ابو النعمان (ح) وثنا ابو مسلم الکشی' ثنا ابو عمر الضریر (ح) وثنا احمد بن محمد البصری' ثنا عفان بن مسلم' قالوا: ثنا حماد' بہ- وحدیث عفان بن مسلم عن حماد: اخرجہ احمد (۵/۲۵۸) وابو عبید فی الطہور رقم (۸۸)' (۳۵۹)' وسیاتی عند المصنف رقم (۳۵۵) من طریق ابی عمر ومحمد بن ابی بکر' قالا: نا حماد' فذکرہ-

۶-وقد رواہ ابن المنذر فی الاوسط (۱/۳۸۱) رقم (۳۶۲) ثنا علی بن الحسن' ثنا عبد اللہ ابن الجراح' ثنا حماد بہ نحوہ-

۷-و اخرجہ ایضا ابن جریر فی تفسیرہ (۴/۴۵۸) رقم (۱۱۳۸۲)' والبیہقی فی الخلافیات (۱/۴۰۶) رقم (۲۱۹) من طریق ابی اسامۃ عن حماد بن زید' بہ- وعند الطبری (عن شہر عن ابی امامۃ او عن ابی ھریرۃ) شک ابن جریج: راویہ عن ابی امامۃ- قال الزیلعی فی نصب الرایۃ (۱/۱۸-۱۹)

Marfat.com

ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۵۵)(۱۱۲)۔

...———...———...

353- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَافِرِ بْنُ سَلاَمَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ سِنَانِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَبِى اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ الْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ .

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے:

''دونوں کان سر کا حصہ ہیں''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ہیثم بن جمیل بغدادی ابوسہل نزیل انطاکیہ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 213ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۲۶)(۱۶۱)۔

...———...———...

354- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ سِنَانٍ عَنْ شَهْرٍ عَنْ اَبِى اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَوْ عَنْ اَبِى اُمَامَةَ قَالَ الْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ . بِالشَّكِّ.

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے۔

راوی کو شک ہے' شاید یہ الفاظ ہیں: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''دونوں کان سر کا حصہ ہیں''۔

یعنی اس روایت میں شک پایا جاتا ہے۔

355- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ قَالاَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ الْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ . اَسْنَدَهُ هٰؤُلاَءِ عَنْ حَمَّادٍ وَخَالَفَهُمْ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَهُوَ ثِقَةٌ حَافِظٌ .

☆☆ ایک اور سند کے ہمراہ یہ بات منقول ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''دونوں کان سر کا حصہ ہیں''۔

راویوں نے حماد نامی راوی کے حوالے سے اسے اسی طرح نقل کیا ہے' تاہم سلیمان بن حرب نامی راوی نے مختلف بات نقل کی ہے۔

Marfat.com

یہ صاحب ثقہ ہیں اور حافظ ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن سلیمان بن حسن بن اسرائیل بن یونس ابوبکر فقیہ حنبلی المعروف بالنجاد۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۸۹/۴)(۱۸۷۹)۔

○ حفص بن عمر ابوعمر ضریر اکبر بصری، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 220ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۸۸/۱)(۴۵۹)۔

○ محمد بن ابوبکر بن علی بن عطاء بن مقدم مقدمی ابوعبداللہ ثقفی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) بصری، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 234ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (ص۸۲۹)(۵۷۹۸)۔

○ سلیمان بن حرب ازدی واشحی بصری قاضی بمکۃ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 224ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۲/۱)(۴۲۳)۔

356- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ خُشَيْشٍ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ سِنَانِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَبِى اُمَامَةَ اَنَّهُ وَصَفَ وُضُوءَ رَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ كَانَ اِذَا تَوَضَّاَ مَسَحَ مَاقَيْهِ بِالْمَاءِ .قَالَ اَبُو اُمَامَةَ الْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ .قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ الْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ اِنَّمَا هُوَ قَوْلُ اَبِى اُمَامَةَ فَمَنْ قَالَ غَيْرَ هٰذَا فَقَدْ بَدَّلَ اَوْ كَلِمَةً قَالَهَا سُلَيْمَانُ اَىْ اَخْطَاَ .خَالَفَهُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ رَوَاهُ عَنْ سِنَانِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا تَوَضَّاَ غَسَلَ مَاقَيْهِ بِاِصْبَعَيْهِ وَلَمْ يَذْكُرِ الْاُذُنَيْنِ .حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ سَاَلْتُ مُوسَى بْنَ هَارُونَ عَنْ هٰذَا الْحَدِيثِ فَقَالَ لَيْسَ بِشَىْءٍ فِيهِ شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ وَشَهْرٌ ضَعِيفٌ وَالْحَدِيثُ فِى رَفْعِهِ شَكٌّ .وَقَالَ ابْنُ اَبِى حَاتِمٍ قَالَ اَبِى سِنَانُ بْنُ رَبِيعَةَ اَبُو رَبِيعَةَ مُضْطَرِبُ الْحَدِيثِ.

۳۵۶-اخرجه البيهقي في الخلافيات (۱/ ٤٢٤) رقم (۲۲۹) من طريق الدارقطني به' وانظر تخريجه في الحديث (۳۵۲)-

Marfat.com

☆☆ شہر بن حوشب نامی راوی نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا طریقہ بیان کیا تو یہ بات بیان کی: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تھے تو پانی کے ذریعے اپنی آنکھوں کے کناروں کا مسح کیا کرتے تھے۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بھی بیان کی ہے: دونوں کان سر کا حصہ ہیں۔

سلیمان بن حرب نے یہ بات بیان کی ہے: دونوں کان سر کا حصہ ہیں۔ یہ بات حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے، جو شخص اس کے علاوہ کوئی اور بات کہتا ہے، (یعنی اس کو حدیث قرار دیتا ہے) تو اس نے تبدیلی کی۔

یہاں پر سلیمان نامی راوی نے کوئی اور بات کہی تھی، جس کا مطلب یہی تھا: اس نے غلطی کی ہے۔

بعض دیگر راویوں نے اس سے مختلف بات نقل کی ہے، انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تھے تو آپ اپنی انگلیوں کے ذریعے دونوں آنکھوں کے گوشوں کو دھویا کرتے تھے۔ تاہم انہوں نے اس روایت میں دونوں کانوں کا تذکرہ نہیں کیا۔

دعلج بن احمد بیان کرتے ہیں: میں نے موسیٰ بن ہارون سے اس روایت کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا: اس کی کوئی حقیقت نہیں ہے، اس کی سند میں ایک راوی شہر بن حوشب ہے اور شہر نامی راوی ضعیف ہے اور اس حدیث کے "مرفوع" ہونے کے بارے میں شک پایا جاتا ہے۔

ابن ابوحاتم نے یہ بات بیان کی ہے: میرے والد نے یہ بات بیان کی ہے: ابوربیعہ سنان بن ربیعہ نامی راوی حدیث نقل کرنے میں اضطراب کا شکار ہو جاتا ہے۔

357- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَافِرِ بْنُ سَلَامَةَ الْحِمْصِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ حُمَيْدٍ الْحِمْصِيُّ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَيْوَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ . هٰذَا مُرْسَلٌ وَّرُوِىَ عَنْهُ مُتَّصِلاً عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَلَايَصِحُّ .وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ مَرْيَمَ ضَعِيْفٌ .

☆☆ حضرت راشد بن سعد بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: دونوں کان سر کا حصہ ہیں۔

۳۵۷- کذا اخرجه المصنف ههنا مرسلاً، ورواه ایضا مسندًا رقم (۳۵۸): حدثنا ابو بکر النیسابوري...... الحدیث، ومن طریقه اخرجه البیهقي في الخلافیات (۱/ ۴۲۷) رقم (۳۲۵)، واخرجه ابن عدي ف الکامل (۱/ ۱۹۵): ثنا موسی بن العباس، ثنا احمد بن عیسی به- وقال ابن عدي: (وبهذا الاسناد لا یرویه الا احمد بن عیسی، وانما یروی هذا حماد بن زید عن سنان بن ربیعة عن شهر بن حوشب عن ابي امامة)- اه- وهذا الحدیث في اسناده (ابو بکر بن ابي مریم): قال ابو حاتم في (الجرح والتعدیل) (۲/ ۴۰۵): (ضعیف الحدیث طرقته لصوص فاخذوا متاعه فاختلط)- وقال ابن حبان في المجروحین (۲/ ۱۴۶): (رديء الحفظ لا یحتج به اذا انفرد)- اه- قال الحافظ في التقریب (۲/ ۳۹۸): (ابو بکر بن عبد الله بن ابي مریم الغساني الشامي، وقد ینسب الی جده، قیل: اسمه بکیر، وقیل: عبد السلام- ضعیف، وکان قد سرق بیته فاختلط)- اه- وایضا احمد بن عیسی التنیسي: قال الحافظ في التقریب (۱/ ۲۳): (لیس بالقوي)- اه-

Marfat.com

یہ روایت ''مرسل'' ہے اور یہ روایت ''متصل'' طور پر حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے لیکن یہ مستند نہیں ہے۔

اس روایت کا راوی ابوبکر بن مریم ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن مغیرۃ بن سنان ازدی حمصی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 264ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۵)(۱۱۳)۔

○ شریح بن یزید حضرمی ابوحیوۃ حمصی مؤذن، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 233ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۵۰)(۵۷)۔

○ ابوبکر بن عبد اللہ بن ابومریم غسانی شامی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 156ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۹۸)(۵۲)۔

358- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسَى الْخَشَّابُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ اَبِىْ مَرْيَمَ قَالَ سَمِعْتُ رَاشِدَ بْنَ سَعْدٍ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ.

☆☆ راشد بن سعد' حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''دونوں کان سر کا حصہ ہیں''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن عیسیٰ تنیسی خشاب، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۱/۲۶۹)(۵۰۷)۔

○ عبد اللہ بن یوسف تنیسی ابومحمد الکلاعی اصلہ من دمشق، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا

Marfat.com

ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 218ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۶۳/۱)(۷۶۰)۔

•••———•••———•••

359– حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي طَالِبٍ قَالاَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ الزُّبَيْرِ . وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عِيسَى مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ قَطَنٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التَّرْقُفِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَابِرٍ اَخْبَرَنِي جَعْفَرُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ الْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ . جَعْفَرُ بْنُ الزُّبَيْرِ مَتْرُوْكٌ.

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''دونوں کان سر کا حصہ ہیں''۔

اس روایت کا راوی جعفر بن زبیر متروک ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن احمد بن قطن بن خالد بن حبان بن مسلم: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 325ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۳۴/۱)(۲۴۲)۔

○ عباس بن عبداللہ بن ابوعیسیٰ واسطی نزیل بغداد المعروف بالترقفی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 268ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۹۷/۱)(۱۴۴)۔

○ محمد بن عبدالرحمٰن ابوجابر بیاضی مدنی عن سعید بن مسیب: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۲۲۴/۶)(۷۸۳۲)۔

○ جعفر بن زبیر: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۱۳۳/۲)(۱۵۰۴)۔

---

۳۵۹ اخرجه البيهقي في الخلافيات (۱۲۵/۱) رقم (۲۳۱) من طريق الدارقطني بهذا الاسناد' ورواه ابن عدي في الكامل (۳۶۹۵/۷): ثنا محمد بن موسى الحلواني' ثنا عمر بن يحيى الايلي' ثنا يحيى بن كثير عن جعفر بن الزبير' به- وفي اسناده جعفر بن الزبير' وهو الدمشقي' قال الحافظ في التقريب (۱۳۰/۱): (متروك الحديث' وكان صالحًا في نفسه من السابعة)- اه- وقد تابعه ابو معاذ الالهاني' اخرجه تمام في الفوائد رقم (۱۷۹): انا ابو اسحاق ابراهيم بن محمد' نا ابو علي الحسن بن علي بن جرير الصوري' نا سليمان بن عبد الرحمن' نا عثمان بن فائد' نا ابو معاذ الالهاني' له ترجمة في تهذيب الكمال (۲۱۹/۲۵) ت رقم (۵۲۲۲) لكن كنيته: ابو سفيان -

Marfat.com

○ قاسم بن عبدالرحمٰن دمشقی ابوعبدالرحمٰن: یہ حضرت ابوامامہ باہلی کے شاگرد ہیں۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں صدوق قرار دیا ہے تاہم یہ مرسل روایات بکثرت نقل کرتے ہیں۔ ان کا انتقال 112 ھ میں ہوا۔ مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۱۸)(۲۹)۔

•••———•••———•••

360- وَرُوِىَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ خَلَفِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْجُرْجَانِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْجُرْجَانِيُّ حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ سَيَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَكَمِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ الْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ . عَبْدُ الْحَكَمِ لَا يُحْتَجُّ بِهِ.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''دونوں کان سر کا حصہ ہیں''۔

اس روایت کے ایک راوی عبدحکم کو مستند نہیں سمجھا جاتا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عفان بن سیار باہلی ابوسعید جرجانی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۵)(۲۲۵)۔

○ عبدالحکیم بن عبداللہ قسملی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''منکرالحدیث'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۴/۲۴۲)(۴۷۵۹)۔

•••———•••———•••

361- وَرُوِىَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ مِنْ قَوْلِهِ .وَفِىْ اِسْنَادِهِ رَجُلٌ مَجْهُوْلٌ رَوَاهُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُثْمَانَ .حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ قَبِيْصَةَ عَنْ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُثْمَانَ قَالَ وَاعْلَمُوْا اَنَّ الْاُذُنَيْنِ مِنَ الرَّاْسِ .

٣٦٠-اخرجه ابن عدي في الكامل (٢/٤٥٠): ثنا عبد الله بن ابي سفيان' ثنا الحسين بن مرزوق' ثنا بسر بن محمد الواسطي' ثنا عبد الحكم به- قال البيهقي في الخلافيات (١/٤٠٣): قال ابو الحسن الدارقطني: (عبد الحكم لا يحتج به)- اخبرنا ابو عبد الرحمن السلمي' انبا ابو الحسين السمي' انبا ابو الحسين الحجاجي' ثنا ابو الجهم' ثنا ابراهيم بن يعقوب الجوزجاني' قال: زياده بن ميمون وابو هرمز وعبد الحكم الذين يروون عن انس' لا ينبغي ان يشتغل بحديثهم)-

٣٦١-اسناده ضعيف: شيخ عروة بن قبيصة مجهول' وكذا ابوه-

Marfat.com

★★ عروہ بن قبیصہ نے ایک انصاری کے حوالے سے' ان کے والد کے حوالے سے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان نقل کیا ہے: ''تم لوگ یہ بات جان لو! دونوں کان سر کا حصہ ہیں''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سعید بن ایاس ابو مسعود جریری بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 144ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۱۸۸/۳)(۳۱۴۵)۔

○ عروۃ بن قبیصۃ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: تعجیل المنفعۃ (۱۱/۲)(۷۳۴)۔

362- وَرُوِيَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا طَالُوتُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا الْيَمَانُ اَبُوْ حُذَيْفَةَ عَنْ عَمْرَةَ قَالَتْ سَاَلْتُ عَائِشَةَ عَنِ الْاُذُنَيْنِ فَقَالَتْ مِنَ الرَّاْسِ وَقَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَمْسَحُ اُذُنَيْهِ ظَاهِرَهُمَا وَبَاطِنَهُمَا اِذَا تَوَضَّاَ . الْيَمَانُ ضَعِيفٌ.

★★ عمرہ نامی خاتون بیان کرتی ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دونوں کانوں کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا: یہ دونوں سر کا حصہ ہیں' پھر انہوں نے یہ بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دونوں کانوں کے باہر والے حصے اور اندرونی حصے کا وضو کرتے ہوئے مسح کیا کرتے تھے۔

اس روایت کا ایک راوی یمان ''ضعیف'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ طالوت بن عباد صیر فی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 238ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۴۵۷/۳)(۳۹۸۰)۔

○ یمان بن مغیرۃ بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 160ھ کے آس پاس ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التهذیب'' از

۳۶۲- اخرجه البيهقي في الخلافيات (۱/۱۳۷) رقم (۲۴۵) من طريق الدارقطني به- واليمان ابو حذيفة هو ابن المغيرة البصري، قال البخاري في التاريخ (۸/۱۲۵) ت (۲۵۷۹): (قال وكيع التميمي: منكر الحديث)- اه- وقال يعقوب الفسوي في المعرفة والتاريخ (۲/۶۰): (بصري ضعيف)- اه- وضعفه النسائي في الضعفاء والمتروكين رقم (۶۸۱) قال: ليس بثقة- وقال الحافظ في التقريب (۲/۳۷۹): ضعيف. وقد تقدم الحديث من طريق عمرة عن عائشة رقم (۳۳۵)-

Marfat.com

حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۷۹/۲)(۴۲۱)۔

363- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ .وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدَانَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوبَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ وَحَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ فُضَيْلٍ اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ وَيَحْيٰى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا زَائِدَةُ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَلْقَمَةَ حَدَّثَنِي عَبْدُ خَيْرٍ قَالَ جَلَسَ عَلِيٌّ بَعْدَ مَا صَلَّى الْفَجْرَ فِي الرَّحْبَةِ ثُمَّ قَالَ لِغُلَامِهِ ائْتِنِي بِطَهُورٍ فَاَتَاهُ الْغُلَامُ بِاِنَاءٍ فِيهِ مَاءٌ وَطَسْتٍ وَنَحْنُ نَنْظُرُ اِلَيْهِ فَاَخَذَ بِيَمِينِهِ الْاِنَاءَ فَاَكْفَاَهُ عَلٰى يَدِهِ الْيُسْرٰى ثُمَّ غَسَلَ كَفَّيْهِ ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى الْاِنَاءَ فَاَفْرَغَ عَلٰى يَدِهِ الْيُسْرٰى ثُمَّ غَسَلَ كَفَّيْهِ فَعَلَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ .قَالَ عَبْدُ خَيْرٍ كُلُّ ذٰلِكَ لَا يُدْخِلُ يَدَهُ فِي الْاِنَاءِ حَتّٰى يَغْسِلَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ اَدْخَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى فِي الْاِنَاءِ فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَنَثَرَ بِيَدِهِ الْيُسْرٰى فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ اَدْخَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى فِي الْاِنَاءِ فَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى ثَلَاثَ مَرَّاتٍ اِلَى الْمِرْفَقِ ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُسْرٰى ثَلَاثَ مَرَّاتٍ اِلَى الْمِرْفَقِ ثُمَّ اَدْخَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى فِي الْاِنَاءِ حَتّٰى غَمَرَهَا الْمَاءُ ثُمَّ رَفَعَهَا بِمَا حَمَلَتْ مِنَ الْمَاءِ ثُمَّ مَسَحَهَا بِيَدِهِ الْيُسْرٰى ثُمَّ مَسَحَ رَاْسَهُ بِيَدَيْهِ كِلْتَيْهِمَا مَرَّةً ثُمَّ صَبَّ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى عَلٰى قَدَمِهِ الْيُمْنٰى ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ غَسَلَهَا بِيَدِهِ الْيُسْرٰى ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ صَبَّ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى عَلٰى قَدَمِهِ الْيُسْرٰى ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ غَسَلَهَا بِيَدِهِ الْيُسْرٰى ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ اَدْخَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى فِي الْاِنَاءِ فَغَرَفَ بِكَفِّهِ فَشَرِبَ ثُمَّ قَالَ هٰذَا طُهُورُ رَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى طُهُورِ رَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَهٰذَا طُهُورُهُ .وَقَدْ زَادَ بَعْضُهُمُ الْكَلِمَةَ وَالشَّيْءَ وَالْمَعْنٰى قَرِيبٌ .

★★ عبدخیر بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ فجر کی نماز پڑھنے کے بعد صحن میں آ کر بیٹھے پھر آپ نے اپنے خادم سے فرمایا: میرے لیے وضو کا پانی لے کر آ ؤ! خادم ایک برتن میں آپ کے پاس پانی لے کر آیا' ساتھ ایک طشت لے آیا' ہم لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھ رہے تھے' انہوں نے اپنے دائیں ہاتھ سے برتن کو پکڑا اور بائیں ہاتھ پر پانی انڈیلا' پھر دونوں ہتھیلیوں کو دھویا' پھر آپ نے دائیں ہاتھ کے ذریعے برتن کو پکڑا اور اپنے بائیں ہاتھ پر پانی انڈیلا' پھر انہوں نے اپنے دونوں ہاتھوں کو دھویا' ایسا اُنہوں نے تین مرتبہ کیا۔عبدخیر نامی راوی بیان کرتے ہیں: ہر مرتبہ ہاتھ دھوتے ہوئے اُنہوں نے اپنا ہاتھ برتن میں داخل نہیں کیا' یہاں تک کہ دونوں ہاتھوں کو تین مرتبہ دھولیا تو پھر انہوں نے اپنا دایاں ہاتھ برتن میں داخل کیا اور (اس کے ذریعے پانی لے کر) کلی کی' ناک میں پانی ڈالا' اپنے بائیں ہاتھ کے ذریعے ناک صاف کیا' ایسا انہوں نے تین مرتبہ کیا' پھر انہوں نے اپنا دایاں ہاتھ برتن میں داخل کیا اور اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' پھر انہوں نے اپنا دایاں بازو کہنیوں تک تین مرتبہ دھویا' پھر انہوں نے اپنا بایاں بازو کہنی تک تین مرتبہ دھویا' پھر انہوں نے اپنا بایاں ہاتھ برتن

Marfat.com

میں داخل کیا اور اس میں پانی بھر لیا' پھر اس میں جتنا بھی پانی تھا' اس پانی سمیت ہاتھ کو بلند کیا اور بائیں ہاتھ کے ذریعے اس ہاتھ کا مسح کیا اور پھر آپ نے اپنے دونوں ہاتھوں کے ذریعے اپنے سر کا ایک مرتبہ مسح کیا' پھر انہوں نے اپنے دائیں ہاتھ کے ذریعے اپنے بائیں پاؤں پر تین مرتبہ پانی ڈالا اور اپنے بائیں پاؤں کے ذریعے تین مرتبہ اس کو دھویا' پھر انہوں نے اپنے دائیں ہاتھ کے ذریعے بائیں پاؤں پر تین مرتبہ پانی ڈالا اور بائیں ہاتھ کے ذریعے اسے تین مرتبہ دھویا' پھر انہوں نے اپنا دایاں ہاتھ برتن میں داخل کیا اور اپنی چلّو میں تھوڑا سا پانی لے کر اسے پی لیا' پھر یہ ارشاد فرمایا: یہ نبی اکرم ﷺ کے وضو کا طریقہ ہے' جو شخص اس بات کو پسند کرے کہ وہ نبی اکرم ﷺ کے وضو کے طریقے کو دیکھ سکے تو یہ آپ ﷺ کا طریقہ ہے۔

بعض راویوں نے اس کے بعض کلمات میں کمی وبیشی کی ہے' لیکن ان کا مفہوم قریب' قریب ہے۔

364- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيٰى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ صَاحِبُ السَّابِرِيِّ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجُوَيْهِ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الْوَرَّاقُ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِى الْحُنَيْنِ وَاللَّفْظُ لِابْنِ زَنْجُوَيْهِ قَالُوْا حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ خَالِدٍ الْقُرَشِيُّ قَالَ رَاَيْتُ الْحَسَنَ بْنَ اَبِى الْحَسَنِ دَعَا بِوَضُوْءٍ فَجِيْءَ بِكُوْزٍ مِّنْ مَّاءٍ فَصَبَّ فِىْ تَوْرٍ فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَّمَضْمَضَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَّاسْتَنْشَقَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَّغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَّغَسَلَ يَدَيْهِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَّمَسَحَ رَاْسَهُ وَمَسَحَ اُذُنَيْهِ وَخَلَّلَ لِحْيَتَهُ وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ثُمَّ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ هٰذَا وُضُوْءُ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

☆☆ ایوب بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: میں نے حسن بن ابوالحسن کو دیکھا' انہوں نے وضو کے لیے پانی منگوایا تو ان کے لیے پانی کا ایک بڑا برتن لایا گیا' پھر وہ پانی پیالے میں ڈال دیا گیا' انہوں نے سب سے پہلے دونوں ہاتھ تین مرتبہ دھوئے' پھر تین مرتبہ کلی کی' پھر تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالا' پھر تین مرتبہ اپنے چہرے کو دھویا' پھر دونوں بازوؤں کو کہنیوں تک تین مرتبہ دھویا' پھر اپنے سر کا مسح کیا' پھر دونوں کانوں کا مسح کیا اور اپنی داڑھی کا خلال کیا' پھر اپنے دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھو لیے' پھر یہ بات بیان کی: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ حدیث سنائی ہے' نبی اکرم ﷺ کے وضو کا طریقہ یہ ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن علی بن عبداللہ بن مہران ابوجعفر وراق: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 272ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: تاریخ (۳/۶۱) (۱۰۱۳)۔

○ محمد بن حسین بن موسیٰ بن ابوحنین: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 277ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی''

۳۶۴-ذکرہ الزیلعی فی نصب الرایۃ (۱/۱۴) وسکت علیہ۔

Marfat.com

(۲/۲۲۵)(۶۷۴)۔

○ معلّی بن اسد عمی ابوہیثم بصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 218ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۹۶۰)(۶۸۵۰)۔

○ ایوب بن عبداللہ بن مکرز عامری قرشی خطیب: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۶۰)(۶۲۲)۔

•••———•••———•••

365- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا الْمَعْمَرِيُّ حَدَّثَنَا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ عَقِيلٍ قَالَ حَدَّثَتْنِي الرُّبَيِّعُ بِنْتُ مُعَوِّذٍ قَالَتْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَوَضَّأَ فَمَسَحَ مُقَدَّمَ رَأْسِهِ وَمُؤَخَّرَهُ وَصُدْغَيْهِ ثُمَّ أَدْخَلَ إِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَتَيْنِ فَمَسَحَ أُذُنَيْهِ ظَاهِرَهُمَا وَبَاطِنَهُمَا.

☆☆ سیدہ ربیع بنت معوذ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرتے ہوئے دیکھا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سر کے آگے والے حصے اور پیچھے والے حصے اور دونوں کنپٹیوں کا مسح کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی شہادت کی دونوں انگلیاں داخل کر کے ان کے ذریعے کان کے باہر والے حصے اور اندرونی حصے کا مسح کیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

436- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ كُنَّا مَعَ سَلْمَانَ فَخَرَجَ فَقَضٰى حَاجَتَهُ ثُمَّ جَاءَ فَقُلْتُ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ لَوْ تَوَضَّاْتَ لَعَلَّنَا اَنْ نَسْاَلَكَ عَنْ اٰيَاتٍ فَقَالَ اِنِّىْ لَسْتُ اَمَسُّهُ اِنَّمَا لَا يَمَسُّهُ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ فَقَرَاَ عَلَيْنَا مَا شِئْنَا ۔ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ.

☆☆ عبدالرحمان بن یزید بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے' وہ تشریف لے گئے' انہوں نے قضائے حاجت کی' پھر وہ تشریف لائے تو میں نے عرض کی: اے ابوعبداللہ! اگر آپ وضو کرلیں تو مناسب ہوگا' تاکہ ہم آپ سے کچھ آیات کے بارے میں دریافت کریں' تو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں قرآن کو چھو نہیں رہا' اسے صرف باوضو لوگ چھو سکتے ہیں۔ (راوی بیان کرتے ہیں:) پھر حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے ہمارے سامنے وہ آیات تلاوت کیں جو ہم چاہتے تھے۔

اس روایت کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

437- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الصَّاغَانِيُّ حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ كُنَّا مَعَهُ فِىْ سَفَرٍ فَانْطَلَقَ فَقَضٰى حَاجَتَهُ ثُمَّ جَاءَ فَقُلْتُ اَىْ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ تَوَضَّاْ لَعَلَّنَا نَسْاَلُكَ عَنْ اٰىٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ فَقَالَ سَلُوْنِىْ فَاِنِّىْ لَا اَمَسُّهُ اِنَّهُ لَا يَمَسُّهُ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ فَسَاَلْنَاهُ فَقَرَاَ عَلَيْنَا قَبْلَ اَنْ يَّتَوَضَّاَ ۔ وَالْمَعْنٰى قَرِيْبٌ ۔ كُلُّهَا صِحَاحٌ.

☆☆ عبدالرحمان بن یزید بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے ساتھ سفر میں شریک تھے' وہ تشریف لے گئے' انہوں نے قضائے حاجت کی' پھر وہ تشریف لائے تو میں نے عرض کی: اے ابوعبداللہ! آپ وضو کرلیں تاکہ ہم آپ سے قرآن کی کچھ آیات کے بارے میں دریافت کرلیں' تو انہوں نے فرمایا: تم مجھ سے سوال کرو میں اسے چھو نہیں رہا' اسے صرف باوضو لوگ چھو سکتے ہیں' پھر ہم نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے سوالات کیے' اور انہوں نے وضو کرنے سے پہلے ہی ہمارے سامنے کچھ آیات کی تلاوت کی۔

٤٣٦ اخرجه البيهقي في الخلافيات (١/٥١٣) رقم (٣٠٨) وفي السنن الكبرى (١/٨٨) كتاب الطهارة: باب نهي المحدث عن مس المصحف' ورواه ايضا اللالكائي في (شرح اصول اعتقاد اهل السنة) (٢/٣٤٥) رقم (٥٧٥): اخبرنا محمد بن عمر بن حميد' ثنا محمد بن مخلد به' ورواه الحاكم (١/١٨٣)' ومن طريقه البيهقي في الخلافيات (١/٥١٤) رقم (٣٠٦) قال الحاكم: (حدثناه ابو عبد الله محمد بن عبد الله الصفار' ثنا احمد بن يونس الضبي' ثنا ابو بدر شجاع بن الوليد عن الاعمش' به)- وسياتي عند المصنف رقم (٤٣٧)' ورواه ايضا الحاكم (١/١٨٣)' ومن طريقه البيهقي في الخلافيات (١/٥١٥) رقم (٣٠٧): اخبرنا ابو الوليد' ثنا الحسن بن سفيان' ثنا محمد بن عبد الله ابن نمير' ثنا ابي وابو معاوية عن الاعمش' به- وهو عند البيهقي ايضا في المعرفة (١/١٨٥) من نفس طريق الحاكم- ورواه ابن ابي شيبة (١/٩٨) رقم (١١٠٠): حدثنا ابو معاوية عن الاعمش' به- وسياتي من طريق ابي معاوية عند المصنف رقم (٤٣٧)-

Marfat.com

اس روایت کا مضمون قریب قریب ہے اور تمام اسناد مستند طور پر منقول ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبداللہ بن نمیر ہمدانی کوفی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 234ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۶۲)(۶۰۹۳)۔

438- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ قَالَ وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ قَالَ وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ سَلْمَانَ بِنَحْوِهِ.

☆☆ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ عبدالرحمان بن یزید کے حوالے سے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن عمر بن حفص بن جہم بن واقد کندی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 235ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۲)(۸۳)۔

439- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ عَنْ زَيْدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْعَبْسِيِّ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ عَنْ سَلْمَانَ اَنَّهُ قَرَاَ بَعْدَ الْحَدَثِ . كُلُّهَا صِحَاحٌ.

☆☆ علقمہ اور اسود کے حوالے سے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے بے وضو ہونے کی حالت میں قرآن کی آیت کی تلاوت کی تھی۔ یہ تمام اسناد مستند ہیں۔

46- باب مَا وَرَدَ فِي طَهَارَةِ الْمَنِيِّ وَحُكْمِهِ رَطْبًا وَيَابِسًا.

باب: تر یا خشک منی کے پاک ہونے اور اس کے حکم کے بارے میں جو کچھ منقول ہے

۴۳۸- رواه الحاكم في المستدرك (۲/ ۴۷۷): اخبرنا ابو زكريا العنبري' ثنا محمد بن عبد السلام' ثنا اسحاق' انبا جرير عن الاعمش عن ابراهيم عن عبد الرحمن بن يزيد' قال: كنا مع سلمان...... فذكره نحوه- وقال الحاكم: (صحيح على شرط الشيخين' ولم يخرجاه)' ووافقه الذهبي' وانظر الحديث (۴۳۵)' (۴۳۶)' (۴۳۷)-

۴۳۹- اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۱/ ۹۸) رقم (۱۱۰۱): حدثنا وكيع عن سفيان' به-

Marfat.com

440- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ الْاَزْرَقُ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنِ الْمَنِيِّ يُصِيبُ الثَّوْبَ .قَالَ اِنَّمَا هُوَ بِمَنْزِلَةِ الْمُخَاطِ وَالْبُزَاقِ وَاِنَّمَا يَكْفِيكَ اَنْ تَمْسَحَهُ بِخِرْقَةٍ اَوْ بِاِذْخِرَةٍ .لَمْ يَرْفَعْهُ غَيْرُ اِسْحَاقَ الْاَزْرَقِ عَنْ شَرِيكٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هُوَ ابْنُ اَبِي لَيْلٰى ثِقَةٌ فِي حِفْظِهِ شَيْءٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کپڑوں پر منی لگ جانے کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: یہ بلغم اور تھوک کی طرح ہے' تمہارے لیے اتنا کافی ہوگا' تم اسے کسی کپڑے یا گھاس کے ذریعے صاف کرلو۔

صرف اسحاق نامی راوی نے اس روایت کو''مرفوع'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

توضیح مسئلہ:

منی کی طہارت یا عدم طہارت کے بارے میں اہلِ علم کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے صحیح مسلم کے حاشیہ نگار امام ابوزکریا یحییٰ بن شرف نووی تحریر کرتے ہیں:

امام نوویؒ کا بیان:

اختلف العلماء فی طهارة منی الآدمی فذهب مالك وابو حنيفة الى نجاسته الاان ابا حنيفة قال يكفی فی تطهيره فركه اذا كان يابسا وهو رواية عن احمد وقال مالك لا بد من غسله رطبا ويابسا وقال الليث هو نجس ولا تعاد الصلاة منه وقال الحسن لا تعاد الصلاة من المنی فی الثوب وان كان كثيرا وتعاد منه فی الجسد وان قل وذهب كثيرون الى ان المنی طاهر روی ذلك عن علی بن ابی طالب وسعد بن ابی وقاص وبن عمر وعائشة وداود واحمد فی اصح الروايتين وهو مذهب الشافعی واصحاب الحديث وقد غلط من اوهم ان الشافعی رحمه الله تعالی منفرد بطهارته ودليل القائلين بالنجاسة رواية الغسل ودليل القائلين بالطهارة رواية الفرك فلو كان نجسا لم يكف فركه كالدم وغيره قالوا ورواية الغسل محمولة علی

۱؎ الحاشية للنووی علی صحيح مسلم 198/3

۴۴۰- اخرجه الطبرانی فی الكبير (۱۱/ ۱۴۸) رقم (۱۱۳۲۱): حدثنا الحسين بن اسحاق التستری' ثنا سعيد بن يحيی الازهر' به- ورواه البيهقی (۲/ ۴۱۸) كتاب الطهارة' باب المنی يصيب الثوب: انبا ابو بكر بن الحارث الفقيه' انبا ابو محمد بن حيان' ثنا عبد الله بن قحطبة' ثنا مريع الخادم' ثنا اسحاق الازرق' به- قال البيهقی: (رواه وكيع عن ابن ابی ليلی موقوفا علی ابن عباس' وهو الصحيح)- اه- وقال الهيثمی فی المجمع (۱/ ۲۸۴): (رواه الطبرانی فی الكبير' وفيه محمد بن عبيد الله العرزمی' وهو مجمع علی ضعفه)- اه- قلت: وهذا وهم من الهيثمی - رحمه الله - فانه ليس فی اسناده العرزمی هذا ! فتنبه- والله اعلم- ومحمد بن عبد الرحمن بن ابی ليلی: قال فيه المصنف هنا: (ثقة فی حفظه شیء)' وقال فی السنن ايضا (۲/ ۲۶۲) (ردیء الحفظ' كثير الوهم)- وقال فيه الحافظ فی التقريب (۲/ ۱۸۴): (صدوق سیء الحفظ جدا)- اه-

Marfat.com

الاستحباب والتنزيه واختيار النظافة والله اعلم هذا حكم منى الآدمى ولنا قول شاذ ضعيف ان منى المراة نجس دون منى الرجل وقول اشذ منه ان منى المراة والرجل نجس والصواب انهما طاهران [1]

انسان کی منی کے بارے میں اہلِ علم نے اختلاف کیا ہے' امام مالک اور امام ابوحنیفہ نے اسے نجس قرار دیا ہے' البتہ امام ابوحنیفہ اس بات کے قائل ہیں: اگر وہ خشک ہو چکی ہو تو اسے پاک کرنے کے لیے صرف کھرچ دینا کافی ہے' ایک روایت کے مطابق امام احمد بن حنبل بھی اس بات کے قائل ہیں۔

امام مالک یہ کہتے ہیں: منی خشک ہو چکی ہو یا تر حالت میں ہو' اسے دھونا ضروری ہے۔

شیخ لیث بن سعد فرماتے ہیں: یہ ناپاک ہوتی ہے (لیکن کپڑے پر اگر یہ لگی ہوئی ہو اور آدمی نے نماز ادا کر لی ہو) تو اب اس نماز کو دُہرایا نہیں جائے گا۔

حسن بصری یہ فرماتے ہیں: کپڑے پر منی لگی ہوئی ہو تو اس نماز کو دُہرایا نہیں جائے گا خواہ وہ زیادہ ہی ہو لیکن اگر وہ جسم پر لگی ہوئی ہو تو اس نماز کو دُہرایا جائے گا خواہ وہ تھوڑی ہی ہو۔

اکثر اہلِ علم اس بات کے قائل ہیں: منی پاک ہوتی ہے۔

یہ روایت حضرت علی بن ابوطالب' حضرت سعد بن ابی وقاص' حضرت عبداللہ بن عمر' سیدہ عائشہ صدیقہ' داؤد ظاہری اور صحیح روایت کے مطابق امام احمد بن حنبل سے منقول ہے۔

امام شافعی اور علمِ حدیث کے ماہرین بھی اسی بات کے قائل ہیں' اس نے یہ غلط بیان کی ہے جس نے یہ کہا ہے' امام شافعی اسے پاک قرار دینے میں منفرد ہیں۔

جو حضرات اس کے نجس ہونے کے قائل ہیں' انہوں نے اپنے مؤقف کی تائید میں اسے دھونے والی روایت پیش کی ہے' جو حضرات اس کے پاک ہونے کے قائل ہیں' انہوں نے اپنے مؤقف کی تائید میں کھرچ دینے والی روایت پیش کی ہے۔

اگر یہ ناپاک ہوتی تو محض اسے کھرچ دینا کافی نہ ہوتا' جیسے خون وغیرہ کا یہی حکم ہے۔

یہ حضرات فرماتے ہیں: دھونے والی روایت کو استحباب اور پاک صاف کرنے پر محمول کیا جائے گا کہ انسان نفاست کو اختیار کرے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

یہ حکم مرد کی منی کے بارے میں ہے اور ہمارے ہاں ایک شاذ اور ضعیف قول یہ ہے: عورت کی منی ناپاک ہوتی ہے اور مرد کی منی ناپاک نہیں ہوتی۔

اور اس سے بھی زیادہ شاذ قول یہ ہے: مرد اور عورت دونوں کی منی ناپاک ہوتی ہے' درست یہ ہے: یہ دونوں پاک ہوتی ہیں۔

حافظ ابن حجر کا بیان:

اسی موضوع کی وضاحت کرتے ہوئے صحیح بخاری کے عظیم شارح حافظ ابن حجر عسقلانی تحریر کرتے ہیں:

لم يخرج البخارى حديث الفرك بل اكتفى بالاشارة اليه فى الترجمة على عادته لانه ورد من حديث

Marfat.com

عائشة ايضا كما سنذكره وليس بين حديث الغسل وحديث الفرك تعارض لان الجمع بينهما واضح على القول بطهارة المنى بان يحمل الغسل على الاستحباب للتنظيف لا على الوجوب وهذه طريقة الشافعي واحمد واصحاب الحديث وكذا الجمع ممكن على القول بنجاسته بان يحمل الغسل على ما كان رطبا والفرك على ما كان يابسا وهذه طريقة الحنفية والطريقة الاولى ارجح لان فيها العمل بالخبر والقياس معا لانه لو كان نجسا لكان القياس وجوب غسله دون الاكتفاء بفركه كالدم وغيره[1]

امام بخاری نے کھرچ دینے سے متعلق روایت کو نقل نہیں کیا بلکہ ترجمۃ الباب میں اس کی طرف اشارہ کر دیا ہے جیسا کہ ان کا عام معمول ہے کیونکہ اس بارے میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے حدیث منقول ہے، جسے ہم عنقریب ذکر کریں گے، ویسے بھی دھو دینے اور کھرچ دینے والی روایات میں تعارض نہیں پایا جاتا کیونکہ ان دونوں کو جمع کرنا واضح ہے، یعنی آپ اس بات کے قائل ہوں کہ منی پاک ہوتی ہے اور غسل کو استحباب پر محمول کیا جائے تاکہ اچھی طرح صفائی حاصل ہو جائے، یہ وجوب کے طور پر نہ ہو، یہ امام شافعی، امام احمد بن حنبل اور محدثین کا طریقہ ہے۔

اسی طرح اس قول کے مطابق بھی اسے جمع کرنا ممکن ہے کہ اسے نجس قرار دیا جائے اور دھونے کے حکم کو اس صورتِ حال پر محمول کیا جائے جب وہ تر ہو اور کھرچنے کو اس صورتِ حال پر محمول کیا جائے جب وہ خشک ہو چکی ہو۔

یہ احناف کا طریقہ ہے لیکن پہلے والا طریقہ زیادہ قابل ترجیح ہے، کیونکہ اس میں حدیث اور قیاس دونوں پر عمل کیا جا رہا ہے، اس لیے کہ اگر یہ ناپاک ہوتی تو قیاس کا تقاضا یہ تھا: اسے دھونا لازم ہوتا محض کھرچ دینا کافی نہ ہوتا (جیسا کہ خون وغیرہ کا یہی حکم ہے)۔

علامہ عینیؒ کا تبصرہ:

علامہ ابن حجر کے اس بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے حافظ بدرالدین محمود عینی تحریر کرتے ہیں:

وقال بعضهم لم يخرج البخارى حديث الفرك بل اكتفى بالاشارة اليه فى الترجمة على عادته لانه ورد من حديث عائشة رضى الله تعالى عنها ايضا قلت هذا اعتذار بارد لان الطريقة انه اذا ترجم الباب بشىء ينبغى ان يذكره وقوله بل اكتفى بالاشارة اليه كلام واه لان المقصود من الترجمة معرفة حديثها والا فمجرد ذكر الترجمة لا يفيد شيئا والحديث الذى فى هذا الباب لا يدل على الفرك ولا على غسل ما يصيب من المراة واعتذر الكرمانى عنه بقوله واكتفى بايراد بعض الحديث وكثيرا يقول مثل ذلك او كان فى قصده ان يضيف اليه ما يتعلق به ولم يتفق له او لم يجد رواته بشرطه قلت كل هذا لا يجدى ولكن حبك للشىء يعمى ويصم ثم ان بعضهم ذكر فى اول هذا الباب كلاما لا يذكره من له بصيرة وروية وفيه رد لما ذهب اليه الحنفية ومع هذا اخذ كلامه هذا من كلام خطابى مع تغيير وهو انه قال وليس بين حديث

[1] فتح البارى لابن حجر عسقلانى، 332/1

Marfat.com

الغسل وحديث الفرك تعارض لان الجمع بينهما واضح على القول بطهارة المنى بان يحمل الغسل على الاستحباب للتنظيف لا على الوجوب وهذه طريقة الشافعي واحمد واصحاب الحديث وكذا الجمع ممكن على القول بنجاسته بان يحمل الغسل على ما كان رطبا والفرك على ما كان يابسا وهذه طريقة والطريقة الاولى ارجح لان فيها العمل بالخبر والقياس معا لانه لو كان نجسا لكان القياس وجوب غسله دون الاكتفاء بفركه كالدم وغيره وهم لا يكتفون فيما لا يعفى عنه من الدم بالفرك قلت من هو الذى ادعى تعارضا بين الحديثين المذكورين حتى يحتاج الى التوفيق ولا نسلم التعارض بينهما اصلا بل حديث الغسل يدل على نجاسة المنى بدلالة غسله وكان هذا هو القياس ايضا فى يابسه ولكن خص بحديث الفرك وقوله بان يحمل الغسل على الاستحباب للتنظيف لا على الوجوب كلام واه وهو كلام من لا يدرى مراتب الامر الوارد من الشرع فاعلى مراتب الامر الوجوب وادناها الاباحة وهنا لا وجه للثانى لانه عليهم الصلاة والسلام لم يتركه على ثوبه ابدا وكذلك الصحابة من بعده ومواظبته على فعل شىء من غير ترك فى الجملة يدل على الوجوب بلا نزاع فيه وايضا الاصل فى الكلام الكمال فاذا اطلق اللفظ ينصرف الى الكامل اللهم الا ان ينصرف ذلك بقرينة تقوم فتدل عليه حينئذ وهو فحوى كلام اهل الاصول ان الامر المطلق اى المجرد عن القرائن يدل على الوجوب ثم قوله والطريقة الاولى ارجح الخ غير راجح فضلا ان يكون ارجح بل هو غير صحيح لانه قال فيها العمل بالخبر وليس كذلك لان من يقول بطهرة المنى يكون غير عامل بالخبر لان الخبر يدل على نجاسته كما قلنا وكذلك قوله فيها العمل بالقياس غير صحيح لان القياس وجوب غسله مطلقا ولكن خص بحديث الفرك لما ذكرنا فان قلت ما لا يجب غسل يابسه لا يجب غسل رطبه كالمخاط قلت لا نسلم ان القياس صحيح لان المخاط لا يتعلق بخروجه حدث ما اصلا والمنى موجب لاكبر الحدثين وهو الجنابة فان قلت سقوط الغسل فى يابسه يدل

قوله كالدم وغيره الى آخره قياس فاسد لانه لم يات نص بجواز الفرك فى الدم ونحوه وانما جاء فى يابس المنى على خلاف القياس فيقتصر على مورد النص [1]

بعض حضرات (اس سے ابن حجر مراد ہیں) نے یہ بات بیان کی ہے: امام بخاری نے کھرچ دینے سے متعلق روایت نقل نہیں کی ہے بلکہ اس کی طرف ترجمۃ الباب میں اشارہ کر دیا ہے جیسا کہ ان کا عام معمول ہے کیونکہ یہ روایت سیدہ عائشہ کے حوالے سے منقول ہے۔

میں یہ کہتا ہوں: یہ کوئی قابل ذکر عذر نہیں ہے کیونکہ طریقہ تو یہ ہے: جب آپ کسی چیز کے بارے میں ترجمۃ الباب قائم کرتے ہیں تو آپ اسے ذکر کریں اور ان صاحب کا یہ کہنا: انہوں نے اس کی طرف اشارہ کر دیا ہے یہ کافی ہے یہ مناسب کلام نہیں ہے کیونکہ ترجمۃ الباب کا مقصد یہ ہے کہ اس سے متعلق حدیث کی معرفت حاصل کی جائے محض ترجمۃ الباب ذکر کر دینا تو کسی چیز کا فائدہ نہیں دیتا اور اس کے بعد اس باب میں جو حدیث ذکر کی گئی ہے وہ نہ تو کھرچنے پر دلالت کرتی ہے اور نہ

[1] عمدة القاری للعینی 144/3

Marfat.com

ہی دھونے پر دلالت کرتی ہے' یعنی وہ چیز جو عورت کے جسم سے (مرد کے جسم پر لگ جاتی ہے)۔

امام کرمانی نے ان کی طرف سے یہ عذر پیش کیا ہے' یہاں پر روایت کے بعض حصے کو نقل کر دینا کافی ہے' بہت سے حضرات نے یہی بات بیان کی ہے یا پھر یہ ہے کہ ان کا مقصد یہ ہوگا کہ وہ اس کی طرف اس چیز کی نسبت کریں جو اس کے متعلق ہے اور اس کے ساتھ اتفاق نہیں ہے' ہوسکتا ہے کہ انہیں اس حوالے سے اپنی شرط کے مطابق راوی نہ ملے ہوں۔

میں یہ کہتا ہوں کہ یہ بھی کوئی قابل ذکر بات نہیں ہے' کسی چیز کی محبت انسان کو اندھا اور بہرہ کر دیتی ہے۔

پھر بعض حضرات نے یہ بات ذکر کی ہے کہ امام بخاری نے اس باب کے آغاز میں کلام ذکر کیا ہے' جسے ایسا کوئی بھی شخص ذکر کرنا پسند نہیں کرے گا جس کے اندر تھوڑی سی بھی سمجھ بوجھ موجود ہو اور اس میں احناف کے مؤقف کی تردید ہے۔

(علامہ عینی کہتے ہیں:) انہوں نے یہ کلام خطابی کے کلام سے نقل کیا ہے اور اس میں تھوڑی سی تبدیلی کر دی ہے' انہوں نے جو یہ کہا ہے کہ دھونے اور کھرچ دینے والی حدیث کے درمیان تعارض نہیں ہے' کیونکہ ان دونوں کو جمع کیا جا سکتا ہے' اس اعتبار سے کہ منی کی طہارت کا فتویٰ دیا جائے اور دھونے والی روایت کو زیادہ صفائی حاصل کرنے کے لیے استحباب پر محمول کیا جائے' اس وجوب پر محمول نہ کیا جائے' امام شافعی' امام احمد بن حنبل اور محدثین کا طریقہ یہی ہے' اسی طرح اس کو جمع کرنا اس حوالے سے بھی ممکن ہے کہ اس کے نجس ہونے کا فتویٰ دیا جائے او دھونے کے حکم کو اس صورت پر محمول کیا جائے جب وہ تر ہو اور کھرچنے کے حکم کو اس صورت پر محمول کیا جائے جب وہ خشک ہو لیکن پہلے والا طریقہ زیادہ قابل ترجیح ہے کیونکہ اس میں خبر اور قیاس دونوں پر عمل کیا جا رہا ہے لیکن اگر یہ نجس ہو تو قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ اسے دھونا ضروری ہے محض کھرچ دینا کافی نہ ہو' جیسا کہ خون وغیرہ کا یہی حکم ہے کہ جب وہ اتنی مقدار میں لگا ہوا ہو جو قابل معافی نہ ہو تو وہ اس میں کھرچنے پر اکتفا نہیں کرتے ہیں۔

(علامہ عینی کہتے ہیں:) میں یہ کہتا ہوں کہ وہ شخص کون ہے جو اس بات کا دعوے دار ہے کہ ان دونوں روایات کے درمیان تعارض پایا جاتا ہے تا کہ ان کے درمیان توفیق کی ضرورت محسوس ہو' ہم اپنی اصل کے اعتبار سے ان دونوں کے درمیان تعارض کو تسلیم ہی نہیں کرتے ہیں بلکہ ہم تو یہ کہتے ہیں کہ دھونے والی روایت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ منی ناپاک ہے کیونکہ دھونا اس بات پر دلالت کرتا ہے اور قیاس کا تقاضا بھی یہی ہے کہ اگر وہ خشک ہو تو بھی یہی حکم ہو' لیکن کھرچنے والی روایت سے اس کی خصوصیت ثابت ہوگئی ہے (کہ اس کو استثنائی طور پر محمول کیا جائے گا)۔

ان کا یہ کہنا کہ دھونے کا حکم کو زیادہ صفائی حاصل کرنے کے لیے استحباب پر محمول کیا جائے گا' وجوب پر محمول نہیں کیا جائے گا' اس کلام میں بھی کوئی پختگی نہیں ہے' اور یہ بات ایسا شخص کہہ سکتا ہے جو شریعت کی طرف سے آنے والے احکام کے مراتب سے واقفیت نہ رکھتا ہو' امر کا سب سے بلند ترین مرتبہ وجوب ہے اور اس کا سب سے کم تر مرتبہ مباح ہونا ہے اور یہاں دوسری صورت کی تو کوئی گنجائش ہی نہیں ہے (یعنی آپ اسے مباح قرار نہیں دے سکتے) کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے اسے کبھی بھی اپنے کپڑوں پر لگا نہیں رہنے دیا' اسی طرح آپ ﷺ کے بعد صحابہ کرام نے بھی یہی طرز عمل اختیار کیا ہے تو نبی اکرم ﷺ کا کسی بھی فعل پر باقاعدگی اختیار کرنا اور اسے کبھی ترک نہ کرنا' اس بات پر دلالت کرے گا کہ ایسا کرنا واجب ہے

Marfat.com

اور اس بارے میں کوئی بھی اختلاف نہیں ہے۔

دوسرا پہلو یہ ہے کہ کلام میں اصل مفہوم کامل مراد ہوتا ہے تو جب لفظ مطلق ہوگا تو اسے کامل مفہوم کی طرف پھیرا جائے گا ماسوائے اس کے کہ کوئی قرینہ اسے کسی دوسرے مفہوم کی طرف لے جائے اور وہ پھر دوسرے مفہوم پر دلالت کر رہا ہو' علم اصول کے ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ جب کوئی حکم مطلق طور پر منقول ہو' یعنی کسی قرینے کے بغیر ہو تو وہ وجوب پر دلالت کرتا ہے۔

پھر ان کا (یعنی ابن حجر کا) یہ کہنا پہلا طریقہ زیادہ ہے (تو میرے بھائی) وہ تو بھی نہیں ہے چہ جائیکہ آپ اسے زیادہ قرار دیں بلکہ وہ تو صحیح بھی نہیں ہے کیونکہ اس میں انہوں نے یہ کہا ہے: اس میں خبر پر عمل بھی ہو رہا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے اس لیے کہ جو لوگ منی کی طہارت کے قائل ہیں وہ اس خبر پر عمل ہی نہیں کر رہے کیونکہ خبر تو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ وہ ناپاک ہے' جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔

اسی طرح ان کا (یعنی ابن حجر کا) یہ کہنا کہ اس میں قیاس پر بھی عمل کیا جا رہا ہے' یہ بھی صحیح نہیں کیونکہ قیاس تو مطلق طور پر اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اسے دھونا لازم ہونا چاہیے' لیکن کھرچنے والی روایت سے اس کا مخصوص ہونا ثابت ہو رہا ہے' جیسا کہ ہم پہلے یہ بت بیان کر چکے ہیں۔

اگر آپ یہ سوال کریں کہ جس چیز کو خشک ہونے کی حالت میں دھونا لازم نہیں ہوتا' اسے تر ہونے کی حالت میں بھی دھونا لازم نہیں ہوتا جیسے بلغم وغیرہ کا حکم ہے تو میں یہ جواب دوں گا کہ ہم اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کہ یہ قیاس درست ہے' اس کی وجہ یہ ہے کہ بلغم نکلنے کی وجہ سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے (لہٰذا بلغم اور منی کے خروج کا حکم مختلف ہوگا)۔

جبکہ منی کے خروج کی وجہ سے غسل کرنا لازم ہو جاتا ہے اور یہ حکم جنابت کا ہے۔

اگر آپ یہ کہیں کہ خشک منی کو دھونے کے حکم کا ساقط ہونا اس بات پر دلالت کرتا ہے جو ابن حجر نے کہی ہے کہ یہ خون کی طرح ہے تو یہ قیاس بھی درست نہیں ہوگا' اس کی وجہ یہ ہے کہ ایسی کوئی روایت منقول نہیں ہے جو خون کو کھرچ دینے کے بارے میں ہو' یہ روایت صرف خشک منی کے بارے میں منقول ہے اور کیونکہ یہ خلافِ قیاس ہے لہٰذا یہ اپنی اصل تک مخصوص رہے گی' (اس کے علاوہ اس کے بارے میں حکم نہیں دیا جائے گا)۔

441- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي لَيْلَى عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي الْمَنِيِّ يُصِيبُ الثَّوْبَ قَالَ اِنَّمَا هُوَ بِمَنْزِلَةِ النُّخَامَةِ وَالْبُزَاقِ اَمِطْهُ عَنْكَ بِاِذْخِرَةٍ.

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے کپڑوں پر منی لگ جانے کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے یہ

۴۴۱- اخرجه البيهقي في الكبرٰى (۱/ ۴۱۸) كتاب الصلوٰة' باب المني يصيب الثوب: انبا يحيى بن ابراهيم بن محمد بن يحيى المزكي' ثنا ابو العباس محمد بن يعقوب' انبا الربيع بن سليمان' انبا الشافعي' ابنا سفيان عن عمرو بن دينار' وابن جريج كلاهما يخبره عن عطاء عن ابن عباس ...... فذكره بنحوه- ورواه الطحاوي في شرح معاني الاثار (۱/ ۵۲): حدثنا سليمان بن شعيب' قال: ثنا عبد الرحمن' قال: ثنا شعبة' عن عمرو بن دينار عن عطاء عن ابن عباس' ورواه ايضا في (شرح المعاني) (۱/ ۵۲): حدثنا حسين بن نصر' قال: ثنا ابو نعيم' قال: ثنا سفيان عن حبيب عن سعيد بن جبير عن ابن عباس مختصراً- قال البيهقي: (وقد روي مرفوعاً' ولا يصح رفعه)- اه-

Marfat.com

بات فرمائی ہے: یہ بلغم اور تھوک کی طرح ہے تم اسے گھاس کے ذریعے صاف کرلو۔

442- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ التِّرْمِذِيُّ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَفْرُكُ الْمَنِيَّ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا كَانَ يَابِسًا وَاَغْسِلُهُ اِذَا كَانَ رَطْبًا.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے منی کو کھرچ دیتی تھی' جب وہ خشک ہوتی تھی اور اگر وہ تر ہوتی تھی تو میں اسے دھولیتی تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ زید بن ابوالزرقاء یزید تغلبی، موصلی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 194ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۳)(۲۱۵۰)۔

○ عمرو بن میمون بن مہران جزریپ، ابوعبداللہ وابوعبدالرحمٰن، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 147ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۲۶)(۵۱۵۶)۔

○ سلیمان بن یسار ہلالی، مدنی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 100ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۱۴)(۲۶۳۴)

443- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَبِي الزَّرْقَاءِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنْ كُنْتُ لَاَتَّبِعُهُ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۴۴۲- اخرجه ابو عوانة (۱/ ۲۰٤) من طريق الاوزاعي عن يحيى عن عمرة عن عائشة' ورواه البيهقي في الكبرٰى (۲/ ٤١٧) كتاب الصلوٰة' باب المني يصيب الثوب من طريق الشافعي' انبا عمرو بن ابي سلمة عن الاوزاعي عن يحيى بن سعيد عن القاسم عن عائشة ...... فذكره' ثم قال: (وقيل: عن بشر بن بكر عن الاوزاعي عن يحيى عن عمرة عن عائشة -رضي الله عنها-)- وسياتي من طريق سليمان بن يسار عنها-

۴۴۳- اخرجه البخاري (۱/ ٤٤٥) كتاب الوضوء' باب غسل المني' الحديث (۲۲۹)' واطرافه في (۲۳۰)' (۲۳۱)' (۲۳۲)' ومسلم (۲/ ۲۰۰) كتاب الطهارة' باب حكم المني' الحديث (۲۸۹)' وابو داؤد (۱/ ۱۰۲) كتاب الطهارة' باب المني يصيب الثوب' الحديث (۳۷۳)' والترمذي (۱/ ۲۰۱) كتاب الطهارة' باب غسل المني من الثوب' الحديث (۱۱۷)' والنسائي (۱/ ۱۵۶) كتاب الطهارة' باب غسل المني من الثوب' وابن ماجه (۱/ ۱۷۸) كتاب الطهارة' باب المني يصيب الثوب' الحديث (۵۳۶)' واحمد في المسند (۶/ ٤۷' ۱٤۲' ۲۳۵)' وابو عوانة في صحيحه (۱/ ۲۰٤)' وابن حبان في صحيحه (٤/ ۲۲۰) رقم (۱۳۸۱)' (۱۳۸۲)' وابن خزيمة في صحيحه رقم (۲۸۷)' والبيهقي في الكبرٰى (۲/ ٤١٨- ٤١٩) كتاب الصلوٰة' باب الاختيار في غسل المني تنظفاً' والبغوي في شرح السنة رقم (۲۹۷)- كلهم من طريق عمرو ابن ميمون عن سليمان بن يسار' به-

Marfat.com

وَسَلَّمَ) فَاَغْسِلُهُ .صَحِيْحٌ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اگر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے میں (منی کا) داغ دیکھتی تھی تو اسے دھو دیتی تھی۔ یہ روایت مستند ہے۔

444- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا اَصَابَ ثَوْبَهُ مَنِيٌّ غَسَلَهُ ثُمَّ يَخْرُجُ اِلَى الصَّلَاةِ وَاَنَا اَنْظُرُ اِلٰى بُقْعِهِ مِنْ اَثَرِ الْغَسْلِ فِىْ ثَوْبِهِ .صَحِيْحٌ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے پر منی لگ جاتی تو آپ اسے دھو لیتے اور نماز کے لیے تشریف لے جاتے' جب کہ آپ کے کپڑے پر دھونے کے اثر کے نشان میں دیکھ رہی ہوتی تھی۔

445- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُثْمَانَ سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِىْ اِسْرَائِيْلَ حَدَّثَنَا الْمُتَوَكِّلُ بْنُ الْفُضَيْلِ عَنْ اُمِّ الْقَلُوْصِ عَمْرَةَ الْغَاضِرِيَّةِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَا يَرٰى عَلَى الثَّوْبِ جَنَابَةً وَّلَا الْاَرْضِ جَنَابَةً وَّلَا يُجْنِبُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ .لَا يَثْبُتُ هٰذَا .اُمُّ الْقَلُوْصِ لَا تَثْبُتُ بِهَا حُجَّةٌ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ سمجھتے تھے' کپڑے کو جنابت لاحق نہیں ہوتی' زمین کو جنابت لاحق نہیں ہوتی اور کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو جنبی نہیں کرتا۔

یہ روایت ثابت نہیں ہے'اس روایت کی راوی اُم قلوص نامی خاتون کو مستند تسلیم نہیں کیا گیا۔

47- باب الْجُنُبُ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّنَامَ اَوْ يَاْكُلَ اَوْ يَشْرَبَ كَيْفَ يَصْنَعُ

باب: جب جنبی شخص سونے' کھانے یا پینے کا ارادہ کرے تو وہ کیا کرے؟

446- حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيٰى عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ

۴۴۵-وعمرة الغاضرية ام القلوص: قال الحافظ في التقريب (٦٠٧/٢): (عن عائشة' وعنها المتوكل بن الفضل في الدارقطني)- اھ- وانظر الحديث رقم (٣٩٢)-

۴۴۶-اخرجه احمد (٩١/٦)' من طريق ابن لهيعة' عن ابي الاسود' عن عروة' عن عائشة بلفظ: (من اراد ان ينام وهو جنب' فليتوضا وضوءه للصلوة) وهو عند الاكثرين بدون هذه الزيادة' فقد اخرجه احمد (٣٦/٦)' والبخاري (٣٩٢/١) كتاب الغسل' باب كينونة الجنب في البيت اذا توضا قبل ان يغتسل' الحديث (٢٨٦)' ومسلم (٢٤٨/١) كتاب الحيض' باب جواز نوم الجنب' الحديث (٣٠٥/٢١)' وابو داؤد (١٥٠/١-١٥١) كتاب الطهارة' باب الجنب ياكل' الحديث (٢٢٢)' والنسائي (١٣٩/١) كتاب الطهارة' باب وضوء الجنب اذا اراد ان ينام' وابن ماجه (١٣٩/١) كتاب الطهارة' باب من قال: لا ينام الجنب حتى يتوضا وضوءه للصلوة' الحديث (٥٨٤)' والدارمي (١٠٨/٢) كتاب الاطعمة' باب في الجنب ياكل من حديث ابي سلمة عنها: (ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا اراد ان ينام وهو جنب توضا وضوءه للصلوة قبل ان ينام)- ولفظ البخاري' عن ابي سلمة' قال: (سالت عائشة: اكان النبي صلى الله عليه وسلم يرقد وهو جنب! قالت: نعم' ويتوضا)- وفي رواية له من حديث عروة عنها قالت: (كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا اراد ان ينام وهو جنب غسل فرجه' وتوضا للصلوة)-

Marfat.com

اَبِیْ سَلَمَةَ اَوْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا اَصَابَتْهُ جَنَابَةٌ فَاَرَادَ اَنْ يَّنَامَ تَوَضَّا وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّاْكُلَ غَسَلَ كَفَّيْهِ ثُمَّ اَكَلَ ۔ صَحِيْحٌ ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جنابت لاحق ہوتی اور آپ سونے کا ارادہ کرتے تو آپ نماز کے وضو کی طرح وضو کر لیتے' لیکن اگر اس حالت میں کچھ کھانے کا ارادہ کرتے تو آپ اپنی دونوں ہتھیلیاں دھو کر کھا لیتے۔ یہ روایت مستند ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ طلحہ بن یحییٰ بن نعمان بن ابوعیاش زرقی، انصاری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۶۵)(۳۰۵۴)۔

447- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الصَّائِغُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا اَبُوْ ضَمْرَةَ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ وَاَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّنَامَ وَهُوَ جُنُبٌ تَوَضَّا وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّطْعَمَ غَسَلَ يَدَيْهِ ثُمَّ اَكَلَ ۔صَحِيْحٌ ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب جنابت کی حالت میں سونے کا ارادہ کرتے تو آپ نماز کے وضو کی طرح وضو کر لیتے اور اگر (جنابت کی حالت میں) کچھ کھانے کا ارادہ کرتے تو دونوں ہاتھ دھو کر وہ چیز کھا لیتے۔

یہ روایت مستند ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن اسماعیل بن سالم، ابوجعفر صائغ :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 276ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲/۴۸)۔

○ ابراہیم بن منذر بن عبد اللہ بن منذر بن مغیرۃ بن عبد اللہ بن خالد بن حزام اسدی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 236ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۱۶)(۲۵۵)۔

○ انس بن عیاض بن ضمرۃ، ابوعبد الرحمٰن لیثی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ

Marfat.com

راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 200ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۵۴) (۵۶۹)۔

448- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّنَامَ وَهُوَ جُنُبٌ تَوَضَّاَ وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ قَبْلَ اَنْ يَّنَامَ وَكَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّطْعَمَ وَهُوَ جُنُبٌ غَسَلَ كَفَّيْهِ وَمَضْمَضَ فَاهُ ثُمَّ طَعِمَ . صَحِيْحٌ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب جنابت کی حالت میں سونے کا ارادہ کرتے تو سونے سے پہلے نماز کے وضو کی طرح وضو کر لیتے اور اگر کچھ کھانے کا ارادہ کرتے جبکہ آپ جنابت کی حالت میں ہوتے تو آپ اپنے دونوں ہاتھ دھو لیتے اور کلی کر کے وہ چیز کھا لیتے۔

یہ روایت مستند ہے۔

48- باب نَسْخِ قَوْلِهِ الْمَاءُ مِنَ الْمَآءِ .

باب: صرف انزال کی وجہ سے غسل لازم ہونے کا حکم منسوخ ہے

449- حَدَّثَنَا الْقَاضِىْ اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ بُجَيْرٍ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مِرْدَاسٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ حَدَّثَنَا مُبَشِّرٌ الْحَلَبِىُّ عَنْ مُحَمَّدٍ اَبِىْ غَسَّانَ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنِىْ اُبَىُّ بْنُ كَعْبٍ اَنَّ الْفُتْيَا الَّتِىْ كَانُوْا يُفْتُوْنَ اَنَّ الْمَاءَ مِنَ الْمَآءِ كَانَتْ رُخْصَةً رَخَّصَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِىْ بَدْءِ الْاِسْلَامِ ثُمَّ اَمَرَنَا بِالْاِغْتِسَالِ بَعْدُ . صَحِيْحٌ.

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بیان کی ہے: کچھ لوگ یہ کہتے ہیں: انزال کی وجہ سے غسل لازم ہوتا ہے (حالانکہ درحقیقت) یہ ایک رخصت تھی' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کے ابتدائی زمانے میں عطاء کی تھی' اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں غسل کرنے کا حکم دیا۔

یہ روایت مستند ہے۔

۴۴۹–اخرجه ابو داؤد (۱۴۷/۱) كتاب الطهارة' باب في الاكسال' الحديث (۲۱۵)' وابن ابي شيبة (۸۹/۱) كتاب الطهارة' باب من قال: اذا التقى الختانان فقد وجب الغسل' واحمد (۱۱۵/۵)' والدارمي (۱۹۴/۱) كتاب الطهارة' باب الماء من الماء' والترمذي (۱۸۳/۱–۱۸۴): كتاب الطهارة' باب ما جاء ان الماء من الماء' الحديث (۱۱۰)' وابن ماجه (۲۰۰/۱) كتاب الطهارة' باب الماء من الماء' الحديث (۶۰۹)' وابن الجارود ص (۴۰) كتاب الطهارة' باب في الجنابة والتطهر لها' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۵۷/۱) كتاب الطهارة' باب الذي يجامع ولا ينزل' والبيهقي (۱۶۵/۱) كتاب الطهارة' باب وجوب الغسل بالتقاء الختانين' وابن خزيمة (۱۱۲/۱) كتاب الطهارة' باب ذكر نسخ اسقاط الغسل في الجماع من غير امناء (۱۷۷)' الحديث (۲۲۵)' وابن حبان (موارد الظمآن الى زوائد ابن حبان) ص (۸۰) كتاب الطهارة' باب ما يوجب الغسل' الحديث (۲۲۸)' وقال الترمذي: (هذا حديث حسن صحيح' وصححه ابن خزيمة' وابن حبان' لكنه وقع عندهم عن الزهري عن سهل)۔

Marfat.com

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ بن قیس بن عبید بن زید بن معاویہ بن مالک بن نجار کا تعلق انصار کے قبیلے خزرج سے ہے۔

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کی دو کنیتیں ہیں۔ ان کی ایک کنیت ''ابوالمنذر'' ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تجویز کی تھی۔

ان کی دوسری کنیت ابوطفیل ہے۔ یہ کنیت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تجویز کی تھی کیونکہ ان کے ایک صاحب زادے کا نام طفیل تھا۔

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کو بیعت عقبہ اور غزوۂ بدر میں شرکت کا شرف حاصل ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے بارے میں یہ فرمایا ہے: ''اُبی'' ہی تمام مسلمانوں کے سردار ہیں۔

حضرت اُبی رضی اللہ عنہ سے روایت کرنے والے لوگوں میں صحابہ کرام میں سے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما شامل ہیں جبکہ ان کے علاوہ عبداللہ بن خطاب' حضرت ابی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے طفیل' نے بھی ان سے احادیث روایت کی ہیں۔

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے فضائل و مناقب میں احادیث بھی منقول ہیں جیسا کہ ایک روایت کے مطابق:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ حکم دیا ہے کہ میں تمہارے سامنے سورہ ''لم یکن'' کی تلاوت کروں' حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا اللہ تعالیٰ نے میرا نام لیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: جی ہاں! تو حضرت ابی رضی اللہ عنہ (خوشی کی وجہ سے) رونے لگے۔

حضرت ابی رضی اللہ عنہ کے انتقال کے بارے میں مؤرخین میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: انہوں نے ۲۲ ہجری میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں انتقال کیا۔

جبکہ بعض حضرات کے بیان کے مطابق ان کا انتقال ۳۰ ہجری میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دور حکومت میں ہوا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن مہران جمال ابوجعفر رازی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 239ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۹۰۰) (۶۳۶۳)۔

طبقات ابن سعد (498/3) طبقات خلیفہ بن خیاط (ص 88) التاریخ الکبیر (39/2) الجرح والتعدیل لابن ابی حاتم (29/2) المعرفۃ والتاریخ للفسوی (315/1) معجم الصحابۃ للبغوی (ق 1/1) الثقات لابن حبان (5/3) المستدرک للحاکم (302/3) معرفۃ الصحابۃ لابی نعیم (163/2) المعجم الکبیر للطبرانی (197/1) الاستیعاب لابن عبد البر (65/1) تہذیب الکمال للمزی (262/2) اسد الغابۃ (61/1) سیر اعلام النبلاء (389/1) تذکرۃ الحفاظ (187/1) تجرید اسماء الصحابۃ (52/1) الکاشف (52/1) الاصابۃ (16/1) التہذیب (187/1) التقریب (ص96) الریاض المستطابۃ (ص 27)

Marfat.com

توضیح مسئلہ:
غسل کے وجوب کے لئے انزال ہونا شرط ہے'اس حکم کے بارے میں اہلِ علم کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے امام ترمذیؒ تحریر کرتے ہیں:

امام ترمذیؒ کا بیان:
وانما كان الماء من الماء فی اول الاسلام ثم نسخ بعد ذلك وهكذا روى غير واحد من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم منهم: ابی بن كعب و رافع بن خديج والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم: على انه اذا جامع الرجل امراته فی الفرج وجب عليهما الغسل وان لم ينزلا ١ ۔

انزال کی وجہ سے غسل لازم ہونے کا حکم اسلام کے ابتدائی زمانے میں تھا'اس کے بعد اسے منسوخ کر دیا گیا' کئی صحابہ کرام نے اس بات کو بیان کیا ہے'جن میں حضرت اُبی بن کعب اور حضرت رافع بن خدیج شامل ہیں۔

اکثر اہلِ علم کے نزدیک اس پر عمل کیا جاتا ہے'یعنی جب کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ اس کی شرم گاہ میں صحبت کرتا ہے تو اب ان دونوں پر غسل لازم ہو جاتا ہے خواہ ان دونوں کو انزال نہ ہوا ہو۔

مصنف عبدالرزاق کی روایت:
اسی حوالے سے روایت نقل کرتے ہوئے امام عبدالرزاق نے اپنی سند کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے کہ معمر یہ کہتے ہیں:

عبد الرزاق عن معمر قال اخبرنی من سمع ابا جعفر يقول كان المهاجرون يامرون بالغسل وكانت الانصار يقولون الماء من الماء فمن يفصل بين هؤلاء وقال المهاجرون اذا مس الختان الختان فقد وجب الغسل فحكموا بينهم على بن ابی طالب فاختصموا اليه فقال ارايتم لو رايتم رجلا يدخل ويخرج ايجب عليه الحد قال فيوجب الحد ولا يوجب عليه صاعا من ماء فقضى للمهاجرين فبلغ ذلك عائشة فقالت ربما فعلنا ذلك انا ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقمنا واغتسلنا ٢

انہوں نے امام ابوجعفر (یعنی حضرت امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ) کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا: مہاجرین ایسی صورت میں غسل کرنے کا حکم دیتے تھے اور انصار کا یہ کہنا تھا کہ غسل اس وقت لازم ہوتا ہے جب انزال ہو جائے تو ان حضرات نے یہ فیصلہ کیا کہ اس بارے میں کسی کو ثالث تسلیم کیا جائے کیونکہ مہاجرین یہ کہتے ہیں کہ محض شرم گاہ کے ملنے کی وجہ سے غسل لازم ہو جاتا ہے تو حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو انہوں نے اپنے درمیان ثالث تسلیم کیا' ان لوگوں نے اپنا مقدمہ ان کے سامنے پیش کیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے اگر ایک شخص کسی عورت کی شرم گاہ میں (زنا کے طور پر اپنی شرم گاہ کو داخل کر لیتا ہے اور اسے باہر نکال لیتا ہے'یعنی اسے انزال نہیں ہوتا) تو کیا اس شخص پر حد لازم ہوگی' (پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ

١۔ جامع ترمذی' ترمذی ابواب الطہارۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم' باب ما جاء: ان الماء من الماء

٢۔ مصنف عبدالرزاق ﴿کتاب الطہارۃ﴾ ﴿باب ما یوجب الغسل﴾ 249/1

Marfat.com

نے ارشاد فرمایا:) یہ چیز حد کو تو لازم کر دیتی ہے لیکن پانی کے ایک صاع یعنی غسل کرنے کو لازم نہیں کرتی ہے' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مہاجرین کے حق میں فیصلہ دے دیا۔

جب اس بات کی اطلاع سیدہ عائشہ کو ملی تو انہوں نے یہ بات بیان کی کہ بعض اوقات میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسی صورتِ حال سے دوچار ہوتے تھے تو ہم بعد میں غسل کرلیا کرتے تھے۔

450- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عِمْرَانَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ قَالَ سَاَلْتُ عُرْوَةَ عَنِ الَّذِيْ يُجَامِعُ وَلَايُنْزِلُ فَقَالَ قَوْلُ النَّاسِ اَنْ يَاْخُذُوْا بِالْآخِرِ مِنْ اَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَحَدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ وَلَايَغْتَسِلُ وَذٰلِكَ قَبْلَ فَتْحِ مَكَّةَ ثُمَّ اغْتَسَلَ بَعْدَ ذٰلِكَ وَاَمَرَ النَّاسَ بِالْغُسْلِ.

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں: میں نے عروہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو صحبت کرتا ہے' لیکن اسے انزال نہیں ہوتا تو عروہ نے جواب دیا: لوگوں کی رائے یہ ہے' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری حکم کو اختیار کرتے ہیں۔

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پہلے ایسا ہی کیا کرتے تھے اور غسل نہیں کرتے تھے' لیکن یہ مکہ فتح ہونے سے پہلے کی بات ہے۔ اس کے بعد آپ نے غسل کرنا شروع کیا اور لوگوں کو بھی (ایسی صورتحال میں) غسل کرنے کی ہدایت کی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حمزۃ بن عباس بن حازم، ابوعلی مروزی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۷۹/۸)۔

○ عبداللہ بن عثمان بن جبلۃ ابن ابورواد: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 221ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۲۵،۵۲۶) (۳۴۸۸)۔

○ محمد بن میمون، مروزی ابوحمزۃ سکری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 167ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب''

۴۵۰- اخرجه ابن حبان في صحيحه (۲/ ۴۵۴-۴۵۵) رقم (۱۱۸۰) ومن طريقه الحازمي في الاعتبار ص (۱۲۹)' ورواه العقيلي في الضعفاء الكبير (۳۰۷/۱) في ترجمة حسين ابن عمران الجهني' كلهم من طريق ابي حمزة: محمد بن ميمون' نا الحسين بن عمران' به- قال العقيلي: (حسين بن عمران الجهني: قال البخاري: لا يتابع على حديثه' ومن حديثه...... ثم ساق له هذا الحديث - ثم قال: والحديث في الغسل لا لتقاء الختانين ثابت عن النبي - عليه السلام - من غير هذا الوجه)- اه - وقال الحازمي في الاعتبار: (هذا حديث قد حكم ابو حاتم ابن حبان بصحته' واخرجه في صحيحه' غير ان الحسين بن عمران قد ياتي عن الزهري بالمناكير' وقد ضعفه غير واحد من اصحاب الحديث- وعلى الجملة الحديث بهذا السياق فيه ما فيه' ولكنه حسن جيد في الاستشهاد)- اه-

Marfat.com

از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۱۲)۔

○ حسین بن عمران جہنی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۷۸)۔

49- باب نَجَاسَةِ الْبَوْلِ وَالامْرِ بِالتَّنَزُّهِ مِنْهُ وَالْحُكْمِ فِي بَوْلِ مَا يُؤْكَلُ لَحْمُهُ

باب: پیشاب کا ناپاک ہونا اور اس سے بچنے کا حکم اور جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے' ان کے پیشاب کا حکم

451- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَوْكَرِ بْنِ رَافِعٍ الطُّوسِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الضَّرِيْرُ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ حَمَّادٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ اَتَى عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَاَنَا عَلٰى بِئْرٍ اَدْلُو مَاءً فِي رِكْوَةٍ لِي فَقَالَ يَا عَمَّارُ مَا تَصْنَعُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بِاَبِي وَاُمِّي اَغْسِلُ ثَوْبِي مِنْ نُخَامَةٍ اَصَابَتْهُ فَقَالَ يَا عَمَّارُ اِنَّمَا يُغْسَلُ الثَّوْبُ مِنْ خَمْسٍ مِنَ الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ وَالْقَيْءِ وَالدَّمِ وَالْمَنِيِّ يَا عَمَّارُ مَا نُخَامَتُكَ وَدُمُوْعُ عَيْنَيْكَ وَالْمَاءُ الَّذِي فِي رِكْوَتِكَ اِلَّا سَوَاءٌ .

٤٥١- اخرجه ابويعلى في مسنده (٣/١٨٥-١٨٦) رقم (١٦١١)، والبزار (١/١٣١) رقم (٢٤٨- كشف)، والطبراني في الاوسط والكبير كما في مجمع الزوائد (١/٢٨٨)، وابن عدي في الكامل (٢/٩٨) في ترجمة ثابت بن حماد، كلهم من طريق ثابت بن حماد ابو زيد، حدثنا علي بن زيد، به، ولفظه عند ابي يعلى: (مربي رسول الله صلى الله عليه وسلم وانا اسقي ناقة لي ...)- وعند ابن عدي نحوه- ولفظ البزار: (اتى علي رسول الله صلى الله عليه وسلم وانا على بئر ادلو ماء في ركوة لي ...... فذكره- ولم يذكر (المني)، ولفظ الطبراني: (رآني رسول الله وانا اسقي رجلين من ركوة بين يدي)، قال ابن عدي: (ولا اعلم روى هذا الحديث عن علي بن زيد غير ثابت بن حماد هذا)- اه- وقال البزار: (وثابت بن حماد لا نعلم روى الا هذا)- وقال الهيثمي في المجمع (١/٢٨٨): (ومدار طرقه عند الجميع على ثابت بن حماد وهو ضعيف جدا)- اه- وقد علقه البيهقي في الكبرى (١/١٤)، ثم قال: (هذا باطل لا اصل له: علي بن زيد غير محتج به، وثابت بن حماد متهم بالوضع)- اه-

قال الزيلعي في نصب الراية (١/٢١١): (و اعلم اني وجدت الحديث في نسختين صحيحتين من مسند البزار: من رواية ثابت بن حماد، وليس فيه المني، وانما قال: انما يغسل الثوب من الغائط، والبول، والقيء، والدم)- انتهى- قال البزار: وثابت بن حماد كان ثقة، ولا يعرف انه روى غير هذا الحديث)- انتهى- نقل البزار ذلك عن شيخ شيخه ابراهيم بن زكريا، وقال البيهقي في (سننه الكبرى) في (باب التطهير بالماء دون المائعات): (و اما حديث عمار بن ياسر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال له: (يا عمار، ما نخامتك ......) الى آخره، فهو باطل لا اصل له، انما رواه ثابت بن حماد عن علي بن زيد عن ابن المسيب عن عمار- وعلي بن زيد غير محتج به، وثابت بن حماد متهم بالوضع)- انتهى- وكان البيهقي- رحمه الله- توهم ان تشبيه النخامة في الحديث بالماء في الطهورية، وليس كذلك، وانما التشبيه في الطهارة، اي: النخامة طاهرة لا يغسل الثوب منها، وانما يغسل من كذا وكذا، ولفظ الحديث يدل عليه، اذ لا يلزم من تشبيه شيء بشيء استواؤهما من كل الوجوه: فصح ان ما قاله غير ظاهر، وعلي بن زيد روى له مسلم مقرونا بغيره، وقال العجلي: لا باس به، وفي موضع آخر قال: يكتب حديثه، وروى له الحاكم في (المستدرك)، وقال الترمذي: صدوق- وثابت هذا: قال شيخنا علاء الدين: ما رايت احدا بعد الكشف التام جعله متهما بالوضع غير البيهقي، وقد ذكره في (كتاب المعرفة) في هذا الحديث، ولم ينسبه الى الوضع، وانما حكى فيه قول الدارقطني- وقول ابن عدي المتقدمين- والله اعلم- اه-

Marfat.com

لَمْ يَرْوِهِ غَيْرُ ثَابِتِ بْنِ حَمَّادٍ وَّهُوَ ضَعِيفٌ جِدًّا وَابْرَاهِيمُ وَثَابِتٌ ضَعِيفَانِ.

☆☆ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے' میں اس وقت ایک کنوئیں کے کنارے ایک ڈول سے پانی نکال رہا تھا' آپ نے فرمایا: اے عمار! کیا کر رہے ہو؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! میں اپنے کپڑے پر لگی ہوئی بلغم کو دھونا چاہ رہا ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمار! کپڑے کو پانچ وجہ سے دھویا جاتا ہے: پاخانہ لگا ہو' پیشاب لگا ہو' قے لگی ہو' خون لگا ہو یا منی لگی ہو۔ اے عمار! تمہاری بلغم' تمہارے آنسو اور تمہاری چھاگل میں موجود پانی ایک جیسی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس روایت کو صرف ثابت بن حماد نے نقل کیا ہے اور یہ بہت زیادہ ضعیف ہے۔ اس روایت کے دو راوی ابراہیم اور ثابت دونوں ضعیف ہیں۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بن عامر بن مالک بن کنانہ بن قیس بن حصین۔

ان کی کنیت ''ابویقظان'' تھی۔

یہ ان حضرات میں سے ایک ہیں جنہوں نے بالکل ابتداء میں اسلام قبول کیا تھا۔

ایک روایت کے مطابق حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے جب اسلام قبول کیا تھا' اس وقت تیس کے قریب لوگ مسلمان ہوئے تھے۔ یہ ان کے والد اور ان کی والدہ سب سابقون الاوّلون میں سے ہیں۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے اس وقت اسلام قبول کیا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دارارقم میں روپوشی کی زندگی گزار رہے تھے۔ یہ اور حضرت صہیب بن سنان رضی اللہ عنہ ایک ہی موقع پر مسلمان ہوئے۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے حضرت صہیب بن سنان رضی اللہ عنہ کو دارِارقم کے دروازے پر دیکھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس میں موجود تھے تو میں نے صہیب سے پوچھا تم یہاں کیوں کھڑے ہو۔ اس نے دریافت کیا تم یہاں کیوں آئے ہو۔ میں نے جواب دیا۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤں اور ان کی بات سنوں تو وہ بولے: میں بھی یہی چاہتا ہوں۔

پھر یہ دونوں حضرات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اسلام کی دعوت دی اور

طبقات ابن سعد (231,217/2) وتہذیب التہذیب (257—256/4) والتقریب (ص 408) وتہذیب تہذیب الکمال (261/2) والاصابۃ (274'273/4) والثقات (302-301/3) والتاریخ الکبیر (26-25/7) والاستیعاب (231-227/3) والریاض والمستطابۃ (ص 211) والمصباح المضی (75/1) والتحفۃ اللطیفۃ (286/3) وتجرید اسماء الصحابۃ (394/1) واصحاب بدر (ص 111) والکاشف (301/2) والجرح والتعدیل (389/6) وتاریخ الاسلام (346/3) وصفۃ الصفوۃ (442/1) والازمنۃ التاریخ الاسلامی (794/1) وبقی بن مخلد (ص 54) والبدایۃ والنہایۃ (312/7) والزہد الوکیع (ص 141) سیر اعلام النبلاء (406/1) اسد الغابۃ (ت 3804)

Marfat.com

انہوں نے فوراً اسلام قبول کر لیا۔

ایک روایت میں حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان منقول ہے۔ وہ یہ فرماتے ہیں: جب میں نے نبی اکرم ﷺ کی زیارت کی (جب میں نے اسلام قبول کیا) تو اس وقت آپ کے ساتھ صرف پانچ غلام' دوخواتین اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے۔

مجاہد بیان کرتے ہیں' سب سے پہلے جن لوگوں نے اپنے اسلام کا اظہار کیا وہ یہ سات آدمی ہیں۔

نبی اکرم ﷺ ' حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' حضرت بلال رضی اللہ عنہ' حضرت خباب رضی اللہ عنہ' حضرت عمار رضی اللہ عنہ' حضرت صہیب رضی اللہ عنہ' حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی والدہ۔

ایک روایت میں یہ بات منقول ہے۔ ایک مرتبہ مشرکین نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو پکڑ کر مارنا شروع کیا اور یہ اصرار کیا کہ وہ انہیں اس وقت تک نہیں چھوڑیں گے جب تک وہ نبی اکرم ﷺ کی برائی بیان نہ کریں اور ان کے باطل معبودوں کی تعریف نہ کریں۔ جب حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے ایسا کر لیا تو مشرکین نے انہیں چھوڑ دیا۔ جب یہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو نبی اکرم ﷺ نے ان کے حال احوال دریافت کیے تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! بہت بری خبر ہے۔ میں اس وقت صرف اس وجہ سے زندہ بچا ہوں کہ میں نے آپ کی (نہ چاہتے ہوئے) برائی بیان کی اور ان کے باطل معبودوں کی تعریف کی۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تمہارے دل کی کیفیت کیا ہے؟ تو انہوں نے عرض کی: دل تو ایمان پر قائم ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: پھر (کوئی مسئلہ نہیں ہے)۔ محدثین نے یہ بات بیان کی ہے قرآن کی یہ آیت حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے بارے نازل ہوئی ہے۔

''جو شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کے بعد کفر اختیار کرے۔ البتہ اگر اسے مجبور کیا گیا ہو اور اس کا دل ایمان کے بارے میں مضبوط ہو (تو حکم مختلف ہوگا)''۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی تھی اور انہیں غزوۂ بدر' غزوۂ اُحد' غزوۂ خندق' بیعت رضوان وغیرہ میں شرکت کا شرف حاصل ہے۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کے فضائل میں بہت سی احادیث منقول ہیں۔ جیسا کہ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: لوگو! میرے بعد ابوبکر اور عمر کی پیروی کرنا' عمار کے طریقے کو سیکھنا اور ابن اُمّ عبد (عبداللہ بن مسعود) کے حکم پر عمل کرنا۔

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک مرتبہ میرے اور عمار کے درمیان جھگڑا ہو گیا۔ میں نے انہیں کوئی سخت بات کہہ دی۔ عمار میری شکایت کرنے کے لئے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو میں بھی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہ اس وقت میری شکایت کر رہے تھے تو میں نے سخت لہجے میں پھر کوئی بات کہہ دی۔ تو حضرت عمار رضی اللہ عنہ رونے لگے اور انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ خالد کو دیکھ رہے ہیں کہ ان کا رویہ میرے ساتھ کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنا سر مبارک اٹھایا اور ارشاد فرمایا: جو شخص عمار سے دشمنی رکھے اللہ تعالیٰ بھی اس سے دشمنی رکھے اور جو شخص عمار سے بغض رکھے' اللہ تعالیٰ بھی اس کو ناپسند بنا دے۔ (عمار اس دوران اٹھ کر جا چکے تھے)۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

Marfat.com

اس وقت مجھے دنیا میں سب سے محبوب یہ بات تھی کہ کسی طرح عمار مجھ سے راضی ہو جائیں۔ لہٰذا میں ان کے پیچھے گیا' ان سے ملا (ان سے معافی مانگی) تو وہ مجھ سے راضی ہو گئے۔

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات نقل کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
عمار کے سامنے جب بھی کوئی دو باتیں پیش کی جائیں تو وہ اس کو اختیار کرتا ہے جو ہدایت پر مبنی ہو۔

بعض حضرات نے یہ بات نقل کی ہے: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپ چاشت کے وقت وہاں پہنچے۔ اس وقت حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے یہ مشورہ دیا کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کوئی ایسی جگہ بنائیں جہاں آپ دوپہر کے وقت سائے میں آرام سے بیٹھیں اور آپ نماز بھی وہاں ادا کریں چنانچہ چند پتھر جمع کر کے مسجد قباء کی بنیاد رکھی گئی۔ یہ اسلام میں قائم کی جانے والی سب سے پہلی مسجد ہے اور اس کا مشورہ دینے والے حضرت عمار بن یاسر تھے۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کے فضائل میں دیگر بہت سی روایات منقول ہیں۔ جیسا کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو کوفہ کا گورنر مقرر کیا تھا۔ انہوں نے اہل کوفہ کے نام خط میں یہ لکھا تھا:

> ''اما بعد! تم یہ بات جان لو کہ میں عمار بن یاسر کو تمہارا گورنر اور عبداللہ بن مسعود کو ان کا وزیر بنا کر اور تمہارا معلم مقرر کر کے بھیج رہا ہوں۔ یہ دونوں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے برگزیدہ اصحاب میں سے ایک ہیں۔ تم نے ان دونوں کی پیروی کرنی ہے''۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے ۹۰ سال سے زیادہ عمر میں جنگ صفین کے دوران حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں انہی کپڑوں میں دفن کیا جن میں وہ شہید ہوئے تھے اور انہیں غسل نہیں دیا۔ البتہ ان کی نمازِ جنازہ ادا کی۔

حضرت عمار رضی اللہ عنہ گندمی رنگت کے مالک تھے۔ آپ کا قد لمبا تھا۔ آنکھیں بڑی بڑی تھیں۔ سینہ کشادہ تھا' بال سفید ہو چکے تھے۔ تاہم آپ مہندی لگایا کرتے تھے۔ بعض روایات میں یہ آتا ہے کہ ان کے سر پر بالوں کی تعداد بہت تھوڑی تھی۔

حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے احادیث روایت کرنے والوں میں حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے علاوہ تابعین میں سے ابوامامہ' جروذ ابوطفیل شامل ہیں۔ ان کے علاوہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے محمد' سعید بن میتب' ابوبکر بن عبدالرحمان' ابووائل' علقمہ' زر بن حبیش اور دیگر بہت سے لوگوں نے آپ سے احادیث روایت کی ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

اس موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے شیخ ابن رشد مالکی تحریر کرتے ہیں:

اختلف العلماء فيه على ثلاثة مذاهب فمنهم من رای الوضوء فيه كيفما مسه وهو مذهب الشافعی واصحابه واحمد وداود ومنهم من لم ير فيه وضوءا اصلا وهو ابو حنيفة واصحابه ولكلا الفريقين سلف من الصحابة والتابعين .وقوم فرقوا بين ان يمسه بحال او لا يمسه بتلك الحال وهؤلاء افترقوا فيه فرقا: فمنهم من فرق فيه بين ان يلتذ او لا يلتذ .ومنهم من فرق بين ان يمسه بباطن الكف او لا يمسه فاوجبوا الوضوء مع اللذة ولم يوجبوه مع عدمها وكذلك اوجبه قوم مع المس بباطن الكف ولم يوجبوه مع المس بظاهرها وهذان الاعتباران مرويان عن اصحاب مالك وكان اعتبار باطن الكف راجع الى اعتبار سبب اللذة .وفرق قوم فی ذلك بين العمد والنسيان فاوجبوا الوضوء منه مع العمد ولم يوجبوه مع النسيان وهو مروی عن مالك وهو قول داؤد واصحابه .ورای قوم ان الوضوء من مسه سنة لا واجب قال ابو عمر: وهذا الذی استقر من مذهب مالك عند اهل المغرب من اصحابه والرواية عنه فيه مضطربة .وسبب اختلافهم فی ذلك ان فيه حديثين متعارضين: احدهما الحديث الوارد من طريق بسرة انها سمعت رسول الله صلی الله عليه وسلم يقول "اذا مس احدكم ذكره فليتوضا "وهو اشهر الاحاديث الواردة فی ايجاب الوضوء من مس الذكر خرجه مالك فی الموطا وصححه يحيی بن معين واحمد بن حنبل وضعفه اهل الكوفة وقد روی ايضا معناه من طريق ام حبيبة وكان احمد بن حنبل يصححه وقد روی ايضا معناه من طريق ابی هريرة وكان ابن السكن ايضا يصححه ولم يخرجه البخاری ولا مسلم .والحديث الثانی المعارض له حديث طلق بن علی قال "قدمنا علی رسول الله صلی الله عليه وسلم وعنده رجل كانه بدوی

ا۔ جامع ترمذی، رقم الحدیث 520

Marfat.com

فقال: يارسول الله ما ترى في مس الرجل ذكره بعد ان يتوضا ؟ فقال: وهل هو الا بضعة منك ؟ "خرجه ايضا ابوداود وترمذى وصححه كثير من اهل العلم الكوفيون وغيرهم فذهب العلماء فى تاويل هذه الاحاديث احد مذهبين: اما مذهب الترجيح او النسخ واما مذهب الجمع فمن رجح حديث بسرة او رآه ناسخا لحديث طلق بن على قال بايجاب الوضوء من مس الذكر ومن رجح حديث طلق بن على اسقط وجوب الوضوء من مسه ومن رام ان يجمع بين الحديثين اوجب الوضوء منه فى حال ولم يوجبه فى حال او حمل حديث بسرة على الندب وحديث طلق بن على نفى الوجوب والاحتجاجات التى يحتج بها كل واحد من الفريقين فى ترجيح الحديث الذى رجحه كثيرة يطول ذكرها وهى موجودة فى كتبهم ولكن نكتة اختلافهم هو ما اشرنا اليه[1]

اس بارے میں اہل علم کے تین گروہ ہیں' بعض حضرات کے نزدیک ایسی صورت میں وضو کرنا لازم ہو جاتا ہے خواہ انسان نے کسی بھی حالت میں سے چھولیا ہو' امام شافعی' ان کے اصحاب' امام احمد بن حنبل اور شیخ داؤد ظاہری اسی بات کے قائل ہیں' دوسرا موقف یہ ہے کہ ایسی صورت میں سرے سے وضو کرنا لازم ہی نہیں ہوتا' امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب اسی بات کے قائل ہیں اور ان دونوں گروہوں کی تائید میں صحابہ کرام اور تابعین کے اقوال موجود ہیں۔

ایک تیسرے گروہ نے چھونے کی کیفیت کے درمیان فرق واضح کیا ہے' ان میں پھر اس کے آگے بہت سے جزوی اختلافات ہیں' بعض حضرات نے چھونے کی اس کیفیت میں لذت کے حصول یا عدم حصول کے حوالے سے فرق کیا ہے۔

بعض حضرات نے ہتھیلی کے اندرونی حصے سے چھونے یا نہ چھونے کے بارے میں فرق کیا ہے' یعنی لذت موجود ہوگی تو وضو کو واجب قرار دیا ہے' لذت نہیں ہوگی تو اسے واجب قرار نہیں دیا ہے' اسی طرح اگر ہتھیلی کے اندرونی حصے سے چھوا ہے تو اسے واجب قرار دیا ہے اور اگر ہتھیلی کے اوپر والے حصے سے چھوا ہے تو واجب قرار نہیں دیا ہے۔

یہ دونوں اعتبارات امام مالک کے شاگردوں سے منقول ہیں۔

ہتھیلی کے اندرونی حصے سے چھونے کا اعتبار کرنا لذت کی تلاش کی خاطر ہوگا۔

جبکہ بعض فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے: جان بوجھ کر چھونے اور بھول کر چھونے کے درمیان فرق ہوگا' اگر کوئی شخص جان بوجھ کر اپنی شرم گاہ کو چھولے تو اس پر وضو کرنا لازم ہوگا ورنہ لازم نہیں ہوگا۔

یہ روایت امام مالک سے بھی منقول ہے' داؤد ظاہری اور ان کے اصحاب بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

بعض فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے کہ شرم گاہ کو چھو لینے کے بعد وضو کرنا سنت ہے' واجب نہیں ہے۔

شیخ ابوعمرو فرماتے ہیں: مغرب (یعنی اندلس) کے رہنے والے مالکی علماء کے نزدیک یہی رائے مستحکم ہے۔

امام مالک سے اس بارے میں جو روایت منقول ہے' اس میں اضطراب پایا جاتا ہے۔

[1] بدایۃ المجتہد' کتاب الطہارۃ من الحدث الباب الرابع فی نواقض الوضوء 46/1

Marfat.com

اہلِ علم کے درمیان اس اختلاف کا بنیادی سبب یہ ہے کہ اس بارے میں دو مختلف طرح کی روایات منقول ہیں' جن میں ظاہری طور پر تعارض پایا جاتا ہے۔

ایک روایت سیدہ بسرہ سے منقول ہے' وہ بیان کرتی ہیں: انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب کوئی شخص اپنی شرم گاہ کو چھولے تو اسے وضو کرنا چاہیے''۔

شرم گاہ کو چھونے سے وضو لازم ہونے کے حوالے سے یہ سب سے زیادہ مشہور روایت ہے' اسے امام مالک نے اپنی موطأ میں نقل کیا ہے' شیخ یحییٰ بن معین' امام احمد بن حنبل نے اسے مستند قرار دیا جب کہ اہلِ کوفہ نے اسے ضعیف قرار دیا ہے۔

اسی مفہوم سے متعلق ایک روایت سیدہ اُم حبیبہ سے بھی منقول ہے' جسے امام احمد بن حنبل نے مستند قرار دیا ہے۔

اسی مفہوم کی ایک روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی منقول ہے' جسے شیخ ابن نے مستند قرار دیا ہے' تاہم اس روایت کو امام بخاری' امام مسلم نے نقل نہیں کیا ہے۔

اس کے مقابلے میں آنے والی دوسری روایت حضرت طلق بن علی سے منقول ہے' وہ بیان کرتے ہیں:

ہم نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' آپ ﷺ کے پاس ایک شخص موجود تھا جو دیہاتی لگ رہا تھا' اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! اگر کوئی شخص وضو کرنے کے بعد اپنی شرم گاہ کو چھو لیتا ہے تو آپ ﷺ کی اس بارے میں کیا رائے ہے؟ (اسے دوبارہ وضو کرنا چاہیے؟) تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ تمہارے جسم کا ایک حصہ ہے۔

اس روایت کو امام ابوداؤد اور امام ترمذی نے نقل کیا ہے جبکہ بہت سے اہلِ علم نے جن کا تعلق کوفہ اور دیگر علاقوں سے ہے' انہوں نے اسے مستند قرار دیا ہے۔

تو اہلِ علم نے ان احادیث کے حوالے سے یا تو تاویل کے طریقہ کار کا اختیار کیا ہے یا ترجیح اور نسخ کی صورت کو اختیار کیا ہے یا جمع اور تطبیق کی صورت کو اختیار کیا ہے۔

جن اہلِ علم نے حضرت بسرہ سے منقول حدیث کو ترجیح دی ہے' انہوں نے اس روایت کو حضرت طلق بن علی سے منقول روایت کی ناسخ قرار دیا ہے اور ان حضرات نے شرم گاہ کو چھونے سے وضو کرنے کو لازم قرار دیا ہے' جن حضرات نے طلق بن علی کے حوالے سے منقول روایت کو ترجیح دی ہے' انہوں نے شرم گاہ کو چھونے کی وجہ سے وضو لازم ہونے کے حکم کو ساقط قرار دیا ہے۔

جن حضرات نے دونوں روایات میں جمع اور تطبیق پیدا کرنے کی کوشش کی ہے' انہوں نے ایک حالت میں وضو کو لازم قرار دیا ہے اور دوسری حالت میں لازم قرار نہیں دیا ہے یا پھر انہوں نے سیدہ بسرہ سے منقول حدیث کو استحباب پر محمول کیا ہے اور حضرت طلق بن علی سے منقول حدیث کو واجب نہ ہونے پر محمول کیا ہے' ان میں سے ہر ایک فریق نے جو دلائل پیش کیے ہیں وہ بہت سے ہیں' جن کا ذکر طوالت کا باعث ہوگا' یہ تمام دلائل ان کی کتابوں میں موجود ہیں' لیکن بنیادی اختلاف وہی ہے جسے ہم ذکر کر چکے ہیں۔

Marfat.com

520- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِي حَكِيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مَرْوَانَ عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ مَسَّ فَرْجَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ . صَحِيْحٌ .

☆☆ سیّدہ بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اپنی شرمگاہ کو چھولے تو وہ نماز کے وضو کی طرح وضو کرے۔

یہ روایت مستند ہے۔

521- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدٍ الرَّهَاوِيُّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ يَحْيَى الرَّهَاوِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ سِنَانٍ حَدَّثَنَا اَبِي عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ وَكَانَتْ قَدْ صَحِبَتِ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا مَسَّ اَحَدُكُمْ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ .

☆☆ سیّدہ بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا' جنہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحابیہ ہونے کا شرف حاصل ہے' یہ بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص اپنی شرمگاہ کو چھولے تو وہ نماز کی طرح کا وضو کرے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسن بن احمد بن سعید بن محمد بن یحییٰ بن خالد ابومحمد سلمی من اھل الرھا: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 329ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲۷۰/۷)۔

522- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ النَّقَّاشُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ مُوْسَى الْعَدَوِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ سَعِيْدٍ الْكِسَائِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ فَلْيُعِدِ الْوُضُوْءَ .

☆☆ سیّدہ بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: جو شخص اپنی شرمگاہ کو چھولے تو وہ دوبارہ وضو کرے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن عباس عدوی، صاحب اسماعیل الکسائی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔

۵۲۰ اخرجه ابن حبان في صحيحه (۴۰۰/۲) رقم (۱۱۱٦) من طريق سفيان عن هشام به- وانظر: الحديث السابق-

Marfat.com

ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجامع فی الجرح والتعدیل (۴۳/۱) (۱۵۴)۔

○ اسماعیل بن سعید کسائی شالنجی طبری ابواسحاق: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۱۷۳/۲) (۵۸۷)۔

523- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ نُوحٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ۔

☆☆ نافع، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص اپنی شرمگاہ کو چھولے وہ نماز کے وضو کی طرح وضو کرے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عثمان بن معبد بن نوح مقری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 261ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲۹۰/۱۱) (۶۰۵۹)۔

○ اسحاق بن محمد بن اسماعیل بن عبد اللہ بن ابوفروۃ فروی مدنی اموی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 226ھ

۵۲۳- اخرجه ابن الجوزي في التحقيق رقم (۱۹۶) من طريق الدارقطني' به- وعبد الله العمري: قال ابن حبان في (المجروحين) (۲/۶-۷): (كان ممن غلب عليه الصلاح والعبادة حتى غفل عن ضبط الاخبار وجودة الحفظ للآثار: فوقع المناكير في روايته)' وقد تقدم مرارا'

وله طرق كثيرة عنه:

الاول: من رواية العلاء بن سليمان' عن الزهري' عن سالم' عن ابيه' عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: (من مس فرجه فليتوضا)- رواه الطبراني في (الكبير)' كما في (المجمع) (۲۴۹/۱)' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۷۴/۱) كتاب الطهارة' باب مس الفرج' وقال الطحاوي: العلاء هذا ضعيف)- وقال الهيثمي: (وفي سنده العلاء بن سليمان وهو ضعيف جداً)- اه- والعلاء بن سليمان عن الزهري: قال ابن عدي: (منكر الحديث)- وقال ابو حاتم: (ضعيف)- ينظر: المغني (۴۴۰/۲) للحافظ الذهبي-

الطريق الثاني: من رواية صدقة بن عبد الله عن نافع عن ابن عمر- اخرجه البزار (۱۴۸/۱- كشف) رقم (۲۸۵)' والطحاوي (۷۴/۱)' وقال الطحاوي: (صدقة بن عبد الله هذا ضعيف' وهشام بن زيد ليس من اهل العلم الذين يثبت بروايتهم مثل هذا)- وقال الهيثمي (۲۴۹/۱): (وفي سنده هشام بن زيد وهو ضعيف جدًا)-

الثالث: من طريق عبد العزيز بن ابان' عزاه الحافظ في (التلخيص) (۱۲۴/۱) الى الحاكم' وقال: (عبد العزيز بن ابان ضعيف)- وقال الذهبي في (المغني) (۳۹۶/۲): (عبد العزيز بن ابان متروك متهم)-

الرابع: من طريق ايوب بن عتبة: اخرجه ابن عدي في (الكامل) كما في (التلخيص) (۱۲۴/۱)' وقال: وفيه مقال' اي: ايوب- اه- قال البخاري: (عندهم لين)- وقال النسائي: (مضطرب الحديث)- وقال الذهبي: (ضعفوه: لكثرة مناكيره)- وقال الحافظ: (ضعيف)- ينظر: الضعفاء للبخاري (۲۵)' والضعفاء للنسائي (۲۴)' والمغني للذهبي (۹۷/۱)' وتقريب التهذيب (۹۰/۱)-

Marfat.com

میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۳۱)(۳۸۵)۔

524- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ سَلَّامٍ السَّوَّاقُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُوَيْسِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ النَّوْفَلِيُّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا اَفْضٰى اَحَدُكُمْ بِيَدِهٖ اِلٰى فَرْجِهٖ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهٗ حِجَابٌ وَّلَا سِتْرٌ فَلْيَتَوَضَّاْ وُضُوْءَهٗ لِلصَّلَاةِ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ یہ بات بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کوئی شخص اپنے ہاتھ کو اپنی شرمگاہ کی طرف لے جائے' یہاں تک کہ اس کے ہاتھ اور اس کی شرمگاہ کے درمیان کوئی حجاب (کپڑا) نہ ہو' تو وہ شخص نماز کے وضو کی طرح وضو کرے (یعنی اس پر وضو کرنا لازم ہو جاتا ہے)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسن بن سلام بن حماد بن ابان بن عبداللہ، ابوعلی السواق: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 277ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۲۶/۷)(۳۸۳۹)۔

○ عبدالعزیز بن عبداللہ بن یحییٰ بن عمرو بن اویس بن سعد بن ابوسرح اویسی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۱۳)(۴۱۳۴)۔

○ یزید بن عبدالملک بن مغیرۃ بن نوفل بن حارث ہاشمی نوفلی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۷۹)(۷۸۰۳)۔

۵۲۴ اخرجه الشافعي في الام (۱/ ۳٤) كتاب الطهارة' باب الوضوء من مس الذكر' وفي المسند (۱/ ۳٤-۳۵)' واحمد (۲/ ۳۳۳)و الطحاوي (۱/ ۷٤) كتاب الطهارة' باب مس الفرج' وابن حبان (موارد الظمآن الى زوائد ابن حبان) ص (۷۷) كتاب الطهارة' باب ما جاء في مس الفرج (۲۹)' الحديث (۲۱۰)' والحاكم (۱۳۸/۱) كتاب الطهارة' والطبراني في (المعجم الصغير) (٤۲/۱)' والبيهقي (۱۳۱/۱) كتاب الطهارة' باب الوضوء من مس الذكر' وابن شاهين في (الناسخ والمنسوخ) ص (۹۶- بتحقيقنا) والبغوي في (شرح السنة) (۳۶۳/۱- بتحقيقنا)' والحازمي في الاعتبار في (الناسخ والمنسوخ) ص (۸۷-۸۸)' كلهم من طريق يزيد بن عبد الملك النوفلي' الا ابن حبان فمن طريقه وطريق نافع بن ابي نعيم؛ والحاكم فمن طريق الثاني فقط' كلاهما عن سعيد المقبري' عن ابي هريرة' قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: (اذا افضى احدكم بيده الى فرجه' وليس بينهما ستر ولا حائل- فليتوضا وضوءه للصلوة)-

وقال الحاكم: (هذا حديث صحيح' وشاهده الحديث المشهور' عن يزيد بن عبد الملك عن سعيد بن ابي سعيد' عن ابي هريرة' ووافقه الذهبي' وقال البيهقي: (يزيد بن عبد الملك تكلموا فيه' ثم اسند عن الفضل بن زياد' قال: سالت احمد بن حنبل' عن يزيد بن عبد الملك النوفلي! فقال: شيخ من اهل المدينة لا باس به' ولابي هريرة فيه اصل' يقصد اصلا موقوفاً؛ فقد اخرجه البخاري في (التاريخ الكبير) (۲۱۶/۳)' ومن طريقه البيهقي (۱/ ۱۳٤) عنه موقوفاً' وقال البيهقي: هكذا موقوف' وله طريق آخر موقوف- اخرجه ابو نعيم في (حلية الاولياء) (۹/ ٤٤)-

Marfat.com

525- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَلاَنِسِيُّ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَاصِحٍ بِمِصْرَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ قَالاَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مَرْوَانَ عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ إِذَا مَسَّ الرَّجُلُ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ وَإِذَا مَسَّتِ الْمَرْأَةُ قُبُلَهَا فَلْتَتَوَضَّأْ.

☆☆ سیّدہ بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: جب کوئی شخص اپنی شرمگاہ کو چھوئے تو وہ وضوکرے اور جب کوئی عورت اپنی شرمگاہ کو چھوئے تو وہ وضوکرے۔

526- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا أَبُو عُتْبَةَ أَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنَا الزُّبَيْدِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ أَيُّمَا رَجُلٍ مَسَّ فَرْجَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ وَأَيُّمَا امْرَأَةٍ مَسَّتْ فَرْجَهَا فَلْتَتَوَضَّأْ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جوشخص اپنی شرمگاہ کو چھوئے وہ وضوکرے اور جوعورت اپنی شرمگاہ کو چھوئے وہ وضوکرے۔

527- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمَرْوَزِيُّ ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ

٥٢٥- في اسناده اسماعيل بن عياش وهو ضعيف في غير رواية الشاميين، وهشام حجازي مشهور- وقد تقدم الحديث من غير طريق اسماعيل - انظر: رقم (٥١٩)، (٥٢٠)، (٥٢١)، (٥٢٢)-

٥٢٦- اخرجه احمد (٢/٢٢٣)، واسحاق بن راهويه في مسنده كما في (المطالب العالية) (١/١/٤٢) رقم (١٤٣)، وابن الجارود (١٩)، والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (١/٧٥)، والبيهقي (١/١٣٢)، وابن شاهين في (الناسخ والمنسوخ) ص (٩٥- بتحقيقنا)، والحازمي في (الاعتبار) ص (٤٤) من طريق بقية بن الوليد، ثني محمد بن الوليد الزبيدي، ثني عمرو بن شعيب، عن ابيه، عن جده مرفوعا بلفظ: (ايما رجل مس فرجه فليتوضا، وايما امراة مست فرجها فلتتوضا)- وذكره الترمذي في (العلل الكبير) ص (٤٩)، وقال: قال محمد: وحديث عبد الله بن عمرو وهو عندي صحيح- وقال ابن شاهين: لا اعلم ذكر هذا الزيادة في مس المراة فرجها غير حديث عبد الله بن عمرو- وقال الحازمي: هذا اسناد صحيح-

٥٢٧- في اسناده عبد الرحمن بن عبد الله بن عمر العمري: قال الحافظ في التقريب (١/٤٨٧-٤٨٨): متروك- قال الزيلعي في نصب الراية (١/٦٠): (وهو معلول بعبد الرحمن هذا- قال احمد: كان كذابا- وقال النسائي وابو حاتم وابو زرعة: متروك، زاد ابو حاتم: وكان يكذب)- اه- واخرجه البزار (١/١٤٨- كشف) رقم (٢٨٤)، والطحاوي (١/٧٤)، وابو نعيم في (تاريخ اصبهان) (٢/٨)، وذكره الهيثمي في (المجمع) (١/٢٥٠)، وقال: وفيه عمر بن سريج: قال الازدي: لا يصح حديثه- قلت: وقد فاته علة اخرى، وهي ضعف ابراهيم بن اسماعيل بن ابي حبيبة الاشهلي- قال البخاري في (الضعفاء) رقم (٢): منكر الحديث- وقال الطحاوي: وعمر بن سريج لا يحتج به- قال الذهبي في الميزان (٥/٢٤٠): (لين) ويقال له: ابن سرحة، تكلم فيه ابن حبان وابن عدي، فقال ابن عدي: احاديثه عن الزهري ليست مستقيمة) وذكر الذهبي من مناكيره هذا الحديث، وضعفه الحافظ ابن حجر في التلخيص (١/٢٢٠)- والحديث ذكره الغساني في (تخريج الاحاديث الضعاف) ص (٧٤) رقم (٧٢)- وهو يعارض ما رواه ابو يعلى في مسنده (٨/٢٨٦-٢٨٧) رقم (٤٨٧٥): حدثنا الجراح بن مخلد، حدثنا عمر بن يونس اليمامي، حدثنا المفضل بن ثواب- رجل من اهل اليمامة- قال: حدثني حسين بن قادع، عن ابيه، عن ابيه عن سيف بن عبد الله الحميري قال: دخلت انا ورجال معي على عائشة، فسالناها عن الرجل يمس فرجه؟ فقالت: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: (ما ابالي اياه مسست او انفي)- وقد اورده الحافظ في المطالب العالية (١/٤٢) رقم (١٤٦)، وعزاه الى ابي يعلى وضعفه في التلخيص (١/٢٢١)، فقال: (اسناده مجهول)- وقال الهيثمي في مجمع الزوائد (١/٢٤٩): (رواه ابو يعلى من رواية رجل من اهل اليمامة عن حسين بن قادع عن ابيه عن سيف، وهؤلاء مجهولون، وهو اقل ما يقال فيهم)- اه-

Marfat.com

الْقَاضِي حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُعَلَّى بْنِ مَنْصُورٍ قَالاَ حَدَّثَنَا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ حَفْصٍ الْعُمَرِيُّ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ وَيْلٌ لِلَّذِينَ يَمَسُّونَ فُرُوجَهُمْ ثُمَّ يُصَلُّونَ وَلاَ يَتَوَضَّئُونَ . قَالَتْ عَائِشَةُ بِاَبِي وَاُمِّي هٰذَا لِلرِّجَالِ اَفَرَاَيْتَ النِّسَاءَ قَالَ اِذَا مَسَّتْ اِحْدَاكُنَّ فَرْجَهَا فَلْتَتَوَضَّاْ لِلصَّلاَةِ . عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْعُمَرِيُّ ضَعِيفٌ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اُن لوگوں کے لیے بربادی ہے جو اپنی شرمگاہوں کو چھو لیتے ہیں اور وضو کیے بغیر نماز ادا کر لیتے ہیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میرے والدین آپ پر قربان ہوں! یہ حکم تو مردوں کے لیے ہے' خواتین کے لیے آپ کی کیا رائے ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی عورت اپنی شرمگاہ کو چھو لے تو اسے چاہیے کہ وہ نماز کے لیے وضو کرے۔

اس روایت کا ایک راوی عبدالرحمان عمری' ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن معلّٰی بن منصور، ابوعوانۃ رازی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۶۷)(۷۷۰۰)۔

○ عبدالرحمٰن بن عبد اللہ بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمر بن خطاب :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۸۶)(۳۹۴۷)۔

528- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْوَكِيلُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُولُ مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ اَوْ اُنْثَيَيْهِ اَوْ رُفْغَيْهِ فَلْيَتَوَضَّاْ . كَذَا رَوَاهُ عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ هِشَامٍ وَوَهِمَ فِي ذِكْرِ الْاُنْثَيَيْنِ وَالرُّفْغِ وَاِدْرَاجِهِ ذٰلِكَ فِي حَدِيثِ بُسْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَالْمَحْفُوظُ اَنَّ ذٰلِكَ مِنْ قَوْلِ عُرْوَةَ غَيْرِ مَرْفُوعٍ كَذٰلِكَ رَوَاهُ الثِّقَاتُ عَنْ هِشَامٍ مِنْهُمْ اَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ

۵۲۸- اخرجه البيهقي (۱۳۷/۱) من طريق الدارقطني به' واخرجه الطبراني في الكبير (۲۰۰/۲٤) رقم (۵۱۱)' وفي الاوسط (۷/۵) رقم (٤۰۰٤)' وهو في مجمع البحرين رقم (٤۵۳) من طريق محمد بن بكر البرساني عن عبد الحميد بن جعفر' به- وقال الطبراني في الاوسط: (لم يقل في هذا الحديث عن هشام بن عروة عن ابيه عن بسرة: (وانثييه فليتوضا وضوء ه للصلوة) الا عبدالحميد بن جعفر- وبهذو ان هذه الزيادة مدرجة في الحديث؛ فقد رواه ايوب' وذكره انه من قول عروة' وسياتي رقم (۵۲۹)- وقال الهيثمي في المجمع (۲۵۰/۱): (رواه الطبراني في الاوسط والكبير' وهو في السنن خلا ذكره الانثيين والرفغين' ورجاله رجال الصحيح)- اه-

Marfat.com

وَحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ وَّغَيْرُهُمَا.

☆☆ سیّدہ بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اپنی شرمگاہ کو چھولے یا اپنے خصیے کو چھولے اور اپنی بودار جگہ کو چھولے تو وہ وضو کرے۔

یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ منقول ہے' تاہم خصیے اور بودار جگہ کا ذکر کرنے میں راوی کو وہم ہوا ہے' کیونکہ سیّدہ بسرہ رضی اللہ عنہا سے منقول روایت میں یہ بات مذکور نہیں ہے۔

زیادہ محفوظ یہ ہے: یہ عروہ کا قول ہے اور "مرفوع" حدیث کے طور پر منقول ہے' ثقہ راویوں نے اسے اسی طرح نقل کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالحمید بن جعفر بن عبداللہ بن حکم بن رافع انصاری: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 153 ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۶۴) (۳۷۸۰)۔

529- حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَنْبَرِيُّ ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ وَّالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَحْمُودٍ السَّرَّاجُ قَالُوْا حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ قَالَا حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ اَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّاْ .قَالَ وَكَانَ عُرْوَةُ يَقُوْلُ اِذَا مَسَّ رُفْغَيْهِ اَوْ اُنْثَيَيْهِ اَوْ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّاْ .وَاللَّفْظُ لِاَبِي الْاَشْعَثِ .صَحِيْحٌ.

☆☆ سیّدہ بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: جو شخص اپنی شرمگاہ کو چھولے' وہ وضو کرے۔

راوی بیان کرتے ہیں: عروہ یہ بیان کرتے ہیں: جو شخص اپنی بودار جگہ یا اپنے خصیے کو چھولے یا اپنی شرمگاہ کو چھولے تو اسے وضو کرنا چاہیے۔

یہ الفاظ ابواشعث نامی راوی کے نقل کردہ ہیں' اور یہ روایت "مستند" ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن محمود بن محمد بن منذر بن ثمامۃ: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید

۵۲۹- اخرجه البيهقي (۱/۱۳۸) كتاب الطهارة' باب في مس الانثيين من طريق الدارقطني به- وقد رواه الطبراني في الكبير (۲۴/۲۰۰) رقم (۵۱۰): حدثنا عبدان بن احمد' ثنا ابو كامل الجحدري' ثنا يزيد بن زريع ...... فذكره بلفظ: (اذا مس احدكم ذكره او انثييه او رفغيه فليتوضا)- الخ- فادرج قول عروة في الحديث- وانظر: تخريج الحديث السابق-

Marfat.com

حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲۶۱/۳)(۱۳۵۲)۔

530- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ قَالَ كَانَ اَبِىْ يَقُوْلُ اِذَا مَسَّ رُفْغَيْهِ اَوْ اُنْثَيَيْهِ اَوْ فَرْجَهُ فَلَا يُصَلِّىْ حَتّٰى يَتَوَضَّاَ .كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ.

☆☆ ہشام بن عروہ یہ بیان کرتے ہیں: میرے والد یہ فرمایا کرتے تھے کہ جب کوئی شخص اپنی میل والی جگہ کو یا اپنے خصیے یا اپنی شرمگاہ کو چھولے تو اس وقت تک نماز ادا نہ کرے' جب تک وضو نہ کر لے۔

اس روایت کے تمام راوی مستند ہیں۔

531- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِى الرِّجَالِ حَدَّثَنَا اَبُوْ حُمَيْدٍ الْمِصِّيْصِىُّ قَالَ سَمِعْتُ حَجَّاجًا يَقُوْلُ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مَرْوَانَ عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ وَقَدْ كَانَتْ صَحِبَتِ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِذَا مَسَّ اَحَدُكُمْ ذَكَرَهُ اَوْ اُنْثَيَيْهِ فَلَا يُصَلِّىْ حَتّٰى يَتَوَضَّاَ.

☆☆ سیّدہ بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا' جنہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحابیہ ہونے کا شرف حاصل ہے' وہ بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کوئی شخص اپنی شرمگاہ کو یا اپنے خصیے کو چھولے تو وہ اس وقت تک نماز ادا نہ کرے' جب تک وضو نہ کر لے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن ابراہیم بن ابورجال صلحی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: سوالات اسلمی (۱۱۵)۔

532- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يُوْنُسَ بْنِ يَاسِيْنَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِىْ اِسْرَائِيْلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ عَنْ

۵۳۰- اخرجه البيهقي في الكبرى (۱۳۸/۱) من طريق الدارقطني به- قال البيهقي: (وروي ذلك عن هشام بن عروة من وجه آخر مدرجا في الحديث وهو وهم- والصواب: انه من قول عروة- والقياس ان لا وضوء في المس' وانما اتبعنا السنة في ايجابه بمس الفرج: فلا يجب بغيره)- اه- وانظر: الحديث (۵۲۸)' (۵۲۹)-

۵۳۱- اخرجه الطبراني في الكبير (۲۰۱/۲۴) رقم (۵۱۳) من طريق ابن جريج' به-

۵۳۲- اخرجه ابن الجوزي في التحقيق (۱۴۷/۱) رقم (۲۱۱)' واخرجه الطبراني في الكبير (۲۹۸/۸) رقم ۸۲۳۹۰) والبيهقي في الكبرى (۱۳۵/۱) مطولا من طريق محمد بن جابر بهذا الاسناد' نحوه- قال الهيثمي في مجمع الزوائد (۱۲/۲): (فيه محمد بن جابر اليمامي ضعفه احمد وغيره' واختلف في الاحتجاج به)- ورواه احمد كما في مجمع الزوائد (۱۲/۲)' والطبراني في الكبير (۴۰۲/۸) رقم (۸۲۵۴) من طريق ايوب بن عتبة عن قيس بن طلق عن ابيه نحوه- قال الهيثمي: (رواه احمد' وفيه ايوب بن عتبة' واختلف في ثقته)- اه-

ورواه ايضا الطبراني في الكبير (۲۹۹/۸) رقم (۸۲۴۲): حدثنا معاذ بن المثنى' ثنا مسدد' ثنا ملازم بن عمرو' ثنا عبد الله بن بدر عن قيس بن طلق عن ابيه قال: بنيت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم مسجد المدينة' فكان يقول: (قدموا اليمامي من الطين فانه من احسنكم له مسا)- قال الهيثمي في مجمع الزوائد (۱۲/۲۰): (رواه احمد والطبراني في الكبير' ورجاله موثقون)- اه-

Marfat.com

قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَهُمْ يُؤَسِّسُوْنَ مَسْجِدَ الْمَدِيْنَةِ قَالَ وَهُمْ يَنْقُلُوْنَ الْحِجَارَةَ قَالَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا اَنْقُلُ كَمَا يَنْقُلُوْنَ قَالَ لَا وَلٰكِنِ اخْلِطْ لَهُمُ الطِّيْنَ يَا اَخَا الْيَمَامَةِ فَاَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ . قَالَ فَجَعَلْتُ اَخْلِطُهٗ لَهُمْ وَيَنْقُلُوْنَهٗ .

☆☆ حضرت قیس بن طلق رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' لوگ اس وقت مدینہ منورہ کی مسجد بنانے میں مصروف تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: لوگ اس وقت پتھر منتقل کر رہے تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی کہ یارسول اللہ! کیا میں بھی اسی طرح نہ کروں جیسے یہ لوگ (پتھر) منتقل کر رہے ہیں؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: نہیں! بلکہ تم انہیں گارا بنا دو' اے یمامہ کے رہنے والو! کیونکہ تم اس میں ماہر ہو۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے انہیں بنا دیا اور وہ لوگ اسے لے کر جانے لگے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسماعیل بن یونس بن یاسین، ابواسحاق المعروف بالشیعی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 323ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: اللسان (۱/۵۶۱) (۱۳۹۹)، ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲/۲۹۹) (۳۳۳۶)۔

○ قیس بن طلق بن علی حنفی یمامی۔ یہ ''صدوق'' ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۰۵) (۵۶۱۵)۔

533- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِى اِسْرَائِيْلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَسَاَلَهٗ عَنْ مَسِّ الذَّكَرِ فَقَالَ اِنَّمَا هُوَ بَضْعَةٌ مِّنْكَ . قَالَ ابْنُ اَبِى حَاتِمٍ سَاَلْتُ اَبِى وَاَبَا زُرْعَةَ عَنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ جَابِرٍ هٰذَا فَقَالَا قَيْسُ بْنُ طَلْقٍ لَيْسَ هُوَ مِمَّنْ تَقُوْمُ بِهٖ حُجَّةٌ وَّوَهَّنَاهُ وَلَمْ يُثْبِتَاهُ.

☆☆ حضرت قیس بن طلق رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کے پاس موجود تھا' ایک شخص آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' اس نے آپ سے شرمگاہ کو چھونے کے بارے میں دریافت کیا تو نبی اکرم ﷺ نے

۵۳۳- اخرجه ابو داؤد (۱/۴۷) كتاب الطهارة' باب الرخصة في ذلك' الحديث (۱۸۳)' وابن ماجه (۱/۱۶۳) كتاب الطهارة' باب الرخصة في ذلك: الحديث (۴۸۳)' واحمد (۴/۲۳)' وابن الجارود رقم (۲۰)' والطحاوي في (شرح المعاني) (۱/۷۵)' والبيهقي في الكبرى (۱/۱۳۵)' وابن الجوزي في العلل المتناهية (۱/۳۶۱) رقم (۵۹۷)' والطبراني رقم (۸۲۳۳)' (۸۲۳۴) من طريق محمد بن جابر عن قيس' به' ومحمد بن جابر ضعيف كما تقدم- قال ابن ابي حاتم في العلل (۱/۴۸)؛ (سالت ابي وابا زرعة عن حديث محمد بن جابر...... الخ! فلم يثبتاه' وقالا: (قيس بن طلق ليس ممن تقوم به الحجة ووهناه)- اهـ- وضعفه الزيلعي في نصب الراية (۱/۶۱)' واعله بمحمد بن جابر- وسياتي رقم (۵۳۶) من طريق ايوب بن محمد عن قيس' به-

Marfat.com

فرمایا: وہ تمہارے جسم کا حصہ ہے۔

ابن ابی حاتم نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے والد (ابو حاتم) اور حضرت ابوشیخ زرعہ رازی سے محمد بن جابر نامی راوی کی نقل کردہ اس روایت کے بارے میں دریافت کیا تو دونوں نے جواب دیا: قیس بن طلق نامی راوی ایسے نہیں ہیں جن کو مستند تسلیم کیا جائے' تو ان دونوں حضرات نے اس راوی کو کمزور ظاہر کیا اور اسے مستند قرار نہیں دیا۔

534- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْخَالِقِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رِشْدِيْنَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْمُخْتَارِ - وَكَانَ مِنَ الصَّالِحِيْنَ وَذَكَرَ مِنْ فَضْلِهِ - عَنِ الصَّلْتِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ عَنْ عِصْمَةَ بْنِ مَالِكٍ الْخَطْمِيِّ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ احْتَكَكْتُ فِي الصَّلَاةِ فَاَصَابَتْ يَدِيْ فَرْجِيْ فَقَالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَاَنَا اَفْعَلُ ذٰلِكَ.

☆☆ ابوعثمان نہدی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ بات نقل کی ہے۔

ایک روایت میں یہ بات منقول ہے: عصمہ بن مالک حطمی نامی راوی' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں' انہوں نے یہ بات نقل کی ہے: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے نماز کے دوران خارش ہوئی' میں نے خارش کی تو میرا ہاتھ میری شرمگاہ کو لگ گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (کبھی) میں بھی ایسا کر لیتا ہوں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن احمد بن عمرو بن عبد الخالق بن خلاد بن عبید اللہ ابوالعباس عتکی بزار: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 339ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱/۳۲۷) (۲۳۲)۔

○ احمد بن محمد بن حجاج بن رشدین مصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۲/۷۵) (۱۵۳)۔

○ فضل بن مختار ابوسہل بصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: میزان الاعتدال (۵/۴۳۵) (۶۷۵۶)۔

○ صلت ابن دینار ازدی، ہنائی، بصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ

۵۳۴- اخرجه البيهقي في الخلافيات (۱/۲۲۸) من طريق الدارقطني به- وقال: (الصلت بن دينار ابو شعيب المجنون ضعيف، وكان ممن يشتم اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، مع كثرة المناكير في حديثه- تركه احمد بن حنبل ويحيى بن معين)- اه- وقد ذكر الزيلعي في نصب الراية (۱/۶۹) حديث عصمة بن مالك، ثم قال: (وهو حديث ضعيف ايضاً- قال ابن عدي: الفضل ابن مختار احاديثه منكرة، وقال ابو حاتم: مجهول، واحاديثه منكرة، يحدث بالاباطيل)- اه-

Marfat.com

راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۵۵)(۲۹۶۳)۔

○ عبدالرحمٰن بن مل ابوعثمان نہدی مشہور بکنیتہ، مخضرم، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 95ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۰۱)(۴۰۴۳)۔

○ عبیداللہ بن عبداللہ بن موہب، ابویحییٰ تیمی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۴۱)(۴۳۴۰)۔

535- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ فَرْوَةَ الْبُلَدِيُّ اَبُوْ رَوْحٍ حَدَّثَنَا مُلَازِمُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَدْرٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ عَنْ اَبِيْهِ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ خَرَجْنَا وَفْدًا اِلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) حَتّٰى قَدِمْنَا عَلَيْهِ فَبَايَعْنَاهُ وَصَلَّيْنَا مَعَهُ فَجَآءَ رَجُلٌ كَاَنَّهُ بَدَوِيٌّ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا تَرٰى فِيْ مَسِّ الرَّجُلِ ذَكَرَهُ فِي الصَّلَاةِ فَقَالَ وَهَلْ هِيَ اِلَّا مُضْغَةٌ مِّنْهُ اَوْ بَضْعَةٌ ۔ كَذَا قَالَ اَبُوْ رَوْحٍ.

☆☆ قیس بن طلق اپنے والد حضرت طلق بن علی کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم ایک وفد کی شکل میں نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہونے کے لیے روانہ ہوئے' جب ہم آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو ہم نے آپ کے ہاتھ پر بیعت کی اور آپ کی اقتداء میں نماز ادا کی' ایک شخص آیا' وہ دیہاتی لگ رہا تھا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آدمی کے نماز کے دوران اپنی شرمگاہ کو چھونے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ تمہارے جسم کا ایک ٹکڑا ہے۔ (راوی کو شک ہے' شاید یہ الفاظ ہیں:) گوشت کا ٹکڑا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ملازم بن عمرو تیمی، یمامی :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: میزان الاعتدال (۵۱۲/۶)(۸۷۶۲)۔

○ عبداللہ بن بدر بن عمیرۃ حنفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے

۵۳۵- اخرجه ابن ابي شيبة (۱۶۵/۱)، وابو داؤد (۴۶/۱) كتاب الطهارة، باب الرخصة في ذلك، الحديث (۱۸۲)، والترمذي (۱۳۱/۱) كتاب الطهارة، باب ما جاء في ترك الوضوء من مس الذكر، الحديث (۸۵)، والنسائي (۱۰۱/۱) كتاب الطهارة، باب ترك الوضوء من ذلك، وفي الكبرٰى (۹۹/۱) كتاب الطهارة، باب الرخصة في ترك الوضوء من مس الذكر، الحديث (۱۶۰)- وابن حبان في صحيحه (۴۰۲/۳) رقم (۱۱۱۹)، (۱۱۲۰)، وابن الجارود في المنتقى رقم (۲۱)، والطحاوي (۷۵/۱- ۷۶) والضياء في المختارة (۱۶۳)، والطبراني في الكبير (۳۹۹/۸) رقم (۸۲۴۳)، والبيهقي (۱۳۴/۱) كلهم من طريق ملازم بن عمرو، عن عبد الله بن بدر، عن قيس بن طلق عن ابيه، به-

Marfat.com

طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۹۳) (۳۲۴۰)۔

536- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ اَبُوْ حَامِدٍ حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَاَلْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنْ مَسِّ الْفَرْجِ فَقَالَ بَضْعَةٌ مِّنْكَ . اَيُّوْبُ مَجْهُوْلٌ .

☆☆ حضرت قیس بن طلق اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم ﷺ سے شرمگاہ کو چھونے کے بارے میں دریافت کیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ تمہارے جسم کا ایک ٹکڑا ہے۔

اس روایت کا راوی ایوب' مجہول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالملک بن صباح مسمعی، ابومحمد صنعانی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 200ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۲۳) (۴۲۱۴)۔

○ ایوب بن محمد ابوجمل یمامی عجلی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۲/ ۲۵۷) (۹۱۷)۔

537- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ النَّقَّاشُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى الْقَاضِي السَّرْخَسِيُّ حَدَّثَنَا رَجَاءُ بْنُ مُرَجَّى الْحَافِظُ قَالَ اجْتَمَعْنَا فِيْ مَسْجِدِ الْخَيْفِ اَنَا وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَّعَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَيَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ فَتَنَاظَرُوْا فِيْ مَسِّ الذَّكَرِ فَقَالَ يَحْيَى يَتَوَضَّاُ مِنْهُ . وَقَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ بِقَوْلِ الْكُوْفِيِّيْنَ وَتَقَلَّدَ قَوْلَهُمْ وَاحْتَجَّ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ بِحَدِيْثِ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ وَاحْتَجَّ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ بِحَدِيْثِ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ وَّقَالَ لِيَحْيَى كَيْفَ تَتَقَلَّدُ اِسْنَادَ بُسْرَةَ وَمَرْوَانُ اَرْسَلَ شُرْطِيًّا حَتّٰى رَدَّ جَوَابَهَا اِلَيْهِ فَقَالَ يَحْيَى وَقَدْ اَكْثَرَ النَّاسُ فِيْ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ فَلَا يُحْتَجُّ بِحَدِيْثِهِ . فَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ كِلَا الْاَمْرَيْنِ عَلٰى مَا قُلْتُمَا فَقَالَ يَحْيَى مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ

۵۳۶- اخرجه ابن الجوزي في العلل (۱/ ۳۶۱- ۳۶۲) رقم (۵۹۸) وفي التحقيق (۱/ ۱۲۵) رقم (۲۰۶) من طريق عبد الحميد بن جعفر عن ايوب بن محمد' به- وايوب هذا ضعفه ايضا الدارقطني في السنن (۲/ ۲۴۳) وقال العقيلي في الضعفاء (۱/ ۱۱۶): (يهم في بعض حديثه)- قال الذهبي في الميزان (۱/ ۴۶۲): (ضعفه ابن معين' وقال ابو زرعة: منكر الحديث' وقال ابو حاتم: لا باس به' وقال العقيلي: يهم في بعض حديثه)-

۵۳۷- اخرجه الحاكم في المستدرك (۱/ ۱۳۹)' ومن طريقه اخرجه البيهقي في السنن (۱/ ۱۳۶) كتاب الطهارة' باب ترك الوضوء من مس الفرج بظهر الكف- قال الحاكم: حدثنا ابو بكر محمد بن عبد الله بن الجراح العدل الحافظ بمرو' ثنا عبد الله بن يحيى' به-

Marfat.com

عُمَرَ اَنَّهُ تَوَضَّاَ مِنْ مَسِّ الذَّكَرِ. فَقَالَ عَلِيٌّ كَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ لاَ يُتَوَضَّاُ مِنْهُ وَاِنَّمَا هُوَ بَضْعَةٌ مِّنْ جَسَدِكَ فَقَالَ يَحْيٰى عَنْ مَّنْ قَالَ سُفْيَانُ عَنْ اَبِى قَيْسٍ عَنْ هُزَيْلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَاِذَا اجْتَمَعَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ وَّابْنُ عُمَرَ وَاخْتَلَفَ فَابْنُ مَسْعُوْدٍ اَوْلٰى اَنْ يُتَّبَعَ فَقَالَ لَهُ اَحْمَدُ نَعَمْ وَلٰكِنْ اَبُوْ قَيْسٍ لاَ يُحْتَجُّ بِحَدِيْثِهِ فَقَالَ حَدَّثَنِى اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ. قَالَ مَا اُبَالِى مَسِسْتُهُ اَوْ اَنْفِى فَقَالَ اَحْمَدُ عَمَّارٌ وَّابْنُ عُمَرَ اسْتَوَيَا فَمَنْ شَاءَ اَخَذَ بِهٰذَا وَمَنْ شَاءَ اَخَذَ بِهٰذَا.

☆☆ رجاء بن مرجی نامی محدث بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم مسجد خیف میں اکٹھے ہوئے' جن میں احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ تھے' علی بن مدینی تھے اور یحییٰ بن معین تھے' ان لوگوں کے درمیان شرمگاہ کو چھونے کے بارے میں بحث چھڑ گئی تو یحییٰ نے کہا: اس کے بعد وضو کیا جائے گا۔

علی بن مدینی نے اہلِ کوفہ کے قول کے مطابق رائے بیان کی اور ان کے قول کی تقلید کی۔

یحییٰ بن معین نے اپنے مؤقف کی تائید میں بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا کی روایت نقل کی' جبکہ علی بن مدینی نے اپنے مؤقف کی تائید میں قیس بن طلق کی روایت نقل کی۔

انہوں نے یحییٰ سے کہا: تم بسرہ کی سند کی کیسے پیروی کر سکتے ہو؟ جبکہ مروان (جو مدینہ کا گورنر تھا)' اس نے ایک سپاہی کو بھیجا تھا' یہاں تک کہ وہ سپاہی اس خاتون کا جواب لے کر مروان کے پاس آیا تھا' تو یحییٰ نے کہا: اکثر لوگوں نے قیس بن طلق پر تنقید کی ہے اور ان کی روایت کو مستند قرار نہیں دیا' تو امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: آپ دونوں نے جو بات بیان کی' واقعہ ایسا ہے۔ یحییٰ' مہدی نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' نافع کے حوالے سے' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں: اس کے بعد وضو کرنا ضروری نہیں ہے' یہ تمہارے جسم کا ایک حصہ ہے' تو یحییٰ نے دریافت کیا: یہ بات کس نے نقل کی ہے؟ تو اُنہوں نے جواب دیا: یہ سفیان نے ابوقیس کے حوالے سے' ہزیل کے حوالے سے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے یہ بات نقل کی ہے۔

تو جب بھی کسی معاملے میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی رائے مختلف ہو' تو حضرت عبداللہ بن مسعود اس بات کے زیادہ مستحق ہوں گے کہ ان کی پیروی کی جائے۔

تو امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے فرمایا کہ ایسا ہی ہے' لیکن ابوقیس نامی راوی کی روایت کو دلیل کے طور پر پیش نہیں کیا جا سکتا۔ تو اُنہوں نے کہا: ابونعیم نے معمر کے حوالے سے' عمیر کے حوالے سے' حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے' وہ فرماتے ہیں:

مجھے اس بات کی کوئی پرواہ نہیں ہے' میں اسے (شرمگاہ کو) چھوؤں یا اپنی ناک کو چھوؤں۔

تو امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے یہ کہا: حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما دونوں ایک ہی مرتبہ کے ہیں' تو جو شخص چاہے وہ ان کی رائے کو اختیار کرے اور جو شخص چاہے وہ اُن کی رائے کو اختیار کرے۔

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن یحییٰ بن موسیٰ سرخسی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''کذاب'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: میزان الاعتدال (۴/۲۲۷) (۴۶۹۱)۔

○ رجاء بن مرجاء غفاری، مروزی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 249ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۴) (۱۹۳۸)۔

○ عمیر بن سعید نخعی، صہبانی یکنی ابا یحییٰ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 107ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۵۳) (۵۲۱۷)۔

538- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ عَنْ شَقِيقٍ قَالَ قَالَ حُذَيْفَةُ مَا اُبَالِي مَسِسْتُ ذَكَرِي اَوْ مَسِسْتُ اَنْفِي اَوْ اُذُنِي وَاَنَا فِي الصَّلَاةِ.

☆☆ شقیق بیان کرتے ہیں: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے: میں اس بات کی پرواہ نہیں کرتا' میں نے اپنی شرمگاہ کو چھولیا ہے یا اپنی ناک کو چھولیا ہے جبکہ میں نماز کی حالت میں ہوں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سلیمان بن داؤد عتکی، ابوربیع زہرانی، بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 234ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۰۷) (۲۵۷۱)۔

○ اسماعیل بن زکریا بن مرۃ خلقانی ابوزیاد کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 174ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۳۹) (۴۴۹)۔

○ حصین بن عبدالرحمن سلمی، ابوہذیل کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 136ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۵۳) (۱۳۷۸)۔

۵۳۸ اخرجه البيهقي في الخلافيات (۱/۲۳۳) من طريق الدارقطني به' ورواه عبد الرزاق (۱/۱۱۷- ۱۱۸) رقم (۴۲۹) عن معمر عن قتادة عن المخارق بن احمر الكلاعي' قال: سمعت حذيفة بن اليمان وعن اياد بن لقيط قال: حدثني البراء بن قيس' قال: سمعت حذيفة بن اليمان' وساله رجل عن مس الذكر في الصلوة؟ فقال: (ما ابالي مسسته او مسست انفي)-

Marfat.com

539- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَصِينٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا عَبْثَرٌ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ قَالَ حُذَيْفَةُ مَا اُبَالِىْ مَسِسْتُ ذَكَرِىْ فِى الصَّلَاةِ اَوْ مَسِسْتُ اُذُنِىْ.

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اس بات کی پرواہ نہیں کرتا' نماز کے دوران میں اپنی شرمگاہ کو چھولیا ہے یا اپنے کان کو چھولیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن احمد بن عبداللہ بن یونس یربوعی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 248ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۹۰)(۳۲۱۴)۔

○ عبثر ابن قاسم زبیدی ابوزبید کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 179ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۸۹)(۳۲۱۴)۔

○ سعد بن عبیدۃ سلمی، ابوحمزۃ کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال عمر بن ہبیرہ کے عہدِ حکومت میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۷۰)(۲۲۶۲)۔

○ عبداللہ بن حبیب بن ربیعۃ ابوعبدالرحمٰن سلمی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 70ھ کے آس پاس ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۴۹)(۳۲۸۹)۔

56- باب مَا رُوِىَ فِىْ مَسِّ الْاِبْطِ وَالْوُضُوْءِ مِنْهُ.

باب: بغل کو چھونے کے بارے میں جو کچھ منقول ہے' اور اس کے بعد وضو کرنے کا حکم

540- حَدَّثَنَا اَبُوْ رَوْقٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رَوْحٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْنَاهُ مِنْ

۵۳۹- اخرجه البيهقي في الخلافيات (۱/ ۳۳۳) من طريق الدارقطني' به- وانظر: الحديث السابق-

۵۴۰- اخرجه عبد الرزاق (۱/ ۱۱۱) رقم (۴۰۶) عن ابن جريج عن عمرو بن دينار عن ابن شهاب' عن عبد الله بن عبد الله بن عتبة عن عمر' ومن طريقه رواه المصنف رقم (۵۴۲)' وقد رواه الحميدي في مسنده رقم (۱۴۳)- ورواية عبيد الله بن عبد الله عن عمر مرسلة: كما في جامع التحصيل ص (۲۳۲)- وقد رواه ايضا عبد الرزاق (۱/ ۱۱۱) رقم (۴۰۵) عن ابراهيم عن الزهري عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة عن رجل عن عمر' قال: (من مس ابطه فليتوضا)- وانظر -ايضا-: الحديث التالي-

Marfat.com

عَمْرٍو يُحَدِّثُهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ قَالَ سُئِلَ عُمَرُ عَنْ مَسِّ الْإِبْطِ فَقَالَ يَتَوَضَّأُ مِنْهُ .

☆☆ عبیداللہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بغل کو چھونے کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: اس کے بعد وضو کیا جائے گا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوروق احمد بن محمد بن بکر ہزانی بصری قال عنہ الذھبی فی ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی: :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 331ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۵/ ۲۸۵) (۱۲۸)۔

○ احمد بن ہارون بن روح، ابوبکر برذعی ویعرف بالبردیجی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 301ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۵/۱۹۴) (۲۶۶۱)۔

توضیح مسئلہ:

نواقضِ وضو کے بارے میں بعض اہلِ علم کی شاذ رائے کی وضاحت کرتے ہوئے شیخ موفق الدین ابن قدامہ حنبلی تحریر کرتے ہیں:

فهـذا جميع نواقض الطهارة ولا تنتقض بغير ذلك في قول عامة العلماء الا انه قد حكي عن مجاهد و الحكم و حماد في قص الشارب وتقليم الاظفار ونتف الابط الوضوء وقول جمهور العلماء بخلافهم ولا نعلم لهم فيما يقولون حجة الله سبحانه اعلم[1]

یہ تمام چیزیں وضو کو توڑ دیتی ہیں' عام علماء کے قول کے مطابق ان کے علاوہ اور کوئی بھی چیز وضو کو نہیں توڑتی ہے' البتہ مجاہد' حکم اور حماد سے یہ بات منقول ہے کہ اُن کے نزدیک مونچھیں تراشنے' ناخن تراشنے اور بغلوں کے بال صاف کرنے سے بھی وضو ٹوٹ جاتا ہے' لیکن جمہور اہلِ علم کی رائے اس سے مختلف ہے۔

اور ہمارے علم کے مطابق ان حضرات نے جو فتویٰ دیا ہے' اس کی کوئی دلیل نہیں ہے۔

541 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ إِذَا تَوَضَّأَ الرَّجُلُ وَمَسَّ إِبْطَهُ أَعَادَ الْوُضُوءَ . قَالَ وَحَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ عَنْ أَبِي سِنَانٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَيْسَ عَلَيْهِ إِعَادَةٌ.

1- المغنی لابن قدامہ الحنبلی' فصل واذا تیقن الحدث والطہارۃ معا 227/1)

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ خلف بن خلیفۃ بن صاعد اشجعی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابواحمد کوفی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 181ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۹۹) (۱۷۴۱)۔

○ ضرار بن مرۃ کوفی، ابوسنان شیبانی الاکبر: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 132ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۵۹) (۳۰۰۰)۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما یہ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص وضو کرے' اس کے بعد وہ اپنی بغل کو چھولے تو وہ دوبارہ وضو کرے گا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ بات منقول ہے: ایسے شخص پر دوبارہ وضو کرنا لازم نہیں ہوگا۔

542- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ اِذَا مَسَّ الْمَرْءُ اِبْطَهٗ فَلْيَتَوَضَّأْ.

☆☆ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص اپنی بغل کو چھولے تو وہ وضو کرے۔

543- وَحَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَصْطَخْرِىُّ حَدَّثَنَا حَمْدَانُ بْنُ عَلِىٍّ حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ وَذُكِرَ مَسُّ الْاِبْطِ عِنْدَ اَيُّوْبَ فَقَالَ رُبَّ اِبْطٍ يَنْبَغِىْ اَنْ يُغْتَسَلَ مِنْهُ.

☆☆ حماد بن زید نے یہ بات بیان کی ہے: ایوب کے سامنے بغل کو چھونے کا ذکر کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: بعض بغلیں ایسی ہوتی ہیں' انہیں چھونے کے بعد غسل کرنا چاہیے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ امام قدوۃ علامۃ شیخ الاسلام ابوسعید حسن بن احمد بن یزید الاصطخری شافعی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ''

۵۴۱- اخرجه البيهقي (۱۳۸/۱) كتاب الطهارة: باب في مس الابط من طريق الدارقطني به. وفيه ايضا اثر ابن عباس. وفي اسناده ليث بن ابي سليم- وقد رواه ايضا ابن ابي شيبة في المصنف (۵۵/۱) رقم (۵۶۷): حدثنا خلف بن خليفة عن ليث عن مجاهد عن ابن عباس. قال: (ليس عليه وضوء في نتف الابط)- وليث: قال الحافظ (۱۳۸/۲): (صدوق. اختلط اخيرا ولم يتميز حديثه: فترك)- اه-

۵۴۳- فيه مسلم بن خالد الزنجي: قال الحافظ في التقريب (۲۴۵/۲): (فقيه. صدوق. كثير الاوهام)- اه-

Marfat.com

قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 328ھ میں ہوا ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: سیر اعلام النبلاء (۱۵/۲۵۰) (۱۰۴)۔

57- باب فِي الْوُضُوْءِ مِنَ الْخَارِجِ مِنَ الْبَدَنِ كَالرُّعَافِ وَالْقَيْءِ وَالْحِجَامَةِ وَنَحْوِهِ

باب: جسم سے نکلنے والی چیز جیسے نکسیر، قے، پچھنے (لگوانے سے نکلنے والا خون) وغیرہ کے بعد وضو کرنا

572- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى بْنِ عَلِيٍّ الْخَوَّاصُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ زِيَادٍ اَبُوْ سَهْلٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَطِيَّةَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لَيْسَ فِى الْقَطْرَةِ وَالْقَطْرَتَيْنِ مِنَ الدَّمِ وُضُوْءٌ حَتّٰى يَكُوْنَ دَمًا سَائِلًا . مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَطِيَّةَ ضَعِيْفٌ وَسُفْيَانُ بْنُ زِيَادٍ وَحَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ ضَعِيْفَانِ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ایک قطرہ یا دوقطرے خون ظاہر ہونے سے وضو لازم نہیں ہوتا' جب تک وہ خون بہنے نہ لگ پڑے (اس وقت تک لازم نہیں ہوتا)۔

اس روایت کے راوی عمر بن فضل بن عتبہ ضعیف ہیں اور سفیان بن ضیاء اور حجاج بن ؟؟؟ بھی ضعیف ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن عیسیٰ بن علی بن موسیٰ ... خواس، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 332ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات ـــ لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲۸۱/۴)(۲۰۳۱)۔

○ سفیان بن زیاد بن آدم عقیلی ابوسعید بصری ابوبلدی مودب، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں 'صدوق' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۹۴)(۲۴۵۵)۔

573- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ قَالَ قُرِءَ عَلٰى اَحْمَدَ بْنِ مُلَاعِبٍ وَاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الدَّاهِرِيُّ عَنْ حَجَّاجٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ رَعَفَ فِىْ صَلَاتِهِ فَلْيَرْجِعْ فَلْيَتَوَضَّأْ وَلْيَبْنِ عَلٰى صَلَاتِهِ . اَبُوْ بَكْرٍ الدَّاهِرِيُّ عَبْدُ

۵۷۲- اخرجه البيهقي في الخلافيات (۲۵۸/۱) وفيه حجاج بن نصير ضعيف: كما في التقريب (۱/ ۱۵٤) وقد تقدمت ترجمته- وانظر: الحديث السابق (۵۷۱)-

Marfat.com

اللّٰہِ بْنُ حَکِیْمٍ مَتْرُوْکُ الْحَدِیْثِ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جس شخص کی نماز کے دوران نکسیر پھوٹ جائے' وہ وضو کرے اور (وہیں سے نماز ادا کرے جہاں سے چھوڑ کر گیا تھا)۔

اس روایت کا راوی ابوبکر داہری' عبداللہ بن حکیم' متروک الحدیث ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن ملاعب بن حیان، ابوالفضل مخرمی حافظ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 275ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۵/۱۶۸)(۲۶۱۴)۔

○ عبداللہ بن حکیم، ابوبکر داہری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔آن کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۹/۴۴۶)(۵۰۷۶)۔

61- باب الْعَمَلِ فِیْ مَنْ اَحْدَثَ فِی الصَّلاۃِ .

باب: جس شخص کا نماز کے دوران وضو ٹوٹ جائے' اُس کا طریقہ

574- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ سُلَیْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ وَحَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ وَاَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ الْوَکِیْلُ قَالاَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّۃَ قَالاَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِیٍّ الْمُقَدَّمِیُّ حَدَّثَنَا ہِشَامُ بْنُ عُرْوَۃَ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَآئِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ) اِذَا اَحْدَثَ اَحَدُکُمْ وَھُوَ فِی الصَّلاۃِ فَلْیَضَعْ یَدَہٗ عَلٰی اَنْفِہٖ ثُمَّ لِیَنْصَرِفْ .

۵۷۳- اخرجه البیهقی فی الخلافیات (۱/ ۲۵۳)، وابن الجوزی فی التحقیق (۱/ ۱۳۲) رقم (۲۱۶) من طریق الدارقطنی' به- واخرجه ابن حبان فی المجروحین (۲/ ۲۲): اخبرناه احمد بن یحیی بن زهیر' قال: حدثنا عمر بن الخطاب السجستانی' قال ثنا حدثنا عمرو بن عون ...... فذکره بنفس الاسناد بلفظ: (اذا قاء احدکم او رعف وهو فی الصلوة او احدث' فلینصرف' فلیتوضأ' ثم یجیء' فلیبن علی ما مضی)' ومن طریق ابن حبان رواه ابن الجوزی فی العلل المتناهیة (۱/ ۳۶۶) رقم (۶۰۷)- وابو بکر الداهری: هو عبد الله بن حکیم' قال الذهبی فی المیزان (۴/ ۸۵- ۸۶): (قال احمد: لیس بشیء- وکذا قال ابن المدینی وغیره- وقال ابن معین مرة- لیس بثقة: وکذا قال النسائی- وقال الجوزجانی: کذاب' وبعض الناس قد مشاه وقواه' فلم یلتفت الیه)- اه- والحدیث ضعفه ابن الجوزی فی التحقیق وفی العلل' والبیهقی فی الخلافیات-

---

۵۷۴- اخرجه ابو داؤد (۱/ ۲۹۱) کتاب الصلوة' باب استئذان المحدث الامام' الحدیث (۱۱۱۴)' وابن ماجه (۱/ ۳۸۶) کتاب اقامة الصلوة' باب ما جاء فیمن احدث فی الصلوة کیف ینصرف' الحدیث (۱۲۲۲)' وابن حبان فی صحیحه (۶/ ۹- ۱۰) رقم (۲۲۳۸)' (۲۲۳۹)' وابن خزیمة (۲/ ۱۰۸) رقم (۱۰۱۹)' وابن الجارود فی المنتقی رقم (۲۲۲)' والحاکم (۱/ ۱۸۴)' والبیهقی (۲/ ۲۵۴)' من طرق عن هشام بن عروة عن ابیه عن عائشة' وسیاتی رقم (۵۷۵)' (۵۷۶)' (۵۷۸)-

Marfat.com

☆☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کا وضوٹوٹ جائے' اگر وہ نماز کی حالت میں ہو' تو ناک پر ہاتھ رکھ کر واپس جائے' تاکہ یہ ظاہر ہو کہ اُس کی نکسیر پھوٹ گئی ہے۔

575- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مِهْرَانَ قَالاَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ السُّكَيْنِ اَبُوْمَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِذَا اَحْدَثَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ فَلْيُمْسِكْ بِاَنْفِهِ وَلْيَخْرُجْ .

☆☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کسی شخص کا نماز کے دوران وضوٹوٹ جائے تو اُسے اپنی ناک کو پکڑ لینا چاہیے' پھر واپس چلے جانا چاہیے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن محمد بن مہران، ابوحسن بغدادی: ان کے بارے میں جرح وتعدیل کے حوالے سے کچھ نقل نہیں ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۷۰/۱۲) (۶۴۶۸)۔

○ حسین بن سکین بن عیسیٰ، ابومنصور بلدی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 261ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۵۰/۸)(۴۱۱۰)۔

576- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ حُمَيْدٍ الْمِصِّيصِيُّ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا اَحْدَثَ اَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَاْخُذْ بِاَنْفِهِ ثُمَّ لِيَنْصَرِفْ .

☆☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب کسی شخص کا نماز میں وضوٹوٹ جائے' پھر اُسے اپنی ناک پکڑ لینی چاہیے اور پھر واپس چلے جانا چاہیے۔

577- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الْخَلَّالُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ بْنِ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الْقُرَشِيُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ قَالَ وَاَخْبَرَنِي بَقِيَّةُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) رَخَّصَ فِي دَمِ الْحُبُونِ يَعْنِي الدَّمَامِيلَ .وَكَانَ عَطَاءٌ يُصَلِّي وَهُوَ فِي ثَوْبِهِ .هٰذَا بَاطِلٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَلَعَلَّ بَقِيَّةَ دَلَّسَهُ عَنْ رَجُلٍ ضَعِيفٍ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھوڑے' پھنسی کے خون کے بارے میں اجازت دی ہے (اُس سے وضو نہیں کرنا پڑتا)۔

Marfat.com

عطاء کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ ایسی حالت میں نماز پڑھ لیتے تھے کہ خون اُن کے کپڑے پر لگا ہوتا تھا۔ ابن جریر سے منقول ہونے کے حوالے سے یہ روایت باطل ہے' ہوسکتا ہے؟؟؟ راوی نے کسی ضعیف راوی کے حوالے سے اسے تدلیس کے طور نقل کیا ہو' باقی اللہ بہتر جانتا ہے!

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن خلف بن حیان بن صدقۃ بن زیاد، ابوبکرضبی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 306ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۵/۲۳۶) (۲۷۲۶)۔

○ محمد بن ہارون بن حمید، ابوبکر البیع، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 312ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳/۳۵۷) (۱۴۶۳)۔

○ احمد بن عبدالرحمٰن بن بکار بن عبدالملک بن ولید بن بسر :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 248ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۹) (۷۶)۔

578- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ حَدَّثَنَا نُعَيْمٌ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِذَا اَحْدَثَ اَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَاْخُذْ عَلٰى اَنْفِهِ وَلْيَنْصَرِفْ فَلْيَتَوَضَّاْ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کا نماز کے دوران وضو ٹوٹ جائے تو اپنی ناک کو پکڑ لے اور پھر واپس جا کر وضو کرلے۔

579- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيلَ الْاٰدَمِيُّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيدَ الْبَحْرَانِيُّ ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْوَاسِطِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنِيهِ اَبِي حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ حَدَّثَنِي الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِي يَعِيشُ بْنُ الْوَلِيدِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَاءَ فَاَفْطَرَ .قَالَ فَلَقِيتُ ثَوْبَانَ فِي

۵۷۹- اخرجه ابو داؤد (۲/ ۳۱۰- ۳۱۱) كتاب الصوم: باب الصائم يستقيء عامداً، الحديث (۲۳۸۱)، والترمذي (۱/ ۱۴۲- ۱۴۳) كتاب الصلوٰة: باب ما جاء في الوضوء من القيء والرعاف، الحديث (۸۷)، والدارمي (۱/ ۳۴۶)، واحمد (۵/ ۱۹۵، ۲۷۷- ۲۷۸)، (۶/ ۴۴۹)، وابن الجارود في المنتقى رقم (۸)، والطيالسي (۹۹۳)، والحاكم (۱/ ۴۲۶)، والبيهقي (۱/ ۱۴۴)، (۴/ ۲۲۰)، وفي الخلافيات (۱/ ۲۵۹)، وابن الجوزي في التحقيق (۱/ ۱۲۰) رقم (۲۱۲) من طريق معدان بن طلحة عن ابي الدرداء، قال الترمذي: (هو اصح شيء في هذا الباب)- اهـ-

Marfat.com

مَسْجِدِ دِمَشْقَ فَذَكَرْتُ لَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ صَدَقَ اَنَا صَبَبْتُ لَهُ وَضُوْءَهُ .

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دفعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہہ کے روزہ ختم کر دیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: بعد میں میری ملاقات دمشق کی جامعہ مسجد میں حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے اس بات کا تذکرہ اُن سے کیا' اُنہوں نے فرمایا کہ (ابودرداء نے سچ فرمایا) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کروایا تھا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدوارث بن سعید بن ذکوان عنبری، (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 180ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۳۲)(۴۲۷۹)۔

○ حسین بن ذکوان معلم مکتب، عوذی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 145ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۴۷)(۱۳۲۹)۔

○ یعیش بن ولید بن ہشام بن معاویۃ اموی معیطی، دمشقی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۹۲)(۷۹۰۷)۔

○ ولید بن ہشام بن معاویۃ بن ہشام بن عقبۃ بن ابومعیط اموی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۴۲)(۷۵۱۱)۔

○ معدان بن ابوطلحۃ، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۵۸)(۶۸۳۵)۔

580- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى وَاَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ وَّاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰى قَالُوْا حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ اَبِى الْحَجَّاجِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ الْمُعَلِّمُ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِى كَثِيْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الْاَوْزَاعِىُّ عَنْ يَعِيْشَ بْنِ الْوَلِيْدِ بْنِ هِشَامٍ حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهُ قَالَ حَدَّثَنِىْ مَعْدَانُ اَنَّ اَبَا الدَّرْدَاءِ حَدَّثَهُ ثُمَّ ذَكَرَ عَنْ اَبِى الدَّرْدَاءِ وَعَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِىِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.

Marfat.com

☆☆ سعدان نامی راوی بیان کرتے ہیں: حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے انہیں یہ حدیث سنائی تھی' پھر انہوں نے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اور حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کے حوالے سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند روایت نقل کی تھی۔

581 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ حَدَّثَنَا حَرْبٌ عَنْ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو اَنَّ ابْنَ الْوَلِيدِ بْنِ هِشَامٍ حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهُ حَدَّثَنَا مَعْدَانُ بْنُ اَبِى طَلْحَةَ اَنَّ اَبَا الدَّرْدَاءِ اَخْبَرَهُ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ اِلٰى قَوْلِهِ اَنَا صَبَبْتُ لَهُ وَضُوْءَهُ.

☆☆ معدان بن ابوطلحہ یہ بات بیان کرتے ہیں: یہ بات انہیں حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے بتائی ہے' اس کے بعد انہوں نے حسبِ سابق حدیث ذکر کی ہے' جس میں اس بات کا تذکرہ ہے (حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے یہ بتایا ہے:) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کروایا تھا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن عیسیٰ بن ازہر، ابوالعباس برتی قاضی، ابوحسن الدارقطنی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 280ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۶۱/۵)(۲۴۳۱)۔

○ عبداللہ بن عمرو بن ابوحجاج تمیمی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 224ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۳۰)(۳۵۲۲)۔

582 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَنَّادٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ عَنْ يَحْيٰى بِاِسْنَادِهٖ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ .قَالَ ثَوْبَانُ صَدَقَ اَنَا صَبَبْتُ عَلَيْهِ وَضُوْءَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' جس میں یہ الفاظ ہیں:

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: انہوں نے سچ فرمایا ہے' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کروایا تھا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حرب بن شداد یشکری، ابوخطاب بصری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 161ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۲۸)(۱۱۷۵)۔

Marfat.com

583- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ جَحْدَرٌ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلاً قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّى كُلَّمَا تَوَضَّاْتُ سَالَ .فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا تَوَضَّاْتَ فَسَالَ مِنْ قَرْنِكَ اِلٰى قَدَمِكَ فَلَا وُضُوْءَ عَلَيْكَ .

عَبْدُ الْمَلِكِ هٰذَا ضَعِيفٌ وَلَا يَصِحُّ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں جب کبھی وضو کرتا ہوں (خون) بہنے لگتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم وضو کرلو پھر وہ اگر تمہاری چوٹی سے لے کر پاؤں تک بہتا رہے تو تم پر وضو کرنا لازم نہیں ہے۔

عبداللہ بن ملک نامی راوی' یہ ضعیف ہے' یہ روایت مستند نہیں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسین بن محمد بن سعید ابوعبداللہ بزاز المعروف با بن طبقی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 328ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۹۷/۸)(۴۱۹۹)۔

○ عبدالرحمٰن بن حارث کفرثوثی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیز ان (۲۶۹/۴)۔(۴۷۴۸)۔

○ عبدالملک بن مہران، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیز ان (۴۱۲/۴)(۵۲۵۹)۔

584- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ هَاشِمٍ السِّمْسَارُ حَدَّثَنَا عُتْبَةُ بْنُ السَّكَنِ الْحِمْصِيُّ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنَا عُبَادَةُ بْنُ نُسَيٍّ وَهُبَيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ اَسْمَاءَ الرَّحَبِيُّ حَدَّثَنَا ثَوْبَانُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَائِمًا فِي غَيْرِ رَمَضَانَ فَاَصَابَهُ غَمٌّ اٰذَاهُ فَتَقَيَّاَ فَقَاءَ فَدَعَانِى بِوَضُوْءٍ فَتَوَضَّاَ ثُمَّ اَفْطَرَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَرِيْضَةٌ الْوُضُوْءُ مِنَ الْقَيْءِ قَالَ لَوْ كَانَ فَرِيْضَةً لَوَجَدْتَهُ فِي

۵۸۳-اخرجه البيهقي في الكبرىٰ (۲۵۷/۱) كتاب الحيض' باب الرجل يبتلى بالمذي' والعقيلي في الضعفاء (۳۵/۳)' والطبراني في الكبير (۱۰۹/۱۱) رقم (۱۱۲۰۲)' كلهم من طريق عبد الملك بن مهران عن عمرو بن دينار عن ابن عباس' به- قال البيهقي في الكبرىٰ: (قال ابو احمد: هذا منكر لا اعلم احدا رواه عن عمرو بن دينار غير عبد الملك بن مهران- قال ابو احمد: وهو مجهول' ليس بالمعروف)- اه- قال العقيلي: (عبد الملك بن مهران صاحب مناكير' غلب على حديثه الوهم' لا يقيم شيئا من الحديث)- اه- وقال الهيثمي في المجمع (۲۵۴/۱): (رواه الطبراني في الكبير' وفيه عبد الملك بن مهران- قال العقيلي: (صاحب مناكير)- اه-

۵۸۴-اخرجه ابن الجوزي في التحقيق (۱۳۵/۱- ۱۳۶) رقم (۲۲۳) من طريق الدارقطني به' وعتبة بن السكن متروك: كما قال المصنف- انظر الميزان (۳۷/۵-۳۸)-

Marfat.com

الْقُرْآنِ قَالَ ثُمَّ صَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ) الْغَدَ فَسَمِعْتُہُ یَقُوْلُ ھٰذَا مَکَانُ اِفْطَارِیْ اَمْسِ ۔لَمْ یَرْوِہٖ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ غَیْرُ عُتْبَۃَ بْنِ السَّکَنِ وَھُوَ مُنْکَرُ الْحَدِیْثِ۔

☆☆ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھا ہوا تھا' یہ رمضان کے علاوہ کی بات ہے' آپ کو کوئی تکلیف لاحق ہوئی' جس نے آپ کو اذیت دی' جس کی وجہ سے آپ کو قے آ گئی' پھر آپ نے قے کی' پھر وضو کے لیے مجھے بلا کر وضو کیا اور روزے کو ختم کر دیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! قے کرنے کے بعد وضو کرنا فرض ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر یہ فرض ہوتا تو تمہیں قرآن میں اس کا حکم مل جاتا۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اگلے دن روزہ رکھا تھا تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: یہ میرے گزشتہ کل کے روزہ توڑنے کی قضا ہے۔

اس روایت کو اوزاعی کے حوالے سے صرف عطیہ بن سکن نے نقل کیا ہے' یہ شخص منکر الحدیث ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ قاسم بن ہاشم بن سعید بن سعد بن عبد اللہ بن سیف بن حبیب سمسار،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 159ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۴۲۹/۱۲) (۶۸۸۲)۔

○ عتبۃ بن سکن،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: میزان الاعتدال (۳۷/۵، ۳۸) (۵۴۷۷)۔

○ ہبیرۃ بن عبد الرحمٰن بن رافع بن خدیج انصاری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: میزان الاعتدال (۷۴/۷) (۹۲۱۵)۔

○ عمرو بن مرثد، ابواسماء، الرحبی، دمشقی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال عبد الملک کے عہدِ خلافت میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۸/۲) (۶۷۳)۔

62- بَابُ فِیْ مَا رُوِیَ فِیْمَنْ نَامَ قَاعِدًا وَقَائِمًا وَمُضْطَجِعًا وَمَا یَلْزَمُ مِنَ الطَّھَارَۃِ فِیْ ذٰلِکَ

باب: جو شخص کھڑے ہوئے' بیٹھے ہوئے یا لیٹ کر سو جائے' اُس کے بارے میں جو کچھ منقول ہے' اس سے طہارت کا لازم ہونا

585- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ غَیْلَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ ھِشَامٍ الرِّفَاعِیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ

Marfat.com

حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الدَّالَانِیُّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِی الْعَالِیَةِ الرِّیَاحِیِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) نَامَ وَهُوَ سَاجِدٌ حَتّٰی غَطَّ اَوْ نَفَخَ ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰی فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ قَدْ نِمْتَ فَقَالَ اِنَّ الْوُضُوْءَ لَا یَجِبُ اِلَّا عَلٰی مَنْ نَامَ مُضْطَجِعًا فَاِنَّهُ اِذَا اضْطَجَعَ اسْتَرْخَتْ مَفَاصِلُهُ . تَفَرَّدَ بِهِ اَبُوْ خَالِدٍ عَنْ قَتَادَةَ وَلَا یَصِحُّ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سو گئے' آپ اس وقت سجدے کی حالت میں تھے' یہاں تک کہ آپ خراٹے لینے لگے' پھر آپ کھڑے ہوئے اور نماز ادا کی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ تو سو گئے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وضو کرنا اُس شخص پر لازم ہے جو لیٹ کر سوتا ہے' کیونکہ جب وہ لیٹ کر سوتا ہے' تو اس کے جوڑ ڈھیلے پڑ جاتے ہیں۔

اس روایت کو ابوقتادہ کے حوالے سے نقل کرنے میں ابوخالد نامی راوی منفرد ہے' یہ روایت معتبر نہیں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبداللہ بن غیلان، ابوبکر خزاز یعرف بالسوسی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 322ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۵/۴۴۵)(۲۹۶۷)۔

○ عبدالسلام بن حرب بن سلمۃ نہدی ابوبکر کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 187ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۰۵)(۱۱۸۶)۔

○ ابوخالد دالانی، اسدی، کوفی، ان کا نام یزید بن عبدالرحمٰن ہے۔ : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۴۱۶)(۴)۔

۵۸۵- اخرجه احمد في مسنده (۱/۲۵۶)' وعبد بن حميد رقم (۶۵۹)' وابو داؤد (۱/۵۲) كتاب الطهارة' باب الوضوء من النوم' الحديث (۲۰۲)' والترمذي (۱/۱۱۱) كتاب ابواب الطهارة' باب ما جاء في الوضوء من النوم' الحديث (۷۷)' والبيهقي (۱/۱۲۱) كتاب الطهارة' باب ما ورد في نوم الساجد' وابن الجوزي في التحقيق (۱/۱۱۰) رقم (۱۸۱)' كلهم من طريق عبد السلام بن حرب عن يزيد الدالاني عن قتادة عن ابي العالية عن ابن عباس' به مرفوعاً-

قال ابو داؤد: (هو حديث منكر لم يروه الا يزيد ابو خالد الدالاني عن قتادة' وروى له جماعة عن ابن عباس' ولم يذكروا شيئا من هذا. قال ابو دواد: وذكرت حديث يزيد الدالاني لاحمد بن حنبل فانتهرني: استعظاما له' وقال: ما ليزيد الدالاني يدخل على اصحاب قتادة! ولم يعبا بالحديث)- اه- ويزيد الدالاني: قال الذهبي في الميزان (۷/۲۵۳): (قال ابو حاتم: صدوق - وقال احمد: لا باس به- وقال ابن حبان: فاحش الوهم: لا يجوز الاحتجاج به- وقال ابن عدي: ابو خالد له احاديث- وروى الناس عنه عبد السلام بن حرب' وفي حديثه لين' الا انه يكتب حديثه)- اه-

Marfat.com

○ قتادۃ بن دعامۃ بن قتادۃ سدوسی، ابوخطاب بصری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 110ھ کے آس پاس ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۲۳/۲) (۸۱)۔

توضیح مسئلہ:

نیند کے ناقض وضو ہونے کے مسئلے میں فقہاء کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے مشہور مالکی فقیہہ شیخ ابن رشد اندلسی تحریر کرتے ہیں:

اختلف العلماء فی النوم علی ثلاثة مذاهب: فقوم راوا انه حدث فاوجبوا من قليله و كثيره الوضوء وقوم راوا انه ليس بحدث فلم يوجبوا منه الوضوء الا اذا تيقن بالحدث على مذهب من لا يعتبر الشك واذا شك على مذهب من يعتبر الشك حتى ان بعض السلف كان يوكل بنفسه اذا نام من يتفقد حاله اعنى هل يكون منه حدث ام لا ؟ وقوم فرقوا بين النوم القليل الخفيف والكثير المستثقل فاوجبوا فى الكثير المستثقل الوضوء دون القليل وعلى هذا فقهاء الامصار والجمهور .ولما كانت بعض الهيئات يعرض فيها الاستثقال من النوم اكثر من بعض وكذلك خروج الحدث اختلف الفقهاء فى ذلك فقال مالك: من نام مضطجعا او ساجدا فعليه الوضوء طويلا كان النوم او قصيرا .ومن نام جالسا فلا وضوء عليه الا ان يطول ذلك به .واختلف القول فى مذهبه فى الراكع فمرة قال حكمه حكم القائم ومرة قال حكمه حكم الساجد .واما الشافعى فقال: على كل نائم كيفما نام الوضوء الا من نام جالسا وقال ابوحنيفة واصحابه: لا وضوء الا على من نام مضطجعا واصل اختلافهم فى هذه المسالة اختلاف الآثار الواردة فى ذلك وذلك ان ههنا احاديث يوجب ظاهرها انه ليس فى النوم وضوء اصلا كحديث ابن عباس "ان النبى صلى الله عليه وسلم دخل الى ميمونة فنام عندها حتى سمعنا غطيطه ثم صلى ولم يتوضا "وقوله عليه الصلاة والسلام "اذا نعس احدكم فى الصلاة فليرقد حتى يذهب عنه النوم فانه لعله يذهب ان يستغفر ربه فيسب نفسه "وما روى ايضا "ان اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم كانوا ينامون فى المسجد حتى تخفق رؤوسهم ثم يصلون ولا يتوضؤن "وكلها آثار ثابتة وههنا ايضا احاديث يوجب ظاهرها ان النوم حدث وابينها فى ذلك حديث صفوان بن عسال وذلك انه قال "كنا فى سفر مع النبى صلى الله عليه وسلم فامرنا ان لا ننزع خفافنا من غائط وبول ونوم ولا ننزعها الا من جنابة "فسوى بين البول والغائط والنوم صححه الترمذى . ومنها حديث ابى هريرة المتقدم وهو قوله عليه الصلاة والسلام "اذا استيقظ احدكم من نومه فليغسل يده قبل ان يدخلها فى وضوئه "فان ظاهره ان النوم يوجب الوضوء قليله وكثيره وكذلك يدل ظاهر آية الوضوء عند من كان عنده المعنى فى قوله تعالى ﴿يا ايها الذين آمنوا اذا قمتم الى الصلاة﴾ اى اذا قمتم من النوم على ما روى عن زيد بن اسلم وغيره من السلف فلما تعارضت ظواهر هذه الآثار ذهب العلماء

Marfat.com

فيها مذهبين: مذهب الترجيح ومذهب الجمع فمن ذهب مذهب الترجيح اما اسقط وجوب الوضوء من النوم اصلا على ظاهر الاحاديث التى تسقطه واما اوجبه من قليله او كثيره على ظاهر الاحاديث التى توجبه ايضا اعنى على حسب ما ترجح عنده من الاحاديث الموجبة او من الاحاديث المسقطة ومن ذهب مذهب الجمع حمل الاحاديث الموجبة للوضوء منه على الكثير والمسقطة للوضوء على القليل وهو كما قلنا مذهب الجمهور والجمع اولى من الترجيح ما امكن الجمع عند اكثر الاصوليين .واما الشافعي فانما حملها على ان استثنى من هيئات النائم الجلوس فقط لانه قد صح ذلك عن الصحابة اعنى انهم كانوا ينامون جلوسا ولا يتوضؤن ويصلون .وانما اوجبه ابوحنيفة فى النوم والاضطجاع فقط لان ذلك ورد فى حديث مرفوع وهو انه عليه الصلاة والسلام قال "انما الوضوء على من نام مضطجعا "والرواية بذلك ثابتة عن عمر .واما مالك فلما كان النوم عنده انما ينقض الوضوء من حيث كان غالبا سبب للحدث راعى فيه ثلاثة اشياء: الاستثقال او الطول او الهيئة فلم يشترط فى الهيئة التى يكون منها خروج الحدث غالبا لا الطول ولا الاستثقال واشترط ذلك فى الهيئات التى لا يكون خروج الحدث منها غالبا[1]

نیند کے بارے میں اہلِ علم کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے اور ان کے تین مکاتیبِ فکر ہیں۔

بعض حضرات نے اسے حدث قرار دیا ہے اور اس کے نتیجے میں وضو کو لازم قرار دیا ہے خواہ نیند کم ہو یا زیادہ ہو۔

بعض حضرات کے نزدیک یہ حدث نہیں ہے' اس لیے انہوں نے نیند کی وجہ سے وضو کو لازم قرار نہیں دیا ماسوائے اس صورت کے جب آدمی کو وضو کے ٹوٹ جانے کا یقین ہو جائے' ان لوگوں کا بنیادی مؤقف یہ ہے: یہ لوگ مشکوک چیز کو قابل اعتبار شمار نہیں کرتے ہیں' اس کے برعکس مشکوک چیز و جو لوگ قابل اعتبار شمار کرتے ہیں' ان کے نزدیک جیسے ہی (وضو کے ٹوٹ جانے) کے بارے میں شبہہ سامنے آئے گا تو اس کے نتیجے میں وضو ضروری ہو جائے گا' یہاں تک کہ یہ بات منقول ہے' بعض اسلاف سوتے وقت کسی شخص کو اس بات کا نگران مقرر کر دیتے تھے' وہ ان کی نگرانی کرتا رہے کہ کہیں نیند کے دوران ان کا وضو ٹوٹ تو نہیں گیا ہے؟

بعض فقہاء کے نزدیک کم اور ہلکی نیند جبکہ درمیانی' بھاری اور بوجھل نیند کے درمیان فرق ہے' ان کے نزدیک جب نیند زیادہ اور بوجھل ہو تو اس کے نتیجے میں وضو کرنا لازم ہوگا ورنہ لازم نہیں ہوگا۔

جمہور فقہاء اور مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے فقہاء اس بات کے قائل ہیں۔

کیونکہ بعض حالتیں ایسی ہوتی ہیں جن میں اس بات کا امکان زیادہ ہوتا ہے' اس حالت میں نیند بھاری ہوگی جبکہ حدث (یعنی ہوا کے خروج کی وجہ سے وضو ٹوٹ جانے) کا معاملہ بھی اسی طرح ہے' اس لیے فقہاء کا اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام مالک نے یہ فرمایا ہے: جو شخص لیٹ کر سو جائے یا سجدے کی حالت میں سو جائے اس پر وضو کرنا لازم ہوگا خواہ اس

[1] بدایة المجتهد :کتاب الطہارة من الحدث الباب الرابع فی نواقض الوضوء 43/1

Marfat.com

کی نیند طویل ہو یا مختصر ہو البتہ جو شخص بیٹھ کر سوئے اس پر وضو کرنا لازم نہیں ہوگا' صرف اس وقت لازم ہوگا جب بیٹھ کر سونے کی حالت میں اس کی نیند طویل ہو چکی ہو۔

جو شخص رکوع کی حالت میں سو جاتا ہے' اس کے بارے میں ان کے مسلک میں اختلاف پایا جاتا ہے' ایک قول کے مطابق اس کا حکم کھڑے ہوئے شخص کی مانند ہوگا اور ایک قول کے مطابق اس کا حکم سجدے میں موجود شخص کی مانند ہوگا۔

اس اختلاف کی وجہ یہ ہے' اس بارے میں منقول روایات میں اختلاف پایا جاتا ہے' بعض روایات سے یہ بات ثابت ہوتی ہے' نیند کی وجہ سے سرے سے وضو کرنا لازم نہیں ہوتا' اس کی دلیل حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی نقل کردہ وہ روایت ہے:

نبی اکرم ﷺ' سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے گئے اور وہاں سو گئے' یہاں تک کہ ہم نے آپ ﷺ کے خراٹوں کی آواز سنی' پھر آپ ﷺ بیدار ہوئے اور آپ ﷺ نے نماز ادا کرنا شروع کی' آپ ﷺ نے ازسرِنو وضو نہیں کیا۔

(اس کے مقابلے میں) دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں: (نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:)

''جب کسی شخص کو نماز کے دوران نیند آ جائے تو اسے سو جانا چاہیے' اس وقت تک جب تک نیند کی کیفیت ختم نہ ہو جائے کیونکہ ہو سکتا ہے (نیند کی حالت میں نماز جاری رکھنے کی صورت میں) اپنی طرف سے وہ اپنے پروردگار سے مغفرت طلب کر رہا ہو لیکن درحقیقت (نیند کے غلبے کی وجہ سے) خود کو بُرا بھلا کہہ رہا ہو''۔

اسی طرح ایک حدیث میں یہ بات منقول ہے: صحابہ کرام مسجد میں (نماز کے انتظار کے دوران) نیند کی آغوش میں چلے جایا کرتے تھے' یہاں تک کہ ان کے سر لڑھکنے لگتے تھے پھر (جب جماعت کھڑی ہوتی تھی) تو وہ ازسرِنو وضو کیے بغیر نماز ادا کر لیتے تھے۔

یہ تمام تر روایات مستند طور پر منقول ہیں۔

اس کے مقابلے میں دوسری طرف وہ روایات منقول ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے' نیند کی وجہ سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

اس بارے میں سب سے واضح روایت وہ ہے' جو حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے' جس کے یہ الفاظ ہیں: (راوی بیان کرتے ہیں:)

''ایک مرتبہ ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ سفر کر رہے تھے تو آپ ﷺ نے ہمیں یہ ہدایت کی' ہم پیشاب' پاخانہ یا نیند کی وجہ سے (وضو ٹوٹ جانے کے بعد وضو کرتے ہوئے) اپنے موزے نہ اتاریں' ہم جنابت کے علاوہ اور کسی بھی حالت میں انہیں نہ اتاریں''۔

(اس روایت سے یہ بات ثابت ہوتی ہے:) نبی اکرم ﷺ نے پاخانے' پیشاب اور نیند کو ایک ہی حیثیت کا مالک قرار دیا ہے۔

امام ترمذی نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے' اس بارے میں دوسری روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول

Marfat.com

ہے جو اس سے پہلے بھی گزر چکی ہے' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو تو وہ وضو کے برتن میں اپنا ہاتھ ڈالنے سے پہلے اسے دھو لے''۔
اس حدیث سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے' نیند خواہ کم ہو یا زیادہ ہو' اس کے نتیجے میں وضو کرنا لازم ہو جاتا ہے۔
اسی طرح وضو کے حکم کے بارے میں جو آیت ہے' اس کے یہ الفاظ ہیں:
''اے لوگو! جب تم نماز کے لیے کھڑے ہو''۔
اس کا ظاہری مفہوم یہ ہے: اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو نیند سے بیدار ہوں' جیسا کہ زید بن اسلم اور دیگر اسلاف نے اس کی یہی تفسیر بیان کی ہے۔
تو جب ان آثار میں بظاہر تعارض سامنے آ گیا تو اس کے بارے میں علماء نے دو طرح کا طرزِ عمل اختیار کیا۔
بعض نے ترجیح کے طریقہ کار کو اختیار کیا اور بعض نے جمع اور تطبیق کے طریقے کو اختیار کیا۔
جن فقہاء نے ترجیح کی صورت کو اختیار کیا' انہوں نے یا تو وضو ساقط کرنے کے حوالے سے منقول روایات کے مطابق فتویٰ دیتے ہوئے نیند کی وجہ سے وضو کے وجوب کو ساقط قرار دے دیا یا پھر یہ ہے: انہوں نے کم یا زیادہ دونوں طرح کی نیند کے نتیجے میں وضو کو لازم قرار دے دیا جو کہ حدیث سے بھی بنیادی طور پر ثابت ہوتا ہے۔
یعنی اس مسلک کے لوگوں نے یا تو وجوب والی احادیث کو ترجیح دی یا وضو کے وجوب کو ساقط کرنے والی روایات کو ترجیح دی۔
لیکن جن حضرات نے جمع اور تطبیق کی صورت کو اختیار کیا ہے' انہوں نے وجوب سے متعلق روایات کو زیادہ (بھاری اور غافل کرنے والی) نیند پر محمول کیا اور وضو کو ساقط قرار دینے والی روایات کو (کم) اور (ہلکی) نیند پر محمول کیا۔
جمہور بھی اسی بات کے قائل ہیں اور علم فقہ کے ماہرین کے نزدیک ترجیح کے مقابلے میں یہاں جمع اور تطبیق کرنے کا طریقہ اختیار کرنا زیادہ مناسب ہے' چونکہ جہاں تک ایسا ممکن ہو سکے (آدمی کو ایسا ہی کرنے کی کوشش کرنی چاہیے)۔
امام شافعی نے ان احادیث کے مفہوم کو اس طرح متعین کیا ہے' انہوں نے بیٹھنے کے علاوہ سونے کی تمام حالتوں کو اس میں شامل کر دیا ہے' اسکی وجہ یہ ہے کہ بیٹھنے کی حالت صحابہ کرام کے طرزِ عمل سے استثنائی طور پر ثابت ہے یعنی وہ لوگ بیٹھے بٹھائے سو جایا کرتے تھے' بعد میں ازسرِ نو وضو کیے بغیر نماز ادا کر لیتے تھے۔
امام ابوحنیفہ نے اس حوالے سے صرف لیٹ کر سونے کی صورت میں وضو کو لازم قرار دیا ہے' اس کی وجہ یہ ہے: ایک مرفوع حدیث میں یہ بات مذکور ہے۔
''وضو کرنا صرف اس شخص پر لازم ہوتا ہے جو لیٹ کر سو جائے''۔
یہ روایت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے۔
امام مالک اس بات کے قائل ہیں: نیند اس اعتبار سے ناقض وضو ہوتی ہے' عام طور پر ایسی حالت میں وضو ٹوٹ جاتا ہے'

Marfat.com

اس لیے انہوں نے تین حوالوں سے ممانعت کی ہے: نیند کا بوجھل ہونا' اس کا طویل ہونا اور جس حالات میں انسان کو نیند آئی ہو اس کا اعتبار کرنا' یعنی وہ حالت ایسی ہونی چاہیے کہ عام طور پر اس حالت میں وضو ٹوٹ جاتا ہو۔

اس بارے میں امام نے نیند کے بوجھل ہونے کی شرط لگائی ہے' یہاں انہوں نیند کے طویل ہونے کی شرط عائد نہیں کی ہے' لیکن یہ شرائط ایسی حالتوں کے بارے میں ہیں جن میں عام طور پر وضو نہیں ٹوٹتا ہے۔

586- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ اَبُوْ حَامِدٍ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ مُسَاوِرٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ مَرْيَمَ عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ الْكِلَابِىِّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ الْعَيْنُ وِكَاءُ السَّهِ فَاِذَا نَامَتِ الْعَيْنُ اسْتَطْلَقَ الْوِكَاءُ.

☆☆ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ یہ بات بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: آنکھ مقعد کی بندش ہے' تو جب آنکھ سو جاتی ہے' تو یہ بندش ٹوٹ جاتی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عیسیٰ بن مساور، جوہری، ابوموسیٰ بغدادی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 245ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۰۱)(۹۱۲)۔

○ عطیۃ بن قیس کلابی او الکلاعی ابویحییٰ حمصی مقری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 110ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۲/۲۳۴)(۴۸۸۱)۔

587- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ اَبِىْ مَرْيَمَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سلیمان بن عمر بن خالد، اقطع قرشی عامری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 249ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۴/۱۳۱)(۵۷۰)۔

۵۸۶- اخرجه ابن الجوزي في التحقيق (۱/۱۱۱) رقم (۱۸۳) من طريق الدارقطني به- واخرجه احمد (۴/۹۶-۹۷) وابو يعلى (۱۳/۳۶۴) رقم (۷۳۷۲) والطبراني في الكبير (۱۹/۳۷۲-۳۷۳) رقم (۸۷۵) والبيهقي (۱/۱۱۸) كتاب الطهارة' باب الوضوء من النوم' من طريق ابي بكر بن ابي مريم عن عطية بن قيس' به- وقال الهيثمي في مجمع الزوائد (۱/۲۴۷): (رواه احمد وابو يعلى والطبراني في الكبير' وفيه ابو بكر بن ابي مريم' وهو ضعيف لا ختلاطه)- اه- ويشهد له حديث علي الآتي رقم (۵۸۹)-

Marfat.com

588- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَطِيرِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَنَّابِيُّ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِمْرَانَ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بِسْطَامٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ هَارُونَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَنْ نَامَ جَالِسًا فَلَا وُضُوْءَ عَلَيْهِ وَمَنْ وَضَعَ جَنْبَهُ فَعَلَيْهِ الْوُضُوْءُ .

☆☆ حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشادفرمائی ہے: جوشخص بیٹھے بیٹھے سو جائے' تو اس پر وضوکرنا لازم نہیں ہوتا' جوشخص اپنا پہلو (زمین) پر رکھ لے اُس پر وضوکرنا لازم ہوگا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سلیمان بن محمد جنابی۔ سمعانی نے ان کا تذکرہ کتاب الانساب (۸۹/۲) میں کیا ہے۔

○ یحییٰ بن بسطام، شیخ صبری قال ابوحاتم: یہ ''صدوق'' ہیں۔ وامام بخاری فرماتے ہیں: کان یذکر بالقدر، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۱۶۴/۷) (۹۴۷۳)۔

○ عمر بن ہارون بن یزید، ثقفی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 194ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۴/۲)(۵۲۱)۔

○ یعقوب بن عطاء بن ابورباح مکی، ضعیف، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 155ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۷۶/۲)(۳۸۶)۔

589- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ الْاَقْطَعُ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ عَنِ الْوَضِينِ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ مَحْفُوظِ بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَائِذٍ الْاَزْدِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلْعَيْنُ وِكَاءُ السَّهِ فَمَنْ نَامَ فَلْيَتَوَضَّأْ .

۵۸۸-اخرجه ابن الجوزي في التحقيق (۱۱۱/۱) رقم (۱۸۴) من طريق الدارقطني به' واخرجه ابن عدي في الكامل (۱۳۳۱/۶) من طريق عمر بن هارون عن يعقوب بن عطاء عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده' به' وعمر بن هارون متروك: كما قال الحافظ في التقريب (۶۴/۲)' وقد تابعه عليه عاصم بن عمارة عن يعقوب بن عطاء عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: (ليس على من نام جالسًا وضوء حتى يضع جنبه)- رواه البيهقي في الخلافيات (۲۶۹/۱-۲۷۰)' ثم قال: (هذا الحديث قد روي من اوجه عن يعقوب بن عطاء' واسناده ضعيف)- اهـ- قلت: في اسناده يعقوب بن عطاء بن ابي رباح' وهو ضعيف: كما قال الحافظ في التقريب (۳۷۶/۲)-

Marfat.com

☆☆ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: آنکھ مقعد کی بندش ہے' جو شخص سو جائے' اُسے اچھی طرح وضو کرنا چاہیے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محفوظ بن علقمہ حضرمی ابوجناد حمصی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۳۲)(۹۵۰)۔

○ عبدالرحمٰن بن عائذ ثمالی کندی حمصی، و : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۸۶)(۹۹۳)۔

63- باب اَحَادِيْثِ الْقَهْقَهَةِ فِي الصَّلاةِ وَعِلَلِهَا.

باب: نماز کے دوران قہقہہ لگانے (سے وضو ٹوٹ جانے) کے بارے میں احادیث

ان میں موجود علتوں کا بیان

590- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحْرِزٍ الْكُوْفِيُّ بِمِصْرَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِى الْحَسَنُ بْنُ دِيْنَارٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ اَبِى الْحَسَنِ عَنْ اَبِى

۵۸۹- اخرجه ابن الجوزي في التحقيق (۱/ ۱۱۰-۱۱۱) رقم (۱۸۴)' واخرجه ابو داؤد (۱/ ۱۰۲) كتاب الطهارة' باب الوضوء من النوم' حديث (۲۰۳)' وابن ماجه (۱/ ۱۶۱) كتاب الطهارة' باب الوضوء من النوم' حديث (۴۷۷)' والبيهقي (۱/ ۱۱۸) كتاب الطهارة' باب الوضوء من النوم من طريق بقية عن الوضين بن عطاء عن محفوظ بن علقمة عن عبد الرحمن بن عائذ عن علي بن ابي طالب مرفوعاً- قال النووي في (المجموع) (۲/ ۱۴): حديث حسن - واعله ابن الجوزي في التحقيق (۱/ ۱۱۲) بالوضين بن عطاء' فقال: (فيه الوضين: قال السعدي: هو واهي الحديث- وقال احمد: ما كان به باس)' قال البيهقي في الخلافيات (۱/ ۲۶۱): (حديث علي الذي يرويه الوضين بن عطاء اثبت من حديث معاوية في هذا الباب)- اه- قال الزيلعي في نصب الراية (۱/ ۴۵): (واعل بوجهين: احدهما: ان بقية والوضين فيهما مقال: قاله المنذري' ونازعه ابن دقيق العيد فيهما' قال: وبقية قد وثقه بعضهم' وسال ابو زرعة عبد الرحمن بن ابراهيم عن الوضين بن عطاء؛ فقال: ثقة- وقال ابن عدي: ما ارى باحاديثه باسا- والثاني: الانقطاع' فذكر ابن ابي حاتم عن ابي زرعة في (كتاب العلل)' وفي (كتاب المراسيل) ان ابن عائذ عن علي مرسل)- اه-

۵۹۰- اخرجه البيهقي في الخلافيات (۱/ ۳۷۰- ۳۷۱) من طريق الدارقطني' به- واخرجه ابن عدي في الكامل (۲/ ۳۰۲)' ومن طريقه ابن الجوزي في العلل المتناهية (۱/ ۳۶۹) رقم (۶۱۳)' وفي التحقيق (۱/ ۱۴۲) رقم (۲۲۵)- قال ابن عدي: انا احمد بن زهير التستري' ثنا عبيد بن سعد الزهري' ثنا عمي' ثنا ابي عن ابن اسحاق' به- قال ابن الجوزي في العلل: (وهذا لا يصح' وابن دينار هو الحسن' وقد كذبه العلماء منهم شعبة)- اه- وقد تقدمت ترجمة (الحسن بن دينار)- وفيه ايضا عنعنة ابن اسحاق' وهو مدلس-

Marfat.com

الْمَلِيحِ بْنِ اُسَامَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ نُصَلِّي خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذْ اَقْبَلَ رَجُلٌ ضَرِيرُ الْبَصَرِ فَوَقَعَ فِي حُفْرَةٍ فَضَحِكْنَا مِنْهُ فَاَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِاِعَادَةِ الْوُضُوءِ كَامِلًا وَّاِعَادَةِ الصَّلَاةِ مِنْ اَوَّلِهَا۔

قَالَ ابْنُ اِسْحَاقَ وَحَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ عَنْ اَبِيهِ مِثْلَ ذٰلِكَ ۔الْحَسَنُ بْنُ دِينَارٍ وَّالْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ ضَعِيفَانِ وَكِلَاهُمَا قَدْ اَخْطَاَ فِي هٰذَيْنِ الْاِسْنَادَيْنِ ۔وَاِنَّمَا رَوٰى هٰذَا الْحَدِيثَ الْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ عَنْ حَفْصِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْمِنْقَرِيِّ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ مُرْسَلًا وَّكَانَ الْحَسَنُ كَثِيرًا مَا يَرْوِيهِ مُرْسَلًا عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَاَمَّا قَوْلُ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ عَنْ اَبِيهِ فَوَهَمٌ قَبِيحٌ وَّاِنَّمَا رَوَاهُ خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) رَوَاهُ عَنْهُ كَذٰلِكَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَهُشَيْمٌ وَّوُهَيْبٌ وَّحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَغَيْرُهُمْ وَقَدِ اضْطَرَبَ ابْنُ اِسْحَاقَ فِي رِوَايَتِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ دِينَارٍ لِهٰذَا الْحَدِيثِ فَمَرَّةً رَوَاهُ عَنْهُ عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ وَمَرَّةً رَوَاهُ عَنْهُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ عَنْ اَبِيهِ وَقَتَادَةُ اِنَّمَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ مُرْسَلًا عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ عَنْهُ سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ وَمَعْمَرٌ وَّاَبُو عَوَانَةَ وَسَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ وَّغَيْرُهُمْ وَنَذْكُرُ اَحَادِيثَهُمْ بِذٰلِكَ بَعْدَ هٰذَا۔

☆☆ ابوملیح اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں نماز ادا کررہے تھے اس دوران ایک شخص آیا جو نابینا تھے وہ گڑھے میں گر گیا تو ہم ہنس پڑے تو اس پر نبی اکرم ﷺ نے ہمیں دوبارہ مکمل وضو کرنے اور نئے سرے سے نماز ادا کرنے کا حکم دیا۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے اس میں حسن بن دینار اور حسن بن عمارہ دونوں راوی ضعیف ہیں انہوں نے اس کی سند میں غلطی کی ہے۔

حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو حفصہ بن سلمان کے حوالے سے ابوالعالیہ کے حوالے سے روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

حسن بکثرت ''مرسل'' روایت نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے نقل کرتے ہیں۔

یہاں تک حسن بن عمارہ کا اس روایت سے تعلق ہے انہوں نے خالد کے حوالے سے ابوولید کے حوالے سے ان کے والد کے حوالے سے اس بات کو نقل کیا ہے تو یہ بہت قبیح وہم ہے۔

اس روایت کو خالد نے حفصہ بنت سرین اور ابوالعالیہ کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے روایت کیا ہے۔

سفیان ثوری حماد بن سلمہ دیگر راویوں نے بھی اسی طرح ان کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

ابن اسحاق نامی راوی نے اپنی روایت میں حسن بن دینار سے منقول ہونے کے حوالے سے اضطراب نقل کیا ہے بعض

Marfat.com

اوقات اُن کے حوالے سے' ابوقتادہ کے حوالے سے' ابوالملیح کے حوالے سے' اُن کے والد کے حوالے سے نقل کرتے ہیں۔

قتادہ نے اس روایت کو ابوالعالیہ کے حوالے سے ''مرسل'' روایت کے طور پر نبی اکرم ﷺ سے نقل کیا ہے۔ سعد بن ابوعروبہ' معمر' ابوعوانہ' سعد بن بشیر کے حوالے سے نقل کیا ہے اور دیگر راویوں نے ان کے حوالے سے نقل کیا ہے' اس کے بعد ہم اُن حضرات کی حدیث کو ذکر کریں گے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن علی بن محرز ابوعبداللہ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 261ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۲۶/۸)، ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۵۷/۳)۔

○ حسن بن دینار ابوسعید تمیمی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۲۳۵/۲)(۱۸۴۶)۔

○ ابوملیح بن اسامۃ بن عمیر او عامر بن حنیف بن ناجیۃ ہذلی اسمہ عامر، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 98ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۷۶/۲)(۱۲۹)۔

○ اسامۃ بن عمیر بن عامر بن اقیش ہذلی بصری والد ابی ملیح: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۳/۱)(۳۶۰)۔

○ حسن بن عمارۃ بجلی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) ابومحمد کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 153ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (ص۲۴۰)(۱۲۷۴)۔

توضیح مسئلہ:

شیخ ابن تیمیہ تحریر کرتے ہیں:

ابن تیمیہ کا قول:

ومن ظن بابی حنیفة او غیرہ من ائمة المسلمین انهم یتعمدون مخالفة الحدیث الصحیح لقیاس او غیرہ فقد اخطا علیهم وتکلم اما بظن واما بهوی فهذا ابو حنیفة یعمل بحدیث التوضی بالنبیذ فی السفر مخالفة للقیاس وبحدیث القهقهة فی الصلاة مع مخالفته للقیاس لاعتقادہ صحتها وان کان ائمة الحدیث

Marfat.com

لم يصححوهما وقد بينا هذا في رسالة رفع الملام عن الائمة الاعلام وبينا ان احدا من ائمة الاسلام لا يخالف حديثا صحيحا بغير عذر بل لهم نحو من عشرين عذرا مثل ان يكون احدهم لم يبلغه الحديث او بلغه من وجه لم يثق به او لم يعتقد دلالته على الحكم او اعتقد ان ذلك الدليل قد عارضه ما هو اقوى منه كالناسخ او ما يدل على الناسخ وامثال ذلك والاعذار يكون العالم في بعضها مصيبا فيكون له اجران ويكون في بعضها مخطئا بعد اجتهاده فيثاب على اجتهاده وخطؤه مغفور له لقوله تعالى ربنا لا تؤاخذنا ان نسينا او اخطانا وقد ثبت في الصحيح ان الله استجاب هذا الدعاء وقال قد فعلت ولان العلماء ورثة الانبياء [1]

جو شخص امام ابوحنیفہ یا مسلمانوں کے کسی بھی دوسرے امام کے بارے میں یہ گمان کرے کہ انہوں نے قیاس یا کسی اور وجہ سے حدیث صحیح کے خلاف فتویٰ دیا ہوگا تو اُس شخص نے ان کے بارے میں غلط سمجھا اور یہ اُس کا گمان اور خواہشِ نفس ہے کیونکہ امام ابوحنیفہ تو سفر کے دوران نبیذ کے ذریعے وضو کرنے کے بارے میں منقول حدیث پر بھی عمل کرتے ہیں جو قیاس کی مخالف ہے اسی طرح نماز کے دوران قہقہہ لگانے سے (وضو ٹوٹ جانے) کی حدیث پر بھی عمل کرتے ہیں جو خلافِ قیاس ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ ان روایات کو مستند سمجھتے ہیں حالانکہ علمِ حدیث کا ماہرین نے ان روایات کو مستند قرار نہیں دیا ہے۔ ہم نے یہ تمام مباحث ایک رسالہ میں تحریر کی ہیں جس کا نام ''رفع الملام عن الائمۃ الاعلام'' ہے ہم نے یہ بات واضح کی ہے کہ اسلام کے ائمہ میں سے کسی نے بھی کسی عذر کے بغیر کسی حدیث کے خلاف فتویٰ نہیں دیا ہے بلکہ ان حضرات کے پاس اس حوالے سے (کم وبیش) بیس مختلف طرح کے عذر ہو سکتے ہیں جیسے اُن میں سے کسی ایک امام تک وہ روایت پہنچی ہی نہ ہو یا کسی ایسے حوالے سے پہنچی ہو جو اُس امام کے نزدیک مستند نہ ہو یا وہ امام یہ سمجھا ہو کہ یہ روایت اُس حکم پر دلالت نہیں کرتی ہے یا وہ امام یہ سمجھا ہو کہ اُس دلیل کے مقابلہ میں کوئی دوسری دلیل بھی موجود ہے جو اُس سے زیادہ مضبوط ہے یعنی وہ ناسخ ہو یا اُس امام تک اُس کے ناسخ ہونے کی دلیل پہنچ چکی ہو وغیرہ۔ جیسے کئی عذر ہیں اور ان اعذار میں عالم شخص بعض اوقات درست ہوتا ہے اس صورت میں اُسے دُگنا اجر ملتا ہے جبکہ بعض اوقات عالم اپنے اجتہاد کے بعد غلطی پر ہوتا ہے اس صورت میں بھی اُسے اجتہاد کرنے کا ثواب ملتا ہے اور اُس کی غلطی بخش دی جاتی ہے جس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے: (وہ لوگ یہ کہتے ہیں:)

''اے ہمارے پروردگار! اگر ہم بھول جائیں یا ہم سے غلطی ہو جائے تو تُو ہمارا مواخذہ نہ کرنا''۔

اور یہ بات مستند طور پر ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کی اس دعا کو قبول کر لیا اور فرمایا: میں نے ایسا ہی کیا۔

نیز اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ علماء انبیاء کے وارث ہوتے ہیں۔

ابن رُشد کی وضاحت:

نماز کے دوران قہقہہ لگانے کی وجہ سے وضو ٹوٹنے کے بارے میں امام ابوحنیفہ کے مسلک کی وضاحت کرتے ہوئے

[1] مجموع الفتاویٰ لابن تیمیہ 294/20)

Marfat.com

مشہور مالکی فقیہہ شیخ ابن رُشد تحریر کرتے ہیں:

شذ ابوحنيفة فاوجب الوضوء من الضحك فی الصلاة لمرسل ابی العالية وهو ان قوما ضحكوا فی الصلاة فامرهم النبی صلی الله عليه وسلم باعادة الوضوء والصلاة .ورد الجمهور هذا الحديث لكونه مرسلا ولمخالفته للاصول وهو ان يكون شیء ما ينقض الطهارة فی الصلاة ولا ينقضها فی غير الصلاة وهو مرسل صحيح[1]

''اس بارے میں امام ابوحنیفہ کا مؤقف شاذ ہے کیونکہ اُنہوں نے نماز کے دوران ہنسنے کی وجہ سے وضوکرنے کولازم قرار دیا ہے۔اس کی دلیل وہ مرسل روایت ہے جو شیخ ابوالعالیہ نےنقل کی ہے کہ ایک مرتبہ کچھ لوگ نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں نماز کے دوران ہنس پڑے تو نبی اکرم ﷺ نے اُنہیں دوبارہ وضوکر کے دوبارہ نمازادا کرنے کا حکم دیا''۔

لیکن جمہور نے اس روایت کوقبول نہیں کیا کیونکہ یہ مرسل ہے اور یہ اصولی احکام کے برخلاف ہے' یعنی ایسا نہیں ہوسکتا کہ کوئی عمل یا چیز نماز کے دوران موجود ہوتو وہ وضوکوتوڑ دے' لیکن اگر وہ نماز سے باہر موجود ہوتو وضوکو نہ توڑے' ویسے یہ مرسل روایت صحیح ہے۔

صاحب ہدایہ کا بیان:

اسی موضوع پر گفتگوکرتے ہوئے صاحب ہدایہ تحریر کرتے ہیں:

والقهقهة فی كل صلاة ذات ركوعت وسجود والقياس انها لا تنقض وهو قول الشافعی رحمه الله تعالی لانه ليس بخارج نجس ولهذا لم يكن حدثا فی صلاة الجنازة وسجدة التلاوة وحارج الصلاة ولنا قوله عليه الصلاة والسلام ﴿الا من ضحط منكم قهقهة فليعد الوضوء والصلاة جميعا﴾ وبمثله يترك القياس والاثر ورد فی صلاة مطلقة فيقتصر عليها والقهقهة ما يكون مسموعا له ولجيرانه والضحك ما يكون مسموعا له دون جيرانه وهو علی ما قيل يفسد الصلاة دون الوضوء[2]

''ہر رکوع اور سجدے والی نماز میں قہقہہ لگا کر (ہنسنے سے بھی وضوٹوٹ جاتا ہے) قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ وضو نہ ٹوٹے جیسا کہ امام شافعی کی بھی یہی رائے ہے' کیونکہ یہ باہر نکلنے والا نجس نہیں ہے' اوراسی وجہ سے یہ نمازِ جنازہ میں بھی حدث شمار نہیں ہوتا ہے اور سجدۂ تلاوت میں بھی اور نماز سے باہر بھی حدث شمار نہیں ہوتا ہے۔ ہماری دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

''جو بھی شخص نماز کے دوران قہقہہ لگا کر ہنسا' وہ دوبارہ وضوکر کے دوبارہ نماز ادا کرے''۔

اوراس نوعیت کی روایت کے ذریعہ قیاس کوترک کیا جاسکتا ہے' یہ روایت کیونکہ صرف مطلق نماز کے بارے میں منقول ہے' اس لیے یہ صرف اُسی پر موقوف ہوگی اور قہقہہ سے مراد وہ ہنسنا ہے جو آدمی خود بھی سنے اور اُس کے ساتھ کھڑا ہوا شخص بھی

[1]۔ بدایۃ المجتہد' 48/1

[2]۔ البدایہ شرح بدایۃ المبتدی 17/1

Marfat.com

سن لے جبکہ ہنسنے سے مراد وہ ہنسی ہے جو آدمی خود سنے لیکن اُس کے ساتھ والا شخص نہ سن سکے' یہ ہنسی نماز کو فاسد کر دیتی ہے' البتہ یہ وضو نہیں توڑتی ہے۔

ابن ہمام کی تحقیق:

اسی کی وضاحت کرتے ہوئے ہدایہ کے مشہور شارح شیخ کمال الدین ابن ہمام تحریر کرتے ہیں:

﴿قَوْلُهُ اِلَّا مَنْ ضَحِكَ الخ﴾ حَدِيثُ الْقَهْقَهَةِ رُوِیَ مُرْسَلًا وَمُسْنَدًا.

وَاعْتَرَفَ اَهْلُ الْحَدِيثِ بِصِحَّتِهِ مُرْسَلًا، وَمَدَارُ الْمُرْسَلِ عَلَى اَبِی الْعَالِيَةِ وَاِنْ رَوَاهُ غَيْرُهُ كَالْحَسَنِ الْبَصْرِیِّ وَاِبْرَاهِيمَ النَّخَعِیِّ وَغَيْرِهِمَا.

قَالَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ وَاَخْرَجَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ حَفْصِ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ: اَنَا حَدَّثْتُ بِهِ الْحَسَنَ عَنْ اَبِی الْعَالِيَةِ وَعَنْ شَرِيكٍ عَنْ اَبِی هَاشِمٍ قَالَ: اَنَا حَدَّثْتُ بِهِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ اَبِی الْعَالِيَةِ، وَاَنَّهُ قَرَاَ فِی كِتَابِ ابْنِ اَخِی الزُّهْرِیِّ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَرْقَمَ عَنِ الْحَسَنِ اهـ.

۸۷۲- تفرد الدارقطني بهذا الطريق- وينظر: طرق الحديث وتخريجها في الحديث السابق- والحديث هنا لفظه: (اقطع) مما يدل على اضطراب قرة في لفظ الحديث؛ كما اثبتناه انفاً- والله الموفق-

○ موسیٰ بن اعین جزری، مولیٰ قریش، ابوسعید، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''آٹھویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''177ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۸۱)(۱۴۳۲)۔

2- باب الصَّلَوَاتِ الْفَرَائِضِ وَاَنَّهُنَّ خَمْسٌ .

باب: فرض نمازوں کا بیان' وہ پانچ ہیں

873- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ اَخِيْهِ خَالِدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَمِ افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلٰى عِبَادِهٖ مِنَ الصَّلَوَاتِ قَالَ خَمْسُ صَلَوَاتٍ . قَالَ هَلْ قَبْلَهُنَّ اَوْ بَعْدَهُنَّ شَيْءٌ قَالَ افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلٰى عِبَادِهٖ صَلَوَاتٍ خَمْسًا . فَحَلَفَ الرَّجُلُ بِاللّٰهِ لَا يَزِيْدُ عَلَيْهِنَّ وَلَا يَنْقُصُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِنْ صَدَقَ دَخَلَ الْجَنَّةَ .

★★ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر کتنی نمازیں فرض کی ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پانچ نمازیں' اس نے دریافت کیا: کیا اس سے پہلے اوران کے بعد بھی کوئی فرض کی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر پانچ نمازیں فرض کی ہیں' تو اُس شخص نے اللہ کے نام کی قسم اُٹھائی کہ وہ ان پر کوئی اضافہ نہیں کرے گا اور ان میں کوئی کمی نہیں کرے گا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر یہ ٹھیک کہہ رہا ہے' تو یہ جنت میں جائے گا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ نوح بن قیس بن رباح ازدی، ابوروح بصری، اخو خالد، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''آٹھویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''184ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:

۸۷۳- اخرجه احمد (۲۶۷/۳) والنسائي (۲۲۸/۱) كتاب الصلوة: باب كم فرضت في اليوم والليلة؛ حديث (٤٥٩) وابو يعلى (۳۱٦/۵) رقم (۲۹۳۹) وابن حبان (۲۵۱- موارد) والحاكم (۲۰۱/۱) من طريق نوح بن قيس بهذا الاسناد- وقال الحاكم: صحيح على الذهبي- وصححه ابن حبان- قلت: واصل الحديث في الصحيحين مطولاً من طريقين مختلفين عن انس بن مالك- رضي الله عنه- فاخرجه البخاري (۲۰۱/۱) كتاب العلم: باب ما جاء في العلم: حديث (٦۳) وابو داؤد (٤۸٦) والنسائي (٤/۱۲۲-۱۲۳) واحمد (۱٦۸/۳) وابن ماجه (۱٤۰۲) من طريق الليث بن سعد عن سعيد المقبري عن شريك بن ابي نمر عن انس مطولاً: وفيه: سوال الاعرابي للنبي صلى الله عليه وسلم: (انشدك بالله: الله امرك ان تصلي الصلوات الخمس في اليوم والليلة؛ قال: اللهم نعم)- واخرجه مسلم (۱/ ۱۳٤- الابي) كتاب الايمان: باب السوال عن اركان الاسلام: حديث (۱۲/۱۰) والترمذي (٦۱۹) والنسائي (٤/۱۲۱-۱۲۲) والدارمي (۱٦٤/۱) واحمد (۱٤۳/۳) وابو عوانة (۱/۲-۳) والبغوي في (شرح السنة) (٦۲/۱- بتحقيقنا) كلهم من طريق سليمان بن المغيرة عن ثابت عن انس: وفيه: ان اعرابيا قال للنبي صلى الله عليه وسلم: (فزعم رسولك ان علينا خمس صلوات في يومنا وليلتنا؛ قال: صدق: قال: فبالذي ارسلك الله امرك بهذا؛ قال نعم......) الى آخر الحديث۔

Marfat.com

''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۰۸)(۱۶۸)۔

○ خالد بن قیس بن رباح ازدی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''ساتویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۱۷)(۶۸)۔

نماز کے مشروع قرار دیئے جانے کی حکمت

مصر کے مشہور محقق شیخ عبدالرحمان جزیری بیان کرتے ہیں:

ما تقدم من مباحث الطهارة انما هو وسيلة للصلاة وقد علمت ان هذه الوسائل كلها منافع للمجتمع الانسانى لان مدارها على نظافة الابدان وطهارة اماكن العبادة من الاقذار التى تنشا عنها الامراض والروائح القذرة نعم ان في بعض الوسائل ما قد يخلو عن هذا المعنى ولكن ذلك لحكمة ظاهرة :وهى ان الغرض من العبادات انما هو الخشوع لله سبحانه باتباع اوامره واجتناب نواهيه اما الصلاة فهى اهم اركان الدين الاسلامى فقد فرضها الله سبحانه على عباده ليعبدوه وحده ولا يشركوا معه احدا من خلقه في عبادته قال تعالى :(ان الصلاة كانت على المؤمنين كتابا موقوتا) اى فرضا محدودا باوقات لا يجوز الخروج عنها وقال عليه الصلاة والسلام " :خمس صلوات كتبهن الله على العباد فمن جاء بهن ولم يضيع منهن شيئا استخفافا بحقهن كان له عند الله عهد ان يدخله الجنة "وقد وردت احاديث كثيرة في تعظيم شان الصلاة والحث على ادائها في اوقاتها :والنهى عن الاستهانة بامرها والتكاسل عن اقامتها فمن ذلك قوله صلى الله عليه وسلم " :مثل الصلوات الخمس كمثل نهر عذب غمر بباب احدكم يقتحم فيه كل يوم خمس مرات فما ترون ذلك يبقى من درنه ؟ قالوا :لا شيء قال صلى الله عليه وسلم " :فان الصلوات الخمس تذهب الذنوب كما يذهب الماء الدرن "ومعنى ذلك ان الصلوات الخمس تطهر النفوس وتنظفها من الذنوب والآثام كما ان الاغتسال بالماء النقى خمس مرات في اليوم يطهر الاجسام وينظفها من جميع الاقذار

وسئل رسول الله صلى الله عليه وسلم اى الاعمال افضل :قال " :الصلاة لمواقيتها "فالصلاة هى افضل اعمال الاسلام واجلها قدرا واعظمها شانا

(الفقه على المذاهب الاربعة كتاب الصلاة حكمة مشروعيتها)

اس سے پہلے طہارت کا ذکر کیا جا چکا ہے' جو نماز کی ادائیگی کا وسیلہ ہے' اور یہ بات واضح رہنی چاہیے کہ تمام وسائل انسانی

Marfat.com

معاشرے کے لیے فائدہ مند ہوتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے اس کا بنیادی مقصد جسم کو صاف ستھرا رکھنا ہے اسی طرح عبادت کی جگہ کو بھی پاک وصاف رکھنا ہے کیونکہ اگر وہ گندی ہوگی تو اس سے امراض اور تعفن پیدا ہوسکتا ہے البتہ نماز میں بعض ایسے اُمور بھی شامل ہیں جن کا بظاہر ان فوائد کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے لیکن اُن میں سے بھی ایک حوالے سے حکمت شامل ہے جسے یوں بیان کیا جاسکتا ہے اس کا بنیادی مقصد یہ ہے انسان اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سرتسلیم خم کردے اور اس کا طریقہ یہ ہے انسان کو جس بات کا حکم دیا گیا ہے وہ اس کی پیروی کرے اور جس بات سے منع کیا گیا ہے اس سے اجتناب کرے۔

نماز کو اسلام کے تمام ارکان میں سب سے زیادہ فضیلت حاصل ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اسے اپنے بندوں پر فرض قرار دیا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور وہ اس عبادت میں کسی مخلوق کو شامل نہ کریں۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''بے شک نماز (کی ادائیگی) اہل ایمان پر مقررہ اوقات میں لازم قرار دی گئی ہے''۔

اسی طرح نبی اکرم ﷺ نے بھی یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''پانچ نمازیں ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر فرض قرار دیا ہے جو شخص انہیں ادا کرے گا اور اُن میں سے کوئی بھی چیز ضائع نہیں کرے گا یعنی ان کے حق کو کم سمجھتے ہوئے (ضائع نہیں کرے گا) تو اس شخص کے لیے اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ ہے اللہ تعالیٰ اس شخص کو جنت میں داخل کرے گا''۔

نماز کی خوبیاں نماز کو مقررہ اوقات میں ادا کرنے کی ترغیب اس حکم کی بجاآوری میں کوتاہی اور اسے بخوبی سرانجام دینے میں کاہلی کا ارتکاب کرنے کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کی بہت سی احادیث منقول ہیں جن کو مختلف محدثین نے نقل کیا ہے۔

ان میں سے ایک نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان بھی ہے:

''پانچ نمازوں کی مثال اس طرح ہے جیسے کسی شخص کے دروازے پر میٹھے پانی کی نہر بہہ رہی ہو اور وہ شخص روزانہ اس میں پانچ مرتبہ غسل کرے تو تمہارا کیا خیال ہے اس کے جسم پر کوئی میل کچیل باقی رہ جائے گا لوگوں نے عرض کی: اس کا میل کچیل بالکل نہیں رہے گا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ پانچ نمازیں گناہوں کو اسی طرح ختم کردیتی ہیں جیسے پانی (انسانی جسم یا کسی بھی چیز) کے میل کو ختم کردیتا ہے''۔

(مصنف فرماتے ہیں:) اس کا مطلب یہ ہے پانچ نمازیں انسانی نفس کو پاکیزہ بنادیتی ہیں اور اسے نافرمانی اور گناہ سے اس طرح پاک کردیتی ہیں جس طرح صاف ستھرے پانی میں روزانہ پانچ مرتبہ غسل کرنے سے جسم پر لگی ہوئی میل دور ہوجاتی ہے اور وہ صاف ستھرا ہوجاتا ہے۔

اسی طرح بعض روایات میں یہ بات بھی منقول ہے: نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا گیا: کون سا عمل سب سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: نماز کو اس کے مقررہ اوقات میں ادا کرنا۔

مختصر یہ کہ نماز انسان کے اعمال میں سب سے بہترین عمل ہے اور اس کا رتبہ دیگر تمام اعمال پر فوقیت رکھتا ہے۔

Marfat.com

ڈاکٹر وہبہ زحیلی کا بیان

والصلوات المكتوبات خمس في اليوم والليلة، ولا خلاف بين المسلمين في وجوبها، ولا يجب غيرها الا بنذر، للاحاديث السابقة، ولحديث الاعرابي :خمس صلوات في اليوم والليلة قال الاعرابي هل علي غيرها ؟ قال :لا، الا تطّوع (1) ولقوله صلّى الله عليه وسلم لمعاذ حين بعثه الى اليمن :اخبرهم ان الله تعالى فرض عليهم خمس صلوات في كل يوم وليلة (2).

وقال ابو حنيفة رحمه الله :الوتر واجب، لقوله صلّى الله عليه وسلم :ان الله قد زادكم صلاة، وهي الوتر (3) وهذا يقتضي وجوبه، وقال عليه السلام :الوتر واجب على كل مسلم (4).ﻟ

ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں: دن اور رات میں پانچ نمازیں فرض قرار دی گئی ہیں' ان کی فرضیت کے بارے میں مسلمان کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے' ان کے علاوہ کوئی نماز پڑھنا لازم نہیں ہے' البتہ اگر کوئی شخص نوافل ادا کرنے کی نظر مان لے تو اب ان کی ادائیگی ان پر لازم ہو جائے گی' اس کی دلیل یہ حدیث ہے جس میں نبی اکرم ﷺ نے (ایک دیہاتی سے) یہ فرمایا تھا:

''دن اور رات میں پانچ نمازیں (پڑھنا فرض ہے)' تو اس نے عرض کی: کیا ان کے علاوہ کوئی اور نماز پڑھنا بھی مجھ پر فرض ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: نہیں! البتہ اگر تم نفلی طور پر پڑھنا چاہو تو (تمہاری مرضی ہے)''۔

اس طرح ایک روایت میں یہ بات منقول ہے: نبی اکرم ﷺ نے جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا تھا تو ان سے یہ فرمایا تھا:

''تو تم انہیں بتا دینا کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر روزانہ دن اور رات میں پانچ نمازیں پڑھنا فرض قرار دیا ہے''۔

البتہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں' وتر کی نماز پڑھنا واجب ہے' انہوں نے اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کی ہے:

''اور اللہ تعالیٰ نے ایک مزید نماز عطاء کی ہے جو وتر کی نماز ہے''۔

وہ یہ کہتے ہیں: ان الفاظ کا تقاضا یہ ہے' اس کو واجب قرار دیا جائے' ویسے بھی نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے: ''وتر ہر مسلمان پر لازم ہیں''۔

---

(2) متفق عليه عن ابن عباس :وكانت تلك البعثة سنة عشر قبل حج النبي صلّى الله عليه وسلم (سبل السلام 120/2:).

(3) ورواه ثمانية من الصحابة :خارجة بن حذافة، وعمرو بن العاص، وعقبة بن عامر، وابن عباس، وابو بصرة الغفاري، وعمرو بن شعيب عن ابيه عن جده، وابو سعيد الخدري، وكلها معلولة (نصب الراية 109/1:).

(4) رواه ابو داؤد والنسائي وابن ماجه واحمد وابن حبان والحاكم عن ابي ايوب (نصب الراية 112/1:).

ﻟ راجع: الفقه الاسلامي وادلته' البَابُ الثَّاني :الصَّلاة الفَصْلُ الاوّل :تعريف الصَّلاة، ومشروعيَّتها وحكمة تشريعها فرضيَّتها وفرائضها، حكم تارك الصَّلاة

Marfat.com

3- باب الْاَمْرِ بِتَعْلِيمِ الصَّلَوَاتِ وَالضَّرْبِ عَلَيْهَا وَحَدِّ الْعَوْرَةِ الَّتِي يَجِبُ سَتْرُهَا

باب: نماز کی تعلیم دینے کا حکم' اس (کو چھوڑنے کی وجہ سے) مارنے کا حکم اور ستر کا حکم جس کا چھپانا لازم ہے

874- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَّحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ رُمَيْسٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الدَّقِيقِيُّ قَالاَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِذَا بَلَغَ اَوْلاَدُكُمْ سَبْعَ سِنِينَ فَفَرِّقُوا بَيْنَ فُرُشِهِمْ وَاِذَا بَلَغُوا عَشْرَ سِنِينَ فَاضْرِبُوهُمْ عَلَى الصَّلاَةِ.

☆☆ عبدالملک بن ربیع اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ تک مرفوع حدیث کے طور پر یہ بات نقل کرتے ہیں' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جب تمہاری اولاد سات سال کی ہو جائے تو ان کے بستر الگ کر دو' جب وہ دس سال کے ہو جائیں تو نماز (چھوڑنے) کی وجہ سے ان کی پٹائی کرو۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالملک بن ربیع بن سبرۃ بن معبد جہنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''ساتویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۱۹/۱)(۱۳۰۹)۔

نماز نہ پڑھنے پر بچوں کی پٹائی کرنا

ڈاکٹر وہبہ تحریر کرتے ہیں:

وهي فرض عين على كل مكلف (بالغ عاقل)، ولكن تؤمر بها الاولاد لسبع سنين، وتضرب عليها لعشر، بيد، لا بخشبة، لقوله صلي الله عليه وسلم :مُروا صبيانكم بالصلاة لسبع سنين،

۸۷۴- اخرجه ابو داؤد (۱/۳۳۲، ۳۳۲): كتاب الصلوة: باب متى يؤمر الغلام بالصلوة؛ حديث (٤٩٤)، والترمذي (۲/۲۵۹) كتاب الصلوة: باب ما جاء متى يؤمر الصبي بالصلوة؛ حديث (٤٠٧)، والدارمي (۱/۳۷۲)، وابن ابي شيبة (۱/۳٤۷)، واحمد (۳/۲۰۱)، وابن الجارود (۱٤۷)، وابن خزيمة (۲/۱۰۲)، والطحاوي في (مشكل الآثار) (۳/۲۳۱)، والحاكم (۱/۲۰۱)، والبيهقي (۲/۱٤) من طريق عبد الملك بن الربيع بن سبرة عن ابيه عن جده، به- وقال الترمذي: حديث حسن صحيح- وقال الحاكم: صحيح على شرط مسلم- ووافقه الذهبي، وصححه ابن خزيمة- قلت: اما على شرط مسلم فلا: فان عبد الملك بن الربيعلم يرو له مسلم الا في موضع واحد في النكاح: متابعة، وليس احتجاجاً- وقال ابو الحسن بن القطان: لم تثبت عدالته، وان كان مسلم اخرجه له فغير محتج به- وقال ابن معين: احاديث عبد الملك بن الربيع عن ابيه عن جده ضعاف- ينظر: (التهذيب) (٦/۳۹۳)، و(التقريب) (۱/۵۱۹)، و(الكاشف) (۲/۱۸٤)، لكن للحديث شواهد يتقوى بها- وينظر الحديث الآتي-

Marfat.com

واضربوهم عليها لعشر سنين، وفرّقوا بينهم في المضاجع[1]

نماز ہر مکلف (یعنی عاقل اور بالغ) پر فرض ہے بچہ جب تک سات سال کا نہ ہو جائے اسے نماز پڑھنے کا حکم دیا جائے گا (لیکن اس بارے میں اس کے ساتھ سختی نہیں کی جائے گی) لیکن جب وہ دس سال کا ہو جائے اور پھر بھی نماز ادا نہ کرے تو اس پر اس کی پٹائی کی جائے گی' البتہ اسے ہاتھ کے ذریعے مارا جائے گا' چھڑی کے ذریعے نہیں مارا جائے گا۔ اس کی دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

''جب بچہ سات سال کا ہو جائے تو اسے نماز کا حکم دو اور جب وہ دس سال ہو جائے تو اگر وہ نماز نہیں پڑھتا تو اس کی پٹائی کرو اور ان کے بستر الگ کر دو''۔

875- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ زَاجٌ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ الصَّيْرَفِيُّ وَهُوَ سَوَّارُ بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مُرُوْا صِبْيَانَكُمْ بِالصَّلَاةِ لِسَبْعٍ وَّاضْرِبُوْهُمْ عَلَيْهَا لِعَشْرٍ وَّفَرِّقُوْا بَيْنَهُمْ فِي الْمَضَاجِعِ وَاِذَا زَوَّجَ اَحَدُكُمْ عَبْدَهٗ اَمَتَهٗ اَوْ اَجِيْرَهٗ فَلَا تَنْظُرُ الْاَمَةُ اِلٰى شَيْءٍ مِّنْ عَوْرَتِهٖ فَاِنَّ مَا تَحْتَ السُّرَّةِ اِلٰى رُكْبَتِهٖ مِنَ الْعَوْرَةِ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: کہ سات سال کی عمر میں اپنے بچوں کو نماز پڑھنے کا حکم دو اور جب وہ دس برس کے ہو جائیں تو اس وجہ سے (یعنی نماز ترک کرنے کی وجہ سے) ان کی پٹائی کرو' اور ان کے بستر الگ کر دو اور جب کوئی شخص اپنے غلام یا ملازم کی شادی اپنی کنیز سے کر دے تو وہ کنیز اسؓ کے ستر کی طرف نہ دیکھے' کیونکہ ناف سے لے کر گھٹنوں تک ستر ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سوار بن داؤد ابوحمزۃ۔ وقیل: داؤد بن سوار۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۳/۳۴۱)۔ (۳۶۱۶)۔

876- حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُوْلٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَبِيْبٍ الشَّيْلَمَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ

---

[1] رواہ احمد وابوداؤد والحاکم والترمذی والدارقطنی عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ (نیل الاوطار 298/1:).

۸۷۵-اخرجه ابو داؤد (۱۳۳/۱) كتاب الصلوة: باب متى يومر الغلام بالصلوة: حديث (۴۹۵)، واحمد (۱۸۷/۲)، وابن ابي شيبة (۳۴۷/۱) والدولابي في (الكنى) (۱۵۹/۱)، والعقيلي في (الضعفاء) (۱۶۷/۲-۱۶۸)، والحاكم (۱۹۷/۱)، وابو نعيم في (حلية الاولياء) (۲۶/۱۰) والبيهقي في (السنن الكبرى) (۸۴/۲ و۹۴/۷)، والخطيب في (تاريخ بغداد) (۲۷۸/۲)، كلهم من طريق سوار بن داؤد ابي حمزة الصيرفي به- وقال العقيلي: سوار لا يتابع على هذا الحديث- قلت: لا يضر انفراده ما دام قد وثق- فقال ابو طالب عن احمد بن حنبل: شيخ بصري لا باس به، روى عنه وكيع، فقلب اسمه، وهو شيخ يوثق بالبصرة، لم يرو عنه غير هذا الحديث، يعني: حديثه عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده: (علموا اولادكم الصلوة وهم ابناء سبع سنين)- وقال ابن معين: ثقة- وقال المصنف: يعتبر به- وذكره ابن حبان في (الثقات)، وكذلك ابن شاهين- وقال الحافظ في (التقريب): صدوق- فحديثه حسن ان شاء الله- ينظر: (العلل) للامام احمد (۱/۱۲، ۲۴۹، ۲۵۷)، و(تهذيب الكمال) (۲۳۶/۱۲، ۲۳۷)، وتهذيب التهذيب (۴/ت ۲۶۷)، والتقريب (۳۳۹/۱)، والخلاصة (۵/۱، ۲۸۲)-

۸۷۶ اخرجه الخطيب في (تاريخ بغداد) (۲۷۸/۲): اخبرنا القاضي ابو الطيب طاهر بن عبد الله الطبري، قال: انبانا علي بن عمر الحافظ به- وينظر: تخريج الحديث السابق-

Marfat.com

اللّٰہِ بْنُ بَکْرٍ حَدَّثَنَا سَوَّارٌ اَبُوْ حَمْزَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) مُرُوْا صِبْیَانَکُمْ بِالصَّلَاۃِ فِیْ سَبْعِ سِنِیْنَ وَاضْرِبُوْھُمْ عَلَیْھَا فِیْ عَشْرٍ وَّفَرِّقُوْا بَیْنَھُمْ فِی الْمَضَاجِعِ وَاِذَا زَوَّجَ الرَّجُلُ مِنْکُمْ عَبْدَہٗ اَوْ اَجِیْرَہٗ فَلَا یَرَیَنَّ مَا بَیْنَ رُکْبَتِهٖ وَسُرَّتِهٖ فَاِنَّ مَا بَیْنَ سُرَّتِهٖ وَرُکْبَتِهٖ مِنْ عَوْرَتِهٖ .

✿✿ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: سات سال کی عمر میں اپنے بچوں کو نماز پڑھنے کا حکم دو اور دس سال کی عمر میں ان کی پٹائی کرو اور ان کے بستر الگ کر دو جب کوئی شخص اپنے غلام یا ملازم کی شادی کر دے تو وہ گھٹنے اور ناف کے درمیان والے حصے کی طرف نہ دیکھے' کیونکہ اس کا ناف اور گھٹنے کا درمیانی حصہ ستر ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن حبیب شیلمانی حدیث عن عبد اللہ بن بکر سہمی، ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲/۲۷۸)(۷۵۲)۔

مرد کے ستر کی حدود

وھی حد العورۃ من الرجل فذھب مالک والشافعی الی ان حد العورۃ منه ما بین السرۃ الی الرکبة وکذلک قال ابو حنیفة وقال قوم :العورۃ ھما السواتان فقط من الرجل .وسبب الخلاف فی ذلک اثران متعارضان کلاھما ثابت :احدھما حدیث جرھد ان النبی صلی اللہ علیه وسلم قال "الفخذ عورۃ . "والثانی حدیث انس "ان النبی صلی اللہ علیه وسلم حسر عن فخذہ وھو جالس مع اصحابه "قال البخاری وحدیث انس اسند وحدیث جرھد احوط وقد قال بعضھم العورۃ الدبر والفرج والفخذ

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اس بات کا قائل ہیں' مرد کا ستر اس کی ناف سے لے کر گھٹنے تک ہوگا۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بھی یہی کہتے ہیں۔

بعض اہل علم نے یہ بات بیان کی ہے' صرف دونوں شرمگاہیں ستر کا حصہ شمار ہوں گی۔

ان اہل علم کے درمیان اختلاف کا سبب دو روایات ہیں' جن میں ظاہری طور پر تعارض پایا جاتا ہے اور یہ دونوں روایات مستند طور پر منقول بھی ہیں۔

ایک روایت حضرت جرہد رضی اللہ عنہ سے منقول ہے' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''ران (یعنی زانوں) ستر کا حصہ ہے''۔

Marfat.com

دوسری حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے درمیان بیٹھے ہوئے تھے' اسی دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے زانوں مبارک سے کپڑا ہٹادیا۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات' بیان کی ہے: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے منقول حدیث کی سند زیادہ مضبوط ہے' جبکہ حضرت جرہد رضی اللہ عنہ سے منقول حدیث میں زیادہ احتیاط پائی جاتی ہے۔

بعض اہل علم نے یہ بات بیان کی ہے: (مرد کے) ستر میں پیچھے والی اور آگے والی شرمگاہ اور زانوں شامل ہوں گے۔

عورت کے ستر کی حدود

وهي حد العورة في المراة فاكثر العلماء على ان بدنها كله عورة ما خلى الوجه والكفين وذهب ابو حنيفة الى ان قدمها ليست بعورة وذهب ابو بكر بن عبد الرحمن واحمد الى ان المراة كلها عورة .وسبب الخلاف في ذلك احتمال قوله تعالى (ولا يبدين زينتهن الا ما ظهر منها) هل هذا المستثنى المقصود منه اعضاء محدودة ام انما المقصود به ما لا يملك ظهوره ؟ فمن ذهب الى ان المقصود من ذلك ما لا يملك ظهوره عند الحركة قال :بدنها كله عورة حتى ظهرها واحتج لذلك بعموم قوله تعالى (يا ايها النبي قل لازواجك وبناتك ونساء المؤمنين) الآية ومن راى ان المقصود من ذلك ما جرت به العادة بانه لا يستر وهو الوجه والكفان ذهب الى انهما ليسا بعورة واحتج لذلك بان المراة ليست تستر وجهها في الحج [1]

اکثر اہل علم کی یہ رائے ہے' عورت کا پورا جسم ستر ہے' صرف چہرہ اور دونوں ہاتھ اس میں شامل نہیں ہیں۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں' عورت کے پاؤں بھی ستر میں داخل نہیں ہوں گے۔

شیخ ابوبکر بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں' عورت کا پورا جسم ستر ہوگا۔

ان حضرات کے درمیان اختلاف کا سبب یہ آیت ہے:

''اور وہ عورتیں اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں ماسوائے اس حصے کے جو ویسے ہی ظاہر ہوتا ہے''۔

(اس آیت کے مفہوم میں اختلاف پایا جاتا ہے) کیا یہاں مراد یہ ہے؟ متعین اعضاء کو مستثنیٰ قرار دیا جائے' یا یہاں یہ مراد ہے' صرف ان کو مستثنیٰ قرار دیا جارہا ہے جن کے ظاہر ہونے کو روکنا عورت کے بس میں نہ ہو۔

جن فقہاء نے آیت سے یہ مفہوم قرار لیا ہے' اس سے مراد وہ اعضاء ہیں' حرکت کے وقت جسے چھپانا ممکن نہ ہو اور یہاں ان اعضاء کا استثنیٰ کیا گیا ہے۔

ان فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے' عورت کا پورا جسم ستر ہے' یہاں تک کہ اس کی پیٹھ بھی ستر میں شامل ہوگی۔

ان حضرات نے دلیل کے طور پر درج ذیل آیت کو پیش کیا ہے' جس کے حکم میں عموم پایا جاتا ہے۔

(ارشاد باری تعالیٰ ہے:)

---

[1] بداية المجتهد' كتاب الصلاة الباب الرابع من الجملة الثانية الفصل الاول

Marfat.com

''اے نبی! تم اپنی بیویوں' بیٹیوں اور مسلمان عورتوں سے یہ کہہ دو کہ وہ اپنے اوپر اپنی چادروں کے پلّو لٹکا لیا کریں' یہ زیادہ مناسب ہے تاکہ اس طرح ان کی شناخت ہو جائے اور انہیں ستایا نہ جائے اور اللہ تعالیٰ مغفرت کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے''۔

جن فقہاء نے آیت کے یہ الفاظ ''ماسوائے اس کے جو خود بخود ظاہر ہو'' سے یہ مراد لیا ہے' عام طور پر عام معمول میں جسم کے جو حصے کھلے رہتے ہیں' انہیں مستثنیٰ کیا گیا ہے' یعنی چہرہ اور دونوں ہاتھ۔ ان حضرات کی یہ رائے ہے' یہ دونوں حصے ستر میں شامل نہیں ہوں گے۔ ان حضرات نے اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کی ہے' حج میں بھی ان کو چھپانا لازم نہیں ہے (بلکہ کھلا رکھنا لازم ہے)۔

877 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِىُّ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْجُبُلِىُّ الضَّرَّابُ رَفِيقُ يَحْيَى بْنِ مَعِينٍ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مَنْصُورٍ الْفَزَارِىُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْجَنُوبِ - قَالَ مُوسَى اِسْمُهُ عُقْبَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ - قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الرُّكْبَةُ مِنَ الْعَوْرَةِ . اَبُو الْجَنُوبِ ضَعِيفٌ.

★★ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: گھٹنا ستر کا حصہ ہے۔

اس روایت کا راوی ابوالجنوب' ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ نضر بن منصور ذہلی ابوعبدالرحمٰن کوفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے'' نویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۰۳)(۱۰۲)۔

878 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُولٍ حَدَّثَنَا جَدِّى حَدَّثَنَا اَبِى عَنْ سَعِيدِ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ كَثِيرٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِى اَيُّوبَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

۸۷۷- تفرد به المصنف' وذكره الزيلعي في (نصب الراية) (۲۹۷/۱) من طريق المصنف' وقال: قال شيخنا الذهبي في ميزانه: النضر بن منصور واه' قال ابن حبان: لا يحتج به- وعقبه بن علقمة لهذا ضعفه الدارقطني وابو حاتم الرازي- وفي (الامام) قال ابو حاتم الرازي: عقبة ضعيف الحديث والنضر بن منصور مجهول' انتهى - اه - والحديث ذكره الحافظ ابن حجر في (الدراية)(۱۲۲/۱)' وقال: الدارقطني من حديث علي باسناد ضعيف-

۸۷۸- اخرجه البيهقي في (السنن الكبرى) (۲۲۹/۲) كتاب الصلوة' باب عورة الرجل' من طريق الدارقطني' وعند البيهقي: سعيد بن ابي راشد- وضعفه البيهقي' واعله بسعيد- وذكره الحافظ في (التلخيص) (۵۰۵/۱)' وقال: (واسناده ضعيف فيه عباد بن كثير وهو متروك)- وفاته انه يعله ايضا بسعيد بن راشد' وهو: ابو محمد المازني البصري السماك- قال البخاري: منكر الحديث- وقال النسائي والدارقطني: متروك- وكذا قال ابو حاتم' وقال مرة: ضعيف الحديث- وذكره ابو زرعة في (الضعفاء)- وقال يعقوب بن سفيان: ضعيف ليس حديثه بشي- ينظر: (التاريخ الكبير) (۳/ت ۱۵۷۴)' و(التاريخ الصغير) (۱۸۵/۲)' و(الضعفاء الصغير) (۱۳۳)' و(الضعفاء والمتروكين) للنسائي (۲۸۰) وللدارقطني (۲۷۵)' وسوالات البرقاني (۱۷۹)' و(علل الحديث) (۳۳۶)' واسامي الضعفاء (۱۱۹)' والمعرفة والتاريخ (۱۲۳/۲ '۶۶۰)-

Marfat.com

يَقُوْلُ مَا فَوْقَ الرُّكْبَتَيْنِ مِنَ الْعَوْرَةِ وَمَا اَسْفَلَ مِنَ السُّرَّةِ مِنَ الْعَوْرَةِ .

☆☆ حضرت ایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: گھٹنوں کے اوپر کا حصہ ستر ہے ناف کے نیچے کا حصہ ستر ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن راشد مازنی سماک۔ امام بخاری نے انہیں "متروک الحدیث" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۱۹۸/۳) (۳۱۷۲)۔

نماز کے دوران ستر کا حکم

اس موضوع پر بحث کرتے ہوئے مشہور مالکی فقیہہ علامہ ابن رُشد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات تحریر کی ہے:

علماء کا اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے ستر کو چھپانا مطلق طور پر فرض ہے۔

اتفق العلماء على ان ستر العورة فرض باطلاق واختلفوا هل هو شرط من شروط صحة الصلاة ام لا ؟ وكذلك اختلفوا في حد العورة من الرجل والمراة وظاهر مذهب مالك انها من سنن الصلاة وذهب ابو حنيفة والشافعي الى انها من فروض الصلاة وسبب الخلاف في ذلك تعارض الآثار واختلافهم في مفهوم قوله تعالى (يا بني آدم خذوا زينتكم عند كل مسجد) هل الامر بذلك على الوجوب او على الندب ؟ فمن حمله على الوجوب قال: المراد به ستر العورة واحتج لذلك بان سبب نزول هذه الآية كان ان المراة كانت تطوف بالبيت عريانة وتقول :

اليوم يبدو بعضه او كله ...وما بدا منه فلا احله

فانزلت هذه الآية "وامر رسول الله صلى الله عليه وسلم ان لا يحج بعد العام مشرك ولا يطوف بالبيت عريان "ومن حمله على الندب قال :المراد بذلك الزينة الظاهرة من الرداء وغير ذلك من الملابس التي هي زينة واحتج لذلك بما جاء في الحديث من انه كان رجال يصلون مع النبي عليه الصلاة والسلام عاقدي ازرهم على اعناقهم كهيئة الصبيان ويقال للنساء لا ترفعن رؤوسكن حتى يستوي الرجال جلوسا قالوا :ولذلك من لم يجد ما به يستر عورته لم يختلف في انه يصلي واختلف فيمن عدم الطهارة هل يصلي ام لا يصلي ؟[1]

البتہ اہل علم میں اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے نماز کے درست ہونے کے لیے یہ بات شرط ہے نہیں ہے؟

اسی طرح اہل علم کے درمیان اس بارے میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے مرد اور عورت کے ستر کی حدود کیا ہیں؟

[1] بداية المجتهد' كتاب الصلاة الباب الرابع من الجملة الثانية

Marfat.com

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا بظاہر یہ مسلک سامنے آتا ہے ان کے نزدیک نماز میں ستر کو چھپانا سنت ہے۔
جبکہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے فرض قرار دیا ہے۔
اس اختلاف کا بنیادی سبب یہ ہے اس بارے میں منقول احادیث میں تعارض پایا جاتا ہے اور قرآن کی درج ذیل آیت کے مفہوم میں اختلاف پایا جاتا ہے:
''تم ہر نماز کے وقت زیب وزینت اختیار کرو''۔
(اختلاف یہ ہے) آیت کا حکم واجب ہے یا مستحب ہے؟
جن لوگوں نے اسے واجب قرار دیا ہے انہوں نے یہ فتویٰ دیا ہے نماز میں قابل ستر اعضاء کو چھپانا لازم ہے اور انہوں نے اپنے اس مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کی ہے: اس آیت کا شانِ نزول یہ ہے پہلے زمانے میں خواتین برہنہ ہوکر خانہ کعبہ کا طواف کیا کرتی تھیں اور یہ کہا کرتی:
''آج جسم کا کچھ حصہ کھل جائے یا پورا کھل جائے اس میں کوئی حرج نہیں ہے حالانکہ ان دنوں میں اس کا بے پردہ ہونا مجھے گوارا نہیں ہوگا''۔
تو اس فعل کو روکنے کے لیے یہ آیت نازل ہوئی یہی وجہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا تھا:
''آج کے بعد کوئی مشرک شخص حج نہیں کر سکے گا اور کوئی شخص برہنہ ہوکر خانہ کعبہ کا طواف نہیں کرے گا''۔
جن فقہاء نے آیت کے الفاظ کو استحباب پر محمول کیا ہے ان کا یہ کہنا ہے: یہاں آیت میں اضافی لباس اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے جو ظاہری زیب وزینت کے طور پر اختیار کیا جاتا ہے۔
ان حضرات نے اپنے اس مؤقف کی تائید میں دلیل کے طور پر وہ حدیث پیش کی ہے جس میں یہ بات مذکور ہے:
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں کچھ لوگ نماز ادا کرتے ہوئے اپنے تہبند گردن پر اس طرح باندھ لیا کرتے تھے جیسے چھوٹے بچے باندھتے ہیں تو خواتین کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ سجدے سے اپنے سر کو اس وقت اُٹھائیں جب مرد پوری طرح بیٹھ چکے ہوں۔
ان فقہاء کا یہ کہنا ہے: اگر کسی شخص کو ستر کے لیے کپڑا نہیں ملتا تو اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے وہ شخص نماز پڑھے گا البتہ اگر کسی شخص کو (نماز کے لیے وضو کرنے کے لیے) پانی نہیں ملتا تو اس شخص کے نماز پڑھنے کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ (اس سے بالواسطہ طور پر یہ بات ثابت ہوتی ہے نماز کے دوران زیب وزینت اختیار کرنے یا ستر کو چھپانے کا حکم اضافی طور پر ہے۔)

لباس کے بارے میں مزید تحقیق

کیونکہ بعض روایات میں بعض مخصوص قسم کے لباس کو پہن کر نماز ادا کرنے سے منع کیا گیا ہے اس لئے اس موضوع کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ ابن رشد تحریر کرتے ہیں:
اما اللباس فالاصل فيه قوله تعالى (خذوا زينتكم عند كل مسجد) والنهي الوارد عن هيئات

Marfat.com

بعض الملابس فی الصلاۃ وذلك انهم اتفقوا فیما احسب علی ان الهیئات من اللباس التی نهی عن الصلاۃ فیها مثل اشتمال الصماء وهو ان یحتبی الرجل فی ثوب واحد لیس علی عاتقه منه شیء وان یحتبی الرجل فی ثوب واحد لیس علی فرجه منه شیء وسائر ما ورد من ذلك ان ذلك كله سد ذریعة الا تنكشف عورته ولا اعلم ان احدا قال لا تجوز صلاۃ علی احدی هذه الهیئات ان لم تنكشف عورته وقد كان علی اصول اهل الظاهر یجب ذلك واتفقوا علی انه یجزء الرجل من اللباس فی الصلاۃ الثوب الواحد لقول النبی صلی الله علیه وسلم وقد سئل ایصلی الرجل فی الثوب الواحد ؟ فقال "او لكلكم ثوبان ؟ "واختلفوا فی الرجل یصلی مكشوف الظهر والبطن فالجمهور علی جواز صلاته لكون الظهر والبطن من الرجل لیسا بعورۃ وشذ قوم فقالوا :لا تجوز صلاته لنهیه صلی الله علیه وسلم ان یصلی الرجل فی الثوب الواحد لیس علی عاتقه منه شیء وتمسك بوجوب قوله تعالی (خذوا زینتكم عند كل مسجد)[1]

لباس کے بارے میں قرآن کی آیت ہے:

''ہر نماز کے وقت زینت کو اختیار کرو''۔

اس بارے میں دوسری بنیاد وہ روایات ہیں' جو جس میں نماز کے دوران مختلف قسم کے لباس کو پہننے کی ممانعت کیب ار ے میں ہیں۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس بارے میں علماء کے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے کہ جس مخصوص قسم کے لباس کو نماز کے دوران پہننے سے منع کیا گیا ہے' جیسے چادر کو جسم پر لپیٹ لینا یعنی مرد کا چادر کو جسم پر اس طرح لپیٹنا کہ اس کے کندھے پر کچھ بھی موجود نہ ہو' یا مرد کا چادر کو اس طرح لپیٹنا کہ اس کی شرمگاہ پر کوئی چیز نہ ہو اور اس نوعیت کی دیگر تمام احادیث جو ہیں' ان میں بنیادی مقصد یہ ہے' ستر کے بے پردہ ہونے سے بچا جائے۔ میرے علم کے مطابق کوئی بھی شخص اس بات کا قائل نہیں ہے' اگر ایسی صورت میں انسان کا ستر پردہ میں رہتا ہے تو کسی شخص نے نماز کو ناجائز قرار دیا ہو' البتہ اہل ظاہر کے اصول کے مطابق ایسا کرنا واجب شمار ہو گا۔

علماء کا اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے' اگر مرد صرف ایک لباس پہن کر نماز ادا کر سکتا ہے تو ایسا کرنا اس کے لیے کافی ہو گا (کیونکہ حدیث میں یہ بات منقول ہے)۔ نبی اکرم ﷺ سے یہ سوال کیا گیا: کیا کوئی شخص ایک ہی کپڑے میں نماز ادا کر سکتا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تم میں سے ہر ایک کے پاس دو لباس ہوتے ہیں؟

اہل علم نے ایسے مرد کے بارے میں اختلاف کیا ہے جس کے پیٹ اور پیٹھ پر کپڑا موجود نہ ہو۔

جمہور کے نزدیک ایسے شخص کی نماز ہو جاتی ہے' کیونکہ مرد کے لیے اس کی پیٹھ اور اس کا پیٹ ستر میں داخل نہیں ہے' البتہ بعض کے نزدیک رائے یہ ہے' ایسے لوگوں کی نماز نہیں ہو گی۔

چونکہ نبی اکرم ﷺ نے ایک کپڑے کو جسم پر ایسے لپیٹ کر نماز ادا کرنے سے منع کیا ہے جب کندھے پر کچھ بھی موجود نہ

[1] بدایة المجتهد' كتاب الصلاۃ الفصل الثانی من الباب الرابع فیما یجزء فی اللباس فی الصلاۃ

Marfat.com

ہوا ان حضرات میں قرآن کی مذکورہ بالا آیت:

''ہر نماز کے وقت میں زینت اختیار کرو''۔

کے حکم کو وجوب کی دلیل کے طور پر پیش کیا ہے۔

879- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ الْمُحَبَّرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُثَنَّى عَنْ ثُمَامَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مُرُوهُمْ بِالصَّلَاةِ لِسَبْعِ سِنِينَ وَاضْرِبُوهُمْ عَلَيْهَا لِثَلَاثَ عَشْرَةَ.

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: انہیں سات سال کی عمر میں نماز کا حکم دو اور تیرہ سال کی عمر میں (نماز ترک کرنے) کی وجہ سے ان کی پٹائی کرو۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن مثنیٰ بن عبداللہ بن انس بن مالک انصاری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''چھٹے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۴۵) (۵۸۴)۔

○ ثمامۃ بن عبداللہ بن انس بن مالک، انصاری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''چوتھے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''110ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۲۰) (۴۵)۔

4- باب تَحْرِيمِ دِمَائِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ إِذَا يَشْهَدُوا بِالشَّهَادَتَيْنِ وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ.

باب 3. خون اور اموال کا قابل احترام ہونا جب لوگ دونوں شہادتوں کی گواہی دیں اور نماز ادا کریں اور زکوٰۃ ادا کریں

۸۷۹- هذا الحديث اختلف في اسناده اختلافًا غريبًا' وهو عند المصنف: داؤد بن المحبر عن عبدالله بن المثنى عن ثمامة عن انس- واخرجه الطبراني في (الاوسط) (۵/۷۸-۷۹) رقم (۴۱۴۱) من طريق ابي بكر بن الاعين' ثنا داؤد بن المحبر' قال: حدثنا ابي عن ثمامة بن عبد الله بن انس عن انس بن مالك' به- قال الطبراني: لم يرو هذا الحديث عن ثمامة الا المحبر ابن قحذم' تفرد به ابنه-

قلت: اما تفرد المحبر بن قحذم به' فلا: فقد رواه ايضا عبد الله بن المثنى: كما عند المصنف- والحديث ذكره الهيثمي في (المجمع) (۱/۲۹۹)' وقال: رواه الطبراني' وفيه داؤد بن المحبر: ضعفه احمد والبخاري وجماعة' ووثقه ابن معين' وذكره الحافظ ابن حجر في (المطالب العالية) (۱/۹۷) رقم (۳۴۹) وعزاه للحارث بن ابي اسامة' وقال: فيه داؤد متروك- وقال السخاوي في (المقاصد الحسنة) ص (۳۸۱): رواه الطبراني' وفي اسناده داؤد بن المحبر' وهو متروك' وقدتفرد به: فيما قاله الطبراني' وهو في نسخة سمعان بن المهدي عن انس بلفظ: (مروا الصبيان بالصلوة اذا بلغوا سبع سنين)-

Marfat.com

880- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا حَنْبَلُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ كَثِيرِ بْنِ عُبَيْدٍ حَدَّثَنِي اَبِي اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ ثُمَّ قَدْ حُرِّمَ عَلَيَّ دِمَاؤُهُمْ وَاَمْوَالُهُمْ وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ . وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ اَبُوْ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - .وَكَذٰلِكَ قَالَ عِمْرَانُ الْقَطَّانُ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسٍ عَنْ اَبِي بَكْرٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے: میں لوگوں کے ساتھ جنگ کروں' اُس وقت تک جب تک وہ یہ گواہی نہ دیں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں' اور وہ نماز قائم کریں اور زکوۃ دیں' تو پھر اُن کے خون اور مال مجھ پر حرام ہو جائیں' اُن کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمے ہوگا۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے' جبکہ ایک اور سند کے ہمراہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حنبل بن اسحاق بن حنبل بن ہلال بن اسد، الامام حافظ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے ان کا انتقال ''273ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: السیر (۵۱/۱۳)(۳۸)۔

○ سعید بن کثیر بن عبید تیمی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''ساتویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۳۰۴/۱)(۲۴۳)۔

○ کثیر بن عبید بن نمیر مذحجی، ابوحسن حمصی الحذاء، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''260ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۳۲/۲)(۱۸)۔

۸۸۰- اخرجه احمد (۲/۳۴۵)؛ والبخاري في (التاريخ الكبير) (۷/ ۳۵-۳۶)؛ وابن خزيمة (۸/٤) رقم (۲۲٤۸)؛ والحاكم (۱/ ۳۸۷)؛ كلهم من طريق سعيد بن كثير بن عبيد' به- وسعيد بن كثير ثقة' وثقه ابن معين والمصنف وابن حبان- وقال ابو حاتم: صالح الحديث- وقال الحافظ في (التقريب): ثقة- وينظر: (تهذيب الكمال ۱(۱۱/ ۳٦)؛ و(تهذيب التهذيب) (٤/ ۷۲) و(التقريب) (۱/ ۳۰٤)- قول المصنف (و كذلك رواه ابو جعفر الرازي عن يونس عن الحسن عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم)- قلت: لهذا الطريق اخرجه المصنف في كتاب الزكاة' واخرجه ابو نعيم في (الحلية) (۲/ ۱٥۹) و(۲/ ۲٥)؛

Marfat.com

کفار شرعی احکام کے پابند ہیں؟

اس ترجمۃ الباب کے تحت امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے جو روایات نقل کی ہیں' ان سب میں صرف ایک ہی بات کا ذکر ہے اور وہ یہ کہ کفار کا جان و مال اس وقت محفوظ شمار ہوگا' جب وہ اس بات کی گواہی دیں گے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ یعنی وہ کفار اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لائیں اور ساتھ میں نماز بھی ادا کریں اور زکوٰۃ بھی دیں۔

اس سے ضمنی طور پر یہ بات ثابت ہوتی ہے' اگر کوئی شخص نماز کا انکار کر دیتا ہے یا زکوٰۃ کی ادائیگی سے انکار کر دیتا ہے تو اس کی جان اور مال محفوظ نہیں رہیں گے۔ ان کے خلاف جنگ کی جائے گی۔ جس طرح حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے زکوٰۃ کی ادائیگی سے انکار کرنے والوں کے خلاف جنگ کی تھی۔

اس حدیث میں اہل علم نے ایک ضمنی مسئلے پر بحث کی ہے' اور وہ یہ کہ کیا کفار شریعت کے احکام پر عمل پیرا ہونے کے پابند ہیں یا نہیں؟

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اے ایمان والو! تم اپنے اس پروردگار کی عبادت کرو جس نے تمہیں اور تم سے پہلے لوگوں کو پیدا کیا ہے تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ''۔

اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے مشہور مفسر امام بیضاوی نے یہ بات تحریر کی ہے۔

اس آیت میں اگرچہ کفار کو عبادت کرنے کا حکم دیا گیا ہے' لیکن یہ حکم کفار کے ساتھ مخصوص نہیں ہے' اس کی وجہ یہ ہے' عبادت کرنے کا حکم' اس میں عبادت کا آغاز' عبادت میں اضافہ اور ہمیشہ عبادت کرنا یہ تینوں مفہوم پائے جاتے ہیں' تو کفار سے صرف اس بات کا تقاضا کیا جائے گا کہ وہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لا کر اس کی عبادت شروع کریں۔ اس کی وجہ یہ ہے' عبادت کے درست ہونے کے لیے ایمان لانا بنیادی شرط ہے' جب آپ کسی چیز کو واجب قرار دیتے ہیں تو جو چیز اس کا مقدمہ ہوتی ہے اور جس پر وہ چیز موقوف ہوتی ہے وہ بھی واجب ہو جاتا ہے' جس طرح کسی شخص کا بے وضو ہو جانا' اس پر نماز کے واجب ہونے کے منافی نہیں قرار دیا جائے گا' اسی طرح اگر کوئی شخص کافر ہے تو یہ بات اس پر عبادت کے وجوب کے منافی نہیں ہوگی بلکہ اس پر ایسا کرنا واجب ہوگا کہ وہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے' اس کی بندگی اختیار کرنا شروع کر دے' جبکہ اہل ایمان سے یہ تقاضا کیا گیا ہے' وہ عبادت کرنے کے کام میں ثابت قدم رہیں اور اس میں مزید اضافہ کریں۔

اسی موضوع پر بحث کرتے ہوئے علامہ آلوسی نے یہ بات تحریر کی ہے:

اس مسئلے کے بارے میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے صراحت کے ساتھ کوئی رائے منقول نہیں ہے' لیکن امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے کلام سے یہ بات واضح ہوتی ہے' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس بارے میں صراحت کے ساتھ اس لیے بیان نہیں کی ہے' کیونکہ اس اختلافات کا دنیاوی معاملات کے ساتھ کوئی فائدہ نہیں ہوگا' کیونکہ جب وہ لوگ کافر ہیں تو وہ لوگ اسلام کے فروعی احکام پر عمل نہیں کر سکتے ہیں' اسی طرح اگر وہ بعد میں مسلمان ہو جاتے ہیں تو اب آپ ان سے یہ تقاضا نہیں کریں گے کہ وہ اُن فروعی

Marfat.com

احکام کی قضاء ادا کریں' اس اختلاف کا تعلق صرف آخرت کے ساتھ ہے۔

(آلوسی کہتے ہیں:) یعنی جن حضرات کے نزدیک کفار شریعت کے فروعی احکام کے مخاطب اور پابند ہیں' ان کے نزدیک آخرت میں کفار کو ان احکام پر اعتقاد نہ رکھنے اور ان پر عمل نہ کرنے دونوں کی وجہ سے عذاب دیا جائے گا اور جن حضرات کے نزدیک کفار شریعت کے فروعی احکام کے مخاطب نہیں ہیں' یعنی ان پر عمل کرنے کے مخاطب نہیں ہیں' صرف ان پر عقیدہ رکھنے کے پابند ہیں۔ ان حضرات کے نزدیک کفار کو اس اعتقاد سے انکار کرنے کی وجہ سے آخرت میں عذاب دیا جائے گا۔

881- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ يَحْيٰى بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ فَاِذَا شَهِدُوْا اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ وَصَلَّوْا صَلَاتَنَا وَاسْتَقْبَلُوْا قِبْلَتَنَا وَاَكَلُوْا ذَبَائِحَنَا حُرِّمَتْ عَلَيْنَا اَمْوَالُهُمْ وَدِمَاؤُهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَلَهُمْ مَا لِلْمُسْلِمِ وَعَلَيْهِمْ مَا عَلَى الْمُسْلِمِ.

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے: میں مشرکین کے ساتھ اُس وقت تک لڑائی کرتا رہوں جب تک وہ اس بات کی گواہی نہ دیں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں' جب وہ اس بات کی گواہی دے دیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں' حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں' وہ ہماری طرح نماز ادا کریں اور ہمارے قبلہ کی طرف رخ بھی کریں' ہمارے ذبائح کو کھائیں' تو ان کے اموال اور خون ہم پر حرام ہو جائیں گے' البتہ ان کا حق برقرار رہے گا' ان کو ہر وہ چیز ملے گی جو مسلمان کو حاصل ہوگی' ان پر ہر وہ چیز لازم ہوگی جو مسلمان پر لازم ہوتی ہے۔

882- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَعْمَرُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہی روایت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

۸۸۱- اخرجه الطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۳/۲۱۵): حدثنا يونس بن عبد الاعلى به واخرجه ابو داؤد (۳/٤٤) كتاب الجهاد' باب علام يقاتل المشركون؟ حديث (۲٦٤۲): حدثنا سليمان بن داؤد المهري' اخبرنا ابن وهب' به- وقال البخاري في (صحيحه) (۲/٥٤) حديث (۳۹۲): وقال ابن ابي مريم: اخبرنا يحيى حدثنا حميد' حدثنا انس عن النبي صلى الله عليه وسلم ......)- قلت: وهذا التعليق قد وصله البيهقي في (السنن الكبرى) (۲/۹۲) من طريق يحيى بن ايوب عن سعيد ابن ابي مريم عن يحيى بن ايوب عن حميد الطويل عن انس بن مالك' به- وهذا الحديث رواه ابن المبارك عن حميد عن انس' وينظر: الحديث الآتي-

۸۸۲- اخرجه البخاري (۲/٥۲) كتاب الصلوة' باب فضل استقبال القبلة' حديث (۳۹۲) واحمد (۳/۱۹۹-۲۲٤-۲۲٥) وابو داؤد (۳/٤٤) كتاب الجهاد' باب علام يقاتل المشركون؟ حديث (۲٦٤۱) والترمذي (٥/٤-٥) كتاب الايمان' باب ما جاء في قول النبي صلى الله عليه وسلم: (امرت بقتالهم ......) حديث (۲٦۰۸) والنسائي (۷/۷٦) كتاب تحريم الدم' حديث (۳۹٦۷) وفي (۸/۱۰۹) كتاب الايمان' باب علام يقاتل الناس؟ حديث (٥۰۰۳) وابن حبان (٥۸۹٥) وابو نعيم في (الحلية) (۸/۱۷۲) والخطيب في (تاريخه) (۱۰/٤٦٤) كلهم من طريق ابن المبارك به- وقال الترمذي: (حديث حسن صحيح)-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ معمر بن بشر خراسانی مروزی، روی عن ابن مبارک، وذکرہ ابن ابوحاتم فی الجرح والتعدیل (۳۱۳/۹) (۱۳۵۳)۔

883- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِيُّ حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهٗ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند منقول ہے۔

884- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقِرْمِيسِيْنِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْعَنْسِيُّ حَدَّثَنِيْ جَدِّيْ الْهَيْثَمُ بْنُ مَرْوَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسَى بْنِ سُمَيْعٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهٗ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت انس بن مالک صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن احمد بن حسن، ابواسحاق مقری قرمیسینی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال "358ھ" میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تاریخ بغداد" از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ "خطیب بغدادی" (۱۴/۶) (۳۰۴۴)۔

○ ہیثم بن مروان بن ہیثم عنسی - بنون ابوالحکم دمشقی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "مقبول" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے "گیارہویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی" (۱۰۳۱) (۷۴۲۷)۔

○ محمد بن عیسیٰ بن قاسم بن سمیع اموی، ان کا انتقال "104ھ" میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۴۴۷/۲) (۶۵۷۴)۔

885- حَدَّثَنَا ابْنُ خَلَّادٍ حَدَّثَنَا الْمَعْمَرِيُّ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسَى بْنِ سُمَيْعٍ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ.

۸۸۳-اخرجه البخاري (۵۲/۲) كتاب الصلوة: باب فضل استقبال القبلة: حديث (۳۹۲): حدثنا نعيم به- وينظر الحديث السابق- قال الحافظ ابن حجر في (الفتح) (۵۲/۲): نعيم هو ابن حماد الخزاعي: ووقع في رواية: حماد بن شاكر عن البخاري (قال نعيم بن حماد) وفي رواية كريمة والاصيلي (وقال ابن المبارك) بغير ذكر نعيم: وبذلك جزم ابو نعيم في (المستخرج) وقد وقع لنا من طريق نعيم موصولا في سنن الدارقطني: وتابع حماد بن موسى وسعيد بن يعقوب وغير هما عن ابن المبارك- اه-

۸۸۴-اخرجه النسائي (۷/۷۵-۷۶) كتاب تحريم الدم: حديث (۳۹۶۶): اخبرنا هارون ابن محمد بن بكار بن بلال عن محمد بن عيسى: وهو ابن سميع بهذا الاسناد-

Marfat.com

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

886- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ اَبُوْ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِيْ حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ وَاقِدِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ عَصَمُوا مِنِّيْ دِمَاءَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّ الْاِسْلَامِ وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے: میں لوگوں کے ساتھ اس وقت تک جنگ کرتا رہوں جب تک وہ اس بات کی گواہی نہ دیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور وہ نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں' جب وہ ایسا کرلیں گے تو وہ اپنے خون اور اپنے اموال کو مجھ سے محفوظ کرلیں گے' البتہ اسلام کے حق کا حکم مختلف ہے اور اُن کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمے ہوگا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن محمد بن عرعرۃ' بھملات، سامی بصری۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''231ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:

○ واقد بن محمد بن زید بن عبداللہ عدوی مدنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۳/۱۲۷)(۷۷۸۵)۔

887- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ بْنِ خَلَّادٍ حَدَّثَنَا الْمَعْمَرِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَرْعَرَةَ بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

888- حَدَّثَنَا ابْنُ خَلَّادٍ حَدَّثَنَا الْمَعْمَرِيُّ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ اَبِيْ مُزَاحِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ حَدَّثَنَا شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ عَنْ حَدِيثِ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۸۸۶- اخرجه ابن حبان (۱۷۵، ۲۱۹): اخبرنا احمد بن علي بن المثنى بالموصل' حدثنا ابراهيم بن محمد بن عرعرة' به- واخرجه البخاري (۱/۱۰۶) كتاب الايمان' باب (فان تابوا واقاموا الصلوة واتوا الزكوة فخلوا سبيلهم) حديث (۲۵) وابن منده في (الايمان) رقم (۲۵)، والبيهقي في (السنن الكبرى) (۳/۳۶۷)' و(۸/۱۷۷)' والبغوي في (شرح السنة) (۱/۹۵- بتحقيقنا) منطريق عبد الله بن محمد المسندي عن حرمي بن عمارة به- واخرجه مسلم (۱/۵۲)' كتاب الايمان' باب الامر بقتال الناس حتى يقولوا: لا اله الا الله' حديث (۳۶/۲۲)، والبيهقي في (السنن الكبرى) (۳/۹۲) من طريق عبد الملك بن الصباح عن شعبة به- وقال ابن حبان: تفرد به شعبة- قلت: هذا للبيان' وليس للاعلال' كما يظن البعض: فالتفرد لا يضر ما دام المتفرد ثقة- وقد نقل الحافظ في (الفتح) (۱/۱۰۷) كلام ابن حبان' وقال: وهو عن شعبة عزيز تفرد بروايته عنه حرمي هذا وعبد الملك تفرد به عنه ابو غسان مالك بن عبد الواحد شيخ مسلم: فاتفق الشيخان على الحاكم بصحته مع غرابته' وليس هو في مسند احمد على سعته-

۸۸۸- اخرجه احمد (۵/۲۴۵) مطولاً' وابن ماجه (۱/۲۸) المقدمة: باب في الايمان' حديث (۷۲) من طريق عبد الحميد بن بهرام به' وقال البوصيري في (الزوائد) (۱/۵۶): هذا اسناد حسن: اهـ - قلت: شهر بن حوشب مختلف في الاحتجاج به: فمنهم من وثقه' ومنهم من ضعفه-

Marfat.com

وَسَلَّمَ) قَالَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی یُقِیْمُوا الصَّلَاۃَ وَیُؤْتُوا الزَّکَاۃَ وَیَشْهَدُوْا . مِثْلَهٗ سَوَاءً .

☆☆ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے: میں لوگوں سے اُس وقت تک جنگ کرتا رہوں جب تک وہ نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں۔اور گواہی دیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ منصور بن ابومزاحم ترکی، مولی ازد، ابونصر بغدادی الکاتب۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''235ھ'' میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۳/۵۸)(۷۲۱۶)۔

○ عبدالحمید بن بھرام فزاری مدائنی۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۲/۷۸)(۳۹۶۸)۔

5- باب فِیْ ذِکْرِ اَذَانِ اَبِیْ مَحْذُوْرَۃَ وَاخْتِلَافِ الرِّوَایَاتِ فِیْهِ.

باب: حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کی اذان کا تذکرہ اور اس بارے میں روایات کا اختلاف

889- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ النَّیْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ حُمَیْدٍ الْمِصِّیْصِیُّ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ النَّیْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَاَبُوْ اُمَیَّۃَ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ وَغَیْرُهُمْ قَالُوْا حَدَّثَنَا رَوْحٌ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ حَدَّثَنَا الرَّبِیْعُ بْنُ سُلَیْمَانَ حَدَّثَنَا الشَّافِعِیُّ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِیْ مَحْذُوْرَۃَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَیْرِیْزٍ اَخْبَرَهٗ- وَکَانَ یَتِیْمًا فِیْ حِجْرِ اَبِیْ مَحْذُوْرَۃَ حِیْنَ جَهَّزَهٗ اِلَی الشَّامِ- قَالَ فَقُلْتُ لِاَبِیْ مَحْذُوْرَۃَ اَیْ عَمِّ اِنِّیْ خَارِجٌ اِلَی الشَّامِ وَاِنِّیْ اَخْشٰی اَنْ اُسْاَلَ عَنْ تَاْذِیْنِكَ فَاَخْبِرْنِیْ قَالَ نَعَمْ خَرَجْتُ فِیْ نَفَرٍ فَکُنَّا فِیْ بَعْضِ طَرِیْقِ حُنَیْنٍ فَقَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) مِنْ حُنَیْنٍ فَلَقِیَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) فِیْ بَعْضِ الطَّرِیْقِ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) بِالصَّلَاۃِ فَسَمِعْنَا صَوْتَ الْمُؤَذِّنِ وَنَحْنُ مُتَنَکِّبُوْنَ فَصَرَخْنَا نَحْکِیْهِ وَنَسْتَهْزِءُ بِهٖ فَسَمِعَ النَّبِیُّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) الصَّوْتَ فَاَرْسَلَ اِلَیْنَا اِلٰی اَنْ وَقَفْنَا بَیْنَ یَدَیْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) اَیُّکُمُ الَّذِیْ سَمِعْتُ صَوْتَهٗ قَدِ ارْتَفَعَ . فَاَشَارَ الْقَوْمُ کُلُّهُمْ اِلَیَّ وَصَدَقُوْا فَاَرْسَلَ کُلَّهُمْ

۸۸۹-اخرجه احمد (۲/۴۰۹)؛ والشافعي في (المسند) (۱/۵۹) كتاب الصلوة، باب في الاذان حديث (۱۷۷)، وابو داؤد (۱/۱۳۷) كتاب الصلوة، باب كيف الاذان؟ حديث (۵۰۳)، والنسائي (۲/۵-۶) كتاب الاذان، باب كيف الاذان؟ حديث (۶۳۲)، وابن ماجه (۱/۲۳۴-۲۳۵) كتاب الاذان، باب الترجيع في الاذان، حديث (۷۰۸)، والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/۱۳۰)، وابن خزيمة (۱/۱۹۶) رقم (۳۷۹)، وابن حبان رقم (۱۶۸۰)، والبيهقي في (السنن الكبرى) (۱/۳۹۲) كتاب الصلوة، باب الترجيع في الاذان، وفي (معرفة السنن والآثار) (۱/۴۲۲-۴۲۴) كتاب الصلوة، باب حكاية الاذان حديث (۵۵۵)، والبغوي في (شرح السنة) (۲/۵۸-۵۹)، كلهم من طريق ابن جريج بهذا الاسناد- وعبد العزيز بن عبد الملك بن ابي محذورة: قال الحافظ في (التقريب) (۱/۵۱۰): مقبول يعني عند المتابعة والا فلين الحديث، ومع ذلك فقد صححه ابن خزيمة وابن حبان-

Marfat.com

كَذَا فِي النِّهَايَةِ نَاقِلًا عَنِ الْاَسْرَارِ وَمَبْسُوطِ شَيْخِ الْاِسْلَامِ [1]

[1] الفتاوى الهندية كِتَابُ الصَّلَاةِ الْبَابُ الْاَوَّلُ فِي الْمَوَاقِيتِ

Marfat.com

مغرب کی نماز کا وقت سورج غروب ہونے سے لے کر شفق کے غائب ہونے تک رہتا ہے۔ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک شفق سے مراد سرخی ہے اور فتویٰ بھی اسی بات پر ہے' یہ بات شرح نقایہ میں تحریر ہے۔

قدوری میں یہ بات تحریر ہے: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک شفق سے مراد سفیدی ہے جو سرخی کے بعد ظاہر ہوتی ہے۔

صاحبین کا قول لوگوں کے لیے زیادہ گنجائش رکھتا ہے جبکہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول زیادہ احتیاط پر مبنی ہے' کیونکہ نماز کے باب میں اصل حکم یہ ہے' اس حوالے سے کوئی رُکن اور کوئی بھی شرط اس وقت ثابت ہوتے ہیں جب یقینی علم ہو' یہ بات ''النہایہ'' نامی کتاب میں ''الاصرار'' اور شیخ الاسلام کی ''مبسوط'' کے حوالے سے نقل کی گئی ہے۔

1043 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْعُمَرِيُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ الشَّفَقُ الْحُمْرَةُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: شفق سے مراد سرخی ہے۔

15- باب فِي صِفَةِ صَلَاةِ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ.

باب: عشاء کی نماز کا تذکرہ

1044 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ بَشِيرِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ إِنِّي لَأَعْلَمُ النَّاسِ بِوَقْتِ هَذِهِ الصَّلَاةِ صَلَاةِ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يُصَلِّيهَا لِسُقُوطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ.

☆☆ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اس نماز یعنی عشاء کی نماز کے بارے میں سب سے زیادہ علم رکھتا ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے اس وقت ادا کرتے تھے جب تیسری رات کا چاند ڈوب جاتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبد الاعلیٰ بن حماد بن نصر باہلی، (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں

۱۰۴۲-قال البیهقي في (السنن الكبرٰی) (۱/ ۳۷۳): وروي عن عتيق بن يعقوب عن مالك عن نافع مرفوعاً' والصحيح موقوفاً- ثم اخرجه من طريق علي بن عبد الصمد بهذا الاسناد-

۱۰۴۳- اخرجه عبد الرزاق (۱/ ۵۵۹) رقم (۲۱۲۲)عن عبد الله بن نافع عن ابيه عن ابن عمر' ومن طريق عبد الرزاق اخرجه البيهقي في (السنن الكبرٰی) (۱/ ۳۷۳) كتاب الصلوة' باب دخول وقت العشاء بغيبوبة الشفق- واخرجه (۱/ ۳۷۳) من طريق عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر-

۱۰۴۴-اخرجه ابو داؤد (۱/ ۱۱۴) كتاب الصلوة' باب في وقت العشاء الآخرة' حديث (۴۱۹) والترمذي (۱/ ۳۰۶) كتاب الصلوة' باب ما جاء في وقت صلاة العشاء الآخرة' حديث (۱۶۵' ۱۶۶)' والنسائي (۱/ ۲۶۴) كتاب المواقيت' باب الشفق' واحمد (۴/ ۲۷۴)' والدارمي (۱/ ۲۷۵)' والحاكم (۱/ ۱۹۴)' والبيهقي في (السنن الكبرٰی) (۱/ ۴۴۸)' كلهم من طريق ابي عوانة بهذا الاسناد- قال الترمذي: روى هذا الحديث هشيم عن ابي بشر عن حبيب بن سالم عن النعمان بن بشير' ولم يذكر فيه: (هشيم عن بشير بن ثابت)- وحديث ابي عوانة اصح عندنا؛ لان يزيد بن هارون روى عن شعبة عن ابي بشر نحو رواية ابي عوانة- اه- وصححه ايضا الحاكم وابن حبان-

Marfat.com

''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''237ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۶۴/۱)(۷۸۰)۔

○ بشیر بن ثابت انصاری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: خلاصۃ الخزرجی ت (۷۹۶)۔

1045- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الدَّقِيقِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي بِشْرٍ بِإِسْنَادِهِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ لَيْلَةَ ثَالِثَةٍ أَوْ رَابِعَةٍ شَكَّ شُعْبَةُ .وَرَوَاهُ هُشَيْمٌ وَرَقَبَةُ وَسُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ حَبِيبٍ عَنِ النُّعْمَانِ وَقَالُوا لَيْلَةَ ثَالِثَةٍ وَلَمْ يَذْكُرُوا بَشِيرًا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ نبی اکرم ﷺ کے بارے میں منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: (راوی کو شک ہے) تیسری رات کا چاند یا چوتھی رات کا چاند (ڈوب جاتا تھا)۔

بعض دیگر راویوں نے بھی اسے حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے اور انہوں نے اس میں ''تیسری رات کا چاند'' کے الفاظ نقل کیے ہیں۔

16- باب الِاجْتِهَادِ فِي الْقِبْلَةِ وَجَوَازِ التَّحَرِّي فِي ذٰلِكَ.

باب: قبلہ (کی سمت معلوم کرنے کے لیے) اجتہاد کرنا

اور اس بارے میں اندازہ لگانے کا جائز ہونا

1046- حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ الْخَلَّالُ يَعْقُوبُ بْنُ يُوسُفَ بِالْبَصْرَةِ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ- يَعْنِي ابْنَ عُمَرَ- عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: (مدینہ منورہ کے حساب سے) مشرق اور مغرب کی درمیانی جگہ قبلہ ہے۔

۱۰۴۵-اخرجه احمد (۲۷۲/٤)، والحاكم (۱۹٤/۱) من طريق يزيد بن هارون بهذا الاسناد- واخرجه احمد (۲۷۰/٤)، وابن ابي شيبة (۳۳۰/۱) والطيالسي (۷۹۷)، والحاكم (۱۹٤/۱) من طريق هشيم عن ابي بشر عن حبيب بن سالم عن النعمان، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي- واخرجه النسائي (۲٦٤/۱) كتاب المواقيت، باب الشفق، من طريق رقبة بن مصقلة عن ابي بشر عن حبيب بن سالم عن النعمان به-

۱۰٤٦-اخرجه الحاكم (۲۰۵/۱)، والبيهقي في (السنن الكبرىٰ) (۹/۲) كتاب الصلوٰة، باب من طلب باجتهاده جهة الكعبة، من طريق ابي يوسف الخلال يعقوب بن يوسف، بهذا الاسناد- وقال الحاكم: صحيح على شرط الشيخين، فان شعيب بن ايوب ثقة وقد اسنده- ورواه محمد بن عبد الرحمن بن مجبر وهو ثقة عن نافع عن ابن عمر مسندًا- وقال البيهقي: تفرد به يعقوب بن يوسف الخلال-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حبیب بن سالم انصاری، مولیٰ نعمان بن بشیر و کاتبہ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے "تیسرے طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۴۹)(۱۱۵)۔

1047 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ الْكُرْدِيِّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْمُجَبِّرِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: (مدینہ منورہ کے حساب سے) مشرق اور مغرب کی درمیانی جگہ قبلہ ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جابر بن کردی - علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے "گیارہویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال "255ھ" میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۲۳)(۱۳)۔

○ محمد بن عبدالرحمن بن مجبر - علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۷/۳۲۰)(۱۷۳۰)۔

1048 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَلِيٍّ اَبُوْ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَبِيْبٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ وَجَدْتُ فِيْ كِتَابِ اَبِيْ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ الْعَرْزَمِيُّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) سَرِيَّةً كُنْتُ فِيْهَا فَاَصَابَتْنَا ظُلْمَةٌ فَلَمْ نَعْرِفِ الْقِبْلَةَ فَقَالَتْ طَائِفَةٌ مِنَّا قَدْ عَرَفْنَا الْقِبْلَةَ هِيَ هَا هُنَا قِبَلَ الشَّمَالِ فَصَلَّوْا وَخَطُّوْا خَطًّا وَقَالَ بَعْضُنَا الْقِبْلَةُ هَا هُنَا

١٠٤٧- اخرجه الحاكم (١/٢٠٦)، والبيهقي في (السنن الكبرى) (٢/٩) من طريق يزيد بن هارون بهذا الاسناد، وصححه الحاكم- وقال البيهقي: تفرد به ابن المجبر-

١٠٤٨- اخرجه البيهقي في (السنن الكبرى) (٢/١١-١٢) كتاب الصلوة، باب استبيان الخطا بعد الاجتهاد، من طريق محمد بن الحارث العسكري: حدثني احمد بن عبيد الله بن الحسن العنبري، بهذا الاسناد- وقال البيهقي: وكذلك رواه الحسن بن علي بن شبيب المعمري، محمد بن محمد بن سليمان الباغندي عن احمد بن عبيد الله - ولم نعلم لهذا الحديث اسنادًا قويا صحيحاً، والطريق الى عبد الملك العرزمي غير واضح: لما فيه من الوجادة وغيرها- اه- وزاد ابن القطان اعلال الحديث بجهل حال احمد بن عبيد الله، وما مس به والده من المذهب، وقد رد عليه الحافظ ابن حجر في (اللسان) (١/٢١٨-٢١٩)، ونفي اعلال الحديث بتلك العلل التي ادعاها ابن القطان- وللمحدث احمد بن الصديق الغماري كلام حسن في تصحيحه لهذا الاسناد، والكلام على الوجادة التي اعل بها البيهقي الاسناد- وينظر كتابه القيم: (الهداية في تخريج احاديث البداية) (٢/٢٨٧-٢٨٨)-

Marfat.com

لَ الْجَنُوبِ وَخَطُّوا خَطًّا فَلَمَّا اَصْبَحُوا وَطَلَعَتِ الشَّمْسُ اَصْبَحَتْ تِلْكَ الْخُطُوطُ لِغَيْرِ الْقِبْلَةِ فَلَمَّا قَفَلْنَا مِنْ فَرِنَا سَاَلْنَا النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنْ ذٰلِكَ فَسَكَتَ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ نَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ) اَىْ حَيْثُ كُنْتُمْ.

قَالَ وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ الْعَرْزَمِيُّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهَا نَزَلَتْ فِي التَّطَوُّعِ خَاصَّةً حَيْثُ جَّهَ بِكَ بَعِيْرُكَ.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم روانہ کی میں بھی اس میں موجود تھا' ک مرتبہ انتہائی تاریکی کے اندر ہمیں قبلہ کی سمت کا اندازہ نہیں ہو سکا' تو ہم میں سے کئی لوگوں نے یہ کہا کہ ہمیں قبلہ کا اندازہ گیا ہے' وہ اُس طرف ہے' انہوں نے شمال کی طرف اشارہ کیا' انہوں نے اس طرف رخ کر کے نماز ادا کر لی اور یادداشت ے طور پر ادھر ایک لکیر لگا دی' بعض لوگوں نے کہا کہ قبلہ اس سمت ہے انہوں نے جنوب والی سمت کی طرف اشارہ کیا تھا' ہوں نے اس طرف ایک لکیر لگا دی' جب صبح ہوئی اور سورج نکلا تو وہ دونوں لکیریں قبلہ کی سمت میں نہیں تھیں' جب ہم اپنے رسے واپس آئے اور ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے' تو اللہ تعالیٰ نے یہ یت نازل کی:

"مشرق اور مغرب اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں' تم جس طرف بھی رخ کرو گے تو اسی طرف اللہ تعالیٰ کی ذات موجود ہوگی"۔

(اس سے مراد یہ ہے:) یعنی تم جہاں کہیں بھی ہو گے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ آیت بطور خاص نفل نماز کے بارے میں نازل ہوئی تھی' یعنی تمہاری سواری کا خ جس طرف بھی ہو گا تم اس طرف منہ کر کے نماز پڑھ سکتے ہو۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

- احمد بن عبیداللہ عنبری۔ ابن حبان نے ان کا تذکرہ کتاب الثقات میں کیا ہے۔ (۳۱/۸)۔
- عبیداللہ بن حسین بن حصین بن ابوالحر، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۳۱/۱) (۱۴۳۴)۔

سمتِ قبلہ معلوم کرنے کے لئے تحری کا حکم

قبلہ کی سمت معلوم کرنے کے لیے تحری کرنے کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں:

يجب التحرى والاجتهاد في القبلة اى بذل المجهود لنيل المقصود بالدلائل على من كان عاجزًا عن معرفة القبلة، واشتبهت عليه جهتها، ولم يجد احدًا ثقة يخبره بها عن علم اى

Marfat.com

يقين ومشاهدة لعينها، فمن وجده اتبعه؛ لان خبره اقوى من الاجتهاد.

والدليل على وجوب التحرى :ما روى عامر بن ربيعة انه قال :كنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فى ليلة مظلمة، فلم ندر اين القبلة، فصلى كل رجل منا على حياله، فلما اصبحنا ذكرنا ذلك لرسول الله صلى الله عليه وسلم، فنزلت (فاينما تولوا فثمّ وجه الله) (البقرة2/115:).

ومن لم يجد ثقة يقلده اعتمد على الدلائل كالفجر والشفق والشمس والقطب وغيره من الكواكب، والريح الشرقى او الغربى او الجنوبى، وغيرها كثير، واضعفها الرياح واقواها نجم القطب فى الليل ؎

قبلہ کی سمت معلوم کرنے کے لیے اندازہ لگانا اور تحری کرنا واجب ہے' یعنی کہ جس شخص کو اس بات کا علم نہ ہو کہ قبلہ کی سمت کون سی ہے اور اسے قبلہ کی جہت کے بارے میں شبہ ہو اور وہاں کوئی ایسا قابل اعتماد شخص بھی موجود نہ ہو' جو اُسے قبلہ کی سمت کے بارے میں صحیح طور پر بتا سکے جو اپنے یقینی علم یا مشاہدہ کی بنیاد پر قبلہ کی سمت کے بارے میں آگاہ کر سکے تو ایسے شخص کو کوشش کرنی چاہیے کہ وہ دلائل کے ذریعے قبلہ کی جہت معلوم کرنے پر قادر ہو جائے' اگر کوئی قابل اعتماد آدمی اُسے بتا دیتا ہے تو وہ شخص اُس شخص کے بتائے پر عمل کرلے گا' اپنے غور وفکر کے مقابلے میں کسی شخص کی دی ہوئی اطلاع پر عمل کرنا زیادہ قوی ہے۔

قبلہ کی سمت معلوم کرنے کے لیے غور وفکر کے لازم ہونے کی دلیل عامر بن ربیعہ کی نقل کردہ روایت ہے' وہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ انتہائی سخت رات میں ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے' ہمیں یہ پتہ نہیں چل سکا: قبلہ کس سمت میں ہے' ہم میں سے ہر شخص نے اپنی تحقیق کے مطابق ایک طرف رُخ کر کے نماز ادا کر لی' صبح جب نبی اکرم ﷺ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا گیا تو اس بارے میں قرآن کا یہ حکم نازل ہوا:

''تم لوگ جس طرف بھی رخ کرو گے' اللہ تعالیٰ کی ذات اُسی طرف ہوگی''۔

اگر کسی کو کوئی ایسا شخص نہ مل سکے جس کے بیان پر وہ قبلہ کی سمت کے بارے میں اعتماد کر سکے تو وہ اپنے دلائل پر اعتماد کرے گا' جیسے صبح صادق' شفق' سورج' قطبی ستارے وغیرہ کو دیکھ کر یا مشرق' مغرب اور جنوب کی جانب سے آنے والی ہواؤں سے اندازہ لگا کے (وہ نماز ادا کرے گا) البتہ ہوا کے ذریعے اندازہ لگانا خاصا کمزور ہے اور اس کے مقابلے میں رات کے وقت قطبی ستارے کے ذریعے اندازہ لگانا زیادہ قوی ہے۔

1049- قُرِءَ عَلٰى اَبِى الْقَاسِمِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الْوَاسِطِىُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ

؎ الفقهُ الاسلاميُ وادلّتُهُ الباب الثانى :الصّلاة شروط صحة الصلاة :الشرط الخامس - استقبال القبلة:

۱۰۴۹- اخرجه الحاكم (۲۰۶/۱) والبيهقي في (السنن الكبرى) (۱۰/۲) كتاب الصلوة' باب الاختلاف في القبلة عند التحري' من طريق داؤد بن عمرو بهذا الاسناد' واخرجه البيهقي (۱۰/۲) من طريق الدارقطني به- وقال الحاكم: رواته محتج بهم كلهم غير محمد بن سالم' فاني لا اعرفه بعدالة ولا جرح-

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي مَسِيرٍ اَوْ سَفَرٍ فَاَصَابَنَا غَيْمٌ فَتَحَيَّرْنَا فَاخْتَلَفْنَا فِي الْقِبْلَةِ فَصَلّٰى كُلُّ رَجُلٍ مِّنَّا عَلٰى حِدَةٍ وَّجَعَلَ اَحَدُنَا يَخُطُّ بَيْنَ يَدَيْهِ لِنَعْلَمَ اَمْكِنَتَنَا فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَلَمْ يَاْمُرْنَا بِالْاِعَادَةِ وَقَالَ قَدْ اَجْزَاَتْ صَلَاتُكُمْ . كَذَا قَالَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ .وَقَالَ غَيْرُهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَرْزَمِيِّ عَنْ عَطَاءٍ وَّهُمَا ضَعِيفَانِ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں شریک تھے' اسی دوران بادل آ گیا' ہم بہت پریشان ہوئے' قبلہ کے بارے میں ہمارے درمیان اختلاف ہو گیا' ہم میں سے ہر شخص نے اپنی پسندیدہ سمت کی طرف رخ کر کے نماز ادا کر لی اور کچھ لوگوں نے اپنے سامنے نشان بھی لگا لیا' تا کہ ہمیں اپنی جگہ کے بارے میں یاد رہے' بعد میں ہم نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس نماز کو دہرانے کا حکم نہیں دیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا: تمہاری نماز درست ہوئی ہے۔

محمد بن سالم نامی راوی کے حوالے سے اسی طرح منقول ہے' جبکہ بعض دیگر راویوں نے اسے دوسری سند سے نقل کیا ہے اور یہ دونوں راوی ضعیف ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ داؤد بن عمرو بن زہیر بن عمرو بن جمیل ضبی علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''228ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۳۳/۱)(۳۰)۔

○ محمد بن سالم ہمدانی- بالسکون- ابوسہل کوفی علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''چھٹے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۹۳۵)۔

1050- حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْاَحْمَسِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ .وَحَدَّثَنَا اَشْعَثُ السَّمَّانُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنَّا نُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي السَّفَرِ فِي لَيْلَةٍ مُظْلِمَةٍ فَلَمْ نَدْرِ كَيْفَ الْقِبْلَةُ فَصَلّٰى كُلُّ رَجُلٍ مِّنَّا عَلٰى حِيَالِهِ قَالَ فَلَمَّا اَصْبَحْنَا ذَكَرْنَا ذٰلِكَ

1050- اخرجه الترمذي (۱۷٦/۲) كتاب الصلوة: باب ما جاء في الرجل يصلي لغير القبلة' حديث (۳٤٥)' وابن ماجه (۳۲٦/۱) كتاب الصلوة: باب من يصلي لغير القبلة وهو لا يعلم' حديث (۱۰۲۰)' وعبد بن حميد في (المنتخب من المسند) ص (۱۳۰) رقم (۳۱٦)' والطبري في (تفسيره) (۵۳٦/۲)' والعقيلي في (الضعفاء) (۳۱/۱)' كلهم من طريق اشعث السمان بهذا الاسناد- وقال الترمذي: ليس اسناده بذاك' لا نعرفه الا من حديث اشعث السمان- واشعث بن سعيد ابو الربيع السمان يضعف في الحديث- وقال العقيلي: ليس يروى من وجه يثبت متنه- وقال الشيخ احمد شاكر في (التعليقه على الطبري) (۵۳٦/۲): حديث ضعيف-

Marfat.com

لِلنَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَنَزَلَتْ (فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللَّهِ)

☆☆ عبداللہ بن عامر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں ہم نے ا سفر کے دوران ایک انتہائی تاریک رات میں نماز ادا کی' ہمیں یہ پتہ نہیں چل سکا کہ قبلہ کس سمت میں ہے' ہم میں سے ہر شخ نے جدھر اس کا رخ تھا' اُدھر منہ کر کے نماز ادا کر لی' اگلے دن ہم نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا تو اس بار میں یہ آیت نازل ہوئی:

''تو تم جہاں بھی ہو وہیں اللہ کی ذات موجود ہوگی''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن اسماعیل بن سمرۃ احمسی - ابوجعفر السراج، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ا کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۵/۲ (۴۸)۔

○ اشعث بن سعید بصری، ابو ربیع، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''چ طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن عسقلانی' (۷۹/۱)(۵۹۸)۔

○ عاصم بن عبیداللہ بن عاصم بن عمر بن خطاب عدوی مدنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے یہ راویوں کے ''چوتھے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''132ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۸۴/۱)(۱۵)۔

○ عبداللہ بن عامر بن ربیعۃ عنزی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''80' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلا (۳۸۷/۱)(۴۱)۔

○ عامر بن ربیعۃ بن کعب بن مالک عنزی - یہ صحابی رسول ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقری التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۸۷/۱)(۴۱)۔

1051 - حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى وَعَلِيُّ بْنُ إِشْكَابَ ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى قَالَا حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا أَشْعَثُ بْنُ سَعِيدٍ أَبُو الرَّبِيعِ السَّمَّانُ بِهَذَا وَقَ فَجَعَلَ كُلُّ رَجُلٍ مِنَّا بَيْنَ يَدَيْهِ أَحْجَارًا يُصَلِّي إِلَيْهَا فَلَمَّا أَصْبَحْنَا إِذَا نَحْنُ إِلَى غَيْرِ الْقِبْلَةِ فَذَكَرْنَا ذَلِكَ لِلنَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.

Marfat.com

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: ہم میں سے ہر شخص نے اپنے سامنے کی سمت موجود پتھروں کی طرف منہ کر کے نماز ادا کر لی' جب صبح ہوئی تو ہمارا رخ قبلہ کی طرف نہیں تھا' ہم نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا (اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے)۔

1052- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا اَشْعَثُ بْنُ سَعِيْدٍ بِهٰذَا مِثْلَ قَوْلِ يَزِيْدَ بْنِ هَارُوْنَ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

17- باب فِيْ ذِكْرِ الْاَمْرِ بِالْاَذَانِ وَالْاِمَامَةِ وَاَحَقِّهِمَا.

باب: اذان اور امامت کا حکم دینا' ان دونوں کا زیادہ حق دار کون ہوگا؟

1053- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ اَتَيْنَا النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَنَحْنُ شَبَبَةٌ مُتَقَارِبُوْنَ فَاَقَمْنَا عِنْدَهُ عِشْرِيْنَ لَيْلَةً وَّكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) رَحِيْمًا رَفِيْقًا فَظَنَّ اَنَّا قَدِ اشْتَقْنَا اِلٰى اَهْلِنَا وَسَاَلَنَا عَمَّنْ تَرَكْنَا فِيْ اَهْلِنَا فَاَخْبَرْنَاهُ فَقَالَ ارْجِعُوْا اِلٰى اَهْلِيْكُمْ فَاَقِيْمُوا فِيْهِمْ وَعَلِّمُوْهُمْ وَبِرُّوْهُمْ وَصَلُّوْا كَمَا رَاَيْتُمُوْنِيْ اُصَلِّيْ وَاِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْيُؤَذِّنْ لَكُمْ اَحَدُكُمْ ثُمَّ لِيَؤُمَّكُمْ اَكْبَرُكُمْ .

☆☆ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' ہم جوان لوگ تھے' ہماری عمریں ایک دوسرے کے قریب قریب تھیں' ہم آپ ﷺ کی خدمت میں بیس دن ٹھہرے رہے' نبی اکرم ﷺ بڑے مہربان اور نرم طبیعت کے مالک تھے' آپ ﷺ کو یہ اندازہ ہو گیا کہ اب ہمارے لیے اپنے گھر سے دور رہنا مشکل ہو رہا ہے' آپ ﷺ نے ہم سے اس بارے میں دریافت کیا: ہم اپنے گھر میں کیا چھوڑ کر آئے ہیں' ہم نے آپ ﷺ کو بتایا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اب اپنے گھر واپس چلے جاؤ اور وہیں قیام کرو' ان لوگوں کو تعلیم دو' ان کے ساتھ اچھا سلوک کرو' جس طرح تم نے مجھے نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے' اسی طرح نماز ادا کرتے رہنا' جب نماز کا وقت آ جائے تو تم میں سے کوئی ایک شخص اذان دے اور تم میں جو شخص عمر میں بڑا ہو وہ تمہاری امامت کرائے۔

۱۰۵۲–اخرجه ابو داؤد الطيالسي (۱۱۴۵): ومن طريقه البيهقي في (السنن الكبرٰى) (۲ /۱۱) كتاب الصلوة: باب استبيان الخطا بعد الاجتهاد عن اشعث بن سعيد وعمر بن قيس عن عاصم بن عبيد الله به۔

۱۰۵۳–اخرج البخاري (۱۲ /۵۰) كتاب الادب: باب رحمة الناس والبهائم: حديث (۶۰۰۸)، وفي (الادب المفرد) رقم (۲۱۳)، ومسلم (۲ /۱۸۷–نووي) كتاب المساجد: باب من احق بالامامة؛ حديث (۲۹۲ /۶۷۴)، وابو داؤد (۱ /۱۶۱) كتاب الصلوة: باب من احق بالامامة؛ حديث (۵۸۹)، والنسائي (۲ /۹) كتاب الاذان: باب اجتزاء المرء باذان غيره في السفر، واحمد (۳ /۴۳۶)، وابن خزيمة (۳۹۸)، وابن حبان (۱۶۵۸)، والطبراني في (الكبير) (۱۹ /رقم ۶۴۰، ۶۴۱)، والبيهقي في (السنن الكبرٰى) (۲ /۱۷)، و(۳ /۵۴، ۱۲۰)، كلهم من طريق اسماعيل بن ابراهيم بهذا الاسناد۔

Marfat.com

امامت کا زیادہ حقدار کون ہوگا؟

اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے' جس کی وضاحت کرتے ہوئے مصر کے مشہور محقق شیخ عبدالرحمن جزیری تحریر کرتے ہیں:

(الحنفية قالوا :الاحق بالامامة الاعلم باحكام الصلاة صحة وفسادا بشرط ان يجتنب الفواحش الظاهرة ثم الاحسن تلاوة وتجويدا للقراء ة ثم الاورع ثم الاقدم اسلاما ثم الاكبر سنا ان كانا مسلمين اصليين ثم الاحسن خلقا ثم الاحسن وجها ثم الاشرف نسبا ثم الانظف ثوبا فان استووا في ذلك كله اقرع بينهم ان تزاحموا على الامامة والا قدموا من شاؤوا فان اختلفوا ولم يرضوا بالقرعة قدم من اختاره اكثرهم فان اختار اكثرهم غير الاحق بها اساؤوا بدون اثم وهذا كله اذا لم يكن بين القوم سلطان او صاحب منزل اجتمعوا فيه او صاحب وظيفة والا قدم السلطان ثم صاحب البيت مطلقا ومثله الامام الراتب في المسجد واذا وجد في البيت مالكه ومستاجره فالاحق بها المستاجر

الشافعية قالوا :يقدم ندبا في الامامة الوالي بمحل ولايته ثم الامام الراتب ثم الساكن بحق ان كان اهلا لها فان لم يكن فيهم من ذكر قدم الافقه فالاقرا :فالازهد فالاورع فالاقدم هجرة .فالاسن في الاسلام فالافضل نسبا فالاحسن سيرة فالانظف ثوبا وبدنا وصنعة فالاحسن صوتا فالاحسن صورة فالمتزوج فان تساووا في كل ما ذكر اقرع بينهم ويجوز للاحق بالامامة ان يقدم غيره لها ما لم يكن تقدمه بالصفة كالافقه فليس له ذلك

المالكية قالوا :اذا اجتمع جماعة كل واحد منهم صالح للامامة يندب تقديم السلطان او نائبه ولو كان غيرهما افقه وافضل ثم الامام الراتب في المسجد ورب المنزل ويقدم المستاجر له على المالك .فان كان رب المنزل امراة كانت هي صاحبة الحق ويجب عليها ان تنيب عنها لان امامتها لا تصح ثم الاعلم باحكام الصلاة ثم الاعلم بفن الحديث رواية وحفظا ثم العدل على مجهول الحال ثم الاعلم بالقراء ة ثم الزائد في العبادة ثم الاقدم اسلاما ثم الارقى نسبا ثم الاحسن في الخلق ثم الاحسن لباسا وهو لابس الجديد المباح فان يتساوى اهل رتبة قدم اورعهم وحرم على عبدهم فان استووا في كل شيء اقرع بينهم الا اذا رضوا بتقديم احدهم فاذا كان تزاحمهم بقصد العلو والكبر سقط حقهم جميعا

الحنابلة قالوا :الاحق بالامامة الافقه الاجود قراء ة ثم الفقيه الاجود قراء ة ثم الاجود قراء ة فقط وان لم يكن فقيها اذا كان يعلم احكام الصلاة ثم الحافظ لما يجب للصلاة الافقه ثم الحافظ لما يجب لها الفقيه ثم الحافظ لما يجب العالم فقه صلاته ثم قارء لا يعلم فقه صلاته فان استووا في عدم القراء ة قدم الاعلم باحكام الصلاة فان استووا في القراء ة والفقه قدم

Marfat.com

اکبرهم سنا ثم الاشرف نسبا فالاقدم هجرة بنفسه والسابق بالاسلام كالسابق بالهجرة ثم الاتقى ثم الاورع فان استووا فيما تقدم اقرع بينهم واحق الناس بالامامة فى البيت صاحبه ان كان صالحا للامامة وفى المسجد الامام الراتب ولو عبدا فيهما وهذا اذا لم يحضر البيت او المسجد ذو سلطان والا فهو الاحق)

تكره امامة الفاسق الا اذا كان اماما لمثله باتفاق الحنفية والشافعية اما الحنابلة والمالكية فانظر مذهبيهما تحت الخط (الحنابلة قالوا :امامة الفاسق ولو لمثله غير صحيحة الا فى صلاة الجمعة والعيد اذا تعذرت صلاتهما خلف غيره فتجوز امامته للضرورة

المالكية قالوا :امامة الفاسق مكروهة ولو لمثله[1]

احناف اس بات کے قائل ہیں: امامت کا زیادہ حق دار وہ شخص ہوگا جو نماز کے درست ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں مسائل سے زیادہ آگاہ ہو اور جو شخص گناہوں کے کھلے عام ارتکاب سے بچتا ہو۔

اس کے بعد امامت کا زیادہ حق دار وہ ہوگا جو قرآن مجید کی تلاوت تجوید کے قواعد وضوابط کے مطابق کرسکتا ہو۔

اس کے بعد وہ شخص زیادہ حق دار ہوگا جو پہلے اسلام لایا ہو۔

اس کے بعد وہ شخص زیادہ حق دار ہوگا جس کی عمر زیادہ ہو۔

اس کے بعد وہ شخص زیادہ حق دار ہوگا جس کی جسمانی ساخت بہتر ہو۔

اس کے بعد وہ شخص زیادہ حق دار ہوگا جو ولی مرشدی ہو۔

اس کے بعد وہ شخص زیادہ حق دار ہوگا جس کا خاندان دوسروں سے ممتاز ہو۔

اس کے بعد وہ شخص زیادہ حق دار ہوگا جس کا لباس دوسروں سے زیادہ صاف ہو۔

اگر کچھ لوگ ان تمام اُمور کے حوالے سے برابر کی حیثیت رکھتے ہوں اور امامت کے بارے میں ان کے درمیان اختلاف ہو جائے تو اس حوالے سے قرعہ اندازی کی جائے گی' ورنہ وہ لوگ اپنے میں سے جس شخص کو اہیں امامت کے لیے آگے کردیں گے۔

اگر لوگ قرعہ اندازی کے لیے تیار نہیں ہوتے ہیں تو جس شخص کے حق میں زیادہ لوگ راضی ہوں' اسے امام مقرر کردیا جائے گا۔

بعض اوقات اگر اکثریت کسی ایسے شخص کو امام منتخب کرلے جو مستحق نہ ہو تو انہوں نے غلط کام کا ارتکاب کیا لیکن اسے گناہ قرار نہیں دیا جائے گا۔ لیکن یہ تمام احکام اس صورت میں ہیں جب کسی علاقہ کا بادشاہ' یا اس جگہ کا مالک' یا باقاعدہ طور پر وظیفہ لینے والا امام موجود نہ ہو' ورنہ امامت کا سب سے زیادہ حق دار حاکم وقت ہوتا ہے۔

گھر میں امامت کا زیادہ حق دار گھر کا مالک ہوتا ہے۔ اسی طرح اگر کسی مسجد میں وظیفہ کے ساتھ مقرر شدہ امام موجود ہو تو وہ امامت کا زیادہ حق دار ہوتا ہے۔

1. الفقه على المذاهب الاربعة كتاب الصلاة من له التقدم فى الامامة

Marfat.com

اگر کسی گھر کے اندر گھر کا اصل مالک اور وہاں کرایہ دار کے طور پر رہنے والا شخص موجود ہوں تو جو شخص کرایہ دار کے طور پر رہ رہا ہے' وہ شخص امامت کا زیادہ حق دار ہوگا (چونکہ گھر میں مقیم وہی شخص ہے)۔

فقہاء شوافع یہ کہتے ہیں: جو شخص اپنے علاقہ کا حکمران ہو' زیادہ مستحب یہ ہے' اسے ہی امامت کے لیے مقرر کیا جائے' اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جسے کسی مسجد میں امامت کے لیے مقرر کیا گیا ہو' اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جسے وہاں رہنے کا جائز حق حاصل ہو' لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے' وہ شخص امامت کا اہل بھی ہو' اگر ان تینوں اقسام کے افراد میں سے کوئی بھی فرد موجود نہ ہو تو علم دین میں زیادہ مہارت رکھنے والے شخص کو مقدم قرار دیا جائے گا' اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہو گا' جو شخص قرآن کی بہتر تلاوت کر سکتا ہو' اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو زیادہ پرہیزگار ہو۔ اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو (نفلی طور پر) زیادہ عبادت گزار ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس نے ہجرت پہلے کی ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو پہلے مسلمان ہوا ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو دین داری کے اعتبار سے فضیلت رکھتا ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس کا اخلاق بہتر ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس کا لباس' جسم اور پیشہ زیادہ صاف ستھرا ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس کی آواز زیادہ خوبصورت ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس کی شکل وصورت زیادہ خوبصورت ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو شادی شدہ ہو۔

اگر کچھ لوگ ان تمام حوالوں سے یکساں حیثیت کے مالک ہوں تو ان کے درمیان قرعہ اندازی کر کے کسی ایک کو امام مقرر کر دیا جائے گا۔ جس شخص کو امامت کا زیادہ حقدار سمجھا گیا ہو اور وہ امامت کے لیے کسی اور شخص کو آگے کر دیتا ہے تو ایسا کرنا بھی جائز ہوگا لیکن یہ اس وقت ہوگا جب اسے کسی خاص صفت' یعنی علم دین میں مہارت وغیر کی وجہ سے مقدم نہ سمجھا گیا ہو' اگر ایسی صورت ہوگی تو ایسا کرنا درست نہیں ہوگا۔

فقہاء مالکیہ یہ کہتے ہیں: اگر کسی جگہ پر کچھ ایسے افراد اکٹھے ہو جائیں' جن میں ہر ایک امام بننے کی صلاحیت رکھتا ہو تو حاکم وقت یا اس کے نائب کو مقدم کرنا مستحب ہوگا' اگرچہ علم وفضل کے اعتبار سے ان سے برتر حیثیت کا مالک کوئی شخص بھی وہاں موجود ہو۔

اس کے بعد مرتبہ اس شخص کا ہوگا جسے باقاعدہ طور پر اس مسجد کے لیے امام مقرر کیا گیا ہو۔ اسی طرح اگر گھر میں نماز ادا کی جا رہی ہو تو گھر کا مالک امامت کرنے کا زیادہ حق دار ہوگا' البتہ اگر کوئی شخص کسی گھر میں کرایہ دار کے طور پر رہ رہا ہو' تو مالک مکان کے مقابلے میں وہ زیادہ حقدار ہوگا' البتہ اگر گھر میں باجماعت نماز ادا کرنے کی صورت میں وہ گھر کسی عورت کی

Marfat.com

ت ہوتو امامت کا حق اس عورت کے لیے مخصوص ہوگا' لیکن چونکہ عورت امامت نہیں کر کتی' اس لیے وہ جسے امام مقرر کرے وہی امامت کا زیادہ حق دار ہوگا۔

اس کے بعد امامت کا زیادہ حق اس شخص کو حاصل ہوگا' جو نماز کے مسائل کے بارے میں زیادہ جانتا ہو۔ پھر اس کے اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو علم حدیث میں روایت اور حفظ کے حوالے سے زیادہ مہارت رکھتا ہو' پھر اس کے بعد زیادہ نیک اور ہیزگار شخص کا مرتبہ ہوگا۔

پھر اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس کو علم قرأت سے زیادہ اچھی طرح سے واقفیت حاصل ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو (نفلی طور پر) زیادہ عبادت گزار ہو' پھر اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس نے پہلے اسلام ل کیا ہو' پھر اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو نسب کے لحاظ سے فضیلت رکھتا ہو۔

پھر اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس کا اخلاق دوسروں سے زیادہ اچھا ہو۔ پھر وہ شخص ہوگا جس کا لباس دوسروں سے بہتر ہوگا' وہ شخص جس نے نیا اور مبہم لباس پہنا ہوا ہو۔

اگر ان تمام حوالوں سے سب لوگ برابر ہوں تو جو شخص زیادہ پرہیزگار ہوگا' اسے مقدم کیا جائے گا' اسی طرح آزاد کو غلام ترجیح دی جائے گی' لیکن اگر سب لوگوں اس حوالے سے برابر کی حیثیت رکھتے ہوں تو پھر ان کے درمیان قرعہ اندازی کی ئے گی۔

البتہ اگر سب لوگ ایک شخص کی امامت پر راضی ہو جاتے ہیں تو اسی کو امام مقرر کیا جائے گا۔

لیکن اگر لوگوں کے درمیان یہ اختلاف تکبر اور باہمی چپقلش کی وجہ سے ہوتا ہے تو ان سب لوگوں کا امامت کا حق ختم ہو ئے گا۔

فقہاء اس بات کے قائل ہیں' امامت کرنے کا سب سے زیادہ حق دار وہ شخص ہوگا جو علم فقیہہ کا (یعنی علم دین کا) زیادہ ہو' قرآن کی قرأت زیادہ اچھے طریقے سے کر سکتا ہو۔

اس کے بعد اس شخص کو حق حاصل ہوگا جو علم دین اور علم قرأت کے حوالے سے بہتر واقفیت رکھتا ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو زیادہ اچھے طریقے سے قرأت کر سکتا ہو' اگرچہ وہ فقیہہ نہ ہو۔ لیکن اُسے نماز کے مسائل سے واقف ہونا چاہیے۔ اُس کے بعد اُس شخص کا مرتبہ زیادہ ہوگا جسے قرآن کی اتنی آیات یاد ہوں جتنی آیات کا علم کسی فقہی کے لیے ضروری ہوتا ہے' اُس کے بعد حافظ شخص کا مرتبہ ہوگا جو نماز کے بنیادی مسائل سے آگاہ ہو' اُس کے بعد قاری مرتبہ ہوگا جو مسائل فقہ سے واقف نہ ہو' اگر کچھ لوگ علم قرأت سے ناواقف ہونے کے حوالے سے برابر کی حیثیت رکھتے ں تو اُس شخص کو فوقیت حاصل ہوگی' جسے نماز کے مسائل کے بارے میں زیادہ علم ہو' اگر قرأت اور علم فقہ کے حوالے سے لوگ ابر کی حیثیت رکھتے ہوں تو اُس شخص کو مقدم رکھا جائے گا جس کی عمر زیادہ ہو۔ اُس کے بعد اُس شخص کا مرتبہ زیادہ ہوگا جو ب کے اعتبار سے بہتر سمجھا جاتا ہو' اُس کے بعد اُس شخص کا مرتبہ ہوگا جس نے خود پہلے ہجرت کی ہو' اسی طرح جو شخص پہلے

Marfat.com

مسلمان ہوا' اُس کی حیثیت پہلے ہجرت کرنے والے کی مانند ہوگی۔ اُس کے بعد زیادہ پرہیزگار شخص کا مرتبہ ہوگا' اُس کے بعد زیادہ عبادت گزار شخص کا مرتبہ ہوگا اگر کچھ لوگ ان تمام حوالوں سے برابر ہوتے ہیں' اُن کے درمیان قرعہ اندازی کی جائے گی۔

اگر کسی گھر میں باجماعت نماز ادا کی جانے لگے تو گھر کا مالک امامت کا زیادہ حقدار ہوگا' لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے' اُس میں امامت کی صلاحیت ہونی چاہیے۔

اگر مسجد میں نماز ادا کی جا رہی ہے تو مسجد کا مقرر شدہ امام امامت کرنے کا زیادہ حق دار ہوگا' اگرچہ امام یا مہتمم میں سے کوئی غلام ہی کیوں نہ ہو۔

یہ تمام مسائل اُس صورت میں ہیں جب گھر یا مسجد میں اختیار رکھنے والا شخص موجود نہ ہو' اگر وہ موجود ہوگا تو اُسی اختیار رکھنے والے شخص کو زیادہ حق حاصل ہوگا۔

فقہاء اس بات کے قائل ہیں: فاسق کی امامت درست نہیں ہے' خواہ وہ اپنے ہی جیسے دیگر فاسق لوگوں کو نماز پڑھائے البتہ جمعہ اور عید کی نماز میں ایسا کیا جاسکتا ہے اور وہ بھی صرف اُس وقت جب اُس فاسق امام کے علاوہ اور کوئی ایسا شخص موجود نہ ہو جو ان لوگوں کی امامت کرسکتا ہو' یعنی مجبوری کے عالم میں ایسا کیا جاسکتا ہے۔

فقہاء مالکیہ نے یہ بات بیان کی ہے: فاسق شخص کا امام بننا مکروہ ہے' خواہ وہ اپنے ہی جیسے فاسق افراد کی امامت کر رہا ہو۔

1054 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ الْحُوَيْرِثِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ وَقَالَ فِيهِ اَيْضًا صَلُّوا كَمَا رَاَيْتُمُونِي اُصَلِّي.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

''تم لوگ اسی طرح نماز ادا کرو جس طرح تم نے مجھے نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے''۔

1055 - حَدَّثَنَا الْقَاضِي اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُولِ حَدَّثَنَا اَبِي حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ اَبُو سَعِيدٍ الْاَحْوَلُ الْهِلَالِيُّ حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ اَبِي نَضْرَةَ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِذَا اجْتَمَعَ ثَلَاثَةٌ

۱۰۵۴- اخرجه البخاري (۲/ ۲۲۱) كتاب الاذان باب الاذان للمسافر اذا كانوا جماعة حديث (٦٣١) وفي (١٥/ ١٥١) كتاب اخبار الآحاد باب ما جاء في اجازة خبر الواحد الصدوق حديث (٧٢٤٦) ومسلم (٣/ ١٨٨ -نووي) كتاب المساجد باب من احق بالامامة احمد (٣/ ٤٣٦) والطحاوي في (مشكل الآثار) (٢/ ٢٩٦-٢٩٧) وابن خزيمة (٣٩٧) والطبراني في (الكبير) (١٩/ رقم ٦٣٧) والبيهقي في (السنن الكبرى) (٣/ ١٢٠) كلهم من طريق عبد الوهاب الثقفي بهذا الاسناد- وللحديث طريق آخر من جهة خالد الحذاء عن ابي قلابة- وسياتي تخريجها في باب ذكر الركوع والسجود وما يجزئ فيهما-

Marfat.com

اَمَّهُمْ اَحَدُهُمْ وَاَحَقُّهُمْ بِالْاِمَامَةِ اَقْرَؤُهُمْ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب تین آدمی اکٹھے ہوں تو ان میں سے کوئی ایک ان کی امامت کرائے (یعنی انہیں باجماعت نماز ادا کرنی چاہیے) اور ان میں سے امامت کا زیادہ حق دار وہ ہوگا جو قرأت اچھے طریقے سے کرسکتا ہو (یا زیادہ آیات کا حافظ ہو)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سالم بن نوح بن ابوعطاء بصری، ابوسعید عطار، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے "نویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال "200ھ" کے بعد ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۲۸۱/۱)(۲۲۱)۔

○ منذر بن مالک بن قطعہ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۲۷۵/۲)(۱۳۷۲)۔

18-باب التَّحْوِيْلِ اِلَى الْكَعْبَةِ وَجَوَازِ اسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ فِىْ بَعْضِ الصَّلاَةِ.

باب: خانہ کعبہ کی طرف رخ کر لینا اور نماز کے درمیان قبلہ کی طرف رخ کرنے کا جائز ہونا

1056- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عِيْسَى بْنِ اَبِىْ حَيَّةَ اِمْلاَءً حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِىْ اِسْرَائِيْلَ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ قُدَامَةَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَيْنَمَا النَّاسُ فِىْ صَلاَةِ الصُّبْحِ فِىْ قُبَاءَ اِذْ جَاءَ هُمْ

۱۰۵۵-اخرجه مسلم (۲/۱۸٦-نووي) كتاب المساجد باب من احق بالامامة حديث (۲۸۹/٦۷۲) والنسائي (۲/۷۷) كتاب الامامة باب اجتماع القوم في موضع هم فيه سواء والدارمي (۲۸٦/۱) كتاب الصلوة باب من احق بالامامة واحمد (۳/۲٤، ۳٤، ۳٦) وابن ابي شيبة (۳٤۳/۱) والطيالسي (۲۱۵۲) وابو يعلى (۱۲۹۱) وابن خزيمة (۱۵۰۸) وابن حبان (۲۱۳۲) والبيهقي في (السنن الكبرى) (۳/۱۱۹) كلهم من طريق ابي نضرة عن ابي سعيد الخدري مرفوعاً-

۱۰۵٦-اخرجه مالك في (الموطا) (۱/۱۹۵) كتاب القبلة باب ما جاء في القبلة حديث (٦) عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر- ومن طريق مالك اخرجه البخاري (۲/٦۵) كتاب الصلوة باب ما جاء في القبلة حديث (٤۰۳) وفي (۹/۲۷) كتاب التفسير باب (الذين آتيناهم الكتاب يعرفونه كما يعرفون ابناء هم) حديث (٤٤۹۱) وباب: (ومن حيث خرجت فول وجهك شطر المسجد الحرام) حديث (٤٤۹٤) وفي (۱۵/۱۵۲) كتاب اخبار الآحاد باب ما جاء في اجازة خبر الواحد الصدوق حديث (۷۲۵۱) ومسلم (۳/۱۲-نووي) كتاب المساجد باب تحويل القبلة من القدس الى الكعبة حديث (۱۳/۵۲٦) والنسائي (۲/٦۱) كتاب القبلة باب استبانة الخطا بعد الاجتهاد حديث (۷٤۵) والشافعي في (المسند) (۱/٦٤) وفي (الام) (۲/۱۱۳) وابو عوانة ۱/۳۹٤) وابن حبان (۱۷۱۵) والبيهقي في (السنن الكبرى) (۲/۱۱۳)-وقد توبع مالك عليه تابعه سفيان اخرجه البخاري (۹/۲٦) كتاب التفسير باب وما جعلنا القبلة التي كنت عليها) حديث (٤٤۸۸) والترمذي (۲/۱۷۰) كتاب الصلوة باب ما جاء في ابتداء القبلة حديث (۳٤۱) واحمد (۲/۱٦، ۱۰۵) وابن ابي شيبة (۱/۳۳۵) كلهم من طريق سفيان عن عبد الله بن دينار به- وتابعه سليمان بن بلال اخرجه البخاري (۹/۲۷) حديث (٤٤۹۰) والدارمي (۱/۲۸۱) من طريق سليمان بن بلال عن عبد الله بن دينار به- وتابعه ايضا عبد العزيز بن مسلم اخرجه البخاري (۹/۲۸) حديث (٤٤۹۳) ومسلم (۳/۱۲-نووي) حديث (۱۳/۵۲٦) من طريق عبد العزيز بن مسلم عن عبد الله بن دينار به- وتابعه موسى بن عقبة اخرجه مسلم (۳/۱۲-نووي) حديث (۱٤/۵۲٦) من طريق موسى بن عقبة عن عبد الله بن دينار به-

Marfat.com

رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اُنْزِلَ عَلَيْهِ اللَّيْلَةَ قُرْآنٌ وَّاَمَرَهُ اَنْ يَّسْتَقْبِلَ الْكَعْبَةَ اَلَا فَاسْتَقْبِلُوْهَا وَكَانَتْ وُجُوْهُ النَّاسِ اِلَى الشَّامِ فَاسْتَدَارُوْا مُوَجِّهِيْنَ اِلَى الْكَعْبَةِ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک دفعہ کچھ لوگ قباء میں صبح کی نماز ادا کر رہے تھے اسی دوران ایک شخص ان کے پاس آیا اور اس نے بتایا: گزشتہ رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن کا حکم نازل ہوا ہے اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حکم دیا ہے آپ خانہ کعبہ کی طرف رخ کر لیں تو اے لوگو! تم بھی اس کی طرف رخ کر لو۔ (راوی کہتے ہیں:) اس وقت ان لوگوں کا رخ شام (یعنی بیت المقدس) کی طرف تھا تو وہ اسی وقت گھوم کر خانہ کعبہ کی طرف منہ (کر کے نماز ادا) کرنے لگے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ صالح بن قدامۃ بن ابراہیم بن محمد بن حاطب قرشی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''آٹھویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۶۲/۱)(۴۶)۔

نماز کے دوران قبلہ کی طرف رُخ کرنا

نماز کے دوران قبلہ کی طرف رُخ کرنے کے جواز کے بارے میں اہل علم کے موقف کی وضاحت کرتے ہوئے ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں:

ان تيقن الخطا في اجتهاده، فقال الحنفية :ان كان في الصلاة استدار وبنى عليها اى اكمل صلاته، فلو صلى كل ركعة لجهة، جاز .وان كان بعد الصلاة صلى الصلاة القادمة، ولا اعادة عليه لما مضى، لاتيانه بما في وسعه، قال على :قبلة المتحرى جهة قصده ومن صلى بلا تحرٍ واصاب، لم تصح صلاته، لتركه فرض التحرى، الا اذا علم اصابته بعد فراغه، فلا يعيد بالاتفاق عندهم.

ومن امَّ قومًا في ليلة مظلمة، فتحرى القبلة وصلى الى جهة اخرى، وتحرى من خلفه، وصلى كل واحد منهم الى جهة، وكلهم خلف الامام، فمن علم منهم بحال امامه تفسد صلاته، ومن لم يعلم ما صنع الامام، صحت صلاته واجزاه، لوجود التوجه الى جهة التحرى، ومخالفة المامومين لامامهم لا تمنع صحة الصلاة، كالصلاة في جوف الكعبة.

وقال المالكية :ان تبين المجتهد في القبلة خطا :يقينًا او ظنًا، في اثناء الصلاة، قطعها ان كان

Marfat.com

بصيرًا منحرفًا كثيرًا، بان استدبر او شرّق او غرب، وابتداها باقامة، ولا يكفى تحوله لجهة القبلة.

وان كان اعمى، او كان منحرفًا انحرافًا يسيرًا، فلا اعادة عليه .وان كان بصيرًا منحرفًا كثيرًا او ناسيًا للجهة التى اداه اجتهاده اليها، او التى دله عليها العارف، اعاد فى الوقت على المشهور.

وقال الشافعية :ان تيقن الخطا فى الصلاة اوبعدها، استانفها اى اعادها من جديد؛ لانه تعين له يقين الخطا فيما يامن مثله فى القضاء ، فلم يعتد بما مضى، كالحاكم اذا حكم ثم وجد النص بخلافه .وان تغير اجتهاده للصلاة الثانية، فاداه اجتهاده الى جهة اخرى، صلى الصلاة الثانية الى الجهة الثانية، ولا يلزمه اعادة ما صلاه الى الجهة الاولى، كالحاكم اذا حكم باجتهاده، ثم تغير اجتهاده، لم ينقض ما حكم فيه بالاجتهاد الاول.

ويجتهد لكل فرض، فان تحير، صلى كيف شاء ، ويقضى وجوبًا لان ذلك امر نادر.

وقال الحنابلة :ان بان له يقين الخطا وهو فى الصلاة، استدار الى جهة الكعبة، وبنى على ما مضى من الصلاة، كما قرر الحنفية؛ لان ما مضى منها كان صحيحًا ، فجاز البناء عليه، كما لو لم يبن له الخطا .وكذلك تستدير الجماعة مع الامام ان بان لهم الخطا فى حال واحدة.

وان تبين خطا اجتهاده بعد الصلاة، بان صلى الى غير جهة الكعبة يقينًا لم يلزمه الاعادة، ومثل المجتهد فى هذا :المقلد الذى صلى بتقليده، وهذا موافق لمذهب الحنفية.

اما من صلى فى الحضر الى غير الكعبة سواء اكان بصيرًا ام اعمى، ثم بان له الخطا، فعليه الاعادة؛ لان الحضر ليس بمحل الاجتهاد؛ لان من فيه يقدر على معرفة القبلة بالمحاريب، ويجد من يخبره عن يقين غالبًا ، فلا يكون له الاجتهاد، كالقادر على النص فى سائر الاحكام.

والخلاصة :ان الحنفية والحنابلة يقررون البناء على الصلاة فى اثنائها ، ولا يوجبون الاعادة فى حال الاجتهاد .وتبين الخطا بعد الفراغ من الصلاة الا المقيم فى الحضر عند الحنابلة.

والمالكية والشافعية يقررون قطع الصلاة اذا عرف الخطا فيها ، واعادة الصلاة اذا عرف الخطا بعدها ، لكن المالكية يوجبون الاعادة فى الوقت الضرورى فقط .والشافعية يوجبون الاعادة مطلقًا فى الوقت وبعده، لتبين فساد الاولى[1]

اگر نماز پڑھنے والے شخص کو اپنے اجتہاد میں غلطی کا یقین ہو تو احناف اس بات کے قائل ہیں: اگر وہ شخص ابھی نماز ادا کر رہا تھا تو نماز کے دوران ہی وہ اسی طرف گھوم کے رُخ کر لے گا' جس طرف قبلہ ہے اور اپنی نماز جاری رکھے گا اور مکمل کر لے گا ایسی صورتِ حال میں اگر اس نے ہر رکعت مختلف سمت میں ادا کی تو بھی اُس کی نماز جائز ہوگی۔

[1] الفقه الاسلامى وادلته 'الباب الثانى :الصّلاة شروط صحة الصلاة :الشرط الخامس۔ استقبال القبلة :الخطا فى الاجتهاد:

Marfat.com

اگر اسے نماز پڑھنے کے بعد اس بات کا پتہ چلتا ہے تو اب وہ اگلی نماز قبلہ کی طرف رُخ کر کے ادا کرے گا' سابقہ نماز کو دوبارہ نہیں پڑھے گا' کیونکہ اُس نے اپنی طاقت کے مطابق نماز ادا کر لی تھی۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص غور وفکر کر لینے کے بعد کسی ایک سمت کو قبلہ سمجھ لیتا ہے تو وہی اُس کا قبلہ شمار ہو گا''۔

اگر کوئی شخص غور وفکر کے بغیر کسی ایک جانب رُخ کر کے نماز ادا کر لیتا ہے تو اگر چہ وہ رُخ درست سمت ہی کیوں نہ ہو' اُس کی نماز نہیں ہو گی' کیونکہ اُس نے غور وفکر کرنے کا فرض ادا نہیں کیا' اگر اُسے نماز پڑھ لینے کے بعد اس بات کا پتہ چلتا ہے' اُس کی جہت درست تھی تو اس پر اتفاق ہے' وہ دوبارہ اُس نماز کو ادا نہیں کرے گا۔

اگر کوئی شخص تاریک رات میں کچھ لوگوں کو نماز پڑھاتا ہے' امام غور وفکر کرنے کے بعد کسی ایک جہت کو قبلہ قرار دیتا ہے' جبکہ مقتدی بھی غور وفکر کرتے ہیں اور وہ الگ الگ جہت کو قبلہ قرار دے دیتے ہیں اور اُن میں سے ہر ایک اپنی متعین کردہ جہت کی طرف رُخ کر کے نماز ادا کر لیتا ہے' لیکن وہ سب لوگ امام کی اقتداء میں نماز ادا کرتے ہیں تو جس شخص کو یہ پتہ چل جائے کہ امام کا رُخ تو دوسری جہت میں ہے تو اُس شخص کی نماز ادا نہیں ہو گی اور جس شخص کو اس بات کا پتہ نہ چل سکے' اُس کی نماز ادا ہو جائے گی اور اس کے لیے نماز کو دُہرانا ضروری نہیں ہو گا' اس کی وجہ یہ ہے' ہر شخص نے اپنے اندازے کے مطابق صحیح سمت میں رُخ کیا ہے' اگر مقتدیوں کا رُخ امام کے رُخ کے مطابق نہیں ہوتا تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا' یہ بالکل اُسی طرح ہے جیسے خانہ کعبہ کے اندر نماز پڑھنے کی صورت میں اگر مقتدیوں کا رخ امام کے رخ کے مطابق نہیں ہوتا تو بھی نماز درست شمار ہو گی۔

فقہاء مالکیہ اس بات کے قائل ہیں' اگر کسی شخص کو نماز کے دوران اس بات کا غالب گمان ہو جائے یا یقین ہو جائے کہ اُس نے اجتہاد کے ذریعے قبلہ کے جس رُخ کا تعین کیا تھا وہ غلط تھا' اگر وہ شخص دیکھنے پر قادر ہے اور وہ قبلہ کی سمت سے ہٹا ہوا ہے' یعنی قبلہ کی طرف اس کی پیٹھ ہے یا اُس نے مشرق یا مغرب کی طرف منہ کیا ہوا ہے' تو ایسا شخص نماز توڑ دے گا اور نئے سرے سے نماز ادا کرے گا' اُس کے لیے یہی کافی نہیں ہو گا کہ وہ قبلہ کی طرف منہ کر لے۔

اگر وہ شخص نابینا ہے یا قبلہ کی سمت سے تھوڑا سا ہٹا ہوا ہے تو اُس کے لیے نماز کو دُہرانا ضروری نہیں ہو گا۔

اگر وہ شخص دیکھنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور قبلہ کی سمت سے زیادہ ہٹا ہوا ہے یا وہ بھول گیا تھا کہ اُس نے غور وفکر کے ساتھ کون سی سمت متعین کی تھی یا بتانے والے شخص نے اُسے کون سی سمت کے بارے میں بتایا تھا تو اگر نماز کا وقت باقی ہو تو وہ اُس نماز کو دوبارہ ادا کرے گا۔

فقہاء شوافع اس بات کے قائل ہیں' اگر نماز ادا کر لینے کے دوران یا نماز ادا کر لینے کے بعد غلطی کا یقین ہو جائے تو ایسا شخص نئے سرے سے نماز پڑھے گا' کیونکہ اُس شخص کو ایسے کام میں غلطی کا یقین ہو گیا ہے' جس نوعیت کے کام میں فیصلہ کرتے ہوئے غلطی سے بچنا ممکن تھا' اُس نے جو کام کیا تھا' اُس کا کوئی اعتبار نہیں ہو گا' یہ بالکل اُسی طرح ہو جائے گا جیسے قاضی فیصلہ دے دیتا ہے اور بعد میں پتہ چلتا ہے' اس کا یہ فیصلہ نص کے خلاف تھا۔

Marfat.com

اگر دوسری نماز ادا کرنے کے وقت اُس شخص کا اجتہاد تبدیل ہو جاتا ہے تو اب وہ نئے اجتہاد کے مطابق سمت کی طرف رُخ کر کے نماز ادا کرے گا' اب پہلی جہت کی طرف منہ کر کے ادا کی جانے والی نماز کو دوبارہ دُہرانا اُس پر لازم نہیں ہوگا۔

یہ بالکل اُسی طرح ہوگا' جیسے قاضی اجتہاد کے مطابق کوئی فیصلہ دیتا ہے اور پھر اُس کے بعد اُس کا فیصلہ تبدیل ہو جاتا ہے تو دوسرا اجتہاد پہلے پر اثر انداز نہیں ہوگا۔

ہر فرض نماز کے لیے ہر آدمی کو نئے سرے سے غور و فکر کرنا ہوگا' اگر اسے کچھ پتہ نہیں چلتا اور جس طرف اُس کا جی چاہا اُس نے اس طرف منہ کر کے نماز ادا کر لی تو بعد میں اس نماز کی قضاء ادا کرے گا کیونکہ اس طرح کے واقعات بڑے نادر ہوتے ہیں۔

حنابلہ اس بات کے قائل ہیں: اگر نماز کے دوران میں انسان کو غلطی کا علم ہو جاتا ہے تو وہ خانہ کعبہ کی طرف رُخ کرے گا اور نماز جاری رکھے گا' وہی جہاں سے وہ پڑھ رہا تھا' یہ بالکل اُسی طرح ہے جیسے احناف اس بات کے قائل ہیں' اس کی وجہ یہ ہے: اُس نے پہلے' جو نماز ادا کر لی ہے وہ درست ہے تو اسے جاری رکھنا اس طرح جائز ہوگا' جس طرح اُس وقت جائز ہوتا کہ جب اُسے اپنی غلطی کا علم نہ ہوتا تو اس صورت میں بھی وہ نماز کو جاری رکھتا۔

اگر نماز باجماعت کے دوران نمازیوں کو پتہ چل جائے کہ وہ غلطی پر ہیں تو امام کے ساتھ اقتداء کرنے والے سب لوگ قبلہ کی طرف منہ کر لیں گے۔

اگر نماز پڑھنے کے بعد پتہ چلتا ہے: اُس نے خانہ کعبہ کی طرف رُخ کر کے نماز ادا نہیں کی تھی' تو اُس وقت اس نماز کو دُہرانا لازم نہیں ہوگا اور اس بارے میں اپنے ذاتی اجتہاد کے ذریعے قبلہ کی سمت کا فیصلہ کرنے والا اور دوسرے کے بیان پر اعتماد کر کے قبلہ کی سمت کا فیصلہ کرنے والا دونوں برابر ہوں گے۔ حنابلہ کی یہ رائے احناف کے مؤقف کے مطابق ہے۔

اگر کوئی شخص شہر میں رہتے ہوئے خانہ کعبہ کی سمت سے ہٹ کر نماز ادا کرتا ہے تو خواہ وہ شخص دیکھنے کی صلاحیت رکھتا ہو یا نابینا ہو' بعد میں اُسے پتہ چلتا ہے' وہ غلط سمت کی طرف رُخ کر کے نماز ادا کرتا رہا ہے تو اب اُس پر نماز کو دُہرانا لازم ہوگا۔

اس کی وجہ یہ ہے' شہر میں اس نوعیت کے اجتہاد کی ضرورت نہیں ہوتی ہے' وہاں موجود مساجد کی محراب کے ذریعے قبلہ کی سمت کے بارے میں پتہ کیا جا سکتا ہے اور بالعموم ایسے افراد بھی موجود ہوتے ہیں جو قبلہ کی سمت کے بارے میں بتا سکتے ہیں' اس لیے شہر میں اجتہاد کرنے کی گنجائش نہیں ہوتی ہے' یہ اس طرح ہو جائے گا کہ جب کسی چیز کا حکم نص سے معلوم ہو سکتا ہے اور انسان اُس کے بارے میں اجتہاد کرنا شروع کر دے۔

اس ساری گفتگو کا خلاصہ یہ ہے: اجتہاد کی صورت میں احناف اور حنابلہ کے نزدیک نماز کو جاری رکھا جائے' اسی مقام سے جہاں سے آدمی کو قبلہ کی سمت کے بارے میں اپنی غلطی کا پتہ چلا تھا اور اگر انسان کو نماز ادا کر لینے کے بعد اس چیز کا پتہ چلا تھا' اب اُس پر اس نماز کو دہرانا لازم نہیں ہوگا۔

مالکیہ اور شوافع اس بات کے قائل ہیں' نماز کے دوران اس غلطی کا علم ہوتا ہے' تو وہ نماز کو وہیں سے توڑ دے گا اور اگر اُسے نماز پڑھ لینے کے بعد اس بات کا علم ہوتا ہے تو اب وہ نماز دوبارہ ادا کرے گا۔

Marfat.com

البتہ مالکیوں نے ایسی صورت میں دوبارہ نماز پڑھنے کو اُس وقت لازم قرار دیا ہے' جب نماز کا وقت ابھی باقی ہو' جبکہ شوافع نے مطلق طور پر اس نماز کو دوبارہ ادا کرنے کا حکم دیا ہے' خواہ اس نماز کا وقت ابھی باقی ہو یا اس نماز کا وقت گزر چکا ہو' اس کی وجہ یہ ہے: انسان کو اس بات کا پتہ چل گیا ہے' اُس کی پہلی نماز درست نہیں تھی۔

1057 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ صَلَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بَعْدَ قُدُومِهِ الْمَدِينَةَ سِتَّةَ عَشَرَ شَهْرًا نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ ثُمَّ عَلِمَ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ هَوٰى نَبِيِّهٖ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَنَزَلَتْ (قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ) فَاَمَرَهٗ اَنْ يُوَلِّيَ اِلَى الْكَعْبَةِ وَمَرَّ عَلَيْنَا رَجُلٌ وَّنَحْنُ نُصَلِّيْ نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَقَالَ اِنَّ نَبِيَّكُمْ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَدْ حَوَّلَ وَجْهَهٗ اِلَى الْكَعْبَةِ .فَتَوَجَّهْنَا اِلَى الْكَعْبَةِ وَقَدْ صَلَّيْنَا رَكْعَتَيْنِ.

☆☆ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدینہ منورہ تشریف آوری کے بعد تقریباً سولہ ماہ تک ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز ادا کرتے رہے' اللہ تعالیٰ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خواہش سے واقف تھا' اس نے یہ آیت نازل کی:

''ہم تمہارے چہرے کا آسمان کی طرف اُٹھنا دیکھ رہے ہیں' ہم تمہیں اسی قبلہ کی طرف پھیر دیں گے' جس سے تم راضی ہو گے تو تم اپنا رخ مسجد حرام کی طرف کرلو''۔

تو اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حکم دیا: آپ اپنا رخ خانہ کعبہ کی طرف کر لیں۔ (راوی کہتے ہیں:) ایک شخص ہمارے پاس سے گزرا' ہم لوگ اس وقت بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز ادا کر رہے تھے۔ اس شخص نے بتایا: تمہارے نبی نے اپنا رخ خانہ کعبہ کی طرف کر لیا ہے (یعنی وہ اس طرف رخ کر کے نماز ادا کرنے لگے ہیں) تو ہم نے اپنا رخ خانہ کعبہ کی طرف کر لیا حالانکہ ہم اس وقت دو رکعت نماز ادا کر چکے تھے۔

1058 - حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ حَدَّثَنَا

۱۰۵۷- اخرجه البخاري (۱/ ۵۹۸) كتاب الصلوة' باب التوجه نحو القبلة حيث كان' حديث (۳۹۹)' (۲۴۸) كتاب التفسير' باب (ولكل وجهة هو موليها)' حديث (۴۴۹۲)' (۱۳/ ۲۴۵) كتاب اخبار الآحاد' باب ما جاء في اجازة خبر الواحد' حديث (۷۲۵۲)' ومسلم (۱/ ۳۷۳) كتاب المساجد' باب تحويل القبلة من القدس الى الكعبة' حديث (۱۲/ ۵۲۵)' والترمذي (۵/ ۱۹۱) كتاب التفسير' باب سورة البقرة' حديث (۲۹۶۲)' والنسائي (۱/ ۲۴۲-۲۴۳) كتاب الصلوة' باب فرض القبلة' حديث (۴۸۸)' وابن ماجه (۱/ ۳۲۲-۳۲۳) كتاب الصلوة' باب القبلة' حديث (۱۰۱۰)' وابو عوانة (۲/ ۸۱-۸۲)' واحمد (۴/ ۲۸۳' ۲۸۸-۲۸۹' ۳۰۴)' وابو داؤد الطيالسي (۷۱۹)' وابن الجارود في (المنتقى) (۱۶۵)' وابن خزيمة (۱/ ۲۲۲' ۲۲۶)' وابن حبان (۱۷۱۶)' وابن ابي شيبة (۱/ ۳۳۴)' وابن سعد (۱/ ۲۴۲- ۲۴۳)' والبيهقي (۲/ ۲-۳) كتاب الصلوة' والبغوي في (شرح السنة) (۲/ ۹۵- بتحقيقنا)من طرق كثيرة عن ابي اسحاق عن البراء بن عازب به' وفيه: (فخرج رجل ممن صلى معه' فمر على اهل مسجد وهم راكعون' فقال: اشهد بالله: لقد صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم قبل مكة' فداروا كما هم قبل البيت)- وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح-

۱۰۵۸- اخرجه مسلم (۲/ ۱۲- نووي) كتاب المساجد باب تحويل القبلة من القدس الى الكعبة' حديث (۱۵/ ۵۲۷)' واحمد (۳/ ۲۸۴)' وابن خزيمة (۴۳۰' ۴۳۱) من طريق حماد بن سلمة عن ثابت عن انس-

Marfat.com

جَمِيْلُ بْنُ عُبَيْدٍ اَبُو النَّضْرِ الطَّائِيُّ حَدَّثَنَا ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ جَاءَ مُنَادِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ اِنَّ الْقِبْلَةَ قَدْ حُوِّلَتْ اِلَى الْكَعْبَةِ وَالْاِمَامُ فِی الصَّلَاةِ قَدْ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ فَقَالَ الْمُنَادِیْ قَدْ حُوِّلَتِ الْقِبْلَةُ اِلَى الْكَعْبَةِ فَصَلَّوُا الرَّكْعَتَيْنِ الْبَاقِيَتَيْنِ اِلَى الْكَعْبَةِ.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ایک شخص نے یہ اعلان کیا خانہ کعبہ کو قبلہ بنا دیا گیا ہے۔ (راوی کہتے ہیں:) اس وقت امام صاحب نماز پڑھا رہے تھے اور وہ دو رکعت ادا کر چکے تھے' اس اعلان کرنے والے نے یہ اعلان کیا' اب خانہ کعبہ کو قبلہ بنا دیا گیا ہے' تو سب لوگوں نے بقیہ دو رکعت خانہ کعبہ کی طرف رخ کر کے ادا کی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدۃ بن عبداللہ صفار، خزاعی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''گیارہویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''258ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۳۰)(۱۴۲۰)۔

○ جمیل بن عبید طائی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۲/۵۱۹)(۲۱۵۱)۔

1059 - حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَفْصٍ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ لَمَّا حُوِّلَتِ الْقِبْلَةُ اِلَى الْكَعْبَةِ مَرَّ رَجُلٌ بِاَهْلِ قُبَاءَ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ فَقَالَ لَهُمْ قَدْ حُوِّلَتِ الْقِبْلَةُ اِلَى الْكَعْبَةِ فَاسْتَدَارُوْا وَاِمَامُهُمْ نَحْوَ الْكَعْبَةِ.

☆☆ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب خانہ کعبہ کو قبلہ بنا دیا گیا' تو ایک شخص قباء کے رہنے والے لوگوں کے پاس سے گزرا' وہ لوگ اس وقت نماز ادا کر رہے تھے' اس شخص نے ان سے کہا' خانہ کعبہ کو قبلہ بنا دیا گیا ہے' تو ان لوگوں نے اور ان کے امام نے خانہ کعبہ کی طرف رخ کر لیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالسلام بن حفص، ابومصعب، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''ساتویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۰۶)(۱۱۸۷)۔

۱۰۵۹- اخرجه الطبراني في (الكبير) (۶/۱۶۴) رقم (۵۸۶۰) من طريق عبيد الله بن موسى ثنا عبد السلام بن مصعب عن ابي حازم عن سهل بن سعد به- وذكره الهيثمي في (مجمع الزوائد) (۲/۱۷) وقال: ورجاله موثقون-

Marfat.com

19- باب ذِكْرِ صَلَاةِ الْمُفْتَرِضِ خَلْفَ الْمُتَنَفِّلِ .

باب: نفل ادا کرنے والے کی اقتداء میں فرض نماز ادا کرنا

1060- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ اَخْبَرَنِىْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ مُعَاذًا كَانَ يُصَلِّىْ مَعَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْعِشَاءَ ثُمَّ يَنْصَرِفُ اِلٰى قَوْمِهٖ فَيُصَلِّىْ بِهِمْ هِىَ لَهٗ تَطَوُّعٌ وَّلَهُمْ فَرِيْضَةٌ .

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں عشاء کی نماز ادا کرتے تھے اور پھر اپنے محلے میں واپس چلے جاتے تھے اور اُن لوگوں کو نماز پڑھایا کرتے تھے' وہ نماز حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے لیے نفل ہوتی تھی اور ان لوگوں کے لیے فرض ہوتی تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمرو بن دینار مکی، ابومحمد الاثرم، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''چوتھے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''126ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۶۹)(۵۷۵)۔

امام قدوری کی تحقیق

نفل نماز ادا کرنے والے کی اقتداء میں فرض نماز کرنے والے کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے امام قدوری اپنی مشہور تصنیف ''التجرید'' میں تحریر کرتے ہیں:

ہمارے اصحاب نے یہ بات بیان کی ہے' فرض نماز ادا کرنے والے کے لیے یہ جائز نہیں ہے' وہ نفل ادا کرنے والے کے پیچھے نماز ادا کرلے' اسی طرح ایک فرض نماز ادا کرنے والے کے لیے یہ جائز نہیں ہے' وہ دوسرا فرض پڑھنے والے کی اقتداء میں نماز ادا کرے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ایسا کرنا جائز ہے' ہماری دلیل یہ ہے' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''امام کو اس لیے مقرر کیا گیا ہے تاکہ اس کی پیروی کی جائے اور تم اس کے خلاف نہ کرو''۔

(امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:) جب امام اور مقتدی میں ایک مختلف فرض پڑھ رہا ہوگا تو ان کے درمیان مخالفت آ جائے گی اور یہ چیز منع ہے۔ یہ درست نہیں ہوگا' آپ روایت کے الفاظ کو افعال میں مخالفت پر محمول کریں۔ اس کی وجہ یہ ہے' الفاظ کو اپنے عمومی مفہوم پر محمول کرنا زیادہ بہتر ہوگا' پھر اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے' افعال میں مخالفت کا حکم تو روایت کے آخری الفاظ سے ہی ثابت ہو جاتا ہے' جس میں آپ نے یہ ارشاد فرمایا:

۱۰۶۰- اخرجه الشافعي (۱/۱۴۲)، والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/۴۰۹) من طريق ابن جريج بهذا الاسناد- قال الحافظ في (الفتح ۲/۴۲۸): وهو حديث صحيح' رجاله رجال الصحيح' وقد صرح ابن جريج في رواية عبد الرزاق بسماعه فيه فانتفت شبهة تدليسه، فقول ابن الجوزي: (انه لا يصح مردود)-

Marfat.com

''جب وہ رکوع میں جائے تم بھی رکوع میں جاؤ' جب وہ سجدہ کرے' تم بھی سجدہ کرو''۔

تو لفظ کو تکرار پر محمول کرنا درست نہیں ہوگا۔

اس کی ایک دلیل یہ بھی ہے' امام کی اقتداء میں نماز ادا کرنے والے شخص کا امام کی نیت کے ساتھ نماز ادا کرنا درست نہیں ہے بلکہ اسے امام کی مقتدی کی نیت کرنی پڑے گی' لہٰذا وہ اس حوالے سے امام کی اقتداء بھی نہیں کر سکے گا' اس کی مثال یہ ہے' فجر کی نماز ادا کرنے والا شخص کسی ایسے شخص کی اقتداء کرتا ہے جو نمازِ کسوف ادا کر رہا ہے یا ظہر کی نماز ادا کرنے والا شخص اس شخص کی اقتداء کر رہا ہے جو جمعہ کی نماز ادا کر رہا ہے۔

اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے' مقتدی کے حق میں جائز نہیں ہے' وہ کسی ایک نماز کی بنیاد پر دوسری نماز کو جاری رکھے تو اسی طرح اس کے لیے اپنے اور امام کے حق میں بھی ایسا کرنا جائز نہیں ہونا چاہیے۔ اس کی اصل وہ ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔[1]

1061- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ وَّاَبُو الْاَزْهَرِ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ اَخْبَرَنِىْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ مُعَاذًا كَانَ يُصَلِّىْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْعِشَاءَ ثُمَّ يَنْصَرِفُ اِلٰى قَوْمِهٖ فَيُصَلِّىْ لَهُمْ تِلْكَ الصَّلَاةَ هِىَ لَهٗ نَافِلَةٌ وَّلَهُمْ فَرِيْضَةٌ.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں عشاء کی نماز ادا کیا کرتے تھے اور پھر اپنے محلے میں چلے جاتے اور ان لوگوں کو نماز پڑھایا کرتے تھے' جو حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے لیے نفل ہوتی تھی اور اُن لوگوں کے لیے فرض۔

امام اور مقتدی کی نیت میں فرق کا حکم

نماز کے دوران آدمی کی نیت اُس کے امام سے مختلف ہونے کے بارے میں علماء کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے موطأ کے شارح حافظ ابن عبدالبر اندلسی بیان کرتے ہیں:

علماء نے ایسی نماز کے بارے میں اختلاف کیا ہے جس میں نماز پڑھنے والے کی نیت اُس کے امام کی نیت سے مختلف ہو۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے اصحاب نے یہ بات بیان کی ہے: ایسے کسی بھی شخص کی نماز جائز نہیں ہوگی جو نفل ادا کرنے والے کی اقتداء میں فرض نماز ادا کرے یا جو شخص عصر کی نماز ایسے شخص کے پیچھے ادا کر رہا ہو جو ظہر کی نماز ادا کر رہا ہو' جب امام اور مقتدی کی نیت میں اختلاف آ جائے' فرضیت کے بارے میں مقتدی کی نماز باطل ہو جائے گی' البتہ امام کی نہیں ہوگی' اسی طرح جو شخص فرض نماز نفل ادا کرنے والے کی اقتداء میں پڑھ رہا ہو (اُس کا بھی وہی حکم ہوگا)۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ' ان کے اصحاب' سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ مدینہ منورہ کے رہنے والے اکثر تابعین کا یہی فتویٰ ہے۔

ان حضرات کی دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

[1] التجرید مسئلہ 200' صفحہ 281/2

Marfat.com

''امام کو اس لیے مقرر کیا گیا ہے تاکہ اُس کی پیروی کی جائے''۔

تو جس شخص کی نیت امام کی نیت کے برخلاف ہو تو وہ اُس کی پیروی کرنے والا شمار نہیں ہوگا۔

اسی طرح نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اُس (امام) سے اختلاف نہ کرو''۔

اور نیت کے اختلاف سے زیادہ شدید اختلاف اور کیا ہوگا' کیونکہ نیت پر ہی اعمال کا دارومدار ہوتا ہے۔

ان حضرات نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے واقعہ کی یہ علت بیان کی ہے: جو عمرو بن یحییٰ نامی راوی نے اپنی سند کے ساتھ بنوسلمہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کے حوالے سے نقل کی ہے: ایک صاحب نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں اس بات کی شکایت کی' حضرت معاذ رضی اللہ عنہ ان لوگوں کو طویل نماز پڑھاتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے یہ فرمایا: تم لوگوں کو آزمائش میں مبتلا نہ کرو یا تو میرے ساتھ نماز ادا کرلیا کرو یا اپنی قوم کو مختصر نماز پڑھایا کرو۔

یہ حضرات یہ کہتے ہیں: یہ بات اس بات پر دلالت کرتی ہے: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ اپنی قوم کو جو نماز پڑھایا کرتے تھے وہ فرض نماز ہوتی تھی اور وہ نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں نفل نماز ادا کیا کرتے تھے۔ یہ حضرات فرماتے ہیں: نفل نماز ادا کرنے والا شخص ایسے شخص کی اقتداء میں نماز ادا کرسکتا ہے جو فرض نماز ادا کر رہا ہو۔ علماء کا اجماع ہے' ایسا کرنا جائز ہے۔

امام شافعی' امام رازی' امام داؤد ظاہری' طبری رحمہم اللہ علیہم اور مشہور قول کے مطابق امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: ایسا کرنا جائز ہے' فرض نماز ادا کرنے والا شخص نفل نماز ادا کرنے والے کی اقتداء کرے یا ظہر کی نماز ادا کرنے والا عصر کی نماز ادا کرنے والے کی اقتداء میں نماز ادا کرلے' اس کی وجہ یہ ہے: ہر نمازی اپنے لیے نماز پڑھ رہا ہے' اُسے اُس کے مطابق اجر ملے گا جس نماز کی اُس نے نیت کی ہے کیونکہ اعمال کے اجر کا دارومدار نیت پر ہے۔

ان حضرات نے یہ دلیل پیش کی ہے: ہمیں اس بات کا حکم دیا گیا ہے' ہم امام کے اُن اعمال کی پیروی کریں جو افعال ہمارے سامنے ظاہر ہوتے ہیں' جہاں تک نیت کا تعلق ہے تو وہ ایک پوشیدہ چیز ہے اور یہ بات ناممکن ہے: ہمیں نیت کی پیروی کرنے کا حکم دیا جائے یا ایسی چیز کی پیروی کا حکم دیا جائے جو ہم سے پوشیدہ ہوتی ہے۔

یہ حضرات فرماتے ہیں: اس حدیث میں بھی اس بات پر دلالت موجود ہے' کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: امام کو اس لیے مقرر کیا گیا ہے تاکہ اس کی پیروی کی جائے' جب وہ رکوع میں جائے تو تم رکوع میں جاؤ' جب وہ سر اُٹھائے تو تم بھی اُٹھ جاؤ۔

بیمار شخص کے بیٹھ کر لوگوں کو نماز پڑھانے کے بارے میں فقہاء کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے مشہور مالکی فقیہ شیخ ابن عبدالبر اندلسی بیان کرتے ہیں:

علماء کا اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے' فرض نماز میں قیام کرنا فرض ہے' اس کی دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

''اور اس کی بارگاہ میں احترام کے ساتھ کھڑے رہو''۔

تو کسی بھی شخص کے لیے یہ جائز نہیں ہے: وہ بیٹھ کر فرض نماز ادا کرے جبکہ وہ کھڑے ہونے پر قادر ہو۔

Marfat.com

جب کوئی تندرست شخص جو کسی کا مقتدی ہو وہ کسی ایسے امام کی اقتداء میں بیٹھ کر نماز ادا کرے جو امام بیمار ہو کھڑا نہ ہو سکتا ہو تو اس کے بارے میں فقہاء نے اختلاف کیا ہے۔

اہل علم کے گروہ نے اسے درست قرار دیا ہے انہوں نے اس حدیث کی پیروی کرتے ہوئے اس بات کا فتویٰ دیا ہے اور اسی طرح ان کی دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے: جب وہ بیٹھ کر نماز ادا کرے تو تم سب بھی بیٹھ کر نماز ادا کرو۔

اس سے مراد یہی ہے: جب وہ کسی عذر کی وجہ سے بیٹھ کر نماز ادا کرے۔

یہ روایت کئی حوالوں سے حضرت ابوہریرہ حضرت عبداللہ بن عباس حضرت عبداللہ بن عمر حضرت انس حضرت جابر رضی اللہ عنہم سے مستند طور پر منقول ہے۔

جن حضرات نے یہ فتویٰ دیا ہے: جب امام کسی بیماری کی وجہ سے بیٹھ کر نماز ادا کر رہا ہو تو اس کی اقتداء میں بیٹھ کر نماز ادا کرنے والے لوگ بھی بیٹھ کر نماز ادا کریں گے خواہ وہ تندرست ہوں اور کھڑے ہونے کی قدرت رکھتے ہوں یہ فتویٰ دینے والوں میں حماد بن زید امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ امام اسحاق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ شامل ہیں انہوں نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی نقل کردہ اس حدیث کو دلیل کے طور پر پیش کیا ہے اور اسی کی مانند بعض دیگر حضرات جنہوں نے ان کی پیروی کرتے ہوئے یہ فتویٰ دیا ہے بعض اہل ظاہر نے بھی اس کے مطابق رائے اختیار کی ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے: اس کے بعد چار صحابہ کرام نے ایسا ہی کیا ہے جن میں حضرت اسید بن حضیر حضرت قیس بن فہد حضرت جابر بن عبداللہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہم شامل ہیں۔

علامہ ابن عبدالبر اندلسی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ہم نے ان روایات کی اسناد کتاب ''التمہید'' میں نقل کر دی ہیں۔

جمہور علماء یہ فرماتے ہیں: کسی بھی شخص کے لیے یہ بات جائز نہیں ہے وہ کوئی بھی نماز بیٹھ کر ادا کرے جب کہ وہ تندرست ہو اور کھڑے ہونے کی قدرت رکھتا ہو نہ امام کے لیے ایسا کرنا جائز ہے نہ تنہا نماز ادا کرنے والے کے لیے یہ جائز ہے اور نہ ہی امام کی اقتداء میں نماز ادا کرنے والے کے لیے ایسا کرنا جائز ہے۔

پھر ان حضرات میں اختلاف پایا جاتا ہے ان میں سے بعض حضرات نے کھڑے ہو کر نماز ادا کرنے والے شخص کی نماز کو درست قرار دیا ہے جبکہ وہ بیٹھ کر نماز پڑھانے والے کی اقتداء میں نماز ادا کر رہا ہو کیونکہ امام پر تو قیام فرض نہیں ہے (کیونکہ وہ بیمار ہے)۔

ان حضرات کی دلیل وہ حدیث جس میں یہ بات مذکور ہے: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر نماز ادا کر رہے تھے وہ نبی اکرم ﷺ کی پیروی میں نماز ادا کر رہے تھے جو بیٹھے ہوئے تھے یہ اس بیماری کے دوران کی بات ہے جس میں نبی اکرم ﷺ کا وصال ہوا تھا لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی پیروی کرتے ہوئے نماز ادا کر رہے تھے۔

یہ روایت اس کے بعد والے باب میں آئے گی۔

اس حدیث کے مطابق جن حضرات نے فتویٰ دیا ہے ان میں امام شافعی امام ابوثور امام ابوحنیفہ امام ابویوسف اور داؤد ظاہری رحمہم اللہ شامل ہیں۔

Marfat.com

ولید بن مسلم نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: انہوں نے بیمار امام کے لیے اس بات کو جائز قرار دیا' وہ بیٹھ کر لوگوں کو نماز پڑھائے جبکہ لوگ کھڑے ہو کر نماز ادا کریں گے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: مجھے یہ بات پسند ہے' امام کے پہلو میں ایسا شخص کھڑا ہو جائے جو امام کی نماز کے بارے میں لوگوں کو آگاہ کرتا رہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے اصحاب کے نزدیک اُن کے حوالے سے منقول یہ روایت غریب ہے۔

امام ابن قاسم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے: کھڑے ہو کر نماز پڑھنے والا شخص بیٹھ کر نماز ادا کرنے والے کی پیروی میں فرض نماز یا نفل نماز ادا نہیں کر سکتا' البتہ بیٹھ کر نماز ادا کرنے والا شخص کھڑے ہو کر نماز ادا کرنے والے کی اقتداء میں نماز ادا کر سکتا ہے۔

وہ یہ فرماتے ہیں: کسی بھی شخص کے لیے یہ بات جائز نہیں ہے' وہ بیٹھ کر فرض یا نفل نماز میں کسی کی امامت کرے' اگر کسی شخص کو کوئی ایسی بیماری لاحق ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے وہ کھڑا نہیں ہو سکتا تو وہ کسی کو اپنا نائب مقرر کر دے (یعنی کوئی دوسرا شخص نماز پڑھا دے)۔

شیخ ابن قاسم نے دلیل کے طور پر یہ بات پیش کی ہے: امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے ربیعہ بن ابوعبدالرحمٰن کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے' آپ اس وقت بیمار تھے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بیٹھ گئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ امام تھے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نماز ادا کی' پھر بعد میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی: کسی بھی نبی کا اُس وقت تک وصال نہیں ہوا جب تک اُس کی امت کے کسی فرد نے اُسکی امامت نہیں کی۔

شیخ ابن قاسم کہتے ہیں: امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے: ہمارے نزدیک ربیعہ کے حوالے سے منقول اس حدیث پر عمل کیا جائے گا اور یہ روایت میرے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے۔

شیخ سحنون مالکی نے یہ بات بیان کی ہے: شیخ ابن قاسم نے اس روایت کو نقل کیا ہے' یہ روایت ''موطاً'' میں نہیں ہے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ امام تھے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتدی کے طور پر نماز ادا کی تھی' جبکہ ''موطاً'' میں اس کے برخلاف روایت منقول ہے' جس میں یہ مذکور ہے: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی پیروی کر رہے تھے اور لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نماز کی پیروی کر رہے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے تھے اور لوگ بھی کھڑے ہوئے تھے' جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے۔

شیخ ابومصعب نے اپنی مختصر میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے' وہ یہ فرماتے ہیں: بیٹھ کر نماز ادا کرنے والا شخص لوگوں کی امامت نہیں کرے گا' اگر وہ بیٹھ کر لوگوں کو نماز پڑھاتا ہے تو امام کی اور تمام مقتدیوں کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ (ایسا اس وقت ہو گا جب امام کسی عذر کے بغیر بیٹھ کر نماز پڑھاتا ہے)۔

وہ یہ فرماتے ہیں: اگر امام بیمار ہو تو امام کی نماز مکمل ہو جائے گی اور اس کے پیچھے نماز ادا کرنے والوں کی نماز فاسد ہو

Marfat.com

جائے گی۔

وہ یہ فرماتے ہیں: جو شخص کسی علت کے بغیر بیٹھ کر نماز ادا کرتا ہے تو وہ اپنی نماز دوبارہ ادا کرے گا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے منقول شیخ ابومصعب کی اس روایت کے مطابق جو شخص بیٹھ کر نماز ادا کرنے والے بیمار امام کی اقتداء میں کھڑا ہو کر نماز ادا کرتا ہے' اُس پر یہ لازم ہے' اُس نماز کے وقت کے دوران ہی اُس نماز کو دوبارہ ادا کر لے (یا اس نماز کا وقت گزر چکا ہو تو بھی دوبارہ ادا کر لے)۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے یہ بات بھی روایت کی گئی ہے: ان کے نزدیک مقتدی لوگ صرف نماز کے وقت کے دوران ہی اس کا اعادہ کریں گے' اگر (اس کا وقت گزر جاتا ہے تو اُن پر دوبارہ نماز ادا کرنا لازم نہیں ہوگا)

ویسے تو اللہ بہتر جانتا ہے' لیکن شاید اس کی دلیل وہ روایت ہے' جسے ہشام بن عروہ نے اپنے والد کے حوالے سے نقل کیا ہے: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی پیروی کر رہے تھے جو بیٹھ کر نماز ادا کر رہے تھے جبکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں کھڑے ہوئے تھے اور لوگ بھی قیام کی حالت میں نماز ادا کر رہے تھے اور وہ لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نماز کی پیروی کر رہے تھے۔

اور اس کی دلیل وہ روایت ہے جو موطأ میں منقول نہیں ہے' لیکن جسے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے ربیعہ کے حوالے سے نقل کیا ہے: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آگے کھڑے ہوئے تھے اور نبی اکرمؐ نے اُن کی اقتداء میں نماز ادا کی۔

تو جب امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اس بارے میں اختلاف کو دیکھا تو انہوں نے احتیاط کے پیش نظر نماز کے وقت کے دوران دوبارہ نماز ادا کرنے کی رائے کو اختیار کیا تاکہ امام اور مقتدی میں سے ہر ایک اپنے فرض کو اپنی حالت کے مطابق ادا کر لے۔

امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ نے (اپنی موطأ) میں اپنے مؤقف کی تائید میں اس باب میں وہ حدیث ذکر کی ہے' جسے شیخ ابومصعب نے نقل کیا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: میرے بعد کوئی بھی شخص بیٹھ کر امامت نہیں کر سکتا۔

اہلِ علم کے نزدیک یہ روایت مستند طور پر ثابت نہیں ہے کیونکہ اس روایت کو جابر جعفی نامی راوی نے شعبی کے حوالے سے مرسل روایت کے طور پر نقل کیا ہے اور جابر جعفی نامی راوی مستند نہیں ہے' اُن روایات میں بھی جن کو اُس نے ''مسند'' کے طور پر نقل کیا ہو تو جو روایت اس نے مرسل کے طور پر نقل کی ہو' اُس میں کیسے مستند ہو سکتا ہے۔

جہاں تک امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے اصحاب کا اس بارے میں قول ہے تو یہ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص کسی بیماری کی وجہ سے بیٹھ کر نماز ادا کرتا ہے اور وہ رکوع کرتا ہے اور سجدہ کرتا ہے اور وہ صرف اسی کی طاقت رکھتا ہے اور وہ ایسے لوگوں کو نماز پڑھاتا ہے جو کھڑے بھی ہو سکتے ہیں' رکوع بھی کر سکتے ہیں' سجدہ بھی کر سکتے ہیں تو ایسی صورت میں امام کی نماز جائز ہوگی اور مقتدیوں کی نماز باطل ہو گی لیکن اگر اُس کی اقتداء میں ایسا شخص موجود ہو جو بیٹھ کر نماز ادا کر رہا ہو' وہ کھڑا نہ ہو سکتا ہو تو اُسکا حکم بھی امام کے حکم کی طرح ہوگا' یعنی اُس کی نماز بھی جائز ہو گی لیکن' جو شخص ایسے امام کی اقتداء میں خواہ کھڑا ہو کر نماز ادا کر رہا ہو' یا بیٹھ کر نماز ادا کر رہا ہو اور وہ قیام کی طاقت بھی رکھتا ہو' ان سب کی نماز باطل ہو گی اور اُن پر یہ لازم ہوگا' وہ یہ نماز دوبارہ ادا کریں۔

Marfat.com

امام ابوحنیفہ' امام ابویوسف رحمہما اللہ یہ فرماتے ہیں: بیٹھ کر نماز ادا کرنے والے لوگوں کی نماز ایسے امام کے پیچھے جائز ہو گی۔

امام زفر رحمۃ اللہ علیہ بھی اس بات کے قائل ہیں۔

اس بارے میں امام ابوحنیفہ' امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ علیہم کی رائے متفق ہے: اگر امام کی ایسی حالت ہو کہ وہ صرف اشارہ کرنے کی قدرت رکھتا ہے' بیٹھنے' رکوع کرنے یا سجدہ کرنے کی قدرت نہ رکھتا ہو اور اس اشارہ کر کے نماز ادا کرنے والے امام کی اقتداء میں کچھ ایسے لوگ نماز ادا کریں جو کھڑے بھی ہو سکتے ہوں' رکوع بھی کر سکتے ہوں' سجدہ بھی کر سکتے ہوں تو ان لوگوں کی نماز جائز نہیں ہو گی' البتہ امام کی نماز جائز ہو جائے گی۔

امام زفر رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: اُن لوگوں کی بھی نماز جائز ہو جائے گی کیونکہ ان لوگوں نے اپنے فرض کے مطابق نماز ادا کی ہے اور امام نے اپنے فرض کے مطابق نماز ادا کی ہے۔

20- باب ذِكْرِ الصَّلاَةِ فِىْ اَعْطَانِ الْإِبِلِ وَمَرَاحِ الْغَنَمِ.

باب: اونٹوں کے باڑے اور بکریوں کے باڑے میں نماز ادا کرنا

1062- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِىُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الرَّبِيْعِ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ رُمَيْسٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الدَّقِيْقِىُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الرَّبِيْعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِىُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنْ يُصَلّٰى فِىْ اَعْطَانِ الْإِبِلِ وَرَخَّصَ اَنْ يُصَلّٰى فِىْ مَرَاحِ الْغَنَمِ .وَقَالَ ابْنُ صَاعِدٍ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنْ نُصَلِّىَ فِىْ مُرَاحَاتِ الْغَنَمِ وَنَهَانَا اَنْ نُصَلِّىَ فِىْ اَعْطَانِ الْإِبِلِ .

☆☆ عبدالملک بن ربیع اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے: اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کی جائے' البتہ آپ نے اس بات کی اجازت دی ہے: بکریوں کے باڑے میں نماز ادا کی جا سکتی ہے۔

ابن صاعد نامی راوی نے یہ الفاظ ادا کیے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہمیں یہ حکم دیا ہے: ہم بکریوں کے باڑے میں نماز ادا کریں اور آپ نے ہمیں اس بارے میں منع کیا ہے' ہم اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کریں۔

کن جگہوں پر نماز ادا کرنا منع ہے؟

اس موضوع پر تحقیق کرتے ہوئے حافظ ابن رُشد تحریر کرتے ہیں:

۱۰۶۲- اخرجه احمد (۳/ ۴۰۴، ۴۰۵) و(۵/ ۱۰۲)، والطبراني في (الكبير) (۷/ ۱۲۴) رقم (۶۵۴۴)، كلاهما من طريق يعقوب بهذا الاسناد- وينظر الحديث الآتي-

Marfat.com

واما المواضع التي يصلي فيها فان من الناس من اجاز الصلاة في كل موضع لا تكون فيه نجاسة ومنهم من استثنى من ذلك سبعة مواضع :المزبلة والمجزرة والمقبرة وقارعة الطريق والحمام ومعاطن الابل وفوق ظهر بيت الله ومنهم من استثنى من ذلك المقبرة فقط ومنهم من استثنى المقبرة والحمام ومنهم من كره الصلاة في هذه المواضع المنهي عنها ولم يبطلها وهو احد ما روى عن مالك وقد روى عنه الجواز وهذه رواية ابن القاسم .وسبب اختلافهم تعارض ظواهر الآثار في هذا الباب وذلك ان ههنا حديثين متفق على صحتهما وحديثين مختلف فيهما .فاما المتفق عليهما فقوله عليه الصلاة والسلام "اعطيت خمسا لم يعطهن احد قبلي وذكر فيها :وجعلت لي الارض مسجدا وطهورا فاينما ادركتني الصلاة صليت "وقوله عليه الصلاة والسلام "اجعلوا من صلاتكم في بيوتكم ولا تتخذوها قبورا "واما الغير المتفق عليهما فاحدهما ما روى "انه عليه الصلاة والسلام نهى ان يصلي في سبعة مواطن :في المزبلة والمجزرة والمقبرة وقارعة الطريق وفي الحمام وفي معاطن الابل وفوق ظهر بيت الله " خرجه الترمذي .والثاني ما روى انه قال عليه الصلاة والسلام "صلوا في مرابض الغنم ولا تصلوا في اعطان الابل "فذهب الناس في هذه الاحاديث ثلاثة مذاهب :احدهما مذهب الترجيح والنسخ والثاني مذهب البناء :اعني بناء الخاص على العام والثالث مذهب الجمع . فاما من ذهب مذهب الترجيح والنسخ فاخذ بالحديث المشهور وهو قوله عليه الصلاة والسلام "جعلت لي الارض مسجدا وطهورا "وقال هذا ناسخ لغيره لان هذه هي فضائل له عليه الصلاة والسلام وذلك مما لا يجوز نسخه .واما من ذهب مذهب بناء الخاص على العام فقال : حديث الاباحة عام وحديث النهي خاص فيجب ان يبنى الخاص على العام .فمن هؤلاء من استثنى السبعة مواضع ومنهم من استثنى الحمام والمقبرة وقال :هذا هو الثابت عنه عليه الصلاة والسلام لانه قد روى ايضا النهي عنهما مفردين .ومنهم من استثنى المقبرة فقط للحديث المتقدم .واما من ذهب مذهب الجمع ولم يستثن خاصا من عام فقال احاديث النهي محمولة على الكراهة والاول على الجواز

جہاں تک ان جگہوں کے احکام کا تعلق ہے جہاں نماز ادا کی جا سکتی ہے تو اس بارے میں بعض حضرات نے ہر جگہ پر نماز ادا کرنے کو جائز قرار دیا ہے یعنی وہ جگہ جہاں پر نجاست موجود نہ ہو جبکہ ان میں سے بعض نے سات مقامات کو مستثنیٰ قرار دیا ہے وہ یہ ہیں: کوڑا پھینکنے کی جگہ بوچڑ خانہ قبرستان راستے کا بلند حصہ حمام اونٹوں کا باڑا اور خانہ کعبہ کی چھت۔

ان میں سے بعض حضرات نے صرف قبرستان کو مستثنیٰ قرار دیا ہے۔

ل بداية المجتهد كتاب الصلاة الباب السادس

Marfat.com

ان میں سے بعض حضرات نے ان مقامات پر نماز کی ادائیگی کو مکروہ قرار دیا ہے البتہ اُن کے نزدیک نماز ہو جاتی ہے ایک روایت کے مطابق امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں جبکہ اُن سے دوسری روایت اس کے جواز سے نقل کی گئی ہے یہ روایت ابن قاسم نے نقل کی ہے۔

اس اختلاف کا بنیادی سبب یہ ہے اس بارے میں منقول روایات کے درمیان تردد پایا جاتا ہے دو احادیث ایسی ہیں جن کی صحت پر اتفاق پایا جاتا ہے اور دو احادیث ایسی ہیں جن کے مستند ہونے کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے جن روایات کے بارے میں اتفاق پایا جاتا ہے وہ یہ ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''مجھے پانچ چیزیں عطا کی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی کو نہیں دی گئی ہیں''۔

اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں اس بات کا تذکرہ کیا:

''میرے لیے تمام روئے زمین کو نماز ادا کرنے کی جگہ اور طہارت کے حصول کا ذریعہ بنا دیا گیا ہے تو جہاں کہیں نماز کا وقت ہو جائے گا میں نماز ادا کرلوں گا''۔

جبکہ دوسری روایت میں یہ الفاظ منقول ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اپنے گھروں میں بھی نماز ادا کیا کرو انہیں قبرستان نہ بناؤ''۔

جن روایات پر اتفاق نہیں پایا جاتا' اُن میں سے ایک وہ روایت ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سات مقامات پر نماز ادا کرنے سے منع کیا ہے:

''کوڑا پھینکنے کی جگہ' بوچڑ خانہ' قبرستان' راستے کا بلند حصہ' حمام' اونٹوں کا باڑا' خانہ کعبہ کی چھت''۔

اس حدیث کو امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے' جبکہ دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''بکریوں کے باڑے میں نماز ادا کرلیا کرو' البتہ اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا نہ کیا کرو''۔

تو فقہاء نے ان روایات کے بارے میں تین طرح کے مسلک اختیار کیے ہیں۔

بعض فقہاء نے ترجیح اور نسخ کا طریقہ اختیار کیا ہے' بعض نے خاص کو عام پر استوار کیا ہے اور بعض نے جمع اور تطبیق کے مسلک کو اختیار کیا ہے' جن حضرات نے نسخ اور ترجیح کا طریقہ اختیار کیا ہے' انہوں نے مشہور حدیث کو ترجیح دی ہے' جو یہ ہے:

''میرے لیے تمام روئے زمین نماز کے ادا کرنے کی جگہ اور طہارت کے حصول کا ذریعہ بنا دی گئی ہے''۔

انہوں نے اس روایت کو باقی تمام روایات کے لیے ناسخ قرار دیا ہے' کیونکہ یہ روایت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل سے تعلق رکھتی ہے اور اس روایت کو منسوخ تصور نہیں کیا جا سکتا۔

جن فقہاء نے خاص کو عام پر استوار کرنے کا طریقہ اختیار کیا ہے' انہوں نے یہ بات بیان کی ہے' حلت کے حکم سے متعلق روایت عام ہے' جبکہ ممانعت کے حکم سے متعلق حدیث مخصوص ہے اور خاص کو عام پر استوار کرنا لازم ہے تو ان میں سے

Marfat.com

ایک گروہ نے سات مقامات کو مستثنیٰ قرار دیا ہے جبکہ دوسرے گروہ نے صرف حمام' قبرستان کو مستثنیٰ قرار دیا ہے' اور یہ بات بیان کی ہے' نبی اکرم ﷺ سے صرف یہی ثابت ہے' کیونکہ ان دونوں کی ممانعت الگ' الگ طور پر منقول ہے' جبکہ ان میں بعض حضرات نے پہلے بیان کردہ روایت کی روشنی میں صرف قبرستان کو مستثنیٰ قرار دیا ہے۔

جن حضرات نے جمع اور تطبیق کا طریقہ اختیار کیا ہے' انہوں نے خاص کو عام سے مستثنیٰ تسلیم نہیں کیا' انہوں نے ممانعت کے حکم سے متعلق روایت کو کراہیت پر محمول کیا ہے اور پہلی قسم کی روایات کو جواز پر محمول کیا ہے۔

1063 - حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ قَالَا حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنِي عَمِّي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَلُّوْا فِي مَرَاحَاتِ الْغَنَمِ وَلَا تُصَلُّوْا فِي مَرَاحَاتِ الْإِبِلِ.

☆☆ عبدالملک بن ربیع اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: بکریوں کے باڑے میں نماز ادا کرلو' اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا نہ کرو۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالجبار بن علاء بن عبدالجبار عطار بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''248ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۶۶)(۷۹۴)۔

○ محمد بن عبداللہ بن حکم بن اعین مصری فقیہ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''گیارہویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''268ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۷۸)(۳۹۰)۔

○ حرملۃ بن عبدالعزیز بن سبرۃ، جہنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''آٹھویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۵۸)(۲۰۱)۔

1064 - حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَهَى اَنْ يُصَلَّى فِي اَعْطَانِ الْإِبِلِ وَكَانَ

۱۰۶۳- اخرجه البيهقي في (السنن الكبرى) (۲/ ۴۴۹) كتاب الصلوة: باب كراهية الصلوة في اعطان الابل دون مراح الغنم: من طريق محمد بن عبد الله بن عبد الحكم بهذا الاسناد- واخرجه الطبراني في (الكبير) (۷/ ۱۲۴) رقم (۶۵۴۳) من طريق الحميدي عن حرملة بهذا الاسناد- وينظر الحديث الآتي-

۱۰۶۴- اخرجه ابن ابي شيبة (۱/ ۳۸۵)؛ وابن ماجه (۱/ ۲۵۳) كتاب المساجد والجماعات: باب الصلوة في اعطان الابل ومراح الغنم: حديث (۷۷۰)؛ والطبراني في (الكبير) (۷/ ۱۲۵) رقم (۶۵۴۵) من طريق زيد بن الحباب: بهذا الاسناد-

Marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يُصَلِّیْ فِیْ مَرَاحَاتِ الشَّاءِ.

☆☆ عبدالملک بن ربیع اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے: اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کی جائے' نبی اکرم ﷺ خود بکریوں کے باڑے میں نماز ادا کرلیا کرتے تھے۔

21-باب اِعَادَةِ الصَّلَاةِ فِیْ جَمَاعَةٍ.

باب: پہلے پڑھی ہوئی نماز' جماعت کے ساتھ دوبارہ پڑھنا

1065- حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِیُّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَزِيْدَ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيْسٰی حَدَّثَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ السَّائِبِ الطَّائِفِیُّ عَنْ نُوْحِ بْنِ صَعْصَعَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا جِئْتَ اِلَی الصَّلَاةِ فَوَجَدْتَ النَّاسَ يُصَلُّوْنَ فَصَلِّ مَعَهُمْ فَاِنْ كُنْتَ قَدْ صَلَّيْتَ تَكُوْنُ لَكَ نَافِلَةً وَّهٰذِهِ مَكْتُوْبَةٌ.

☆☆ حضرت یزید بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے یہ ارشاد فرمایا: جب تم نماز کے لیے (مسجد میں آؤ) اور لوگوں کو نماز ادا کرتے ہوئے پاؤ تو ان کے ساتھ نماز ادا کرو' اگر تم پہلے ہی وہ نماز ادا کر چکے ہو تو وہ نماز تمہارے لیے نفل ہو جائے گی اور یہ فرض شمار ہوگی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسماعیل بن یزید بن حریب ابن قطان ابی احمد، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''60ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: اللسان (۱/۵۵۹) (۱۳۹۲)۔

○ سعید بن سائب بن یسار ثقفی طائی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''ساتویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''171ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۹۶) (۱۷۳)۔

○ نوح بن صعصعہ مکی، مستور، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''چوتھے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۰۸) (۱۶۷)۔

۱۰۶۵- اخرجه ابو داؤد (۱/۱۵۷-۱۵۸) كتاب الصلوة' باب في الجمع في المسجد مرتين' حديث (۵۷۷): حدثنا قتيبة' ثنا معن' بهذا الاسناد - ومن طريق ابي داؤد اخرجه البيهقي في (السنن الكبرى) (۲/۳۰۲) كتاب الصلوة' باب من قال: (الثانية فريضة) - وقال النووي في (الخلاصة): اسناده ضعيف - وينظر: (نصب الراية) (۲/۱۵۰)-

Marfat.com

پہلے ادا کی ہوئی نماز کو جماعت کے ساتھ دوبارہ پڑھنے کا حکم

اگر کوئی شخص تنہا نماز ادا کر چکا ہو اور بعد میں اُسے باجماعت نماز مل جائے تو اس کا حکم کیا ہوگا۔

تو اس بارے میں ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں:

فقہاء کا اس بارے میں اتفاق پایا جاتا ہے جو شخص تنہا نماز ادا کر چکا ہو' اب اس کو جماعت مل جائے اب وہ جماعت کے ساتھ نماز ادا کر لے گا' اس کی دوسری نماز نفل شمار ہوگی۔ اس کی دلیل یزید بن اسود کی نقل کردہ مذکورہ بالا حدیث ہے۔ جس سے یہ حکم ثابت ہے۔ ایک دوسری حدیث میں یہ بات منقول ہے۔ ایک دفعہ ایک شخص مسجد میں آیا' نبی اکرم ﷺ نماز ادا کر چکے تھے' آپ نے فرمایا: کون شخص ہے جو نیکی کرے اور اس شخص کے ساتھ نماز ادا کر لے تو ایک آدمی اُٹھا اور جا کر اس شخص کے ساتھ نماز ادا کر لی۔

احناف کے نزدیک جو شخص تنہا نماز ادا کر چکا ہو' اس کے لیے باجماعت نماز ادا کرنا جائز ہے' دوسری نماز اُس کے لیے نفل ہو جائے گی' انہوں نے اپنے مؤقف کی تائید میں یزید بن اسود کی نقل کردہ روایت پیش کی ہے۔ جو فرض کی ادائیگی کی صورت میں گزر چکی ہے۔ یہ بات مذکور ہے' دو آدمیوں نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ظہر کی نماز ادا نہیں کی تھی' وہ صف کے آخر میں بیٹھے ہوئے تھے' نبی اکرم ﷺ نے ان سے یہ فرمایا تھا: جب تم اقامت گاہ میں یہ نماز ادا کر چکے ہو' پھر تم مسجد میں آؤ اور اس وقت جماعت کا وقت ہو چکا ہو تو نماز ادا کر لو' یہ نماز تمہارے لیے نفل ہو جائے گی' تو جب دوسری نماز نفل قرار دی جائے گی تو اس سے نفل کے احکام دیئے جائیں گے' اس لیے اس اعتبار سے نماز کو دوبارہ پڑھنا مکروہ ہوگا کیونکہ عصر کی نماز کے بعد نوافل ادا کرنا مکروہ ہوتا ہے۔

اگر امام جماعت کے ساتھ نماز ادا کر رہا ہو اور جماعت میں تین سے زائد لوگ ہوں تو اس کے پیچھے نفل کی نیت سے کھڑے ہونا مکروہ ہوگا' اگر تین سے زائد لوگ نہیں ہیں اور اذان کے بغیر نوافل ادا کیے جا رہے ہیں تو یہ مکروہ نہیں ہوگا' لیکن اگر اذان دے کر نوافل کا ارادہ کیا جا رہا ہے تو یہ مطلق طور پر مکروہ ہوگا' اگر امام فرض پڑھ رہا ہو تو اس کی ابتداء میں نفل پڑھنا مکروہ نہیں ہوگا۔

فقہاء مالکیہ کے نزدیک نماز ادا کر لے' وہ اسے دوبارہ ادا نہیں کرے گا البتہ تین مساجد کا حکم مختلف ہے (مسجد حرام' مسجد نبوی' مسجد اقصیٰ) اگر وہ ان میں سے کسی مسجد میں داخل ہوتا ہے تو اس کے لیے نماز دوبارہ پڑھنا مستحب ہوگا' لیکن جو شخص پہلے تنہا نماز ادا کرتا ہے' اس کے بعد اس نماز کو دوبارہ جماعت کے ساتھ پڑھنا جائز ہے' لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے: اس جماعت میں دو یا دو سے زیادہ افراد موجود ہوں' اگر جماعت میں صرف ایک شخص ہو تو ایسا کرنا جائز نہیں ہوگا' البتہ اگر ایک شخص مستقل امام ہو تو اس کے ساتھ نماز ادا کرنا جائز ہوگا' اس کی وجہ یہ ہے' مستقل امام کی حیثیت جماعت کی طرح ہوتی ہے۔

مغرب کی نماز کے علاوہ ہر ایک نماز کو اس طرح ادا کیا جا سکتا ہے۔

وتر ادا کرنے کے بعد عشاء کی نماز کو دوبارہ ادا نہیں کیا جا سکتا۔

جماعت کا ثواب لینے کے لیے ایسی صورت میں جماعت کے ساتھ عشاء کی نماز ادا کرنا حرام ہوگا۔

Marfat.com

اسی طرح مغرب کی نماز کو بھی ادا نہیں کرے گا' کیونکہ مغرب کی نماز میں تین رکعت ہوتی ہیں' تو پہلی تین رکعت کے ساتھ مل کر جفت ہو جائیں گی' کیونکہ دہرائی جانے والی نماز نوافل کے حکم میں ہے اور عشاء کی نماز وتر سے پہلے دہرائی جاسکتی ہے' وتر کے بعد دہرائی نہیں جاسکتی کیونکہ اگر وہ وتر کو بھی دہرا لیتا ہے تو اس کے نتیجے میں نبی اکرم ﷺ کے حکم کی خلاف ورزی ہو جائے گی' ایک ہی رات میں دو مرتبہ وتر ادا نہیں کیے جاسکتے اور اگر وہ شخص وتر کو دہراتا نہیں ہے تو نبی اکرم ﷺ کے دوسرے فرمان کی خلاف ورزی ہو جائے گی' آپ ﷺ نے یہ فرمایا ہے: رات کی نماز میں سب سے آخر میں وتر ادا کرو۔

ہر وہ شخص جو اکیلے نماز ادا کر چکا ہو' اس کے لیے اس طرح سے دوبارہ نماز ادا کرنا جائز ہے' البتہ اگر کوئی شخص مذکورہ بالا تین مساجد میں کسی ایک مسجد میں تنہا نماز ادا کر چکا ہو تو ان مساجد سے باہر جاکر کسی اور جماعت کے ساتھ اس نماز کو دوبارہ ادا نہیں کرے گا' البتہ ان مساجد کے اندر جماعت کے ساتھ وہ دوبارہ ان نمازوں کو ادا کر سکتا ہے۔

اگر وہ مقتدی ہو گا تو دوبارہ ادا کرے گا لیکن اگر وہ امام ہو گا تو دوبارہ ادا کرنا درست نہیں ہو گا جیسا کہ احناف اسی بات کے قائل ہیں۔

فرض نماز کو ادا کرنے والا اس بات کی نیت کرے گا کہ یہ معاملہ اللہ کے سپرد ہے' وہ ان میں سے جسے چاہے فرض کے طور پر قبول کرلے' شوافع اس بات کے قائل ہیں' کوئی شخص جو تنہا نماز ادا کر چکا ہو اور جو صحیح قول کے مطابق جماعت کے ساتھ نماز ادا کر چکا ہو' اُن کے لیے بھی اس نماز کو دوبارہ ادا کرنا مسنون ہو گا' فرض کو دوبارہ فرض کی نیت سے ادا کرے گا۔

خواہ وہ دوسری جماعت اکیلے نمازی کے ساتھ ہو یا جماعت کے ساتھ ہو' جو اُس وقت کے اندر ادا کی جارہی ہو۔

1066 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْاَسَدِيُّ حَدَّثَنَا اَبِى حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلاً جَاءَ وَقَدْ صَلّٰى رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَامَ يُصَلِّىْ وَحْدَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ يَّتَّجِرُ عَلٰى هٰذَا فَلْيُصَلِّىْ مَعَهُ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص آیا' نبی اکرم ﷺ اس وقت نماز ادا کر چکے تھے' وہ شخص اُٹھ کر تنہا نماز ادا کرنے لگا تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کون شخص اس کے ساتھ تعاون کرے گا؟ وہ اس کے ساتھ (دوبارہ) یہ نماز ادا کرے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمر بن محمد بن حسن بن زبیر اسدی - کوفی' علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے "گیارہویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال "250ھ" میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب

۱۰۶۶- اخرجه الطبراني في (الاوسط) (۸/ ۱۴۰-۱۴۱) رقم (۷۲۸۲): حدثنا محمد بن العباس الاخرم' قال: حدثنا عمر بن محمد بن الحسن' بهذا الاسناد - وقال الطبراني: لم يروه عن حماد الا محمد بن الحسن الاسدي - وذكره الهيثمي في (المجمع) (۲/ ۴۹) وقال: رواه الطبراني في الاوسط' وفيه محمد بن الحسن' فان كان ابن زبالة فهو ضعيف- قلت: هو محمد بن الحسن ابن الزبير الاسدي' وهو صدوق' فيه لين- ينظر: التقريب (۲/ ۱۵۵)- والحديث ذكره الزيلعي في (نصب الراية) (۲/ ۵۷-۵۸) من طريق الدارقطني' وقال: (و سنده جيد)-

Marfat.com

التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۲/۲)(۵۰۴)۔

○ محمد بن حسن بن زبیر اسدی کوفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''نویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''200ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۵۴/۲)(۱۳۹)۔

1067- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ عِيْسٰى الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ الصَّدَفِيُّ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْمُخْتَارِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهِبٍ عَنْ عِصْمَةَ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَدْ صَلَّى الظُّهْرَ وَقَعَدَ فِي الْمَسْجِدِ اِذْ دَخَلَ رَجُلٌ يُصَلِّيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلَا رَجُلٌ يَقُوْمُ فَيَتَصَدَّقُ عَلٰى هٰذَا فَيُصَلِّيْ مَعَهُ .

☆☆ حضرت عصمہ بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز ادا کر لینے کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے' اسی دوران ایک شخص اندر آیا اور نماز ادا کرنے لگا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا کوئی شخص اٹھ کر اس کے ساتھ بھلائی کرے گا کہ وہ اس کے ساتھ نماز ادا کرے؟

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسحاق بن داؤد بن عیسیٰ، ابو یعقوب شعرانی مروزی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''261ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۷۴/۶)(۳۴۰۳)۔

22-باب فِيْ ذِكْرِ الْجَمَاعَةِ وَاَهْلِهَا وَصِفَةِ الْاِمَامِ.

باب: جماعت' اس کے اہل کا تذکرہ اور امام کی صفت

1068- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ النَّطَّاحِ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَبِيْبِ بْنِ نَدَبَةَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ الْمَكِّيُّ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدَبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِذَا كَانَ اثْنَانِ صَلَّيَا مَعًا فَاِذَا كَانُوْا ثَلَاثَةً تَقَدَّمَ اَحَدُهُمْ .

١٠٦٧-اخرجه الطبراني في (الكبير) (١٨١/١٧) رقم (٤٧٩) من طريق خالد بن عبد السلام الصدفي بهذا الاسناد' وذكره الهيثمي في (مجمع الزوائد) (٤٩/٢)' وقال: رواه الطبراني في (الكبير)' اسناده ضعيف' ولا يصح عن عصمة حديث- اه- وذكره الزيلعي في (نصب الراية) (٥٨/٢) من طريق الدارقطني ايضا' وقال: وهو ضعيف بالفضل بن المختار- قال ابن عدي: الفضل بن المختار احاديثه منكرة- وقال ابو حاتم الرازي: مجهول' واحاديثه منكرة' يحدث بالاباطيل-

١٠٦٨-اخرجه الترمذي (٤٥٢/١-٤٥٣) كتاب الصلوة' باب ما جاء في الرجل يصلي مع الرجلين' حديث (٢٣٣) من طريق اسماعيل بن مسلم المكي بهذا الاسناد- وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب- قلت: وفيه نظر: اسماعيل بن مسلم المكي ضعفه غير واحد- وقال الحافظ في (التقريب) (٧٤/١): ضعيف' والحسن البصري مدلس' وقد عنعنه- وفي سماعه من سمرة فيه خلاف كبير' فقد اثبته بعضهم' ونفاه آخرون-

Marfat.com

☆☆ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے: جب دو آدمی ہوں تو وہ ایک ساتھ کھڑے ہو کر نماز ادا کرلیں اور اگر تین ہوں تو پھر اُن میں سے ایک آگے ہو جائے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ خالد بن عبد السلام بن خالد بن یزید صدفی، ابو یحییٰ مصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۳/۳۴۲) (۱۵۴۵)۔

دو آدمیوں کا باجماعت نماز ادا کرنا

دو آدمیوں کے باجماعت نماز ادا کرنے کا طریقہ کیا ہوگا' اس کے بارے میں فقہاء کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں:

اقل الجماعة اثنان :امام ومأموم ولو مع صبي عند الشافعية والحنفية (1) ، ولا تنعقد الجماعة مع صبي مميز عند المالكية والحنابلة (2) ؛ لكن عند الحنابلة في فرض لانفل فتصح به؛ لان الصبي لا يصلح امامًا في الفرض، ويصح ان يؤم صغيرًا في نفل؛ لان النبي صلّى الله عليه وسلم امّ ابن عباس، وهو صبي في التهجد.

ودليلهم على اقل الجماعة :قوله صلّى الله عليه وسلم :الاثنان فما فوقها جماعة (3).

''کم از کم دو افراد باجماعت نماز ادا کر سکتے ہیں جن میں سے ایک امام ہوگا اور دوسرا مقتدی ہوگا' احناف اور شوافع کے نزدیک وہ مقتدی بچہ بھی ہو تو بھی نماز درست ہوگی' جبکہ فقہاء مالکیہ و حنابلہ کے نزدیک بچے کو امام مقرر نہیں کیا جا سکتا' تاہم حنابلہ سے یہ بات منقول ہے: اُن کے نزدیک بچے کے اقتداء میں فرض نماز ادا نہیں کی جا سکتی' نوافل ادا کیے جا سکتے ہیں' اسی طرح نفل نماز میں بچے کو مقتدی بنانا جائز ہے' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تہجد کی نماز میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی امامت کی تھی۔

کم از کم دو افراد کی نماز باجماعت درست ہونے کی دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''دو اور اُس سے زیادہ افراد جماعت ہوتے ہیں''۔

اس مسئلے کے فروعی احکام

اس بارے میں فروعی احکام کی وضاحت کرتے ہوئے فتاویٰ عالمگیری کے مرتب تحریر کرتے ہیں:

(1) الدرالمختار 517/1 :، المجموع 93/4 :ومابعدہا، مغنی المحتاج 229/1 :،233، البدائع 156/1 :

(2) کشاف القناع 532/1، المغنی 178/1 :، الشرح الکبیر 321/1 :، الشرح الصغیر 427/1 :ومابعدہا.

(3) رواه ابن ماجه والحاكم والبيهقي والعقيلي عن ابي موسى الاشعري .واخرجه البيهقي عن انس، واخرجه الدارقطني عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده، ورواه ابن عدي من حديث الحكم بن عميرة، وكلها ضعيفة (نصب الراية 198/2 :).

لے الفقه الاسلامي وادلته' الفصلُ العاشر :انواعُ الصَّلاة

Marfat.com

اذَا كَانَ مَعَ الْإِمَامِ رَجُلٌ وَاحِدٌ اَوْ صَبِيٌّ يَعْقِلُ الصَّلَاةَ قَامَ عَنْ يَمِينِهِ وَهُوَ الْمُخْتَارُ وَلَا يَتَاَخَّرُ عَنِ الْإِمَامِ فِي ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ.

هَكَذَا فِي الْمُحِيطِ وَلَوْ وَقَفَ عَلَى يَسَارِهِ جَازَ وَقَدْ اَسَاءَ.

كَذَا فِي مُحِيطِ السَّرَخْسِيِّ وَلَوْ وَقَفَ خَلْفَهُ جَازَ وَلَمْ يَذْكُرْ مُحَمَّدٌ الْكَرَاهِيَةَ نَصًّا وَاخْتَلَفَ الْمَشَايِخُ فِيهِ قَالَ بَعْضُهُمْ :يُكْرَهُ هُوَ الصَّحِيحُ.

هَكَذَا فِي الْبَدَائِعِ وَإِذَا كَانَ مَعَهُ اثْنَانِ قَامَا خَلْفَهُ وَكَذَلِكَ اذَا كَانَ اَحَدُهُمَا صَبِيًّا وَإِنْ كَانَ مَعَهُ رَجُلٌ وَامْرَاَةٌ اَقَامَ الرَّجُلُ عَنْ يَمِينِهِ وَالْمَرْاَةُ خَلْفَهُ وَإِنْ كَانَ رَجُلَانِ وَامْرَاَةٌ اَقَامَ الرَّجُلَيْنِ خَلْفَهُ وَالْمَرْاَةُ وَرَاءَهُمَا وَإِنْ كَانَ مَعَهُ رَجُلَانِ وَقَامَ الْإِمَامُ وَسَطَهُمَا فَصَلَاتُهُمْ جَائِزَةٌ.

اگر امام کے ساتھ ایک شخص موجود ہو یا ایک (نابالغ) لڑکا موجود ہو جو نماز کو سمجھتا ہو تو وہ مقتدی امام کے دائیں طرف کھڑا ہو یہی مختار ہوگا' ظاہر الروایت کے مطابق وہ شخص امام کے پیچھے کھڑا نہیں ہوگا۔

المحیط نامی کتاب میں اسی طرح تحریر ہے۔

اگر وہ شخص امام کے بائیں طرف کھڑا ہو جاتا ہے تو یہ بھی جائز ہے لیکن یہ غلط ہے۔''محیط سرخسی'' میں اسی طرح تحریر ہے۔

اگر وہ امام کے پیچھے کھڑا ہو جاتا ہے تو یہ بھی جائز ہے' کیونکہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے لفظی طور پر اس کے کمزور ہونے کی صراحت نہیں کی ہے۔

فقہاء کے درمیان اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے' بعض حضرات نے اسے مکروہ قرار دیا ہے اور یہی درست ہے' جیسا کہ ''البدائع'' میں تحریر ہے۔

اگر امام کے علاوہ دو افراد ہوں' تو وہ امام کے پیچھے کھڑے ہوں گے' اگر اُن میں سے ایک بچہ ہو تو بھی وہ اسی طرح کھڑے ہوں گے۔

اگر امام کی اقتداء میں ایک مرد اور ایک عورت ہوں تو مرد امام کے دائیں طرف کھڑا ہوگا اور خاتون امام کے پیچھے کھڑی ہوگی۔

اگر امام کی اقتداء میں دو مرد اور ایک خاتون ہوں تو امام دونوں مردوں کو اپنے پیچھے کھڑا کرے گا اور خاتون ان دونوں کے پیچھے کھڑی ہوگی۔

اگر امام کے ساتھ دو آدمی ہوں اور امام اُن دونوں کے درمیان میں کھڑا ہو جائے تو بھی ان لوگوں کی نماز جائز ہوگی۔

صاحبِ ہدایہ کا بیان

ومن صلى مع واحد اقامه عن يمينه لحديث ابن عباس رضي الله عنهما فانه عليه الصلاة

ل الفتاوی الهندیه' كِتَابُ الصَّلَاةِ الْفَصْلُ الْخَامِسُ فِي بَيَانِ مَقَامِ الْإِمَامِ وَالْمَأْمُومِ

Marfat.com

والسلام به واقامه عن يمينه ولاى يتاخر عن الامام وعن محمد رحمه الله انه يضع اصابعه عند عقب الامام والاول هو الظاهر فان صلى خلفه او في يساره جاز وهو مسيء لانه خالف السنة وان ام اثنين تقدم عليهما وعن ابي يوسف رحمه الله يتوسطهما ونقل ذلك عن عبد الله بن مسعود رضي الله عنه

ولنا انه عليه الصلاة والسلام تقدم على انس واليتيم حين صلى بهما فهذا للافضلية والاثر دليل الاباحة

صاحب ہدایہ تحریر کرتے ہیں: جو شخص ایک شخص کے ساتھ نماز ادا کرے گا' وہ امام کے دائیں طرف کھڑا ہوگا' اس کی دلیل حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی نقل کردہ وہ روایت ہے' نبی اکرم ﷺ کے ساتھ انہوں نے نماز ادا کی تھی تو وہ نبی اکرم ﷺ کے دائیں جانب کھڑے ہوئے تھے۔

ایسا شخص امام سے کچھ پیچھے ہوئے کھڑا ہوگا۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے یہ روایت منقول ہے: وہ یہ فرماتے ہیں: ایسا شخص اپنی انگلیاں امام کی ایڑی کے قریب رکھے گا' تاہم پہلا قول ظاہر ہے' اگر وہ شخص امام پیچھے کھڑا ہو کر یا امام کے یا اس کے بائیں طرف کھڑا ہو کر نماز ادا کر لیتا ہے تو وہ بھی جائز ہو گا' تاہم ایسا کرنا غلط ہوگا کیونکہ اس شخص نے سنت کی خلاف ورزی کی ہے'

اگر امام دو آدمیوں کو نماز پڑھاتا ہے تو وہ اُن دونوں سے آگے ہو کر کھڑا ہوگا' امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ سے یہ روایت منقول ہے: وہ ان دونوں آدمیوں کے درمیان کھڑا ہوگا۔

امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ سے یہ بات روایت ہے' وہ ان دونوں کے درمیان کھڑا ہوگا۔ امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ سے یہ روایت ہے' وہ ان دونوں کے درمیان کھڑا ہوگا۔

اگرچہ بات حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی نقل کی گئی ہے' تاہم ہماری دلیل یہ روایت ہے: نبی اکرم ﷺ حضرت انس رضی اللہ عنہ یتیم لڑکے کے آگے کھڑے ہوتے تھے' جب آپ ﷺ نے ان دونوں کو نماز پڑھائی تھی' اور یہ بات زیادہ فضیلت ظاہر کرتی ہے۔

1069 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْبَغَوِيُّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ جُمَيْعٍ عَنْ اُمِّهِ عَنْ اُمِّ وَرَقَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَذِنَ لَهَا اَنْ يُؤَذَّنَ لَهَا وَيُقَامَ وَتَؤُمَّ نِسَاءَ هَا .

☆☆ سیدہ اُم ورقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے انہیں یہ اجازت دی تھی' اُن کے لیے اذان دی جائے اور اُن کے لیے اقامت کہی جائے اور وہ خواتین کی امامت کریں (یعنی انہیں باجماعت نماز پڑھائیں)۔

ل الهدايه شرح بداية المبتدى' كتاب الصلاة باب الامامة

١٠٦٩- اخرجه ابو داؤد (١/١٦١) كتاب الصلوة' باب امامة النساء' حديث (٥٩١) من طريق الوليد بن جميع قال: حدثتني جدتي' وعبد الرحمن بن خلاد الانصاري عن ام ورقة بنت نوفل' به- واخرجه الحاكم (١/٢٠٣) من طريق الوليد عن ليلى بنت مالك' وعبد الرحمن بن خلاد عن ام ورقة' ومن طريقه البيهقي في (السنن الكبرى) (٢/١٣١) كتاب الصلوة' باب اثبات امامة المراة- وقال الحاكم: قد احتج

Marfat.com

مسلم بالولید بن جمیع وھذہ سنۃ غریبۃ لا اعرف فی الباب حدیثا غیر ھذا-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ فضل بن مختار ابو سہل بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''منکر الحدیث'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: اللسان (۵۳۱/۴) (۶۶۳۴)۔

○ عبید اللہ بن عبد اللہ بن موہب، ابو یحییٰ تیمی مدنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''106ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۳۵/۱) (۱۴۷۲)۔

خواتین کی باجماعت نماز کا حکم

خواتین کے باجماعت نماز ادا کرنے کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے صاحب ہدایہ تحریر کرتے ہیں:

صرف خواتین کا باجماعت نماز ادا کرنا مکروہ ہے' کیونکہ اس صورت میں ان سے کوئی بھی حرمت والا کام سرزد ہو سکتا ہے' یعنی امام کو صف کے درمیان میں کھڑا کرنا تو یہ مکروہ ہو گا جس طرح برہنہ لوگوں کے لیے ہے لیکن اگر وہ خواتین ایسا کر لیتی ہیں (یعنی صرف خواتین باجماعت نماز ادا کرتی ہیں) تو ان کی امام ان کے درمیان میں کھڑی ہو گی' اس کی دلیل یہ ہے: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ایسا ہی کیا تھا' اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے باجماعت نماز ادا کرنے کو ابتدائے اسلام کے دور پر محمول کیا جائے گا' اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے' خاتون امام کو آگے کرنے سے بے پردگی کا زیادہ امکان ہے۔

شارح ہدایہ امام کمال الدین ابن ہمام کی وضاحت

صاحب ہدایہ کی اس عبارت پر بحث کرتے ہوئے ہدایہ کے شارح کمال الدین ابن ہمام تحریر کرتے ہیں:

(متن کے یہ الفاظ) ان کے فعل کو ابتدائے اسلام پر محمول کیا جائے گا۔ (ابن ہمام کہتے ہیں:) ''المبسوط'' نامی کتاب میں اسی طرح تحریر ہے۔ شیخ سروج نے اس کے بعد یہ تحریر کیا ہے: نبی اکرم ﷺ نے اعلانِ نبوت کے بعد مکہ مکرمہ میں تیرہ برس قیام کیا' جیسا کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو نقل کیا ہے' پھر اس کے بعد آپ نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی اور ان کی رخصتی مدینہ منورہ میں ہوئی' اس وقت ان کی عمر نو برس تھی۔ وہ نو برس نبی اکرم ﷺ کے ساتھ رہیں تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا خواتین کی امامت اسی وقت کریں گی جب وہ بالغ ہو چکی ہوں' تو پھر یہ ابتدائے اسلام پر کیسے محمول ہو سکتا ہے' البتہ یہ کہا جا سکتا ہے: یہ حکم منسوخ ہو چکا ہو اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ کام اس وقت کیا ہو جب خواتین باجماعت نماز ادا کرنے کے لیے وہاں آ گئی ہوں۔ اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ نبی اکرم ﷺ کی شادی کرنے کے حوالے سے جو بات انہوں نے نقل کی ہے' اس میں کچھ خلل پایا جاتا ہے۔ یعنی کلام کو اس صورتِ حال پر محمول کرنا کہ یہ ابتدائے اسلام کے بارے میں تھا' اس بنیاد پر کہ اب یہ حکم منسوخ ہو چکا ہے' خلل یہ ہے: ''المستدرک'' نامی کتاب میں یہ بات مذکور ہے: سیدہ عائشہ اذان بھی دلوایا کرتی تھیں' اقامت بھی کہلوایا کرتی تھیں اور خواتین کی امامت بھی کرتی تھیں اور

Marfat.com

ان کے درمیان میں کھڑی ہوا کرتی تھیں۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب الآثار میں یہ بات منقول ہے: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ یہ بات نقل کی ہے: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا رمضان کے مہینے میں خواتین کی امامت کیا کرتی تھیں اوران کے درمیان میں کھڑی ہوا کرتی تھیں۔

یہ بات تو طے ہے' تراویح کی نماز کو باجماعت ادا کرنے کا رواج نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال ظاہری کے بعد شروع ہوا تھا' اسی طرح امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے سیدہ اُم ورقہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ بدر میں تشریف لے جانے لگے تو اس خاتون نے آپ کی خدمت میں عرض کی' یا رسول اللہ! آپ مجھے بھی جنگ میں اپنے ساتھ شریک ہونے کی اجازت دیں' میں آپ کے زخمیوں کی تیمارداری کروں گی' ہوسکتا ہے' اللہ تعالیٰ مجھے بھی شہادت نصیب کردے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے گھر میں ٹھہری رہو' اللہ تعالیٰ تمہیں شہادت نصیب کردے گا' تو اس خاتون کو''شہیدہ'' کہا جاتا تھا۔ وہ خاتون قرآن پڑھا کرتی تھیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بات کی اجازت لی کہ وہ اپنے گھر میں ایک مؤذن مقرر کریں جو ان کے لیے اذان دے دیا کرے۔ راوی بیان کرتے ہیں: اس خاتون نے اپنے ایک غلام اور ایک کنیز کو مدبر کردیا تو ان دونوں نے مل کر رات کے وقت چادر کے ذریعے اس خاتون کا گلہ گھونٹ کر اسے قتل کردیا' اس عورت کا انتقال ہوگیا اور وہ دونوں مجرم فرار ہوگئے (یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت کی بات ہے)' اگلے دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ لوگوں کے درمیان کھڑے ہوئے اور ارشاد فرمایا: جس کسی کے پاس ان دونوں کے بارے میں علم ہو' یا جس کسی نے انہیں دیکھا ہو وہ ان دونوں کو پکڑ کر لے آئے (انہیں پکڑ کے لایا گیا) تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حکم کے تحت ان دونوں کو مصلوب کیا گیا' مدینہ منورہ میں مصلوب کیے جانے والے یہ دونوں پہلے افراد تھے۔

اسی طرح انہوں نے اپنی سند کے ساتھ یہ روایت بھی نقل کی ہے جس میں یہ الفاظ ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس خاتون کے ہاں جایا کرتے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کے لیے مؤذن مقرر کیا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو ہدایت کی تھی' وہ اہلِ محلہ کی (خواتین کی) امامت کیا کرے۔

عبدالرحمٰن نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: میں نے اس خاتون کے مؤذن کو دیکھا تھا جو بوڑھا ہو چکا تھا۔

تو یہ تمام روایات اس بات کی نفی کرتی ہیں' خواتین کی باجماعت نماز ادا کرنے کا حکم منسوخ ہو چکا ہے۔

دوسری روایت میں ولید بن جمیع اور عبدالرحمٰن بن خالد انصاری نامی راوی ہیں' جن کے بارے میں یحییٰ بن سعید القطان نے یہ کہا ہے: اُن کے بارے میں کوئی پتہ نہیں ہے' تاہم امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا تذکرہ کتاب ''الثقات'' میں کیا ہے۔

اس کا یہ جواب دیا جا سکتا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس خاتون کے ہاں تشریف لے جانا (یعنی اس خاتون کا یہ طرزِ عمل) نسخ کے حکم سے پہلے کا ہو۔

روایت کے یہ الفاظ: وہ خاتون رمضان کے مہینے میں امامت کیا کرتی تھیں' اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ تراویح کی نماز پڑھایا کرتی تھیں۔

روایت کے یہ الفاظ: ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لیے مؤذن مقرر کیا تھا اور اسے یہ ہدایت کی تھی کہ وہ امامت کیا کرے'' اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ خاتون نبی کرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصالِ ظاہری تک لوگوں کی امامت کرتی رہی۔

Marfat.com

جہاں تک اس روایت کا تعلق ہے جسے امام عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں: عورت دیگر خواتین کی امامت کر سکتی ہے وہ ان کے درمیان میں کھڑی ہوگی۔

تو یہ اس بات کا تقاضا نہیں کرتا کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو اس بات کا علم تھا کہ اس حکم کا مشروع ہونا بھی باقی ہے کیونکہ اس بات کا امکان موجود ہے ان کی مراد یہ ہو: وہ اس بات کو واضح کریں کہ ایسی صورت میں عورت کو کھڑے کہاں ہونا ہے یا یہ ہو سکتا ہے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو اس کے نسخ کا علم نہ ہو سکا ہو۔

لیکن اب یہاں یہ بحث باقی رہ جاتی ہے اس کا ناسخ کون سی چیز ہوگی کیونکہ اس کے لیے کوئی ناسخ دلیل موجود ہونی چاہیے تو اس کے نسخ کے حوالے سے صرف وہی روایت نقل کی جاتی ہے جسے امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے اور امام ابن خزیمہ رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:)

یا پھر یہ وہ سکتا ہے' ہم یہاں یہ مراد لیں کہ اس سے مراد یہ ہے' زجر و توبیخ کی جائے اور انکار کے اظہار کے طور پر انسان کے اس فعل کو کفریہ قرار دیا جائے' یعنی وہ شخص اس جرم کے ارتکاب کے حوالے سے اپنے افعال میں کفار کی مشابہت اختیار کر گیا ہے' کیونکہ کافر شخص بھی نماز نہیں پڑھتا ہے۔
جیسا کہ حدیث میں یہ بات مذکور ہے:
''زنا کرنے والا شخص زنا کرتے ہوئے مؤمن نہیں رہتا''۔
ایسے شخص پر کفر کا حکم لگانا اسی وقت قابل قبول ہوسکتا ہے جب اس کی کوئی دلیل موجود ہو' کیونکہ یہ ایک ایسا حکم ہے جو شریعت میں کسی ایسے طریقے سے ثابت نہیں ہے جس پر عمل کرنے کو واجب قرار دیا جائے۔
تو جب ہمارے پاس کفر کے حقیقی معنی مراد لینے کی کوئی دلیل نہیں ہے تو اب یہ لازم ہوگا کہ ہم یہاں مجازی طور پر کفر کا معنی مراد لیں' جو کوئی ایسا مفہوم نہ ہو جس کے نتیجے میں ایسا حکم ثابت ہورہا ہو جو شریعت میں ثابت نہ ہو' بلکہ اس کے برعکس حکم ثابت ہورہا ہو اور وہ حکم یہ ہے' ایسے شخص کا خون بہانا جائز نہیں ہے' کیونکہ یہ ان تین افراد میں شامل نہیں ہے' جن کے بارے

Marfat.com

میں شریعت نے صراحت کے ساتھ یہ حکم دیا ہے (کہ انہیں قتل کیا جاسکتا ہے) آپ اس پہ غور وفکر کریں' یہ بات واضح ہے۔
یعنی اس کا مطلب یہ ہوگا کہ دو میں سے کسی ایک مؤقف کو اختیار کرنا لازم ہے۔
یا تو یہ ہوگا: ہم کلام کو محفوظ تسلیم کر لیں' اگر ہم لفظ کفر کے شرعی مفہوم پہ اُسے محمول کرتے ہیں یا پھر یہ ہوسکتا ہے' ہم اسے مستعار معنی پر محمول کریں' اور اس وقت حدیث کا مفہوم یہ بنے گا: تارکِ صلوٰۃ شخص پر کافر شخص کے تمام احکام نافذ ہوتے ہیں حالانکہ وہ مؤمن ہوتا ہے۔
تو ان میں ایک ایسا مفہوم ہے جو اصول سے متصادم ہے' حالانکہ حدیث ایسے لوگوں کے حق میں نہیں ہے' جو تارکِ صلوٰۃ شخص کے قتل کو کفر یا حد کی وجہ سے لازم قرار دیتے ہیں۔ اس لیے یہ قول ان کے مؤقف سے ملتا جلتا ہوگا جو گناہ کے ارتکاب کی وجہ سے انسان کو کافر قرار دے دیتے ہیں۔

1427- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَلْحَةَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْفَزَارِيُّ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ وَاقِدٍ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ ذُكِرَ عِنْدَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَوْمُهُمْ عَنِ الصَّلَاةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَيْسَ فِي النَّوْمِ تَفْرِيْطٌ اِنَّمَا التَّفْرِيْطُ فِي الْيَقَظَةِ فَاِذَا نَسِيَ اَحَدُكُمْ صَلَاةً اَوْ نَامَ عَنْهَا فَلْيُصَلِّهَا اِذَا ذَكَرَهَا وَلِوَقْتِهَا مِنَ الْغَدِ.
قَالَ فَسَمِعَنِيْ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ وَّاَنَا اُحَدِّثُ هٰذَا الْحَدِيْثَ فَقَالَ لِيْ يَا فَتَى احْفَظْ مَا كُنْتَ تُحَدِّثُ فَاِنِّيْ قَدْ سَمِعْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) .

☆☆ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے لوگوں کے نماز کے وقت سوئے رہ جانے کا ذکر کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سوئے رہ جانے میں تفریط نہیں ہے' تفریط بیداری میں ہے' جب کوئی شخص نماز بھول جائے' یا نماز کے وقت سویا رہ جائے تو جیسے ہی اُسے یاد آئے' اس وقت اسے ادا کر لے یا اگلے دن اسی نماز کے وقت میں (قضاء کے طور پر) اسے ادا کرے۔
راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا تو مجھ سے فرمایا: اے نوجوان! تم جو حدیث بیان کر رہے ہو' اسے یاد رکھنا کیونکہ میں نے بھی یہ حدیث نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہوئی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ زیاد بن یحییٰ بن حسان، ابوخطاب حسانی، نکری- بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے- یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 254ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱/۲۷۰)(۱۳۹)۔

○ حماد بن واقد عیشی - ابوعمرو صفار بصری، علم حدیث، کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے، لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱/۱۹۸)

Marfat.com

(۵۵۱)۔

1428- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا اَبُوْ شَيْخٍ الْحَرَّانِيُّ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اَعْيَنَ عَنْ يَحْيٰى عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِنَحْوِ هٰذِهِ الْقِصَّةِ قُلْنَا اَلَا نُصَلِّيْهَا فِيْ غَدٍ قَالَ يَنْهَاكُمُ اللّٰهُ عَنِ الرِّبَا وَيَاْخُذُهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے حوالے سے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے جس میں اسی طرح کا قصہ ہے تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

ہم نے عرض کی: کیا ہم اسے کل ادا نہ کرلیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہیں سود سے منع کیا ہے اور خود وصول کرے گا۔

1429- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِهٰذَا وَقَالَ يَنْهَاكُمُ اللّٰهُ عَنِ الرِّبَا وَيَقْبَلُهُ مِنْكُمْ.

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں (اس کے بعد انہوں نے اسی کی مانند روایت نقل کی ہے جس میں یہ الفاظ ہیں:)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہیں سود سے منع کیا ہے اور خود اسے تم سے قبول کرے گا۔

66-باب قَدْرِ الْمَسَافَةِ الَّتِيْ تُقْصَرُ فِيْ مِثْلِهَا صَلَاةٌ وَّقَدْرِ الْمُدَّةِ

باب: اس مسافت کی مقدار کا بیان جس کی وجہ سے نماز قصر ہو جاتی ہے نیز قصر کی مدت کا بیان

1430- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ التِّرْمِذِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِيْهِ وَعَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ يَا اَهْلَ مَكَّةَ لَا تَقْصُرُوا الصَّلَاةَ فِيْ اَدْنٰى مِنْ اَرْبَعَةِ بُرُدٍ مِّنْ مَّكَّةَ اِلٰى عُسْفَانَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے اہل مکہ! چار بُرید سے کم (مسافت کے سفر) میں نماز قصر نہ کرو جتنا مکہ سے عسفان تک کا فاصلہ ہے۔

۱۴۲۸-اخرجه عبد الرزاق (۴۲۴۱) عن ابن عيينة عن اسماعيل بن مسلم المكي بهذا الاسناد و من طريق عبد الرزاق اخرجه الطبراني في (الكبير) (۱۷۵/۱۸) رقم (۴۹۹)-

۱۴۳۰-اخرجه البيهقي في (السنن الكبرى) (۳/۱۳۷-۱۳۸) كتاب الصلاة باب السفر الذي لا تقصر في مثله الصلاة من طريق الدارقطني به- و قال البيهقي: و هذا حديث ضعيف اسماعيل بن عياش لا يحتج به و عبد الوهاب بن مجاهد ضعيف بمرة- و الصحيح ان ذلك من قول ابن عباس- و اخرجه الطبراني في (الكبير) (۱۱/۹۶-۹۷) رقم (۱۱۱۶۲) و البيهقي في (معرفة السنن الآثار) (۲/۴۲۱) كتاب الصلاة باب السفر الذي تقصر في مثله الصلاة حديث (۱۵۸۶) من طريق اسماعيل بن عياش بهذا الاسناد- و قال البيهقي: و اسماعيل بن عياش غير محتج به و روايته عن غير اهل الشام ضعيفة- و عبد الوهاب بن مجاهد ضعيف بمرة- و الصحيح موقوفاً-

Marfat.com

قصر نماز کے احکام

صاحب ہدایہ تحریر کرتے ہیں:

وہ سفر جس کی وجہ سے احکام تبدیل ہو جاتے ہیں' وہ (ایسا سفر) ہے کہ انسان تین دن اور تین راتوں کی مسافت (کی دوری پر جانے) کا قصد کرے (وہ مسافت) اونٹ کے چلنے کی رفتار کے اعتبار سے ہو' یا پیدل چلنے کے اعتبار سے ہو' اس کی دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے: ''مقیم شخص مکمل ایک دن اور ایک رات تک (موزوں پر) مسح کر سکتا ہے جبکہ سفر کرنے والا شخص تین دن اور تین راتوں تک ایسا کر سکتا ہے''۔

یہ رخصت جنس کے اعتبار سے عمومی ہے' تو اس سے لازمی طور پر متعین مدت کا عموم ہونا لازم آئے گا۔

امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی مقدار دو دن (کی مسافت) بیان کی ہے' اور تیسرے دن کا اکثر حصہ بیان کیا ہے

جبکہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہر مدت ایک دن اور ایک رات (کی مسافت) ہے۔ یہ ایک قول کے مطابق ہے۔ تاہم ان حضرات کے خلاف وہ حدیث دلیل ہونے کے لیے کافی ہے' جس سفر کا ہم نے تذکرہ کیا ہے' اس سے مراد درمیانی رفتار سے سفر کرنا ہے۔

امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے یہ بھی روایت نقل کی گئی ہے: انہوں نے یہ مدت مراحل کے اعتبار سے متعین کی ہے اور یہ چیز پہلی رائے کے قریب ہے۔

صحیح قول کے مطابق اس بارے میں فرسخ کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔

(اور اس مدت کا) پانی میں سفر میں اعتبار نہیں کیا جائے گا' اس سے مراد یہ ہے: (سمندر میں سفر کرتے ہوئے) خشکی پر سفر کرنے کی مدت کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔

سمندر میں اس چیز کا اعتبار کیا جائے گا جو اس کی حالت کے لائق ہو' جس طرح پہاڑوں کے بارے میں یہی حکم ہے

مصنف فرماتے ہیں: مسافر پر چار رکعت والی نماز میں دو رکعت پڑھنا فرض ہے' وہ ان کے علاوہ مزید رکعات ادا نہیں کرے گا' جبکہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس پر چار رکعت پڑھنا ہی فرض ہے' البتہ قصر کرنے کی اسے رخصت دی گئی ہے۔

اس کی وضاحت کرتے ہوئے ہدایہ کے مشہور شارح حافظ بدرالدین عینی تحریر کرتے ہیں:

قصر کا لفظی مطلب مسافت کو قطع کرنا ہے' لیکن یہاں پر مطلق طور پر یہ مفہوم مراد نہیں ہے بلکہ اس سے مراد مخصوص مسافت کو قطع کرنا' اور یہی وجہ ہے' مصنف نے یہ الفاظ استعمال کیے ہیں' وہ مسافت جس کی وجہ سے احکام تبدیل ہو جاتے ہیں' احکام کے تبدیل ہونے سے مراد نماز کا قصر ہونا ہے' روزہ نہ رکھنے کا جائز ہونا ہے' تین دن اور تین راتوں تک مسح کی اجازت ہونا ہے' جمعہ اور عیدین کی ادائیگی کا ساقط ہو جانا ہے' قربانی کا ساقط ہو جانا ہے' عورت کا محرم کے بغیر اتنے سفر کا ممنوع ہونا ہے۔

قصد کا مطلب ایسا ارادہ کرنا ہے' جو عمل کے ساتھ ملا ہوا ہو' مصنف نے اس قید کو اس لیے ذکر کیا ہے' کیونکہ اگر کوئی شخص مسافت یا سفر کے قصد کے بغیر پوری دنیا بھی گھوم لیتا ہے' تو وہ شرعی طور پر مسافر شمار نہیں ہوگا۔ اسی طرح اگر وہ قصد کر لیتا ہے' لیکن یہ بات نیت کے ساتھ ظاہر نہیں ہوتی تو بھی یہی حکم ہوگا' تو احکام کی تبدیلی انسان کے حق میں اس وقت ثابت ہوگی جب

Marfat.com

دونوں چیزیں ایک ساتھ جمع ہوں گی۔

صاحب ہدایہ نے جو پیدل چلنے یا اونٹ پر سوار ہو کر سفر کرنے کا ذکر کیا ہے' تو اس سے مراد پوری رات اور پورا دن چلنا نہیں ہے' بلکہ اس سے مراد صرف دن کے وقت سفر کرنا ہے' اس کی وجہ یہ ہے: رات تو آرام کے لیے بنائی گئی ہے' اسی طرح یہ بھی شرط نہیں ہے' ایک دن صبح سے لے کر اگلے دن صبح تک سفر کیا جائے۔ کیونکہ آدمی اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ اسی طرح دن کے بعض حصے میں جانور بھی سفر کرنے کی طاقت نہیں رکھتا' اس لیے سفر کی تکمیل کے حق میں راحت حاصل کرنے کے لیے پڑاؤ کرنا بھی سفر کا حصہ شمار ہوگا۔

یہاں اس مسئلے میں اختلاف پایا جاتا ہے' ہمارے اصحاب اور اہلِ کوفہ نے یہ کہا ہے: مسافت کی کم از کم مقدار جس میں نماز کو قصر کیا جاتا ہے' وہ تین دن اور تین راتوں کا سفر ہے' جو اونٹ پر سوار ہو کر کیا جائے' یا پیدل چل کر کیا جائے' اور یہ دن وہ ہیں' جو سردیوں کے دنوں کے سب سے چھوٹے دن ہوتے ہیں۔

امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ نے جو اس سفر کی مدت کے دو دن اور تیسرے دن کا اکثر حصہ قرار دیا ہے' تو امام حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کے مطابق امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔ جبکہ محمد بن سماعہ کی روایت کے مطابق امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے یہ روایت بھی نقل کی گئی ہے: تیسرے دن کا اکثر حصہ شامل ہوگا' یعنی جب وہ تیسرے دن زوال کے بعد اپنی منزل پر پہنچ جائے گا۔

امام مرغینانی رحمۃ اللہ علیہ اور عام مشائخ نے اس کا تعین فرسخ کے اعتبار سے کیا ہے' ایک قول کے مطابق یہ 21 فرسخ ہوگا۔ ایک قول کے مطابق یہ 18 فرسخ ہوگا۔ صاحب ہدایہ نے یہ بات بیان کی ہے: فتویٰ اسی بات پر ہے۔

یوام الفقہ نامی کتاب میں یہ بات تحریر ہے: یہی قول مختار ہے' ایک قول کے مطابق اس سے مراد پندرہ فرسخ ہوگا۔

مصنف نے جو بات ذکر کی ہے' حضرت عثمان غنی' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما اور سوید بن علقمہ کا مذہب ہے' جبکہ کتاب التمہید میں یہ بات تحریر ہے: حضرت حذیفہ یمانی' ابوقلابہ' شریک بن عبداللہ' ابن جبیر' ابن سیرین' شعبی' نخعی' ثوری اور حسن بن یحییٰ کا بھی یہی مذہب ہے۔

ایک مصنف نے حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے: ان کی وہی رائے ہے' جو ہمارا مذہب ہے۔

تاہم حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم کے حوالے سے مستند طور پر دوسرا قول منقول ہے۔

بعض مشائخ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے قصر کی مسافت کے بارے میں سات مختلف اقوال منقول ہیں' ایک مقام پر انہوں نے اس کی مسافت اڑتالیس میل قرار دی ہے۔ ایک جگہ پر چھیالیس میل قرار دی ہے۔ ایک جگہ پر چالیس میل سے زیادہ قرار دی ہے' ایک جگہ پر چالیس میل قرار دی ہے' ایک جگہ پر دو دن کی مسافت تحریر کی ہے' ایک جگہ پر ایک دن اور ایک رات کی مسافت تحریر کی ہے۔

Marfat.com

تاہم امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس بات کو مستحب قرار دیا ہے: تین دن اور تین راتوں سے کم سفر میں نماز کو قصر نہ کیا جائے' ایسا انہوں نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مؤقف کی وجہ سے کہا ہے' تاکہ اختلاف سے باہر آیا جائے۔ ''مختصر المزنی'' نامی کتاب میں یہ بات تحریر ہے:

''میں اس بات کو پسند کرتا ہوں۔ تین دن سے کم سفر میں نماز کو قصر نہ کروں' میں اپنی ذات کے لیے احتیاط کے طور پر ایسا کرتا ہوں''۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے جو یہ بات نقل کی گئی ہے: انہوں نے مرحلے کے اعتبار سے اس مسافت کا تعین کیا ہے' تو اس کا مطلب یہ ہے: ان کے نزدیک سفر کی مدت میں تین مراحل کے سفر کا اعتبار کیا جائے گا' اور اس کا پہلے قول سے قریب ہونے کا مطلب یہ ہے: تین دن اور تین راتوں تک سفر کرنے سے بھی اتنا ہی سفر طے ہوتا ہے' کیونکہ درمیانی رفتار کے ساتھ روزانہ ایک مرحلہ طے کیا جا سکتا ہے' خاص طور پر ان دنوں میں جو سال کے چھوٹے دن ہوتے ہیں۔

مصنف نے جو یہ کہا ہے: ''اس بارے میں فرسخ کا اعتبار نہیں کیا جائے گا اور یہی بات صحیح ہے'' تو اس کے ذریعے انہوں نے بعض مشائخ کے قول سے احتراز کیا ہے' کیونکہ ان مشائخ نے فرسخ کے اعتبار سے اس مسافت کا تعین کیا ہے' پھر اس بارے میں ان مشائخ کے درمیان اختلاف ہے' ایک قول کے مطابق یہ مسافت اکیس فرسخ ہوگی' ایک قول کے مطابق اٹھارہ فرسخ ہوگی' ایک قول کے مطابق پندرہ فرسخ ہوگی۔

''الدرایہ'' نامی کتاب میں یہ بات تحریر ہے: فتویٰ اٹھارہ فرسخ کے قول پر ہے' کیونکہ یہ درمیانے درجے کا عدد ہے جبکہ ''جوامع الفقہ'' نامی کتاب میں یہ بات تحریر ہے: یہی قول مختار ہے۔

جبکہ ''المجتبیٰ'' نامی کتاب میں یہ بات تحریر ہے: خوارزم کے اکثر مشائخ نے پندرہ فرسخ کے قول پر فتویٰ دیا ہے جبکہ شیخ بقالی نے ''الاربعین'' میں بارہ فرسخ کا قول ذکر کیا ہے۔

یہاں مصنف نے یہ بات بھی بیان کی ہے: پانی میں سفر کرتے ہوئے خشکی کی مسافت کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔

مصنف نے جو یہ کہا ہے: چار رکعت والی نماز میں دو رکعت پڑھنا اس پر فرض ہے' اس کے ذریعے انہوں نے سنت سے احتراز کیا ہے' کیونکہ سنت کی یہ حیثیت نہیں ہے (کہ چار سنتوں والی نماز کی دو سنتیں پڑھی جائیں) اور چار رکعت والی قید کے ذریعے انہوں نے فجر' مغرب اور وتر کی نماز سے احتراز کیا ہے' کیونکہ انہیں مختصر نہیں کیا جا سکتا۔

ان دونوں میں اضافہ نہیں کیا جائے گا' اس سے مراد یہ ہے: ان دو رکعات سے زیادہ رکعات ادا نہیں کی جائیں گی۔

شیخ عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے: سفر کے دوران دو رکعات ادا کی جائیں گی' ان کے علاوہ ادا کرنا درست نہیں ہے۔

امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ یہ کہتے ہیں: اگر کوئی شخص دو رکعت ادا کرنے کے بعد تیسری رکعت کے لیے کھڑا ہو جاتا ہے' تو اس کے لیے یہ کافی ہوگا کہ وہ سجدۂ سہو کر لے۔

شیخ حسن بن یحییٰ نے یہ بات بیان کی ہے: کوئی شخص جان بوجھ کر چار رکعات ادا کر لیتا ہے' تو اسے دوبارہ اس نماز کو ادا کرنا ہوگا' اگر وہ آسانی سے اسے ادا کر سکے۔

Marfat.com

ہمارا مذہب نماز کو قصر کرنا ہے اور یہ مسافر کے لیے فرض ہے' حضرت عمر' حضرت علی' حضرت عبداللہ بن مسعود' حضرت جابر' حضرت عبداللہ بن عباس' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم' سفیان ثوری' حماد بن ابوسلیمان (ان سب حضرات نے) اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔

شیخ اثرم یہ کہتے ہیں: مسافر کے لیے اس بات کی گنجائش نہیں ہے' وہ سفر کے دوران چار رکعات ادا کرے۔

شیخ ابن المنذر رحمۃ اللہ علیہ نے ''الاشراف'' نامی کتاب میں یہ بات تحریر کی ہے: امام احمد رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: میں اس مسئلے سے عافیت کو پسند کرتا ہوں۔

بغوی کہتے ہیں: اکثر علماء اس بات کے قائل ہیں:

خطابی یہ کہتے ہیں: بہتر یہ ہے: قصر کرلیا جائے تاکہ آدمی اختلاف سے باہر نکل آئے۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس بارے میں عمل اسی چیز پر کیا جائے گا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے' حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما نے کیا ہے اور یہ قصر نماز ادا کرنا ہے۔

شیخ محمد بن سحنون رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

قاضی اسماعیل بن اسحاق مالکی نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ سے بھی یہی روایت منقول ہے جس کا تذکرہ شیخ ابن المنذر نے کیا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ کہنا ہے: اس کے لیے فرض چار رکعت ادا کرنا ہے' یعنی مسافر کے لیے چار رکعت پڑھنا فرض ہے۔

ایک روایت کے مطابق امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔[1]

1431- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَّاَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ قِرَاءَةً عَلَيْهِ قَالَا حَدَّثَنَا لُوَيْنٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عَاصِمٍ وَّحُصَيْنٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَافَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَاَقَامَ سَبْعَ عَشْرَةَ يَقْصُرُ الصَّلَاةَ .قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَّنَحْنُ اِذَا سَافَرْنَا فَاَقَمْنَا سَبْعَ عَشْرَةَ قَصَرْنَا وَاِذَا زِدْنَا اَتْمَمْنَا .

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سفر کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سترہ دن قیام کیا' اس دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم قصر نماز ادا کرتے رہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب ہم مسافر ہوں اور تیرہ دن قیام کریں تو ہم نماز قصر کرتے ہیں' اگر اس سے زیادہ قیام کریں تو مکمل نماز ادا کرتے ہیں۔

[1] تلخیص: البنایہ شرح الہدایہ ج۲ ص۳' مطبوعہ دارالفکر

۱۴۳۱- اخرجه البيهقي في (السنن الكبرى) (۳/ ۱۵۰) كتاب الصلاة: باب المسافر يقصر ما لم يجمع مكثا' من طريق لوين بهذا الاسناد- و اخرجه ابو داود (۲/ ۲٤) كتاب الصلاة: باب متى يتم المسافر؟ حديث (۱۲۳۰)' و ابن حبان (۲۷۵۰)' و البيهقي في (السنن الكبرى) (۳/ ۱۵۰) كتاب الصلاة: باب المسافر يقصر ما لم يجمع مكثا' و في (معرفة السنن و الآثار) (۲/ ٤۳۲) كتاب الصلاة: باب المقام الذي يتم بمثله الصلاة: حديث (۱٦۰۷)' كلهم من طريق عاصم عن عكرمة عن ابن عباس-

Marfat.com

قصر نماز کا حکم

سفر کے دوران مسافر کا قصر نماز ادا کرنا کتاب وسنت اور اجماع سے ثابت ہے۔

کتاب اللہ کی دلیل قرآن مجید کی یہ آیت ہے:

''اور جب تم زمین میں سفر کرو تو اس بارے میں تم پر کوئی گناہ نہیں ہوگا کہ اگر تم نماز کو قصر کر لیتے ہو اگر تمہیں یہ اندیشہ ہو کہ کفار تمہیں آزمائش میں مبتلا کر دیں گے''۔

حضرت یعلیٰ بن اُمیہ بیان کرتے ہیں: اُنہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کہا: قرآن میں یہ الفاظ ہیں: تم قصر نماز ادا کر لیتے ہو تو تم پر کوئی گناہ نہیں ہوگا'' تو اب تو ہم امن کی حالت میں ہیں' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس بات پر آپ حیران ہوئے ہیں' اس بات پر میں بھی حیران ہوا تھا اور میں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا: یہ وہ رعایت ہے جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں عطاء کی ہے' تو تم اُس کی اس رعایت کو قبول کرو۔

جہاں تک سنت کا تعلق ہے تو اس بارے میں متواتر احادیث منقول ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر کے دوران قصر نماز ادا کیا کرتے تھے' جب آپ حج کرنے کے لیے' یا عمرہ کرنے کے لیے' یا کسی غزوہ میں تشریف لے جایا کرتے تھے۔

اسی طرح حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی ہے: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال تک آپ کے ساتھ رہا ہوں' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی مراد یہ تھی' میں سفر کے دوران بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا ہوں' سفر کے دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعت سے زیادہ ادا نہیں کیا کرتے تھے۔

اسی طرح حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے وصال تک (سفر کے دوران) دو سے زیادہ رکعت ادا نہیں کی ہیں۔

حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما نے بھی ایسا ہی کیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں (سفر کے دوران) دو رکعت ادا کی ہیں' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں دو رکعت ادا کی ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں دو رکعت ادا کی ہیں' اب تم لوگوں نے مختلف راستے اختیار کر لیے ہیں تو میری یہ خواہش ہے: چار کے مقابلے میں دو مقبول رکعت مجھے مل جائیں۔

اسی طرح حضرت انس رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے:

ایک مرتبہ ہم لوگ مکہ جانے کے لیے نکلے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے واپس آنے تک دو رکعت ادا کی' ہم نے اس دوران مکہ میں دس دن قیام کیا اور واپس آنے تک قصر نماز ہی ادا کرتے رہے' یہ تمام روایات مستند ہیں۔

اسی طرح تمام اہل علم کا اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے: جو شخص کسی سفر پر روانہ ہوتا ہے تو وہ سفر کے دوران قصر نماز ادا کرے گا' خواہ وہ حج کا سفر ہو' عمرے کا سفر ہو یا جہاد کا ہو' کیونکہ اس بات کا اختیار حاصل ہے: وہ چار رکعت والی نماز کو دو رکعت ادا کرے۔

علامہ ابن قدامہ نے یہ بات نقل کی ہے: امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے یہ دریافت کیا گیا: نماز کو کب قصر کیا جائے گا' یعنی

Marfat.com

کتنے فاصلے میں قصر کیا جائے گا؟ تو امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا: چار برید کے فاصلے تک کا سفر کرنا ہو تو نماز کو قصر کیا جائے گا۔ ان سے پوچھا گیا: اگر کسی شخص نے مکمل ایک دن سفر کرنا ہو تو کیا یہ حکم ہوگا؟ تو انہوں نے کہا: نہیں! چار برید سفر ہونا چاہیے جو سولہ فرسخ ہوتا ہے اور دو دن میں طے ہوتا ہے۔ تو امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے: قصر اس وقت تک کرنا جائز نہیں ہے جب تک سولہ فرسخ سے کم سفر ہو' ایک فرسخ تین میل کا ہوتا ہے' اس اعتبار سے یہ اڑتالیس میل بن جائیں گے۔ قاضی نامی شیخ نے یہ بات بیان کی ہے: ایک میل میں بارہ ہزار قدم ہوتے ہیں۔

اسی طرح علامہ ابن قدامہ نے یہ بات بھی نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہ بات منقول ہے: وہ دس فرسخ کے سفر میں قصر نماز ادا کیا کرتے تھے۔

بعض فقہاء کے نزدیک قصر کی مسافت دو دن کا سفر ہوگی اور یہ حضرت عبداللہ بن عباس' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم کی رائے ہے' امام مالک' امام لیث بن سعد اور امام شافعی رحمہم اللہ علیہم نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے ایک روایت یہ بھی منقول ہے' وہ یہ فرماتے ہیں: ایک دن کا سفر ہو تو بھی نماز کو قصر کیا جائے گا' البتہ اس سے کم سفر کے لیے نماز کو قصر نہیں کیا جائے گا' امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو اختیار کیا ہے۔

عام علماء نے یہ بات بیان کی ہے: ایک دن کا سفر کافی ہوتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی گئی ہے: وہ تین دن کی مسافت کے سفر میں نماز قصر کیا کرتے تھے۔

امام سفیان رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے اور اس کی دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''مسافر شخص تین دن اور تین راتوں تک (موزوں پر) مسح کر سکتا ہے''۔

البتہ بعض اسلاف سے بھی یہ بات منقول ہے: وہ ایک دن سے کم کے سفر میں بھی نماز کو قصر کر لیا کرتے تھے۔[1]

1432 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَقَمْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِيْ سَفَرٍ سَبْعَ عَشْرَةَ نَقْصُرُ الصَّلَاةَ .قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَّنَحْنُ نَقْصُرُ سَبْعَ عَشْرَةَ فَاِنْ زِدْنَا اَتْمَمْنَا.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک سفر کے دوران ایک جگہ پر سترہ دن قیام کیا' اس دوران ہم قصر نماز ادا کرتے رہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ہم سترہ دن تک قصر نماز ادا کریں گے' اگر اس سے زیادہ قیام کرنا ہو تو مکمل نماز ادا کریں گے۔

---

[1] المغنی لابن قدامہ' مسئلہ ، فتوی مسافت القصر

۱۴۳۲- اخرجہ البیہقی فی (السنن الکبری) (۳ / ۱۵۰) کتاب الصلاۃ: باب المسافر یقصر ما لم یجمع مکثا من طریق الدارقطنی بہ- و ینظر: الحدیث السابق-

Marfat.com

قصر کے لیے اقامت کی نیت کی بحث

کتنی مدت تک اقامت کی نیت ہو تو انسان قصر نماز ادا کر سکتا ہے اور کتنی مدت سے زیادہ نیت ہو تو قصر نماز ادا نہیں کر سکتا' اس بارے میں علامہ ابن قدامہ نے بحث کرتے ہوئے یہ بات ذکر کی ہے: امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے یہ بات منقول ہے:

اگر مسافر شخص کسی شہر میں اکیس دن سے زیادہ قیام کی نیت کرے تو اب وہ مکمل نماز ادا کرے گا'

جبکہ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے یہ روایت بھی منقول ہے: اگر کوئی شخص چار دن قیام کی نیت کر کے تو اب وہ بھی مکمل نماز ادا کرے گا' لیکن اگر وہ چار دن سے کم قیام کی نیت کرتا ہے تو وہ قصر نماز ادا کرے گا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

اس کی وجہ یہ ہے: تین کا عدد کم از کم حد ہے' اس کی دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''باہر سے آنے والا شخص حج کے ارکان ادا کرنے کے بعد تین دن تک قیام کر سکتا ہے''۔

وہ مسافت جسے طے کرنے کی نیت کے نتیجے میں قصر نماز ادا کرنا جائز ہو جاتا ہے' اُس کے بارے میں اہل علم کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے ڈاکٹر وہبہ زوحیلی تحریر کرتے ہیں:

جس مسافت کے نتیجے میں قصر کرنا جائز ہوتا ہے' اُس مسافت کی مقدار کے تعین کے بارے میں فقہاء میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

احناف کے نزدیک مسافت کی وہ کم از کم مدت جس میں قصر نماز ادا کرنا جائز ہوتا ہے' وہ معتدل ممالک کے سب سے چھوٹے دنوں میں تین دن کے سفر کی مقدار ہے' خواہ یہ سفر اونٹ کے ذریعے کیا جائے یا پیدل کیا جائے' تاہم اس سفر کے لیے یہ بات شرط نہیں ہے: وہ پورے دن کا ہو یعنی صبح سے لے کر رات تک سفر جاری رہے' بلکہ صبح سے لے کر ظہر کا وقت شروع ہونے تک جتنا فاصلہ طے کیا جا سکتا ہے وہ فاصلہ مراد ہو گا' یہ سفر درمیانی رفتار سے ہونا چاہیے اور عام معمول کے آرام کے ہمراہ ہونا چاہیے' اگر کوئی شخص تیزی سے سفر کرتے ہوئے اتنا فاصلہ تھوڑی مدت میں طے کر لیتا ہے' جیسا کہ آج کل کے دور میں ذرائع مواصلات کے ذریعے سے یہ ممکن ہو گیا ہے تو ایسے شخص کے لیے بھی قصر کرنا جائز ہو گا۔

اگر کوئی شخص اتنے سفر کا ارادہ کر کے سفر کا آغاز کر دیتا ہے: اس کے اور اس کی منزل کے درمیان تین دن کی مسافت ہو تو اب اس شخص کے لیے قصر نماز ادا کرنا جائز ہو گا لیکن اگر وہ کسی متعین جگہ کی نیت نہیں کرتا یا کوئی شخص کسی تعین کے بغیر تین دن تک سفر کرتا ہوا پوری دنیا گھوم لیتا ہے تو اب اُسے قصر نماز ادا کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

تین مراحل کی مقدار تین دن کی مسافت کے بالکل برابر ہوتی ہے' کیونکہ عام طور پر ایک دن میں ایک مرحلہ طے کیا جا سکتا ہے' خاص طور پر سال کے چھوٹے دنوں میں (ایک ہی مرحلہ طے کیا جا سکتا ہے) اس سے کم مسافت کی مقدار میں قصر نماز ادا کرنا جائز نہیں ہو گا۔ احناف کے نزدیک فرسخ کے حوالے سے مسافت کا اندازہ لگانا درست نہیں ہے اور یہی قول درست ہے۔

احناف نے اس کے تعین کے لیے موزوں پر مسح کی مدت کا اعتبار کیا ہے جو سنت سے ثابت ہے' انہوں نے اس مسافت

Marfat.com

کواس مدت پر قیاس کیا ہے اوراس حدیث میں یہ الفاظ ہیں:

''مقیم شخص ایک دن اور ایک رات جبکہ مسافر شخص تین دن اور تین راتوں تک موزوں پر مسح کرے گا''۔

سمندر اور پہاڑی علاقوں میں وہاں کے مخصوص حالات کے مطابق جتنی مسافت طے کی جاسکتی ہے' وہی مسافت مراد ہو گی۔

سمندر میں اتنی مسافت مراد ہوگی: جو معتدل ہوا کے اندر طے کی جاسکتی ہو' جو بالکل ساکن بھی نہ ہو اور بہت تیز بھی نہ ہو' ا سی صورتِ حال میں جتنی مسافت طے کی جاسکتی ہے' وہ مراد ہوگی۔

اسی طرح پہاڑی علاقوں میں وہاں کے حالات کے مطابق تین دن' تین راتوں میں جتنی مسافت طے کی جاسکتی ہے' وہ مراد ہوگی' اگر اتنی مسافت ہموار علاقے میں ہو تو اُس سے کم وقت میں طے ہو جائے گی۔

تین دنوں کو گھنٹوں کے حساب سے اگر مجموعہ مرتب کیا جائے تو وہ مختلف ملکوں کے اعتبار سے مختلف ہوگا' مصر اور اس جیسے دوسرے ممالک میں یہ سفر بیس گھنٹے بنتے ہیں' جس میں روزانہ کے پونے سات گھنٹے ہوں گے' شام وغیرہ میں تین دنوں کا مجموعہ تقریباً انیس گھنٹے چالیس منٹ کے قریب کا سفر بنتا ہے' جس میں ایک دن میں تقریباً چھ گھنٹے اور چالیس منٹ سے کچھ کم وقت ہوگا۔

احناف کے علاوہ جمہور اس بات کے قائل ہیں: وہ طویل سفر کہ جس کے نتیجے میں قصر نماز ادا کرنا جائز ہوتا ہے' وہ وقت کے اعتبار سے قصر نماز ادا کرنا جائز ہوتا ہے' وہ وقت کے اعتبار سے معتدل ایام میں دو دن کا سفر ہے یا پھر اتنا سفر ہے جو بوجھ اُٹھا کر معمول کے مطابق سامان اُتارنے اسے رکھنے اور کھانے پینے' نماز وغیرہ کو شامل کر کے کوئی اونٹ دو مرحلے کا سفر طے کرتا ہے' جیسے جدہ اور مکہ کے درمیان جو فاصلہ ہے یا طائف اور مکہ کے درمیان جو فاصلہ ہے یا عسفان اور مکہ کے درمیان فاصلہ ہے' جو ایک طرف کی مسافت کے اعتبار سے چار برید یا سولہ فرسخ یا اڑتالیس ہاشمی میل بنتے ہیں' ایک میل چھ ہزار ذراع کے برابر ہوگا جیسا کہ شوافع اور احناف نے اس بات کا تذکرہ کیا ہے۔

مالکیہ اس بات کے قائل ہیں: ایک میل تین ہزار پانچ سو ذراع کے برابر ہوتا ہے اور اس اعتبار سے مسافت کا اندازہ 89 کلومیٹر یا 88.704 کلومیٹر بنتا ہے' اب کوئی اگر اتنی مسافت کو ایک گھنٹے میں طے کر لیتا ہے' یعنی جہاز یا گاڑی کے ذریعے کر لیتا ہے تو بھی وہ مسافر شمار ہوگا' کیونکہ اُس نے چار برید کا فاصلہ طے کر لیا ہے تو وہ قصر نماز ادا کرے گا' سمندر کا سفر بھی خشکی کے سفر کی مانند تصور ہوگا۔

ان حضرات کی دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

''اے مکہ کے رہنے والو! چار برید سے کم مسافت پر قصر نماز ادا نہ کرو''۔

یعنی وہ فاصلہ جو مکہ اور عسفان کے درمیان ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم کے بارے میں یہ بات نقل کی گئی ہے: یہ دونوں حضرات چار برید کی مسافت پر دو رکعت نماز ادا کرتے تھے اور اتنی مسافت کے سفر کے دوران روزہ رکھنا ترک کر دیتے تھے' اس سے کم مسافت میں وہ حضرات ایسا نہیں کرتے تھے۔ اس کی وجہ یہ ہے: اتنی مسافت میں سفر کرنے اور سوار ہونے' سواری سے اُترنے

Marfat.com

کی مشقت کا ارادہ ہو جاتا ہے' اس سے کم میں ایسا نہیں ہوتا ہے۔

شوافع کے نزدیک یہ مسافت مکمل طور پر مقررہ اور متعین ہے' اگر اس میں ذرا سی بھی کمی ہوگی تو سفر باقی نہیں رہے گا' جبکہ حنابلہ اور مالکیوں کے نزدیک یہ مقرر اور متعین نہیں ہے بلکہ اندازے کے حوالے سے ہے' اگر اس میں دو ایک میل کی مقدار کم ہو جاتی ہے تو حنابلہ کے نزدیک اس سے فرق نہیں پڑے گا جبکہ مالکیوں کے نزدیک اگر یہ آٹھ میل تک کم ہوتی ہے تو بھی اس سے کوئی حرج نہیں ہوگا۔

جمہور کے برخلاف فقہاء مالکیہ نے یہ رائے بیان کی ہے: مکہ کے رہنے والے لوگ منیٰ' مزدلفہ اور محصب تک کی مسافت میں مستثنیٰ قرار دیئے جائیں گے اور اگر یہ لوگ عرفات میں وقوف کرنے کے لیے نکلیں گے اور ان کے ذمے حج کے ایسے اعمال باقی ہوں جو انہوں نے اپنے وطن واپس جانے سے پہلے ادا کرنے ہوں تو سنت پر عمل کرنے کا تقاضا یہ ہے: وہ لوگ اس طرف جاتے ہوئے اور وہاں سے واپس آتے ہوئے قصر نماز ادا کریں گے' لیکن اگر انہوں نے وہ افعال اپنے وطن (مکہ پہنچ کر ادا کرنے ہوں) تو پھر وہ پوری نماز ادا کریں گے۔

67-باب الْجَمْعِ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ فِى السَّفَرِ .

باب: سفر کے دوران دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا

1433- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى الْجُرْجَانِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِىْ حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عِكْرِمَةَ وَعَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ عَنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِى السَّفَرِ قُلْنَا بَلَى .قَالَ كَانَ اِذَا زَاغَتْ لَهُ الشَّمْسُ فِىْ مَنْزِلِهِ جَمَعَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ قَبْلَ اَنْ يَّرْكَبَ وَاِذَا لَمْ تَزِغْ لَهُ فِىْ مَنْزِلِهِ سَارَ حَتّٰى اِذَا حَانَتِ الْعَصْرُ نَزَلَ فَجَمَعَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَاِذَا حَانَتْ لَهُ الْمَغْرِبُ فِىْ مَنْزِلِهِ جَمَعَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْعِشَاءِ وَاِذَا لَمْ تَحِنْ فِىْ مَنْزِلِهِ رَكِبَ حَتّٰى اِذَا حَانَتِ الْعِشَاءُ نَزَلَ فَجَمَعَ بَيْنَهُمَا .

قَالَ الشَّيْخُ اَبُو الْحَسَنِ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ حُسَيْنٌ عَنْ كُرَيْبٍ وَحْدَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ .وَرَوَاهُ عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ حُسَيْنٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ .وَرَوَاهُ عَبْدُ الْمَجِيْدِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ حُسَيْنٍ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ .وَكُلُّهُمْ ثِقَاتٌ فَاحْتَمَلَ اَنْ يَّكُوْنَ ابْنُ جُرَيْجٍ سَمِعَهُ اَوَّلًا مِنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ حُسَيْنٍ كَقَوْلِ عَبْدِ الْمَجِيْدِ عَنْهُ ثُمَّ لَقِىَ ابْنُ جُرَيْجٍ حُسَيْنًا فَسَمِعَهُ مِنْهُ كَقَوْلِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ وَحَجَّاجٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِىْ حُسَيْنٌ وَّاحْتَمَلَ اَنْ يَّكُوْنَ حُسَيْنٌ سَمِعَهُ مِنْ عِكْرِمَةَ وَمِنْ كُرَيْبٍ جَمِيْعًا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فَكَانَ يُحَدِّثُ بِهِ مَرَّةً عَنْهُمَا جَمِيْعًا كَرِوَايَةِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ عَنْهُ وَمَرَّةً

۱۴۳۳ اخرجه البيهقي في (السنن الكبرى) (۲/۱۶۳-۱۶۴) كتاب الصلاة' باب الجمع بين الصلاتين في السفر' من طريق الدارقطني- و اخرجه عبد الرزاق (۴۴۰۵)' و من طريقه احمد (۱/۳۶۷)' و الطبراني في (الكبير) (۱۱/۲۱۰) رقم (۱۱۵۲۲)' و هذا الاسناد ضعيف جدا: لضعف حسين بن عبد الله' و لعل وجوه الاختلاف في هذا الحديث منه-

Marfat.com

عَنْ كُرَيْبٍ وَّحْدَهُ كَقَوْلِ حَجَّاجٍ وَّابْنِ اَبِىْ رَوَّادٍ وَّمَرَّةً عَنْ عِكْرِمَةَ وَحْدَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ كَقَوْلِ عُثْمَانَ بْنِ عُمَرَ وَتَصِحُّ الْاَقَاوِيْلُ كُلُّهَا وَاللّٰهُ اَعْلَمُ ۔

☆☆ کریب بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کیا میں آپ لوگوں کو سفر کے دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز کے طریقے کے بارے میں بتاؤں؟ ہم نے جواب دیا: جی ہاں! تو انہوں نے بتایا: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی رہائش گاہ میں موجود ہوتے تھے اور اس دوران سورج ڈھل جاتا تھا (یعنی دوپہر کا وقت ہو جاتا تھا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر پر روانہ ہونے سے پہلے ہی ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کر لیتے تھے اور جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی (گھر میں) موجودگی کے وقت سورج نہیں ڈھلا ہوتا تھا (یعنی دوپہر نہیں ہوئی ہوتی تھی) اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے روانہ ہونا ہوتا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہو جاتے تھے' پھر جب عصر کا وقت ہو جاتا تھا تو اُس وقت آپ سفر روک کر ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کیا کرتے تھے' اسی طرح اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رہائش گاہ میں مغرب کا وقت ہو جاتا تو آپ مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کر لیتے تھے اور اگر مغرب کا وقت نہ ہوا ہوتا تو آپ روانہ ہو جاتے اور عشاء کی نماز کے وقت میں ان دونوں نمازوں کو ایک ساتھ ادا کر لیتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

سفر کے دوران دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنے کے بارے میں اختلاف کی وضاحت

دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنے کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے ڈاکٹر وہبہ زحیلی بیان کرتے ہیں:

احناف کے علاوہ دیگر تمام کے نزدیک ظہر اور عصر کی نماز کو تقدیم کی صورت میں' یعنی پہلی نماز (یعنی ظہر کی نماز) کے وقت میں ادا کرنا یا تاخیر کی صورت میں یعنی دوسری نماز (یعنی عصر کی نماز) کے وقت میں جمع کر کے ادا کرنا جائز ہے اور تقدیم کے حوالے سے جمعہ بھی ظہر کی مانند ہے' اسی طرح مغرب اور عشاء کو تقدیم کی شکل میں یا تاخیر کی شکل میں جمع کرنا جائز ہے' لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے: سفر طویل ہونا چاہیے' یعنی اتنا طویل ہو کہ اُس میں قصر نماز ادا کرنا جائز ہوتا ہے۔

جن نمازوں کو جمع کر کے ایک ساتھ ادا کرنا ہے وہ ظہر اور عصر کی نماز ہے اور مغرب وعشاء کی نماز ہے' ان دو میں سے کسی ایک کے وقت میں ان دونوں کو ادا کیا جا سکتا ہے' اگر انہیں پہلی نماز کے ساتھ ادا کیا جائے تو اسے جمع تقدیم کہتے ہیں اور اگر دوسری نماز کے ساتھ ادا کیا جائے تو اُسے جمع تاخیر کہتے ہیں۔

تاہم زیادہ فضیلت اس بات میں ہے: انسان ان دونوں نمازوں کو جمع کر کے ادا نہ کرے' تاکہ اس حوالے سے اختلاف سے بچ سکے۔ کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے باقاعدگی سے اس پر عمل نہیں کیا ہے' اگر یہ زیادہ فضیلت والا کام ہوتا تو آپ قصر کی طرح اس پر بھی باقاعدگی سے عمل پیرا ہوتے۔

جمع تاخیر (یعنی دوسری نماز کے وقت میں دونوں نمازیں ادا کرنا) احادیث سے ثابت ہے' جو حضرت انس رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہیں۔

ان میں پہلی حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے' وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر سورج سے

Marfat.com

ڈھل جانے سے پہلے سفر شروع کرنا ہوتا تھا تو آپ ﷺ ظہر کی نماز کو عصر کی نماز تک مؤخر کر دیتے تھے' پھر (عصر کے وقت میں) دونوں نمازیں ادا کیا کرتے تھے اور اگر (نبی اکرم ﷺ کے روانہ ہونے سے پہلے) سورج ڈھل چکا ہوتا تھا تو آپ ﷺ روانگی سے پہلے ہی ظہر کی نماز ادا کر لیتے تھے' پھر اُس کے بعد روانہ ہوا کرتے تھے۔

اسی طرح حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: ایک مرتبہ انہیں اپنے گھر جلدی پہنچنے کا پیغام ملا تو انہوں نے تیزی سے سفر شروع کیا اور مغرب کی نماز کو مؤخر کر دیا' جب شفق غروب ہو گئی تو سواری سے نیچے اُترے' انہوں نے مغرب اور عشاء کی نمازوں کو ایک ساتھ ادا کیا اور پھر یہ بات بیان کی: نبی اکرم ﷺ نے جب تیزی سے سفر کرنا ہوتا تھا تو آپ ﷺ ایسا ہی کیا کرتے تھے۔

جمع تقدیم کی دلیل حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ منقول مستند روایت ہے: نبی اکرم ﷺ غزوۂ تبوک کے موقع پر جب مغرب کے بعد روانہ ہوئے تو آپ ﷺ نے عشاء کو بھی مغرب کی نماز کے ساتھ ادا کر لیا' پھر اس کے بعد آپ ﷺ روانہ ہوئے۔

احناف اس بات کے قائل ہیں: جس شخص نے حج کا احرام باندھا ہوا ہو' وہ عرفہ کے دن ظہر اور عصر کی نماز کو ایک ہی اذان اور دو اقامتوں کے ساتھ جمع تقدیم کے طور پر ادا کرے گا' کیونکہ عصر کی نماز کو اُس کے عام مقررہ وقت سے پہلے ادا کیا جا رہا ہے' دوسری اقامت کے ذریعے لوگوں کو اس بات سے آگاہ کیا جائے گا' اسی طرح مزدلفہ کی رات مغرب اور عشاء کی نماز کو ایک اذان اور ایک اقامت کے ساتھ جمع تاخیر کے طور پر ادا کرنا جائز ہو گا' کیونکہ عشاء کی نماز اپنے وقت میں ادا کی جا رہی ہے' اس لیے اسے ادا کرنے کے لیے نئے سرے سے اعلان کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ اس کے علاوہ کسی بھی وقت میں دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا جائز نہیں ہے۔

احناف کی دلیل یہ ہے: نمازوں کے اوقات تواتر کے ساتھ ثابت ہیں' اس لیے خبرِ واحد کی بنیاد پر انہیں ترک کرنا جائز نہیں ہو گا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے یہ روایت نقل کی ہے' جسے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اُس ذات کی قسم! جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے! نبی اکرم ﷺ ہمیشہ اپنے وقت پر نماز ادا کیا کرتے تھے' آپ ﷺ نے کبھی بھی وقت سے پہلے یا وقت کے بعد نماز ادا نہیں کی' البتہ دو نمازیں ہیں (جنہیں آپ ﷺ نے اپنے وقت سے ہٹ کر ادا کیا) وہ ظہر اور عصر کی نماز جو عرفہ میں ایک ساتھ ادا کی تھی اور مغرب اور عشاء کی نماز جو مزدلفہ میں ادا کی تھی۔

(ڈاکٹر وہبہ زحیلی بیان کرتے ہیں:) درست بیان یہ ہے: احادیث سے دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا ثابت ہے اور قرآن کی طرح حدیث بھی (شرعی احکام کا) بنیادی ماخذ ہے۔

جن حضرات نے تقدیم یا تاخیر کی صورت میں دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنے کو جائز قرار دیا ہے' اُن کا اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے۔ صرف تین صورتوں میں دو نمازیں ایک ساتھ ادا کی جا سکتی ہیں' جب سفر درپیش ہو' یا بارش' برف باری' سردی بہت

Marfat.com

شدید ہو اور عرفہ و مزدلفہ میں (دو نمازیں ایک ساتھ ادا کی جاسکتی ہیں)۔

ان تین صورتوں کے علاوہ کسی بھی صورت میں ''نمازیں ایک ساتھ ادا کرنے کی شرط کے بارے میں اہلِ علم کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

فقہاء مالکیہ کے نزدیک ظہر اور عصر کی نماز کو جبکہ مغرب وعشاء کی نماز کو تقدیم یا تاخیر کی صورت میں ایک ساتھ ادا کرنے کے اسباب چھ ہیں: سفر، بارش، کیچڑ، تاریکی، بیماری (جیسے بیہوشی وغیرہ) عرفہ اور مزدلفہ۔

عرفہ اور مزدلفہ میں دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا سنت ہے، جبکہ دیگر مواقع کے بارے میں مرد اور خواتین دونوں کے لیے نمازیں ایک ساتھ ادا کرنے کی اجازت نہیں۔

اس طرح سفر کے دوران مطلق طور پر نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا جائز ہے، خواہ سفر طویل ہو یا مختصر ہو لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے وہ سفر خشکی کا ہونا چاہیے، سمندر کا نہ ہو کیونکہ سمندری سفر میں دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا جائز نہیں ہے، اس کی وجہ یہ ہے: یہ رخصت ہے اور رخصت کو صرف انہیں صورتوں میں محدود رکھا جائے گا جن میں رخصت دی گئی ہے۔

اسی طرح یہ بات بھی شرط ہے: وہ سفر کسی گناہ کے لیے نہیں ہونا چاہیے یا محض سیر و تفریح کے لیے نہیں ہونا چاہیے۔

1434- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا الْمُحَارِبِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيدٍ الْاَشَجُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا زَاغَتِ الشَّمْسُ صَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ جَمِيعًا وَّاِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ اَنْ تَزِيغَ اَخَّرَهُمَا حَتّٰى يُصَلِّيَهُمَا فِي وَقْتِ الْعَصْرِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ معمول تھا: جب سورج ڈھل جاتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کر لیتے تھے اور جب آپ سورج ڈھلنے سے پہلے روانہ ہوتے تو آپ ان دونوں نمازوں کو مؤخر کر دیتے تھے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں نمازوں کو عصر کی نماز کے وقت میں ادا کرتے تھے۔

1435- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ الدُّورِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي بَدْرٍ الدُّورِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْيَمَانِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا فَزَالَتِ الشَّمْسُ لَمْ يَرْتَحِلْ حَتّٰى يُصَلِّيَ الْعَصْرَ وَاِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ الزَّوَالِ صَلّٰى كُلَّ وَاحِدَةٍ لِوَقْتِهَا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی جگہ پر پڑاؤ کرتے اور اس دوران سورج ڈھل چکا ہوتا تو آپ روانہ نہیں ہوتے تھے جب تک عصر کی نماز بھی ادا نہیں کر لیتے تھے اور اگر آپ زوال سے پہلے روانہ ہو چکے ہوتے تو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں نمازوں کو عصر کی نماز کے وقت میں ادا کرتے تھے۔

۱۴۳۴- اخرجه عبد بن حميد في (المنتخب من المسند) رقم (۶۱۳) و الطبراني في (الكبير) (۱۱ / ۲۱۱) رقم (۱۵۲۴) من طريق ابي بكر بن ابي شيبة: ثنا ابو خالد الاحمر بهذا الاسناد-

Marfat.com

1436- حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ السَّمِيعِ الْهَاشِمِيُّ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْهَيْثَمِ بْنِ مَاهَانَ اَبُو الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ رَبِيعَةَ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا ارْتَحَلَ حِيْنَ تَزِيغُ الشَّمْسُ يَجْمَعُ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَاِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ ذٰلِكَ اَخَّرَ ذٰلِكَ اِلٰى وَقْتِ الْعَصْرِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج کے ڈھل جانے کے بعد روانہ ہونا ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کرتے تھے اور اگر آپ نے اس سے پہلے روانہ ہونا ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز کو عصر کے وقت تک مؤخر کر دیتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسین بن ھیثم بن ماھان، ابوربیع کسائی رازی۔ امام دارقطنی نے ان کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے: "ان میں کوئی حرج نہیں ہے"۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۸/۱۴۵) (۴۲۴۱)۔

موسیٰ بن ربیعۃ مصری۔ امام ابوزرعہ سے ان کے بارے میں دریافت کیا گیا تو وہ بولے: ان میں کوئی حرج نہیں ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: جرح وتعدیل (۸/۱۴۲) (۶۴۲)۔

1437- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّجْمَعَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فِي السَّفَرِ اَخَّرَ الظُّهْرَ حَتّٰى يَدْخُلَ اَوَّلُ وَقْتِ الْعَصْرِ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سفر کے دوران ظہر اور عصر کی نماز کو ایک ساتھ ادا کرنا ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز کو مؤخر کر دیتے تھے یہاں تک کہ عصر کا ابتدائی وقت آ جاتا (تو اس وقت میں دونوں نمازیں ایک ساتھ ادا کرتے تھے)۔

1438-وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ اَنْ تَزِيغَ الشَّمْسُ سَارَ حَتّٰى يَدْخُلَ وَقْتُ الْعَصْرِ فَيَنْزِلُ فَيَجْمَعُ بَيْنَهُمَا وَاِذَا لَمْ يَرْتَحِلْ حَتّٰى تَزِيغَ الشَّمْسُ

١٤٣٦- اخرجه الطبراني في (الكبير) (١١/٢١١) رقم (١١٥٢٣) من طريق ابي الطاهر بن السرح' ثنا موسى بن ربيعة عن محمد بن عجلان' به- ليس فيه ابن الهاد- و حسين بن عبد الله تقدم ضعفه-

١٤٣٧- اخرجه البيهقي في (السنن الكبرى) (٣/١٦١) كتاب الصلاة' باب الجمع بين الصلاتين في السفر' من طريق الدارقطني' به- و اخرجه مسلم (١/٤٨٩) كتاب صلاة المسافرين' باب جواز الجمع بين الصلاتين' حديث (٤٧/٧٠٤) و البيهقي في (السنن الكبرى) (٣/١٦٢) كتاب الصلاة' باب الجمع بين الصلاتين في السفر' و في (معرفة السنن و الآثار) (٢/٤٤٦) كتاب الصلاة' باب الجمع بين الصلاتين في سفر' حديث (١٦٤٦)' كلهم من طريق شبابة بن سوار بهذا الاسناد-

Marfat.com

صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ ذَهَبَ.

☆☆ ابن شہاب، حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج ڈھل جانے سے پہلے سفر پر روانہ ہونا ہوتا تو آپ روانہ ہو جاتے، یہاں تک کہ جب عصر کا وقت شروع ہو جاتا تو آپ پڑاؤ کر کے ان دونوں نمازوں کو ایک ساتھ ادا کرتے تھے اور اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سورج ڈھلنے تک روانہ نہ ہوئے ہوتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز ادا کرنے کے بعد روانہ ہوتے۔

1439- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ يُونُسَ الْقَصَّارُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ وَّاللَّيْثُ وَابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ إِذَا اَرَادَ اَنْ يَجْمَعَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ اَخَّرَ الظُّهْرَ حَتّٰى يَدْخُلَ اَوَّلُ وَقْتِ الْعَصْرِ ثُمَّ يَجْمَعُ بَيْنَهُمَا .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر اور عصر کی نماز کو ایک ساتھ ادا کرنا ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز کو مؤخر کر دیتے تھے یہاں تک کہ عصر کا ابتدائی وقت شروع ہو جاتا، پھر اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں نمازوں کو ایک ساتھ ادا کرتے تھے۔

1440- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَّاَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ قَالاَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ مَزْيَدٍ الْعُذْرِيُّ بِبَيْرُوتَ اَخْبَرَنِىْ اَبِىْ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ حَدَّثَنِىْ نَافِعٌ مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ اَقْبَلَ مِنْ مَّكَّةَ وَجَاءَهُ خَبَرُ صَفِيَّةَ بِنْتِ اَبِىْ عُبَيْدٍ فَاَسْرَعَ السَّيْرَ فَلَمَّا غَابَتِ الشَّمْسُ قَالَ لَهُ اِنْسَانٌ مِّنْ اَصْحَابِهِ الصَّلَاةَ فَسَكَتَ ثُمَّ سَارَ سَاعَةً فَقَالَ لَهُ صَاحِبُهُ الصَّلَاةَ فَسَكَتَ فَقَالَ الَّذِىْ قَالَ لَهُ الصَّلَاةَ اِنَّهُ لَيَعْلَمُ مِنْ هٰذَا عِلْمًا لاَ اَعْلَمُهُ فَسَارَ حَتّٰى إِذَا كَانَ بَعْدَ مَا غَابَ الشَّفَقُ سَاعَةً نَزَلَ فَاَقَامَ الصَّلَاةَ وَكَانَ لاَ يُنَادٰى لِشَىْءٍ مِّنَ الصَّلَاةِ فِى السَّفَرِ -وَقَالَ النَّيْسَابُوْرِيُّ بِشَىْءٍ مِّنَ الصَّلَوَاتِ فِى السَّفَرِ- وَقَالاَ جَمِيعًا فَقَامَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ جَمِيعًا جَمَعَ بَيْنَهُمَا ثُمَّ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ إِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بَعْدَ اَنْ يَغِيبَ الشَّفَقُ سَاعَةً وَّكَانَ يُصَلِّىْ عَلٰى ظَهْرِ رَاحِلَتِهِ اَيْنَ تَوَجَّهَتْ بِهِ السُّبْحَةَ فِى السَّفَرِ وَيُخْبِرُهُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَصْنَعُ ذٰلِكَ .

۱۴۳۸-اخرجه احمد (۳/ ۲۶۵)، و عبد بن حميد (۱۱۶۵)، كلاهما من طريق يحيى بن غيلان، بهذا الاسناد- و اخرجه البخاري (۲/ ۵۸۳) كتاب تقصير الصلاة، باب اذا ارتحل بعدما زاغت الشمس، الحديث (۱۱۲)، و مسلم (۱/ ۴۸۹) كتاب صلاة المسافرين، باب جواز الجمع بين الصلاتين، الحديث (۴۶/ ۷۰۴)، و ابو عوانة (۲/ ۳۵۱)، و ابو داود (۱/ ۳۸۹) كتاب الصلاة، باب الجمع بين الصلاتين، (۱۲۱۸)، و النسائي (۱/ ۲۸۴) كتاب المواقيت، باب الوقت الذي يجمع فيه المسافر بين الظهر و العصر (۵۸۶)، و البيهقي في (السنن الكبرى) (۳/ ۱۶۱) كتاب الصلاة، باب الجمع بين الصلاتين في السفر، كلهم من طريق المفضل بن فضالة بهذا الاسناد-

۱۴۳۹-اخرجه البيهقي في (معرفة السنن و الآثار) (۲/ ۴۴۶) كتاب الصلاة، باب الجمع بين صلاتين في السفر، حديث (۱۶۳۵) من طريق ابراهيم بن الحسين، حدثنا ابو صالح : عبد الله بن صالح، بهذا الاسناد- و ينظر الحديث (۱۴۳۷، ۱۴۳۸)-

۱۴۴۰-اخرجه البيهقي في (السنن الكبرى) (۳/ ۱۵۹- ۱۶۰) كتاب الصلاة، باب الجمع بين الصلاتين في السفر، من طريق الدارقطني، به-

Marfat.com

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما مکہ تشریف لائے' انہیں ان کی اہلیہ صفیہ بنت ابوعبید کی بیماری کی اطلاع ملی تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے سفر تیز کر دیا' جب سورج غروب ہو گیا' تو ان کے ساتھیوں میں سے کسی صاحب نے کہا: نماز کا وقت ہو چکا ہے لیکن حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ خاموش رہے' ان کے جس ساتھی نے انہیں نماز کے لیے کہا تھا' اس نے یہ سوچا کہ ضرور ان کے پاس اس بارے میں کوئی ایسی معلومات ہوں گی جس سے میں واقف نہیں ہوں' پھر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما چلتے رہے' یہاں تک کہ جب شفق غروب ہوگئی تو انہوں نے پڑاؤ کیا اور نماز کے لیے اقامت کہی' وہ سفر کے دوران نماز کے لیے اذان نہیں دیا کرتے تھے۔

یہاں پر نیشاپوری راوی نے ایک لفظ مختلف نقل کیا ہے' اس کے بعد کے الفاظ راویوں کے متفقہ ہیں' وہ بیان کرتے ہیں:
حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور انہوں نے مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کی' پھر انہوں نے یہ بات بتائی' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیزی سے سفر کرنا ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم شفق غروب ہو جانے کے تھوڑی دیر بعد مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کیا کرتے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم سفر کے دوران اپنی سواری کی پشت پر ہی نماز ادا کر لیا کرتے تھے' خواہ سواری کا رخ کسی بھی سمت میں ہو۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ان لوگوں کو بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح کیا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمر بن زید بن عبداللہ بن عمر بن خطاب مدنی، نزیل عسقلان، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 250ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۶۲/۲) (۵۰۵)۔

1441- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنَا عَمِّي حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَخِيْهِ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ سَالِمٍ قَالَ اَتَى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ خَبَرٌ مِنْ صَفِيَّةَ فَاَسْرَعَ السَّيْرَ ثُمَّ ذَكَرَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ وَقَالَ بَعْدَ اَنْ غَابَ الشَّفَقُ بِسَاعَةٍ .تَابَعَهُ ابْنُ وَهْبٍ.

☆☆ سالم بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو ان کی (اہلیہ) صفیہ کی بیماری کی اطلاع ملی تو وہ تیزی سے سفر کرنے لگے' پھر انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسی کی مانند روایت نقل کی' جس میں یہ الفاظ ہیں:
''شفق غروب ہونے کے تھوڑی دیر بعد''۔
ابن وہب نامی راوی نے ان کی متابعت کی ہے۔

1442- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا الْمُنْذِرُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا ارْتَحَلَ حِيْنَ تَزُوْلُ الشَّمْسُ جَمَعَ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَاِذَا مَدَّ لَهُ السَّيْرُ اَخَّرَ الظُّهْرَ وَعَجَّلَ

Marfat.com

الْعَصْرَ ثُمَّ جَمَعَ بَيْنَهُمَا.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سورج ڈھل جانے کے وقت سفر کے لیے روانہ ہونے لگتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کرلیا کرتے' اور جب آپ اس سے پہلے روانہ ہونے لگتے تو آپ ظہر کی نماز کو مؤخر کردیتے اور عصر کی نماز جلدی ادا کرلیتے تھے اور ان دونوں نمازوں کو ایک ساتھ ادا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ منذر بن محمد بن منذر۔ امام دارقطنی فرماتے ہیں: یہ قوی (مستند) نہیں ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''میزان اعتدال'' از حافظ شمس دین ذہبی (۶/۵۱۵) (۸۷۷۰)۔

1443- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ وَاصِلٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَمُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ قَالَ سُفْيَانُ بَعْدُ فِيْ حَدِيْثِ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ اِلٰى رُبُعِ اللَّيْلِ .قَالَ ابْنُ صَاعِدٍ فِيْ حَدِيْثِهٖ قَالَ اَحَدُهُمْ فِيْ حَدِيْثِهٖ اِلٰى رُبُعِ اللَّيْلِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تیزی سے سفر کرنا ہوتا تھا تو آپ مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کیا کرتے تھے۔

ایک راوی نے اس روایت میں: ''ایک چوتھائی رات تک'' کے الفاظ نقل کیے ہیں۔

ایک اور راوی نے بھی ''چوتھائی رات تک'' کے الفاظ نقل کیے ہیں۔

1444- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَ قَوْلِ النَّيْسَابُوْرِيِّ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عاصم بن جعفر معافری، مصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 215ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۸۵۷) (۶۰۲۲)۔

1445- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مِرْدَاسٍ السُّلَمِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ السِّجِسْتَانِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ خَالِدٍ

۱۴۴۲-اخرجه احمد (۲/ ۸۰): حدثنا عبد الرزاق: ثنا سفيان الثوري: بهذا الاسناد-

Marfat.com

1549- حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُوْلٍ حَدَّثَنَا جَدِّىْ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مِنْهَالٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ سَمِعَ اَبَاهُ جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَا بَنِىْ عَبْدِ مَنَافٍ- اَوْ يَا بَنِىْ قُصَيٍّ- لَا تَمْنَعُوْا اَحَدًا اَنْ يَّطُوْفَ بِالْبَيْتِ وَيُصَلِّىَ اَيَّةَ سَاعَةٍ شَآءَ مِنْ لَيْلٍ اَوْ نَهَارٍ .

☆☆ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اے بنوعبد مناف! (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اے قصی کی اولاد! تم کسی بھی شخص کو بیت اللہ کا طواف کرنے اور یہاں نماز ادا کرنے سے نہ روکنا' خواہ رات یا دن جو بھی حصہ ہو۔

١٥٤٨-اخرجه الشافعي (١/٥٧، ٥٨) كتاب الصلاة، الباب الاول في مواقيت الصلاة، حديث (١٧٠، ١٧٢)، و احمد (٤/٨٠)- و الحاكم (١/٤٤٨) كتاب المناسك، و ابو داود (٢/٤٤٩) كتاب المناسك (الحج) باب الطواف بعد العصر، حديث (١٨٩٤)، و الترمذي (٣/٢٢٠) كتاب الحج، باب ما جاء في الصلاة بعد العصر و بعد الصبح لمن يطوف، حديث (٨٦٨)، و النسائي (٥/٢٢٣) كتاب الحج، باب اباحة الطواف في كل الاوقات، و ابن ماجه (١/٣٩٨) كتاب اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في الرخصة في الصلاة بمكة في كل وقت (١٤٩)، و الطحاوي في (شرح معاني الآثار) (٢/١٨٦) كتاب مناسك الحج، باب الصلاة للطواف بعد الصبح و بعد العصر، و الحميدي (١/٢٢٥) رقم (٥٦١)، و ابن خزيمة (٢/٢٦٣) رقم (١٢٨٠)، و ابن حبان (٦٢٦-موارد)، و ابو يعلى (١٣/٣٩٠) رقم (٧٣٩٦)، و البيهقي (٢/٤٦١)، و الدارمي (٢/٧٠)، كتاب المناسك، باب الطواف في غير وقت الصلاة، من طريق سفيان بن عيينة عن ابي الزبير عن عبد الله بن باباه عن جبير بن مطعم به- وقال الحاكم: صحيح على شرط مسلم، و لم يخرجاه، ووافقه الذهبي- و قال الترمذي: حديث حسن صحيح، و قد رواه عبد الله بن ابي نجيح عن عبد الله بن باباه ايضا- و صححه ابن خزيمة و ابن حبان- و الطريق الذي اشاره اليه الترمذي- و هو طريق ابن ابي نجيح عن ابن باباه- اخرجه احمد (٤/٨٢)، والبيهقي (٥/١١٠)، و ابن حبان (١٥٤٤-الاحسان)، من طريق ابن اسحاق عن عبد الله بن ابي نجيح عن عبد الله بن باباه به- و اخرجه عبد الرزاق (٥/٦١) رقم (٩٠٠٤)، و احمد (٤/٨٤)، و ابن خزيمة رقم (١٢٨٠) من طريق ابن جريج عن ابي الزبير، به- وروي هذا الحديث مرسلاً: اخرجه الشافعي في (مسنده) (١/٥٨) كتاب الصلاة، باب في مواقيت الصلاة (١٧٢) عن عطاء مرسلاً-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جراح بن منہال بن عطوف جزری، عن زہری، قال احمد: کان صاحب غفلة، وامام بخاری فرماتے ہیں: و مسلم: منکر حدیث۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۱۱۵/۲)۔

1550- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدٍ الرُّهَاوِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ مَعْشَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا مَعْقِلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَا بَنِىْ عَبْدِ مَنَافٍ اَلَا لَا تَمْنَعُوْا اَحَدًا صَلّٰى عِنْدَ هٰذَا الْبَيْتِ اَيَّةَ سَاعَةٍ شَاءَ مِنْ لَيْلٍ اَوْ نَهَارٍ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی: اے بنوعبد مناف! خبردار! تم کسی بھی شخص کو اس بیت اللہ کے پاس نماز ادا کرنے سے نہ روکنا' خواہ رات یا دن کا کوئی بھی وقت ہو۔

1551- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو الرَّبَالِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ اَظُنُّهُ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ يَا بَنِىْ عَبْدِ مَنَافٍ لَا تَمْنَعُوْا اَحَدًا يَطُوْفُ بِهٰذَا الْبَيْتِ اَيَّةَ سَاعَةٍ شَاءَ مِنْ لَيْلٍ اَوْ نَهَارٍ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اے بنوعبد مناف! تم کسی بھی شخص کو اس بیت اللہ کا طواف کرنے سے نہ روکنا' خواہ رات یا دن کا جو بھی وقت ہو۔

1552- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَالِبٍ الْحَافِظُ اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ الْاَعْمٰى بِحَرَّانَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الضَّحَّاكِ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ يَا بَنِىْ عَبْدِ مَنَافٍ لَا تَمْنَعُنَّ اَحَدًا يُصَلِّىْ عِنْدَ هٰذَا الْبَيْتِ اَىَّ سَاعَةٍ مِنْ لَيْلٍ اَوْ نَهَارٍ .

☆☆ نافع بن جبیر اپنے والد کے حوالے سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اے بنوعبد مناف! تم ایسے کسی شخص کو منع نہ کرنا جو اس بیت اللہ کے پاس نماز ادا کر رہا ہو' خواہ رات یا دن کا جو بھی وقت ہو۔

1553- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ عَيَّاشٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ عَنْ حُمَيْدٍ مَوْلٰى عَفْرَاءَ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ قَدِمَ اَبُوْ ذَرٍّ مَكَّةَ فَاَخَذَ بِعِضَادَتَىِ الْبَابِ فَقَالَ مَنْ عَرَفَنِىْ فَقَدْ عَرَفَنِىْ وَمَنْ لَمْ يَعْرِفْنِىْ فَاَنَا جُنْدُبٌ اَبُوْ ذَرٍّ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ لَا صَلَاةَ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَلَا بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ

۱۵۵۳- اخرجه البيهقي في (معرفة السنن الآثار) (۲ / ۲۷۵)؛ حديث (۱۳۱۶) من طريق الدارقطني' بهذا الاسناد- وقال البيهقي: و حديث مجاهد عن ابي ذر مرسل- واخرجه في (السنن الكبرى) (۲/ ۴۶۱) من طريق الشافعي' به- و اخرجه احمد (۵/ ۱۶۵) من طريق يزيد عن عبد الله ابن المومل' به' الا انه لم يذكر حميدا في سنده- و اخرجه ابن عدي (۴/ ۱۳۷) من طريق سعدى ابن سالم عن ابن المومل' به' الا انه لم يذكر قيسا- و ينظر: (تلخيص الحبير) (۱/ ۲۳۹-۲۴۰)-

Marfat.com

اِلَّا بِمَكَّةَ اِلَّا بِمَكَّةَ .

☆☆ مجاہد بیان کرتے ہیں' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ تشریف لائے' تو انہوں نے خانہ کعبہ کے دروازے کی چوکھٹ کو پکڑ کر فرمایا: جو شخص مجھے جانتا ہے وہ تو مجھ سے واقف ہے' لیکن جو مجھے نہیں جانتا (تو وہ جان لے) میں جندب (ہوں اور میری کنیت) ابوذر ہے' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: فجر کی نماز کے بعد سے لے کر سورج نکلنے تک کوئی (نفل) نماز ادا نہیں کی جاسکتی اور عصر کی نماز کے بعد سے لے کر سورج غروب ہونے تک کوئی (نفل) نماز ادا نہیں کی جاسکتی' البتہ مکہ کا حکم مختلف ہے' البتہ مکہ کا حکم مختلف ہے' البتہ مکہ کا حکم مختلف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن مومل بن وہب اللہ مخزومی، وکمی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ حدیث، یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 160ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۵۵۰)(۳۶۷۳)۔

○ حمید بن قیس مکی اعرج، ابوصفوان قاری، لیس بہ باس، یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 170ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱/۲۰۳)۔

○ قیس بن سعد بن عبادۃ، خزرجی انصاری، صحابی جلیل، ان کا انتقال 60ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۱۲۸)۔

○ عبداللہ بن احمد بن زکریا بن حارث، مکی، ابویحییٰ بن ابی مسرۃ، قال ابن ابی حاتم: کتبت عنہ بمکۃ، ومحلہ صدق۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: جرح وتعدیل (۵/۶) تنبیۃ: فی ط: ابی مسرۃ۔

○ خلاد بن یحییٰ بن صفوان سلمی، ابومحمد کوفی، نزیل مکۃ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ رمی بالارجاء، وھومن کبار شیوخ بخاری، یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 213ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۳۰۳)(۱۷۷۶)۔

1554- حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ السَّمِيعِ الْهَاشِمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِى مَسَرَّةَ حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى بْنِ صَفْوَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ مُجَاهِدٍ حَدَّثَنِى عَطَاءٌ حَدَّثَنِى نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّهُ سَمِعَ جُبَيْرًا يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ يَا بَنِى عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا تَمْنَعُنَّ مُصَلِّيًا عِنْدَ هٰذَا الْبَيْتِ فِى سَاعَةٍ مِّنْ لَيْلٍ اَوْ نَهَارٍ .

☆☆ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: اے بنوعبدالمطلب! تم اس بیت اللہ کے پاس کسی بھی شخص کو نماز ادا کرنے سے نہ روکنا' خواہ رات یا دن کا کوئی بھی وقت ہو۔

1555- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ صَفْوَانَ الْبَرْذَعِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ

Marfat.com

الْمُحَارِبِیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَا بَنِیْ عَبْدِ مَنَافٍ يَا بَنِیْ هَاشِمٍ اِنْ وُلِّيتُمْ هٰذَا الْاَمْرَ يَوْمًا فَلَا تَمْنَعُنَّ طَائِفًا بِهٰذَا الْبَيْتِ اَوْ مُصَلِّيًا اَىَّ سَاعَةٍ مِّنْ لَّيْلٍ اَوْ نَهَارٍ.

☆☆ نافع بن جبیر اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اے بنو عبد مناف! اے بنو ہاشم! جب یہ معاملہ تمہارے اختیار میں ہو تو تم اس گھر کا طواف کرنے والے کسی شخص (اور اس کے پاس) نماز ادا کرنے والے کسی بھی شخص کو (طواف کرنے یا نماز ادا کرنے) سے ہرگز نہ روکنا' خواہ رات یا دن کا کوئی بھی وقت ہو۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسین بن صفوان بن اسحاق بن ابراہیم، ابوعلی بردعی، قال خطیب: کان علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ا، ان کا انتقال 340ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۵۴/۸)۔

○ احمد بن محمد بن صاعد، ابوعباس۔ امام دارقطنی فرماتے ہیں: یہ قوی (مستند) نہیں ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۳۵/۵)۔

1556- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا كُرْدُوسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لَا تَمْنَعُوْا اَحَدًا طَافَ بِهٰذَا الْبَيْتِ لَيْلًا اَوْ نَهَارًا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

''رات یا دن کے کسی بھی وقت میں اس بیت اللہ کا طواف کرنے والے کسی بھی شخص کو تم نہ روکنا''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ خلف بن محمد بن عیسیٰ خشاب، قافلانی - ابوحسین بن ابی عبد اللہ واسطی، لقبہ کردوس- علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 274ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲۹۹) (۱۷۴۴)۔

1557- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الْعَدَنِيُّ حَدَّثَنَا رَجَاءُ اَبُوْ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا مُجَاهِدٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

۱۵۵۵- اخرجه الطبراني في (الكبير) (۲/ ۱۲٤) رقم (۱۵٦۷) من طريق ابي معاوية بهذا الاسناد و ضعفه الحافظ (۱/ ۲٤۱) و اسماعيل بن مسلم المكي ضعيف-

Marfat.com

قَالَ يَا بَنِىْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَوْ يَا بَنِىْ عَبْدِ مَنَافٍ لَا تَمْنَعُوْا اَحَدًا يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ وَيُصَلِّىْ فَاِنَّهٗ لَا صَلَاةَ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَلَاصَلَاةَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ اِلَّا عِنْدَ هٰذَا الْبَيْتِ يَطُوْفُوْنَ وَيُصَلُّوْنَ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے بنوعبدالمطلب! (راوی کو شک ہے' شاید یہ الفاظ ہیں:) اے بنوعبد مناف! اس بیت اللہ کا طواف کرنے والے (یا اسکے قریب) نماز ادا کرنے والے کسی بھی شخص کو تم نہ روکنا' کیونکہ صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک کوئی نماز نہیں ہوتی اور عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے تک کوئی نماز نہیں ہوتی' البتہ مکہ میں اس گھر کے پاس کا حکم مختلف ہے' (یہاں) لوگ (ان اوقات میں) طواف بھی کر سکتے ہیں اور نماز بھی پڑھ سکتے ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ رجاء بن حارث، انہوں نے مجاہد کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں' یہ ابوسعید بن عوذ ہیں۔ یحییٰ بن معین نے انہیں ضعیف قرار دیا ہے۔ فضل سینانی اور ابولید عدانی نے ان کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۳/۷۰)، وقال حافظ فی ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱/۲۴۸):

۱۵۵۷ ذکرہ الزیلعی من جہۃ المصنف فی (نصب الرایۃ) (۱/ ۲۵٤) و قال: قال صاحب التنقیح: و ابو الولید العدنی لم ارلہ ذکرا فی (الکنی) لابی احمد الحاکم- واما رجاء بن الحارث ابو سعید المکی: فضعفہ ابن معین-

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر، تصانیف، ترجمہ، شرح و تخریج کی ہوئی کتب

جہانگیری

مسند امام زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ

امام حسین رضی اللہ عنہ کے پوتے حضرت زین العابدین رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے

امام باقر رضی اللہ عنہ کے بھائی امام جعفر صادق اور امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کے استاد

الامام زید رضی اللہ عنہ

کی نقل کردہ روایات اور بیان کردہ فقہی آراء کا مجموعہ

جہانگیری

الموطا امام مالک

احادیث نبویہ آثار صحابہ اقوال تابعین اور آراء امام مالک

تالیف امام دار الهجرة

امام ابو عبد الله مالك بن انس بن مالك المدني

جہانگیری

مسند الامام الشافعي

ترتيب

الامير ابي سعيد سنجر بن عبد الله الناصري الجاولي

2 جلدیں

جہانگیری

سنن دارمی

احادیث و آثار کا مستند اور قدیم مجموعہ

الامام الحافظ ابو محمد عبد الله بن عبد الرحمن بن الفضل بن بهرام الدارمي

15 کتب سے تخریج

2 جلدیں

شبیر برادرز

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

علماء اہلسنت کی کتب Pdf فائل میں حاصل کرنے کے لئے

"فقہ حنفی PDF BOOK"

چینل کو جوائن کریں

http://T.me/FiqaHanfiBooks

عقائد پر مشتمل پوسٹ حاصل کرنے کے لئے

تحقیقات چینل ٹیلیگرام جوائن کریں

https://t.me/tehqiqat

علماء اہلسنت کی نایاب کتب گوگل سے اس لنک سے فری ڈاؤن لوڈ کریں

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

طالب دعا۔ محمد عرفان عطاری

زوہیب حسن عطاری

الله
رسول
محمد

فتوحاتِ جہانگیری

سُنن دارقطنی

مصنف

امام ابو الحسن علی بن عمر دارقطنی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

دام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

علماء اہلسنت کی کتب Pdf فائل میں حاصل
کرنے کے لئے
"فقہ حنفی PDF BOOK"
چینل کو جوائن کریں
http://T.me/FiqaHanfiBooks
عقائد پر مشتمل پوسٹ حاصل کرنے کے لئے
تحقیقات چینل ٹیلیگرام جوائن کریں
https://t.me/tehqiqat
علماء اہلسنت کی نایاب کتب گوگل سے اس لنک
سے فری ڈاؤن لوڈ کریں
https://archive.org/details/
@zohaibhasanattari
طالب دعا۔ محمد عرفان عطاری
زوہیب حسن عطاری

الله
رسول
محمد

فتوحاتِ جہانگیری

شرح

سُنن دارقطنی

جزو پنجم

5-6

متن

امام ابو الحسن علی بن عمر دارقطنی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ھو القادر

جلد سوئم

نام کتاب	————	فتوحاتِ جہانگیری شرح سُنن دارقطنی
مترجم	————	ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر
پروف ریڈنگ	————	ملک محمد یونس
کمپوزنگ	————	ورڈز میکر
باہتمام	————	ملک شبیر حسین
سن اشاعت	————	جولائی 2011ء
سرورق	————	اے ایف ایس ایڈورٹائزرز
طباعت	————	اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
ہدیہ	————	-/600 روپے

جمیع حقوق الطبع محفوظ للناشر

All rights are reserved

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

ترتیب

جمعہ کا بیان

باب 1: کس شخص پر جمعہ پڑھنا فرض ہے ___ ۷
جمعہ کے احکام ___ ۸
مصر جامع کی وضاحت ___ ۱۳
حدیث کی تحقیق ___ ۱۳
باب 2: جمعہ کی نماز میں تعداد کا تذکرہ ___ ۱۶
باب 3: جمعہ اس شخص پر لازم ہوتا ہے جو اذان سنے ___ ۲۲
باب 4: بستی میں رہنے والوں پر جمعہ لازم ہوتا ہے ___ ۲۴
باب 5: جو شخص جمعہ کی ایک رکعت پاتا ہے' یا جو شخص جمعہ نہیں پاتا ___ ۲۶
باب 6: جب کوئی شخص آئے امام خطبہ دے رہا ہو' اس وقت دو رکعت ادا کرنا ___ ۳۶
باب 7: زوال سے پہلے نماز جمعہ ادا کرنا ___ ۴۲

وتر کا بیان

باب 1: وتر کا طریقہ' یہ فرض نہیں ہیں' نبی اکرم ﷺ نے اونٹ پر بھی وتر ادا کیے ہیں ___ ۴۶
وتر کے حکم کی وضاحت ___ ۴۷
باب 2: جو شخص وتر پڑھے بغیر سو جائے یا وتر پڑھنا بھول جائے ___ ۶۵
باب 3: وتر پانچ ہوتے ہیں' وتر تین ہوتے ہیں' وتر ایک ہوتا ہے یا وتر پانچ سے زیادہ ہوتے ہیں ___ ۶۷
باب 4: وتر کی نماز کو مغرب کی نماز کے مشابہہ نہ کرو ___ ۷۳
باب 5: وتر کی بھی تین رکعت ہوں گی جیسے مغرب کی تین رکعت ہوتی ہیں ___ ۷۵
باب 6: وتر کی فضیلت ___ ۷۶
باب 7: وتر کی رکعت میں کون سی سورت کی قرأت کی جائے' اس میں دعائے قنوت پڑھنا ___ ۷۷
وتر کی نماز میں قرأت کا طریقہ ___ ۷۸
باب 8: وتر کے بعد دو رکعت ادا کرنا ___ ۸۷
باب 9: دعائے قنوت کا طریقہ اور اس کا مقام ___ ۸۹
باب 10: بیمار شخص کی نماز' جس شخص کی نماز کے دوران نکسیر پھوٹ پڑے' وہ اپنا نائب کس کو کس طرح مقرر کرے؟ ___ ۹۸
نماز کے دوران اگر امام کو حدث لاحق ہو جاتا ہے تو وہ کسی شخص کو اپنا نائب کس طرح بنائے گا؟ ___ ۱۰۰

عیدین کا بیان

باب 1: بلاعنوان ___ ۱۰۴
نماز عید کے بارے میں حکم کی وضاحت ___ ۱۰۴
باب 2: نبی اکرم ﷺ کا خانہ کعبہ میں نماز ادا کرنا' اس بارے میں منقول روایات میں اختلاف ___ ۱۲۳
خانہ کعبہ کے اندر نماز پڑھنے کے بارے میں اہل علم کا اختلاف ۱۲۴
باب 3: نماز ترک کرنے کی شدید مذمت' جو شخص اسے ترک کر دے وہ کفر (کا مرتکب ہوتا) ہے' تاہم ایسا کرنے والے کو قتل کرنا منع ہے ___ ۱۲۷
باب 4: اُس شخص کا تذکرہ جس کی اقتداء میں نماز پڑھنا جائز

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

ہے اور جس کی نمازِ جنازہ ادا کرنا جائز ہے ۱۳۴
باب ۵: نمازِ خوف کا طریقہ اور اس کی اقسام ۱۳۷
نمازِ خوف کی شرعی حیثیت ۱۳۸
پہلا طریقہ ۱۴۱
غزوۂ ذات الرقاع میں نبی اکرم ﷺ کا نماز ادا کرنے کا طریقہ ۱۴۲
تیسرا طریقہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی نقل کردہ روایت ۱۴۳
چوتھا طریقہ: ''بطن نخل'' میں نبی اکرم ﷺ کا نماز ادا کرنا ۱۴۴
پانچواں طریقہ: غزوۂ ذات الرقاع میں نبی اکرم ﷺ کا نماز کا طریقہ ۱۴۴
چھٹا طریقہ: ذی قرد کے مقام پر نبی اکرم ﷺ کا نماز ادا کرنا ۱۴۴
ساتواں طریقہ: غزوۂ نجد کے موقع پر نبی اکرم ﷺ کا نماز ادا کرنا ۱۴۴
باب 6: عورت کے لیے کتنے کپڑے پہن کر نماز ادا کرنا جائز ہے ۱۵۳
باب 7: سورج گرہن اور چاند گرہن کی نماز کا طریقہ ۱۵۴
نمازِ کسوف کا حکم ۱۵۴
پہلا مسئلہ: نمازِ کسوف کا طریقہ ۱۵۵
دوسرا مسئلہ: نمازِ کسوف کے دوران قرأت کرنا ۱۵۶
تیسرا مسئلہ: نمازِ کسوف کا وقت ۱۵۸
چوتھا مسئلہ: نمازِ کسوف کے بعد خطبہ دینا ۱۵۸
پانچواں مسئلہ: چاند گرہن کا حکم ۱۵۹

نماز استسقاء

باب 1: بلا عنوان ۱۶۶
نمازِ استسقاء کے حکم کے بارے میں فقہاء کی وضاحت ۱۶۷

جنائز کا بیان

باب 1: جنازے کے آگے چلنا ۱۷۶
جنازے کے آگے چلنے کا حکم ۱۷۶
باب 2: مسلمان نجس نہیں ہوتا ۱۷۷
باب 3: حضرت آدم علیہ السلام کی قبر کی جگہ اور ان پر چار تکبیروں کا کہا جانا ۱۷۸
باب 4: نمازِ جنازہ میں ایک سلام پھیرا جائے گا' چار یا پانچ تکبیریں کہی جائیں گی اور سورۂ فاتحہ پڑھی جائے گی ۱۸۰
نمازِ جنازہ کا طریقہ ۱۸۱
نمازِ جنازہ میں تکبیرات کی تعداد ۱۸۲
نمازِ جنازہ میں سلام پھیرنے کا حکم ۱۸۳
نمازِ جنازہ میں قرأت کرنے کا حکم ۱۸۵
قبر پر نمازِ جنازہ ادا کرنا ۱۹۰
باب 5: (نمازِ جنازہ کے دوران) دایاں ہاتھ بائیں پر رکھنا' تکبیر کہتے ہوئے دونوں ہاتھ بلند کرنا ۱۹۱
باب 6: مٹھیوں میں مٹی لے کر میت (یعنی قبر) پر ڈالنا ۱۹۴
باب 7: قبر پر (نمازِ جنازہ) ادا کرنا ۱۹۵
باب 8: چاشت کی نماز باجماعت ادا کرنا ۲۰۱
چاشت کی نماز کے احکام ۲۰۲
باب 9: نماز کے دوران تھوڑا عمل کرنا جائز ہے اور جس شخص پر بے ہوشی طاری ہو جائے' اس پر کون سی نماز کی قضاء لازم ہوگی' نفل نماز ادا کرنے کا وقت ۲۰۳
باب 10: جس شخص پر مدہوشی طاری ہو جائے اور نماز کا بھی وقت ہو چکا ہو' تو کیا وہ اس نماز کی قضاء ادا کرے گا یا نہیں؟ ۲۰۵
بے ہوش شخص کے لیے نماز کا حکم ۲۰۸
باب 11: کسی عذر کی وجہ سے نماز کے دوران ادھر اُدھر دیکھنا ۲۰۸
نماز میں التفات کا حکم ۲۰۹
باب 12: نماز کے دوران اشارہ کرنا ۲۱۰
نماز میں اشارہ کرنے کا حکم ۲۱۰
باب 13: جو شخص صبح کی نماز میں سورج نکلنے سے پہلے ایک

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

سجدہ پالے اس نے نماز کو پالیا ___ ۲۱۲

باب 14: نئی مسجدیں بنانا ___ ۲۱۴

باب 15: جو شخص کسی دوسرے شخص کی طرف منہ کر کے نماز ادا کرے جسے وہ اپنے سامنے قبلے کی سمت میں دیکھ رہا ہو اس پر دوبارہ نماز ادا کرنا لازم ہے ___ ۲۱۵

کسی انسان کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کے حکم کے بارے میں اہل علم کے اختلاف کی وضاحت ___ ۲۱۵

باب 16: کسی کام کی وجہ سے قرأت کو مختصر کر دینا ___ ۲۱۶

باب 17: نبی اکرم ﷺ کا اس بات سے منع کرنا کہ امام کسی چیز کے اوپر کھڑا ہو اور لوگ اس سے پیچھے ہوں ___ ۲۲۱

امام کا مقتدیوں سے بلند جگہ پر کھڑے ہو کر نماز پڑھانے کا حکم ۲۲۲

زکوٰۃ کا بیان

باب 1: بلاعنوان ___ ۲۲۳

باب 2: سال گزرنے کے بعد زکوٰۃ فرض ہوتی ہے ___ ۲۲۵

باب 3: سونے چاندی، جانور، پھلوں، اناج میں زکوٰۃ کی فرضیت ۱۲۹

کون سے مال میں زکوٰۃ کی ادائیگی واجب ہوگی اور کون سے مال میں ادائیگی واجب نہیں ہوگی؟ ___ ۲۲۹

باب 4: (سونے چاندی کے) ٹکڑے میں کوئی چیز لازم نہیں ہوگی ۲۳۶

باب 5: کتنے اناج میں زکوٰۃ لازم ہوتی ہے ___ ۲۳۷

باب 6: سبزیوں میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی ___ ۲۳۸

کھیت (کی پیداوار) اور پھلوں کی زکوٰۃ کا حکم ___ ۲۳۹

باب 7: گھریلو استعمال کے جانوروں میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی ۲۵۲

باب 8: دو چیزوں کو ملانے کی وضاحت، دو ملی ہوئی چیزوں پر زکوٰۃ لازم ہونے کا حکم ___ ۲۵۴

باب 9: جس مال کی زکوٰۃ ادا کر دی جائے اسے کنز نہیں کہا جائے گا ___ ۲۵۷

باب 10: مکاتب غلام جب تک آزاد نہ ہو جائے اس کے مال میں زکوٰۃ واجب نہیں ہوتی ___ ۲۶۱

باب 11: بچے اور یتیم کے مال میں زکوٰۃ واجب ہوتی ہے ۲۶۴

باب 12: یتیم کے مال میں سے وصی کا قرض کے طور پر کچھ لینا ۲۶

باب 13: اونٹ اور بکریوں کی زکوٰۃ ___ ۲۷۰

باب 14: خوشحال اور صاحب حیثیت شخص کے لیے صدقہ لینا جائز نہیں ہے ___ ۲۸۰

باب 15: کس شخص کے لیے زکوٰۃ وصول کرنا جائز ہے؟ ___ ۲۸۳

زکوٰۃ کے مصارف کے حکم کی وضاحت ___ ۲۸۴

باب 16: وہ خوشحالی جو مانگنے کو حرام کر دیتی ہے ___ ۲۸۹

غنی کے حکم کی وضاحت ___ ۲۸۹

باب 17: سال گزرنے سے پہلے زکوٰۃ ادا کر دینا ___ ۲۹۴

باب 18: تجارت کے مال کی زکوٰۃ ادا کرنا نیز گھوڑے اور غلام کی زکوٰۃ معاف کرنا ___ ۲۹۹

سامانِ تجارت کی زکوٰۃ کا حکم ___ ۳۰۰

باب 19: زمین سے ہونے والی پیداوار میں صدقے کی مقدار کیا ہوگی؟ نیز پھلوں کا اندازہ لگانا ___ ۳۱۲

باب 20: صدقہ دینے کی ترغیب اور اس کی تقسیم کا طریقہ ۳۲۵

جزیہ کے احکام ___ ۳۳۰

جزیہ کی مقدار ___ ۳۳۲

صدقہ فطر کے احکام

باب 1: بلاعنوان ___ ۳۳۵

صدقہ فطر کے احکام ___ ۳۳۶

باب 2: نبی اکرم ﷺ کے احکامات ___ ۳۶۲

باب 2: مجوسیوں کا جزیہ اور ان کے احکامات کے بارے میں جو روایات منقول ہیں ___ ۳۶۳

روزے کا بیان

باب 1: بلاعنوان ___ ۳۶۶

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

رویتِ ہلال کی گواہی ۳۶۶
باب 2: سحری کا وقت ۳۸۲
باب 3: چاند دیکھنے کی گواہی ۳۸۷
باب 4: رات کے وقت ہی (روزے کی) نیت کر لینا ۳۹۹
باب 5: روزہ دار شخص کے بوسہ لینے کا حکم ۴۱۶
روزہ دار شخص کے لیے بوسہ لینے کا حکم ۴۱۶
باب 6: اعتکاف کا بیان ۴۵۵
اعتکاف کے احکام ۴۵۶
باب 7: روزہ دار شخص کا مسواک کرنا ۴۶۴
روزہ دار شخص کا مسواک کرنا ۴۶۴
باب 8: عمر رسیدہ ہو جانے' (بچے کو) دودھ پلانے' کسی عذر وغیرہ کی وجہ سے رمضان کے روزے نہ رکھنا ۴۶۷
باب 9: افطاری کر لینے کے بعد سورج نکل آنا (یعنی بادل وغیرہ کی وجہ سے وقت سے پہلے افطاری کر لینے کا حکم) ۴۶۷

جزء ششم
حج کا بیان

باب 1: بلاعنوان ۴۸۴
حج کے حکم کی وضاحت ۴۸۴
زادِ راہ اور سواری کے بارے میں اہل علم کی وضاحت ۴۸۷
حج کا احرام باندھنے کی شرائط ۴۹۴
احرام باندھنے سے پہلے غسل کرنے کے حکم کی وضاحت ۴۹۶
کیا کوئی عورت کسی محرم کے بغیر یا شوہر کے بغیر حج کرنے کے لیے جا سکتی ہے؟ ۵۰۰
تلبیہ کے حکم کی وضاحت ۵۰۵
حج کے دوران فرائض' سنتیں اور واجب کون کون سے ہیں؟ ۵۰۹
حالت احرام والا شخص کیا پہنے؟ ۵۱۳
ایذاء پہنچانے والے جانوروں کا حکم ۵۱۸
باب 2: مواقیت کا بیان ۵۲۵
میقات کے احکام ۵۲۶
حجِ قران کا حکم ۵۳۳
عرفات میں وقوف کا حکم ۵۳۶
دوسرے کی طرف سے حج کرنے کا حکم ۵۷۰
حالتِ احرام میں نکاح کرنے کا حکم ۵۸۳
نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت کرنے کی اہمیت' فضیلت اور اس سے متعلق احکام کی وضاحت ۶۰۲

خرید وفروخت کے احکام

باب 1: بلاعنوان ۶۴۳
سود کی اقسام اور ان کے احکام ۶۴۳
خیارِ مجلس کا حکم ۶۴۹
پھل کے پک جانے سے پہلے اسے فروخت کرنے کی تین صورتیں ۶۶۱
مجہول چیز کے سودے کا حکم ۶۶۵
سودے میں فریقین کے اختلاف کا حکم ۶۷۴
سودا کرتے ہوئے شرط عائد کرنے کا حکم ۶۹۱
مرحوم کے مال میں سے قرض کی وصولی کا حکم ۶۹۷
زمین کو کرائے پر دینے کا حکم ۷۱۱
زمین کو اس کی پیداوار کے عوض کرائے پر دینے کا حکم ۷۲۵
کتے اور بلی کو فروخت کرنے کا حکم ۷۳۳
خشک اور تر پھل کی فروخت کا حکم ۷۳۷
سودا ختم کرنے کی شرط عائد کرنے کا حکم ۷۴۷
مکہ کے گھروں کو فروخت کرنے یا کرائے پر دینے کا حکم ۷۴۹
کنیز اور اس کی اولاد کو الگ الگ فروخت کرنے کا حکم ۷۶۶
گوشت کے عوض میں جانور فروخت کرنے کا حکم ۷۷۴

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

كِتَابُ الْجُمُعَةِ

جمعہ کا بیان

1- باب مَنْ تَجِبُ عَلَيْهِ الْجُمُعَةُ.

باب 1: کس شخص پر جمعہ پڑھنا فرض ہے

1558- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ الْمُهْتَدِي حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ نَافِعِ بْنِ خَالِدٍ بِمِصْرَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ حَدَّثَنِي مُعَاذُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِيُّ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَعَلَيْهِ الْجُمُعَةُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِلَّا مَرِيضٌ أَوْ مُسَافِرٌ أَوِ امْرَأَةٌ أَوْ صَبِيٌّ أَوْ مَمْلُوكٌ فَمَنِ اسْتَغْنَى بِلَهْوٍ أَوْ تِجَارَةٍ اسْتَغْنَى اللَّهُ عَنْهُ وَاللَّهُ غَنِيٌّ حَمِيدٌ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

جو شخص اللہ تعالیٰ پر' آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو'اس پر جمعہ کے دن نمازِ جمعہ ادا کرنا لازم ہے' البتہ بیمار شخص' مسافر شخص' عورت' (نابالغ) بچے اور غلام کا حکم مختلف ہے (ان پر جمعہ فرض نہیں) تو جو شخص کسی دلچسپی کی چیز یا تجارت کی وجہ سے اس سے بے نیازی اختیار کرے (یعنی اسے ادا نہ کرے) تو اللہ تعالیٰ اس شخص سے بے نیازی اختیار کرے گا' اور اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے اور لائقِ حمد ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبید اللہ بن عبد صمد مہتدی باللہ، ابوعبداللہ ہاشمی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 323ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۱۰/۳۵۱،۳۵۲)۔

○ ذکرہ مزی فی رواۃ عن سعید بن ابی مریم، ولہ ذکر فی تاریخ اسلام للذھبی فی وفیات سنۃ (۲۹۰) ص (۳۳۳)، وقال: روی عنہ ابوقاسم طبرانی، وروی عن سعید بن ابی مریم۔

۱۵۵۸- اخرجه ابن عدي في الكامل (٦/ ٤٣٢-٤٣٣) قال: ثنا البغوي: ثنا كامل بن طلحة: ثنا ابن الهيعة: به- و من طريق ابن عدي اخرجه البيهقي في السنن الكبرى (٣/ ١٨٤) كتاب الجمعة: باب من لا تلزمه الجمعة- و في الشعب (٦/ ٣٦٩) رقم (٣٠١٣)- قال: اخبرنا ابو سعد الماليني: انبا ابو احمد بن عدي ... فذكره- و قال ابن عدي: (ومعاذ هذا غير معروف: و ابن لهيعة يحديث عن ابي الزبير عن جابر نسخة: و هذا اخرجه عن معاذ بن محمد عن ابي الزبير: و معاذ لا اعرفه الا من هذا الحديث)- اه- اخرجه البخاري في التاريخ (٢/ ٣٢٥): و الطبراني في (المعجم الكبير) (٢/ ٥١) رقم (١٣٥٧): و البيهقي في (الكبرى) مختصراً (٣/ ١٨٣) من رواية ضرار بن عمرو- وعزاه الهيثمي في (المجمع) (٣/ ١٧٢) للطبراني ثم قال: (وفيه ضرار: روى عن التابعين: و اظنه ابن عمرو الملطي: و هو ضعيف)- اه- و سئل ابو زرعة الرازي- كما في (العلل) لا بن ابي حاتم (١/ ٢١٢) (٦١٣)- عن حديث تميم هذا! فقال: (هذا حديث منكر)- وروي عن مولى لآل الزبير قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: (الجمعة واجبة على كل محتلم الا اربعة: الصبي: والعبد: والمراة: و المريض)- اخرجه ابن ابي شيبة في (المصنف) (١/ ٤٤٦): والبيهقي في (الكبرى) (٣/ ١٨٤) من رواية ابي حازم عن مولى لآل الزبير: به-

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

جمعہ کے احکام

جمعہ کے احکام کی وضاحت کرتے ہوئے صاحب ہدایہ تحریر کرتے ہیں:

جمعہ صرف ''مصر جامع'' میں یا شہر کی عیدگاہ میں ادا کیا جا سکتا ہے' گاؤں میں جمعہ پڑھنا جائز نہیں ہے' اس کی دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

''جمعہ' تشریق' عید الفطر کی نماز' عید الاضحیٰ کی نماز صرف مصر جامع میں ادا کی جا سکتی ہے''۔

''مصر جامع'' سے مراد ہر وہ جگہ ہے' جس کا امیر ہو اور وہاں قاضی بھی موجود ہو' جو احکام کا نافذ کرے اور حدود کو قائم کرے۔

یہ روایت امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے' تاہم ان سے ایک روایت یہ بھی منقول ہے' اگر لوگ اپنی بڑی مساجد میں اکٹھے ہو جائیں تو ان کے لیے اس بات کی گنجائش نہیں ہوگی۔

پہلے قول کو امام کرخی رحمۃ اللہ علیہ نے اختیار کیا ہے اور یہ ظاہر ہے' جبکہ دوسرے قول کو سلجی نے اختیار کیا ہے' جبکہ عیدگاہ پر حکم عائد کرنا مقصود نہیں ہے' بلکہ شہر کے آس پاس کی کھلی جگہوں میں کسی بھی جگہ اسے ادا کیا جا سکتا ہے' کیونکہ شہر والوں کی ضروریات کے اعتبار سے اس کی بھی وہی حیثیت ہے' اسی طرح منیٰ میں جمعہ ادا کرنا جائز ہے' اگر وہاں حجاز کا امیر موجود ہو' یا خلیفہ خود سفر کر کے وہاں آیا ہو' یہ حکم امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہے۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: منیٰ میں جمعہ نہیں ہو سکتا کیونکہ وہ ایک گاؤں ہے' یہی وجہ ہے' وہاں عید کی نماز بھی ادا نہیں کی جا سکتی' امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کی دلیل یہ ہے: حج کے دنوں میں منیٰ ایک شہر کی حیثیت اختیار کر جاتا ہے اور لوگوں کی سہولت کے لیے یہاں عید کی نماز ادا نہیں کی جاتی۔

مسافر شخص' عورت' بیمار شخص' غلام اور نابینا شخص پر جمعہ پڑھنا واجب نہیں ہے' اس کی وجہ یہ ہے: مسافر کے لیے جمعہ میں شریک ہونا اس کے لیے حرج کا باعث ہوگا' یہی حال بیمار اور نابینا شخص اور غلام کا ہے' کیونکہ غلام تو اپنے آقا کی خدمت میں مصروف ہوگا' اسی طرح عورت اپنے شوہر کی خدمت میں مصروف ہوگی تو حرج کو دور کرنے کے لیے ان سب کو معذور قرار دیا جائے گا' لیکن اگر یہ سب لوگ نماز میں شریک ہو کر لوگوں کے ساتھ جمعہ کی نماز ادا کر لیتے ہیں تو اس وقت کے فرض (یعنی ظہر کی نماز کی جگہ) پر ادا کر لینا ان کے لیے جائز ہوگا' اس کی وجہ یہ ہے: اس صورت میں اس حرج کو انہوں نے خود برداشت کر لیا ہے' تو یہ اس مسافر کی طرح ہو جائیں گے' جو روزہ رکھ لیتا ہے۔

مسافر شخص' بیمار اور غلام کے لیے یہ بات جائز ہے' وہ جمعہ کی نماز کی امامت کریں۔

امام زفر رحمۃ اللہ علیہ یہ کہتے ہیں: ایسا کرنا ان کے لیے جائز نہیں ہے' کیونکہ ان پر تو جمعہ فرض ہی نہیں ہے' تو وہ بچے اور عورت کی طرح ہو جائیں گے' جبکہ ہماری دلیل یہ ہے: یہ بات رخصت ہے' لہٰذا جب وہ مسجد میں حاضر ہو جائیں گے تو یہ چیز ان پر فرض ہو جائے گی جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں' جہاں تک بچے کا تعلق ہے' تو اس میں یہ اہلیت ہی موجود نہیں ہوتی جبکہ خاتون مردوں

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

کی امامت کر ہی نہیں سکتی۔

اگر مقتدیوں میں صرف یہ لوگ ہوں (یعنی مسافر' بیمار شخص یا غلام) تو ان کے ذریعے جمعہ منعقد ہو جائے گا' اس کی وجہ یہ ہے: جب یہ لوگ امامت کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں تو اقتداء کرنے کی بدرجہ اولیٰ صلاحیت رکھتے ہوں گے۔

اگر کوئی شخص جمعے کے دن امام کے جمعے کی نماز ادا کرنے سے پہلے اپنے گھر میں ظہر کی نماز ادا کر لیتا ہے حالانکہ اس شخص کو کوئی عذر لاحق نہیں ہوتا تو ایسا کرنا اس شخص کے لیے مکروہ ہے' تاہم اس کی یہ نماز درست ہو گی۔

امام زفر رحمہ اللہ یہ کہتے ہیں: ان کی یہ نماز اس کے لیے درست نہیں ہو گی' اس کی وجہ یہ ہے: امام زفر رحمہ اللہ کے نزدیک اپنی اصل کے اعتبار سے جمعہ پڑھنا ہی فرض ہے۔

اور ظہر کی نماز اس کے بدل کی حیثیت رکھتی ہے' اس لیے اصل پر قدرت رکھنے کی صورت میں بدل کی طرف جانا درست نہیں ہو گا۔

ہدایہ کی مذکورہ بالا عبارت کی تشریح کرتے ہوئے حافظ بدرالدین محمود عینی ''البنایہ'' میں تحریر کرتے ہیں:

لفظ جمعہ میں ''ج'' اور ''م'' پر پیش پڑھی جاتی ہے' جبکہ بعض حضرات نے ''ج'' پر پیش اور ''م'' پر زبر بھی پڑھی ہے۔

اس لفظ کی جمع ''جمعات'' اور ''جمع'' آتی ہے' اسے یہ نام اس لیے دیا گیا ہے' کیونکہ اس میں لوگ اکٹھے ہوتے ہیں۔

ایک قول کے مطابق اسے یہ نام اس لیے دیا گیا ہے' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس دن میں بہت سی بھلائیاں جمع کر دی ہیں' اور یہ ایک شرعی نام ہے۔

ایک قول کے مطابق اسے یہ نام اس لیے دیا گیا کیونکہ اس دن میں حضرت آدم علیہ السلام کے جسمانی وجود (کے اجزائے ترکیبی) کو جمع کیا گیا تھا' اور یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بھی منقول ہے۔

اس دن کی فضیلت بہت زیادہ ہے' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات منقول ہے: ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''اور شاہد اور مشہود کی قسم''۔

یہاں ''شاہد'' سے مراد ''جمعہ کا دن'' ہے اور ''مشہود'' سے مراد ''عرفہ کا دن'' ہے۔

اس روایت کو امام بیہقی رحمہ اللہ نے اپنی ''سنن کبریٰ'' میں نقل کیا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''سب سے بہترین دن جس پر سورج طلوع ہوتا ہے وہ جمعہ کا دن ہے' اسی دن میں حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا گیا' اسی دن میں انہیں جنت میں داخل کیا گیا' اسی دن میں انہیں وہاں سے زمین پر اتارا گیا اور قیامت بھی جمعے کے دن ہی قائم ہو گی''۔

امام مسلم رحمہ اللہ نے اس روایت کو اپنی ''صحیح'' میں نقل کیا ہے۔

امام مالک رحمہ اللہ اور امام ابوداؤد رحمہ اللہ نے یہ الفاظ اضافی نقل کیے ہیں:

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

''اسی دن ان کی توبہ قبول کی گئی اور اسی دن ان کا انتقال ہوا' روئے زمین پر موجود ہر جانور جمعہ کے دن چیختا ہے' اس وقت جب سورج طلوع ہوتا ہے' وہ ایسا اس لیے کرتے ہیں' کیونکہ انہیں یہ خوف ہوتا ہے: شاید آج قیامت قائم ہو جائے گی صرف جنات اور انسان کو (اس بارے میں احساس نہیں ہوتا)''۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ الفاظ اضافی نقل کیے ہیں:

''اس میں ایک گھڑی ایسی ہے: بندۂ مسلم اگر اس وقت میں نماز ادا کر رہا ہو' تو وہ اس دوران اللہ تعالیٰ سے جو مانگے گا اللہ تعالیٰ اسے وہ چیز عطاء کرے گا''۔

دعا کی مقبولیت کی اس گھڑی کے بارے میں تیرہ اقوال ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ بات منقول ہے: یہ گھڑی صبح صادق سے لے کر سورج نکلنے تک ہوتی ہے۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ جمعہ کے دن عصر کی نماز سے لے کر سورج غروب ہونے تک ہوتی ہے۔

حسن اور ابوالعالیہ نے یہ بات بیان کی ہے: یہ سورج ڈھلنے کے بعد ہوتی ہے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: یہ جمعے کی اذان کے وقت ہوتی ہے۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''صحیح'' میں یہ بات نقل کی ہے: یہ اس وقت ہوتی ہے جب امام منبر پر بیٹھ جاتا ہے اور یہ اس کے (خطبے سے) فارغ ہونے تک باقی رہتی ہے۔

حضرت ابوبردہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ وہ گھڑی ہے جس میں نماز کی ادائیگی کو اللہ تعالیٰ نے اختیار کیا ہے۔

امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: یہ (سورج) نکلنے سے لے کر اس وقت تک ہوتی ہے جب تک وہ ایک ہاتھ تک بلند نہیں ہو جاتا۔

طاؤس اور حضرت عبداللہ بن عباس نے یہ بات بیان کی ہے: یہ عصر کی نماز سے لے کر سورج غروب ہونے تک کے درمیانی عرصے میں ہوتی ہے۔

امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے: یہ اس وقت ہوتی ہے جب نماز قائم ہو جاتی ہے اور نماز ختم ہونے تک باقی رہتی ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اسے تین مقامات پر تلاش کرو' صبح صادق سے لے کر سورج نکلنے تک' امام کے (خطبے سے فارغ ہونے کے بعد منبر سے) نیچے اترنے سے لے کر اس کے تکبیر کہنے تک اور عصر کی نماز سے لے کر سورج غروب ہونے تک۔

شیخ ابن المنذر نے یہ بات بیان کی ہے: تمام مسلمانوں کا جمعہ کے واجب ہونے پر اجماع پایا جاتا ہے۔

شیخ خطابی نے یہ بات بیان کی ہے: اکثر فقہاء اس بات کے قائل ہیں: جمعہ پڑھنا فرضِ کفایہ ہے لیکن علماء نے یہ بات بیان کی ہے: یہ غلط ہے۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

امام فرماتے ہیں: جمعہ کی نماز کی ادائیگی ہر اُس شخص پر فرض ہے' جسے کوئی عذر لاحق نہ ہو۔

شیخ ابوطیب نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے بعض شاگردوں کے حوالے سے یہ بات غلط نقل کی ہے: وہ یہ فرماتے ہیں: یہ فرض کفایہ ہے۔

شیخ ابن العربی نے یہ بات بیان کی ہے: ہمیں جمعہ کی فرضیت کے لیے کوئی دلیل تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہے' کیونکہ اجماع اس بارے میں سب سے قوی دلیل ہے۔

شیخ ابن وہب نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: انہوں نے اسے سنت قرار دیا ہے اور پھر یہ فرمایا ہے: مالکی فقہاء نے اس بارے میں کلام کیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جمعہ پڑھنا اس شخص پر لازم ہے' جو (جمعہ کی) اذان کی آواز سنتا ہے''۔

امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ اور امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو نقل کیا ہے:

سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''ہر بالغ شخص پر جمعہ کی نماز کی ادائیگی کے لیے جانا واجب ہے''۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو اپنی سند کے ساتھ نقل کیا ہے' جو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی شرط کے مطابق ہے' یہ بات امام نے بیان کی ہے۔

''الدرایہ'' نامی کتاب میں یہ بات تحریر ہے: جمعہ کی نماز ادا کرنا فرض ہے اور اس بات پر اتفاق ہے' اس کا انکار کرنے والے شخص کو کافر قرار دیا جائے گا۔

یہ فرضِ عین ہے' البتہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اصحاب میں سے بعض حضرات نے اسے فرضِ کفایہ قرار دیا ہے' لیکن یہ بات غلط ہے۔ یہ بات ''الحلیہ'' اور ''شرح الوجیز'' نامی کتاب میں تحریر ہے۔

جمعہ کی فرضیت' کتاب وسنت اور اجماع سے ثابت ہے۔

جہاں تک کتاب کا تعلق ہے' تو اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

''اے ایمان والو! جب جمعے کے دن نماز کے لیے اذان دی جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف چل پڑو''۔

یہاں ذکر سے مراد خطبہ ہے' اس بات پر تمام مفسرین کا اتفاق ہے اور امر کا صیغہ وجوب کے لیے ہے' تو جب خطبے کے لیے چل کر جانا فرض ہوگا وہ خطبہ جو نماز کے جواز کے لیے شرط ہے' تو اصل نماز کی طرف جانا بدرجہ اولیٰ واجب قرار دیا جائے گا اور اس کا واجب ہونا زیادہ مؤثر ہوگا' ان الفاظ کے ذریعے' اور خرید وفروخت کو چھوڑ دو' یعنی اذان ہو جانے کے بعد خرید وفروخت حرام ہے' تو کسی مباح کام کو صرف کسی واجب کی وجہ سے ہی حرام قرار دیا جا سکتا ہے۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

جہاں تک سنت کا تعلق ہے' تو اس کی دلیل حضرت جابر اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما کی نقل کردہ یہ حدیث ہے' یہ دونوں حضرات بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا' اس روایت میں یہ الفاظ ہیں: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے:) ''تم لوگ یہ بات جان لو! اللہ تعالیٰ نے تم پر جمعے کی نماز فرض قرار دی ہے''۔

اس روایت کو امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے' وہ یہ فرماتے ہیں: اس کی سند میں عبداللہ بن محمد عدوی نامی راوی ہے' جو منکر الحدیث ہے' اس کی روایت کی متابعت نہیں کی جاتی' یہ بات امام محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کی ہے۔

''المبسوط'' نامی کتاب میں اس روایت کا مضمون زیادہ الفاظ کے ساتھ منقول ہے اور اسی روایت کے بعض حصے کو ''المہذب'' کے مصنف نے بھی نقل کیا ہے'

جہاں تک اجماع کا تعلق ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس سے لے کر ہمارے آج کے دن تک کے تمام مسلمانوں کا اس کی فرضیت پر اجماع ہے' کسی ایک سے بھی اس کا انکار منقول نہیں ہے۔

تاہم اہل علم کے درمیان اس وقت کے اصل فرض کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی جدید رائے یہ ہے اور امام زفر رحمۃ اللہ علیہ' امام مالک رحمۃ اللہ علیہ' امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اور ایک روایت کے مطابق امام محمد رحمۃ اللہ علیہ بھی اس بات کے قائل ہیں: اس وقت میں جمعہ پڑھنا فرض ہے جبکہ ظہر کی نماز کو اس کا بدل قرار دیا جائے گا۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ' امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ اور قدیم قول کے مطابق امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بھی اس بات کے قائل ہیں: اس وقت میں فرض' ظہر کی نماز ادا کرنا ہے' اور جس شخص کو کوئی عذر لاحق نہ ہو' اگر وہ جمعے کی نماز ادا نہیں کر پاتا تو اسے ظہر ادا کرنے کا حکم دیا جائے گا۔

ایک روایت کے مطابق امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے: ان دونوں میں سے کوئی ایک چیز متعین طور پر فرض نہیں ہے' تاہم انہوں نے ظہر کی ادائیگی کی رخصت دی ہے۔

ان حضرات کے درمیان اختلاف کا فائدہ اس وقت ظاہر ہوگا' جب کوئی آزاد مقیم شخص ظہر کی نماز کو اس کے ابتدائی وقت میں ادا کر لیتا ہے' تو ایسا کرنا مطلق جائز ہوگا' یہاں تک کہ اگر کوئی شخص ظہر کی نماز ادا کرنے کے بعد جمعہ پڑھنے کے لیے جاتا ہے' یا جمعہ پڑھنے کے لیے نہیں جاتا تو اس کا ظہر کا فرض باطل نہیں ہوگا

جبکہ دیگر مشائخ کے نزدیک ظہر کی نماز ادا کرنا جائز نہیں ہوگا' خواہ وہ شخص جمعے کو پالیتا ہے' یا جمعے کو نہیں پاتا' وہ جمعے کی طرف چل کے جاتا ہے' یا نہیں جاتا۔

جہاں تک معنوی (یعنی قیاس کے ذریعے حکم ثابت کرنے کا) تعلق ہے' تو اس کی صورت یہ ہے: ہم نے جمعہ کی ادائیگی کی صورت میں ظہر کی نماز ترک کرنے کا حکم دیا' جبکہ ظہر کی نماز فرض ہے' تو کسی ایک فرض کو کسی دوسرے ایسے فرض کی وجہ سے ہی چھوڑا جا سکتا ہے' جو اس سے زیادہ مؤکد ہو' تو اس سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے' فرض ہونے کے اعتبار سے جمعہ کی نماز' ظہر کی نماز سے زیادہ مؤکد ہے۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

مصر جامع کی وضاحت

صاحب ہدایہ نے جو یہ کہا ہے: ''جامع مصر'' کے علاوہ جمعہ ادا کرنا درست نہیں ہے' اس کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ عینی تحریر کرتے ہیں:

جمعہ کے لازم ہونے کی شرائط بارہ ہیں' چھ کا تعلق نمازی سے ہے' یعنی آزاد ہونا' مرد ہونا' مقیم ہونا' تندرست ہونا' دونوں پاؤں اور بصارت کا سلامت ہونا۔

تاہم مشائخ نے یہ بات بیان کی ہے: اگر نابینا شخص کو ساتھ لے کر جانے والا کوئی آدمی مل جاتا ہے' تو اس پر بھی جمعے کی نماز ادا کرنا لازم ہوگا۔

چھ شرائط کا تعلق نمازی کی ذات کے علاوہ سے ہے' وہ شہر کا جامع ہونا' سلطان کا موجود ہونا' جماعت کا موجود ہونا' خطبہ ہونا' نماز کا وقت ہونا اور اظہار ہونا۔ یہاں تک کہ اگر کوئی والی شہر کے دروازے تک آ جاتا ہے اور وہاں ہجوم اکٹھا کر لیتا ہے' لیکن لوگوں کو شہر کے اندر داخلے کی اجازت نہیں ہوتی تو جمعہ پڑھنا جائز نہیں ہوگا۔

شیخ تمرتاشی نے اسی طرح ذکر کیا ہے۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے نماز کے نادر احکام ذکر کرتے ہوئے یہ بات بھی ذکر کی ہے' اگر امیر اپنے لشکر کو کسی قلعے کے پاس جمع کرتا ہے' لیکن شہر کے دروازے بند ہو جاتے ہیں اور امیر وہاں کے لوگوں کو جمعہ پڑھا دیتا ہے' تو ایسا کرنا جائز نہیں ہوگا' تو مصنف نے پہلی شرط کی طرف ان الفاظ میں اشارہ کیا ہے: جمعہ صرف جامع شہر میں ادا کیا جا سکتا ہے۔

حدیث کی تحقیق

صاحب ہدایہ نے جو حدیث نقل کی ہے: مصر جامع کے علاوہ جمعہ' تشریق' عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی نماز نہیں ہو سکتی' اس کے بارے میں حافظ بدر الدین عینی تحریر کرتے ہیں:

امام زیلعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے: اس روایت کا مرفوع ہونا غریب ہے' ہمیں یہ روایت موقوف روایت کے طور پر ملی ہے' جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے۔

اسے امام عبد الرزاق رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''مصنف'' میں نقل کیا ہے' انہوں نے اپنی سند کے ساتھ یہ بات نقل کی ہے: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جمعہ' تشریق' عید الفطر کی نماز' عید الاضحیٰ کی نماز صرف جامع مصر یا بڑے شہر میں ادا کی جا سکتی ہے''۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو اپنی کتاب ''معرفۃ السنن والآثار'' میں بھی نقل کیا ہے' تاہم یہ روایت حضرت علی رضی اللہ عنہ تک موقوف روایت کے طور پر منقول ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں کوئی بات منقول نہیں ہے۔

اسی طرح شیخ ابن حزم نے اپنی کتاب ''المحلی'' میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اسے نقل کیا ہے۔

Marfat.com

اس کے بعد علامہ عینی نے یہ بات تحریر کی ہے: امام زیلعی رحمۃ اللہ علیہ یا امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ تک اس روایت کا مرفوع حدیث کے طور پر نہ پہنچنا یہ ثابت نہیں کرتا کہ یہ مرفوع حدیث ہے ہی نہیں' اس کی وجہ یہ ہے: امام خواہرزادہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''مبسوط'' میں حضرت امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے اس روایت کو مرفوع حدیث کے طور پر نقل کیا ہے اور امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ علم حدیث میں حجت ہیں' اور اگر ہم اس روایت کا موقوف ہونا تسلیم کر لیں تو بھی یہ مستند طور پر موقوف ہے اور اسے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع پر محمول کیا جائے گا کیونکہ یہ کوئی ایسا حکم نہیں ہے' جسے حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی طرف سے بیان کر دیں۔

مصر جامع کی تعریف کرتے ہوئے علامہ عینی نے یہ بات نقل کی ہے۔

اس کی تعریف میں اختلاف پایا جاتا ہے' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے یہ روایت منقول ہے: ''مصر جامع'' اس کو کہتے ہیں جس میں دین اور دنیا کے مختلف معاملات سے تعلق رکھنے والے ہر طرح کے لوگ بستے ہوں۔

امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے: ہر وہ جگہ جہاں ہر امیر اور قاضی موجود ہو' جو احکام کو نافذ کر سکیں اور حدود کو قائم کر سکیں تو وہ مصر قرار دیا جائے گا اور وہاں کے رہنے والوں پر جمعہ پڑھنا واجب ہوگا۔

امام حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سفیان ثوری کہتے ہیں: مصر جامع اسے کہا جائے گا جسے لوگ شہر کہتے ہوں' اس وقت جب شہروں کا تذکرہ کیا جاتا ہے' جیسے بخارا اور سمرقند ہیں۔

امام کرخی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: مصر جامع اس شہر کو کہا جائے گا جہاں حدود قائم کی جا سکیں اور احکام نافذ ہو سکیں۔ زمخشری نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

اس کے بعد امام عینی رحمۃ اللہ علیہ نے شہر کی تعریف کے بارے میں مزید مختلف اقوال نقل کیے ہیں [1]

1559 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَةَ الشَّيْبَانِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اَبِي الْعَنْبَسِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا هُرَيْمٌ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ الْجُمُعَةُ وَاجِبَةٌ فِي جَمَاعَةٍ اِلَّا عَلَى اَرْبَعٍ عَبْدٍ مَمْلُوكٍ اَوْ صَبِيٍّ اَوْ مَرِيضٍ اَوِ امْرَاَةٍ.

☆☆ طارق بن شہاب' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

سب لوگوں پر جمعہ پڑھنا واجب ہے' صرف چار پر نہیں ہے: غلام شخص' (نابالغ) بچہ' بیمار اور عورت۔

---

[1] تلخیص البنایہ شرح الہدایہ از امام حافظ بدرالدین محمود عینی' ص45/2

۱۵۵۹- اخرجه البيهقي في الكبرى (۳/۱۸۳) كتاب الجمعة' باب من لا تلزمه الجمعة من طريق محمد بن احمد بن عبدان' ثنا ابراهيم بن اسحاق بن ابي العنبس' ثنا اسحاق بن منصور' به- و اخرجه ابو داود في سننه (۱/۲۸۰) كتاب الصلاة' باب الجمعة للمملوك و المراة' الحديث (۱۰٦۷): حدثنا العباس بن عبد العظيم' حدثني اسحاق بن منصور' به- و اخرجه الحاكم في المستدرك (۱/۲۸۸)' و صححه على شرط الشيخين' و وافقه الذهبي- و من طريق الحاكم اخرجه البيهقي في المعرفة (۲/٤۷۱)' و علقه في الكبرى (۳/۱۷۲-۱۷۳) كتاب الجمعة' باب من تجب عليه الجمعة' وقال: (ليس بمحفوظ' فقد اخرجه غير العباس ايضا عن اسحاق دون ذكر ابي موسى فيه)-اهـ-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن اسحاق بن ابی عنبس زہری۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۶/۲۵-۲۶) و ''سیر اعلام النبلاء'' از شمس دین ذہبی (۱۳/۱۹۸)۔

○ ابراہیم بن محمد بن منتشر بن اجدع، ہمدانی کوفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں سے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ص (۱۱۵) (ت ۲۴۲)۔

○ قیس بن مسلم مذحجی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ص (۸۰۶) (۵۶۲۷)۔

1560- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْبَغَوِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بَيْدَ اَنَّهُمْ اُوْتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِنَا وَاُوْتِيْنَاهُ مِنْ بَعْدِهِمْ فَهٰذَا يَوْمُهُمُ الَّذِىْ افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ فَهَدَانَا اللّٰهُ لَهٗ فَالنَّاسُ لَنَا فِيْهِ تَبَعٌ الْيَهُوْدُ غَدًا وَالنَّصَارٰى بَعْدَ غَدٍ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

(ہم دنیا میں) بعد میں آنے والے ہیں اور قیامت کے دن آگے ہونے والے ہوں گے اس کی وجہ یہ ہے: ان لوگوں کو ہم سے پہلے کتاب دی گئی اور ہم کو ان کے بعد کتاب دی گئی تو یہ وہ دن ہے جسے اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں پر لازم کیا تھا۔ اور پھر اللہ تعالیٰ نے اس کے بارے میں ہماری رہنمائی کی تو اس بارے میں لوگ ہمارے پیروکار ہیں یہودیوں کا دن کل (ہفتے کا دن ہے) اور عیسائیوں کا دن کل کے بعد والا (اتوار کا دن) ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ فضیل بن سلیمان نمیری- بالنون مصغر- ابوسلیمان بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا

۱۵۶۰- اخرجه مسلم (۸۵۶) في الجمعة' باب هداية هذه الامة ليوم الجمعة' و النسائي (۳/ ۸۷) في الجمعة: باب ايجاب الجمعة' و ابن ماجه (۱۰۸۳) في اقامة الصلاة' باب في فرض الجمعة' من طريق ابي حازم عن ابي هريرة- و اخرجه عبد الرزاق عن معمر عن همام بن منبه عن ابي هريرة مرفوعاً به- و من هذا الوجه اخرجه البخاري (٦٦٢٤) (٧٠٣٦)' ومسلم (٨٥٥)' و احمد (٢/ ٢٧٤' ٣١٢)' و البغوي (١٠٤٥)' و ابن حبان (٢٧٨٤)' و البيهقي في سننه (٣/ ١٧١) اول كتاب الجمعة-و اخرجه ابو الزناد عن الاعرج عن ابي هريرة' به- و من هذا الوجه اخرجه البخاري (٢٣٨) (٨٧٦) (٢٩٥٦) (٦٨٨٧) (٧٤٩٥)' و مسلم (٨٥٥)' و احمد (٢/ ٢٤٣' ٢٤٩)' وا لنسائي (٣/ ٨٥-٨٦)' و ابن خزيمة رقم (١٧٢٠)- و البغوي في شرح السنة رقم (٢٤٧١)' و البيهقي (٣/ ١٧٠)-واخرجه ابو صالح عن ابي هريرة' اخرجه مسلم (٨٥٥)' و احمد (٢/ ٢٤٩' ٢٥٠' ٢٧٤)- و اخرجه طاوس عن ابي هريرة' اخرجه البخاري (٨٩٦) (٣٤٨٦)' و مسلم (٨٥٥)' و النسائي (٣/ ٨٥)' و احمد (٢/ ٢٤٩' ٢٧٤)' و البيهقي (٣/ ١٧٠) كتاب الجمعة-و اخرجه عبد الرحمن بن آدم عن ابي هريرة' نحوه' اخرجه احمد ٢/ ٢٣٦' ٥١٢)-واخرجه عبد الرحمن مولى ام برثن عن ابي هريرة' نحوه' اخرجه احمد (٢/ ٢٨٨' ٤٩١)-واخرجه ابو سلمة عن ابي هريرة: اخرجه احمد (٢/ ٥٠٢)- واخرجه سعيد المقبري عن ابيه عن ابي هريرة' اخرجه احمد ٢/ ٥١٧-٥١٨)-

Marfat.com

ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان انتقال 183ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو:
''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۷۸۵)(ت ۵۴۶۲)۔

2- باب ذِكْرِ الْعَدَدِ فِى الْجُمُعَةِ.

باب 2: جمعہ کی نماز میں تعداد کا تذکرہ

1561- قُرِءَ عَلٰى اَبِى عِيسٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هَارُوْنَ الْاَنْبَارِىِّ وَاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ اِسْحَاقُ بْنُ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ بِبَالِسَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا خُصَيْفٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِى رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَضَتِ السُّنَّةُ اَنَّ فِىْ كُلِّ ثَلَاثَةٍ اِمَامٌ وَّفِىْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ فَمَا فَوْقَ ذٰلِكَ جُمُعَةٌ وَّاَضْحًى وَفِطْرًا وَذٰلِكَ اَنَّهُمْ جَمَاعَةٌ . قَالَ وَكَذٰلِكَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ عَنِ الزُّهْرِىِّ .

☆☆ عطاء بن ابی رباح' حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: یہ طریقہ چلا آ رہا ہے' جب تین لوگ موجود ہوں تو ان میں سے ایک امام ہوگا اور جہاں چالیس لوگ یا اس سے زیادہ لوگ ہوں تو وہاں جمعہ کی نماز بھی ہوگی' عید الضحیٰ کی نماز بھی ہوگی اور عید الفطر کی نماز بھی ہوگی' اس کی وجہ یہ ہے: یہ لوگ ایک جماعت شمار ہوتے ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن ہارون بن ہاشم بن شہاب، ابوعیسیٰ انباری، سکن بغداد فی جانب شرقی منھا، وذکرہ ابن ثلاج انہ ان کا انتقال 330ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۲۸۹/۱۰)۔ ووقع فی (ا): انصاری۔

○ قال ذھبی فی میزان: اسحاق بن خالد بن یزید۔ ان کے مزید حالات کیلئے ملاحظہ ہو: میزان (۳۴۱/۱)، ثقات (۱۲۰/۸)۔

○ محمد بن حسن بن محمد بن زیاد بن ہارون بن جعفر۔ ان کا انتقال 351ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۲۰۱/۲)۔

1562- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ النَّقَّاشُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِىُّ وَالْحُسَيْنُ بْنُ

١٥٦١ - اخرجه البيهقي في (الكبرى) (٣/ ١٧٧)' و اشار اليه في (المعرفة) (٦٣٣٧) كتاب الجمعة' باب العدد الذين اذا كانوا في قرية و جبت عليهم الجمعة- و قال في (المعرفة): (وهذا حديث ضعيف: لا ينبغي ان يحتج به)- و ضعفه في السنن ايضاً بعبد العزيز بن عبد الرحمن' و نقل ذلك عنه الزيلعي في نصب الراية (٢/ ١٩٨)- قال الحافظ في التلخيص (٢/ ١١٤): (و عبد العزيز قال احمد: اضرب على حديثه: فانها كذب او موضوعة- و قال النسائي: ليس بثقة- و قال الدارقطني: منكر الحديث- و قال ابن حبان: لا يجوز ان يحتج به)- اه- و في اسناده ايضاً خصيف: و هو ابن عبد الرحمن الجزري' صدوق' سيء الحفظ' خلط باخره' و رمي بالارجاء: كما في التقريب (ت ١٧٢٨)-

١٥٦٢ - اخرجه الطبراني في الكبير (٨/ ٢٨١)' الحديث رقم (٧٩٥٢): حدثنا الحسين بن اسحاق التستري' ثنا سهل بن عثمان' ثنا مروان بن معاوية عن جعفر بن الزبير' و لفظه: (الجمعة على الخمسين رجلاً' و ليس على ما دون الخمسين جمعة)-وقال الهيثمي في مجمع الزوائد (٢/ ١٧٩): (فيه جعفر بن الزبير صاحب القاسم' و هو ضعيف جدا)- اه- و الحديث اشار اليه البيهقي في سننه (٣/ ١٧٩) كتاب الجمعة' باب العدد الذين اذا كانوا في قرية و جبت عليهم الجمعة' فقال: (وقد روي في هذا الباب حديث في الخمسين لا يصح اسناده)- اه- و لم اقف عليه مسندًا عند البيهقي في السنن ولا في المعرفة' فلعله في (الخلافيات)- و قال الحافظ ابن حجر في تلخيص الحبير (٢/ ١١٤): (و في اسناده جعفر ابن الزبير: و هو متروك' و هياج بن بسطام: و هو ضعيف ايضاً- و في طريق البيهقي النقاش المفسر' و هو واه ايضاً)- اه-

Marfat.com

اِدْرِيسَ قَالَا حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْهَيَّاجِ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ عَلَى الْخَمْسِينَ جُمُعَةٌ لَيْسَ فِيمَا دُونَ ذٰلِكَ ۔ جَعْفَرُ بْنُ الزُّبَيْرِ مَتْرُوكٌ.

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

(جس بستی میں) پچاس افراد ہوں' ان پر جمعہ لازم ہوگا' اس سے کم پر واجب نہیں ہوگا۔

اس روایت کا راوی جعفر بن زبیر متروک ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوعبداللہ محمد بن عبدالرحمن ہروی، سمع احمد بن حنبل وطبقتہ ببغداد۔ ان کا انتقال 301ھ میں ہوا۔ وانظر ترجمتہ فی ''سیر اعلام النبلاء'' از شمس دین ذہبی (۱۴/۱۱۴)۔

○ حسین بن ادریس انصاری ہروی، معروف بابن خرم مشہور۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''میزان اعتدال'' از حافظ شمس دین ذہبی (۲/۲۸۴)۔

○ خالد بن ھیاج بن بسطام۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''میزان اعتدال'' از حافظ شمس دین ذہبی (۲/۴۳۰)۔

○ ھیاج بن بسطام ہروی۔ امام ابوحاتم فرماتے ہیں: ان کی حدیث نوٹ کی جائے گی۔ وقال یحییٰ بن معین: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 177ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''میزان اعتدال'' از حافظ شمس دین ذہبی (۷/۱۰۳)۔

○ عیسیٰ بن ابراہیم بن سیار۔ (اور ایک قول کے مطابق) ابن دینار۔شعیری۔ برکی۔ بصری۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۵۳۱۹)۔

○ عبدعزیز بن مسلم قسملی۔ابوزید، مروزی ثم بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔عابد، ربما وھم، یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔اخرج لہ بخاری ومسلم ونسائی وابوداود وترمذی۔ "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (۵۱۲/۱)۔

1591- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوْحٍ حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ تَمَّامٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا اَدْرَكَ اَحَدُكُمْ مِنَ الْجُمُعَةِ رَكْعَةً فَلْيُصَلِّ اِلَيْهَا اُخْرٰى ۔

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

۱۵۹۱- عبيد الله بن تمام: ضعفه الدارقطني وغيره، و مع ذلك فقد سبق الحديث عن ابي هريرة من وجوه مطلقاً ليس فيه التقييد بالجمعة- وقد خولف عبيد الله بن تمام في اسناده ايضاً، فاخرجه شعبة عن سهيل بن ابي صالح عن ابيه عن ابي هريرة مرفوعاً لم يذكر فيه الجمعة- و شعبة مقدم على عبيد الله، و رواية شعبة عند ابن خزيمة (۹۸۵)، و الطحاوي في (شرح المعاني) (۱/ ۱۵۰)-

Marfat.com

جب تم میں سے کوئی ایک شخص جمعے کی ایک رکعت کو پالے تو اس کے ساتھ دوسری بھی ادا کرلے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ معمر بن سھل، ذکرہ ابن حبان فی ثقات (۹/۱۹۶)

○ عبیداللہ بن تمام، ابوعاص، ـ عن یونس بن عبید، وسلیمان تیمی ـ ضعفہ دارقطنی وابوحاتم، وابوزرعۃ وغیرھم ـ وھو من اھل واسط ـ روی عنہ معمر بن سھل اھوازی وغیرہ۔ ''میزان اعتدال'' از حافظ شمس دین ذہبی (۵/۵) (ت ۵۳۵۳)۔

6-باب فِي الرَّكْعَتَيْنِ إِذَا جَاءَ الرَّجُلُ وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ.

باب 6: جب کوئی شخص آئے امام خطبہ دے رہا ہو اس وقت دو رکعت ادا کرنا

1592- حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ إِمْلَاءً حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَكِيمٍ الْمُقَوِّمُ حَدَّثَنَا أَبُو بَحْرٍ الْبَكْرَاوِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنِ الْوَلِيدِ أَبِي بِشْرٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ نَافِعٍ يَعْنِي أَبَا سُفْيَانَ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ جَاءَ سُلَيْكٌ الْغَطَفَانِيُّ وَرَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَجَلَسَ قَبْلَ أَنْ يُصَلِّيَ فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ بِوَجْهِهِ فَقَالَ إِذَا جَاءَ أَحَدُكُمْ إِلَى الْجُمُعَةِ وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ يَتَجَوَّزُ فِيهِمَا.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت سلیک غطفانی رضی اللہ عنہ آئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت جمعے کے دن خطبہ دے رہے تھے' وہ صاحب نماز ادا کرنے سے پہلے ہی بیٹھ گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ہدایت کی کہ وہ دو رکعت ادا کریں' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا چہرۂ مبارک لوگوں کی طرف پھیرا اور ارشاد فرمایا:

''جب کوئی شخص جمعے کی نماز کے لیے آئے اور امام اس وقت خطبہ دے رہا ہو' تو اس شخص کو چاہیے کہ وہ دو رکعت ادا کرلے اور انہیں مختصر ادا کرے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن حکیم مقوم- ابوسعید بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ روی لہ ابوداود والنسائی وابن ماجہ۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۳۴۵)۔

○ ابوبحر بکراوی، اسمہ عبدالرحمٰن بن عثمان۔ روی عن حسین معلم۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ اخرجہ لہ ابوداود و ابن ماجہ۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱/۴۹۰)۔

۱۵۹۲- اخرجہ ابو داود (۱۱۱۷) في الصلاة' باب اذا جاء الرجل و الامام يخطب' و احمد (۳/۲۹۷)' و الطبراني في الكبير (۷/۱۶۲) من رواية ابن ابي عروبة عن الوليد ابي بشر' به۔

Marfat.com

○ ولید بن مسلم بن شہاب عنبری ابوبشر بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ روی لہ مسلم وابوداود ونسائی۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۷۵۰۵)۔

1593- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ جَاءَ سُلَيْكٌ الْغَطَفَانِيُّ وَالنَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَخْطُبُ النَّاسَ فَجَلَسَ فَقَالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا جَاءَ اَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ ثُمَّ لِيَجْلِسْ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سلیک غطفانی رضی اللہ عنہ آئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت لوگوں کو خطبہ دے رہے تھے' وہ بیٹھ گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص جمعہ کے دن آئے اور امام اس وقت خطبہ دے رہا ہو' تو وہ شخص دو مختصر رکعت ادا کرلے اور پھر بیٹھے۔

1594- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجُوَيْهِ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو الْغَزِّيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِيُّ وَعَبَّاسٌ التَّرْقُفِيُّ قَالُوْا اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفِرْيَابِيُّ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِيُّ وَالْحَسَنُ بْنُ يَحْيٰى قَالَا اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَا اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ سُلَيْكٍ الْغَطَفَانِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا جَاءَ اَحَدُكُمْ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ وَلْيَتَجَوَّزْ فِيهِمَا .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سلیک غطفانی رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

جب تم میں سے کوئی شخص آئے اور امام اس وقت خطبہ دے رہا ہو' تو وہ شخص دو مختصر رکعت ادا کرے اور انہیں جلدی ادا کرے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبدملک بن زنجویہ، ابوبکر غزال، بغدادی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ واخرجہ لہ اصحاب سنن۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱۸۶/۲)۔

○ عبداللہ بن محمد بن عمرو غزی ابوعباس۔ روی عن فریابی واسد بن موسیٰ آدم بن ابی ایاس۔ علم حدیث کے ماہرین نے

۱۵۹۳- اخرجه مسلم (۸۷۵) في الجمعة' باب التحية و الامام يخطب' و احمد (۳/۳۱۶-۳۱۷' ۳۸۹)' و الطحاوي في شرح المعاني (۱/۳۶۵)' و البيهقي (۳/۱۹٤)' و عبد الرزاق (۵۵۱٤)' و ابن حبان (۲۵۰۰-۲۵۰۲)' و ابن خزيمة (۱۸۳۵)' و الطبراني في الكبير (۷/۱٦۱)' و البغوي (٤/۲٦٤)' و ابو يعلى (٤/۱۳٤) من طرق عن الاعمش' به-

۱۵۹٤- اخرجه احمد في المسند (۳/۳۸۹): حدثنا عبد الرزاق' قال: اخبرنا سفيان عن الاعمش عن ابي سفيان عن جابر عن السليك الغطفاني به- و الحديث ذكره الهيثمي في المجمع (۲/۱۸۷)' و قال: (اخرجه احمد و الطبراني في الكبير و رجاله الصحيح)- اه-

Marfat.com

انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ جرح وتعدیل (۱۶۳/۵)۔

○ عباس بن عبداللہ ترقفی - علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ عابد، یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ اخرجہ لہ ابن ماجہ۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۳۹۷/۱)۔

○ حسن بن یحییٰ بن جعد عبدی، ابوعلی بن ابی ربیع جرجانی، نزیل بغداد، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ روی عنہ ابن ماجہ۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱۷۲/۱) رقم (۳۲۵)۔

1595 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَهُوَ يَخْطُبُ يَقُوْلُ اِذَا جَاءَ اَحَدُكُمْ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ اَوْ قَدْ خَرَجَ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطبے کے دوران یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''جب تم میں سے کوئی شخص آئے اور امام اس وقت خطبہ دے رہا ہو''۔

راوی کا یہ شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں' امام آچکا ہو تو وہ شخص دو رکعت ادا کرلے۔

1596 - حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ صَخْرٍ وَّاَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ رَاشِدٍ قَالَا اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا جَاءَ اَحَدُكُمْ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ . قُلْتُ لِعَمْرٍو اَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ جَابِرٍ

۱۵۹۵- اخرجه البخاري (۹۳۰) في الجمعة' باب اذا راى الامام رجلاً جاء و هو يخطب' امره ان يصلي' و (۹۳۱) (۱۱۷۰)' و مسلم (۸۷۵)' و ابو داود (۱۱۱۵)' و الترمذي (۵۱۰) في الصلاة' باب ما جاء في الركعتين اذا جاء الرجل و الامام يخطب' و النسائي (۱۰۳/۳) في الجمعة' باب الصلاة يوم الجمعة لمن جاء و الامام يخطب' و ابن ماجه (۱۱۱۲) في اقامة الصلاة' باب ما جاء فيمن دخل المسجد و الامام يخطب' و ابن خزيمة (۱۸۳۲) (۱۸۳۳) (۱۸۳٤)' و الشافعي (۱٤۰/۱-المسند)' و الطيالسي (۱٦۹۵)' والدارمي (۳٦٤/۱)' و الطحاوي في المعاني (۳٦۵/۱)' و البيهقي في الكبرى (۱۹۳/۳' ۲۱۷)' و في المعرفة (٦٤۰۳)' و ابن الجارود (۲۹۳)' و البغوي (۱۰۸۳)' و الطبراني في الكبير (۱٦۲/۷' ۱٦۳)' و ابن بشكوال في (غوامض الاسماء المبهمة) (٦۲) من طرق عن عمرو بن دينار' به- و اخرجه ابو الزبير عن جابر ايضاً- و من هذا الوجه اخرجه مسلم (۸۷۵)' و النسائي في الجمعة (٤٦)' و البيهقي (۱۹٤/۳)' و الشافعي في المسند (۱٤۰/۱)' و السنن (۱۲۲)- و من طريقه البيهقي في المعرفة (٦٤۰٤)' و الطبراني في الكبير (۱٦۳/۷)' و ابو يعلى في المسند (٤٦٤/۳)' و ابن خزيمة (۱٦٦/۳)' و الطحاوي في المعاني (۳٦۵/۱)- و ابن بشكوال في (غوامض الاسماء المبهمة) (٦۳)-

۱٦۰۰- ذكر الدارقطني الخلاف في اسناده' و صوب الارسال فيه' و لم يتعرض لزيادة: (و امسك عن الخطبة حتى فرغ من صلاته) في متنه' و قد اخرجه في الذي بعده من حديث معتمر ابن سليمان عن ابيه مرسلاً و هو الصواب- و قد مضى تخريج الحديث من طرق ليس فيه هذا الزيادة من حديث جابر' و له شاهد من حديث ابي سعيد الخدري' نحوه بدونها ايضاً: اخرجه ابو داود (۱٦۷۵) في الزكاة' باب الرجل يخرج من ماله' و النسائي (۱۰٦/۳-۱۰۷) في الجمعة' باب حث الامام على الصدقة يوم الجمعة في خطبته' و (٦۳/۵) في الزكاة' و الترمذي (۵۱۱) في الصلاة' باب ما جاء في الركعتين اذا جاء الرجل والامام يخطب' و البيهقي (۱۸۱/٤)' و الطحاوي في المعاني (۳٦٦/۱)' و احمد (۲۵/۳)' وا لحميدي (۷٤۱) من طرق عن ابن عجلان؛ حدثني عياض عن ابي سعيد الخدري' به- و اخرجه ابو داود (۱۱۱٤) و غيره من حديث ابي هريرة ايضا بمعنى هذا الزيادة- ولم يرد في شيء من الروايات ان النبي صلى الله عليه وسلم قطع خطبته حتى فرغ الرجل من صلاته-

Marfat.com

قَالَ نَعَمْ.

★★ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

جب کوئی شخص آئے اور امام اس وقت خطبہ دے رہا ہو' تو وہ شخص دو رکعت ادا کر لے۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے استاد عمرو سے دریافت کیا کہ آپ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی زبانی یہ حدیث سنی ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن سعید بن صخر دارمی، ابوجعفر سرخسی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ انہیں (احادیث مبارکہ کا) حافظ قرار دیا گیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ اخرجہ لہ جماعۃ عدا نسائی۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱۵/۱) (ت ۴۶)۔

○ احمد بن منصور بن راشد حنظلی، مروزی، لقبہ زاج-علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲۶/۱) (ت ۱۲۶)۔

○ نضر بن شمیل- مازنی- ابوحسن نحوی، نزیل مرو، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ انہیں ''ثبت'' شمار کیا گیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھنے والے اکابرین میں سے ہیں۔ ان کا انتقال 204ھ میں ہوا۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۳۰۱/۲) (ت ۸۷)۔

1597 - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَيَّاشٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا اَبُوْ زَيْدٍ الْهَرَوِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَوْ خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ اِذَا جَاءَ اَحَدُكُمْ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ .

★★ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے' (راوی کو شک ہے' شاید یہ الفاظ ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے یہ بات ارشاد فرمائی:

جب کوئی شخص آئے اور امام اس وقت خطبہ دے رہا ہو' تو وہ شخص دو رکعت ادا کر لے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن عیاش بن عیسیٰ، ابوزکریا قطان۔ حدیث عن عمر بن حبیب قاضی وسکن بن نافع۔ روی عنہ یحییٰ بن صاعد ومحمد بن مخلد۔ ان کا انتقال 269ھ میں ہوا۔ تاریخ بغداد (۲۱۹/۱۱۴)۔

○ سعید بن ربیع عامری حرشی- ابوزید ہروی بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ نوویں طبقے کے کم سن راویوں میں سے ہیں۔ وھو اقدم شیخ للبخاری وفاۃ۔ اخرجہ لہ بخاری ومسلم وترمذی ونسائی۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر

Marfat.com

عسقلانی (۱/۲۹۵) (ت۱۵۹)۔

1598- حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) خَطَبَ فَقَالَ اِذَا جَاءَ اَحَدُكُمْ وَالاِمَامُ يَخْطُبُ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ۔

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب کوئی شخص آئے اور امام اس وقت خطبہ دے رہا ہو تو وہ شخص دو رکعت ادا کر لے''۔

1599- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْجُنْدَيْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الصَّوَّافُ حَدَّثَنَا يَحْيَی بْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ وَسُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرًا قَالَ بَيْنَا النَّبِیُّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِذْ دَخَلَ رَجُلٌ فَاَمَرَهُ النَّبِیُّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنْ يُصَلِّیَ رَكْعَتَيْنِ وَقَالَ اِذَا جَاءَ اَحَدُكُمْ وَالاِمَامُ يَخْطُبُ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ۔

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے' اسی دوران ایک شخص اندر آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ہدایت کی کہ دو رکعت ادا کر لے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب کوئی شخص آئے اور امام اس وقت خطبہ دے رہا ہو' تو وہ شخص دو رکعت ادا کر لے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ذکرہ مزی فی تہذیب الکمال (۳۱،۴۹۴) فیمن روی عن یحییٰ بن غیلان راسبی۔

1600- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الصُّوْرِیُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَبْدِیُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ دَخَلَ رَجُلٌ مِنْ قَيْسٍ الْمَسْجِدَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَخْطُبُ فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قُمْ فَارْكَعْ رَكْعَتَيْنِ . وَاَمْسَكَ عَنِ الْخُطْبَةِ حَتّٰی فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ .اَسْنَدَهُ هٰذَا الشَّيْخُ عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَبْدِیُّ عَنْ مُعْتَمِرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ وَوَهِمَ فِيْهِ وَالصَّوَابُ عَنْ مُعْتَمِرٍ عَنْ اَبِيْهِ مُرْسَلٌ كَذٰلِكَ رَوَاهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَغَيْرُهُ عَنْ مُعْتَمِرٍ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: قیس قبیلے کا ایک شخص (مسجد میں) داخل ہوا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت خطبہ دے رہے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: تم اُٹھو اور دو رکعت ادا کر لو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خطبے کو روک لیا' یہاں تک کہ وہ نماز سے فارغ ہو گیا۔

اس روایت کو اسی طرح حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے' تاہم راوی کو اس میں وہم ہوا ہے' درست یہ ہے: یہ معتمر نامی راوی کے والد کے حوالے سے مرسل روایت کے طور پر منقول ہے' تاہم امام احمد بن حنبل نے اسے اسی طرح روایت

Marfat.com

کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبید بن محمد عبدی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ وقال فی علل: بصری، لیس بشیء۔ قالہ حافظ فی لسان (۱۴۵/۴)۔

1601- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ اَخْبَرَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ وَّالنَّبِىُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَخْطُبُ فَقَالَ يَا فُلَانُ اَصَلَّيْتَ . قَالَ لَا . قَالَ فَصَلِّ . ثُمَّ انْتَظَرَهُ حَتّٰى صَلّٰى۔

☆☆ معتمر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص (مسجد کے اندر) آیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت خطبہ دے رہے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے فلاں! تم نے نماز ادا کرلی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو تم نماز ادا کرلو' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کا انتظار کرتے رہے یہاں تک کہ اس نے نماز ادا کرلی۔

1602- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْاٰدَمِىُّ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ عَنْ اَبَانَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ اَبِى الْحَجَّاجِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ دَخَلَ سُلَيْكٌ الْغَطَفَانِىُّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) ارْكَعْ رَكْعَتَيْنِ وَلَا تَعُدْ لِمِثْلِ هٰذَا . قَالَ فَرَكَعَهُمَا ثُمَّ جَلَسَ۔

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جمعہ کے دن حضرت سلیک غطفانی رضی اللہ عنہ (مسجد کے اندر) داخل ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم دو رکعت ادا کرلو اور دوبارہ ایسا نہیں کرنا (نماز پڑھے)۔

راوی بیان کرتے ہیں: تو انہوں نے وہ دو رکعت ادا کی اور پھر بیٹھے۔

1603- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَكِيْلُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ اَبِىْ مَعْشَرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) حِيْنَ اَمَرَهُ اَنْ يُّصَلِّىَ رَكْعَتَيْنِ اَمْسَكَ النَّبِىُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنِ الْخُطْبَةِ حَتّٰى فَرَغَ مِنْ رَكْعَتَيْهِ ثُمَّ عَادَ اِلٰى خُطْبَتِهِ . هٰذَا مُرْسَلٌ وَّلَا تَقُوْمُ بِهِ حُجَّةٌ . وَاَبُوْ مَعْشَرٍ اسْمُهُ نَجِيْحٌ وَّهُوَ ضَعِيْفٌ .

۱۶۰۱- اسنادہ صحیح لکنہ مرسل- ابو معتمر: ھو سلیمان التیمي من کبار التابعین-

۱۶۰۲- اخرجہ ابن حبان في صحیحہ (۲۵۰/۶) رقم (۲۵۰٤) قال: اخبرنا احمد ابن محمد ابن الحسن بن الشرقي' قال: حدثنا احمد بن الازھر' قال: حدثنا یعقوب بن ابراھیم' بہ- (و اسنادہ حسن: فقد صرح ابن اسحاق بالتحدیث عن ابن حبان' فقال: حدثني ابان بن صالح)-

۱۶۰۳- اخرجہ ابن ابي شیبۃ في المصنف (٤٤٧/۱) رقم (۵۱۶۳): حدثنا ھشیم' قال: اخبرنا ابو معشر عن محمد بن قیس' بہ- و ضعفہ الزیلعي في نصب الرایۃ (۲۰۲/۲)-

Marfat.com

★★ محمد بن قیس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دو رکعت ادا کرنے کی ہدایت کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبے کو روک دیا' یہاں تک کہ وہ دو رکعت پڑھ کر فارغ ہوئے تو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خطبے کو جاری رکھا۔

یہ روایت مرسل ہے اور اسے دلیل کے طور پر پیش نہیں کیا جا سکتا ہے۔

اس روایت کا راوی ابو معشر جس کا نام نجیح ہے اور یہ راوی ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن قیس، شیخ لابی معشر، یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۶۲۸۶)۔

1604- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنِیْ اَبُو مَعْشَرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَمَّا اَمَرَهُ اَنْ يُصَلِّيَ اَمْسَكَ عَنِ الْخُطْبَةِ حَتَّى فَرَغَ .هٰذَا اَيْضًا مُرْسَلٌ .

★★ محمد بن قیس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب انہیں یہ نماز پڑھنے کی ہدایت کی تو آپ نے اپنے خطبے کو روک دیا یہاں تک کہ وہ صاحب نماز پڑھ کر فارغ ہو گئے۔

یہ روایت بھی مرسل ہے اور ابو معشر نامی راوی ضعیف ہے' اس کا نام نجیح ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یوسف بن سعید بن مسلم مصیصی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ انہیں (احادیث مبارکہ کا) حافظ قرار دیا گیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۷۹۲۲)۔

7-باب صَلَاةِ الْجُمُعَةِ قَبْلَ نِصْفِ النَّهَارِ .

باب 7: زوال سے پہلے نمازِ جمعہ ادا کرنا

1605- حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ يَزِيدَ الْبَزَّازُ اَبُو الطَّيِّبِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا

١٦٠٥- اخرجه ابن ابي شيبة (٢/٣٣٦) عن وكيع' به' و اخرجه عبد الرزاق (٥٢١٠) عن معمر عن جعفر بن برقان' به مختصرا- و قال الزيلعي في (نصب الراية) (٢/١٩٥-١٩٦): (حديث ضعيف' قال النووي في (الخلاصة) (٢/٧٧٢): اتفقوا على ضعف ابن سيدان ا- اه- وقال ابن حجر في (الفتح) (٢/٣٢١): (غير معروف العدالة- قال ابن عدي: شبه المجهول- وقال البخاري: لا يتابع على حديثه' بل عارضه ما هو اقوى منه..... الخ)- اه -قلت: و قال البخاري في (التاريخ الكبير) (٥/١١٠): (عبد الله بن سيدان المطرودي- فخذ من بني سليم' شهد ابا بكر و عمر رضي الله عنهما؛ قاله ابو نعيم عن جعفر بن برقان عن ثابت ابن الحجاج' تبعه محمد بن العبد- يروي عن ابي ذر وحذيفة و عثمان و سلمان رضي الله عنهم- سمع منه ميمون بن مهران و حبيب بن ابي مرزوق- هو من اهل الربذة' لا يتابع في حديثه)- اه-

Marfat.com

وَكِيعٌ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ عَنْ ثَابِتِ بْنِ الْحَجَّاجِ الْكِلَابِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِيدَانَ السُّلَمِيِّ قَالَ شَهِدْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مَعَ اَبِي بَكْرٍ فَكَانَتْ صَلَاتُهُ وَخُطْبَتُهُ قَبْلَ نِصْفِ النَّهَارِ ثُمَّ شَهِدْتُهَا مَعَ عُمَرَ وَكَانَتْ صَلَاتُهُ وَخُطْبَتُهُ اِلَى اَنْ اَقُولَ انْتَصَفَ النَّهَارُ ثُمَّ شَهِدْتُهَا مَعَ عُثْمَانَ فَكَانَتْ صَلَاتُهُ وَخُطْبَتُهُ اِلَى اَنْ اَقُولَ زَالَ النَّهَارُ فَمَا رَاَيْتُ اَحَدًا عَابَ ذٰلِكَ وَلَا اَنْكَرَهُ .

☆☆ عبداللہ بن سیدان سلمی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نمازِ جمعہ ادا کی ہے' ان کی نماز اوران کا خطبہ نصف نہار سے پہلے ہوتے تھے' پھر مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں جمعے کا موقع ملا تو ان کی نماز اور ان کا خطبہ اتنی دیر میں ہوتے تھے کہ میں یہ سمجھتا تھا' اب دن ڈھل چکا ہے تو میں نے کسی شخص کو نہیں دیکھا کہ جس نے ان پر اس بارے میں اعتراض ہو یا انکار کیا ہو۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ثابت بن حجاج، کلابی، رقی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱/۱۱۵)۔

○ عبداللہ بن سیدان مطرودی سلمی۔ امام بخاری فرماتے ہیں: لا یتابع علی حدیثہ۔ وقال لالکائی: مجھول، لا حجۃ فیہ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۴/۱۱۷)۔

1606 - حَدَّثَنَا اَبُو عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْاَزْرَقُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ قَالَ سَمِعْتُ اِيَاسَ بْنَ سَلَمَةَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ قَالَ كُنَّا نُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَوْمَ الْجُمُعَةِ ثُمَّ نَرْجِعُ وَلَا نَجِدُ فَيْئًا نَسْتَظِلُّ بِهِ .

☆☆ ایاس بن سلمہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم اپنے والد کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نمازِ جمعہ کی نماز ادا کرتے تھے' پھر جب ہم واپس آتے تھے تو ہمیں کوئی سایہ نہیں ملتا تھا' جس کے سائے میں ہم آ جائیں۔

1607 - حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي

١٦٠٦- اخرجه البخاري (٤١٦٨) في المغازي' باب غزوة الحديبية' و مسلم (٨٦) في الجمعة' و النسائي (٣/ ١٠٠) في الجمعة' و ابن ماجه (١١٠٠) في الاقامة' و الدارمي (١/ ٣٦٢) و الطبراني في الكبير (٦٢٥٧) و ابن خزيمة (١٨٣٩) و ابن حبان (١٥١١) (١٥١٢) و ابن ابي شيبة (٢/ ١٠٨) و البيهقي في السنن (٣/ ١٩٠' ١٩١) من رواية يعلى بن الحارث المحاربي: حدثني اياس بن سلمة بن الاكوع عن ابيه' به-و من هذا الوجه ايضا اخرجه ابو داود في السنن (١/ ٢٨٤) و ابو نعيم في (تسمية ما انتهى الينا من الرواة عن الفضل بن دكين عاليا) (١٠٦) و البغوي في (شرح السنة) (٤/ ٢٣٩) و ابن المنذر في الاوسط (٢/ ٣٤٩) من رواية يعلى بن الحارث المحاربي' به-وله شاهد من حديث جابر مرفوعا' بلفظ: (كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا زالت الشمس صلى الجمعة' فنرجع وما نجد فيئا نستظل به)- اه- اخرجه الطبراني في (الاوسط) (٦٤٤٢) من رواية يحيى بن سليمان الحفري' حدثنا سليمان بن بلال عن جعفر بن محمد عن ابيه عن جابر' به- وقال الطبراني: (لم يرو هذا الحديث عن سليمان بن بلال الا يحيى بن سليمان)- اه-قال الهيثمي في (المجمع) (٢/ ١٨٧): (و فيه يحيى بن سليمان' ضعفه ابن خراش' وروى عنه ابن صاعد' و كان يفخم امره' و ذكره ابن حبان في الثقات وقال: يخطئ)- اه-وله شاهد عن عمار بن ياسر' نحوه- عزاه الهيثمي (٢/ ١٨٦) للطبراني في الكبير' وقال: (وفيه سعيد بن حنظلة' و لم اجد من ترجمه)- اه-وله شاهد احسن حالا' عن الزبير بن العوام' نحوه-اخرجه احمد (١/ ١٦٧) و ابو يعلى (٢/ ٤١) (٦٨٠) و الدارمي (١/ ٣٦٢) و الطيالسي (١/ ١٤١) و لم يسم الراوي عن الزبير في رواية لاحمد-

Marfat.com

حَازِمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ مَا كُنَّا نَقِيلُ وَلَانَتَغَدَّى اِلَّا بَعْدَ الْجُمُعَةِ .

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم جمعہ کے بعد قیلولہ کرتے تھے اور کھانا کھاتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ مبشر بن مکسر قیسی۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: جرح وتعدیل (۸/۳۴۳)، تاریخ ومعرفۃ (۲/۱۴۴)۔

○ ازھر بن جمیل بن جناب ہاشمی، (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، بصری شطی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱/۵۱)۔

1608- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ اَبُوْ حَفْصٍ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ كُنَّا نَتَغَدَّى وَنَقِيلُ بَعْدَ الْجُمُعَةِ.

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ جمعہ کے بعد قیلولہ کیا کرتے تھے اور کھانا کھایا کرتے تھے۔

1609- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِى حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ مِثْلَهُ سَوَاءً.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے۔

1610- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى مَرْيَمَ حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ كُنَّا نُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْجُمُعَةَ ثُمَّ تَكُوْنُ الْقَائِلَةُ بَعْدُ.

☆☆ سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز جمعہ ادا کرتے تھے اور پھر اس کے بعد قیلولہ ہوتا تھا۔

1611- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ مُكَسِّرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَازِمٍ حَدَّثَنِى سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ كُنَّا نُبَكِّرُ اِلَى الْجُمُعَةِ مَعَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) ثُمَّ نَرْجِعُ فَنَتَغَدَّى وَنَقِيلُ.

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز جمعہ کی نماز ادا کرنے کے لیے جلدی چلے جاتے تھے پھر جب ہم واپس آتے تھے تو دوپہر کا کھانا کھاتے تھے اور قیلولہ کیا کرتے تھے۔

١٦٠٧ اخرجه البخاري (٩٣٩) كتاب الجمعة، باب اذا قضيت الصلاة، و مسلم (٨٥٩) كتاب الجمعة، باب صلاة الجمعة حين تزول الشمس، و ابو داود (١٠٨٦) كتاب الصلاة، باب في وقت الجمعة، و الترمذي (٥٢٤) كتاب الجمعة، باب في القائلة يوم الجمعة، و ابن ماجه (١٠٩٩) في اقامة الصلاة، باب ما جاء في وقت الجمعة، و ابن خزيمة (٣/ ١٨٤)، و البغوي (٤/ ٢٤٠)، و ابن ابي شيبة (١/ ٤٤٤)، و عبد بن حميد (١/ ٤١٢)، و الطبراني في الكبير (٦/ ١٤٤، ١٦٠، ١٧٣، ١٩١، ١٩٢، ٢٠٢) من طرق عن ابي حازم عن سهل بن سعد به-

١٦١٠ لم من هذا الطريق عند الطبراني في الكبير (٦/ ١٤٤) رقم (٥٧٨٧): حدثنا يحيى ابن عثمان، ثنا سعيد بن ابي مريم، به، بهذا اللفظ-

Marfat.com

1612- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ اَبُوْ حَامِدٍ حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ جَمِيْلٍ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَخْطُبُ الْخُطْبَتَيْنِ وَهُوَ قَائِمٌ يَفْصِلُ بَيْنَهُمَا بِجُلُوْسٍ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو خطبے دیا کرتے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر خطبے دیتے تھے اور ان دونوں کے درمیان کچھ دیر کے لیے بیٹھتے تھے۔

١٦١٢- اخرجه البخاري (٩٢٨) في الجمعة' باب القعدة بين الخطبتين يوم الجمعة' و مسلم (٨٦١) في الجمعة' باب ذكر الخطبتين قبل الصلاة وما فيهما من الجلسة' و ابو داود (١٠٩٢) في الصلاة' باب الجلوس اذا صعد المنبر' و الترمذي (٥٠٦) في الصلاة' باب ما جاء في الجلوس بين الخطبتين' و النسائي (١٠٩/٣) في الجمعة' باب الفصل بين الخطبتين بالجلوس' و ابن ماجه (١١٠٣) في اقامة الصلاة' باب ما جاء في الخطبة يوم الجمعة' و البيهقي في الكبرى (١٩٧/٣)' و البغوي (٢٤٦/٤)' و ابن خزيمة (١٤٢/٣)' و الطبراني في الكبير (٣٧٧/١٢)' و الدارمي (٣٠٤/١)' و الطيالسي (٢٥٤)' و الشافعي في المسند (٦٦)' و عبد الرزاق (١٨٨/٣)' و ابن ابي شيبة (٤٤٩/١)' و احمد (٣٥/٢) من حديث ابن عمر' به- وقال الترمذي: (حسن صحيح)-قلت: وله شاهد من حديث جابر بن سمرة مرفوعاً نحوه-اخرجه مسلم (٨٦٢) في الجمعة: باب ذكر الخطبتين قبل الصلاة' و ابو داود (١٠٩٥) في الصلاة' باب الخطبة قائماً' و النسائي (١١٠/٣) في الجمعة' باب السكوت في القعدة بين الخطبتين' و الترمذي (٥٠٧)' وابن ماجه' و ابن ماجه (١١٠٥)' و الطيالسي (٧٥٧)' و احمد (٩٠/٥' ٩١' ٩٢' ٩٣' ٩٤' ٩٥)' و ابن الجارود (١١٠)' و ابن خزيمة (٣٥٠/٣)' و ابن حبان (٢٨٠١) (٢٨٠٢)' و عبد الرزاق (١٨٧/٣)' وعبد الله بن احمد في زوائد المسند (٩٤/٥ ' ٩٤' ١٠٠)' و الحاكم في المستدرك (٢٨٦/١)' و صححه على شرط مسلم – وقد سبق اخراج مسلم له – و الطبراني في الكبير (٢/ ٢٢٤' ٢٢٩' ٢٣٦' ٢٤٠' ٢٤٢' ٢٥٠)' و ابن ابي شيبة (٤٥٠/١)' و الدارمي (٣٠٤/١)' و ابو يعلى (٣٢/٥)' و البغوي (٢٥١/٤)-

Marfat.com

كِتَابُ الْوِتْرِ

وتر کا بیان

1-باب صِفَةِ الْوِتْرِ وَاَنَّهُ لَيْسَ بِفَرْضٍ وَّاَنَّهُ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يُوتِرُ عَلَى الْبَعِيرِ.

باب 1: وتر کا طریقہ یہ فرض نہیں ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹ پر بھی وتر ادا کیے ہیں

1613- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ اَخْبَرَنَا اَبُو جَنَابٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ ثَلَاثٌ هُنَّ عَلَيَّ فَرَائِضُ وَهُنَّ لَكُمْ تَطَوُّعٌ النَّحْرُ وَالْوِتْرُ وَرَكْعَتَا الْفَجْرِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: تین چیزیں ایسی ہیں جو مجھ پر فرض ہیں اور تمہارے لیے وہ نفل ہیں: قربانی کرنا' وتر کی نماز ادا کرنا اور فجر کی دو رکعت سنت ادا کرنا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن خلف حداری ابوبکر بغدادی مقری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 261ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۵۸۹۷)۔

•••——•••——•••

١٦١٣- اخرجه احمد (١/٢٣١)، والحاكم (١/٣٠٠)، و ابو نعيم في الحلية (٩/٢٣٢)، و ابن الجوزي في العلل (١/٤٤٩-٤٥٠)- و اخرجه البيهقي (٢/٤٦٨)، (٢٦٤٩)، كلهم من طريق ابي بدر شجاع بن الوليد عن يحيى بن ابي حية به- وقال الذهبي في (التلخيص): (ما تكلم الحاكم عليه، و هو غريب منكر- و يحيى ضعفه النسائي و الدارقطني)- قال الحافظ في التلخيص (٢/٢٨): و مداره على ابي جناب الكلبي عن عكرمة- و ابو جناب ضعيف و مدلس ايضاً، و قد عنعنه- و اطلق الائمة على هذا الحديث الضعف: كاحمد، و البيهقي، و ابن الصلاح، و ابن الجوزي، و النووي، و غيرهم- و خالف الحاكم، فاخرجه في مستدركه، لكن لم يتفرد به ابو جناب، بل تابعه اضعف منه، و هو جابر الجعفي، اخرجه احمد و البزار، و عبد بن حميد من طريق اسرائيل عنه، عن عكرمة، عنه بلفظ (امرت بركعتي الفجر والوتر، وليس تكتب عليكم)- و له متابع آخر من رواية وضاح بن يحيى، عن مندل بن علي، عن يحيى بن سعيد، عن عكرمة، قال ابن حبان في الضعفاء (٢/٨٥): (وضاح لا يحتج به، كان يروي عن الثقات الاشياء المقلوبات التي كانها معمولة، و مندل ايضاً ضعيف)- اهـ.

Marfat.com

وتر کے حکم کی وضاحت

وتر کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے مشہور شافعی فقیہہ شیخ ابواسحاق شیرازی تحریر کرتے ہیں:

جہاں تک وتر کا تعلق ہے تو یہ سنت ہیں' اس کی دلیل وہ روایت ہے جسے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے نقل کیا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: وتر حق ہیں لیکن یہ واجب نہیں ہیں' جو شخص پانچ وتر ادا کرنا پسند کرے' وہ ایسا کر لے جو تین ادا کرنا پسند کرے وہ ایسا کر لے اور جو شخص ایک وتر ادا کرنا پسند کرے' وہ ایسا کر لے۔

اس کی زیادہ سے زیادہ تعداد تیرہ رکعت ہیں۔

اس کی دلیل وہ روایت ہے جو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گیارہ رکعت ادا کیا کرتے تھے اور ان میں سے ایک وتر کر لیتے۔

اس کی کم از کم تعداد ایک رکعت ہے' اس کی دلیل وہ روایت ہے جو ہم نے حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کی ہے' تاہم کامل ہونے کے اعتبار سے کم از کم حق دار تین رکعت ہیں' جن میں سے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد الاعلیٰ پڑھی جائے گی' دوسری رکعت میں سورۃ الکافرون پڑھی جائیں گی' تیسری رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھی جائے گی۔

اس کی دلیل یہ روایت ہے: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح اس کی تلاوت کیا کرتے تھے۔

جو شخص وتر کی نماز ادا کرتا ہے اور ایک رکعت سے زیادہ ادا کرتا ہے تو اسکے لیے سنت یہ ہے: وہ دو رکعت پڑھنے کے بعد سلام پھیر دے' اس کی دلیل حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی نقل کردہ یہ روایت ہے:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جفت اور طاق نماز کے دوران (سلام پھیر کر) فصل کرتے تھے''۔

اس کی ایک دلیل یہ بھی ہے' تیسری رکعت میں بھی جہر میں قرأت کی جاتی ہے' اگر یہ پہلی دو رکعت کے ساتھ ملی ہوتی تو اس میں جہری قرأت نہ کی جاتی' جیسے مغرب کی نماز کی تیسری رکعت میں نہیں کی جاتی ہے۔

یہ بھی جائز ہے' ان کو ایک سلام کے ساتھ جمع کر لیا جائے' اس کی دلیل سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی وہ روایت ہے:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی دو رکعت ادا کرنے کے بعد سلام نہیں پھیرتے تھے۔

سنت یہ ہے: رمضان کے مہینے کے آخری نصف حصے میں وتر میں دعائے قنوت پڑھی جائے' اس کی دلیل وہ روایت ہے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

جب رمضان کا نصف مہینہ گزر جائے تو تم وتر کی نماز میں سمع اللہ لمن حمدہ پڑھنے کے بعد کفار پر لعنت کرو' اور پھر یہ کہو: اے اللہ! کفار کو برباد کر دے!

شیخ ابوعبداللہ زبیری بیان کرتے ہیں: پورے سال میں دعائے قنوت پڑھی جائے گی' اس کی دلیل وہ روایت ہے جو حضرت نے نقل کی ہے:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی نماز میں تین رکعت ادا کیا کرتے تھے اور رکوع میں جانے سے پہلے دعائے قنوت پڑھا کرتے تھے۔

Marfat.com

مذہب وہی ہے جو پہلے بیان کیا گیا ہے۔

حضرت ربیعہ بن کعب رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت علم حدیث کے ماہرین کے مطابق ثابت نہیں ہے' وتر کی نماز میں قنوت پڑھنے کا موقع وہی ہے جب رکوع سے سر اُٹھایا جائے گا' ہمارے اصحاب میں سے بعض نے یہ بات بیان کی ہے: وتر کی نماز میں دعائے قنوت پڑھنے کا موقع رکوع سے پہلے ہے' اس کی دلیل حضرت ربیعہ بن کعب رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت ہے' تاہم صحیح قول وہی ہے جو پہلے ذکر کیا گیا ہے اور اس کی دلیل وہ روایت ہے جو میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ذکر کی ہے' اس کی ایک دلیل یہ بھی ہے' صبح کی نماز میں دعائے قنوت رکوع سے اُٹھنے کے بعد پڑھی جاتی ہے تو وتر کی نماز میں بھی اسی طرح ہونی چاہیے۔

وتر کی نماز کا وقت یہ ہے: عشاء کی نماز پڑھ لینے کے بعد سے لے کر صبح صادق طلوع ہونے تک ہے' اس کی دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک مزید نماز ادا کی ہے اور وہ وتر نماز ادا کی ہے' تم اُسے عشاء کی نماز سے لے کر صبح صادق ہونے تک کے درمیانی وقت میں ادا کرلو''۔

اگر نمازی ایسا شخص ہو کہ جو تہجد کی نماز ادا کرتا ہو تو اُس کے لیے زیادہ بہتر یہ ہے: وہ اس نماز کو مؤخر کردے' یہاں تک کہ تہجد کی نماز ادا کرنے کے بعد اس نماز کو ادا کرے لیکن اگر کوئی شخص تہجد کی نماز ادا نہیں کرتا تو اُس کے لیے زیادہ مناسب یہ ہے: وہ عشاء کی سنتیں ادا کرنے کے بعد اسے ادا کرے' اس کی دلیل حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ یہ روایت ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تم میں سے جس شخص کو اس بات کا اندیشہ ہو کہ وہ رات کے آخری حصے میں بیدار نہیں ہو سکے گا' تو وہ رات کے ابتدائی حصے میں ہی وتر کی نماز ادا کرلے' پھر اُس کے بعد سو جائے اور جس شخص کو یہ اُمید ہو کہ وہ رات کے آخری حصے میں اُٹھ جائے گا' تو وہ رات کے آخری حصے میں وتر ادا کرے''۔

اس کی وضاحت کرتے ہوئے مشہور شافعی فقیہہ امام یحییٰ بن شرف نووی تحریر کرتے ہیں:

ہمارے نزدیک وتر ادا کرنا سنت ہے اور اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے' اس کی کم از کم مقدار ایک رکعت ہے اور اس بارے میں بھی کوئی اختلاف نہیں ہے اور اس کے کمال کی کم از کم مقدار تین رکعت ہے اور پانچ رکعت ادا کرنا اس سے زیادہ کامل ہے' پھر سات رکعت ہے' پھر نو رکعت ہے اور پھر گیارہ رکعت ہیں۔ اور مشہور قول کے مطابق زیادہ سے زیادہ تعداد یہی ہے۔

مصنف نے اور اکثر اہلِ علم نے قطعیت کے ساتھ اس کے مطابق رائے دی ہے۔

تاہم اس میں ایک صورت ہے وہ یہ ہے: اس کی زیادہ سے زیادہ رکعت تیرہ ہونی چاہیے' اس بات کو فرغان سے تعلق رکھنے والے اہلِ علم کی ایک جماعت نے نقل کیا ہے اور اس بارے میں صحیح احادیث بھی مذکور ہیں۔

جن حضرات نے گیارہ رکعت کا فتویٰ دیا ہے' انہوں نے اس کی تعبیر یہ کی ہے' راوی نے عشاء کی دو سنتوں کو بھی اس

Marfat.com

کے ساتھ شمار کر لیا ہوگا۔

اگر کوئی شخص تیرہ رکعات سے زیادہ وتر کی نماز ادا کرتا ہے تو ایسا کرنا جائز نہیں ہوگا اور اس کے وتر درست شمار نہیں ہوں گے اور یہ بات جمہور کے نزدیک ہے۔

تاہم اس میں بھی غور و فکر کی گنجائش ہے جس کو امام الحرمین اور دیگر حضرات نے نقل کیا ہے' ایسا کرنا جائز ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو مختلف صورتوں میں ادا کیا ہے' جس میں رکعات کی تعداد مختلف ہوا کرتی تھی اور یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے' یہ کسی مخصوص عدد میں منحصر نہیں ہے۔

جمہور نے اس بات کا جواب یہ دیا ہے' تعداد کا اختلاف اُس حد تک ہے' جب یہ تیرہ رکعات سے زیادہ نہ ہوں' تیرہ رکعات سے زیادہ ادا کرنا منقول نہیں ہے' لہٰذا یہ اس بات پر دلالت کرے گا کہ یہ ممنوع ہے۔

یہ اختلاف اُسی اختلاف سے مشابہت رکھتا ہے جو قصر نماز ادا کرنے کے جواز کے بارے میں پایا جاتا ہے' جب کوئی شخص اٹھارہ دن سے زیادہ قیام کی نیت کر لیتا ہے اور جس طرح نمازِ خوف میں دو رکعات سے زیادہ ادا کرنے کے جواز کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

جب کوئی شخص گیارہ رکعت وتر ادا کرتا ہے تو اُس کے لیے فضیلت یہ بات رکھتی ہے' وہ ہر دو رکعت پڑھنے کے بعد سلام پھیر دیا کرے' اسکی دلیل وہ مستند روایت ہے جس کا میں عنقریب ذکر کروں گا' جب میں علماء مذاہب کے فروعی اختلافات کا ذکر کروں گا۔

اگر کوئی شخص ان تمام رکعات کو ایک تشہد کے ساتھ اکٹھا کر دیتا ہے اور تشہد آخر میں پڑھتا ہے تو ایسا کرنا بھی جائز ہے۔

اگر کوئی شخص دو تشہد کے ساتھ اور ایک سلام کے ساتھ جمع کرنا چاہتا ہے' یعنی وہ آخری رکعت میں اور اس سے پہلی رکعت میں قعدہ پڑھتا ہے تو ایسا کرنا بھی جائز ہے۔

شیخ نورانی اور امام الحرمین نے ایک مسئلہ یہ بیان کیا ہے' دو تشہد کے ساتھ ایسا کرنا جائز نہیں ہے بلکہ ایک تشہد پر اکتفاء کرنا شرط ہے۔

اس مؤقف کے قائلین نے اس بارے میں منقول اُن احادیث کو جن میں دو مرتبہ تشہد پڑھنے کا ذکر ہے' اس مفہوم پر محمول کیا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر تشہد میں سلام پھیر دیا کرتے تھے۔

امام یہ فرماتے ہیں: یہ وجہ قابلِ قبول نہیں ہے اور اس کی کوئی گنجائش نہیں ہے جبکہ شیخ رافع نے اس کے برعکس بات بیان کی ہے' وہ یہ کہتے ہیں' ایک تشہد پر اکتفاء کرنا جائز نہیں ہے تاہم یہ دونوں صورتیں غلط ہیں۔

صحیح احادیث میں اس بات کی صراحت موجود ہے' یہ دونوں مؤقف غلط ہیں اور درست بات یہ ہے: ایسا کرنا جائز ہے جیسا کہ ہم اس سے پہلے یہ بات بیان کر چکے ہیں۔

تاہم بحث یہ ہے: ایک تشہد پڑھنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے یا دو تشہد پڑھنا یا یہ دونوں فضیلت میں ایک جیسی فضیلت رکھتے

Marfat.com

ہیں۔

اس بارے میں تین صورتیں پائی جاتی ہیں' شیخ رویانی نے اس بات کو اختیار کیا ہے' ایک تشہد پڑھنا فضیلت رکھتا ہے۔

البتہ جب کوئی شخص دو تشہد سے زیادہ پڑھ لیتا ہے اور ہر دو رکعت کے بعد بیٹھتا ہے اور ایک سلام پر اکتفاء کرتا ہے' جو وہ آخر میں پھیرتا ہے تو اس بارے میں دو صورتیں ہیں' جن کا تذکرہ شیخ رافع نے کیا ہے۔ ان میں سے ایک قول یہ ہے: ایسا کرنا جائز ہے' اس کے وتر درست ہوں گے' یہ بالکل اسی طرح ہے' اگر کوئی شخص مطلق طور پر نفل نماز ادا کر رہا ہو اور اس میں مختلف تشہد پڑھے اور سلام ایک دفعہ پھیرلے تو صحیح مذہب کے مطابق ایسا کرنا جائز ہے۔

جیسا کہ قرآن کریم میں اس بارے میں تذکرہ کیا گیا ہے' اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا۔

اس کی دوسری صورت یہ ہے' جو درست ہے' ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے: یہ نبی اکرم ﷺ سے منقول طریقہ کار کے برخلاف طریقہ ہے اور امام الحرمین اور دیگر حضرات نے قطعی طور پر یہی فتویٰ دیا ہے۔

امام نووی یہ فرماتے ہیں: وتر کی نماز اور مطلق نوافل کے درمیان فرق یہ ہے: مطلق نوافل میں رکعت کی تعداد میں اور تشہد کی تعداد میں کوئی حصہ نہیں ہوتا' جبکہ وتر کا حکم اس کے برخلاف ہے۔

جب کوئی شخص تین رکعت وتر ادا کرنا چاہتا ہے تو اس میں زیادہ فضیلت والا طریقہ کیا ہوگا' اس بارے میں مختلف اقوال ہیں۔

صحیح قول یہ ہے: اس کے لیے زیادہ فضیلت یہ رکھتا ہے' وہ دو مرتبہ سلام پھیرنے کے ساتھ ان کے درمیان فصل کرلے کیونکہ بکثرت احادیث اس بارے میں منقول ہیں۔ اور اس میں عبادت میں بھی کثرت ہو جاتی ہے' کیونکہ اس صورت میں نیت دوبارہ کی جاتی ہے اور آخر میں دعا اور درود شریف کو دوبارہ پڑھا جاتا ہے۔

دوسری صورت یہ ہے: اگر کوئی شخص ایک سلام کے ساتھ انہیں ملا لیتا ہے تو یہ بھی زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

شیخ ابو زید مروزی نے اختلاف سے بچنے کے لیے اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے' اس کی وجہ یہ ہے: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں' سلام پھیر کے فصل نہیں کی جا سکتی۔

تیسری صورت یہ ہے: اگر کوئی شخص تنہا نماز ادا کر رہا ہو تو اس کے لیے فصل کرنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ اگر کوئی شخص امام ہو تو اس کے لیے ملا کے نماز پڑھنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے' تاکہ تمام مقتدیوں کے لیے اس کی اقتداء درست ہو جائے۔

چوتھی صورت اس کے برعکس ہے جسے شیخ رافع نے نقل کیا ہے۔

یہاں یہ سوال ہے' کیا تین رکعت کو ملا کر پڑھنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے یا ایک رکعت کو الگ سے پڑھنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے' تو اس بارے میں بھی مختلف اقوال ہیں' جن کو امام الحرمین نے اور دیگر اہل علم نے ذکر کیا ہے' صحیح یہ ہے: تین رکعات کو پڑھنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے' شیخ قفال نے اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔

دوسرا قول یہ ہے: ایک رکعت کو الگ سے پڑھنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے' امام الحرمین نے یہ بات بیان کی ہے' اس قول کے

Marfat.com

قائل نے غلو سے کام لیا ہے وہ یہ فرماتے ہیں: گیارہ رکعات ملا کر پڑھنے کے مقابلے میں ایک رکعت الگ سے پڑھنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

اس کی دوسری صورت یہ ہے: اگر کوئی شخص تنہا نماز ادا کر رہا ہو تو اُس کے لیے ایک رکعت کو الگ سے پڑھنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے اور اگر کوئی شخص امام ہو تو اس کے لیے تینوں رکعتوں کو ملا کر پڑھنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

پھر اسی طرح یہ اختلاف اس مسئلے میں بھی پایا جاتا ہے کہ فصل (یعنی درمیان میں سلام پھیرنے) اور وصل (یعنی سلام پھیرے بغیر تینوں رکعات ایک ساتھ ادا کرنے) میں سے فضیلت کسے حاصل ہے؟ تو تین رکعات کو ملا کر پڑھنے میں فضیلت حاصل ہے لیکن تین رکعات سے زیادہ رکعات کو پڑھنے کے مقابلے میں اُن کے درمیان سلام پھیر کر فصل کرنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے اس بارے میں بھی کوئی اختلاف نہیں ہے یہ بات امام الحرمین نے ذکر کی ہے باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

پھر یہ کہ اگر کوئی شخص ایک رکعت وتر ادا کرنا چاہے تو وہ اس ایک رکعت کے لیے بھی وتر کی نیت کرے گا اور اگر کوئی شخص زیادہ تعداد میں وتر کی نماز ادا کرنا چاہتا ہے اور ایک سلام پر اکتفاء کرنا چاہتا ہے تو وہ بھی وتر کی نماز کی نیت کرے گا۔

جب کوئی شخص سلام پھیر کے دو رکعت کو الگ کرے اور دو رکعات پڑھنے کے بعد سلام پھیر دے تو وہ ان دونوں رکعات کے بارے میں وتر کی دو رکعات کی نیت کرے گا' یہی قول مختار ہے' تاہم اسے اس بات کا حق حاصل ہے وہ اس کے علاوہ بھی نیت کر سکتا ہے جیسا کہ نماز کے طریقے کے آغاز سے متعلق باب میں اس کا بیان گزر چکا ہے۔

وتر کی نماز کا وقت جہاں تک اس کے ابتدائی وقت کا تعلق ہے تو اس بارے میں تین اقوال ہیں' صحیح اور مشہور قول وہ ہے جس کے بارے میں مصنف نے قطعیت کے ساتھ بیان کیا ہے اور جمہور نے بھی یہی بات بیان کی ہے عشاء کی نماز کے فرائض سے فارغ ہونے کے بعد شروع ہو جاتا ہے خواہ نمازی نے اُن فرائض اور وتر کی نماز کے درمیان کوئی نفل نماز پڑھی ہو یا نہ پڑھی ہو' خواہ اُس نے ایک رکعت وتر ادا کیے ہوں یا زیادہ رکعات میں ادا کیے ہوں۔

اگر کوئی شخص عشاء کی نماز ادا کرنے سے پہلے وتر کی نماز ادا کر لیتا ہے تو اس کے وتر درست نہیں ہوں گے خواہ اس نے جان بوجھ کر ایسا کیا ہو یا بھول چوک کی وجہ سے ایسا کر لیا ہو اور اس نے یہ گمان کیا ہو کہ اس نے عشاء کی نماز ادا کر لی تھی یا کوئی شخص یہ گمان کرتا ہو کہ ایسا کرنا جائز ہے (سب صورتوں کا حکم ایک ہی ہے)۔

اسی طرح اگر کوئی شخص عشاء کی نماز یہ گمان کرتے ہوئے ادا کر لیتا ہے وہ پاک ہے (یا باوضو ہے) پھر وہ بے وضو ہو جاتا ہے' پھر وہ دوبارہ وضو کر کے وتر کی نماز ادا کر لیتا ہے' بعد میں اُس کے سامنے یہ بات آتی ہے وہ عشاء کی نماز ادا کرتے وقت بے وضو تھا تو اب اس کے وتر باطل ہو جائیں گے۔

دوسری صورت یہ ہے: وتر کا وقت عشاء کا وقت شروع ہونے کے ساتھ ہی شروع ہو جاتا ہے' آدمی کو اس بات کا اختیار ہے اگر وہ چاہے تو عشاء کی نماز سے پہلے وتر ادا کرے۔ امام الحرمین اور دیگر حضرات نے یہ بات ذکر کی ہے اور قاضی ابوطیب نے قطعیت کے ساتھ اس بارے میں (فتویٰ دیا ہے)' یہ حضرات یہ فرماتے ہیں: اس بارے میں حکم برابر ہوگا' خواہ اس نے جان

Marfat.com

بوجھ کر ایسا کیا ہو یا بھول چوک کی وجہ سے ایسا کیا ہو۔

تیسری صورت یہ ہے: اگر کوئی شخص ایک رکعت سے زیادہ وتر ادا کرتا ہے تو اب اُس کا وقت عشاء کی ادائیگی سے شروع ہو گا اور اگر کوئی شخص ایک رکعت وتر ادا کرتا ہے تو اُس ایک رکعت کے درست ہونے کے لیے یہ بات درست ہے اُس نے عشاء کے فرائض پورے کرنے کے بعد کوئی نفل نماز بھی ادا کی ہو لیکن اگر کوئی شخص ایک رکعت وتر نماز ادا کرنے سے پہلے کوئی نفل نماز ادا نہیں کرتا اور ایک رکعت ادا کر لیتا ہے تو اُس کا وتر ادا کرنا درست نہیں ہوگا۔

امام الحرمین فرماتے ہیں: یہ رکعت اُس کے لیے نفل شمار ہوگی۔

شیخ رافع فرماتے ہیں: مناسب یہ ہے: اُس ایک رکعت کے درست ہونے کے لیے کوئی نفل نماز بھی ہونی چاہیے لہٰذا مکمل طور پر اُس ایک رکعت کا باطل ہونا اُسی اختلاف کے حوالے سے ہے جو اس سے پہلے گزر چکا ہے جو شخص زوال سے پہلے ظہر کی نماز شروع کر دیتا ہے (یا اُس کی تکبیر تحریمہ کہہ دیتا ہے)۔

جہاں تک وتر کے آخری وقت کا تعلق ہے تو اس بارے میں صحیح قول وہی ہے جس کے بارے میں مصنف نے صراحت کی ہے اور جمہور بھی اس بات کے قائل ہیں: یہ صبح صادق ہونے تک رہتا ہے اور صبح صادق طلوع ہونے کے ساتھ ہی اس کا وقت ختم ہو جاتا ہے۔

شیخ متولی نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے وہ اس بات کے قائل ہیں: وتر کا وقت صبح کی نماز کے فرائض ادا کرنے تک باقی رہتا ہے۔

جہاں تک وتر کی نماز کے مستحب وقت کا تعلق ہے تو مصنف نے یہ صراحت کی ہے اور جمہور بھی اسی بات کے قائل ہیں: انسان وتر کی نماز کو رات کے نوافل کے سب سے آخر میں ادا کرے اور اگر کوئی شخص تہجد نماز ادا نہیں کرتا تو اس کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ عشاء کے فرائض اور سنتیں ادا کر لینے کے بعد رات کے ابتدائی حصے میں ہی وتر کی نماز ادا کرے لیکن اگر وہ تہجد کی نماز ادا کرتا ہے تو اس کے لیے یہ بات زیادہ ضروری ہے وہ وتر کی نماز کو مؤخر کر دے تاکہ وہ تہجد پڑھنے کے بعد اسے ادا کرے اس صورت میں تہجد کی نماز پڑھنے کے بعد انہیں ادا کرے اس صورت میں وتر کی نماز اس کے رات کے نوافل کا آخری حصہ بن جائے گی۔

امام الحرمین اور امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے وتر کی نماز کو رات کے ابتدائی حصے میں ہی ادا کر لینا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

جیسا کہ ان دونوں حضرات کے علاوہ دیگر حضرات نے یہ بات بیان کی ہے یہ اختلاف فقہاء کے درمیان پایا جاتا ہے۔

شیخ رافعی یہ فرماتے ہیں: یہ بھی ہو سکتا ہے ان دونوں کے قول کو اس شخص پر محمول کیا جائے جو عام طور پر رات کے نوافل ادا نہیں کرتا اور یہ بھی ہو سکتا ہے اسے اس بات پر محمول کیا جائے اس بارے میں رائے میں اختلاف پایا جاتا ہے اس بارے میں معاملہ قریب ہے۔

Marfat.com

میں یہ کہتا ہوں: کیونکہ اس کے بارے میں درست رائے وہی ہے جو تفصیل کے ساتھ پہلے گزر چکی ہے اور وہ یہی کہ جو شخص تہجد کی نماز ادا کرتا ہے اس کے لیے وتر کی نماز کو تاخیر سے ادا کرنا مستحب ہے اسی طرح جو شخص تہجد کی نماز نہیں ادا کرتا اور اسے اس بات کا یقین ہو کہ وہ رات کے آخری حصے میں بیدار ہو جائے گا خواہ وہ خود بیدار ہو یا کوئی دوسرا شخص اُسے بیدار کرے اس کے لیے بھی یہ بات مستحب ہے وتر کی نماز کو مؤخر کرے تاکہ رات کے آخری حصے میں اُسے ادا کرے اس کی دلیل سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی نقل کردہ روایت ہے وہ بیان کرتی ہیں:

''نبی اکرم ﷺ رات کے وقت نوافل ادا کیا کرتے تھے جب صرف وتر باقی رہ جاتے تو آپ ﷺ مجھے بیدار کر دیتے تو میں بھی وتر ادا کر لیتی تھی''۔

امام مسلم نے اس روایت کو نقل کیا ہے مسلم ہی کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

''جب آپ ﷺ وتر ادا کرنے لگتے تو آپ ﷺ ارشاد فرماتے: ''عائشہ اُٹھو! اور وتر ادا کرلو''۔

رات کے آخری حصے میں وتر ادا کرنے کے مستحب ہونے کی دلیل بہت سی احادیث ہیں اُن میں سے ایک روایت (صحیح بخاری) میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے منقول ہے وہ بیان کرتی ہیں:

''نبی اکرم ﷺ رات کے ہر حصے میں وتر ادا کر لیتے تھے ابتدائی حصے میں بھی آخری حصے میں بھی آپ ﷺ کے وتر ادا کرنے کا آخری وقت سحری کے قریب ہوتا تھا''۔

اس حدیث کو امام بخاری اور امام مسلم نے نقل کیا ہے[1]

وتر کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے صاحب ہدایہ تحریر کرتے ہیں:

امام ابوحنیفہ کے نزدیک وتر واجب ہیں جبکہ صاحبین یہ فرماتے ہیں: یہ سنت ہیں کیونکہ اس میں وہی احکام پائے جاتے ہیں جو سنتوں میں پائے جاتے ہیں یعنی اس کے منکر کو کافر قرار نہیں دیا جا سکتا اور ان کے لیے اذان نہیں دی جاتی جبکہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

''اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک مزید نماز ادا کی ہے وہ وتر کی نماز ہے تم اُسے عشاء کی نماز سے لے کر صبح صادق ہونے تک کے درمیانی وقت میں ادا کرلیا کرو''۔

یہاں پر امر کا صیغہ استعمال ہوا ہے جو وجوب کے لیے ہوتا ہے یہی وجہ ہے: اس بات پر اتفاق ہے وتر کی قضاء ادا کی جائے گی اس کے منکر کو کافر اس لیے قرار نہیں دیا گیا کیونکہ اس کا وجوب سنت سے ثابت ہے۔

اس کی تشریح کرتے ہوئے ہدایہ کے مشہور شارح حافظ بدرالدین محمود عینی نے اپنی تصنیف ''البنایہ شرح الہدایہ'' میں تحریر کرتے ہیں:

''المحیط'' نامی کتاب میں یہ بات تحریر ہے امام ابوحنیفہ سے اس بارے میں تین روایات منقول ہیں ایک قول کے مطابق یہ

---

[1] المجموع شرح المہذب از امام یحییٰ بن شرف نووی

Marfat.com

واجب ہیں اور یہ اُن کا آخری قول ہے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ درست قول بھی یہی ہے۔ قاضی خان نے بھی یہ بات بیان کی ہے یہی قول زیادہ درست ہے۔

دوسرا قول یہ ہے: یہ فرض ہے۔ امام زفر رحمۃ اللہ علیہ بھی اس بات کے قائل ہیں۔

شیخ ابوبکر ابن العربی نے اپنی کتاب العارفہ میں یہ بات بیان کی: شیخ سحنون اور شیخ اصبغ جو فقہاء مالکیہ سے تعلق رکھتے ہیں' یہ حضرات بھی اس کے وجوب کے قائل ہیں اور اُن کی مراد ان کا فرض ہونا ہے۔

''المغنی'' نامی کتاب میں امام احمد بن حنبل کے حوالے سے یہ بات منقول ہے: وہ فرماتے ہیں: جو شخص جان بوجھ کر وتر کی نماز کو ترک کر دیتا ہے تو وہ ایک بُرا آدمی ہے اور مناسب یہ ہے: ایسے شخص کی گواہی کو قبول نہ کیا جائے۔

شیخ ابوبکر کے حوالے سے یہ بات نقل کی گئی ہے' وتر واجب' یعنی فرض ہیں۔

شیخ ابن بطال نے شرح بخاری میں حضرت عبداللہ بن مسعود' حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہما اور شیخ ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے' اہلِ قرآن پر وتر واجب ہیں' البتہ دوسروں پر واجب نہیں ہیں اور وجوب سے اُن کی مراد فرض ہونا ہے' شیخ علم الدین نحوی نے اس بات کو اختیار کیا ہے' یہ فرض ہیں۔

امام ابوحنیفہ سے تیسری روایت یہ منقول ہے' یہ سنت مؤکدہ ہیں اور یہی اکثر علماء کا قول ہے اور الدرایہ کے مصنف نے یہ بات بیان کی ہے' ظاہر روایت میں اس بارے میں کوئی بات منقول نہیں ہے' تاہم حماد بن یزید نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے' یہ فرض ہیں اور امام زفر رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسی قول کو اختیار کیا ہے۔

یوسف بن خالد تیمی نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے' یہ واجب ہیں' بظاہر ان کا مذہب یہی محسوس ہوتا ہے۔

نوح بن مریم اور ایک اور قول کے مطابق اسد بن عمرو نے یہ روایت نقل کی ہے' یہ سنت ہیں' امام ابویوسف' امام محمد' امام شافعی اور امام مالک اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔ (تلخیص البنایہ شرح الہدایہ ص 4732)

صاحب ہدایہ نے وتر کے بارے میں صاحبین کا مؤقف یہ بیان کیا تھا' ان دونوں حضرات کے نزدیک وتر سنت ہیں اور اس کی دلیل یہ ہے: اُس میں وہ احکام پائے جاتے ہیں' جو سنت میں پائے جاتے ہیں' اس کی وضاحت کرتے ہوئے حافظ بدرالدین محمود عینی تحریر کرتے ہیں:

مصنف نے اس بارے میں کوئی دلیل نقل نہیں کی' تاہم ان کی دلیل وہ روایت ہے جسے امام ابوداؤد اور امام اوزاعی رحمہما اللہ نے عبداللہ بن معیز سے نقل کیا ہے' انہوں نے بنوکنانہ سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب کے حوالے سے' یہ بات نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: شام میں ایک صاحب تھے جن کی کنیت ابومحمد تھی' وہ فرماتے تھے: وتر پڑھنا واجب ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں' میں جب حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش ہوا تو میں نے کہا کہ ابومحمد یہ کہتے ہیں' وتر پڑھنا واجب ہے' تو حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے کہا: ابومحمد نے غلط کہا ہے' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' پانچ

Marfat.com

نمازیں ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر فرض قرار دی ہیں۔

امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ نے اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل بھی پیش کی ہے ایک دیہاتی نے نبی اکرم ﷺ سے یہ سوال کیا تھا' ان پانچ نمازوں کے علاوہ میرے اوپر کوئی اور نماز پڑھنا بھی لازم ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا: نہیں! البتہ اگر تم نفل نماز ادا کرلو (تمہاری مرضی ہے)۔

یہ بات بھی فرضیت اور وجوب کی نفی کرتی ہے۔

اسی طرح نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تین چیزیں ایسی ہیں جو مجھ پر فرض ہیں' جو تمہارے لیے نفل ہیں' وتر' فجر کی (سنت) نماز اور چاشت کی نماز''۔

اس روایت کو امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مسند میں اور امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مستدرک میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نقل کیا ہے' وہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''تین''۔ الحدیث

ہمارے اصحاب کی کتابوں میں یہ الفاظ ہیں:

''تین چیزیں ایسی ہیں جو مجھ پر فرض قرار دی گئی ہیں اور تم پر فرض قرار نہیں دی گئی ہیں' وہ تمہارے لیے سنت ہیں' وتر' چاشت کی نماز اور قربانی''۔

امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ نے اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل بھی پیش کی ہے' نبی اکرم ﷺ وتر کی نماز سواری پر ادا کر لیتے تھے اور کسی عذر کے بغیر فرض نماز سواری پر ادا نہیں کی جا سکتی۔

(علامہ عینی تحریر کرتے ہیں:) حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت کا جواب یہ ہے: نبی اکرم ﷺ نے اُس شخص کو پانچ فرض نمازوں کے بارے میں بتایا تھا جبکہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ وتر کی فرضیت کے قائل نہیں ہیں' جس طرح ظہر کی نماز فرض ہے' وہ تو اس کے وجوب کے قائل ہیں اور واجب اور فرض کے درمیان فرق واضح ہے اور قطعی ہے' اس لیے یہ روایت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے خلاف حجت نہیں ہو سکتی' اُن کا یہ کہنا کہ ابو محمد نے غلط کہا ہے' تو اس سے مراد یہ ہے: اُنہوں نے غلطی کی ہے۔

دیہاتی کے بارے میں حدیث کا یہ جواب دیا جا سکتا ہے' وہ وتر کے واجب ہونے سے پہلے کا واقعہ ہو' اور نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: ''اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک مزید نماز ادا کی ہے'' جو آگے آ رہا ہے' اس میں اس بات کی طرف اشارہ پایا جاتا ہے' یہ فرمان نمازوں کی فرضیت کے حکم کے بعد کا ہے' اور اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

''تم یہ فرما دو کہ جو چیز میری طرف وحی کی گئی ہے' میں اُس میں کوئی ایسی چیز نہیں پاتا جس میں کھانے والے کے لیے حرام قرار دیا گیا ہو ماسوائے اسکے جو مردار ہو یا بہا ہوا خون ہو یا خنزیر کا گوشت''۔

لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کے بعد نوکیلے دانتوں والے پرندے اور نوکیلے پنجوں والے پرندے کو بھی حرام قرار دیا۔

Marfat.com

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول حدیث جسے امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر محدثین نے نقل کیا ہے وہ بھی اس بات پر دلالت کرتی ہے یہ واقعہ بعد کا ہوگا' کیونکہ اُس شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز' زکوٰۃ اور روزے کے بارے میں دریافت کیا اور آخر میں کہا کہ میں اللہ کی قسم! اس میں کوئی اضافہ نہیں کروں گا اور کوئی کمی نہیں کروں گا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر یہ ٹھیک کہہ رہا ہے تو یہ کامیاب ہو گیا ہے۔

اس حدیث میں حج کا تذکرہ نہیں ہے' تو یہ اس بات پر دلالت کرتی ہے' یہ حج کے واجب ہونے سے پہلے کا واقعہ ہوگا' تو اسی طرح یہ بھی ممکن ہے' اس کا یہ سوال پانچ نمازوں کے بعد مزید نماز کا حکم ملنے سے پہلے کا ہو' لہٰذا یہ روایت حجت نہیں بن سکتی۔

جہاں تک حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول حدیث کا تعلق ہے (یعنی تین چیزیں مجھ پر لازم قرار دی گئی ہیں) تو یہ روایت ضعیف ہے۔ یہ روایت غریب اور منکر ہے' اس کی وہ سند جس کے حوالے سے اسے امام حاکم' امام احمد بن حنبل' امام ابن حبان اور امام کلبی رحمہم اللہ نے نقل کیا ہے' امام نسائی اور امام دارقطنی رحمہما اللہ نے اسے ضعیف قرار دیا ہے جبکہ اس کی دوسری سند میں جابر جعفی پایا جاتا ہے' جس کے بارے میں اختلاف ہے۔

اسی طرح امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے جس سند کے ساتھ نقل کیا ہے' اُس میں ابوحیان راوی ہے۔ مصنف یہ کہتے ہیں' یہ راوی ضعیف ہے اور تدلیس کرتا ہے' اس کا نام یحییٰ بن حی ہے۔

صاحب ہدایہ نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مؤقف کی تائید میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا جو فرمان نقل کیا ہے' اس کے بارے میں علامہ عینی تحریر کرتے ہیں:

اس حدیث کو صحابہ کرام کی ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔

حضرت خارجہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے جو روایت منقول ہے' اُسے امام ابوداؤد' امام ترمذی' امام ابن ماجہ رحمہم اللہ نے نقل کیا ہے' حضرت خارجہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہیں مزید ایک نماز عطاء کی ہے' جو تمہارے لیے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے' یہ وتر کی نماز ہے' اس نے اس نماز کو تمہارے لیے عشاء اوسط سے لے کر صبح صادق تک کے درمیانی وقت تک مقرر کیا ہے۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ روایت غریب ہے۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے المستدرک میں اس حدیث کو نقل کیا ہے' وہ فرماتے ہیں: اس کی سند صحیح ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''مسند'' میں اس روایت کو نقل کیا ہے۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سنن میں امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''معجم'' میں اسے نقل کیا ہے۔

اسی طرح حضرت عمرو بن العاص اور حضرت عقبہ رضی اللہ عنہما کے حوالے سے امام اسحاق بن راھویہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''مسند'' میں جو روایت نقل کی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک اضافی نماز عطاء کی ہے' یہ تمہارے لیے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے' یہ وتر کی نماز ہے جو تمہار

Marfat.com

لیے عشاء کی نماز سے لے کر صبح صادق تک کے درمیانی وقت میں مقرر کی گئی ہے''۔

اسی سند کے حوالے سے امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو اپنی 'معجم' میں نقل کیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے روایت منقول ہے' اُسے امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند میں اور امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے معجم میں نقل کیا ہے' وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم خوش وخرم دکھائی دے رہے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہیں مزید ایک نماز عطا کی ہے' وہ وتر کی نماز ہے''۔

اس روایت کی سند میں ابوعمرو بن خفار نامی راوی پایا جاتا ہے' امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ ضعیف ہے۔

حضرت ابوبصرہ غفاری کے حوالے سے بھی ایک روایت منقول ہے' جسے امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے المستدرک میں اپنی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

اُس کے بعد علامہ عینی نے مزید روایات اور اُن پر ہونے والے تبصرے کو بھی نقل کیا ہے۔

صاحب ہدایہ تحریر کرتے ہیں:

وتر کی تین رکعات ہیں' ان کے درمیان سلام کے ذریعے فصل نہیں کی جائے گی' اس کی دلیل سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی نقل کردہ یہ روایت ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعت وتر ادا کیا کرتے تھے جبکہ امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات نقل کی ہے' اس بات پر مسلمانوں کا اتفاق ہے (کہ وتر کی رکعات تین ہیں)۔

ایک قول کے مطابق امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بھی اس بات کے قائل ہیں: جبکہ ایک قول کے مطابق اُن کے نزدیک وتر کی نماز میں دومرتبہ سلام پھیرا جائے گا' امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی موقف ہے' ان دونوں حضرات کے خلاف دلیل وہ روایت ہے جو ہم نقل کر چکے ہیں۔

صاحب ہدایہ کا یہ کہنا کہ وتر کی رکعات تین ہیں' جس کے درمیان سلام کے ذریعے فصل نہیں کی جائے گی' اُس کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ عینی یہ کہتے ہیں: بلکہ دو رکعات پڑھنے کے بعد تشہد پڑھا جائے لیکن سلام نہیں پھیرا جائے گا' پھر تیسری رکعت پڑھنے کے بعد تشہد پڑھا جائے اور پھر سلام پھیرا جائے گا۔

حضرت عمر' حضرت علی' حضرت عبداللہ بن مسعود' حضرت ابی بن کعب' حضرت انس' حضرت عبداللہ بن عباس' حضرت ابوامامہ' حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہم' اکثر اہل علم اور ابن مبارک نے اسی بات کو اختیار کیا ہے۔

العارفہ نامی کتاب میں دوروں سے متعلق کتاب میں یہ بات تحریر ہے' امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بھی اس بات کے قائل ہیں۔

شیخ ابن بطال فرماتے ہیں: وتر کی رکعات تین ہیں' حضرت حذیفہ' حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہما مدینہ منورہ کے ساتوں فقہاء اور سعید بن مسیب اسی بات کے قائل ہیں۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اور (دیگر طبقوں سے تعلق رکھنے والے اہل علم) کی ایک جماعت اسی بات کی قائل ہے۔

امام زہری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: رمضان میں تین رکعت وتر ادا کیے جائیں گے جبکہ رمضان کے علاوہ ایک رکعت ادا کی جائے

Marfat.com

گی۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: اس طرح وتر کی رکعت ادا نہیں کی جائے گی کہ اُس سے پہلے کوئی نماز نہ ہو نہ ہی سفر میں نہ ہی حضر میں۔

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: وتر کی کم از کم تعداد ایک رکعت ہے' اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے اور کمال کے اعتبار سے اس کی کم از کم مقدار تین رکعات ہے اور زیادہ سے زیادہ مقدار گیارہ رکعات ہیں اور ایک قول کے مطابق تیرہ رکعات ہیں' اگر کوئی شخص اس سے زیادہ رکعات ادا کر لیتا ہے تو اُس کے وتر جمہور کے نزدیک درست نہیں ہوں گے۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: جس بات کو میں اختیار کرتا ہوں' وہ یہ ہے: وتر کی ایک رکعت کو اس سے پہلے کی نماز کے ذریعے (سلام پھیر کر الگ کیا جائے گا)۔

وہ یہ فرماتے ہیں' اگر کوئی شخص تین رکعات ادا کر لیتا ہے اور سلام نہیں پھیرتا تو میرے نزدیک اُس پر کوئی تنگی نہیں' تاہم مجھے یہ بات پسند ہے' وہ دو رکعت پڑھنے کے بعد سلام پھیر دے۔

امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' اگر پھر وہ ایسا کر لیتا ہے تو ٹھیک ہے اور اگر وہ ایسا نہیں کرتا تو بھی ٹھیک ہے۔

صاحب ہدایہ نے اپنے مؤقف کی تائید میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے منقول روایت کو پیش کیا تھا' اس کی وضاحت کرتے ہوئے امام عینی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے: امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سنن میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی دو رکعت پڑھنے کے بعد سلام نہیں پھیرا کرتا تھا''۔

اسی روایت کو امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے المستدرک میں نقل کیا ہے' وہ یہ فرماتے ہیں' یہ روایت امام بخاری اور امام مسلم رحمہما اللہ کی شرط کے مطابق مستند ہے' تاہم ان دونوں حضرات نے اسے نقل نہیں کیا ہے' امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کے الفاظ یہ ہیں: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعات وتر ادا کرتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم صرف ان کے آخر میں سلام پھیرتے تھے''۔

اس کے بعد امام عینی رحمۃ اللہ علیہ نے وتر کی رکعات تین ہونے اور ان کے آخر میں سلام پھیرنے کی تائید میں یہ روایت نقل کی ہے' جسے چار ائمہ نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نقل کیا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ اور سورۃ الاعلیٰ پڑھتے تھے اور دوسری رکعت میں سورۃ الکافرون پڑھتے تھے اور تیسری رکعت میں سورۃ الاخلاص اور معوذتین پڑھتے تھے۔

اس روایت کو بھی امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے مستدرک میں نقل کیا ہے' وہ یہ فرماتے ہیں' یہ شیخین کی شرط کے مطابق صحیح ہے' البتہ اُن دونوں نے اسے نقل نہیں کیا' اسی طرح امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں اس روایت کو نقل کیا ہے۔

صاحب ہدایہ تحریر کرتے ہیں: وتر کی تیسری رکعت میں رکوع میں جانے سے پہلے دعائے قنوت پڑھی جائے گی' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: رکوع کے بعد پڑھی جائے گی' اس کی دلیل وہ روایت ہے جس میں مذکور ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وتر کے

Marfat.com

آخر میں دعائے قنوت پڑھی تھی اور یہ صورت رکوع کے بعد بھی ہو سکتی ہے' بلکہ ہماری دلیل وہ روایت ہے' نبی اکرم ﷺ نے رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھی تھی۔ (امام شافعی کی دلیل کا جواب یہ ہے:) جو چیز نصف حصے سے زائد ہو اُسے آخر قرار دیا جاتا ہے۔

صاحبِ ہدایہ کی اس عبارت کی وضاحت کرتے ہوئے امام عینی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صاحب ہدایہ کا یہ کہنا کہ تیسری میں دعائے قنوت پڑھی جائے گی' اس سے مراد تیسری رکعت ہے اور ان کا یہ کہنا کہ رکوع سے پہلے پڑھی جائے گی' یہی وقت حضرت عمر' حضرت علی' حضرت عبداللہ بن مسعود' حضرت ابوموسیٰ اشعری' حضرت براء بن عازب' حضرت عبداللہ بن عمر' حضرت عبداللہ بن عباس' حضرت انس' حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہم' عبیدہ سلمانی' حمید طویل' ابن ابی لیلیٰ' امام مالک رحمہ اللہ' اسحاق بن راھویہ اور عبداللہ بن مبارک سے منقول ہے۔

شیخ ابن المنذر نے حضرت ابوبکر صدیق اور سعید بن زبیر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے بھی اسی بات کا تذکرہ کیا ہے۔

ایوب سختیانی' امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ دونوں طریقے جائز ہیں۔

طاؤس نے یہ بات بیان کی ہے' وتر کی نماز میں دعائے قنوت پڑھنا بدعت ہے' لیکن طاؤس کا یہ قول مردود ہے۔

شوافع میں سے ابن شریح نے ہمارے مذہب کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔

امام شافعی رحمہ اللہ نے یہ کہا ہے' رکوع کے بعد دعائے قنوت پڑھی جائے گی تو صحیح روایت کے مطابق اُن کا مذہب یہی ہے' امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے بھی اسکے مطابق فتویٰ دیا ہے۔

شرح الارشاد میں یہ بات تحریر ہے' اس بارے میں امام شافعی رحمہ اللہ نے کوئی تصریح نہیں کی ہے' تاہم اُن کے شاگردوں نے یہ بات بیان کی ہے' مناسب یہی ہے' اسے رکوع کے بعد پڑھا جائے' جبکہ امام شافعی رحمہ اللہ کے بعض اصحاب نے یہ بات بیان کی ہے' آدمی کو اختیار ہے' وہ رکوع سے پہلے پڑھ لے یا بعد میں پڑھ لے۔

امام شافعی رحمہ اللہ کی تائید میں جو روایت نقل کی گئی ہے' اُسے امام دارقطنی رحمہ اللہ نے سوید بن غفلہ کے حوالے سے روایت کیا ہے۔

وہ بیان کرتے ہیں' میں نے ابوبکر' حضرت عمر' حضرت عثمان غنی اور حضرت علی رضی اللہ عنہم کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: نبی اکرم ﷺ وتر کے آخر میں دعائے قنوت پڑھا کرتے تھے اور یہ سب حضرات ایسا ہی کیا کرتے تھے۔

میرے علم کے مطابق شارحین میں سے کسی ایک نے بھی اس حدیث کو بیان نہیں کیا اور نہ ہی صحابہ کرام میں سے کسی ایک کی طرف اس کی نسبت کی ہے۔

صاحب ہدایہ نے احناف کی تائید میں جو روایت نقل کی ہے' اُس کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ عینی رحمہ اللہ تحریر کرتے ہیں: اس روایت کو صحابہ کرام کی ایک جماعت کے حوالے سے نقل کیا گیا ہے' جن میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ شامل ہیں' ان کی نقل کردہ روایت کو امام نسائی' امام ابن ماجہ رحمہما اللہ نے نقل کیا ہے' وہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے وتر ادا کرتے ہوئے رکوع

Marfat.com

سے پہلے دعائے قنوت پڑھی۔

روایت کے یہ الفاظ ابن ماجہ کے ہیں' جبکہ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ کے یہ الفاظ ہیں:

''آپ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعت وتر ادا کرتے تھے' جس میں پہلی رکعت میں سورۃ الاعلیٰ کی تلاوت کرتے اور دوسری رکعت میں سورۃ الکافرون کی تلاوت کرتے تھے اور تیسری رکعت میں سورۃ اخلاص کی تلاوت کرتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھ لیا کرتے تھے''۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ایک روایت منقول ہے' اُن کی روایت کو امام ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مسند میں اور امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سنن میں نقل کیا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی نماز میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھا کرتے تھے۔

اس روایت کی سند میں ابان بن ابوعیاش نامی راوی متروک ہے۔

خطیب نے اسی طرح کی روایت کو نقل کیا ہے' تاہم وہ اس کے حوالے سے خاموش رہے ہیں۔

ایک روایت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول ہے' اس روایت کو حافظ ابونعیم نے اپنی کتاب ''الحلیہ'' میں تحریر کیا ہے' وہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین رکعت وتر ادا کیے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھی' مصنف نے کہا ہے' یہ روایت غریب ہے۔

☆☆☆☆

ایک روایت حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول ہے' جسے امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''معجم اوسط'' میں نقل کیا ہے' (وہ بیان کرتے ہیں:)

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعات وتر ادا کرتے تھے اور دعائے قنوت رکوع سے پہلے پڑھا کرتے تھے''۔

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے معجم اوسط میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات بھی نقل کی ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعت وتر ادا کرتے تھے۔

اسود کے حوالے سے یہ بات منقول ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ صبح کی نماز میں دعائے قنوت نہیں پڑھتے تھے اور جب وتر کی نماز کے اندر دعائے قنوت پڑھتے تھے تو رکوع سے پہلے پڑھا کرتے تھے۔

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

''وہ کسی بھی نماز میں دعائے قنوت نہیں پڑھتے تھے' صرف وتر میں رکوع سے پہلے پڑھتے تھے''۔

امام ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مصنف میں علقمہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دیگر صحابہ کرام وتر کی نماز میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھا کرتے تھے۔

صاحب ہدایہ تحریر کرتے ہیں کہ پورے سال میں دعائے قنوت پڑھی جائے گی' جبکہ امام شافعی کی رائے اس کے برخلاف

Marfat.com

ہے وہ اس بات کے قائل ہیں: رمضان کے آخری حصے میں دعائے قنوت پڑھی جائے گی اس کی دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے جو آپ ﷺ نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے یہ ارشاد فرمایا تھا: اُس وقت جب آپ ﷺ نے انہیں دعائے قنوت کی تعلیم دی تھی (آپ ﷺ نے فرمایا تھا:)

''اسے اپنے وتر میں کسی فصل کے بغیر شامل کر لو''۔

صاحب ہدایہ کی اسی عبارت کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ عینی تحریر کرتے ہیں:

اور پورے سال میں دعائے قنوت پڑھی جائے گی اس بات کے قائل حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، حسن بصری، ابراہیم نخعی، عبداللہ بن مبارک، اسحاق بن راھویہ اور ابوثور ہیں۔

منصور نے امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے یہی بات نقل کی ہے۔

ثوری کہتے ہیں: امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اصحاب میں سے جمہور اسی بات کے قائل ہیں۔

بعض فقہاء یہ کہتے ہیں: پورے سال میں دعائے قنوت پڑھی جائے گی البتہ رمضان کے آخری نصف حصے میں نہیں پڑھی جائے گی۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہ بات منقول ہے: (وہ فرماتے ہیں:) کسی بھی صورت میں وتر یا صبح کی نماز میں دعائے قنوت نہیں پڑھی جائے گی۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے: وتر میں رمضان کے آخری نصف حصے میں دعائے قنوت پڑھی جائے گی ایک قول کے مطابق اُن کے نزدیک بھی پورے سال میں دعائے قنوت پڑھی جائے گی تاہم اُن کا مستند طور پر منقول مذہب یہی ہے وتر میں دعائے قنوت پڑھنے کا مستحب ہونا رمضان کے آخری نصف حصے کے ساتھ مخصوص ہے۔

الروضہ نامی کتاب میں یہ بات تحریر ہے: ایک قول کے مطابق پورے رمضان کے مہینے میں دعائے قنوت پڑھی جائے گی ایک قول کے مطابق پورے سال میں دعائے قنوت پڑھی جائے گی امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ تصریح کی ہے: (رمضان کے) آخری حصے میں دعائے قنوت پڑھنا سنت ہے (ایک قول کے مطابق) دن کے وقت پڑھی جائے گی۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اصحاب میں اس بارے میں اختلاف ہے ایک قول کے مطابق یہ بات جائز ہے آدمی دعائے قنوت پڑھ لے اس میں کوئی کراہت نہیں ہے ایک قول کے مطابق ایسا کرنا مستحب ہے بلکہ اُن کے جمہور اصحاب نے یہ بات بیان کی ہے استحباب کا حکم رمضان کے آخری حصے کے ساتھ مخصوص ہے۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے دعائے قنوت صرف رمضان کے مہینے میں پڑھی جائے گی بعض حضرات نے یہ کہا ہے رمضان کے ابتدائی نصف حصے میں پڑھی جائے گی۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک دعائے قنوت پڑھنا مستحب ہے اور اس کا محل صبح کی نماز ہے۔

بعض حضرات نے یہ کہا ہے ہر نماز میں دعائے قنوت پڑھی جائے گی۔

Marfat.com

امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: رمضان کے آخری نصف حصے میں دعائے قنوت پڑھنے کا قول صرف امام شافعی اور امام لیث بن سعد رحمہما اللہ کا ہے۔

میں (علامہ عینی) یہ کہتا ہوں: امام ابن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ نے ''مغنی'' میں یہ بات تحریر کی ہے' حضرت علی' حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہما' ابن سیرین' امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اور ایک روایت کے مطابق امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بھی اُسی بات کے قائل ہیں جو امام شافعی کا قول ہے۔

صاحب ہدایہ نے امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے حوالے سے جو روایت نقل کی ہے' اُس کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

وتر میں دعائے قنوت کے بارے میں جو روایت ہے' اُسے چار مصنفین نے ابوثور' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے' وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کچھ کلمات تعلیم دیئے تھے' جنہیں میں وتر میں پڑھا کروں' اور ایک روایت کے مطابق یہ الفاظ ہیں: جنہیں میں وتر کی دعائے قنوت میں پڑھوں (وہ یہ ہیں:)

''اے اللہ! ان لوگوں میں مجھے بھی ہدایت دے جنہیں تو نے ہدایت دی ہے اور اُن میں مجھے بھی عافیت نصیب کر' جن کو تو نے عافیت نصیب کی ہے اور اُن میں تو میرا بھی والی بن جا جن کا تو والی بنا ہے اور تو جو مجھے عطاء کرتا ہے' اُس میں میرے لیے برکت رکھ دے اور جو تو نے فیصلہ کیا ہے' مجھے اُس کے شر سے بچالے' بے شک تو ہی فیصلہ کر سکتا ہے' تیرے خلاف فیصلہ نہیں کیا جا سکتا اور جس کا تو حامی و ناصر ہو' اے پروردگار! وہ ذلیل نہیں ہوگا' اے ہمارے پروردگار! تو برکت والا ہے اور بلند و برتر ہے''۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن ہے' ہم اسے صرف اسی سند کے حوالے سے جانتے ہیں جسے ابوثور حراء سعدی نے نقل کیا ہے' ان صاحب کا نام ربیعہ بن شیبان ہے اور ہمارے علم کے مطابق دعائے قنوت کے بارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس سے زیادہ کوئی اور روایت منقول نہیں ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو اپنی مسند میں' امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں' امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مستدرک میں نقل کیا ہے اور اس بارے میں خاموشی اختیار کی ہے۔ امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے اپنی سنن میں نقل کیا ہے اور اس میں کچھ الفاظ اضافی نقل کیے ہیں۔

اسی طرح امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی کچھ لفظ اضافی نقل کیے ہیں۔

ایک اور روایت میں بھی الفاظ کا اختلاف ہے اور اُس میں بھی اضافی الفاظ منقول ہیں۔

اس حدیث کی بنیاد پر ہمارے اصحاب نے یہ دلیل دی ہے' وتر میں دعائے قنوت پڑھنے والے کے لیے یہ مستحب ہے' وہ اس دعا کو دعائے قنوت میں پڑھے۔

---

1 تلخیص البنایہ شرح الہدایہ از حافظ بدرالدین محمود العینی

Marfat.com

1614- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ يُوسُفَ الْمَرْوَرُّوذِىُّ قَالَ وَجَدْتُ فِى كِتَابِ جَدِّى وَحَدَّثَنِى بِهِ اَبِى عَنْ جَدِّى حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ قَالَ حَدَّثَنِى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَرَّرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اُمِرْتُ بِالْوِتْرِ وَالاَضْحٰى وَلَمْ يُعْزَمْ عَلَىَّ.

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
مجھے وتر کی نماز ادا کرنے اور قربانی کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور مجھے اس کا پابند نہیں کیا گیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسن بن سعید بن حسن بن یوسف بن عبدالرحمٰن، ابوقاسم وراق مروزی اصل۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔خطیب۔ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۷/۳۲۶)۔

○ حسن بن یوسف بن عبدالرحمٰن ابوعلی معروف باخی برش۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۷/۴۵۵)۔

○ سعید بن حسن بن یوسف بن عبدالرحمٰن، ابواسحاق وراق۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۹/۹۶)۔

1615- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِىُّ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الاَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ اَبِى بَكْرِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ كُنْتُ اَسِيرُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ بِطَرِيقِ مَكَّةَ- قَالَ سَعِيدٌ- فَلَمَّا خَشِيتُ الصُّبْحَ نَزَلْتُ فَاَوْتَرْتُ ثُمَّ اَدْرَكْتُهُ فَقَالَ لِى ابْنُ عُمَرَ اَيْنَ كُنْتَ قُلْتُ لَهُ خَشِيتُ الْفَجْرَ فَنَزَلْتُ فَاَوْتَرْتُ .فَقَالَ اَوَلَيْسَ لَكَ فِى رَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اُسْوَةٌ

۱۶۱۴ اخرجه ابن شاهين في الناسخ و المنسوخ رقم (۱۹۸) و من طريقه ابن الجوزي في العلل المتناهية (۷۷۱) من طريق مروان بن معاوية عن عبد الله بن محرر-وقال الزيلعي في نصب الراية (۱/۱۱۵): و فيه عبد الله بن محرر و هو ساقط- قال ابن حبان: كان يكذب ا- اه- قال الحافظ في التلخيص (۲/۲۹): (من رواية عبد الله بن محرر و هو ضعيف جدا)- اه- قلت: و ابن محرر: قال فيه ابن حبان في المجروحين (۲/۲۲ ۲۳): (يروي عن قتادة الزهري - روى عنه عبد الرزاق و العراقيون - و كان من خيار عباد الله- ممن يكذب ولا يعلم و يقلب الاخبار و لا يفهم)- ثم ساق باسناده الى ابن المبارك قال: (لو خيرت بين ان ادخل الجنة و بين ان القى عبد الله بن محرر لاخترت ان القاه ثم ادخل الجنة- فلما رايته كانت بعرة احب الي منه)- و ساق الى ابن معين قال: (عبد الله بن محرر ليس بثقة)- اه-و راجع ترجمته في (الميزان) للذهبي (۲/۵۰۰)- و الحديث اخرجه عبد الرزاق (۴۵۷۲) عن عبد الله بن محرر به-

۱۶۱۵ - اخرجه مالك (۱/۱۳۰) في صلاة الليل باب الامر بالوتر- و من طريق مالك اخرجه البخاري (۹۹۹) في الوتر باب الوتر على الدابة و مسلم (۷۰۰) في صلاة المسافرين باب جواز صلاة النافلة على الدابة في السفر حيث توجهت و الترمذي (۴۷۲) في الصلاة باب ما جاء في الوتر على الراحلة و ابو داود (۱۲۲۶) في الصلاة باب التطوع على الراحلة و الوتر و النسائي (۳/۲۳۲) في قيام الليل باب الوتر على الراحلة و ابن ماجه (۱۲۰۰) في اقامة الصلاة باب ما جاء في الوتر على الراحلة و احمد (۲/۵۷) والدارمي (۱/۳۷۳) و الطحاوي في المعاني (۱/۴۲۹) و ابو عوانة (۲/۳۴۲ ۳۴۳) و البيهقي في الكبرى (۲/۵) و ابن خزيمة (۱۲۶۸) و ابن حبان (۲۴۱۳) و عبد الرزاق (۴۵۱۹) و الشافعي في السنن (۷۹) قال ابن عبد البر في (الاستذكار) (۵/۲۷۲): (فيه اوضح الدلائل على ان الوتر ليس بواجب فرضا ولا يشبه المكتوبات: لان الاجماع منعقد انه لا يجوز لاحد ان يصلي على الدواب شيئا من فرائض الصلوات الا في شدة الخوف خاصة- و في غلبة المطر عليه اذا كان الماء فوقه و تحته فانهم اختلفوا في ذلك- وقد ثبت عن النبي صلى الله عليه وسلم انه كان يتنفل على البعير و يوتر عليه- فبان بذلك خروج الوتر عن طريق الوجوب)- اه- وراجع بقية كلام ابن عبد البر في (الاستذكار)-

Marfat.com

حَسَنَةٌ قُلْتُ بَلٰی .قَالَ فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يُوْتِرُ عَلَى الْبَعِيْرِ.

☆☆ سعید بن یسار بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ہمراہ مکہ کے راستے میں سفر کر رہا تھا۔ سعید بیان کرتے ہیں: جب مجھے یہ اندیشہ ہوا' صبح صادق ہونے والی ہے تو میں سواری سے اُترا اور وتر کی نماز ادا کر لی' پھر میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے آ کر ملا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے مجھ سے دریافت کی: تم کہاں رہ گئے تھے؟ میں نے عرض کی: مجھے صبح صادق ہونے کا اندیشہ تھا' اس لیے میں نے سواری سے اتر کر وتر کی نماز ادا کی تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے دریافت کیا: کیا تمہارے لیے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرنا کافی نہیں ہے تو میں نے جواب دیا: بالکل ہے' تو انہوں نے فرمایا: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اونٹ پر ہی وتر ادا کر لیتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوبکر بن عمر بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عمر قرشی عدوی، مدنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ ساتویں طبقے کے اکابر اہلِ علم میں سے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۳۹۹/۱)۔

1616 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَمُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَنَّهُ كَانَ يُوْتِرُ عَلَى رَاحِلَتِهِ وَيُصَلِّي التَّطَوُّعَ عَلَيْهَا حَيْثُمَا تَوَجَّهَتْ بِهِ يُوْمِئُ بِرَأْسِهِ إِيْمَاءً.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری کے اوپر ہی نوافل ادا کر لیتے تھے خواہ اس کا رخ کسی بھی سمت میں ہو' آپ صلی اللہ علیہ وسلم سر کے ذریعے اشارہ کر کے (رکوع اور سجدہ) کیا کرتے تھے۔

۱۶۱۶ اخرجه البخاري (۱۰۰۰) في الوتر' باب الوتر في السفر' و (۱۰۹۵) في تقصير الصلاة' و النسائي (۲۳۲/۳) في قيام الليل' باب الوتر على الراحلة' و ابن ابي شيبة (۳۰۳/۲)' و احمد (۱۳/۲)' والبيهقي (۶/۲)' و الطحاوي في شرح المعاني (۴۲۹/۱) من طرق عن نافع' به- وقد روي من طرق عن ابن عمر غير ما مضى' فاخرجه عبد الله بن دينار عن ابن عمر' به- اخرجه البخاري (۱۰۹۶) في تقصير الصلاة' باب الايماء على الدابة' و مسلم (۷۰۰) في صلاة المسافرين' باب جواز صلاة النافلة على الدابة في السفر حيث توجهت' و النسائي (۲۴۴/۱) في الصلاة' باب الحال التي يجوز فيها استقبال غير القبلة' و في القبلة (۶۱/۲)' باب الحال التي يجوز عليها استقبال غير القبلة' و مالك في الموطا (۱۵۱/۱)' و عنه الشافعي في المسند (۸۰)' و احمد (۶۶/۲)' و اخرجه ايضاً: ابو عوانة (۳۴۳/۲)' و ابن حبان (۲۵۱۷)' و البيهقي (۴/۲) من طرق عن ابن دينار' به- و اخرجه سالم عن ابيه' به- علقه البخاري في صحيح (۱۰۹۸)' ووصله الاسماعيلي في (المستخرج) كما في (التغليق) لابن حجر (۴۳۳/۲)-ووصله ايضاً مسلم في المسافرين (۷۰۰)' باب جواز صلاة النافلة على الدابة... و النسائي (۲۴۳/۱ - ۲۴۴) في الصلاة' و ابو داود في الصلاة (۱۲۲۴)' باب التطوع على الراحلة و الوتر' و ابن خزيمة (۱۰۹۰)' و البيهقي (۶/۲ - ۷)' و ابو عوانة (۳۴۲/۲)' و ابن الجارود في (المنتقى) (۲۷۰)' و احمد (۱۳۷/۲' ۱۳۸)' و ابن حبان (۲۴۲۱) من رواية سالم بن عبد الله بن عمر عن ابيه' به- و له شاهد من حديث جابر بمعناه' اخرجه مسلم (۵۴۰) في المساجد' باب تحريم الكلام في الصلاة' و النسائي (۶/۳) في السهو' باب رد السلام بالاشارة في الصلاة' و ابن ماجه (۱۰۱۸) في اقامة الصلاة' باب المصلي يسلم عليه كيف يرد' من رواية الليث بن سعد: حدثنا ابو الزبير عن جابر مرفوعاً نحوه- و اخرجه النسائي (۶/۳) من رواية عمرو بن الحارث عن ابي الزبير عن جابر' نحوه- و اخرجه البخاري (۴۱۴۰) في المغازي' باب غزوة انمار من رواية عثمان بن عبد الله بن سراقة عن جابر' نحوه- و اخرجه محمد بن عبد الرحمن بن ثوبان عن جابر ايضاً- اخرجه البخاري في الصلاة (۴۰۰) و في تقصير الصلاة (۱۰۹۴)' (۱۰۹۹)' و عبد الرزاق (۴۵۱۰)' (۴۵۱۶)-

Marfat.com

1617- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ كَانَ يُصَلِّي عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَيُوْتِرُ عَلَيْهَا وَيَذْكُرُ ذٰلِكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے کہ وہ اپنی سواری کے اوپر ہی وتر نماز ادا کر لیتے تھے اورانہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں اس بات کا تذکرہ کیا ہے۔(یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسا ہی کرلیا کرتے تھے)

1618- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّي عَلٰى رَاحِلَتِهٖ تَطَوُّعًا فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يُّوْتِرَ نَزَلَ فَاَوْتَرَ عَلَى الْاَرْضِ قَالَ وَقَالَ نَافِعٌ كَانَ ابْنُ عُمَرَ رُبَّمَا اَوْتَرَ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَرُبَّمَا نَزَلَ.

☆☆ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنی سواری کے اوپر ہی نفل نماز ادا کر لیتے تھے' جب انہوں نے وتر ادا کرنے ہوتے تھے تو سواری سے اتر کر وتر ادا کرکیا کرتے تھے۔

نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بعض اوقات اپنی سواری کے اوپر ہی وتر ادا کر لیتے تھے اور بعض اوقات (نیچے اتر کر پھر وتر ادا کرتے تھے)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عوف بن سفیان طائی، ابوجعفر حمصی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ انہیں (احادیث مبارکہ کا) حافظ قرار دیا گیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 273 یا 272ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۱۹۷)۔

2-باب مَنْ نَامَ عَنْ وِتْرِهٖ اَوْ نَسِيَهٗ .

باب 2: جو شخص وتر پڑھے بغیر سو جائے یا وتر پڑھنا بھول جائے

1619- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفِ بْنِ سُفْيَانَ الطَّائِيُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ كَثِيْرِ بْنِ دِيْنَارٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ نَامَ عَنْ وِتْرِهٖ اَوْ نَسِيَهٗ فَلْيُصَلِّهٖ اِذَا اَصْبَحَ اَوْ ذَكَرَهٗ.

١٦١٨ اخرجه عبد الرزاق (٤٥٤١) عن معمر عن ايوب عن سعيد بن جبير عن ابن عمر به- و لهذا مخالف لكل الروايات السابقة عن ابن عمر- و نافع مقدم في ابن عمر على سعيد بن جبير- و قد ذكر نافع وغيره ان ابن عمر كان يصلي الوتر على راحلته و يذكر ان النبي صلى الله عليه وسلم فعل ذلك- و لهذا اولى من قول ايوب عن سعيد بن جبير عن ابن عمر-

١٦١٩ اخرجه ابو داود (١٤٣١) في الصلاة: باب في الدعاء بعد الوتر- و الترمذي (٤٦٥) في الصلاة: باب ما جاء في الرجل ينام عن الوتر او ينساه- و ابن ماجه (١١٨٨) في الصلاة: باب من نام عن وتر او نسيه- و الحاكم (٣٠٢/١) و البيهقي في الكبرى (٤٨٠/٢) و السنن الصغير (٧٥٨) و احمد (٣١/٣)- و قال الحاكم: (صحيح على شرط الشيخين) و صححه العراقي ايضا-

Marfat.com

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص وتر ادا کیے بغیر سو جائے یا وتر ادا کرنا بھول جائے تو وہ اسے صبح کے وقت ادا کرے یا اس وقت ادا کر لے جب اسے یاد آ جائے۔

1620- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ السَّمَرْقَنْدِىُّ نَبِيرَةُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْجَعْفَرِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلِمَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِى سَعِيْدٍ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قِيلَ لَهُ اِنَّ اَحَدَنَا يُصْبِحُ وَلَمْ يُوْتِرْ .قَالَ فَلْيُوْتِرْ اِذَا اَصْبَحَ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا: ہم میں سے کوئی ایک شخص صبح کر لیتا ہے اور اس نے ابھی وتر ادا نہیں کیے ہوتے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ صبح کے وقت ہی وتر ادا کر لے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن ابراہیم سمرقندی کسائی، ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: لسان المیزان (۳۴/۵)، کشف حثیث (۶۰۵)۔

○ محمد بن اسماعیل جعفری۔ امام ابوحاتم فرماتے ہیں: منکر حدیث۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۶/ ۶۸)۔

1621- حَدَّثَنَا الْقَاضِى الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عِصَامٍ رَوَّادٌ حَدَّثَنَا نَهْشَلٌ عَنِ الضَّحَّاكِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ فَاتَهُ الْوِتْرُ مِنَ اللَّيْلِ فَلْيَقْضِهِ مِنَ الْغَدِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ''جو شخص رات کے وقت وتر ادا نہ کر پائے' وہ اگلے دن ان کی قضاء ادا کر لے''۔

۱۶۲۰ اخرجه الطبراني في الاوسط (۸۸۴۲) من رواية عبدالرحمن بن زيد بن اسلم عن ابيه عن عطاء بن يسار عن ابي سعيد الخدري: ان رسول الله صلى الله عليه وسلم سئل: فقيل له: ان احدنا يصبح و لم يوتر: يغلبه النوم! قال: (فليوتر اذا اصبح)- اه -وقال الطبراني: (لم يرو هذا الحديث موصولا عن زيد بن اسلم' الا ابنه عبد الرحمن- و اخرجه جماعة مقطوعاً عن عطاء بن يسار)- اه -قلت: الذي في مصنف عبد الرزاق (۴۵۹۲)' و كذلك (الاستذكار) لابن عبد البر (۲۸۷/۵)(۶۸۲۹) قول عطاء بن ابي رباح: و سئل عن رجل لم يوتر حتى فجر الفجر! فقال: (قد فاته الوتر فلا يوتر)- اه - اخرجه عبد الرزاق عن ابن جريج عن عطاء' و حكاه ابن عبد البر عن عطاء' بعمود بلا اسناد في اثناء سرده لمذاهب الناس في الباب-

۱۶۲۱ رواد ضعيف' و نهشل كذبه ابن راهويه' و تركه غيره- وروى البيهقي نحو هذا المعنى عن ابن عمر من قوله موقوفاً عليه- راجع السنن الكبرى (۴۸۰/۲)' والمعرفة (۵۲۹۷)' و راجع لهذا الحديث ايضا : (الكامل) لابن عدي (۱۰۳۹/۲)(۲۵۲۱/۷)-

Marfat.com

3-بَابُ الْوِتْرُ بِخَمْسٍ اَوْ بِثَلَاثٍ اَوْ بِوَاحِدَةٍ اَوْ بِاَكْثَرَ مِنْ خَمْسٍ.

باب3: وتر پانچ ہوتے ہیں' وتر تین ہوتے ہیں' وتر ایک ہوتا ہے یا وتر پانچ سے زیادہ ہوتے ہیں

1622- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْاَزْرَقُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ اَبِي اَيُّوبَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ الْوِتْرُ حَقٌّ وَّاجِبٌ فَمَنْ شَاءَ اَنْ يُوتِرَ بِثَلَاثٍ فَلْيُوتِرْ وَمَنْ شَاءَ اَنْ يُوتِرَ بِوَاحِدَةٍ فَلْيُوتِرْ بِوَاحِدَةٍ . قَوْلُهُ وَاجِبٌ لَيْسَ بِمَحْفُوظٍ لَا اَعْلَمُ تَابَعَ ابْنَ حَسَّانَ عَلَيْهِ اَحَدٌ.

☆☆ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

وتر حق ہے اور واجب ہے' جو شخص تین وتر ادا کرنا چاہے' وہ تین ادا کرلے جو شخص ایک ادا کرنا چاہے تو وہ ایک رکعت وتر ادا کرلے۔

امام دارقطنی بیان کرتے ہیں: اس روایت کا لفظ ''واجب'' محفوظ نہیں ہے اور مجھے ایسے کسی شخص کا علم نہیں ہے' جس نے اس حوالے سے ابن حسان نامی راوی کی متابعت کی ہو۔

•••——•••——•••

وتر کی رکعات کی تعداد کی وضاحت

وتر کی رکعات کی تعداد کی تحقیق کرتے ہوئے امام ابوجعفر طحاوی نے سب سے پہلے ایک روایت نقل کی ہے

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: وتر رات (کے نوافل کے آخر میں) ایک رکعت ہے۔

اس کے بعد امام طحاوی نے اس روایت کی مختلف اسناد نقل کی ہیں پھر امام طحاوی تحریر کرتے ہیں: بعض حضرات نے اس روایت کو اختیار کیا ہے' انہوں نے اس کی پیروی کی ہے اور اس کو اصل قرار دیا ہے۔

جبکہ بعض دیگر افراد نے ان کے برخلاف رائے نقل کی ہے یہ دو حصوں میں تقسیم ہوتے ہیں۔

۱۶۲۲- كذا اخرجه الدارقطني من رواية محمد بن حسان عن سفيان عن الزهري مرفوعاً و اعله بابن حسان و به اعله ابن الجوزي ايضا كما في (تلخيص الحبير) لابن حجر (۲/ ۱۴)- لكنه يعني: ابن الجوزي ضعفه فتعقبه ابن حجر فذكر انه ثقة- وعلى كل حال: فقد ورد الحديث عن سفيان عن الزهري به موقوفاً على ابي ايوب: اخرجه النسائي (۳/ ۲۳۹) و الطحاوي في المعاني (۱/ ۲۹۱)- و تابعه على وقفه معمر: عند عبد الرزاق (۴۶۳۳)- و ابن اسحاق عند الحاكم (۱/ ۳۰۳)- و اخرجه جماعة عن الزهري باسناده عن ابي ايوب مرفوعاً- به- فاخرجه ابو الربيع الزهراني: نا محمد بن حازم ابو معاوية: نا اشعث ابن سوار عن الزهري عن عطاء بن يزيد الليثي عن ابي ايوب رفعه- اخرجه الطبراني في (الاوسط) (۱۹۴۴) و (الكبير) (۴/ ۱۴۷) (۳۹۶۴)- و قال في (الاوسط): لم يرو هذا الحديث عن اشعث الا ابو معاوية)- اه- و اخرجه بكر بن وائل عن الزهري باسناده مرفوعاً- اخرجه ابو داود (۱۴۲۲) في الصلاة: باب كم الوتر؟ و البيهقي في المعرفة) (۵۴۷۶)- و قال البيهقي في (المعرفة): (و هذا حديث قد رفعه بكر بن وائل و تابعه على رفعه: الاوزاعي و هو امام- و سفيان بن حسين و محمد بن ابي حفصة- و كذلك اخرجه و هب بن خالد عن معمر عن الزهري- و اخرجه جماعة عن الزهري فوقفوه على ابي ايوب: فيحتمل ان يكون يرويه مرة فتياه مرة و من روايته اخرى- اه- و اخرجه الاوزاعي عن الزهري مرفوعاً و اختلف عليه فيه- كما سياتي في الذي بعده-

Marfat.com

بعض نے یہ کہا ہے' وتر کے تین رکعات ہوتی ہیں اور ان میں صرف آخر میں سلام پھیرا جائے گا' جبکہ بعض نے یہ کہا ہے: وتر کی تین رکعت ہوتی ہیں' لیکن دو رکعات پڑھنے کے بعد بھی سلام پھیرا جائے گا اور آخر میں بھی سلام پھیرا جائے گا۔

نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان "(نماز کے نوافل) وتر ایک رکعت ہوتی ہے"۔

ہمارے نزدیک یہ اس بات کا احتمال رکھتا ہے جو پہلے مؤقف کے قائلین نے بیان کی ہے اور اس بات کا بھی احتمال رکھتا ہے' یہ رکعت جفت (دو مزید رکعت) کے ساتھ ہو' جو اس سے پہلے ادا کی جا چکی ہوں اور یہ سب مل کر وتر (یعنی طاق) بن جائیں گے تو اس صورت میں وہ ایک رکعت' جفت نماز کو طاق کر دے گی۔

اس بات کو ان حضرات نے بیان کیا جنہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہ روایات نقل کی ہیں۔

جیسا کہ نافع بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی ہے' ایک مرتبہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ سے رات کی نماز کے بارے میں دریافت کیا' تو آپ ﷺ نے فرمایا: دو دو کر کے ادا کی جائیں' جب تمہیں صبح صادق ہونے کا اندیشہ ہو' تو تم ایک رکعت ادا کر لو' یہ تمہاری نماز کو طاق کر دے گی۔

امام طحاوی نے اس روایت کی مختلف اسناد نقل کی ہیں۔

سالم بن عبداللہ' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: وہ اپنی جفت اور وتر نماز کے درمیان ایک مرتبہ سلام پھیر کر فصل کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات نقل کی ہے: نبی اکرم ﷺ بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے۔

تو انہوں نے یہ بات بتائی کہ پہلے وہ جفت اور پھر طاق نماز ادا کیا کرتے تھے اور یہ سب مل کر مجموعی طور پر وتر بن جاتے تھے۔

روایت کے یہ الفاظ کہ وہ سلام پھیر کر فصل کرتے تھے' اس میں اس بات کا بھی احتمال موجود ہے' سلام پھیرنے سے مراد تشہد پڑھنا ہو اور اس بات کا بھی احتمال موجود ہے' وہ سلام پھیرنا ہو جس سے نماز ختم ہو جاتی ہے اور اب ہم اس بات کا جائزہ لیں گے۔

نافع نے یہ بات نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما وتر کی نماز میں ایک اور دو وتر میں سلام پھیر دیتے تھے۔ اور اس دوران کسی کام کے لیے بھی کہہ دیتے تھے۔

سالم بن عبداللہ نے یہ بات نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ہمیں دو رکعت پڑھائیں' پھر اس کے بعد انہوں نے ارشاد فرمایا: اے لڑکے! ہمارے لیے سواری تیار کرو' پھر وہ اٹھ کر کھڑے ہوئے اور پھر انہوں نے ایک رکعت ادا کی تو ان تمام روایات میں اس بات کا ذکر ہے' وہ تین رکعت ادا کرتے تھے اور ایک اور دو رکعت کے درمیان فصل کرتے تھے' لہٰذا وتر کی نماز کے بارے میں ان سے متفقہ طور پر یہ بات منقول ہے: وہ تین رکعت ہوتی ہیں۔

اس بارے میں ان کے حوالے سے جو ذاتی رائے منقول ہے' اس بات کی تائید کرتی ہے' ہم اس سے پہلے جو نبی اکرم ﷺ

Marfat.com

کا فرمان ذکر کر چکے ہیں' وتر کی رکعت ایک ہوتی ہے' اس میں اسی تاویل کا احتمال موجود ہے جس کا ہم ذکر کر چکے ہیں۔

جیسا کہ عقبہ بن مسلم نامی راوی بیان کرتے ہیں: مجھ سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے وتر کی نماز کے بارے میں دریافت کیا کہ تم دن کے وتر سے واقف ہو؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں! وہ مغرب کی نماز ہے' تو انہوں نے فرمایا: تم نے سچ کہا ہے' (یا یہ فرمایا: تم نے اچھی بات بیان کی ہے) [1]

1623- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلْوِتْرُ حَقٌّ فَمَنْ شَاءَ فَلْيُوتِرْ بِخَمْسٍ وَّمَنْ شَاءَ فَلْيُوتِرْ بِثَلَاثٍ وَّمَنْ شَاءَ فَلْيُوتِرْ بِوَاحِدَةٍ .

☆☆ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"وتر حق ہے جو شخص چاہے وہ پانچ رکعت ادا کرے' جو شخص چاہے وہ تین وتر ادا کر لے اور جو شخص چاہے وہ ایک رکعت وتر ادا کر لے"۔

1624- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى وَحَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُبَيْسٍ الْحَدَّادُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ الْهَيْثَمِ قَالَا اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ الطَّبَّاعِ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ الْحِمْيَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ اَبِي اَيُّوبَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلْوِتْرُ خَمْسٌ اَوْ ثَلَاثٌ اَوْ وَاحِدَةٌ .

☆☆ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

وتر پانچ ہوتے ہیں' تین ہوتے ہیں یا ایک ہوتے ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عیسیٰ بن نجیح، ابوجعفر بن طباع بغدادی، نزیل اذنہ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 224ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو:

[1] شرح معانی الآثار از امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ طحاوی' مطبوعہ دار الکتب العلمیہ' بیروت' کتاب الصلوٰۃ' باب الوتر 277/1

١٦٢٣- اخرجه النسائي (٣/ ٢٣٨) في قيام الليل: باب ذكر الاختلاف على الزهري في حديث ابي ايوب في الوتر و ابن ماجه (١١٩٠) في اقامة الصلاة: باب ما جاء في الوتر بثلاث و خمس و سبع و تسع و الدارمي (١/ ٣٧١) و الطحاوي (١/ ٢٩١) و الحاكم (١/ ٣٠٢) و صححه و ابن حبان (٢٤١٠) و الطبراني في (الكبير) (٣٩٦١) من طرق الاوزاعي به- قال ابن ابي حاتم في (العلل) (١/ ١٧١-١٧٢) (٤٩٠): (سالت ابي عن حديث اخرجه الفرياني عن الاوزاعي عن الزهري عن عطاء بن يزيد عن ابي ايوب عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: (الوتر حق فمن شاء اوتر بثلاث و من شاء اوتر بخمس) و اخرجه عمر بن عبد الواحد عن الاوزاعي عن الزهري عن عطاء بن يزيد عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلاً و لم يذكر ابا ايوب- قلت لابي: ايهما اصح: مرسل ام متصل؟ قال: لا هذا و لا هذا- هو من كلام ابي ايوب- قال ابو محمد: اخبرنا العباس بن الوليد بن مزيد عن الاوزاعي فقال: عن ابي ايوب عن النبي صلى الله عليه وسلم - وروى بكر بن وائل و الزبيدي و محمد بن ابي حفص و سفيان بن حسين و وهيب عن معمر فقالوا: كلهم-: عن الزهري عن عطاء بن يزيد بن ابي ايوب عن النبي صلى الله عليه وسلم -واما من وقفه: فابن عيينة و معمر- من رواية عبد الرزاق- و شعيب بن ابي حمزة)- اه- قلت: و اخرجه ابن وهب عن يونس عن ابن شهاب عن عطاء عن ابي ايوب مرفوعاً ايضاً اخرجه ابن حبان (٢٤٠٧) (٢٤١١)-

Marfat.com

''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱۹۸/۲)۔

○ یزید بن یوسف حمیری، ابو یوسف شامی، سکن بغداد، وحدث بھا عن جماعۃ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۲۶۶/۷)۔

1625- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا جَحْدَرُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ أَخْبَرَنِي ضُبَارَةُ بْنُ أَبِي السُّلَيْكِ حَدَّثَنَا دُوَيْدُ بْنُ نَافِعٍ أَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ أَخْبَرَنِي عَطَاءُ بْنُ يَزِيدَ اللَّيْثِيُّ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْوِتْرُ حَقٌّ فَمَنْ شَاءَ أَوْتَرَ بِسَبْعٍ وَمَنْ شَاءَ أَوْتَرَ بِخَمْسٍ وَمَنْ شَاءَ أَوْتَرَ بِثَلَاثٍ وَمَنْ شَاءَ أَوْتَرَ بِوَاحِدَةٍ.

☆☆ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: وتر حق ہے جو شخص چاہے وہ صبح سات رکعت ادا کرے جو چاہے وہ پانچ رکعت ادا کرے، جو شخص چاہے وہ تین وتر ادا کرے اور جو شخص چاہے وہ ایک وتر ادا کرے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ دوید بن نافع، اموی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابو عیسیٰ شامی، نزل مصر، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲۳۶/۱)۔

1626- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى قَالَا أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَوْتِرْ بِخَمْسٍ فَإِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَبِثَلَاثٍ فَإِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَبِوَاحِدَةٍ فَإِنْ شِئْتَ فَأَوْمِ إِيمَاءً.

☆☆ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: تم پانچ رکعت وتر ادا کرو، اگر اس کی استطاعت نہیں رکھتے تو تین ادا کرو اور اس کی بھی استطاعت نہیں رکھتے تو تین ادا کرو، اگر تم چاہو تو اشارے کے ساتھ پڑھ لو۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سفیان بن حسین بن حسن، ابو محمد، او ابو الحسن واسطی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ہارون الرشید کے عہد خلافت میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ

١٦٢٥ اخرجه النسائي (٢٣٩/٢) باب ذكر الاختلاف على الزهري في حديث ابي ايوب في الوتر' عن عمرو بن عثمان؛ حدثنا بقية' حدثني ضبارة بن ابي السليك' ثنا دويد بن نافع' به مرفوعاً-

١٦٢٦ اخرجه احمد (٤١٨/٥) عن يزيد عن سفيان بن حسين' به- ذكره الهيثمي في المجمع (٢٤٤/٢)' و قال: رجاله رجال الصحيح- اه-

Marfat.com

ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۳۱۰/۱)۔

1627- حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا أَبُو سُفْيَانَ الْحِمْيَرِيُّ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا بِنَحْوِهِ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

1628- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي الثَّلْجِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْوَرْدِ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ عَنْ مَعْمَرِ بْنِ رَاشِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الأَنْصَارِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ الْوِتْرُ حَقٌّ فَمَنْ شَاءَ فَلْيُوتِرْ بِخَمْسٍ وَمَنْ شَاءَ فَلْيُوتِرْ بِثَلاَثٍ وَمَنْ شَاءَ أَوْتَرَ بِرَكْعَةٍ وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ إِلاَّ أَنْ يُومِءَ فَلْيُومِءْ . هَكَذَا رَوَاهُ عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ عَنْ مَعْمَرٍ مُسْنَدًا .وَوَقَفَهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ وَوَقَفَهُ أَيْضًا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ وَاخْتُلِفَ عَنْهُ وَمُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ .

☆☆ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: وتر حق ہے جو شخص چاہے وہ پانچ وتر ادا کرے جو شخص چاہے وہ تین رکعت ادا کرے اور جو شخص چاہے وہ ایک رکعت وتر ادا کرے اور جو شخص صرف اشارہ کرنے کی استطاعت رکھتا ہو وہ اشارہ کرے۔

ایک سند کے حوالے سے یہ روایت مستند کے طور پر منقول ہے جبکہ دیگر اسناد کے حوالے سے موقوف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن ورد بن عبد اللہ، ابوزکریا تمیمی مخرمی، وثقہ بغدادی، ان کا انتقال 262ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۲۱۴/۱۴)۔

○ ورد بن عبد اللہ تمیمی، ابومحمد طبری، نزیل بغداد، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۳۳۰/۲)۔

○ عدی بن فضل تیمی، ابوحاتم بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 171ھ میں ہوا۔

1629- حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا ابْنُ إِسْحَاقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا مَوْقُوفًا وَأَسْنَدَهُ بَكْرُ بْنُ وَائِلٍ أَيْضًا عَنِ الزُّهْرِيِّ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

1630- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ نِيخَابَ الطِّيبِيُّ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَهْرَانِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى

۱۶۲۸- كذا اخرجه عدي بن الفضل عنهم معمر مرفوعاً و سبق من رواية عبد الرزاق عن معمر موقوفاً- قال ابن حجر في (التلخيص) (۱۴/۲): (وصحح ابو حاتم و الذهلي و الدارقطني في العلل و البيهقي و غير واحد وقفه و هو الصواب)- اه-

۱۶۲۹- انظر تخريج الحديث الاول في هذا الباب-

Marfat.com

بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ اَخْبَرَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ تَمِيمٍ الْبَصْرِيُّ عَنْ اَبِي غَالِبٍ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ بِكَمْ اُوتِرُ قَالَ بِوَاحِدَةٍ . قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي اُطِيقُ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ . قَالَ فَبِثَلَاثٍ . ثُمَّ قَالَ بِخَمْسٍ ثُمَّ قَالَ بِسَبْعٍ . قَالَ اَبُو اُمَامَةَ فَوَدِدْتُ اَنِّي كُنْتُ قَبِلْتُ رُخْصَةَ رَسُولِ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -.

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں کتنے وتر ادا کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک' میں نے عرض کی: یا نبی اللہ! میں اس سے زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تین' پھر انہوں نے فرمایا: پانچ' پھر فرمایا: سات۔ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' کاش! اس وقت میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عطاء کردہ رخصت کو اختیار کرلیا ہوتا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن اسحاق بن نجاب، ابوحسن طیبی، نزیل بغداد، قال خطیب بغدادی: ولم اسمع فیہ اخیرا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۴/۳۵)۔ وفی (ط): احمد بن اسحاق بن بنجاب، وتصحیح من تبصیر منتبہ (۴/۱۴۲۹)۔

○ ھوابراہیم بن حسین بن علی ہمدانی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''مامون'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: لسان المیزان (۱/۴۸-۴۹)، سیر اعلام نبلاء (۱۳/۱۸۴-۱۹۲)۔ وفی (ط): ابراہیم بن حسن مھرانی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ معتمر بن سلیمان تیمی، ابومحمد بصری، یلقب بالطفیل، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھنے والے اکابرین میں سے ہیں۔ ان کا انتقال 187ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۲۶۳)۔

○ ابوغالب، صاحب ابی امامۃ، بصری، نزل اصبہان، قیل: اسمہ حزور، وقیل: سعید بن حزور، وقیل: نافع، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ روایت کے الفاظ نقل کرتے ہوئے یہ خطا کرجاتے ہیں۔، یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۴۶۰)۔

1631- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيلَ الْاَدَمِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَقْرَاُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ يُوتِرُ بَعْدَهُمَا بِ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) وَ (قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ) وَيَقْرَاُ فِي الْوِتْرِ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) وَ (قُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ) وَ (قُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ).

۱۶۳۰- الحدیث ذکرہ الحافظ فی التلخیص (۲/۲۰) ساکتاً علیہ' و الابی امامۃ حدیث آخر- اخرجہ احمد فی المسند (۵/۲۶۹) و الطبرانی کما فی التلخیص (۲/۲۰) من حدیث ابی غالب عن ابی امامۃ قال: کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بتسع حتی اذا بدن و کثر لحمہ؛ اوتر بسبع' وصلی رکعتین و ھو جالس فقرا ب (اذا زلزلت) و (قل یاایھا الکافرون)۔

Marfat.com

☆☆ سیدہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جن دو رکعت والی بعد کی رکعت کو وتر بناتے تھے ان دو رکعت میں "سورۃ الاعلیٰ" اور سورۃ الکافرون" پڑھتے تھے جب کہ وتر والی رکعت میں سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

سعید بن عفیر: سعید بن کثیر بن عفیر انصاری (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) مصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ حدیث کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲۳۹۵)۔

4- باب لَا تُشَبِّهُوا الْوِتْرَ بِصَلَاةِ الْمَغْرِبِ .

باب 4: وتر کی نماز کو مغرب کی نماز کے مشابہ نہ کرو

1632- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مَوْهِبُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لَا تُوْتِرُوْا بِثَلَاثٍ اَوْتِرُوْا

★★ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک سفر میں شریک تھے' آپ نے فرمایا: سفر پریشانی اور تھکن کا باعث ہوتا ہے تو جب کوئی شخص وتر ادا کر لے تو اس کے بعد دو رکعت ادا کر لے' اگر وہ بیدار ہو گیا' تو ٹھیک ہے ورنہ اس کے لیے یہ دو رکعت کافی ہوں گی۔

9-باب صِفَةِ الْقُنُوْتِ وَبَيَانِ مَوْضِعِهِ .

باب9: دعائے قنوت کا طریقہ اور اس کا مقام

1666- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَنَتَ فِىْ صَلَاةِ الصُّبْحِ وَالْمَغْرِبِ .قَالَ لَنَا اَبُوْ بَكْرٍ لَمْ يَقُلْ فِيْهِ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ اِلَّا بَقِيَّةُ.

★★ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر اور مغرب کی نماز میں دعائے قنوت پڑھی ہے۔

ابوبکر نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: اس روایت کے شعبہ کے حوالے سے ابواسحاق سے منقول ہونے کا تذکرہ' بقیہ نامی راوی نے کیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ کثیر بن عبید بن نمیر مذحجی، ابوحسن حمصی حذاء مقری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۵۶۵۳)۔

1667- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ

۱۶۶۶- هكذا اخرجه بقية بن الوليد عن شعبة معنعناً' و بقية مدلس' و لم يصرح بالتحديث' و قد تفرد بهذه الرواية عن شعبة' و خالفه ابن مهدي' و محمد بن جعفر غندر' و ابن ادريس' و وكيع' و ابو نعيم' و ابو الوليد الطيالسي' فرووه جميعاً عن شعبة عن عمرو بن مرة عن عبد الرحمن بن ابي ليلى عن البراء- و توبع شعبة على رواية الجماعة عنه: تابعه سفيان الثوري؛ مما يوكد خطا بقية في قوله: (عن شعبة عن ابي اسحاق عن البراء)-

۱۶۶۷- اخرجه مسلم في المساجد (۶۷۸) باب استحباب القنوت في جميع الصلاة' و ابو داود في الصلاة (۱۴۴۱) باب القنوت في الصلوات' و الترمذي في الصلاة (۴۰۱) باب ما جاء في القنوت في صلاة الفجر' و الدارمي (۱/۳۷۵)' و احمد (۴/۲۸۰' ۲۸۵' ۳۰۰)' و الطيالسي (۷۳۷)' و ابن ابي شيبة (۲/۳۱۸)' و ابن حبان (۱۹۸۰)' و الطحاوي في المعاني (۱/۲۴۲)' و ابو عوانة (۲/۲۸۷)' و ابن خزيمة (۶۱۶)' و البيهقي في الكبرى (۲/۱۹۸) من وجوه عن شعبة' به- اخرجه عن شعبة هكذا: محمد بن جعفر (غندر)' و ابن مهدي' و وكيع' و ابو نعيم' و ابو الوليد الطيالسي' و ابن ادريس؛ و خالفهم بقية' فاخرجه عن شعبة عن ابي اسحاق عن البراء- و غلط بقية في ذلك؛ كما سبق في الذي قبله- و اخرجه الثوري عن عمرو بن مرة باسناده بمتابعة شعبة: اخرجه مسلم (۶۷۸)' و عبد الرزاق (۴۹۷۵)' و ابن حبان (۱۹۸۰)' و ابو عوانة (۲/۲۸۷) من طرق عن الثوري' به- و للحديث شواهد من حديث جماعة من الصحابة كالتالي: حديث ابي هريرة' نحوه- اخرجه البخاري في الاذان (۷۹۷)' و مسلم في المساجد (۶۷۶)' و ابو داود في الصلاة (۱۴۴۰)' و النسائي في التطبيق (۲/۲۰۲)-

Marfat.com

عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَيْلٰی عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اَنَّ النَّبِیَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَقْنُتُ فِی الصُّبْحِ وَالْمَغْرِبِ.

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح اور مغرب کی نماز میں دعائے قنوت ادا کیا کرتے تھے۔

1668- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ الْهَيْصَمِ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْهَرَوِیُّ اَخْبَرَنِیْ بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ حَدَّثَنِیْ مَنْ صَلّٰی مَعَ النَّبِیِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الصُّبْحَ فَلَمَّا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ قَامَ هُنَيَّةً.

☆☆ محمد بن سیرین بیان کرتے ہیں: مجھے ان صاحب نے یہ حدیث سنائی ہے' جنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نمازِ فجر ادا کی تھی: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری رکعت کے بعد اپنا سر اُٹھایا تو تھوڑی دیر کھڑے رہے (یعنی اس دوران دعائے قنوت پڑھی)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ نعیم بن هیصم، سکن بغداد۔ روی عنہ حاتم بن لیث جوهری و آخرون۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بخاری کبیر (۸/۱۰۰)، وتاریخ بغداد (۱۳/۳۰۵)، ولسان المیزان (۶/۲۲۳)۔

1669- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِیُّ مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰی حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ اَبِی الْجَهْمِ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَا يُصَلِّیْ صَلَاةً مَكْتُوْبَةً اِلَّا قَنَتَ فِيْهَا.

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جو بھی فرض ادا کرتے تھے' اس میں دعائے قنوت پڑھتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن انس، مولی آل عمر، کوفی، سکن دینور، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ مغرب' یہ

۱۶۶۸- اخرجه ابو داود في سننه كتاب الصلاة' الحديث (۱۴۴۶) باب القنوت في الصلاة' و النسائي (۲/۲۰۰) كتاب التطبيق' باب القنوت في صلاة الصبح - كلاهما من طريق بشر بن المفضل' به- و قد تقدم تخريج حديث ابن سيرين عن انس في باب ما يقرا في ركعات الوتر و القنوت فيه-

۱۶۶۹- اخرجه الطبراني في (الاوسط) (۹۴۵۰) من رواية علي بن بحر بن بري' ثنا محمد ابن انس' ثنا مطرف بن طريف عن ابي الجهم عن البراء بن عازب' به- وقال الطبراني: (لم يرو هذا الحديث عن مطرف الا محمد بن انس)- اه- وقال الهيثمي في المجمع (۲/۱۴۱): رجاله موثقون- اه- لكن قال ابن القيم - رحمه الله - في ((زاد المعاد)) (۱/۲۸۰): (وهذا الاسناد و ان كان لا تقوم به حجة' فالحديث صحيح من جهة المعنى؛ لان القنوت هو الدعاء' و معلوم ان رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يصل صلاة مكتوبة الا دعا فيها)- اه-

Marfat.com

راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۵۴۸۷)۔

○ سلیمان بن جہم بن ابی جہم انصاری، حارثی، ابوجہم جوزجانی مولی براء، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔

1670- حَدَّثَنَا الْقَاضِيُّ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُولِ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلَى السُّلَمِيُّ عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقُرَشِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ السَّمَّاكِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ بْنِ صُبَيْحٍ الشَّيْبَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلَى زُنْبُوْرٌ حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقُرَشِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنِ الْقُنُوْتِ فِي الْفَجْرِ .مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلَى وَعَنْبَسَةُ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ كُلُّهُمْ ضُعَفَاءُ وَلَا يَصِحُّ لِنَافِعٍ سَمَاعٌ مِنْ اُمِّ سَلَمَةَ.

★★ عبداللہ بن نافع اپنے والد کے حوالے سے سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز میں دعائے قنوت پڑھنے سے منع کیا ہے۔

اس روایت کے راوی محمد بن یعلیٰ عنبسہ ' عبداللہ بن نافع یہ سب ضعیف ہیں اور اس کے ایک اور راوی نافع کا سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے حدیث کا سماع ثابت نہیں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمر بن حفص بن صبیح شیبانی، بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۴۹۱۱)۔

1671- وَقَالَ هَيَّاجٌ عَنْ عَنْبَسَةَ عَنِ ابْنِ نَافِعٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ اَبِيْ عُبَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِهٰذَا .حَدَّثَنَاهُ النَّقَّاشُ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْهَيَّاجِ عَنْ اَبِيْهِ بِذٰلِكَ .وَصَفِيَّةُ لَمْ تُدْرِكِ النَّبِيَّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ-.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ صفیہ بنت ابوعبید کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے'

۱۶۷۰- اخرجه الطبراني في (الاوسط) (۳۶۳۲): حدثنا ابو مسلم' نا ابراهيم بن بشار الرمادي' نا محمد بن يعلى -زنبور- نا عنبسة بن عبد الرحمن عن عبد الله بن نافع عن ابيه عن ام سلمة: ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن القنوت في صلاة الصبح -و قال الطبراني: (لا يروى هذا الحديث عن ام سلمة الا بهذا الاسناد' تفرد به: محمد بن يعلى)- اه- و اعاده الطبراني في الاوسط ثانية (۵۹۱۶) بلفظ آخر' فقال: حدثنا محمد بن محمد التمار' نا ابراهيم بن بشار الرمادي' باسناده السابق تماماً الا انه قال: (في صلاة العتمة) بدلاً من (صلاة الصبح) و اعاد الطبراني ما سبق له من كلام حول تفرد محمد بن يعلى -زنبور- بهذا الاسناد)- اه-و الحديث اخرجه ابن شاهين في الناسخ و المنسوخ رقم (۲۱۵) و من طريقه ابن الجوزي في العلل (۴۴۱/۱) رقم (۷۵۴)- و اخرجه ايضاً الحازمي في الاعتبار رقم (۱۴۴) كلهم من طريق زنبور' به-وقد ضعفه الدارقطني -رحمه الله- هنا بمحمد بن يعلى و عنبسة و عبد الله بن نافع' قال: ولا يصح لنافع سماع من ام سلمة- قلت: عنبسة رماه ابن معين وغيره بالوضع- و عبد الله بن نافع شديد الضعف- و الظاهر ان هذا التردد بين الصبح و العتمة من هو لاء الهلكى- و قد اورده الدارقطني بعده من رواية هياج عن عنبسة عن ابن نافع عن ابيه عن صفية بنت ابي عبيد عن النبي صلى الله عليه وسلم' و قال: (وصفية لم تدرك النبي صلى الله عليه وسلم)- اه- فهو مرسل' و مع ذلك فلا زالت العلة قائمة في عنبسة و عبد الله بن نافع' و قد خالفا هنا في الاسناد فروياه على وجه آخر غير الذي سبق؛ و هذا يقضي بتخليط الرواة في هذا الاسناد-

Marfat.com

لیکن صفیہ نامی اس خاتون کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ نصیب نہیں ہوا۔

1672- قُرِءَ عَلٰى اَبِى مُحَمَّدٍ يَحْيَى بْنِ صَاعِدٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُورٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِى سَلَمَةَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) رَكَعَ فِى الصَّلَاةِ ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اَنْجِ عَيَّاشَ بْنَ اَبِى رَبِيعَةَ اللّٰهُمَّ اَنْجِ سَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ اللّٰهُمَّ اَنْجِ الْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اللّٰهُمَّ اَنْجِ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْاَتَكَ عَلٰى مُضَرَ اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا عَلَيْهِمْ سِنِيْنَ كَسِنِىْ يُوْسُفَ . ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے دوران رکوع میں گئے' پھر آپ نے سر اُٹھایا اور یہ دعا کی:

اے اللہ! عیاش بن ربیعہ کو نجات عطاء کر! اے اللہ! سلمہ بن ہشام کو نجات عطاء کر! اے اللہ! ولید بن ولید کو نجات عطاء کر! اے اللہ! کمزور مسلمانوں کو نجات عطاء کر! اے اللہ! اپنی سختی مضر (قبیلے کے افراد پر) نازل کر! اے اللہ! ان کے اوپر حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے کی قحط سالی مسلط کر! (اے اللہ!) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں چلے گئے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عمرو بن علقمۃ بن وقاص لیثی مدنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ لہ اوھام، یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۶۲۲۸)۔

1673- وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا ابْنُ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْحَوْضِىُّ وَمُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ قَالَا اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِى كَثِيْرٍ عَنْ اَبِى سَلَمَةَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ لَاُقَرِّبَنَّ لَكُمْ صَلَاةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- .قَالَ فَكَانَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ يَقْنُتُ فِى الرَّكْعَةِ الْاٰخِرَةِ مِنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ وَصَلَاةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ وَصَلَاةِ الصُّبْحِ بَعْدَ مَا يَقُوْلُ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ وَيَدْعُوْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَلْعَنُ الْكُفَّارَ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں تم سب کے مقابلے میں زیادہ بہتر طریقے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے طریقے کے مطابق نماز ادا کرتا ہوں۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ظہر' عشاء کی نماز میں آخری رکعت میں ''سمع اللہ لمن حمدہ'' پڑھنے کے بعد دعائے قنوت پڑھتے تھے اور اہل ایمان کے لیے دعا کرتے تھے اور کفار پر لعنت کیا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ معاذ بن فضالۃ زھرانی او طفاوی ابوزید بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں ۔

۱۶۷۲- اورد الدارقطني هذا حديث ابي هريرة من رواية محمد بن عمرو عن ابي سلمة ثم اورده بعده من رواية ابن ابي كثير عن ابي سلمة وتقدم تخريج ذلك كله-

Marfat.com

دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ وھو من کبار شیوخ بخاری۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۶۷۸۵)۔

1674- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ مَا زَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقْنُتُ فِي الْفَجْرِ حَتّٰى فَارَقَ الدُّنْيَا.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل فجر کی نماز میں دعائے قنوت پڑھتے رہے' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔

1675- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُولٍ حَدَّثَنَا اَبِی حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰی ح وَحَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ السُّلَمِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰی حَدَّثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَنَتَ شَهْرًا يَدْعُو عَلَيْهِمْ ثُمَّ تَرَكَهُ وَاَمَّا فِي الصُّبْحِ فَلَمْ يَزَلْ يَقْنُتُ حَتّٰى فَارَقَ الدُّنْيَا .لَفْظُ النَّيْسَابُورِيِّ.

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ دعائے قنوت پڑھی ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان (کفار) کے لیے دعائے ضرر کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ترک کر دیا' جہاں تک صبح کی نماز کا تعلق ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے رخصت ہونے تک اس میں دعائے قنوت پڑھتے رہے۔

1676- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَّاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسٰی قَالَا حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَنَسٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَقِيلَ لَهُ اِنَّمَا قَنَتَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) شَهْرًا .فَقَالَ مَا زَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقْنُتُ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ حَتّٰى فَارَقَ الدُّنْيَا .

☆☆ ربیع بن انس بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' ان سے یہ کہا گیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینے تک دعائے قنوت پڑھی ہے' تو انہوں نے بتایا: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی

۱۶۷۴- اخرجه احمد (۱۶۲/۳) و ابن ابي شيبة (۳۱۲/۲) و عبد الرزاق (۱۱۰/۳) (۴۹۶۴) و الطحاوي في المعاني (۲۴۴/۱) و البيهقي في الكبرى (۲۰۱/۲) و البغوي (۱۲۳/۳-۱۲۴) و الحازمي في (الاعتبار) (۸۸) و ابن الجوزي في العلل المتناهية (۴۴۱/۱) من رواية ابي جعفر الرازي به-قال البغوي: (قال الحاكم: اسناد هذا الحديث حسن)- اه- وقال البيهقي: (قال ابو عبد الله- يعني: الحاكم-: هذا حديث صحيح سنده ثقة رواته- و الربيع بن انس تابعي معروف من اهل البصرة سمع انس بن مالك روى عنه سليمان التيمي و عبد الله بن المبارك و غيرهما- و قال ابو محمد بن ابي حاتم: سالت ابي و ابا زرعة عن الربيع بن انس؟ فقالا: (صدوق ثقة)- اه-وقال الحازمي: (هذا اسناده متصل و رواته ثقات)- اه-وقال النووي في (المجموع) (۵۰۴/۳): (حديث صحيح اخرجه جماعة من الحفاظ و صححوه و ممن نص على صحته: ابو عبد الله محمد بن علي البلخي و الحاكم ابو عبد الله في مواضع من كتبه و البيهقي)- اه-قلت: الربيع بن انس صدوق لكن قال ابن حبان: (الناس يتقون من حديثه ما كان من رواية ابي جعفر عنه: لان في احاديثه عنه اضطرابا كثيرًا)- اه- وهذا منها-و ابو جعفر الرازي لخص ابن القيم امره بانه: (صاحب مناكير: لا يحتج بما تفرد به احد من اهل الحديث البتة): كما في (زاد المعاد) (۲۷۶/۱)- و قد اطال ابن القيم في الجواب عن معنى هذا الحديث: فراجع كلامه بطوله في (زاد المعاد) (۲۷۵/۱-۲۸۵)-

Marfat.com

نماز میں مسلسل دعائے قنوت پڑھتے رہے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔

1677- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا عَمْرٌو عَنِ الْحَسَنِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَلَمْ يَزَلْ يَقْنُتُ بَعْدَ الرُّكُوعِ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ حَتَّى فَارَقْتُهُ- قَالَ- وَصَلَّيْتُ خَلْفَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَلَمْ يَزَلْ يَقْنُتُ بَعْدَ الرُّكُوعِ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ حَتَّى فَارَقْتُهُ.

★★ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز میں رکوع کے بعد مسلسل دعائے قنوت پڑھتے رہے' یہاں تک کہ میں آپ سے جدا ہو گیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں بھی نماز ادا کی ہے' وہ بھی صبح کی نماز میں رکوع کے بعد دعائے قنوت پڑھا کرتے تھے یہاں تک کہ میں ان سے جدا ہو گیا (یعنی وہ دنیا سے رخصت ہو گئے)۔

1678- حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْهَيْثَمِ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا قُرَيْشُ بْنُ أَنَسٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَنَتَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَعُمَرَ حَتَّى فَارَقْتُهُمَا.

★★ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں دعائے قنوت پڑھی ہے' یہاں تک کہ میں ان دونوں حضرات سے جدا ہو گیا (یعنی وہ دنیا سے رخصت ہو گئے)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ قریش بن انس انصاری، (اور ایک قول کے مطابق): اموی، ابوانس بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ تغیر بآخرہ قدر ست سنین، یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (۵۵۷۸)۔

1679- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا قُرَيْشُ بْنُ أَنَسٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ الْمَكِّيُّ وَعَمْرُو بْنُ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَنَتَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَأَحْسَبُهُ وَرَابِعٌ حَتَّى فَارَقْتُهُمْ.

۱۶۷۷- ذکرہ الدارقطنی ھنا' و فی الذی بعدہ من روایة عمرو بن عبید- وحدہ- عن الحسن' بہ- و اعادہ بعد ذلك من روایة اسماعیل بن مسلم المکی و عمرو بن عبید' کلاھما عن الحسن' بہ- و تابعہ البیھقی فی الکبری (۲۰۲/۲) فی ھذا الوجہ الاخیر' وقال: (انا لا نحتج باسماعیل المکی' ولا بعمرو بن عبید)- اہ- قلت: صحح ابو حاتم و- کذلك احمد- سماع الحسن من انس' کما فی (المراسیل) لابن ابی حاتم (۴۵' ۴۶) لکن الشان فی اسماعیل و عمرو: فالاول منھما ترکہ النسائی' و قال ابن معین: (لیس بشیء)- وقال ابن المدینی: (لا یکتب حدیثہ)- و الثانی منھما ترکہ النسائی ایضاً' و قال حمید: (کان یکذب علی الحسن)- و قال ابن معین: (لا یکتب حدیثہ)- و قال ابن حجر فی (التلخیص) (۲۴۵/۱): (عمرو بن عبید: راس القدریة' و لا یقوم بحدیثہ حجة)- اہ-

Marfat.com

★★ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم (راوی کہتے ہیں' میرا خیال ہے' انہوں نے چوتھے خلیفہ کا بھی ذکر کیا تھا) نے دعائے قنوت پڑھی ہے' یہاں تک کہ میں ان حضرات سے جدا ہو گیا۔

1680- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا عَبَادُ بْنُ الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا قُرَيْشُ بْنُ اَنَسٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ الْمَكِّيُّ وَعَمْرٌو عَنِ الْحَسَنِ قَالَ قَالَ لِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَنَتُّ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَمَعَ عُمَرَ حَتّٰى فَارَقْتُهُمَا.

★★ حسن بصری بیان کرتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں دعائے قنوت پڑھی ہے یہاں تک کہ میں ان دونوں حضرات سے جدا ہو گیا۔

1681- حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ اَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفُضَيْلِ الرَّسْعَنِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ شَمِرٍ عَنْ جَابِرٍ عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ عَنْ عَلِيٍّ وَعَمَّارٍ اَنَّهُمَا صَلَّيَا خَلْفَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَنَتَ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ .

★★ ابوطفیل' حضرت علی اور حضرت عمار رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات بیان کرتے ہیں: ان دونوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی اور صبح کی نماز میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعائے قنوت پڑھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن صلت بن حجاج اسدی، ابوجعفر کوفی اصم، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲۰۰۸)۔

1682- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ عَنِ الْحَسَنِ فِيمَنْ نَسِيَ الْقُنُوتَ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ قَالَ عَلَيْهِ سَجْدَتَا السَّهْوِ.

★★ حضرت حسن بصری فرماتے ہیں' جو شخص صبح کی نماز میں دعائے قنوت پڑھنا بھول جائے' اس پر سجدۂ سہو کرنا لازم ہوگا۔

1683- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ مَزْيَدٍ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ فِيمَنْ نَسِيَ الْقُنُوتَ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ قَالَ يَسْجُدُ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ.

★★ سعید بن عبدالعزیز اس شخص کے بارے میں یہ فرماتے ہیں' جو شخص صبح کی نماز میں دعائے قنوت پڑھنا بھول

۱۶۸۲- في اسنادهه ابراهيم بن مرزوق' و هو ابن دينار الاموي' ابو اسحاق البصري- قال الدارقطني: ثقة الا انه كان يخطئ. فيقال له: فلا يرجع- و عمران القطان: هو عمران بن داود العمي' ابو العوام القطان البصري' لم يرو عنه يحيى القطان' و ضعفه النسائي وغيره- وقال الدارقطني: كان كثير المخالفة و الوهم- وقال البخاري: صدوق يهم- ووثقه العجلي' و قال احمد: ارجو ان يكون صالح الحديث- وقال ابن معين ليس بشيء- و في رواية عنه: ليس بالقوي- و قد روى ابن ابي شيبة في المصنف (۲/ ۲۱۸) من طريق يونس عن الحسن' قال: اذا نسي القنوت في الفجر' فعليه سجدتا السهو- و ذكره ابن المنذر في الاوسط (۵/ ۲۱۸) هكذا عن الحسن-

Marfat.com

جائے اس پر سجدۂ سہو کرنا لازم ہوگا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عباس بن ولید بن مزید، عذری بیروتی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی

1684 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفَّى حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ اَبِىْ حَكِيْمٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يُصَلِّى بَعْدَ الْوِتْرِ رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ يَقْرَاُ فِى الرَّكْعَةِ الْاُولٰى بِاُمِّ الْقُرْآنِ وَ (اِذَا زُلْزِلَتْ) وَفِى الْاُخْرٰى بِاُمِّ الْقُرْآنِ وَ (قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ) .قَالَ لَنَا اَبُوْ بَكْرٍ هٰذِهِ سُنَّةٌ تَفَرَّدَ بِهَا اَهْلُ الْبَصْرَةِ وَحَفِظَهَا اَهْلُ الشَّامِ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کے بعد دو رکعت ادا کرتے تھے' یہ رکعت آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ کر ادا کرتے تھے' اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ' سورۃ الزلزال' جبکہ دوسری رکعت میں سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الکافرون پڑھا کرتے تھے۔

ابوبکر نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: یہ وہ طریقہ ہے' جسے نقل کرنے میں اہل بصرہ منفرد ہیں اور اہل شام نے اسے محفوظ رکھا ہے۔

1685 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْاَزْهَرِ بْنِ شَخَايَا السُّلَمِىُّ حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ مُصَبَّحِ بْنِ هِلْقَامٍ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا قَيْسٌ عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا زَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقْنُتُ حَتّٰى فَارَقَ الدُّنْيَا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دعائے قنوت پڑھتے رہے یہاں تک کہ دنیا سے رخصت ہوگئے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ مصبح بن ھلقام۔ عن قیس بن ربیع۔ وعنہ ولدہ محمد بزار۔ قال ذھبی فی میزان (۶/۴۳۳): لا اعرفھما۔ وان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: لسان المیزان (۶/۵۳)۔

1686 - خَالَفَهٗ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِىْ حَرَّةَ عَنْ سَعِيْدٍ .حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ

۱۶۸۴- اخرجه البيهقي في سننه (۲/۳۳) كتاب الصلاة، باب في الركعتين بعد الوتر، من طريق يزيد بن عبد ربه، ثنا بقية بن الوليد عن عتبة، به- و في اسناده بقية بن الوليد، كان يدلس تدليس التسوية، و هو شر انواع التدليس، و قد تقدم ذلك كثيرا- و عتبة بن ابي حكيم صدوق، يخطئ كثيرا: كما قال الحافظ في التقريب (۲/۴)-

۱۶۸۵- اسناده ضعيف محمد بن هلقام و ابو ضعيفان-

۱۶۸۶- في اسناده عبد الله بن ميسرة: قال الحافظ في التقريب (۱/۴۵۶): ضعيف- و الحديث ذكره ابن القيم في الزاد (۱/۲۷۱) ساكتا عليه-

Marfat.com

الطُّوسِيُّ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَيْسَرَةَ اَبُوْ لَيْلَى عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَبِي حُرَّةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ اَشْهَدُ اَنِّيْ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ اِنَّ الْقُنُوتَ فِيْ صَلَاةِ الصُّبْحِ بِدْعَةٌ .

★★ سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے صبح کی نماز میں دعائے قنوت پڑھنا بدعت ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن منصور بن داود طوسی، نزیل بغداد، ابوجعفر عابد، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔، یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۶۳۶۶)۔

1687- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَالِكٍ الْاِسْكَافِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَلِمَةَ فَلَقِيْتُ عَمْرًا فَحَدَّثَنِي هٰذَا الْحَدِيْثَ قَالَ كُنَّا بِحَضْرَةِ مَاءٍ مَمَرٍّ مِنَ النَّاسِ وَكَانَ يَمُرُّ بِنَا الرُّكْبَانُ فَنَسْاَلُهُمْ مَا هٰذَا الْاَمْرُ مَا لِلنَّاسِ فَيَقُوْلُوْنَ نَبِيٌّ يَزْعُمُ اَنَّ اللّٰهَ اَرْسَلَهُ وَاَنَّ اللّٰهَ اَوْحٰى اِلَيْهِ كَذَا وَكَذَا فَجَعَلْتُ اَتَلَقّٰى ذٰلِكَ الْكَلَامَ فَكَاَنَّمَا يُغْرٰى فِيْ صَدْرِيْ بِغِرَاءٍ- يَقُوْلُ اَحْفَظُهُ- وَكَانَتِ الْعَرَبُ تَلَوَّمُ بِاِسْلَامِهَا الْفَتْحَ وَيَقُوْلُوْنَ اَبْصِرُوْهُ وَقَوْمَهُ فَاِنْ ظَهَرَ عَلَيْهِمْ فَهُوَ نَبِيٌّ صَادِقٌ فَلَمَّا جَاءَ نَا وَقْعَةُ الْفَتْحِ بَادَرَ كُلُّ قَوْمٍ بِاِسْلَامِهِمْ فَانْطَلَقَ اَبِي بِاِسْلَامِ اَهْلِ حِوَائِنَا ذَاكَ فَقَدِمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَاَقَامَ عِنْدَهُ فَلَمَّا اَقْبَلَ مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَلَقَّيْنَاهُ فَلَمَّا رَآنَا قَالَ جِئْتُكُمْ وَاللّٰهِ مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) حَقًّا فَاِنَّهُ يَاْمُرُكُمْ بِكَذَا وَكَذَا وَقَالَ صَلُّوْا صَلَاةَ كَذَا فِيْ حِيْنِ كَذَا وَصَلُّوْا صَلَاةَ كَذَا فِيْ حِيْنِ كَذَا فَاِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْيُؤَذِّنْ لَكُمْ اَحَدُكُمْ وَلْيَؤُمَّكُمْ اَكْثَرُكُمْ قُرْآنًا .فَنَظَرُوْا فِيْ اَهْلِ حِوَائِنَا ذَاكَ فَمَا وَجَدُوْا اَحَدًا اَكْثَرَ مِنِّيْ قُرْآنًا مِمَّا كُنْتُ اَتَلَقّٰى مِنَ الرُّكْبَانِ فَقَدَّمُوْنِيْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَاَنَا ابْنُ سَبْعِ سِنِيْنَ اَوْ سِتِّ سِنِيْنَ فَكَانَتْ عَلَيَّ بُرْدَةٌ فِيْهَا صِغَرٌ فَاِذَا سَجَدْتُ تَقَلَّصَتْ عَنِّيْ فَقَالَتِ امْرَاَةٌ مِنَ الْحَيِّ اَلَا تُغَطُّوْنَ عَنَّا اسْتَ قَارِئِكُمْ فَكَسَوْنِيْ قَمِيْصًا مِنْ مَعْقِدِ الْبَحْرَيْنِ فَمَا فَرِحْتُ بِشَيْءٍ فَرَحِيْ بِذٰلِكَ الْقَمِيْصِ .

ابوقلابہ کہتے ہیں: میری ملاقات حضرت عمرو سے ہوئی' تو انہوں نے مجھے یہ حدیث سنائی:

ہم لوگ ایسی جگہ رہتے تھے جہاں پانی موجود تھا اور وہ لوگوں کی گزرگاہ تھی' ہمارے وہاں سے سوار گزرا کرتے تھے تو ہم ان سے اس بارے میں سوال کرتے تھے اور لوگوں کے رویے کے بارے میں پوچھا کرتے تھے تو وہ بتاتے تھے کہ ایک صاحب ہیں

۱۶۸۷- اخرجه البخاري في المغازي (۴۳۰۲) باب رقم (۵۳) عن سليمان بن حرب بإسناده- واخرجه ابو داود في الصلاة (۵۸۵- ۵۸۷) باب من احق بالامامة؛ والنسائي (۲/ ۸۰- ۸۱) كتاب الامامة- باب امامة الغلام قبل ان يحتلم- و قد تقدم في المواقيت-

Marfat.com

جو یہ کہتے ہیں' وہ نبی ہیں اور اللہ تعالیٰ نے انہیں مبعوث کیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف یہ یہ کلام وحی کیا ہے۔ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں وہ کلام یاد کرتا رہا اور وہ میرے سینے میں پختہ ہوتا رہا' عام عربوں نے اسلام قبول کرنے کو فتح مکہ کے ساتھ معلق کر دیا' وہ یہ کہتے تھے کہ ان نبی اور ان کی قوم کا جائزہ لو اگر یہ اپنی قوم پر غالب آ گئے تو یہ سچے نبی ہوں گے' جب فتح مکہ کی اطلاع ہمیں ملی تو ہر قوم نے اسلام قبول کرنے میں جلدی کی' میرے والد بھی اسلام قبول کرنے کے لیے اپنے قبیلے کے ساتھ تھے' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' کچھ عرصہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مقیم رہے' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت سے واپس آئے تو ہم ان سے ملنے کے لیے گئے' جب انہوں نے ہمیں دیکھا تو بولے: اللہ کی قسم! میں تمہارے پاس اللہ کے سچے رسول کی طرف سے آ رہا ہوں' انہوں نے تمہیں اس بات کا حکم دیا ہے' انہوں نے ارشاد فرمایا ہے: تم نے اس طرح اس وقت میں نماز ادا کرنی ہے' اس طرح اس وقت میں نماز ادا کرنی ہے' اس طرح اس وقت میں نماز ادا کرنی ہے' جب نماز کا وقت ہو جائے تو تم میں سے کوئی ایک شخص اذان دے اور جس کو سب سے زیادہ قرآن آتا ہو وہ تمہاری امامت کرے' جب لوگوں نے ہمارے قبیلے میں تحقیق کی تو کسی بھی شخص کو مجھ سے زیادہ قرآن نہیں آتا تھا تو ان لوگوں نے مجھے آگے کھڑا کر دیا' میری عمر اس وقت 6 سال یا 7 سال تھی' میری ایک چادر تھی جو چھوٹی تھی' میں سجدے میں جاتا تھا تو وہ ہٹ جاتی تھی تو قبیلے کی ایک خاتون نے کہا: آپ لوگ اپنے قاری کے پیچھے والے حصے کو ڈھانپتے کیوں نہیں ہیں؟ پھر قبیلے والوں نے مجھے ایک قمیض سلوا کر دی جو بحرین کے کپڑے کی بنی ہوئی تھی' اس قمیض کے ملنے پر مجھے جتنی خوشی ہوئی' اتنی کسی اور بات پر نہیں ہوئی تھی۔

10-باب صَلَاةِ الْمَرِيضِ وَمَنْ رَعَفَ فِي صَلَاةٍ كَيْفَ يَسْتَخْلِفُ.

باب 10: بیمار شخص کی نماز: جس شخص کی نماز کے دوران نکسیر پھوٹ پڑے' وہ اپنا نائب کس کو کس طرح مقرر کرے؟

1688- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ بَطْحَا حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَكَمِ الْحِبَرِيُّ حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ حُسَيْنٍ الْعُرَنِيُّ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ يُصَلِّي الْمَرِيضُ قَائِمًا اِنِ اسْتَطَاعَ فَاِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ صَلَّى قَاعِدًا فَاِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يَسْجُدَ اَوْمَا وَجَعَلَ سُجُوْدَهُ اَخْفَضَ مِنْ رُكُوعِهِ فَاِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يُصَلِّيَ قَاعِدًا صَلَّى عَلٰى جَنْبِهِ الْاَيْمَنِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ فَاِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يُصَلِّيَ عَلٰى جَنْبِهِ الْاَيْمَنِ صَلَّى مُسْتَلْقِيًا رِجْلَيْهِ مِمَّا يَلِي الْقِبْلَةَ.

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کے حوالے سے امام حسین رضی اللہ عنہ کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

بیمار شخص اگر کھڑے ہو کر نماز ادا کر سکتا ہو تو کھڑے ہو کر ادا کرے ورنہ بیٹھ کر ادا کرے' اگر وہ سجدہ کرنے کی بھی استطاعت نہ رکھتا ہو تو وہ سجدہ اشارے کے ذریعے کرے اور اس کا سجدہ اس کے رکوع سے زیادہ پست ہو' اگر وہ اس کی بھی

Marfat.com

استطاعت نہ رکھتا ہو کہ بیٹھ کر نماز ادا کرے تو پھر وہ اپنے دائیں پہلو کو قبلہ کی طرف کر کے نماز ادا کرے اگر وہ دائیں پہلو کے بل بھی نماز ادا کرنے کی استطاعت نہ رکھتا ہو تو وہ سیدھا لیٹ کر نماز ادا کرے اور اس کے دونوں پاؤں قبلہ کی سمت ہونے چاہئیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن محمد بن علی بن بطحا بن علی بن مسقلة تمیمی، ابواسحاق محتسب، سمع اباہ وحماد بن محسن بن عنبسة وآخرین، وروی عنہ دارقطنی۔ وقال: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ فاضل۔ ویوسف بن عمر قواس وذکرہ فی جملة شیوخہ ثقات۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۱۶۴/۶)۔

○ حسین بن حکم بن مسلم حبری کوفی۔ روی عن اسماعیل بن ابان وابی حفص اعشی وحسن بن حسین عرنی۔ روی عنہ احمد بن اسحاق بن بھلول وعلی بن عبداللہ ابن مبشر واسطی۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: انساب (۱۶۷/۲)۔

○ حسن بن حسین عرنی کوفی۔ امام ابوحاتم فرماتے ہیں: لم یکن ب علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ عندھم، کان من روساء شیعة۔ وقال ابن عدی: لا یشبہ حدیثہ حدیث ثقات: وامام ابن حبان فرماتے ہیں یاتی عن اثبات بالملزقات ویروی مقلوبات: ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۲۳۰/۲)۔

1689- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ يُصَلِّي الْمَرِيضُ مُسْتَلْقِيًا عَلٰى قَفَاهُ تَلِي قَدَمَاهُ الْقِبْلَةَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: بیمار شخص چت لیٹ کر اپنے پاؤں قبلہ کے رخ کر کے نماز ادا کرے گا۔

۱۶۸۸- اخرجہ البیہقی فی سننہ الکبری (۳۰۷/۲) کتاب الصلاة: باب ما روی فی کیفیة الصلاة علی الجنب من طریق الدارقطنی بہ و فی اسنادہ الحسن بن الحسین العرنی: قال ابو حاتم: لم یکن بصدوق عندھم کان من رؤساء الشیعة- و قال ابن عدی: لا یشبہ حدیثہ حدیث الثقات- و قال ابن حبان: (یاتی عن الاثبات بالملزقات و یروی المقلوبات)- انظر: المیزان (۲۳۰/۲) والحدیث ذکرہ الذہبی فی منکرات حسن ھذا من المیزان و قال: (اخرجہ الدارقطنی و ھو حدیث منکر- و ... الزیلعی فی نصب الرایة (۱۷۶/۲) عن عبد الحق فی احکامہ اعلالہ و کذا ابن القطان فقط، و لہ شاھد عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: (یصلی المریض قائماً فان نالتہ مشقة صلی جالساً فان نالتہ مشقة صلی نائماً یومی برأسہ فان نالتہ مشقة سبح)- اھ-اخرجہ الطبرانی فی (الاوسط) (۳۹۹۷) من روایة محمد بن یحیی بن فیاض الزمانی نا حلس بن محمد الضبعی نا ابن جریج عن عطاء ونافع عن ابن عباس بہ- و لم یصرح ابن جریج بالتحدیث فی اسنادہ- قلت: و حلس بن محمد: معروف الحدیث. قالہ الذہبی و ذکرہ لہ ابن الجوزی حدیثا فی (الموضوعات) ثم قال: (ھذا مما حملت بحمص) و ... المیزان (۲۴۴/۲-۲۴۵)-ولہ شاھد من حدیث عمران بن حصین فی قصة مرضہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لہ ... فجالساً فان لم تستطع فعلی جنب)- اھ-اخرجہ البخاری فی تقصیر الصلاة (۱۱۱۵) و (۱۱۱۶) باب صلاة القاعد بالایماء و النسائی فی قیام اللیل (۲۲۳/۳-۲۲۴) باب فضل صلاة القاعد علی صلاة النائم و الترمذی فی الصلاة (۳۷۱) ... صلاة القاعد علی النصف من صلاة القائم و ابو داود (۹۵۱) فی الصلاة: باب فی صلاة القاعد و ابن ماجہ (۱۲۳۱) فی الاقامة باب صلاة القاعد علی النصف من صلاة القائم و ابن ابی شیبة (۵۲/۲) و احمد (۴۳۲/۴، ۴۳۵، ۴۴۲، ۴۴۳) و ابن خزیمة (۱۲۴۹)-ولہ شاھد من صلاة النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی مرض موتہ قاعداً جنب ابی بکر: اخرجہ مالک فی قصر الصلاة (۱۱۰) باب جامع الصلاة- و اخرجہ الشافعی فی الام (۸۰/۱) باب صلاة المریض- و اخرجہ احمد (۱۰۱،۹۶/۶) و البخاری فی الصلاة باب اہل العلم و الفضل احق بالامامة-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوبکر بن عبید اللہ بن عبداللہ بن عمر بن خطاب، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۸۰۳۶)۔

1690- حَدَّثَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ عُثْمَانَ الْغَازِیْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ سُفْيَانُ بْنُ زِيَادٍ الْمُؤَدِّبُ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَطَامِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا صَلّٰی اَحَدُكُمْ فَرَعَفَ اَوْ قَاءَ فَلْيَضَعْ يَدَهُ عَلٰی فِيْهِ وَيَنْظُرْ رَجُلاً مِّنَ الْقَوْمِ لَمْ يُسْبَقْ بِشَیْءٍ مِّنْ صَلَاتِهِ فَيُقَدِّمْهُ وَيَذْهَبْ فَيَتَوَضَّاُ ثُمَّ يَجِیْءُ فَيَبْنِیْ عَلٰی صَلَاتِهِ مَا لَمْ يَتَكَلَّمْ فَاِنْ تَكَلَّمَ اسْتَاْنَفَ الصَّلَاةَ .

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
جب کوئی شخص نماز ادا کر رہا ہو اور اس کی نکسیر پھوٹ پڑے اسے قے آ جائے تو وہ اپنا ہاتھ اپنے منہ پر رکھے اور حاضرین میں سے کسی ایسے شخص کا جائزہ لے جو سب سے بہتر ہو اور اسے آگے کر دے پھر وہ جا کر وضو کرے اور واپس آ کر اپنی نماز وہیں سے پڑھنا شروع کر دے جہاں چھوڑ کر گیا تھا' یہ اس وقت ہے جب اس نے درمیان میں کلام نہ کیا گیا ہو' اگر درمیان میں کلام کر لیا ہو تو وہ نئے سرے سے نماز پڑھے گا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن زیاد جمحی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوحارث مدنی، نزیل بصرة، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۵۹۲۵)۔

•••——•••——•••

نماز کے دوران اگر امام کو حدث لاحق ہو جاتا ہے تو وہ کسی شخص کو اپنا نائب کس طرح بنائے گا؟

نماز کے دوران اگر امام کو حدث لاحق ہو جاتا ہے تو وہ کسی شخص کو اپنا نائب کس طرح بنائے گا' اس حکم کی وضاحت کرتے ہوئے امام قدوری رحمۃ اللہ تحریر کرتے ہیں۔

۱۶۸۹- اخرجه عبد الرزاق في باب صلاة المريض (۴۱۳۰) عن ابي بكر بن عبيد الله بن عمر عن ابيه عن نافع ...... به- و من طريق عبد الرزاق اخرجه الدارقطني لهنا' و من طريق الدارقطني اخرجه البيهقي في السنن (۳۰۸/۲)- ورود هذا المعنى عن ابن عمر من غير وجه: فروى عطاء ان ابن عمر عاد صفوان بن المعطل السلمي' فحضرت الصلاة' فرآه يصلي على شيء' فقال له' ان استطعت ان تضع و جهك على الارض فافعل' و الا فاوم ايماء)- الخ- اخرجه عبد الرزاق (۴۱۲۸) عن ابن عيينة عن عمرو بن دينار عن عطاء- و اخرجه الشافعي في القديم عن ابن عيينة' به' كما في (المعرفة) للبيهقي (۱۳۵۰)- و اخرجه عبد الرزاق (۴۱۲۷) عن ابن جريج عن عطاء' نحوه- و اخرجه البيهقي في المعرفة (۱۳۵۱)' و الكبرى (۳۰۶/۲) من وجه آخر عن ابن عيينة عن عمرو بن دينار عن عطاء' نحوه-

۱۶۹۰- ذكره الدارقطني لهنا من رواية عبد الرحمن بن القطامي' و ضعف الدارقطني ابن القطامي في كتاب الرضاع من السنن- و قال الفلاس: كان كذابا- راجع المغني (۳۸۴/۲)- لكن للحديث شواهد تقدمت عند الدارقطني في كتاب الطهارة' باب الوضوء من الخارج-

Marfat.com

اگر اسے حدث لاحق ہو جاتا ہے تو وہ نماز ختم کر کے چلا جائے گا اور اگر وہ امام ہو تو وہ کسی کو اپنا نائب بنا دے گا (پھر وہ وضو کرے گا اور وہیں سے نماز آگے پڑھنی شروع کر دے گا جہاں سے چھوڑ کر گیا تھا) تاہم فضیلت یہ بات رکھتی ہے' وہ نئے سرے سے نماز پڑھے[1]

نماز پڑھنے کے دوران کسی کو نائب بنانے کے بارے میں حکم کی وضاحت کرتے ہوئے ڈاکٹر وہبہ زوحیلی تحریر کرتے ہیں:

نائب بنانے کا مفہوم یہ ہے: امام کسی عذر کی وجہ سے اپنی جگہ پر اپنے مقتدیوں میں سے کسی ایسے شخص کو امام بنا دے جو امامت کا اہل ہو' اور خود امامت کی جگہ سے ہٹ جائے تاکہ وہ دوسرا شخص لوگوں کی نماز کو مکمل کروا دے' ایسی صورت میں امام دوسرے شخص کے مقتدی کے حکم میں شامل ہو جائے گا۔

اس کا طریقہ یہ ہے: امام اس مقتدی کا کپڑا پکڑ کر اُسے محراب میں کھڑا کر دے' خواہ وہ مقتدی مسبوق ہو' تاہم بہتر یہ ہے: مدرک شخص کو (یعنی جو شخص شروع میں ہی نماز میں شریک ہوا تھا) اُسے اپنا نائب بنائے۔

امام تھوڑا سا آگے جھکے' اپنا ہاتھ ناک پر رکھ کر یہ تاثر دے کہ اُس کی نکسیر پھوٹ گئی ہے اور اشارے کے ذریعہ اپنا نائب بنا دے' وہ اس دوران بات نہیں کرے گا اور انگلی کے ذریعے یہ بات بیان کر دے گا کہ کتنی رکعات باقی رہ گئی ہیں' اگر رکوع باقی رہتا ہو تو گھٹنے پر ہاتھ رکھ کے بتائے گا اور اگر سجدہ کرنا ہو' تو پیشانی پر ہاتھ رکھ کے بتائے گا اور اگر قرأت باقی رہتی ہو' تو منہ پر ہاتھ رکھ کر اشارے کے ذریعے بتا دے گا۔

نائب بنانے کا بنیادی سبب یہ ہے: جب امام کو کوئی عذر لاحق ہو جاتا ہے' جیسے وہ بے وضو ہو جاتا ہے' یا اُس پر بیماری کا حملہ ہو جاتا ہے' یا وہ واجب کی ادائیگی یعنی سورۂ فاتحہ پڑھنے یا قرأت کرنے سے عاجز ہو جاتا ہے تو اس صورت میں کسی کو اپنا نائب بنائے گا۔

کسی کو اپنا نائب مقرر کرنے کے احکام اس کے اسباب اور اسکی شرائط کے بارے میں فقہاء میں اختلاف پایا جاتا ہے اور اس بارے میں جزوی تفصیلات ہیں۔

احناف اس بات کے قائل ہیں: کسی کو اپنا نائب بنانا جائز ہے کیونکہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے منقول روایت میں یہ بات منقول ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جس شخص کو قے آجائے' اس کی نکسیر پھوٹ جائے یا اسکے معدے سے پانی نکل آئے یا مذی خارج ہو جائے تو وہ نماز سے ہٹ جائے' وضو کر کے واپس آکر وہیں سے نماز پڑھنا شروع کر دے' تاہم اس دوران کوئی بات چیت نہ کرے''۔

امام کاسانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب بدائع الصنائع میں یہ بات تحریر کی ہے' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ایک روایت منقول ہے' تاہم اُن کی نقل کردہ روایت کے الفاظ ہمیں کہیں نہیں مل سکے' اُسکے الفاظ یہ ہیں:

''اگر تم میں سے کوئی شخص نماز ادا کر رہا ہو اور اُسے قے آجاتی ہے یا اُس کی نکسیر پھوٹ جاتی ہے تو وہ اپنا ہاتھ منہ پر رکھ لے گا اور کسی ایسے شخص کو آگے کرے گا جسے ایسا کوئی عذر درپیش نہ ہو' وہ شخص وہاں سے ہٹ جائے گا' وضو کرے گا اور وہیں سے آکر نماز پڑھنی شروع کر دے گا جہاں سے اُس نے چھوڑی تھی' لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے' اس نے درمیان میں کوئی

[1] مختصر القدوری' از امام ابوالحسین احمد بن محمد بن جعفر بغدادی القدوری' مطبوعہ موسسۃ الریان' بیروت' لبنان' ص 82

Marfat.com

کلام نہ کیا ہو''۔

تاہم اس کے مقابلے میں زیادہ مستند وہ روایت ہے جسے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نقل کیا ہے جس میں یہ بات مذکور ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اپنا نائب مقرر کرتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا تھا: ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے پھر اس کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نماز کے دوران پیچھے ہٹ گئے تھے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی تھی اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہیں سے قرأت کرنا شروع کی جہاں سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے چھوڑا تھا''۔

اسی طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی یہ بات منقول ہے: ایک دفعہ نماز کے دوران اُن کا وضوٹوٹ گیا تھا اور انہوں نے ایک شخص کو آگے کر دیا تھا۔

اسی طرح کا ایک واقعہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھی پیش آیا تھا۔

لوگوں کے لیے چونکہ یہ بات ضروری ہے وہ امام کے ساتھ اپنی نماز کو مکمل کریں اور امام نے اس بات کا انتظام کیا تھا' وہ لوگوں کو نماز پوری پڑھائے گا لیکن جب وہ خود اس بات سے عاجز آ گیا تو وہ اُس شخص کو آگے کر دے گا اور اس سے مدد لے گا' اس ذمہ داری کو نبھا سکے' تاکہ اقتداء میں نماز ادا کرنے والوں کی ضرورت پوری ہو جائے اور کسی باہمی اختلاف کی وجہ سے اُن کی نماز میں کوئی خرابی نہ پیش آ جائے۔

اسی بنیاد پر ہم کہیں گے کہ اگر امام بے وضو ہو جاتا ہے تو وہ نماز سے ہٹ جائے گا اور کسی کو اپنا نائب بنا دے گا جو وہیں سے آگے نماز پڑھا دے گا (جہاں سے امام نے نماز کو چھوڑا تھا) البتہ امام خود وضو کر کے آنے کے بعد وہیں سے نماز پڑھنی شروع کرے گا' جہاں سے اُسکا وضو ٹوٹا تھا۔

نمازیوں کے لیے یہ بات افضل ہے' وضو ٹوٹنے کی صورت میں وہ نئے سرے سے نماز پڑھنا شروع کریں تاکہ جن علماء کے نزدیک ایسا کرنا جائز نہیں ہے' اُن کے حوالے سے کسی بھی اختلاف سے بچا جا سکے۔

اگر کوئی نماز آخری قعدے میں تشہد کی مقدار میں بیٹھا نہیں تھا اور اس دوران اُسے جنون لاحق ہو گیا یا اُس نے جان بوجھ کر وضو کو توڑ دیا نیند کی وجہ سے یا خیالات کی وجہ سے یا دیکھنے کی وجہ سے یا شہوت کی وجہ سے اس کو احتلام ہو گیا یا اُس پر بے ہوشی طاری ہو گئی یا وہ قہقہہ لگا کر ہنس پڑا' اب اس پر لازم ہے' وہ از سر نو نماز ادا کرے کیونکہ یہ تمام وہ اسباب ہیں جو بہت کم پیش آتے ہیں' اس لیے نص کا حکم ان صورتوں میں شامل نہیں ہو گا' ان تمام صورتوں میں نئے سرے سے وضو کر کے نماز ادا کرنی ہو گی۔

کسی کو نائب بنانے کا بنیادی سبب یہ ہے: کسی احتیاط کے بغیر انسان کا وضو ٹوٹ جائے' یہ وہ بات ہے جو امام کے اختیار میں نہیں ہوتی اور اسکا سبب بھی امام کے اختیار میں نہیں ہے' اس کی مثال یہ ہے: جب اُسے چھینک آئے اور اس کا وضو ٹوٹ گیا' اسی طرح امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اگر کوئی امام اتنی مقدار میں قرأت کرنے سے عاجز ہو جائے جسے پڑھنا نماز میں فرض ہے (تو بھی یہ حکم ہو گا) اس کی دلیل یہ ہے: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت ہے' یہ بات مذکور ہے' انہوں نے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آہٹ سنی تو وہ قرأت نہیں کر سکے اور پیچھے ہٹ گئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آگے بڑھ کر اس نماز کو مکمل کروایا۔

اگر کسی امام کو پیشاب یا پاخانہ آتا ہوا محسوس ہو رہا ہو' تو وہ اب کسی کو اپنا نائب نہ بنائے' اسی طرح اگر کوئی شخص رکوع یا

Marfat.com

کرنے سے معذور ہو جاتا ہے تو بھی کسی کو نائب نہ بنائے' بلکہ بیٹھ کر نماز مکمل کر دے۔

اگر کوئی شخص خوف کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے قرأت کو بھول گیا ہے تو بھی وہ کسی کو اپنا نائب نہ بنائے کیونکہ قرأت بھولنے کی وجہ سے امام ناخواندہ ہو گیا ہے اور سب لوگوں کی نماز ختم ہو جائے گی۔

اگر امام کے بے وضو ہونے سے پہلے کسی دوسرے شخص کی نجاست' یعنی زیادہ مقدار میں پیشاب اُسے لگ گیا' یا ایک رکن کی مقدار کے مطابق اس کا ستر بے پردہ ہو گیا تو ان تمام صورتوں میں امام کی نماز ٹوٹ جائے گی اور اس کے ساتھ مقتدیوں کی نماز بھی ٹوٹ جائے گی۔

کسی کو نائب بنانے کے درست ہونے کے لیے احناف کے نزدیک تین باتیں شرط ہیں:

پہلی بات یہ ہے: نماز کو جاری رکھنے کے لیے تمام شرائط موجود ہوں' کیونکہ نائب بنانے کا بنیادی مقصد یہ ہوتا ہے' امام اب تک جو نماز ادا کر چکا ہے' اُسی نماز کو آگے جاری رکھا جائے' اس کے لیے تیرہ شرائط ہیں۔ حدث کسی خارجی سبب کے بغیر واقع ہوا ہو' وہ جسم کے اندرونی حصے کی طرف سے واقع ہوا ہو' کسی دوسرے شخص کی نجاست ہم پر نہ لگی ہو' اس حدث کی وجہ سے غسل واجب نہ ہوا ہو جیسے کچھ سوچنے سے انزال ہو جاتا ہے' حدث کسی ایسی وجہ سے لازم نہ ہوا ہو جو بہت کم پیش آتی ہے جیسے بے ہوش ہو جانا' دیوانگی' قہقہہ لگا دینا۔

حدث کی حالت میں' امام نے نماز کا کوئی رکن ادا نہ کیا ہو' وہ چلا نہ ہو' اس نے دانستہ طور پر کچھ ایسا کام نہ کیا ہو جو نماز کے منافی ہوتا ہے' جیسے جان بوجھ کر وضو کو توڑ دینا' اسی طرح اُس نے کوئی ایسا کام بھی نہ کیا ہو جس کی ضرورت ہی نہ ہو' جیسے پانی قریب تھا اور وہ چل کر اُس کی طرف چلا گیا' جیسے کسی عذر کے بغیر کسی ایک رکن کی مقدار میں تاخیر نہ کی ہو' نماز شروع کرنے سے پہلے ہی وہ بے وضو نہ ہوا ہو۔

اگر وہ صاحبِ ترتیب شخص ہے تو اُسے کوئی قضاء نماز یاد نہ آئی ہو' کیونکہ اگر وہ صاحبِ ترتیب ہے تو قضاء نماز ادا کرنے سے پہلے وہ اتنی نماز کو ادا نہیں کر سکتا۔

نماز پڑھنے والا شخص خواہ امام ہو یا مقتدی ہو' اگر وہ بے وضو ہو گیا تو اُس کے لیے یہ لازم ہے' وہ وضو کر کے واپس آ کر امام کے ساتھ ہی نماز ادا کرے گا لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے' اس دوران امام نماز پڑھ کر فارغ نہ ہو گیا ہو' اگر وہ شخص بقیہ نماز کسی اور طرف ادا کرتا ہے تو اب اُس کی نماز مکمل نہیں ہو گی' البتہ اگر کوئی شخص تنہا نماز ادا کر رہا تھا اور (اس دوران اسے حدث لاحق ہو گیا) تو اب وہ جہاں چاہے نماز مکمل کر سکتا ہے۔

اسی طرح امام کے لیے یہ بات جائز نہیں ہے' وہ کسی ایسے شخص کو اپنا نائب بنائے جو امامت کی صلاحیت ہی نہ رکھتا ہو' جیسے کسی بچے کو' کسی عورت کو' یا کسی ناخواندہ شخص کو اپنا نائب بنا دے' اگر امام ایسی صورت میں ان میں سے کسی ایک کو اپنا نائب بنا دیتا ہے تو ایسی صورت میں امام کی بھی نماز ٹوٹ جائے گی اور باقی سب نمازیوں کی بھی نماز ٹوٹ جائے گی۔

---

[1] الفقه الاسلامی وادلته' از ڈاکٹر وہبہ زحیلی' المطلب الثانی الامامہ

Marfat.com

كِتَابُ الْعِيدَيْنِ

عیدین کا بیان

1- باب بلاعنوان

1691- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ أَرْطَاةَ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ أَنْ لَا يَخْرُجَ حَتَّى يَطْعَمَ وَيُخْرِجَ صَدَقَةَ الْفِطْرِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ بیان کرتے ہیں: سنت یہ ہے: آدمی (عید کی نماز پڑھنے کے لیے) اس وقت تک نہ نکلے جب تک کچھ کھا نہ لے اور صدقۂ فطر نہ ادا کر دے۔

•••——•••——•••

نمازِ عید کے بارے میں حکم کی وضاحت

نمازِ عید کے بارے میں حکم کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ ابن رُشد تحریر کرتے ہیں۔ علماء کا اس بارے میں اتفاق ہے' عیدین کی نماز کے لیے غسل کرنا بہتر ہے اور اس بات پر بھی اتفاق ہے' عیدین کی نماز اذان اور اقامت کے بغیر پڑھی جائے گی' یہی طرزِ عمل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔ البتہ اس بارے میں حضرت معاویہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے اس کے برخلاف طرزِ عمل اختیار کیا تھا۔ شیخ ابوعمرو نے یہی بات بیان کی ہے۔

اسی طرح علماء کا اس بات پر بھی اتفاق ہے' سنت یہ ہے: خطبہ دینے سے پہلے نماز ادا کر لی جائے' یہ بات بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔

البتہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ روایت منقول ہے' انہوں نے نماز ادا کرنے سے پہلے خطبہ دے دیا تھا تاکہ لوگ خطبے سے پہلے منتشر نہ ہو جائیں۔

اس بات پر بھی اتفاق ہے' عیدین کی نماز میں قرأت کی کوئی تعیین نہیں ہے۔

۱۶۹۱- اخرجه الطبراني في الكبير (۱۱/۱۴۱-۱۴۲) رقم (۱۲۹۶): حدثنا الحسين بن جعفر القتات الكوفي' ثنا اسماعيل بن الخليل الخزاز' ثنا علي بن مسهر عن الحجاج بن ارطاة عن عطاء عن ابن عباس' قال: (من السنة الا تخرج يوم الفطر حتى تخرج الصدقة' و تطعم شيئا قبل ان تخرج)- و في اسناده الحجاج بن ارطاة' و هو كثير الخطا و التدليس؛ كما في التقريب (۱/۱۵۲)- و اخرجه الطبراني في الاوسط رقم (۱۵۱) من طريق اسماعيل بن علية عن ابن جريج عن عطاء' به نحو لفظ الكبير- و اخرجه ايضا البزار كما في كشف الاستار (۱/۳۱۲) رقم (۶۵۱): حدثنا ابراهيم بن هاني' ثنا محمد بن عبد الوهاب عن ابي شهاب عبد ربه بن نافع - كوفي مشهور - عن الاعمش عن مسلم بن صبيح عن ابن عباس' قال: (من السنة ان يطعم قبل ان يخرج و لو بتمرة)- قال الهيثمي في مجمع الزوائد (۲/۲۰۲): (اخرجه البزار و الطبراني في الاوسط و الكبير- و اسناد الطبراني حسن' و في اسناد البزار من لا اعرفه)- اه-

Marfat.com

تاہم اکثر فقہاء نے اس کی پہلی رکعت میں سورۃ الاعلیٰ اور دوسری رکعت میں سورۃ الغاشیہ کی تلاوت کو مستحب قرار دیا ہے کیونکہ یہ بات نبی اکرم ﷺ سے تواتر سے منقول ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک پہلی رکعت میں سورۂ قٓ اور دوسری رکعت میں سورۃ اقتربت الساعۃ کی تلاوت کی جائے گی کیونکہ یہ بات نبی اکرم ﷺ سے ثابت ہے۔

عیدین کی نماز کے بارے میں علماء نے مختلف مسائل میں اختلاف کیا ہے یہ تمام مسائل مشہور ہیں اور کسی نہ کسی صحابی کے طرز عمل یا کسی منقول دلیل کی طرف منسوب ہیں۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: عیدین کی نماز کی پہلی رکعت میں قرأت کرنے سے پہلے تکبیر تحریمہ کے بعد سات تکبیریں کہی جائیں گی اور دوسری رکعت میں سجدے کے بعد اُٹھتے ہوئے تکبیر کے ساتھ چھ تکبیریں کہی جائیں گی۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یہ کہتے ہیں پہلی رکعت میں آٹھ تکبیریں کہی جائیں گی اور دوسری رکعت میں سجدے کے بعد قیام کی طرف جاتے ہوئے تکبیر کے ساتھ چھ مزید تکبیریں کہی جائیں گی۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: پہلی رکعت میں تکبیر تحریمہ کے بعد تین مرتبہ تکبیر کہی جائے گی ان میں نمازی رفع یدین کرے گا۔ پھر اس کے بعد وہ سورۂ فاتحہ کی تلاوت کرے گا اور اس کے ساتھ کسی دوسری سورت کی قرأت کرے گا اس کے بعد وہ تکبیر کہتے ہوئے رکوع میں چلا جائے گا اور اس دوران رفع یدین نہیں کرے گا پھر جب وہ دوسری رکعت کے لیے کھڑا ہوگا تو تکبیر کہے گا لیکن رفع یدین نہیں کرے گا پھر سورۂ فاتحہ پڑھے گا اس کے بعد کوئی اور سورت پڑھے گا اس کے بعد تین مرتبہ تکبیر کہے گا اور ان کے ساتھ رفع یدین کرے گا پھر رکوع میں جانے کے لیے تکبیر کہے گا اور رفع یدین نہیں کرے گا۔

بعض فقہاء اس بات کے قائل ہیں: ہر رکعت میں نو مرتبہ تکبیر کہی جائے گی یہ بات حضرت عبداللہ بن عباس حضرت مغیرہ بن شعبہ حضرت انس بن مالک اور سعید بن مسیب رضی اللہ عنہم سے منقول ہے۔

ان کے اختلاف کا سبب یہ ہے: اس بارے میں صحابہ کرام سے منقول آثار مختلف ہیں۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول روایت کو اختیار کیا ہے وہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر کی نماز ادا کی تو انہوں نے پہلی رکعت میں قرأت کرنے سے پہلے سات مرتبہ تکبیر کہی اور دوسری رکعت میں پانچ مرتبہ تکبیر کہی۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اہل مدینہ کا معمول بھی یہی ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسی روایت کو اختیار کیا ہے لیکن انہوں نے سات تکبیروں کی تاویل یہ کی ہے دوسری رکعت کی پانچ تکبیروں کی طرح اس میں تکبیر تحریمہ شامل نہیں تھی۔

اس بات کا بھی احتمال ہے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے سات تکبیروں کی یہ تاویل کی ہو کہ دوسری رکعت کی پانچ تکبیروں کی طرح اس میں تکبیر تحریمہ شامل نہ ہو اور یہ بھی احتمال موجود ہے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے سات تکبیروں میں تکبیر تحریمہ کو بھی شامل کر لیا ہو۔

Marfat.com

جبکہ دوسری رکعت میں قیام کرنے کی تکبیر کو پانچ سے زیادہ شمار کرنے پر اس بات نے آمادہ کیا ہو کہ اہلِ مدینہ کا عام معمول یہی ہے' گویا کہ انہوں نے منقول اثر اور عام معمول دونوں کو جمع کرنے کی کوشش کی ہے۔

امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے بھی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول حدیث کے مفہوم کی طرح کی روایت حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے حوالے سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مرفوع حدیث کے طور پر نقل کی ہے۔

ایک روایت میں یہ بات مذکور ہے' حضرت ابوموسیٰ اشعری اور حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا گیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عید الاضحیٰ اور عیدالفطر کی نماز میں کس طرح تکبیر کہا کرتے تھے؟ تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنازے کی نماز کی طرح چار سے زائد مرتبہ تکبیر نہیں کہتے تھے تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: انہوں نے ٹھیک کہا ہے۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں جب بصریٰ کا گورنر تھا تو اسی طرح تکبیر کہا کرتا تھا۔

ایک گروہ نے اس روایت کو اختیار کیا ہے۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور تمام اہلِ کوفہ نے اس بارے میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بیان پر اعتماد کیا ہے' ان سے یہ بات ثابت ہے' وہ لوگوں کو عیدین کی نمازوں کی تعلیم مذکورہ سنت کے مطابق دیا کرتے تھے۔

تمام فقہاء نے اس بارے میں صحابہ کرام کے اقوال ہی کو مشعل راہ بنایا ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں کوئی بھی بات ثابت نہیں ہے۔

اور یہ بھی ہے' صحابہ کرام کا یہ عمل توفیقی ہے کیونکہ اس میں قیاس کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

اسی طرح ہر تکبیر میں رفع یدین کرنے کے مسئلے میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے۔

بعض فقہاء اس بات کے قائل ہیں: ہر رکعت میں رفع یدین کیا جائے گا۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا یہی موقف ہے۔

۱۹۴۰- اخرجه البيهقي في الكبرى (٤/١٣٨) كتاب الزكاة' باب من قال: لا زكاة في الحلي من طريق الدارقطني' به-

Marfat.com

(۱۸۸/۶)۔

1941- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ بَنَاتِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ تُصْدَقُ اَلْفَ دِيْنَارٍ فَتَجْعَلُ لَهَا مِنْ ذٰلِكَ حُلِيًّا بِاَرْبَعِمِائَةِ دِيْنَارٍ وَلَا يَرٰى فِيْهِ صَدَقَةً۔

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی صاحبزادیوں میں سے ایک خاتون کو ایک ہزار درہم دیے گئے اس خاتون نے اس کے زیورات بنالیے جو چار سو دینار کے بنے' لیکن حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے نزدیک ان پر زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی تھی۔

1942- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنْبَاَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ لَا زَكَاةَ فِي الْحُلِيِّ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: زیورات پر زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی۔

1943- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُحَلِّي بَنَاتِهِ بِاَرْبَعِمِائَةِ دِيْنَارٍ وَلَا يُخْرِجُ زَكَاتَهُ۔

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی صاحبزادیوں کے لیے چار سو دینار کے زیورات بنوائے لیکن حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ان کی زکوٰۃ ادا نہیں کی۔

1944- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ رَجَاءٍ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ اَنَّهَا كَانَتْ تُحَلِّي بَنَاتِهَا بِالذَّهَبِ وَلَا تُزَكِّيْهِ نَحْوًا مِّنْ خَمْسِيْنَ اَلْفًا۔

☆☆ سیّدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے اپنی صاحبزادیوں کے لیے سونے کے زیورات بنوائے اور ان کی زکوٰۃ ادا نہیں کی' ان زیورات کی قیمت پچاس ہزار کے قریب تھی۔

11-باب وُجُوبِ الزَّكَاةِ فِيْ مَالِ الصَّبِيِّ وَالْيَتِيْمِ

باب 11: بچے اور یتیم کے مال میں زکوٰۃ واجب ہوتی ہے

1945- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ غُلَيْبٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ

۱۹۴۱- اخرجه عبد الرزاق في الزكاة (۸۲/۴) باب: التبر و الحلي (۷۰۴۷)- من طريق عبيد الله به-

۱۹۴۲- مصنف عبد الرزاق في الزكاة (۸۲/۴) باب: التبر و الحلي (۷۰۴۷)-

۱۹۴۳- اخرجه البيهقي في سننه (۱۳۸/۴) كتاب الزكاة: باب من قال: لا زكاة في الحلي- من طريق ابي العباس الاصم' ثنا يحيى بن ابي طالب' به- و اخرجه البيهقي من طريق مالك بن انس و اسامة بن زيد ويونس بن يزيد وغير واحد: ان نافعا حدثهم عن عبد الله بن عمر انه قال: (ليس في الحلي زكاة)-واخرجه من طريق مالك عن نافع بن عبد الله بن عمر -رضي الله عنهما- كان يحلي بناته و جواريه الذهب' فلا يخرج منه الزكاة-

۱۹۴۴- اخرجه ابن ابي شيبة في الزكاة (۱۵۵/۳) باب: من قال: ليس في الحلي زكاة: حدثنا وكيع' به-

Marfat.com

عُفَيرٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ الصَّبَّاحِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَامَ يَخْطُبُ النَّاسَ فَقَالَ مَنْ وَلِیَ يَتِيمًا لَهٗ مَالٌ فَلْيَتَّجِرْ لَهٗ وَلَا يَتْرُكْهُ حَتّٰى تَاْكُلَهُ الصَّدَقَةُ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی ایسے یتیم کا سرپرست ہے جس یتیم کا مال موجود ہو تو وہ اس یتیم کے لیے اس مال کی تجارت کرے اس مال کو ایسے ہی نہ چھوڑ دے کہ اسے زکوٰۃ ختم کر دے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسن بن غلیب ازدی مصری، لیس بہ باس، یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱۲۸۶)۔

1946- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ بِالْكُوفَةِ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا مِنْدَلٌ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِیِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) احْفَظُوا الْيَتَامٰى فِیْ اَمْوَالِهِمْ لَا تَاْكُلُهَا الزَّكَاةُ.

☆☆ عمرو بن شعیب والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: یتیموں کے مال کی حفاظت کرنا انہیں زکوٰۃ ختم نہ کر دے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبید بن اسحاق عطار کوفی۔ ضعفہ یحییٰ، امام بخاری فرماتے ہیں: عندہ مناکیر و قال ازدی: متروک الحدیث، امام دارقطنی فرماتے ہیں: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: مغنی (۴۱۸/۳)، جرح والتعدیل (۴۰۱/۵)، ولسان (۱۳۸/۴)۔

1947- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ حَدَّثَنَا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ

۱۹۴۵- اخرجه الترمذي في الزكاة (۳۲/۲) باب: ما جاء في زكاة مال اليتيم' من حديث الوليد بن مسلم عن المثنى بن الصباح' باسناده- وقال: (و انما روي هذا الحديث من هذا الوجه' و في اسناده مقال: لان المثنى بن الصباح يضعف في الحديث- و روى بعضهم هذا الحديث عن عمرو بن شعيب ان عمر بن الخطاب...... فذكر هذا الحديث)- قال الترمذي: (وعمرو بن شعيب: هو ابن محمد بن عبد الله ابن عمرو بن العاص- و شعيب قد سمع من جده عبد الله بن عمرو- وقد تكلم يحيى بن سعيد في حديث عمرو بن شعيب' وقال: هو عندنا واه- ومن ضعفه فانما ضعفه من قبل انه يحدث من صحيفة جده عبد الله بن عمرو- و اما اكثر اهل الحديث فيحتجون بحديث عمرو بن شعيب فيثبتونه منهم: احمد و اسحاق و غيرهما)- اه- والحديث اخرجه البيهقي (۱۰۷/٤) من طريق المثنى بن الصباح' به-

۱۹۴۶- مندل: هو ابن علي العنزي' ضعفه احمد و ابن معين في بعض الروايات عنه' و ضعفه ايضاً النسائي و ابو زرعة و غيرهما- و قال ابن معين في رواية: (ليس به باس' يكتب حديث)- اه- ينظر: تهذيب الكمال (۱۹۸-۴۹۲/۲۸)-

Marfat.com

جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِىْ مَالِ الْيَتِيْمِ زَكَاةٌ۔

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: یتیم کے مال میں زکوٰۃ لازم ہوگی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسین بن عبداللہ بن یزید بن ازوق رقی مالکی قطان جصاص، ابوعلی۔ سمع ہشام بن عمار، وابراہیم بن ہشام غسانی و ولید بن عتبۃ، واسحاق بن موسیٰ خطمی، ومخلد بن مالک، وطبقتھم۔ حدث عنہ جعفر خلدی، وحافظ ابوعلی نیسابوری، وابوبکر بن سنی، ابوحاتم بستی، وابواحمد بن عدی، وخلق۔ وثقہ دارقطنی، وقال ذھبی: حافظ مسند علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ رجال مصنف۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: سیر اعلام النبلاء (۲۸۶/۱۴)۔

1948- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِىُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ ابْتَغُوْا بِاَمْوَالِ الْيَتَامٰى لَا تَاْكُلُهَا الصَّدَقَةُ۔

☆☆ سعید بن میسب بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: یتیموں کے مال کا خیال رکھو انہیں زکوٰۃ ختم نہ کر دے۔

1949- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوْفِىُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ اَشْعَثَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِىْ ثَابِتٍ عَنْ صَلْتٍ الْمَكِّىِّ عَنِ ابْنِ اَبِىْ رَافِعٍ قَالَ كَانَتْ اَمْوَالُهُمْ عِنْدَ عَلِىٍّ فَلَمَّا دَفَعَهَا اِلَيْهِمْ وَجَدُوْهَا بِنَقْصٍ فَحَسَبُوْهَا مَعَ الزَّكَاةِ فَوَجَدُوْهَا تَامَّةً فَاَتَوْا عَلِيًّا فَقَالَ كُنْتُمْ تَرَوْنَ اَنْ يَكُوْنَ عِنْدِىْ مَالٌ لَا اُزَكِّيْهِ۔

☆☆ ابن ابورافع بیان کرتے ہیں: ان لوگوں کے اموال حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اموال انہیں واپس کیے تو ان لوگوں نے ان میں کچھ کمی پائی، پھر جب انہوں نے زکوٰۃ کے ساتھ اس کا حساب کیا، تو انہیں مکمل پایا۔ وہ لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم لوگ یہ سمجھتے تھے کہ میرے پاس کوئی مال موجود ہوگا اور میں اس کی زکوٰۃ ادا نہیں کروں گا۔

1950- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مَطَرٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا اَشْعَثُ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِىْ ثَابِتٍ عَنْ صَلْتٍ الْمَكِّىِّ عَنِ ابْنِ اَبِىْ رَافِعٍ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اَقْطَعَ اَبَا رَافِعٍ اَرْضًا فَلَمَّا

۱۹۴۷ - رواد بن الجراح نركه الدارقطني و ضعفه غيره-ينظر: تهذيب الكمال (۹/۲۲۷-۲۳۰)- و شيخه محمد بن عبيد الله: هو العرزمي تقدمت ترجمته-

۱۹۴۸ اشار الترمذي الى هذه الرواية فيما سبق نقله عنه قريبا- و اخرجه البيهقي في الزكاة (۱۰۷/۴) باب: من تجب عليه الصدقة من طريق الدارقطني به-وقال البيهقي: (هذا اسناد صحيح وله شواهد عن عمر رضي الله عنه)- اه- و تعقبه ابن التركماني في (الجوهر

۱۹۴۹- اخرجه البيهقي في الزكاة (۱۰۷/۴) باب: من تجب عليه الصدقة معلقا-

Marfat.com

…ـاتَ اَبُوْ رَافِعٍ بَـاعَـهَـا عُمَرُ بِثَمَانِيْنَ اَلْفًا فَدَفَعَهَا اِلٰى عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُما فَكَانَ يُزَكِّيهَا فَلَمَّا …ـضَهَا وَلَـدُ اَبِىْ رَافِـعٍ عَـدُّوا مَـالَهُمْ فَوَجَدُوهُ نَاقِصًا فَاَتَوْا عَلِيًّا فَاَخْبَرُوهُ فَقَالَ اَحَسَبْتُمْ زَكَاتَهَا قَالُوْا لَا ـ قَالَ …حَسَبُوْا زَكَاتَهَا فَوَجَدُوهَا سَوَاءً فَقَالَ عَلِيٌّ اَكُنْتُمْ تَرَوْنَ يَكُوْنُ عِنْدِىْ مَالٌ لَا اُؤَدِّىْ زَكَاتَهُ.

★★ … ت ابورافع رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کو کچھ زمین …گیر کے طور پر عطاء کی' جب حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس زمین کو ۸۰ ہزار کے عوض میں فروخت …ردیا اور وہ مال حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے سپرد کیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ اس کی زکوٰۃ ادا کرتے رہے' جب حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ …ی اولاد نے اس مال کو اپنے قبضے میں لیا' تو انہوں نے اپنے مال کی گنتی کی تو اسے کم پایا' وہ لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے …رانہیں اس بارے میں بتایا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا تم نے اس کی زکوٰۃ کا حساب لگایا ہے' انہوں نے جواب دیا: …ں! راوی بیان کرتے ہیں: ان لوگوں نے اس کی زکوٰۃ کا حساب لگایا تو اسے پورا پایا۔ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم لوگ سمجھتے تھے کہ میرے پاس کوئی مال موجود ہوگا اور میں اس کی زکوٰۃ ادا نہیں کروں گا۔

12-باب اسْتِقْرَاضِ الْوَصِيِّ مِنْ مَالِ الْيَتِيمِ.

باب12: یتیم کے مال میں سے وصی کا قرض کے طور پر کچھ لینا

1951- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِىُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ … نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا ابْنُ …وْنٍ وَصَـخْـرُ بْـنُ جُوَيْرِيَةَ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ عِنْدَهُ مَالُ يَتِيمٍ فَكَانَ يَسْتَقْرِضُ مِنْهُ وَرُبَّمَا ضَمِنَهُ وَكَانَ …زَكِّى مَالَ الْيَتِيمِ اِذَا وَلِيَهُ.

★★ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس ایک یتیم کا مال موجود تھا' وہ اس میں سے قرض کے طور …لے لیتے تھے' بعض اوقات وہ اس کے ضامن بھی بن جاتے تھے اور جب وہ یتیم کے مال کے سرپرست بنتے تھے تو اس کی …وۃ بھی ادا کیا کرتے تھے۔

1952- حَـدَّثَـنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ السَّمَّانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ …عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ ابْتَغُوا بِاَمْوَالِ الْيَتَامٰى لَا تَسْتَهْلِكُهَا الزَّكَاةُ.

★★ عبید بن عمیر بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: یتیموں کے اموال کو خیال

اخرجه البيهقي في الزكاة (٤/١٠٧-١٠٨) باب: من تجب عليه الصدقة من طريق الدارقطني به- وقال البيهقي: (واخرجه حسن بن … جرير بن عبد الحميد عن اشعث وقال: عن ابن ابي رافع- وهو الصواب)- اهـ-

اخرجه عبد الرزاق في الزكاة (٤/٧١) باب: صدقة مال اليتيم و الالتماس فيه و اعطاء زكاته (٦٩٩٢) و باب ليف يحتي … مال … وليه! (٧٠٠١) و ابن ابي شيبة (٤/٢٥) في الزكاة كلاهما من حديث نافع عن ابن عمر بنحوه-

اخرجه عبد الرزاق في الزكاة (٤/٦٩) باب: صدقة مال اليتيم والالتماس فيه واعطاء زكاته (٦٩٨٩) (٦٩٩٠) (٦٩٩١) و ابن ابي … في الزكاة (٤/٢٥) و البيهقي في الزكاة (٤/١٠٧) باب: من تجب عليه الصدقة من وجود عن عمر بنحوه- وقد تقدم في الباب … من طريق ابن المسيب عن عمر-

Marfat.com

رکھوانہیں زکوٰۃ ختم نہ کردے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اشعث بن سعید بصری، ابوربیع سمان، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۵۲۷)۔

1953- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَيُّوْبَ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يُزَكِّي مَالَ الْيَتِيمِ وَيَسْتَقْرِضُ مِنْهُ وَيَدْفَعُهُ مُضَارَبَةً .

★★ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما یتیم کے مال کی زکوٰۃ ادا کیا کرتے تھے' وہ اس میں سے قرض طور پر کچھ لیتے تھے اور اسے مضاربت کر طور پر آگے دے دیتے تھے۔

1954- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ الْقِرْمِيسِينِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ تَمِيمٍ الْاَصْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا مُنِيرُ بْنُ الْعَلَاءِ عَنِ الْاَشْعَثِ عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَا عَنْ مُجَاهِدِ بْنِ وَرْدَانَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَعْطَى اَبَا رَافِعٍ مَوْلَاهُ اَرْضًا فَعَجَزَ فَمَاتَ فَبَاعَهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِمِائَتَيْ اَلْفٍ وَثَمَانِيَةِ الَافِ دِينَارٍ وَاَوْصَى اِلَى عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ عَنْهُ فَكَانَ يُزَكِّيهَا كُلَّ سَنَةٍ حَتَّى اَدْرَكَ بَنُوهُ فَدَفَعَهُ اِلَيْهِمْ فَحَسَبُوهُ فَوَجَدُوهُ نَاقِصًا فَاَتَوْهُ فَقَالُوا اِنَّا وَجَدْنَا نَاقِصًا .فَقَالَ اَحَسَبْتُمْ زَكَاتَهُ قَالُوا لَا .قَالَ احْسِبُوا زَكَاتَهُ .فَحَسَبُوهُ فَوَجَدُوهُ سَوَاءً .

★★ مجاہد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے غلام ابورافع رضی اللہ عنہ کو کچھ زمین عطاء کی' وہ اس کا خیال نہیں رکھ سکے' ان کا انتقال ہوگیا' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اس زمین لاکھ اسی ہزار دینار کے عوض میں فروخت کر دیا' انہوں نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو اس رقم کا نگران مقرر کیا' علی رضی اللہ عنہ ہر سال اس کی زکوٰۃ ادا کرتے رہے' یہاں تک کہ جب حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کے بچے بڑے ہوگئے تو حضرت علی وہ مال ان کے سپرد کر دیا' ان لوگوں نے اس کا حساب لگایا تو اسے کم پایا' پھر وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے اپنا مال کم لگا ہے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا تم لوگوں نے زکوٰۃ کا حساب لگایا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اس کی زکوٰۃ کا حساب لگاؤ' جب انہوں نے اس کا حساب لگایا تو اسے پورا پایا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن احمد بن حسن، ابواسحاق مقری قرمیسینی، محدث صادق صالح جوال رحال۔ سمع کدیمی، وبشر عبدالرحمٰن نسائی، وعبدالرحمٰن بن قاسم وطبقتھم۔ حدث عنہ دارقطنی، وحسن بن حسن بن جنذر، وابوحسن بن حمامی، وآخرون

1953- اخرجه عبد الرزاق في الزكاة (٤/ ٧٠) (٦٩٩٨) (٦٩٩٩) و ابن ابي شيبة في الزكاة (٤/ ٢٥) عن ابن عمر بنحوه۔

1954- مجاهد بن وردان لم يعرفه ابن معين ووثقه ابو حاتم الرازي و ذكره ابن حبان في الثقات وقال: يخطئ - وقال ابو تهذيب الكمال (٢٧/ ٢٢٨-٢٢٩) تقريب التهذيب ٥ (٦٥٢٦)۔ ثقات ابن حبان (٧/ ٤٩٩)

Marfat.com

یب: کان علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ صالحاً۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ
داد (۶/۱۴-۱۶)، وسیر اعلام النبلاء (۱۶/۱۳۶-۱۳۷)۔

○ منیر بن علاء۔ روی عن اشعث۔ وعنہ سلمۃ بن فضل۔ ضعفہ دارقطنی۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: مغنی
/۲/۶۸۰)، ومیزان (۶/۵۲۸)، ولسان (۶/۱۳۸)۔

1955- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَهْلِ بْنِ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْاَصْبَهَانِيِّ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ اَبِي الْيَقْظَانِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى اَنَّ عَلِيًّا زَكّٰى اَمْوَالَ بَنِي اَبِي رَافِعٍ - قَالَ - فَلَمَّا دَفَعَهَا اِلَيْهِمْ وَجَدُوهَا بِنَقْصٍ فَقَالُوْا اِنَّا وَجَدْنَاهَا بِنَقْصٍ فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَتَرَوْنَ اَنَّهُ يَكُونُ عِنْدِي مَالٌ لَا اُزَكِّيهِ.

★★ عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کی اولاد کے مال کی زکوٰۃ ادا کی
ی۔ راوی بیان کرتے ہیں: جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وہ مال ان لوگوں کے سپرد کیا' تو ان لوگوں نے اس مال کو کم پایا' ان لوگوں
نے کہا: ہمیں یہ مال کم لگا ہے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم لوگ یہ سمجھتے ہو کہ میرے پاس کوئی مال ہوگا اور میں اس کی زکوٰۃ ادا
نہیں کروں گا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عثمان بن عمیر، (اور ایک قول کے مطابق): ابن قیس، وصواب ان قیساً جد ابیہ، وھو عثمان بن ابی حمید ایضاً، جبلی
یقظان کوفی اعمی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ذاختلط، وکان یدلس ویغلو فی تشیع، یہ راویوں کے
چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۴۵۳۹)۔

1956- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ جَرِيرِ بْنِ جَبَلَةَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا يَجِبُ عَلٰى مَالِ الصَّغِيرِ زَكَاةٌ حَتّٰى تَجِبَ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ . ابْنُ لَهِيعَةَ لَا يُحْتَجُّ بِهِ.

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نابالغ کے مال پر زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی' اس وقت زکوٰۃ لازم ہوتی ہے
جب اس پر نماز پڑھنا بھی لازم ہو جائے (یعنی جب وہ بالغ ہو جائے)۔

اس روایت کے راوی ابن لہیعہ کو مستند قرار نہیں دیا گیا۔

1957- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ ذَكْوَانَ

۱۹۵۵- اخرجه البيهقي في الزكاة (۱۰۸/۱) باب: من تجب عليه الصدقة' من طريق الدارقطني' به- و ابو اليقظان هو عثمان بن عمير البجلي قال ابن معين: ليس حديثه بشيء' و في رواية عنه: ليس بذاك- وضعفه محمد بن عبد الله بن نمير' و ابو حاتم الرازي' و الدارقطني في العلل' وقال مرة: متروك' و ضعفه غيرهم' و لم يحدث عنه عبد الرحمن و يحيى- ينظر: تهذيب الكمال (۱۹/۴۶۹-۴۷۲)-

۱۹۵۶- اعله الدارقطني بابن لهيعة وقد سبقت ترجمته-

Marfat.com

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ جَاءَتِ امْرَاَةٌ وَّابْنَتُهَا مِنْ اَهْلِ الْيَمَنِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى الل عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَفِى يَدِهَا مَسَكَتَانِ غَلِيظَتَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَقَالَ هَلْ تُعْطِينَ زَكَاةَ هٰذَا . قَالَتْ لَا . قَالَ فَيَسُرُّكِ يُسَوِّرَكِ اللّٰهُ بِسِوَارَيْنِ مِنْ نَارٍ . قَالَ فَخَلَعَتْهُمَا وَقَالَتْ هُمَا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ .

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: یمن سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون اپنی صاحبزادی کے ساتھ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اس کے ہاتھ میں سونے سے بنے ہوئے دو کنگن نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم نے اس کی زکوٰۃ ادا کی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! نبی اکرم ﷺ نے یہ فرمایا: کیا تم بات پسند کروگی کہ اللہ تعالیٰ تمہیں آگ کے دو کنگن پہنائے۔ راوی بیان کرتے ہیں: اس نے ان دونوں کو اتار دیا اور عرض کی: اللہ اور اس کے رسول کی نذر ہیں۔

13-باب زَكَاةِ الْاِبِلِ وَالْغَنَمِ.

باب 14: اونٹ اور بکریوں کی زکوٰۃ

1958- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ قُوهِي بِالْمَفْتَحِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الدُّولَابِيُّ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْ يَحْيٰى عَنِ ابْنِ اَرْقَمَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ وَجَدْنَا فِى كِتَابِ عُمَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ فِى صَدَقَةِ الْاِبِلِ فِى خَمْسٍ مِّنَ الْاِبِلِ سَائِمَةٍ شَاةٌ وَّفِى عَشْرٍ شَاتَا وَفِى خَمْسَ عَشْرَةَ ثَلَاثُ شِيَاهٍ وَّفِى عِشْرِينَ اَرْبَعُ شِيَاهٍ وَّفِى خَمْسٍ وَّعِشْرِينَ خَمْسُ شِيَاهٍ فَاِذَا زَادَتْ وَاحِ فَفِيهَا ابْنَةُ مَخَاضٍ فَاِنْ لَّمْ تُوجَدْ فَابْنُ لَبُونٍ ذَكَرٌ اِلٰى خَمْسٍ وَّثَلَاثِينَ فَاِنْ زَادَتْ وَاحِدَةً فَفِيهَا ابْنَةُ لَبُونٍ اِلَ

۱۹۵۷- سبق تخريجه، وذكر متابعاته من رواية حسين في باب: ليس في مال المكاتب زكاة حتى يعتق-

۱۹۵۸- اعله الدارقطني بسليمان بن ارقم، وحكم عليه بالترك، ووافقه على تركه ابو حاتم الرازي و الترمذي و النسائي و عبد الرح بن يوسف بن خراش و ابو احمد الحاكم وغيرهم؛ و من ثم قال البخاري: تركوه- وقال الجوزجاني: ساقط- وقال احمد: لا يسوى شيئا، ولا يروى عنه الحديث - وقال ابن معين: ليس بشيء-ينظر: تهذيب الكمال (۱۱/۲۵۱-۲۵۵)-وقد توبع ابن ارقم علي رفعه للحد عن الزهري: تابعه : سفيان بن حسين عن الزهري- اخرجه الترمذي في الزكاة (۳/۱۷) باب: ما جاء في زكاة الابل و الغنم (٦٢١) و داود في الزكاة (۲/۹۹-۱۰۰) باب: في زكاة السائمة (۱۵٦۸) (۱۵٦۹)- و ابن خزيمة رقم (۲۲٦۷)- وقال الترمذي: (وقد روى يونس يزيد وغير واحد عن الزهري عن سالم بهذا الحديث و لم يرفعوه- و انما رفعه سفيان بن حسين)- اه-قلت: و سفيان بن حسين ضع الحديث في الزهري: فلا يفرح بهذه المتابعة، قال يعقوب بن شيبة: (وفي حديثه ضعف: ما روى عن الزهري)- و قال ابن معين: (ثقة غير الزهري لا يدفع، و حديثه عن الزهري ليس بذاك، انما سمع منه بالموسم)، وقالمرة: (ثقة، و هو ضعيف الحديث عن الزهري وقال النسائي : (ليس به باس الا في الزهري)-وقال ابن عدي: (هو في غير الزهري صالح الحديث، و في الزهري يروي اشياء خالف الناس)- اه- ينظر: تهذيب الكمال (۱۱/۱۳۹-۱۴۲)- و تابعهما على رواية الرافع عن الزهري ايضا: سليمان بن كثير - اخرجه ابن ماجه الزكاة (۱/۵۷۳) باب: صدقة الابل (۱۷۹۸)- قلت: ولا يفرح بهذه المتابعة ايضا: فابن كثير كان يصحب سفيان بن حسين، و ضعفه معين مطلقا- و قال النسائي : (ليس به باس الا في الزهري: فانه يخطئ عليه)- و ضعف روايته عن الزهري كل من محمد بن يحيى و حبان و غيرهما: و منهم قال ابن حجر: (لا باس به في غير الزهري)- اه- ينظر: تهذيب الكمال (۱۲/۵٦ ۵۸)-قلت: ورواية يونس اشار اليها الترمذي قبل رواها ابو داود في الزكاة (۲/۱۰۰-۱۰۱)، باب: في زكاة السائمة (۱۵۷۰)- عن يونس عن ابن شهاب، قال: هذه ن كتاب رسول الله صلى الله عليه وسلم الذي كتبه في الصدقة، و هو عند آل عمر بن الخطاب- قال ابن شهاب: اقرانيها سالم بن عبد بن عمر فوعيتها على وجهها فذكر الحديث بتمامه، و سياتي بعد حديثين-

Marfat.com

خمسٍ وَّاَرْبَعِينَ فَاِذَا زَادَتْ وَاحِدَةً فَفِيهَا حِقَّةٌ طَرُوقَةُ الْجَمَلِ اِلٰى سِتِّينَ فَاِذَا زَادَتْ وَاحِدَةً فَفِيهَا جَذَعَةٌ اِلٰى خمسٍ وَّسَبْعِينَ فَاِنْ زَادَتْ وَاحِدَةً فَفِيهَا بِنْتَا لَبُونٍ اِلٰى تِسْعِينَ فَاِذَا زَادَتْ وَاحِدَةً فَفِيهَا حِقَّتَانِ اِلٰى عِشْرِينَ ومِائَةٍ فَاِذَا زَادَتْ وَاحِدَةً فَفِي كُلِّ اَرْبَعِينَ جَذَعَةٌ وَّفِي كُلِّ خَمْسِينَ حِقَّةٌ طَرُوقَةُ الْجَمَلِ . كَذَا رَوَاهُ سُلَيْمَانُ بْنُ اَرْقَمَ وَهُوَ ضَعِيفُ الْحَدِيثِ مَتْرُوكٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تحریر میں یہ بات پائی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹوں کی زکوٰۃ کے بارے میں یہ فرمایا ہے:

پانچ اونٹوں میں ایک بکری کی ادائیگی لازم ہوگی' دس اونٹوں میں دو بکریوں کی ادائیگی لازم ہوگی' پندرہ میں تین بکریوں کی ادائیگی لازم ہوگی' بیس میں چار کی ادائیگی لازم ہوگی' پچیس میں پانچ بکریوں کی ادائیگی لازم ہوگی' پھر جب وہ زیادہ ہو جائیں گے تو ان میں بنت مخاض کی ادائیگی لازم ہوگی' اگر وہ نہ ملے' تو ایک ابن لبون کی ادائیگی لازم ہوگی جو نر ہو' ۳۵ اونٹوں تک یہی حکم ہوگا اگر وہ ایک بھی زیادہ ہو جائے تو ان میں ۴۵ تک ایک بنت لبون کی ادائیگی لازم ہوگی' پھر اگر وہ ایک بھی زیادہ ہو جائے تو ان میں ایک حقہ کی ادائیگی لازم ہوگی' ساٹھ تک یہی حکم چلے گا' پھر اگر ان میں ایک بھی زیادہ ہو جائے تو ان میں ایک جذعہ کی ادائیگی لازم ہوگی' ۷۵ تک یہی حکم ہے' پھر اگر ان میں ایک بھی زیادہ ہو جائے تو ان میں دو بنت لبون کی ادائیگی لازم ہوگی' یہ حکم ۹۰ تک ہے' اگر ان میں ایک بھی زیادہ ہو جائے تو ان میں دو حقہ کی ادائیگی لازم ہوگی' یہ حکم ۱۲۰ اونٹوں تک ہے' اگر ان سے ایک بھی زیادہ ہو جائے تو ہر چالیس میں ایک جذعہ کی ادائیگی لازم ہوگی اور ہر پچاس میں ایک حقہ کی ادائیگی لازم ہوگی۔

سلمان بن ارقم نامی راوی نے اسی طرح روایت کیا ہے اور یہ شخص ضعیف الحدیث ہے اور متروک ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسین بن علی بن قوھی۔ ذکر حموی فی معجم بلدان ان دارقطنی سمع منہ بالمفتح، قریۃ بین بصرۃ وواسط، وھی من اعمال بصرۃ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: معجم بلدان (۱۹۰/۵)۔

1959 - حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ فِي آخَرِينَ وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ وَالْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ قَالُوا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ لَمَّا اسْتُخْلِفَ وَجَّهَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ اِلَى الْبَحْرَيْنِ فَكَتَبَ هٰذَا الْكِتَابَ هٰذِهِ فَرِيضَةُ الصَّدَقَةِ الَّتِي فَرَضَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَلَى الْمُسْلِمِينَ الَّتِي اَمَرَ بِهَا رَسُولَهُ فَمَنْ سُئِلَهَا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ عَلٰى وَجْهِهَا فَلْيُعْطِهَا وَمَنْ سُئِلَ فَوْقَهَا فَلَا يُعْطِهِ فِي اَرْبَعٍ وَعِشْرِينَ مِنَ

1959- اخرجه ابن ماجه في الزكاة (۱۸۰۰) باب: اذا اخذ المصدق سنا دون سن او فوق سن. و ابن خزيمة في الزكاة (۲۲۶۱) (۲۲۷۹) (۲۲۸۱) (۲۲۹۷) و ابن حبان في الزكاة (۳۲۶۶) من حديث محمد بن عبد الله الانصاري به- و من هذا الوجه ايضا رواه: البخاري في الزكاة (۱۴۴۸) باب: العرض في ... و في باب: لا يجمع بين متفرق ولا يفرق بين مجتمع (۱۴۵۰) و باب: ما كان من خليطين: فانهما يتراجعان بينهما بالسوية (۱۴۵۱) و مواضع اخرى من صحيحه. وشاركه في ايضا البيهقي في الزكاة (۸۵/۴) و الطحاوي في المعاني (۳۳/۲)۔

Marfat.com

الإبل فما دونها الغنم ففيها في كل خمس شاة فإذا بلغت خمسا وعشرين إلى خمس وثلاثين ففيها بنت مخاض أنثى فإذا بلغت ستا وثلاثين إلى خمس وأربعين ففيها ابنة لبون أنثى فإذا بلغت ستا وأربعين إلى ستين ففيها حقة طروقة الجمل فإذا بلغت إحدى وستين إلى خمس وسبعين ففيها جذعة فإذا بلغت ستا وسبعين إلى تسعين ففيها ابنتا لبون فإذا بلغت إحدى وتسعين إلى عشرين ومائة ففيها حقتان طروقتا الجمل فإذا زادت على عشرين ومائة ففي كل أربعين بنت لبون وفي كل خمسين حقة وإن تباين أسنان الإبل في فرائض الصدقات من بلغت عنده من الإبل صدقة الجذعة وليست عنده جذعة وعنده حقة فإنها تقبل منه الحقة ويجعل معها شاتين إن تيسرتا له أو عشرين درهما ومن بلغت صدقته الحقة وليست عنده حقة وعنده جذعة فإنها تقبل منه الجذعة ويعطيه المصدق عشرين درهما أو شاتين ومن بلغت صدقته الحقة وليست عنده إلا ابنة لبون فإنها تقبل منه ابنة لبون ويعطي معها شاتين أو عشرين درهما ومن بلغت صدقته ابنة لبون وليست عنده وعنده حقة فإنها تقبل منه الحقة ويعطيه المصدق عشرين درهما أو شاتين ومن بلغت صدقته ابنة لبون وليست عنده وعنده ابنة مخاض فإنها تقبل منه ابنة مخاض ويعطي معها عشرين درهما أو شاتين ومن بلغت صدقته ابنة مخاض وليست عنده وعنده ابنة لبون فإنها تقبل منه ويعطيه المصدق عشرين درهما أو شاتين فإن لم يكن عنده ابنة مخاض على وجهها وعنده ابن لبون ذكر فإنه يقبل منه وليس معه شيء ومن لم يكن له إلا أربع من الإبل فليس فيها صدقة إلا أن يشاء ربها فإذا بلغت خمسا من الإبل ففيها شاة وصدقة الغنم في سائمتها إذا كانت أربعين إلى عشرين ومائة ففيها شاة فإذا زادت على عشرين ومائة إلى أن تبلغ مائتين ففيها شاتان فإذا زادت على مائتين إلى ثلاثمائة ففيها ثلاث شياه فإذا زادت على ثلاثمائة ففي كل مائة شاة شاة ولا يخرج في الصدقة هرمة ولا ذات عوار ولا تيس إلا ما شاء المصدق ولا يجمع بين متفرق ولا يفرق بين مجتمع خشية الصدقة وما كان من خليطين فإنهما يتراجعان بينهما بالسوية وإذا كانت سائمة الرجل ناقصة من أربعين شاة واحدة فليس فيها صدقة إلا أن يشاء ربها وفي الرقة ربع العشور فإذا لم يكن مال إلا تسعين ومائة فليس فيها صدقة إلا أن يشاء ربها. وقال يوسف في حديثه إن أبا بكر الصديق كتب له هذا الكتاب لما وجهه إلى البحرين بسم الله الرحمن الرحيم هذه فريضة الصدقة. وقال الفضل بن سهل إن أبا بكر لما استخلف وجه أنس بن مالك إلى البحرين وكتب له هذا الكتاب وختمه بخاتم النبي (صلى الله عليه وسلم) وكان نقش خاتم النبي (صلى الله عليه وسلم) محمد سطر ورسول سطر والله سطر هذه فريضة الصدقة التي فرض الله على المسلمين التي أمر بها رسول الله - صلى الله عليه وسلم -.

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو خلیفہ مقرر کیا گیا' تو انہوں نے حضرت انس

لک رضی اللہ عنہ کو بحرین بھیجا اور انہیں یہ تحریر لکھ کر دی:
یہ زکوٰۃ کے بارے میں حکم نامہ ہے جسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں پر فرض قرار دیا ہے جس کا حکم اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو دیا تھا' جس مسلمان سے اس کے مطابق مطالبہ کیا جائے وہ اس کی ادائیگی کر دے' جس سے اس سے زیادہ کا مطالبہ کیا جائے وہ ادائیگی نہ کرے' ۲۴ تک یا اس سے کم میں بکریوں کی ادائیگی کی جائے گی جن میں سے ہر پانچ کے عوض میں ایک بکری کی جائے گی' جب وہ پچیس ہوں تو ۳۳ تک میں ایک بنت مخاض مؤنث کی ادائیگی کی جائے گی' جب وہ ۳۶ سے لے کر ۴۵ تک ہوں تو ان میں ایک بنت لبون مؤنث کی ادائیگی کی جائے گی' ۴۶-۶۰ تک میں ایک حقہ کی ادائیگی کی جائے گی' جسے جفتی کے لیے دیا جا سکے' جب ان کی تعداد ۶۱-۷۵ تک ہو' تو ان میں جذعہ کی ادائیگی ہوگی' جب ان کی تعداد ۷۶-۹۰ تک ہو' تو ان میں دو بنت لبون کی ادائیگی ہو' جب ان کی تعداد ۹۱-۱۲۰ تک ہو' تو ان میں ایک حقہ کی ادائیگی ہوگی' جنہیں جفتی کے لیے دیا جا سکے' جب ان کی تعداد ۱۲۰ سے زیادہ ہو جائے تو ہر چالیس میں ایک بنت لبون کی اور ہر پچاس میں ایک حقہ کی ادائیگی لازم ہوگی' اگر اونٹوں کی عمر اس سے مختلف ہو جس کی ادائیگی زکوٰۃ میں لازم ہوتی ہے تو جس شخص نے جذعہ زکوٰۃ میں ادا کرنا ہو اور اس کے پاس جذعہ نہ ہو بلکہ حقہ موجود ہو' تو اس سے حقہ وصول کیا جائے گا اور اس کے ساتھ دو بکریاں لی جائیں گی' اگر وہ آسانی سے دے سکتا ہے' یا بیس درہم لیے جائیں گے' جس شخص نے حقہ ادا کرنا تھا اور اس کے پاس حقہ نہیں تھا' بلکہ اس کے پاس جذعہ تھا' اس سے جذعہ وصول کیا جائے گا اور زکوٰۃ وصول کرنے والا اسے بیس درہم یا دو بکریاں ادا کر دے گا' جس شخص نے زکوٰۃ میں حقہ ادا کرنا تھا اور اس کے پاس صرف بنت لبون موجود ہو' تو اس سے بنت لبون وصول کی جائے گی اور وہ اس کے ساتھ دو بکریاں دے گا یا بیس درہم دے گا' جس شخص نے بنت لبون زکوٰۃ میں ادا کرنا تھی اور وہ اس کے پاس نہیں تھی' بلکہ اس کے پاس حقہ موجود تھا تو اس سے حقہ کو وصول کر لیا جائے گا' اور زکوٰۃ وصول کرنے والے شخص سے بیس درہم یا دو بکریاں ادا کرے گا' جس شخص نے بنت لبون ادا کرنی تھی اور اس کے پاس وہ نہیں ہو اور اس کے پاس بنت مخاض موجود ہو' تو اس سے بنت مخاض قبول کی جائے گی اور اس کے ساتھ اسے بیس درہم دیئے جائیں گے' یا دو بکریاں ادا کی جائیں گی' جس شخص نے بنت مخاض ادا کرنا تھی اور اس کے پاس وہ نہ ہو' بلکہ اس کے پاس بنت لبون ہو' تو اسے اس سے لے لیا جائے گا اور صدقہ وصول کرنے والا شخص اسے بیس درہم یا دو بکریاں ادا کر دے گا' اگر اس شخص کے پاس بنت مخاض نہ ہو بلکہ اس کے پاس ابن لبون مذکر ہو' تو اس سے وہی وصول کیا جائے گا اور اس کے ساتھ کوئی چیز نہیں لی جائے گی' جس شخص کے پاس صرف چار اونٹ ہوں اس پر زکوٰۃ لازم نہیں ہوگی' (البتہ اگر ان کا مالک چاہے تو ادائیگی کر سکتا ہے) جب اونٹوں کی تعداد پانچ ہو جائے گی' تو ان پر ایک بکری کی ادائیگی لازم ہو جائے گی' اس طرح بکریوں کے بارے میں حکم یہ ہے: جب ان کی تعداد ۴۰-۱۲۰ تک ہو' تو ان میں ایک بکری کی ادائیگی لازم ہوگی' اگر تعداد ۱۲۰ سے زیادہ ہو جائے تو ۲۰۰ تک میں دو بکریوں کی ادائیگی لازم ہو جائے گی' جب تعداد ۲۰۰ سے زیادہ ہو جائے تو ۳۰۰ تک میں تین بکریوں کی ادائیگی لازم ہوگی' جب تعداد ۳۰۰ سے زیادہ ہو جائے تو ہر ایک سو میں ایک بکری کی ادائیگی لازم ہو جائے گی۔
زکوٰۃ میں ٹوٹے ہوئے سینگ والی' کانی' لنگڑی بکری قبول نہیں کی جائے گی' (البتہ اگر صدقہ وصول کرنے والا چاہے تو

Marfat.com

ایسے کسی جانور کو قبول کر وصول کر سکتا ہے) اور زکوۃ سے بچنے کے لیے الگ الگ مال کو اکٹھا نہیں کیا جائے گا اور اکٹھے مال کو الگ الگ نہیں کیا جائے گا' جو چیز دو آدمیوں کی مشترکہ ملکیت ہو' تو ان دونوں سے برابر کی بنیاد پر وصول کی جائے گی۔ اگر کسی شخص کی بکریاں ۴۰ سے ایک بھی کم ہوں تو ان پر زکوۃ کی ادائیگی واجب نہیں ہوگی' البتہ اگر ان کا مالک چاہے تو کوئی ادائیگی کر سکتا ہے۔ غلاموں میں ''عشر'' کے چوتھائی حصے (یعنی اصل قیمت کا اڑھائی فیصد) کی ادائیگی لازم ہوگی۔

اگر کسی شخص کے مال میں صرف ۱۹۰ (درہم) ہوں تو ان پر زکوۃ لازم نہیں ہوگی' البتہ اگر ان کا مالک چاہے تو کوئی ادائیگی کر سکتا ہے۔

یوسف نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ تحریر انہیں اس وقت لکھ کر دی تھی جب انہیں بحرین بھیجا تھا۔ (اس میں یہ الفاظ ہیں:)

اللہ تعالیٰ کے نام سے آغاز کرتا ہوں جو رحمٰن اور رحیم ہے' یہ زکوۃ کی فرضیت (کا حکم نامہ) ہے۔

فضل نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو خلیفہ مقرر کیا گیا' تو انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو بحرین بھیجا اور انہیں یہ تحریر لکھ کر دی اور اس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر لگائی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر مبارک پر یہ الفاظ کندہ تھے: لفظ محمد ایک سطر میں' لفظ رسول ایک سطر میں اور لفظ اللہ ایک سطر میں۔

یہ زکوۃ کی فرضیت کا حکم نامہ ہے' جسے اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر فرض قرار دیا ہے' جس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے۔

1960 - حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شِيرَوَيْهِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ اَنْبَاَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ اَخَذْنَا هٰذَا الْكِتَابَ مِنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ يُحَدِّثُهُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ هٰذِهِ فَرَائِضُ صَدَقَةِ الْمُسْلِمِينَ الَّتِي اَمَرَ اللّٰهُ بِهَا رَسُولَهُ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَمَنْ سُئِلَهَا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فَلْيُعْطِهَا عَلٰى وَجْهِهَا وَمَنْ سُئِلَهَا عَلٰى غَيْرِ وَجْهِهَا فَلَا يُعْطِهَا فِي كُلِّ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِينَ مِنَ الْاِبِلِ فَمَا دُونَهَا الْغَنَمُ فِي كُلِّ خَمْسٍ شَاةٌ فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا وَعِشْرِينَ اِلٰى خَمْسٍ وَّثَلَاثِينَ فَفِيهَا بِنْتُ مَخَاضٍ فَاِنْ لَمْ تَكُنْ بِنْتُ مَخَاضٍ فَابْنُ لَبُونٍ ذَكَرٌ فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَّثَلَاثِينَ فَفِيهَا بِنْتُ لَبُونٍ اِلٰى خَمْسٍ وَّاَرْبَعِينَ فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَّاَرْبَعِينَ فَفِيهَا حِقَّةٌ اِلٰى سِتِّينَ فَاِذَا بَلَغَتْ اِحْدٰى وَسِتِّينَ فَفِيهَا جَذَعَةٌ اِلٰى خَمْسٍ وَّسَبْعِينَ فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَّسَبْعِينَ فَفِيهَا بِنْتَا لَبُونٍ اِلٰى تِسْعِينَ فَاِذَا بَلَغَتْ اِحْدٰى وَتِسْعِينَ فَفِيهَا حِقَّتَانِ اِلٰى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ فَاِذَا بَلَغَتْ اِحْدٰى وَعِشْرِينَ وَمِائَةٍ فَفِي كُلِّ اَرْبَعِينَ بِنْتُ لَبُونٍ وَّفِي كُلِّ خَمْسِينَ حِقَّةٌ فَاِنْ تَبَايَنَ اَسْنَانُ الْاِبِلِ فَبَلَغَتِ الصَّدَقَةُ عَلَيْهِ جَذَعَةً وَّلَيْسَتْ عِنْدَهُ جَذَعَةٌ وَّعِنْدَهُ حِقَّةٌ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ وَيَجْعَلُ مَعَهَا شَاتَيْنِ اِنِ اسْتَيْسَرَتَا اَوْ عِشْرِينَ دِرْهَمًا فَاِنْ بَلَغَتِ الصَّدَقَةُ عَلَيْهِ حِقَّةً وَّلَيْسَتْ عِنْدَهُ وَعِنْدَهُ جَذَعَةٌ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ

۱۹۶۰- اخرجه ابو داود في الزكاة (۱۵۶۷) باب في زكاة السائمة' و النسائي في الزكاة (۵/۱۸-۲۳) باب زكاة الابل' و في باب زكاة الغنم (۵/۲۷-۲۹) و البيهقي في الزكاة (۴/۸۶) و احمد في المسند (۱/۱۱-۱۲) من حديث حماد بن سلمة' به۔

Marfat.com

مِنْهُ وَيُعْطِيهِ الْمُصَدِّقُ شَاتَيْنِ اَوْ عِشْرِينَ دِرْهَمًا فَإِذَا بَلَغَتِ الصَّدَقَةُ عَلَيْهِ حِقَّةً وَّلَيْسَتْ عِنْدَهُ اِلَّا ابْنَةُ لَبُونٍ فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ وَيُعْطِي مَعَهَا شَاتَيْنِ اَوْ عِشْرِينَ دِرْهَمًا وَمَنْ بَلَغَتِ الصَّدَقَةُ عِنْدَهُ ابْنَةَ لَبُونٍ وَّلَيْسَتْ عِنْدَهُ بِنْتُ لَبُونٍ وَّعِنْدَهُ حِقَّةٌ فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ وَيُعْطِي الْمُصَدِّقُ مَعَهَا شَاتَيْنِ اَوْ عِشْرِينَ دِرْهَمًا فَإِنْ بَلَغَتِ الصَّدَقَةُ عَلَيْهِ بِنْتَ لَبُونٍ وَّلَيْسَتْ عِنْدَهُ وَعِنْدَهُ ابْنَةُ مَخَاضٍ فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ وَيُعْطِي مَعَهَا شَاتَيْنِ اَوْ عِشْرِينَ دِرْهَمًا وَمَنْ بَلَغَتِ الصَّدَقَةُ عَلَيْهِ بِنْتَ مَخَاضٍ وَّلَيْسَتْ عِنْدَهُ اِلَّا ابْنَةُ لَبُونٍ فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ وَيُعْطِي الْمُصَدِّقُ شَاتَيْنِ اَوْ عِشْرِينَ دِرْهَمًا وَمَنْ بَلَغَتِ الصَّدَقَةُ عَلَيْهِ بِنْتَ مَخَاضٍ وَّلَيْسَتْ عِنْدَهُ وَعِنْدَهُ ابْنُ لَبُونٍ ذَكَرٌ فَإِنَّهُ يُؤْخَذُ مِنْهُ وَلَيْسَ مَعَهُ شَيْءٌ وَّمَنْ لَّمْ يَكُنْ عِنْدَهُ اِلَّا اَرْبَعٌ مِنَ الْإِبِلِ فَلَيْسَ فِيهَا صَدَقَةٌ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ رَبُّهَا فَإِذَا بَلَغَتِ الْإِبِلُ خَمْسًا فَفِيهَا شَاةٌ وَّفِي سَائِمَةِ الْغَنَمِ اِذَا كَانَتْ اَرْبَعِينَ اِلَى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ شَاةٌ وَّاحِدَةٌ فَإِذَا بَلَغَتْ اِحْدَى وَعِشْرِينَ وَمِائَةً اِلَى مِائَتَيْنِ فَفِيهَا شَاتَانِ اِلَى مِائَتَيْنِ فَإِذَا زَادَتْ وَاحِدَةً اِلَى ثَلَاثِمِائَةٍ فَفِي كُلِّ مِائَةٍ شَاةٌ وَلَا يُخْرَجُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَّلَا ذَاتُ عَوَارٍ وَّلَا تَيْسٌ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ الْمُصَدِّقُ وَلَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ وَمَا كَانَ مِنْ خَلِيطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ فَإِذَا نَقَصَتْ سَائِمَةُ الْغَنَمِ مِنْ اَرْبَعِينَ شَاةً شَاةً وَّاحِدَةً فَلَيْسَ فِيهَا صَدَقَةٌ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ رَبُّهَا وَفِي الرِّقَةِ رُبُعُ الْعُشُورِ فَإِنْ لَّمْ يَكُنْ مَّالٌ اِلَّا تِسْعِينَ وَمِائَةَ دِرْهَمٍ فَلَيْسَ فِيهَا صَدَقَةٌ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ رَبُّهَا . اِسْنَادٌ صَحِيحٌ وَّكُلُّهُمْ ثِقَاتٌ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ نقل کرتے ہیں:

مسلمانوں کے زکوٰۃ ادا کرنے کے بارے میں یہ حکم نامہ ہے' جس کا حکم اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو دیا ہے' اہل ایمان میں سے جس شخص سے اس کے مطابق مطالبہ کیا جائے وہ اس کے مطابق ادائیگی کر دے اور جس سے اس کے علاوہ کوئی مطالبہ کیا جائے وہ دوسری کوئی ادائیگی نہ کرے' ہر چوبیس اونٹوں یا اُس سے کم میں ہر پانچ اونٹوں کی زکوٰۃ ایک بکری ہوگی' ۲۵۔۳۵ تک میں ایک بنت مخاض کی ادائیگی لازم ہوگی' اگر بنت مخاض موجود نہ ہو' تو ابن لبون کی ادائیگی ہوگی جو مذکر ہو' پھر ۳۶۔۴۵ تک میں بنت لبون کی ادائیگی لازم ہوگی' پھر ۴۶۔۶۰ تک میں ایک حقہ کی ادائیگی لازم ہوگی' ۶۱۔۷۵ تک میں جذعہ کی ادائیگی لازم ہوگی' ۷۶۔۹۰ تک میں دو بنت لبون کی ادائیگی لازم ہوگی' ۹۱۔۱۲۰ تک میں دو حقہ کی ادائیگی لازم ہوگی' ۱۲۱ سے آگے یہ حکم ہوگا کہ ہر چالیس میں ایک بنت لبون کی ادائیگی اور پچاس میں ایک حقہ کی ادائیگی لازم ہوگی' اگر اونٹوں کی عمر میں فرق آ جائے تو جس شخص کے ذمے جذعہ کی ادائیگی بطور زکوٰۃ لازم ہوگی' تو اگر اس کے پاس جذعہ نہ ہو بلکہ حقہ موجود ہو' تو اس سے وہی وصول کر لیا جائے گا اور وہ شخص اس کے ساتھ دو بکریاں ادا کرے گا' اگر یہ ادا کرنا اس کے لیے ممکن ہو' یا پھر بیس درہم ادا کرے گا' اگر اس شخص کے ذمے حقہ کی ادائیگی لازمی تھی اور اس کے پاس نہ ہو بلکہ اس کے پاس جذعہ ہو' تو اس سے وہی وصول کر لیا جائے گا اور صدقہ وصول کرنے والا شخص اس کے ساتھ دو بکریاں یا بیس درہم ادا کر دے گا' جس شخص کے ذمے حقہ کی ادائیگی لازم تھی اور وہ اس کے پاس نہ ہو بلکہ اس کے پاس بنت لبون ہو' تو اس سے وہی وصول کر لی جائے گی اور وہ شخص اس کے ساتھ دو بکریاں یا بیس درہم

Marfat.com

ادا کرے گا' جس شخص نے بنت لبون ادا کرنا تھی اور اس کے پاس بنت لبون نہ ہو' بلکہ اس کے پاس حقہ ہو' تو اس سے وہی وصول کر لی جائے گی اور صدقہ وصول کرنے والا شخص اسے دو بکریاں یا بیس درہم ادا کرے گا۔

اگر زکوٰۃ میں بنت لبون کی ادائیگی لازم تھی اور وہ اس شخص کے پاس نہ ہو بلکہ اس کے پاس بنت مخاض ہو' تو اس سے وہی وصول کر لیا جائے گا اور وہ شخص اس کے دو بکریاں یا بیس درہم ادا کرے گا' جس شخص نے زکوٰۃ میں بنت مخاض ادا کرنی تھی اور وہ اس کے پاس نہ ہو بلکہ اس کے پاس بنت لبون ہو' تو اس سے وہی وصول کی جائے گی' اور صدقہ وصول کرنے والا شخص اسے دو بکریاں یا بیس درہم ادا کر دے گا۔

جس شخص کے ذمے زکوٰۃ میں بنت مخاض ادا کرنا تھی اور وہ اس کے پاس نہ ہو بلکہ اس کے پاس ابن لبون ہو جو مذکر ہو' تو اس سے وہی وصول کر لیا جائے گا اور اس کے ساتھ کوئی چیز وصول نہیں کی جائے گی' جس شخص کے پاس صرف چار اونٹ ہوں تو اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی' البتہ اگر ان کا مالک چاہے (تو صدقہ کے طور پر) کوئی ادائیگی کر سکتا ہے' جب پانچ اونٹ ہو جائیں گے تو ان میں ایک بکری کی ادائیگی لازم ہوگی۔

بکریوں کے بارے میں حکم یہ ہے: ۴۰۔۱۲۰ تک میں ایک بکری کی ادائیگی لازم ہوگی' ۱۲۱۔۲۰۰ بکریوں میں دو بکریوں کی ادائیگی لازم ہوگی' ۲۰۰۔۳۰۰ تک میں (اس سے زیادہ میں) ہر ایک سو میں ایک بکری کی ادائیگی لازم ہوگی۔

زکوٰۃ میں کوئی سینگ ٹوٹی ہوئی' کانی یا لنگڑی بکری ادا نہیں کی جائے گی' البتہ اگر زکوٰۃ وصول کرنے والا چاہے (تو ایسا کوئی جانور وصول کر سکتا ہے) زکوٰۃ کی ادائیگی سے بچنے کے لیے الگ' الگ مال کو اکٹھا نہیں کیا جائے گا اور اکٹھے مال کو الگ' الگ نہیں کیا جائے گا' جو چیز دو لوگوں کی مشترکہ ملکیت ہو' تو ان دونوں سے برابری کی بنیاد پر وصولی کی جائے گی' اگر بکریوں کی تعداد چالیس سے ایک بھی کم ہو' تو اس پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی' البتہ اگر ان کا مالک چاہے تو اس سے کوئی ادائیگی کر سکتا ہے۔

غلاموں میں عشر کے چوتھائی حصے (یعنی اصل قیمت کا اڑھائی فیصد) کی ادائیگی لازم ہوگی۔

اگر کسی شخص کے پاس مال میں صرف ۱۹۰ درہم ہوں تو اس پر زکوٰۃ ادا کرنا لازم نہیں ہوگا (البتہ اگر ان کا مالک چاہے تو صدقے کے طور پر کوئی ادائیگی کر سکتا ہے)۔

اس روایت کی سند مستند ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

1961- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ هٰذِهٖ نُسْخَةُ كِتَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الَّتِىْ كَتَبَ فِى الصَّدَقَةِ هُوَ عِنْدَ اٰلِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ اَقْرَاَنِيْهَا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَوَعَيْتُهَا عَلٰى وَجْهِهَا وَهِىَ الَّتِى انْتَسَخَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَسَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ حِيْنَ اُمِّرَ عَلَى الْمَدِيْنَةِ فَاَمَرَ عُمَّالَهٗ بِالْعَمَلِ بِهَا وَكَتَبَ بِهَا اِلَى الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ فَاَمَرَ

۱۹۶۱- اخرجه ابو داود في الزكاة (۲/۱۰۰-۱۰۱) باب: في زكاة السائمة (۱۵۷۰) من حديث ابن المبارك' به- و راجع تخريج الحديث الاول في هذا الباب-

Marfat.com

الْوَلِيْدُ عُمَّالَهُ بِالْعَمَلِ بِهَا ثُمَّ لَمْ يَزَلِ الْخُلَفَاءُ يَأْمُرُوْنَ بِذٰلِكَ بَعْدَهُ ثُمَّ اَمَرَ بِهَا هِشَامُ ابْنُ هَانِئٍ فَنَسَخَهَا اِلٰى كُلِّ عَامِلٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَمَرَهُمْ بِالْعَمَلِ بِمَا فِيْهَا وَلَايَتَعَدَّوْنَهَا وَهٰذَا كِتَابُ تَفْسِيْرِهَا لَا يُؤْخَذُ فِىْ شَىْءٍ مِّنَ الْاِبِلِ الصَّدَقَةُ حَتّٰى تَبْلُغَ خَمْسَ ذَوْدٍ فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا فَفِيْهَا شَاةٌ حَتّٰى تَبْلُغَ عَشْرًا فَاِذَا بَلَغَتْ عَشْرًا فَفِيْهَا شَاتَانِ حَتّٰى تَبْلُغَ خَمْسَ عَشْرَةَ فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسَ عَشْرَةَ فَفِيْهَا ثَلَاثُ شِيَاهٍ حَتّٰى تَبْلُغَ عِشْرِيْنَ فَاِذَا بَلَغَتْ عِشْرِيْنَ فَفِيْهَا اَرْبَعُ شِيَاهٍ حَتّٰى تَبْلُغَ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ اُفْرِضَتْ فَكَانَ فِيْهَا فَرِيْضَةُ بِنْتِ مَخَاضٍ فَاِنْ لَمْ تُوْجَدْ بِنْتُ مَخَاضٍ فَابْنُ لَبُوْنٍ ذَكَرٌ حَتّٰى تَبْلُغَ خَمْسًا وَثَلَاثِيْنَ فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَثَلَاثِيْنَ فَفِيْهَا بِنْتُ لَبُوْنٍ حَتّٰى تَبْلُغَ خَمْسًا وَاَرْبَعِيْنَ فَاِذَا كَانَتْ سِتًّا وَاَرْبَعِيْنَ فَفِيْهَا حِقَّةٌ طَرُوْقَةُ الْجَمَلِ حَتّٰى تَبْلُغَ سِتِّيْنَ فَاِذَا كَانَتْ اِحْدٰى وَسِتِّيْنَ فَفِيْهَا جَذَعَةٌ حَتّٰى تَبْلُغَ خَمْسًا وَسَبْعِيْنَ فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَسَبْعِيْنَ فَفِيْهَا بِنْتَا لَبُوْنٍ حَتّٰى تَبْلُغَ تِسْعِيْنَ فَاِذَا كَانَتْ اِحْدٰى وَتِسْعِيْنَ فَفِيْهَا حِقَّتَانِ طَرُوْقَتَا الْجَمَلِ حَتّٰى تَبْلُغَ عِشْرِيْنَ وَمِائَةً فَاِذَا كَانَتْ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ وَمِائَةً فَفِيْهَا ثَلَاثُ بَنَاتِ لَبُوْنٍ حَتّٰى تَبْلُغَ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ وَمِائَةً فَاِذَا كَانَتْ ثَلَاثِيْنَ وَمِائَةً فَفِيْهَا حِقَّةٌ وَّبِنْتَا لَبُوْنٍ حَتّٰى تَبْلُغَ تِسْعًا وَثَلَاثِيْنَ وَمِائَةً فَاِذَا كَانَتْ اَرْبَعِيْنَ وَمِائَةً فَفِيْهَا حِقَّتَانِ وَبِنْتُ لَبُوْنٍ حَتّٰى تَبْلُغَ تِسْعًا وَاَرْبَعِيْنَ وَمِائَةً فَاِذَا كَانَتْ خَمْسِيْنَ وَمِائَةً فَفِيْهَا ثَلَاثُ حِقَاقٍ حَتّٰى تَبْلُغَ تِسْعًا وَخَمْسِيْنَ وَمِائَةً فَاِذَا بَلَغَتْ سِتِّيْنَ وَمِائَةً فَفِيْهَا اَرْبَعُ بَنَاتِ لَبُوْنٍ حَتّٰى تَبْلُغَ تِسْعًا وَسِتِّيْنَ وَمِائَةً فَاِذَا كَانَتْ سَبْعِيْنَ وَمِائَةً فَفِيْهَا حِقَّةٌ وَّثَلَاثُ بَنَاتِ لَبُوْنٍ حَتّٰى تَبْلُغَ تِسْعًا وَسَبْعِيْنَ وَمِائَةً فَاِذَا كَانَتْ ثَمَانِيْنَ وَمِائَةً فَفِيْهَا حِقَّتَانِ وَبِنْتَا لَبُوْنٍ حَتّٰى تَبْلُغَ تِسْعًا وَثَمَانِيْنَ وَمِائَةً فَاِذَا كَانَتْ تِسْعِيْنَ وَمِائَةً فَفِيْهَا ثَلَاثُ حِقَاقٍ وَّبِنْتُ لَبُوْنٍ حَتّٰى تَبْلُغَ تِسْعًا وَتِسْعِيْنَ وَمِائَةً فَاِذَا كَانَتْ مِائَتَيْنِ فَفِيْهَا اَرْبَعُ حِقَاقٍ اَوْ خَمْسُ بَنَاتِ لَبُوْنٍ اَىَّ السِّنِيْنَ وَجَدْتَ فِيْهَا اَخَذْتَ عَلٰى عِدَّةِ مَا كَتَبْنَا فِىْ هٰذَا الْكِتَابِ ثُمَّ كُلُّ شَىْءٍ مِّنَ الْاِبِلِ عَلٰى ذٰلِكَ يُؤْخَذُ عَلٰى نَحْوِ مَا كَتَبْنَا فِىْ هٰذَا الْكِتَابِ وَلَايُؤْخَذُ مِنَ الْغَنَمِ صَدَقَةٌ حَتّٰى تَبْلُغَ اَرْبَعِيْنَ شَاةً فَاِذَا بَلَغَتْ اَرْبَعِيْنَ شَاةً فَفِيْهَا شَاةٌ حَتّٰى تَبْلُغَ عِشْرِيْنَ وَمِائَةً فَاِذَا كَانَتْ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ وَمِائَةً فَفِيْهَا شَاتَانِ حَتّٰى تَبْلُغَ مِائَتَيْنِ فَاِذَا كَانَتْ شَاةً وَّمِائَتَيْنِ فَفِيْهَا ثَلَاثُ شِيَاهٍ حَتّٰى تَبْلُغَ ثَلَاثَمِائَةٍ فَاِذَا زَادَتْ عَلٰى ثَلَاثِمِائَةِ شَاةٍ فَلَيْسَ فِيْهَا اِلَّا ثَلَاثُ شِيَاهٍ حَتّٰى تَبْلُغَ اَرْبَعَمِائَةِ شَاةٍ فَاِذَا بَلَغَتْ اَرْبَعَمِائَةِ شَاةٍ فَفِيْهَا اَرْبَعُ شِيَاهٍ حَتّٰى تَبْلُغَ خَمْسَمِائَةِ شَاةٍ فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسَمِائَةِ شَاةٍ فَفِيْهَا خَمْسُ شِيَاهٍ حَتّٰى تَبْلُغَ سِتَّمِائَةِ شَاةٍ فَاِذَا بَلَغَتْ سِتَّمِائَةِ شَاةٍ فَفِيْهَا سِتُّ شِيَاهٍ حَتّٰى تَبْلُغَ سَبْعَمِائَةِ شَاةٍ فَاِذَا بَلَغَتْ سَبْعَمِائَةِ شَاةٍ فَفِيْهَا سَبْعُ شِيَاهٍ حَتّٰى تَبْلُغَ ثَمَانَمِائَةِ شَاةٍ فَاِذَا بَلَغَتْ ثَمَانَمِائَةِ شَاةٍ فَفِيْهَا ثَمَانُ شِيَاهٍ حَتّٰى تَبْلُغَ تِسْعَمِائَةِ شَاةٍ فَاِذَا بَلَغَتْ تِسْعَمِائَةِ شَاةٍ فَفِيْهَا تِسْعُ شِيَاهٍ حَتّٰى تَبْلُغَ اَلْفَ شَاةٍ فَاِذَا بَلَغَتْ اَلْفَ شَاةٍ فَفِيْهَا عَشْرُ شِيَاهٍ ثُمَّ فِىْ كُلِّ مَا زَادَتْ مِائَةَ شَاةٍ شَاةٌ.

☆☆ ابن شہاب بیان کرتے ہیں: یہ نبی اکرم ﷺ کے خط کا نسخہ ہے جو آپ ﷺ نے زکوٰۃ کے بارے میں تحریر کیا تھا اور یہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی آل کے پاس موجود ہے۔

Marfat.com

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: سالم بن عبداللہ بن عمر نے یہ مجھے پڑھ کر سنایا اور میں نے اسے اسی طرح محفوظ کر لیا' یہ وہی نسخہ ہے جس کی ایک نقل عمر بن عبدالعزیز نے عبداللہ بن عمر اور سالم بن عبداللہ سے لی تھی' جب انہیں مدینہ منورہ کا گورنر مقرر کیا گیا تھا۔

عمر بن عبدالعزیز نے اپنے سرکاری اہلکاروں کو اس پر عمل کرنے کا حکم دیا تھا اور یہی لکھ کر ولید بن عبدالملک کے پاس بھیج دیا تھا' ولید نے بھی اپنے اہلکاروں کو اس پر عمل کرنے کا حکم دیا تھا' اس کے بعد خلفاء اس کے مطابق حکم دیتے رہتے ہیں' پھر ہشام بن ہانی کے حکم کے تحت اس کی نقل ہر مسلمان اہلکار تک پہنچا دی گئی' اس نے اس پر موجود احکام پر عمل کرنے کا حکم بھی دیا اور یہ ہدایت کی کہ وہ اس سے تجاوز نہ کریں۔

یہ تحریر اس کی وضاحت کرتی ہے:

''اونٹ میں زکوٰۃ کی ادائیگی اس وقت لازم ہوگی جب ان کی تعداد پانچ ہو جائے' جب وہ پانچ ہو جائیں گے تو ان پر ایک بکری کی ادائیگی لازم ہوگی' یہاں تک کہ وہ دس ہو جائیں' جب وہ دس ہو جائیں گے تو ان پر دو بکریوں کی ادائیگی لازم ہوگی جب وہ پندرہ ہو جائیں گے تو ان میں تین بکریوں کی ادائیگی لازم ہوگی' یہاں تک کہ ان کی تعداد بیس ہو جائے' اور جب وہ بیس ہو جائیں گے تو ان پر چار بکریوں کی ادائیگی لازم ہوگی یہاں تک کہ وہ ۲۵ ہو جائیں' جب وہ ۲۵ ہو جائیں گے تو ان میں ایک بنت مخاض کی ادائیگی لازم ہو جائے گی' اگر بنت مخاض نہ مل سکے تو مذکر ابن لبون کی ادائیگی لازم ہوگی یہاں تک کہ ان کی تعداد ۳۵ ہو جائے۔

جب ان کی تعداد ۳۶-۴۵ تک ہو تو ان کے اندر ایک بنت لبون کی ادائیگی لازم ہوگی' ۴۶-۶۰ تک ان میں ایک حقہ کی ادائیگی لازم ہوگی جسے جفتی کے لیے دیا جا سکے' ۶۱-۷۵ تک میں اسے ایک جذعہ کی ادائیگی لازم ہوگی' ۷۶-۹۰ تک میں دو بنت لبون کی ادائیگی لازم ہوگی' ۹۱-۱۲۰ تک میں دو حقہ کی ادائیگی لازم ہوگی' جسے جفتی کے لیے دیا جا سکے۔

۱۲۱-۱۲۹ تک میں تین بنت لبون کی ادائیگی لازم ہوگی' ۱۳۰-۱۳۵ تک میں ایک حقہ اور دو بنت لبون کی ادائیگی لازم ہوگی' ۱۴۰ تک میں دو حقہ اور ایک بنت لبون کی ادائیگی لازم ہوگی' یہاں تک کہ ان کی تعداد ۱۴۹ ہو جائے' جب ان کی تعداد ۱۵۰ ہو جائے تو ان میں تین حقہ کی ادائیگی لازم ہوگی' یہاں تک کہ ان کی تعداد ۱۵۹ ہو جائے' جب ان کی تعداد ۱۶۰ ہو جائے گی' تو ان میں چار بنت لبون کی ادائیگی لازم ہو جائے گی' ۱۶۹ تک میں یہی حکم ہے' جب ان کی تعداد ۱۷۰ ہو جائے گی' تو ان میں ایک حقہ اور تین بنت لبون کی ادائیگی لازم ہوگی' یہ حکم ۱۷۹ تک میں ہے' جب ان کی تعداد ۱۸۰ ہو جائے تو ان میں دو حقہ اور دو بنت لبون کی ادائیگی لازم ہوگی' یہ حکم ۱۸۹ تک ہے' جب ان کی تعداد ۱۹۰ ہو جائے تو ان میں تین حقہ اور ایک بنت لبون کی ادائیگی لازم ہوگی' یہ حکم ۱۹۹ تک ہے' جب ان کی تعداد ۲۰۰ ہو جائے تو ان میں چار حقہ یا پانچ بنت لبون کی ادائیگی لازم ہوگی' خواہ دونوں میں سے جو بھی ہو' جو بھی تمہیں ملے گا تم اسے وصول کر لو گے' اس گنتی کے مطابق جو ہم نے اس کتاب میں تحریر کیا ہے۔

اس کے بعد اونٹوں کی تمام قسموں میں اس کے مطابق وصولی کی جائے گی جو ہم نے اس کتاب میں تحریر کر دیا ہے۔

Marfat.com

بکریوں میں زکوٰۃ اس وقت وصول نہیں کی جائے گی جب تک ان کی تعداد ۴۰ نہ ہو جائے' جب ان کی تعداد ۴۰ ہو جائے گی' تو ان پر ایک بکری کی ادائیگی لازم ہو جائے گی' یہ حکم ۱۲۰ بکریاں ہونے تک ہے' جب ان کی تعداد ۱۲۱ ہو جائے گی' تو ان میں دو بکریوں کی ادائیگی لازم ہو جائے گی' یہ حکم ۲۰۰ کی تعداد ہے' جب ان کی تعداد ۲۰۱ ہو جائے گی' تو ان میں تین بکریوں کی ادائیگی لازم ہو جائے گی' یہ حکم ۳۰۰ تک ہے' جب ان کی تعداد ۳۰۰ سے زیادہ ہو جائے گی' تو ۴۰۰ تک میں صرف تین بکریوں کی ادائیگی لازم ہوگی' جب ان کی تعداد ۴۰۰ ہو جائے گی' تو اس میں چار بکریوں کی ادائیگی لازم ہوگی' یہ حکم پانچ سو کی تعداد تک ہے جب ان کی تعداد ۵۰۰ تک ہوگی' تو ان میں ایک مزید بکری کی ادائیگی لازم ہوگی' یہ حکم ۶۰۰ تک ہے جب ان کی تعداد ۶۰۰ تک ہو جائے گی' تو ان میں ۶ بکریوں کی ادائیگی لازم ہوگی یہاں تک کہ ان کی تعداد ۷۰۰ تک ہو جائے' جب ان کی تعداد ۷۰۰ تک ہو جائے تو ان میں ۷ بکریوں کی ادائیگی لازم ہو جائے گی' یہاں تک کہ ان کی تعداد ۸۰۰ ہو جائے' جب ان کی تعداد ۸۰۰ ہو جائے گی' تو ۸ بکریوں کی ادائیگی لازم ہوگی' یہاں تک کہ ان کی تعداد ۹۰۰ ہو جائے گی' جب ان کی تعداد ۹۰۰ ہو جائے گی' تو ان میں ۹ بکریوں کی ادائیگی لازم ہو جائے گی یہاں تک کہ ان کی تعداد ۱۰۰۰ ہو جائے' جب ۱۰۰۰ بکریاں ہو جائیں گی' تو ان میں دس بکریوں کی ادائیگی لازم ہو جائے گی' پھر اس کے بعد جو بھی تعداد زیادہ ہوگی' ہر ایک سو میں ایک بکری کی ادائیگی (بطور زکوٰۃ) لازم ہوگی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن محمد بن اسماء بن عبید ضبعی - ابو عبدالرحمٰن بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 231ھ میں ہوا۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ص (۵۴۱) (ت ۳۶۰۲)۔

1962- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الدَّقِيقِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَنْبَاَنَا حَبِيبُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ هَرِمٍ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَنْصَارِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ حِينَ اسْتُخْلِفَ اَرْسَلَ اِلَى الْمَدِينَةِ يَلْتَمِسُ عَهْدَ رَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي الصَّدَقَاتِ فَوُجِدَ عِنْدَ الِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ كِتَابُ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِلَى عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ فِي الصَّدَقَاتِ وَوُجِدَ عِنْدَ الِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ كِتَابُ عُمَرَ اِلَى عُمَّالِهِ فِي الصَّدَقَاتِ بِمِثْلِ كِتَابِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِلَى عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ فَاَمَرَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ عُمَّالَهُ عَلَى الصَّدَقَاتِ اَنْ يَاْخُذُوا بِمَا فِي ذَيْنِكَ الْكِتَابَيْنِ فَكَانَ فِيهِمَا فِي صَدَقَةِ الْاِبِلِ فَاِذَا زَادَتْ عَلَى التِّسْعِينَ وَاحِدَةٌ فَفِيهَا حِقَّتَانِ اِلَى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ فَاِذَا زَادَتْ عَلَى الْعِشْرِينَ وَمِائَةٍ وَاحِدَةٌ فَفِيهَا ثَلَاثُ بَنَاتِ لَبُونٍ حَتَّى تَبْلُغَ تِسْعًا وَعِشْرِينَ وَمِائَةً فَاِذَا كَانَتِ الْاِبِلُ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ فِيمَا لَا يَبْلُغُ الْعَشْرُ مِنْهَا شَيْءٌ حَتَّى يَبْلُغَ الْعَشْرَ .

۱۹۶۲- هذا الحديث و جادة، و قد ورد حديث عمرو بن حزم موصولاً مطولاً و اعله الحفاظ: راجع: نصب الراية للزيلعي (۲/ ۳۳۹-۳۴۲)۔

Marfat.com

☆☆ محمد بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: جب حضرت عمر بن عبدالعزیز کو خلیفہ مقرر کیا گیا تو انہوں نے مدینہ منورہ پیغا بھیجا کہ نبی اکرم ﷺ کے زمانۂ اقدس سے تعلق رکھنے والا زکوٰۃ کے بارے میں کوئی حکم نامہ تلاش کریں' تو حضرت عمرو ب حزم رضی اللہ عنہ کی اولاد کے پاس وہ حکم نامہ مل گیا نبی اکرم ﷺ نے جو مکتوب حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کو لکھا تھا' جو زکوٰۃ کے بار میں تھا' اسی طرح حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی آل کے پاس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وہ مکتوب مل گیا جو انہوں نے زکوٰۃ کے بار میں اپنے اہل کاروں کو لکھا تھا اور یہ اس کے مطابق تھا جو نبی اکرم ﷺ کے مکتوب میں تحریر ہے جو نبی اکرم ﷺ نے حضرت ع بن حزم رضی اللہ عنہ کو بھیجا تھا۔

عمر بن عبدالعزیز نے اپنے اہل کاروں کو زکوٰۃ کے بارے میں یہ حکم دیا کہ وہ ان دونوں مکتوبات کی روشنی میں وصو کریں۔

اونٹوں کی زکوٰۃ کے بارے میں ان دونوں میں یہی بات تحریر تھی کہ اگر ان کی تعداد نوے سے ایک بھی زیادہ ہو جائے تو ا میں دو حقہ کی ادائیگی لازم ہوگی یہ حکم ایک سو بیس تک ہے' اگر وہ ایک سو بیس سے ایک بھی زیادہ ہو جائے تو ان میں تین بنت لبو کی ادائیگی لازم ہوگی' یہ حکم ایک سو انتیس تک ہے' جب اونٹوں کی تعداد اس سے زیادہ ہو جائے گی' تو اگلے دس ہونے تک کو ادائیگی لازم نہیں ہوگی' یہاں تک کہ اگلا دس کا ہدف پورا ہو جائے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حبیب بن ابی حبیب جرمی، بصری انماطی، اسم ابیہ یزید، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے روایت کے الفاظ نقل کرتے ہوئے یہ خطا کر جاتے ہیں۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حا ابن حجر عسقلانی ص (۲۱۸) (ت ۱۰۹۴)۔

1990- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ بْنُ يَعْلٰى حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ فَاِنَّهَا تَسُدُّ مِنَ الْجَائِعِ مَا تَسُدُّ مِنَ الشَّبْعَانِ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جہنم سے بچنے کی کوشش کرو ایک کھجور کے ٹکڑے کے ذریعے ایسا کرو' چونکہ یہ بھوکے کے لئے بھی اسی طرح رکاوٹ بنتی ہے جس طرح سیراب شخص کے لئے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ شیبان بن فروخ ابی شیبة حبطی - بمھلة وموحدة مفتوحة - ابومحمد، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ (روایت کے الفاظ نقل کرنے میں) یہ وہم کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ان پر یہ الزام ہے' یہ ''قدریہ'' عقائد کے مالک تھے۔ امام ابوحاتم فرماتے ہیں: اضطر ناس یہ اخیرا۔ یہ نویں طبقے کے کم سن راویوں میں سے ہیں۔ روی لہ مسلم و ابوداود و۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱/۳۵۶)۔

1991- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِیْ حَمْ

۱۹۹۰- ابو امیة بن یعلی هو اسماعیل: قال النسائي و الدارقطني و ابن معین - في روایة -: متروك الحدیث- وقال البخاري: سكتوا عنه ضعفه ابو حاتم و ابو زرعة والساجي وغیرهم- و ذكره له ابن عدي حدیثه هذا في ترجمته في (الكامل) من طریق بشر بن معاذ ختم ترجمته بقوله: (وهو في جملة الضعفاء، و هو ممن یكتب حدیثه)- اه- ینظر: الكامل لابن عدي (۱/۳۱۱)، لسان المیزان (۱/۵ اخرجه البزار- كما في كشف الاستار (۹۳۷) من حدیث محمد بن زیاد عن ابي هریرة، به مختصرا- وقال: (قد روي عن ابي هریرة من غیر هذا الوجه، و هذا الاسناد عن ابي هریرة احسن اسناد یروي في ذلك و اصحه، وروي عن عائشة، و عدي، و انس، و ابي رجاء، و ابن عباس، و جریر بن عبد الله)- اه- وقال الهیثمي في المجمع (۳/۱۰۶): (واخرجه البزار، و فیه عثمان بن عبد الرحمن الجمحي؛ قال ابو حاتم: یكتب حدیثه، ولا یحتج به، و حسن البزار حدیثه)- اه- و لفظ البزار السابق لیس فیه تحسین للحدیث- قلت: و اللفظ بتمامه اخرجه البزار من حدیث ابي بكر مرفوعا- كما في كشف الاستار (۹۳۳) عن محمد بن اسماعیل عن زید بن الحباب عن ابي... عن شرحبیل بن سعد عن جابر عن ابي بكر، به مرفوعا- وقال: (لا نعلم احدا حدث به عن زید الا محمد بن اسماعیل، و لم یتابع و لا یروى عن ابي بكر الا بهذا الاسناد وحده)- اه- قال الهیثمي (۳/۱۰۵): (وفیه محمد بن اسماعیل الوساوسي، و هو ضعیف جدا و في الباب عن عدي بن حاتم عند البخاري في الزكاة (۱۴۱۳) باب: الصدقة قبل الرد، و مسلم في الزكاة (۱۰۱۶) باب: الحث على الصدقة ولو بشق تمرة- و لكنه مختصر على الجزء الاول فقط في التصدق بشق تمرة- و مثله حدیث النعمان بن بشیر، و عائشة، و انس عند البزار- كما في كشف الاستار- كتاب الزكاة (۱/۴۴۲-۴۴۳) باب: الحث على الصدقة (۹۳۴) (۹۳۵) (۹۳۶)-

۱۹۹۱- اخرجه الترمذي في الزكاة (۳/۴۸) باب: ما جاء ان في المال حقا سوى الزكاة (۶۵۹) من حدیث الاسود بن عامر عن شریك به- ثم اخرجه (۶۶۰) من طریق محمد بن الطفیل عن شریك، به- ثم قال: (هذا حدیث اسناده لیس بذلك- و ابو حمزة میمون الاعور یضعف وروى بیان او اسماعیل بن سالم عن الشعبي هذا الحدیث قوله- وهذا اصح)- اه- و الحدیث اخرجه ابن عدي في الكامل (۴/...) في ترجمة شریك النخعي، من حدیث بشر بن الولید عن شریك، به-وقال: (وهذا قد اخرجه عن شریك: محمد بن الطفیل الكوفي، عن شریك عن رجل عن الشعبي عن فاطمة و لم یسم ابا حمزة)- اه-

Marfat.com

عَنْ عَامِرٍ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) إِنَّ فِي الْمَالِ حَقًّا سِوَى الزَّكَاةِ ۔ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ (لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ) اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ.

☆☆ سیدہ فاطمہ بن قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی حق ہوتا ہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی:

''نیکی صرف یہ نہیں ہے' تم اپنے چہروں کو پھیر دو''۔

یہ آیت آخر تک ہے۔

1992- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ اَبُو نَصْرٍ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ رَجُلٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

1993- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ اَبِي عَمْرِو بْنِ حَمَاسٍ اَوْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي عَمْرِو بْنِ حَمَاسٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ كُنْتُ اَبِيعُ الْاُدُمَ وَالْجِعَابَ فَمَرَّ بِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ لِي اَدِّ صَدَقَةَ مَالِكَ ۔ فَقُلْتُ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اِنَّمَا هُوَ فِي الْاُدُمِ ۔ قَالَ قَوِّمْهُ ثُمَّ اَخْرِجْ صَدَقَتَهُ ۔

☆☆ ابوعمرو بن حماس اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں سالن اور ترکش فروخت کیا کرتا تھا' ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے اور انہوں نے مجھ سے فرمایا: تم اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرو' میں نے کہا: اے امیرالمومنین! یہ سالن میں ہے' تو انہوں نے فرمایا: تم اس کی قیمت کا اندازہ لگاؤ' پھر اس کی زکوٰۃ ادا کرو۔

18-باب زَكَاةِ مَالِ التِّجَارَةِ وَسُقُوطِهَا عَنِ الْخَيْلِ وَالرَّقِيقِ.

باب18: تجارت کے مال کی زکوٰۃ ادا کرنا نیز گھوڑے اور غلام کی زکوٰۃ معاف کرنا

1994-اَخْبَرَنِي اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَانَ الشِّيرَازِيُّ فِيمَا كَتَبَ اِلَيَّ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ مُوسَى الْحَارِثِيَّ حَدَّثَهُمْ اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى بْنِ بَحْرٍ الْكِرْمَانِيُّ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ حَمَّادٍ الْاِصْطَخْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو يُوسُفَ عَنْ

۱۹۹۲- اشار ابن عدي الى لهذه الرواية' و قد اجتمع محمد بن الطفيل و بشر بن الوليد على تسمية شيخ شريك في اسناده' فقال: (عن ابي حمزة) بخلاف ما قاله منصور عن شريك' و قد صوب الترمذي انه من قول الشعبي - و راجع ما قبله-

۱۹۹۳- ابو عمرو بن حماس لم يعرف له اسم- و قال الذهبي: (مجهول)- و قال ابن حجر: (مقبول)- ينظر: (الميزان) (٤/ الترجمة ١٠٤٦٢) و تهذيب الكمال (٣٤/ ١١٩)- و قال الدارقطني في ترجمة ابنه (شداد بن ابي عمرو بن حماس): (لا يعرف فيمن يروى عنه الحديث' و ابوه معروف)- تهذيب التهذيب (٤/ ٣١٨)-

۱۹۹٤- اخرجه البيهقي في الكبرى في الزكاة (٤/ ١١٩) باب: من راى في الخيل صدقة- والخطيب في تاريخه (٦/ ٣٩٨) و من طريقه ابن الجوزي في العلل (٢/ ٤٩٦) و الطبراني في الاوسط رقم (٧٦٦٥) كلهم من طريق اسماعيل بن يحيى به- قال الهيثمي في مجمع الزوائد (٣/ ٧٢): (فيه الليث بن حماد و غورك' و كلاهما ضعيف)- وغورك مترجم في اللسان (٤/ ٤٢١) ولم يزد في ترجمته على ما هنا- كما لم يزد في ترجمة ليث بن حماد (٤/ ٤٩٢) على قوله: (ضعفه الدارقطني)- اه-

Marfat.com

غُورَكُ بْنُ الْحِصْرِمِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي الْخَيْلِ السَّائِمَةِ فِي كُلِّ فَرَسٍ دِينَارٌ . تَفَرَّدَ بِهِ غُورَكُ عَنْ جَعْفَرٍ وَهُوَ ضَعِيفٌ جِدًّا وَمَنْ دُونَهُ ضُعَفَاءُ .

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: گھوڑے کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ایک گھوڑے کی طرف سے ایک دینار ادا کیا جائے گا۔

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے اس روایت کو نقل کرنے میں غورک نامی راوی منفرد ہے اور یہ بہت زیادہ ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ غورک بن حصرم۔ قال ابن ناصر دین فی مشتبہ: (الحصرمی۔ بمھملات مع کسر اولہ، وسکون ثانیہ، وکسر راء ومیم) وذکرہ ذھبی فی میزان ومغنی فی ضعفاء وکذا ابن حجر فی لسان، وذکروا فیہ قول دارقطنی: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ جدا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "میزان اعتدال" از حافظ شمس دین ذہبی (۴۰۷/۵)، مغنی (۵۰۷/۲)، لسان (۴۹۶/۴) وتوضیح مشتبہ (۲۵۱/۳)۔

•••——•••——•••

سامانِ تجارت کی زکوٰۃ کا حکم

سامانِ تجارت سے مراد وہ چیز ہے جو چاندی یا سونا نہ ہو' خواہ وہ سکے کی شکل میں ہو جیسے پاؤنڈ یا ریال یا سکے کی شکل میں نہ ہو جیسے خواتین کا زیور۔

تین امام اس بات پر متفق ہیں' سونے اور چاندی کو مطلق طور پر سامانِ تجارت میں شامل نہیں کیا جائے گا' فقہائے مالکیہ نے اس حوالے سے اختلافی رائے دی ہے' جب وہ سکے کی شکل میں نہ ہو' وہ یہ کہتے ہیں: اگر سونے اور چاندی کا سکہ نہ ہو' تو اسے مالِ تجارت میں شمار کیا جائے گا' اسے نقدی میں شمار نہیں کیا جائے گا۔ اس لیے اس پر لباس اور لوہے (کی تجارت کی طرح) تجارت کے مال کی زکوٰۃ لازم ہوگی۔

تو جو شخص اس کی تجارت کرتا ہوگا' اس پر یہ بات لازم ہوگی کہ وہ اس کی زکوٰۃ دسویں حصے کا چوتھائی (یعنی چالیسواں حصہ یعنی اڑھائی فیصد) ادا کرے۔

اس کی شرائط اور طریقہ کار کی تفصیل ذیلی حاشیے میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

شوافع یہ کہتے ہیں: تجارت کے مال پر زکوٰۃ واجب ہونے کے لیے چھ چیزیں شرط ہیں' پہلی شرط یہ ہے: وہ مال کسی چیز کے عوض میں' یعنی خریدنے کی وجہ سے حاصل ہوا ہو' لہٰذا اگر کوئی شخص تجارت کا مال خریدتا ہے تو خواہ اس نے وہ نقد لیا ہو یا اُدھار ہو' وہ سودا دست بدست ہوا ہو یا میعادی ہو' اس مال پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی' اس کا طریقہ آگے ذکر کیا جائے گا۔

لیکن اگر وہ مال کسی چیز کے عوض میں حاصل نہ ہوا ہو' جیسے کسی شخص کو وراثت میں مالِ تجارت مل گیا ہو' تو اب اس مال

Marfat.com

زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی جب تک اسے تجارت کی غرض سے استعمال نہیں کیا جاتا۔

اس کے لیے دوسری شرط یہ ہے: تجارت کرنے کی نیت مبادلہ یا مجلسِ عقد میں ہی کر لی گئی ہو۔ اگر اس وقت تجارت کی نیت نہیں کی گئی تھی تو اب اس پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی۔ ہر تبادلے کے وقت الگ سے نیت کرنا شرط ہوگا' جب پورا رأس المال ادا کر دیا جائے تو سامانِ تجارت کو لیتے وقت نیت کرنا لازم نہیں ہوگا کیونکہ اس مال کو پہلے ہی تجارت کا مال قرار دیا جا چکا ہے اور وہی کافی ہے۔

اس کے لیے تیسری شرط یہ ہے: اس مال کو روک لینے کا ارادہ ہوتا کہ اسے اپنے کام میں استعمال کیا جا سکے' اس کی تجارت کا ارادہ نہ ہو۔ اگر ایسا ارادہ ہوگا' تو سال کی مدت منقطع ہو جائے گی' اگر بعد میں تجارت کا ارادہ بن جاتا ہے تو اسے کاروبار میں لگانے کے ساتھ ہی نئے سرے سے تجارت کی نیت کرنی ہوگی۔

اس کے لیے چوتھی بات یہ شرط ہے' مال کا مالک بن جانے کے بعد اس پر ایک سال گزر جانا چاہیے' اگر ایک سال نہیں گزرتا ہے تو زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی' تاہم اگر مال کی قیمت یعنی وہ قیمت جس سے اس مال کو خریدا گیا ہے' رائج الوقت نقدی کی شکل میں ہو اور اس کی مقدار نصاب کے برابر ہو یا نصاب سے کم ہو اور پھر بعد میں وہ شخص دوسرے مال کا بھی مالک بن جائے اور ان دونوں اموال کو ملا کر نصاب پورا ہو رہا ہو' تو اب ان دونوں صورتوں میں مالِ تجارت اور زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہو جائے گی جبکہ اصل مال یعنی اس نقدی پر ایک سال گزر چکا ہو۔

اس کے لیے پانچویں شرط یہ ہے: اس سال کے دوران وہ تمام مالِ تجارت ایسی نقدی کی شکل میں منتقل نہ کیا گیا ہو جس سے مال کی قیمت لگائی جاتی ہے' جیسا کہ تجارت کے مال کی زکوٰۃ کے طریقے میں اس کا بیان آئے گا۔ اسی طرح اس کی مقدار نصاب سے کم بھی نہیں ہونی چاہیے۔ اگر تمام مال نقدی کی شکل میں آ جاتا ہے اور اس کی مقدار نصاب سے کم ہو جاتی ہے تو اب سال کا تسلسل ٹوٹ جائے گا۔

اب اگر وہ شخص اسی نقدی کے ذریعے پھر دوبارہ تجارت کا مال خریدتا ہے تو اس خریدنے کے وقت سے نئے سال کا آغاز ہوگا اور سابقہ وقت کا کوئی اعتبار نہیں ہوگا۔

لیکن اگر یہ صورتِ حال ہو کہ مالِ تجارت میں سے کچھ تو نقدی کی شکل میں آ گیا ہو جیسا کہ پہلے ذکر کیا گیا ہے اور کچھ مال کی شکل میں باقی رہ گیا ہو یا سارے کا سارا مال نصاب کے برابر قیمت کی شکل میں نقد یا مال کے بدلے میں فروخت کر دیا گیا ہو یا نقدی کے عوض میں فروخت کر دیا گیا ہو لیکن سال کے آخر تک اس کی قیمت نہ لگائی گئی ہو جیسا کہ آگے اس کا ذکر کیا جائے گا' تو اس صورت میں مال کا اعتبار ختم نہیں ہوگا۔

اس کے لیے چھٹی شرط یہ ہے: مال کی قیمت سال کے آخر میں نصاب کے برابر پہنچ جائے۔ اس کی وجہ یہ ہے: زکوٰۃ لازم ہونے کے لیے سال کے آخری حصے کا اعتبار کیا جاتا ہے' پورے سال یا سال کے دونوں کناروں کا اعتبار نہیں کیا جاتا۔

اگر تجارت کا مال اس قسم کا ہو کہ اس کی زکوٰۃ ویسے ہی لازم ہو رہی ہو جیسے سائمہ جانور ہیں یا پھلوں کی زکوٰۃ ہے تو اس

Marfat.com

صورت میں دیکھا جائے گا کہ اگر نصاب زکوٰۃ کے مال کے اعتبار سے اور قیمت کے اعتبار سے پورا ہو رہا ہے تو پھر اس کی زکوٰۃ جانوروں یا پھلوں کی زکوٰۃ کے اصول کے مطابق نکالی جائے گی' قیمت کے اعتبار سے ادا نہیں کی جائے گی۔

اگر صورتِ حال ایسی ہو کہ ان دونوں میں سے ایک کے حوالے سے نصاب پورا ہو رہا ہو یعنی تجارت کے مال کی قیمت کے اعتبار سے یا مویشیوں اور پھلوں کی مقدار کے اعتبار سے تو اسی کے مطابق زکوٰۃ ادا کی جائے گی۔ تجارت کے مال کی زکوٰۃ کو اتنی ہی مرتبہ ادا کیا جائے گا جتنی مرتبہ اس پر سال گزر جاتا ہے' لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے' ہر سال نصاب مکمل ہونا چاہیے۔

زکوٰۃ کی ادائیگی کا طریقہ یہ ہوگا کہ جو مال خریدا گیا تھا' اسے سونے یا چاندی کی چیز کے عوض میں خریدا گیا تھا' اس کی قیمت کے اعتبار سے حساب لگایا جائے گا۔ اگر اسے نقدی کے عوض میں نہیں خریدا گیا تو اس نقدی کے حساب سے اس کی قیمت لگائی جائے گی جو اس شہر میں رائج ہو۔ اور جب سال مکمل ہونے پر اس کی قیمت کا اندازہ لگایا جائے گا' تو اس وقت دو عادل ماہر لوگ اس کی قیمت لگائیں گے جو قیمت کے گواہ کی حیثیت رکھتے ہوں گے' اس کے لیے متعدد شواہد کا ہونا ضروری ہے۔ اب جو قیمت لگائی جائے گی اس کے چالیسویں حصے (یعنی اڑھائی فیصد) کی ادائیگی لازم ہوگی۔

احناف یہ کہتے ہیں: تجارت کے مال میں زکوٰۃ لازم ہونے کے لیے چند شرائط ہیں۔

ایک شرط یہ ہے: اس کی قیمت سونے یا چاندی کے حساب سے نصاب کو پورا کر رہی ہو' اور یہ اختیار ہے' سونے یا چاندی کے سکوں میں سے جس بھی سکے سے چاہے قیمت لگالی جائے۔

اگر دونوں طرح کے سکوں میں سے کسی ایک قسم کے سکوں کے حساب سے نصاب پورا نہ ہو رہا ہو اور دوسری قسم کے سکے کے حساب سے پورا ہو رہا ہو تو خاص طور پر اسی سکے کے حساب سے قیمت لگائی جائے گی جس سے نصاب پورا ہو رہا ہو۔ اور مال کی قیمت وہ لگائی جائے گی جو اس شہر میں رائج ہے۔

اگر اس مال کو کسی ایسی غیر آباد جگہ پر بھیجا جاتا ہے (جہاں پر قیمت رائج ہونے کا امکان نہیں ہوتا) تو اس علاقے کے قریب جو شہر ہے وہاں کی قیمت کے اعتبار سے اس کی مالیت کا اندازہ لگایا جائے گا۔

قیمت کا اندازہ لگاتے وقت ایک مال کی مالیت کو دوسرے مال کی مالیت کے ساتھ ملا دیا جائے گا' اگرچہ ان کی اقسام مختلف ہوں۔

اس کے لیے ایک بات یہ بھی شرط ہے' اس مال پر ایک سال گزر چکا ہو اور اس بارے میں سال کے دونوں سروں کا حساب رکھا جائے گا' لہٰذا اگر کوئی شخص سال کے آغاز میں نصاب کا مالک ہوا تھا اور درمیان میں وہ مال نصاب کی مقدار سے کم ہو گیا لیکن سال کے اختتام تک وہ دوبارہ نصاب کے برابر ہو گیا تو اب اس شخص پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی۔ لیکن اگر سال کے آغاز میں یا سال کے اختتام پر مال کی مالیت نصاب سے کم رہی تو زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی جیسا کہ زکوٰۃ کی شرائط میں یہ بات ذکر کی گئی ہے۔

اسی طرح اگر مال کی قیمت سال کے آخر میں نصاب سے زیادہ ہو جاتی ہے تو اس اضافے کے مطابق زکوٰۃ ادا کی جائے

Marfat.com

اس کے لیے ایک یہ شرط بھی ہے' اس مال سے تجارت کی نیت کی گئی ہو اور نیت کے ساتھ عملی طور پر تجارتی کام کا آغاز بھی کیا گیا ہو۔ اس لیے اگر کسی جانور کو ذاتی استعمال کے لیے خریدا گیا ہو اور پھر یہ ارادہ کر لیا گیا ہو کہ اس کی تجارت کی جائے تو ان تجارت شمار نہیں ہوگا' جب تک عملی طور پر اسے فروخت نہیں کیا جاتا یا کرائے پر دینے کا آغاز نہیں کیا جاتا۔

اگر کسی شخص کو نقدی کے علاوہ کوئی مالِ تجارت عطیے کے طور پر ملتا ہے یا کوئی شخص اس کے حق میں اس مالِ تجارت کی وصیت کرتا ہے یا عطیے اور وصیت کے وقت اس مال سے تجارت کی نیت کی جاتی ہے تو اب یہ نیت تسلیم نہیں کی جائے گی جب تک عملی طور پر اس مال کے ذریعے کاروبار کا آغاز نہیں کیا جاتا۔

اگر کوئی شخص کسی تجارتی مال کو اسی طرح کے کسی دوسرے تجارتی مال کے ساتھ تبادلے کے طور پر لین دین کر لیتا ہے تو اب انحصار اصل مالِ تجارت پر ہوگا۔ اس تبادلے پر نیت منحصر نہیں ہوگی' اس لیے تبادلے کی صورت میں ملنے والا مال بھی مالِ تجارت ہی سمجھا جائے گا اور اس بارے میں بنیادی طور پر جو نیت کی گئی تھی' وہ کافی شمار ہوگی۔ تاہم اگر تبادلے کے وقت تجارت کی نیت نہیں تھی تو اب وہ مال تجارت شمار نہیں ہوگا۔

اس کے لیے ایک یہ بھی شرط ہے' اس مال میں وہ صلاحیت موجود ہونی چاہیے کہ اس میں تجارت کی نیت کرنا درست ہو۔ اس لیے اگر کوئی شخص کوئی عشری زمین خرید لیتا ہے یا اس میں کاشت کرتا ہے یا کسی ایسی زمین میں تیار شدہ کھیت کو یا اس کی پیداوار کو خرید لیتا ہے تو اب اس زمین سے جو پیداوار ہوگی اس میں عشر کی ادائیگی لازم ہوگی' زکوٰۃ لازم نہیں ہوگی۔

لیکن اگر کوئی شخص عشری زمین میں زراعت نہیں کرتا تو اب اس زمین کی قیمت پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی جبکہ خراج والی زمین کا یہ حکم نہیں ہے' کیونکہ اس پر خراج لازم ہوتا ہے خواہ اس میں زراعت نہ بھی کی گئی ہو۔

اگر کسی شخص کے پاس سامانِ تجارت کے طور پر جانور موجود ہوں اور ابھی سال نہ گزرا ہو' اس سے پہلے ہی وہ شخص ان جانوروں سے تجارت کا ارادہ ترک کر دے اور ان جانوروں کو دودھ حاصل کرنے کے لیے یا نسل بڑھانے کے لیے استعمال کرے یا اسی طرح کے کسی اور کام کے لیے استعمال کرے' جس کا ذکر ہم سائمہ جانوروں کی زکوٰۃ کے باب میں ذکر کر چکے ہیں یا انہیں جنگل میں چرنے کے لیے چھوڑ دے تو اب مالِ تجارت کے اعتبار سے سال کا حساب ختم ہو جائے گا اور سال کا حساب اس وقت سے شروع ہوگا جب سے اس نے ان جانوروں کو سائمہ بنایا ہے' پھر جب سال پورا ہو جائے گا' تو اب ان کی زکوٰۃ ان جانوروں کی تعداد پر نکالی جائے گی۔ قیمت کے حوالے سے ادا نہیں کی جائے گی۔

اگر سونے اور چاندی کی تجارت ہو رہی ہو' تو اس کی زکوٰۃ نقدی کی زکوٰۃ کے طریقے کے مطابق ادا کی جائے گی۔

ان کی زکوٰۃ لازم ہونے کے لیے تجارت کی نیت کرنا شرط نہیں ہے۔ اگر کسی شخص کے پاس تجارت کا مال کئی سال تک پڑا رہے پھر اسکے بعد وہ اسے فروخت کر دیتا ہے تو اب اس پر ہر ایک سال کی ادائیگی لازم ہوگی' صرف ایک سال کی ادائیگی لازم ہوگی۔

Marfat.com

فقہائے مالکیہ یہ کہتے ہیں: تجارت کے مال میں مطلق طور پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی' خواہ سوداگر ذخیرہ اندوزی کر
والا ہو یا عام تجارت کرنے والا ہو۔

اس کی پوری تفصیل قرض کے مال کی زکوٰۃ کے احکام کے بارے میں ذکر کی جاچکی ہے۔

سامانِ تجارت کی زکوٰۃ کے حوالے سے پانچ شرائط ہیں اور اس کی ادائیگی کا مخصوص طریقہ ہے۔

اس کے لیے پہلی چیز یہ شرط ہے' سامانِ تجارت ایسی اشیاء پر مشتمل ہونا چاہیے جن کی زکوٰۃ میں اس چیز کو بعینہٖ ہی ادا
جاتا ہو جیسے کپڑا یا کتابوں کی تجارت ہے۔

اگر اس چیز کو بعینہٖ زکوٰۃ میں ادا کیا جاتا ہو جیسے سونا اور چاندی کے زیور ہیں یا اونٹ' گائے' بھیڑ' بکریاں ہیں تو ان کی ز
اسی طریقے کے مطابق واجب ہوگی جو جانوروں اور سونے چاندی وغیرہ کی زکوٰۃ کے بارے میں' ذکر کیا جاچکا ہے' لیکن اس
لیے یہ بات شرط ہے' ان کی تعداد نصاب کی مقدار کے برابر ہونی چاہیے۔

اگر وہ نصاب مکمل نہ ہو رہا ہو' تو ان کی زکوٰۃ دوسرے سامانِ تجارت کی طرح قیمت کے اعتبار سے ادا کی جائے گی لیکن
کے لیے بھی یہ بات شرط ہے' اس مال کو رائج الوقت طریقے کے مطابق تبادلے کے طور پر حاصل کیا گیا ہو' جیسے خرید کر یا
کے طور پر حاصل کیا گیا ہو' وہ ایسا مال نہیں ہونا چاہیے جو وراثت میں یا خلع لینے کے نتیجے میں یا ہبہ کرنے کی صورت میں یا
کرنے کی صورت میں حاصل ہوا ہو۔

لیکن اگر کوئی شخص ان میں سے کسی ایک طریقے کے ذریعے مال کا مالک بن جاتا ہے اور پھر اس مال کے ذریعے تجا
ارادہ کر لیتا ہے اور اسے فروخت کر لیتا ہے تو اب اس کے نتیجے میں جو قیمت حاصل ہوئی' اگلے برس کا حساب اسی دن
لگایا جائے گا' جب اس نے اس قیمت کو وصول کیا تھا' اس مال کے مال ہونے کے دن سے اس کا حساب نہیں لگایا جائے گا
اگر اس مال کو فروخت نہ کیا گیا ہو' تو اب اس کی مالیت لگائی جائے گی اور نہ ہی اس پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی۔ اگر
ایسا مال ہو جو عام تجارت میں استعمال ہوتا ہو۔

اس کے لیے تیسری شرط یہ ہے: مالِ تجارت کو خریدنے کے وقت تجارت کا ارادہ ہو' خواہ یہ محض تجارت کا ارادہ ہو' خو
کے ذریعے مال حاصل کرنا یا خود نفع اُٹھانا بھی پیش نظر ہو۔ جیسے کوئی شخص تجارت کے لیے کوئی مکان خرید کر اسے کرائے پ
دیتا ہے یا یہ ارادہ کرتا ہے' اس میں کچھ عرصہ خود رہائش رکھے گا اور جب اس میں منافع محسوس ہوگا' تو اسے فروخت کرد
ان تمام صورتوں میں زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی' جس کا طریقہ مال کی زکوٰۃ کے بیان میں آگے ذکر کیا جائے گا۔

لیکن اگر کوئی شخص کوئی مال خریدتا ہے اور اس سے سرمایہ حاصل کرنے کے لیے یا اسے کام میں لانے کے لیے رو
نیت کرتا ہے یا کوئی بھی نیت نہیں کرتا تو اس پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی۔

اس کے لیے چوتھی شرط یہ ہے: اس مالِ تجارت کو نقد ادائیگی کر کے یا کسی مالی معاوضے کے عوض میں حاصل کیا گیا
اس مال کے عوض میں کوئی ایسا سامان دیا گیا ہو جو ہبہ یا وراثت کی صورت میں ملا ہو' تو اب اس پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم

Marfat.com

البتہ اگر اسے فروخت کر دیا جائے اور اس کی قیمت وصول کرنے کے بعد ایک سال گزر چکا ہو تو زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہو

اس کے لیے پانچویں شرط یہ ہے: وہ مال ذخیرہ شدہ ہونا چاہیے اور اسے سونے یا چاندی کے نصاب کی قیمت کے برابر قیمت کے عوض میں فروخت کیا گیا ہو یا وہ عام لین دین والا مال ہو اور اس میں سے کسی بھی مقدار میں خواہ وہ مقدار ایک درہم ہو کی قیمت کے عوض میں اسے فروخت کیا گیا ہو۔

اگر ذخیرہ شدہ مال کو پورے نصاب کی قیمت میں فروخت نہیں کیا گیا تھا یا عام لین دین کے مال کو سونے چاندی کی کسی بھی مقدار کے عوض میں فروخت نہیں کیا گیا تھا تو اب زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہو گی البتہ اگر ذخیرہ کرنے والے شخص کے پاس اتنا مال ہو کہ جو وراثت میں ملے ہوئے مال کے ساتھ مل کر چاندی یا سونے کے نصاب کو مکمل کر رہا ہو تو سال گزر جانے کے بعد زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہو گی۔ اسی طرح اگر کان سے نکلنے والے مال کے ذریعے نصاب پورا ہو رہا ہو تو سال نہ بھی گزرا ہو تو زکوٰۃ ادائیگی لازم ہو جائے گی۔

مالِ تجارت کی زکوٰۃ کی ادائیگی کا طریقہ یہ ہے: اگر وہ تاجر ذخیرہ اندوز ہے تو اس میں سے جتنا بھی اس نے سونے یا چاندی کے عوض میں فروخت کیا ہے اسے اپنے پاس موجود مال کے ساتھ ملا کر ایک سال کی زکوٰۃ نکالے گا (لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے وہ نصاب کی مقدار کے برابر ہو)۔

اس سے قطع نظر کہ وہ مال ذخیرہ کتنے ہی سال اس کے پاس رہا ہو۔

ان قرضوں پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہو گی جو مالِ تجارت کی فروخت سے واجب الوصول ہوں۔

البتہ جب وہ قرض وصول ہو جاتا ہے تو اب اس پر ایک سال کی زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہو گی۔

اگر تجارت کا تمام مال ذخیرے والا نہیں ہے تو پورے مال کی قیمت کو ہر سال لگا کر زکوٰۃ ادا کی جائے گی خواہ کساد بازاری کی وجہ سے کئی سال تک وہ مال پڑا رہے اور اس مال کی جو قیمت ہے اسے اپنے پاس موجود نقدی کے ساتھ ملا کر ان کی اکٹھی زکوٰۃ ادا کی جائے گی اسی طرح جو قرضے وصول کرنے ہیں اگر وہ نقدی کی صورت میں ہیں اور ان کی میعاد پوری ہو چکی ہے یا وہ قرض جنہیں تازہ وصول کیا ہے ان دونوں صورتوں میں قرض کی وصولی مقروضوں سے متوقع ہو گی تو وہ سب اس گنتی میں شمار ہو جائیں گے اور انہیں دوسری نقدی کے ساتھ شامل کر لیا جائے گا جو انسان کے پاس موجود ہے۔

اگر قرضہ مالِ تجارت کی شکل میں واجب الوصول ہے یا نقدی کی شکل میں طویل المیعاد قرض ہے اور اس کے وصول ہونے کی توقع ہے تو اس مال کی مالیت کا اندازہ لگا کر جو قیمت بنتی ہے اسے سابقہ مال میں شامل کر لیا جائے گا اور پھر اس سب مال کی زکوٰۃ ادا کر دی جائے گی۔ جس مال کو طویل المیعاد قرضے کے طور پر دیا گیا ہو اس کی مالیت کا اندازہ لگانے کا طریقہ یہ ہو گا کہ جو رقم واجب الطلب ہو گی اسے موجودہ مال کے ساتھ موازنہ کیا جائے گا پھر جتنے مال کی وہ قیمت بنتی ہے اس مال کی قیمت کو موجودہ سونے اور چاندی کے ساتھ حساب کیا جائے گا۔

Marfat.com

جیسے کسی شخص نے دس پاؤنڈ وصول کرنے ہیں تو اب اس بات کا اندازہ لگایا جائے گا کہ اتنی رقم میں کتنا کپڑا خریدا جا سکتا ہے اگر یہ پتہ چلتا ہے اس سے پانچ تھان کپڑا خریدا جا سکتا ہے تو اب اس بات کو دیکھا جائے گا کہ وہ پانچ تھان موجودہ نقدی کے اعتبار سے کتنی قیمت میں فروخت ہوں گے۔

اگر ان کی قیمت آٹھ پاؤنڈ لگتی ہے تو یہ آٹھ پاؤنڈ ان دس پاؤنڈوں کے برابر تصور کیے جائیں گے جو طویل المیعاد قرض کے طور پر واجب الوصول ہیں۔ اب ان آٹھ پاؤنڈوں کو موجودہ نقدی اور دوسرے سامانِ تجارت کی قیمت میں شامل کر لیا جائے گا' اگر وہ سب مل کر نصاب کی مقدار کی قیمت کو پہنچ جاتے ہیں تو زکوٰۃ نکالی جائے گی ورنہ نہیں نکالی جائے گی۔

اگر وہ قرض ایسا ہو جس کی وصولیابی کی توقع نہ ہو' تو اب اس پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی لیکن اگر وہ رقم وصول ہو جاتی ہے تو وصول ہو جانے کے بعد صرف ایک سال کی زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی بالکل یہی حکم اُدھار مال کے قرض کا ہے۔ اس کی زکوٰۃ وصول ہو جانے کے بعد صرف ایک سال کی ادا کی جائے گی۔

جو مالِ تجارت ذخیرہ اندوزی والا نہ ہو' اس میں سال کا آغاز اس وقت سے مانا جائے گا جب کوئی شخص اس کی قیمت کا مالک ہوتا ہے' جس سے اس نے مالِ تجارت خریدا تھا' لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے' اس کی زکوٰۃ پہلے ادا نہ کی گئی ہو۔

اگر اس رقم پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہو چکی ہو' تو اب اس کے مال کا آغاز اس وقت سے ہوگا جب وہ اس اصل کا مالک تھا یا پھر اس وقت سے ہوگا جب اس کی زکوٰۃ نکال لی گئی۔ اس صورت میں جبکہ وہ نصاب سے کم ہو جیسا کہ یہ بات پہلے بیان جا چکی ہے۔ اور بعض کے قول کے مطابق یہ حکم اس صورت میں ہوگا جب تجارت کے چلنے میں دیر ہوئی ہو۔

جہاں تک ذخیرہ شدہ مال کا تعلق ہے تو اس کے سال کا آغاز ایک قول کے مطابق اس وقت ہوگا جب اس نے اصل چیز قبضہ کیا ہو یا پھر اس وقت سے ہوگا جب اس کی زکوٰۃ ادا کی گئی ہو' اس شرط پر کہ جب اسے ادا کیا جا چکا ہو' یہ بات یاد رکھیں کہ مال عام حالات میں چل رہا ہو' اس میں اس چیز کی قیمت نہیں ہوتی جس میں تجارت کا مال رکھا جاتا ہے اور نہ ہی پیشہ ورانہ اس کی قیمت لگائی جاتی ہے۔

اگر کوئی تاجر کچھ مال کو ذخیرے کی شکل میں رکھتا ہے اور کچھ مال کو تجارت کی شکل میں رکھتا ہے تو اس کی زکوٰۃ کے بارے میں تفصیلی احکام ہیں' جن کا خلاصہ آگے ذکر کیا جائے گا۔

اگر چالو مال اور ذخیرہ شدہ مال دونوں برابر ہوتے ہیں تو پہلی قسم کے مال کی زکوٰۃ چالو مال کے قاعدے کے اعتبار سے کی جائے گی' یعنی ہر سال اس کی مالیت لگائی جائے گی اور دوسرے قسم کے مال کی زکوٰۃ کو ذخیرہ شدہ مال کی زکوٰۃ کے اصول کے مطابق نکالا جائے گا' یعنی اس مال کی جس قدر بھی قیمت وصول ہوئی ہے' صرف ایک سال کی زکوٰۃ دی جائے گی۔

یہی حکم اس صورت میں ہوگا کہ جب چالو مال کم ہو اور ذخیرہ شدہ مال زیادہ ہو' تو دونوں کے لیے وہی حکم ہوگا جو پہلے ذکر کیا گیا ہے۔ یعنی چالو مال کی ہر سال قیمت لگائی جائے گی اور دوسرے قسم کے مال کی زکوٰۃ کے لیے اس کے فروخت ہونے کی قیمت کے وصول ہونے کا انتظار کیا جائے گا۔ اس کے برعکس اگر چالو مال زیادہ ہوتا ہے اور اس کے زیادہ ہونے کی وجہ

Marfat.com

سارے مال کو چالو قرار دے کر سارے مال کی ہر سال قیمت لگائی جائے گی۔

یہ بات واضح رہنی چاہیے کہ مال کی مالیت قائم کرنے کے لیے ایک ہی شخص کافی ہے اس کے لیے متعدد افراد کا ہونا ضروری نہیں ہے کیونکہ یہ شہادت سے متعلق مسئلہ نہیں ہے بلکہ یہ ایک حکم ہے جس کے لیے حاکم کا متعدد ہونا شرط نہیں ہے۔

بعض فقہاء یہ کہتے ہیں: تجارت کے مال کی قیمت نصاب تک پہنچ جائے تو اس پر زکوۃ واجب ہونے کے لیے دو چیزیں شرط ہیں اس کے لیے پہلی شرط یہ ہے: کسی شخص کو مال پر اس کے عمل کے ذریعے یعنی خرید کر قبضہ حاصل ہوا ہو اگر کسی ذاتی عمل کے نتیجے میں وہ مال حاصل نہیں ہوا جیسے وراثت میں مل گیا ہو تو اب اس پر زکوۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی۔

اس کے لیے دوسری شرط یہ ہے: مال کا مالک ہونے کے وقت اس نے تجارت کی نیت کی ہو یعنی اس مال کے ذریعے کمائی کرنا مقصود ہونا چاہیے اور یہ بات ضروری ہے اس کی نیت پورے سال تک برقرار رہے اگر کوئی شخص کسی مال کو اپنے پاس رکھنے کے لیے خریدتا ہے اور پھر اس کے بعد اس مال کے ذریعے تجارت کا ارادہ کر لیتا ہے تو اب اس مال کو تجارت کا مال قرار نہیں دیا جائے گا۔ البتہ اگر وہ مال زیور ہو جسے ذاتی طور پر پہننے کے ارادے سے خریدا گیا ہو اور پھر بعد میں پہننے کی بجائے اس سے تجارت کا ارادہ کر لیا گیا ہو تو اب اس ارادے کے ساتھ ہی وہ تجارت کا مال تصور کیا جائے گا۔

یہ بات واضح رہنی چاہیے کہ تجارت کے مال کی مالیت سال گزرنے کے بعد لگائی جائے گی اور اس کی قیمت چاندی یا سونے کے حساب سے لگاتے وقت دونوں میں سے اس کو ترجیح دی جائے گی جس صورت میں غریب کو زیادہ فائدہ حاصل ہو رہا ہو۔

اس کے لیے یہ بات ضروری نہیں ہے وہ قیمت شہر میں موجود رائج رقم کے مطابق لگائی جائے۔

مال کی قیمت کو سونے اور چاندی میں سے کسی ایک کے نصاب تک پہنچ جانا چاہیے یا دونوں کو ملا کر نصاب پورا ہو جائے اور مال کی قیمت لگاتے وقت اس بات کا بھی خیال نہ رکھا جائے کہ کس قسم کی نقدی سے اور کتنی مقدار کے عوض میں اس مال کو خریدا گیا تھا یعنی اگر مال کی قیمت لگانے کے وقت وہ قیمت خرید سے کم ہو رہا ہو یا زیادہ ہو رہا ہو تو اس سے کچھ اثر نہیں پڑے گا اس وقت جب سال گزرنے کے بعد اس کی مالیت معلوم کی جاتی ہے۔

اگر کوئی شخص سائمہ جانوروں کی تجارت کرتا ہے اور وہ جانوروں کے حساب سے نصاب کا مالک بن جاتا ہے اور اس پر ایک سال بھی گزر جاتا ہے تو یہاں سوم اور تجارت کی نیت دونوں باتیں پائی جا رہی ہیں اس پر مال تجارت کے طور پر زکوۃ کی ادائیگی لازم ہوگی۔ سائمہ جانور کے طور پر زکوۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی۔

اگر کوئی شخص نصف سال تک تجارتی سائمہ جانوروں کا مالک رہتا ہے پھر تجارت کا ارادہ ترک کر دیتا ہے تو اب جانوروں کے طور پر ان کی ادائیگی کا وقت اس وقت سے شروع ہوگا جب یہ ارادہ ترک کیا گیا تھا۔ لہٰذا ان جانوروں کی زکوۃ تجارت ترک کرنے کی نیت کے بعد پورا ایک سال گزرنے کے بعد سائمہ جانوروں کی زکوۃ کے طور پر دی جائے گی۔

اگر کوئی شخص تجارت کی غرض سے زمین خرید کر اس پر زراعت کر لیتا ہے اور اس کی قیمت نصاب تک پہنچ جاتی ہے یا تجارت

Marfat.com

کے لیے خریدی ہوئی زمین پر تجارتی بیج بو دیتا ہے تو ان سب کی قیمت کا اندازہ لگا کر زکوٰۃ کو ادا کیا جائے گا اور اس کے لیے یہ بات شرط ہے وہ قیمت نصاب کے برابر ہونی چاہیے۔[1]

1995- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَلَّى الشُّونِيزِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُخَرِّمِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ قَالَ اِنَّ قَوْمًا مِّنْ اَهْلِ مِصْرَ اَتَوْا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالُوْا اِنَّا قَدْ اَصَبْنَا كُرَاعًا وَرَقِيقًا وَاِنَّا نُحِبُّ اَنْ نُزَكِّيَهُ قَالَ مَا فَعَلَهُ صَاحِبَاىَ قَبْلِى وَلَا اَفْعَلُهُ حَتّٰى اَسْتَشِيرَ فَشَاوَرَ اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالُوْا حَسَنٌ .وَسَكَتَ عَلِىٌّ فَقَالَ اَلَا تَكَلَّمُ يَا اَبَا حَسَنٍ فَقَالَ قَدْ اَشَارُوا عَلَيْكَ وَهُوَ حَسَنٌ اِنْ لَمْ تَكُنْ جِزْيَةً رَاتِبَةً يُؤْخَذُونَ بِهَا بَعْدَكَ .قَالَ فَاَخَذَ مِنَ الرَّقِيقِ عَشْرَةَ الدَّرَاهِمِ وَرَزَقَهُمْ جَرِيبَيْنِ مِنْ بُرٍّ كُلَّ شَهْرٍ وَّاَخَذَ مِنَ الْفَرَسِ عَشْرَةَ الدَّرَاهِمِ وَرَزَقَهُ عَشْرَةَ اَجْرِبَةٍ مِّنْ شَعِيرٍ كُلَّ شَهْرٍ وَّاَخَذَ مِنَ الْمَقَارِيفِ ثَمَانِيَةَ دَرَاهِمَ وَرَزَقَهَا ثَمَانِيَةَ اَجْرِبَةٍ مِّنْ شَعِيرٍ كُلَّ شَهْرٍ وَّاَخَذَ مِنَ الْبَرَاذِينِ خَمْسَةَ دَرَاهِمَ وَرَزَقَهَا خَمْسَةَ اَجْرِبَةٍ مِّنْ شَعِيرٍ كُلَّ شَهْرٍ .قَالَ اَبُوْ اِسْحَاقَ فَلَقَدْ رَاَيْتُهَا جِزْيَةً تُؤْخَذُ مِنْ اَعْطِيَاتِنَا زَمَانَ الْحَجَّاجِ وَمَا نُرْزَقُ عَلَيْهَا .قَالَ الشَّيْخُ الْمُقْرِفُ مِنَ الْخَيْلِ دُونَ الْجَوَادِ.

☆☆ حارثہ بن مضرب بیان کرتے ہیں: مصر سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے بتایا: ہمیں کچھ زمین اور کچھ غلام ملے ہیں ہم چاہتے ہیں ان کی زکوٰۃ ادا کر دیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھ سے پہلے میرے دو آقاؤں نے جو عمل نہیں کیا میں بھی وہ اس وقت تک نہیں کروں گا جب تک اس بارے میں مشورہ نہ لوں پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے اس بارے میں مشورہ لیا تو ان سب نے اسے ٹھیک قرار دیا حضرت علی رضی اللہ عنہ خاموش رہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوالحسن! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی بات کیوں نہیں کر رہے؟ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ بولے: ان حضرات نے آپ کو جو مشورہ دیا ہے یہ ٹھیک ہے۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ وہ ایسا ٹیکس نہ ہو جو آپ کے بعد بھی انہیں ادا کرنا پڑے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک غلام کی طرف سے 10 درہم وصول کیے اور انہیں گندم کے دو جریب ماہانہ خوراک کی فراہمی لازم قرار دی۔ گھوڑے کی طرف سے 10 درہم وصول کیے۔ اور اسے جو کے دس جریب ماہانہ خوراک کی فراہمی لازم قرار دی۔ عام گھوڑے کی طرف سے 8 درہم وصول کیے اور اسے 8 جریب جو ماہانہ خوراک کی ادائیگی لازم قرار دی۔ خچر کی طرف سے 5 درہم وصول کیے اور اسے 5 جریب جو ماہانہ خوراک کے طور پر دینا لازم قرار دیا۔

ابواسحاق نامی راوی کہتے ہیں: حجاج کے زمانے میں ہم سے یہ وصول کر لی جاتی تھی مگر ہمارے حصے کی ادائیگی نہیں کی جاتی تھی۔

شیخ (امام دارقطنی) فرماتے ہیں: ''مقرف'' وہ گھوڑا ہوتا ہے جو تیز رفتار گھوڑے سے کم رفتار ہی چلتا ہے۔

---

[1] الفقہ علی المذاہب الاربعہ از: شیخ عبدالرحمٰن الجزیری کتاب الزکوٰۃ باب زکاۃ عروض التجارۃ 975/1

۱۹۹۵- اخرجه احمد (۱/ ۱٤) عن ابن مهدي عن سفيان عن ابي اسحاق به- واخرجه ابن خزيمة (۲۲۹۰) و الحاكم (۱/ ٤۰۰) و البيهقي (٤/ ۱۱۸) من طريق محمد بن المثنى عن ابن مهدي حدثنا سفيان عن ابي اسحاق به- و اخرجه زهير عن ابي اسحاق به ايضاً- اخرجه احمد (۲۱۸)- و اخرجه عبد الرزاق في الزكاة (٦۸۸۷) عن معمر عن ابي اسحق به بدون ذكر حارثة بن مضرب-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن معلیٰ بن حسن بن طالب بن عبداللہ، ابوعبداللہ شونیزی، سمع محمد بن عبداللہ مخرمی، روی عنہ ابوحفص بن زیات۔ قال ابوقاسم ابندونی: لا باس بہ۔ وقال احمد بن شاذان: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ تاریخ بغداد (۳/۳۱۰)۔

○ حارثۃ بن مضرب-بتشدید راء مکسورۃ قبلھا معجمۃ-عبدی کوفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ غلط من نقل عن ابن مدینی انہ ترکہ۔ اخرجہ لہ بخاری فی ادب مفرد و اصحاب سنن۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۱۰۷۰)۔

1996- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ حَارِثَةَ قَالَ جَاءَ نَاسٌ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ اِلٰى عُمَرَ فَقَالُوْا اِنَّا قَدْ اَصَبْنَا اَمْوَالاً خَيْلاً وَّرَقِيقًا نُحِبُّ اَنْ يَكُوْنَ لَنَا فِيهَا زَكَاةٌ وَّطَهُوْرٌ فَقَالَ مَا فَعَلَهُ صَاحِبَاىَ قَبْلِي فَافْعَلُهُ فَاسْتَشَارَ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَفِيهِمْ عَلِيٌّ فَقَالَ هُوَ حَسَنٌ اِنْ لَمْ تَكُنْ جِزْيَةً يُؤْخَذُوْنَ بِهَا مِنْ بَعْدِكَ رَاتِبَةً.

☆☆ حارثہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: شام سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے بتایا: ہمیں کچھ اموال حاصل ہوئے ہیں جو گھوڑے ہیں اور غلام ہیں ہم یہ چاہتے ہیں ان میں سے بھی ہم سے زکوٰۃ وصول کی جائے تاکہ یہ پاک ہو جائیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھ سے پہلے میرے دو آقاؤں نے جو کام نہیں کیا میں وہ کروں گا' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے یہ مشورہ لیا' ان اصحاب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ ٹھیک ہے اگر اسے ایسا جزیہ قرار نہ دیا جائے جو آپ کے بعد بھی ان سے وصول کیا جاتا رہے۔

1997- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَفَوْتُ لَكُمْ عَنِ الْخَيْلِ وَالرَّقِيقِ وَلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ الْمِائَتَيْنِ زَكَاةٌ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: میں نے گھوڑوں اور غلاموں کی زکوٰۃ تمہیں معاف کر دی ہے اور دو سو (درہم) سے کم میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوگی۔

1998- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مَوْهَبٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

۱۹۹۶- اخرجه احمد (۱/ ۱٤)، و ابن خزيمة (۲۲۹۰)، و الحاكم (۱/ ٤۰۰)، و البيهقي (٤/ ۱۱۸)، من حديث ابن مهدي، به-وابو اسحاق كان قد اختلط لكن سفيان سمع منه قبل اختلاطه- تنظر ترجمة ابي اسحاق من تهذيب الكمال (۲۲/ ۱۰۲-۱۱۳)-

۱۹۹۷- سبق تخريجه، مع الكلام على اسناده-

Marfat.com

(صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَيْسَ فِي الْخَيْلِ وَالرَّقِيقِ صَدَقَةٌ اِلَّا اَنَّ فِي الرَّقِيقِ صَدَقَةَ الْفِطْرِ .

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: گھوڑے اور غلام میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوگی البتہ غلام کی طرف سے صدقہ فطر ادا کیا جائے گا۔

1999- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمِّي اَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَيْسَ فِي الْعَبْدِ صَدَقَةٌ اِلَّا صَدَقَةُ الْفِطْرِ .

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: غلام میں کوئی صدقہ ادا کرنا لازم نہیں ہوگا البتہ صدقہ فطر ادا کیا جائے گا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عراک بن مالک غفاری، کنانی مدنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال عبدالملک کے عہد خلافت میں ہوا۔ اخرج لہ جماعۃ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۴۵۸۱)۔

2000- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْخَالِقِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رِشْدِيْنَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّهُ قَالَ لَا صَدَقَةَ عَلَى الرَّجُلِ فِي فَرَسِهِ وَلَا فِي عَبْدِهِ اِلَّا زَكَاةَ الْفِطْرِ .

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: آدمی کے گھوڑے اور اس کے غلام میں کسی قسم کے صدقے (یعنی زکوٰۃ) کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی البتہ غلام کی طرف سے صدقہ فطر وہ ادا کرے گا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن حجاج بن رشدین بن سعد، ابوجعفر مصری، روی عن ابن ابی مریم۔ قال ابن ابی حاتم: سمعت منہ بمصر لم احدث عنہ لما تکلموا فیہ۔ وقال ابن عدی: لہ مناکیر ویکتب حدیثہ، وھو کثیر حدیث عن حفاظ بحدیث مصر۔ جرح وتعدیل (۲/۷۵)، وکامل لابن عدی (۱/۱۹۸)۔

۱۹۹۸- اخرجہ البیہقی فی السنن (۴/۱۱۷) کتاب الزکاۃ من طریق المصنف' بہ- واخرجہ الطبرانی فی الاوسط (۶۲۶۶/ ط: الطحان) حدیث یزید بن موھب الرملی بإسنادہ- و قال: (لم یرو ھذا الحدیث عن عبید اللہ بن عمر الا ابن ابی زائدۃ' تفرد بہ یزید ا... سیانی من طریق عراک بن مالک فی الذی یلیہ-

۱۹۹۹- اخرجہ مسلم فی الزکاۃ (۲/۶۷۶) باب: لا زکاۃ علی المسلم فی عبدہ و فرسہ (۹۸۲)' و احمد (۲/۴۲۰)' و ابن خزیمۃ (۲۲۸۹) البیہقی (۴/۱۶۰) من طریق عبد اللہ بن وھب' بہ- و انظر الحدیث التالی-

۲۰۰۰- اخرجہ البیہقی فی سننہ (۴/۱۶۰) کتاب الزکاۃ' باب اخراج زکاۃ الفطر عن نفسہ و غیرہ من طریق المصنف' بہ- و اخرجہ ابن خزیمۃ فی صحیحہ (۲۲۸۸) عن محمد بن سہل بن عسکر' حدثنا ابن ابی مریم بإسنادہ- و انظر التالی-

Marfat.com

2001- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَخْبَرَنِىْ مَكْحُولٌ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لَيْسَ عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ صَدَقَةٌ فِىْ فَرَسِهٖ وَلَافِىْ عَبْدِهٖ وَلَافِىْ وَلِيدَتِهٖ.

قَالَ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَّحَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِىْ سَعِيدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهٗ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: مسلمان شخص کے گھوڑے اور اس کے غلام اور اس کی کنیز میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

2002- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ حَبِيبُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ دَاوُدَ الْقَزَّازُ حَدَّثَنَا مُوسٰى بْنُ هَارُونَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُو عُمَرَ مَرْوَانُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ مِنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اِلٰى بَنِيهِ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَاْمُرُنَا بِرَقِيقِ الرَّجُلِ اَوِ الْمَرْاَةِ الَّذِينَ هُمْ تِلَادٌ لَهٗ وَهُمْ عَمَلَةٌ لَا يُرِيدُ بَيْعَهُمْ فَكَانَ يَاْمُرُنَا اَنْ لَّا نُخْرِجَ عَنْهُمْ مِنَ الصَّدَقَةِ شَيْئًا وَكَانَ يَاْمُرُنَا اَنْ نُخْرِجَ مِنَ الرَّقِيقِ الَّذِىْ يُعَدُّ لِلْبَيْعِ.

☆☆ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے یہ (تحریر کیا):

''اللہ تعالیٰ کے نام سے آغاز کرتے ہوئے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے' یہ سمرہ بن جندب کی جانب سے ان کے بیٹوں کے لیے ہے' تم سب کو سلام ہو! امابعد! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ہمارے غلاموں کے بارے میں یہ حکم دیا تھا' وہ غلام جو آدمی کے کام کاج کے لیے استعمال ہوتے ہیں' آدمی نے انہیں فروخت نہیں کرنا ہوتا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا تھا' ہم ان میں سے کوئی زکوٰۃ ادا نہیں کریں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ حکم دیا تھا کہ

۲۰۰۱- اخرجه احمد (۲/ ۲۷۹، ۴۳۲، ۴۷۷)' و ابو داود في الزكاة (۲/ ۲۵۱، ۲۵۲) باب: صدقة الرقيق (۱۵۹۵)' و النسائي في الزكاة (۵/ ۳۵) باب: زكاة الخيل' من حديث مكحول به- و اخرجه سليمان بن يسار عن عراك بن مالك' به- اخرجه مالك في الموطا (۱/ ۲۷۷)' و عبد الرزاق (۶۸۷۸)' و احمد (۲/ ۲۴۲)' و ابن ابي شيبة في الزكاة (۳/ ۱۵۱)' و البخاري في الزكاة (۱۴۶۴) باب: ليس على المسلم في فرسه صدقة' و مسلم في الزكاة (۹۸۲) باب: لا زكاة على المسلم في عبده و فرسه' و ابو داود في الزكاة (۱۵۹۵) باب: صدقة الرقيق' و الترمذي في الزكاة (۶۲۸) باب: ما جاء ليس في الخيل و الرقيق صدقة' و النسائي في الزكاة (۵/ ۳۵) باب: زكاة الخيل' و ابن ماجه في الزكاة (۱۸۱۲) باب: صدقة الخيل و الرقيق -و اخرجه خيثم بن عراك عن ابيه' به- اخرجه البخاري في الزكاة (۱۴۶۳)' و مسلم فيها (۹۸۲)' و الطحاوي في المعاني (۲/ ۲۹)' و البيهقي في الزكاة (۴/ ۱۱۷) باب: لا صدقة في الخيل-

۲۰۰۲- اخرجه ابو داود في سننه (۲/ ۹۵) كتاب الزكاة' باب العروض اذا كانت للتجارة' هل فيها من زكاة؟ الحديث (۱۵۶۲): حدثنا محمد بن داود بن سفيان' قال: حدثنا يحيى بن حسان' قال: حدثنا سليمان بن موسى ابو داود' قال: حدثنا جعفر بن سعد' به-قل الذهبي في (الميزان (۱/ ۴۰۷) (۱۵۰۴): (جعفر بن سعد بن سمرة عن ابيه' و عنه سليمان بن موسى وغيره- له حديث في الزكاة عن ابن عم له- ردد ابن حزم' فقال: هما مجهولان -قلت: ابن عمه هو خبيب بن سليمان بن سمرة' يجهل حاله عن ابيه- قال ابن القطان: ما من هولاء من يعرف حاله' وقد جهد المحدثون فيهم جهدهم- و هو اسناد يروى به جملة احاديث' قد ذكر البزار منها نحو المائة- و قال عبد الحق الازدي: خبيب ضعيف' و ليس جعفر ممن يعتمد عليه)- قال الذهبي: (و بكل حال هذا اسناد مظلم' لا ينهض بحكم)- اه -

Marfat.com

جس غلام کو فروخت کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے اس کی زکوۃ ہم ادا کریں گے"۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حبیب بن حسن بن داود بن محمد بن عبید اللہ، ابوقاسم قزاز، سمع ابا مسلم کجی، روی عنہ دارقطنی و ابوحفص بن شاہی قال خطیب: سالت برقانی عن حبیب قزاز؟ فقال: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ مستوراً۔ تا بغداد (۲۵۴/۸)۔

○ مروان بن جعفر بن سعد بن سمرۃ، روی صحیفۃ سمرۃ وروی عن ابی بکر بن عیاش، روی عنہ ابوحاتم وابوزرعۃ، امام ابوح فرماتے ہیں: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ صالح حدیث۔ جرح وتعدیل (۲۷۶/۸) و"میزا اعتدال" از حافظ شمس دین ذہبی (۳۹۶/۶)۔

○ محمد بن ابراہیم بن خبیب، قال ابن ابی حاتم: روی عن جعفر بن سعد بن سمرۃ بن جندب، روی عنہ مروان بن جعفر سعد بن سمرۃ رسالۃ سمرۃ، سمعت ابی یقول ذلک۔ جرح وتعدیل (۱۸۶/۷) وانظر تاریخ کبیر للبخاری (۲۶/۱)۔

○ جعفر بن سعد بن سمرۃ، عن ابیہ، وعنہ سلیمان بن موسیٰ وغیرہ، قال حافظ فی "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی: یہ ق (مستند) نہیں ہیں۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۹۴۹)۔

○ خبیب۔ ابن سلیمان بن سمرۃ بن جندب ابوسلیمان کوفی، یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ و ذھبی: تجھل حالہ عن ابیہ۔ "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۱۷۱۰) "میزان اعتدال" از حافظ شمس دین (۱۳۵/۲)۔

○ سلیمان بن سمرۃ بن جندب فزاری، قال فی "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی: علم حدیث کے ماہرین نے ا "مقبول" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ روی لہ ابوداود۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملا "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۳۵۸۴)۔

19-باب فِیْ قَدْرِ الصَّدَقَةِ فِیْمَا اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ وَخَرْصِ الثِّمَارِ

باب 19: زمین سے ہونے والی پیداوار میں صدقے کی مقدار کیا ہوگی؟ نیز پھلوں کا اندازہ لگانا

2003- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ النَّقَّاشِ الْمُقْرِءُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّد الْحَجَّاجِ بْنِ رِشْدِيْنَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُوْسَى الطَّلْحِيُّ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ الْمُعْتَمِرِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَرَتِ السُّنَّةُ مِنْ نَبِيِّ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) ف

۲۰۰۳- اخرجه الطبراني في الاوسط (۲٤۱) عن احمد بن رشدين، حدثنا يحيى بن سليمان الجعفي باسناده- وقال: (لم يرو هذا الحديث منصور بن المعتمر الا صالح بن موسى)- اه- و قال الهيثمي في (مجمع الزوائد) (۷۰/۳): (اخرجه الطبراني في الاوسط، و فيه صالح موسى الطلحي، و هو ضعيف)- اه- كذا في المجمع، و الصواب (صالح بن موسى)- قلت: و قد اعاده الطبراني في الاوسط (٥٨٩ محمد بن هشام المستملي عن عبد الله بن عمر بن ابان عن صالح بن موسى الطلحي به- و اعاد قوله السابق هنا ايضا-

Marfat.com

صَدَاقِ النِّسَاءِ اثْنَا عَشَرَ اُوقِيَّةً الْاُوقِيَّةُ اَرْبَعُونَ دِرْهَمًا . فَذٰلِكَ ثَمَانُونَ وَاَرْبَعُمِائَةٍ وَّجَرَتِ السُّنَّةُ مِنْ نَبِيِّ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي الْغُسْلِ مِنَ الْجَنَابَةِ صَاعٌ وَّالْوُضُوْءِ رَطْلَيْنِ وَالصَّاعُ ثَمَانِيَةُ اَرْطَالٍ وَّجَرَتِ السُّنَّةُ مِنْ نَبِيِّ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِيْمَا اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ الْحِنْطَةُ وَالشَّعِيرُ وَالزَّبِيبُ وَالتَّمْرُ اِذَا بَلَغَ خَمْسَةَ اَوْسُقٍ الْوَسْقُ سِتُّونَ صَاعًا فَذٰلِكَ ثَلَاثُمِائَةِ صَاعٍ بِهٰذَا الصَّاعِ الَّذِي جَرَتْ بِهِ السُّنَّةُ . لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مَّنْصُوْرٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ غَيْرُ صَالِحِ بْنِ مُوْسَى الطَّلْحِيِّ وَهُوَ ضَعِيفُ الْحَدِيْثِ .

☆☆ حضرت سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواتین کے مہر کے بارے میں یہ سنت مقرر کی تھی کہ وہ بارہ اوقیہ ہونا چاہیے اور ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے' تو یہ کل چار سو اسّی درہم ہو جائیں گے اور اللہ کے نبی نے یہ حد بھی مقرر کی ہے' غسل جنابت ایک صاع پانی کے ذریعے ہوگا اور وضو دو رطل پانی کے ذریعہ ہوگا' ایک صاع میں آٹھ رطل آتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سنت بھی قائم کی ہے' زمین سے جو پیداوار ہوتی ہے یعنی گندم' جو' کشمش' کھجور جب یہ پانچ وسق ہو جائیں' ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے' تو یہ کل تین سو صاع ہوں گے جو اس صاع کے حساب سے ہوں گے جو سنت سے متعلق ہیں۔

اس روایت کو منصور کے حوالے سے صرف صالح بن موسیٰ نے نقل کیا ہے اور یہ شخص ضعیف الحدیث ہے۔

2004- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ وَهْبٍ الْبُنْدَارُ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْحَاقَ الْاَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُوْسَى عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَرَتِ السُّنَّةُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّهُ لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسَاقٍ زَكَاةٌ وَالْوَسْقُ سِتُّونَ صَاعًا فَذٰلِكَ ثَلَاثُمِائَةِ صَاعٍ مِّنَ الْحِنْطَةِ وَالشَّعِيرِ وَالتَّمْرِ وَالزَّبِيبِ وَلَيْسَ فِيْمَا اَنْبَتَتِ الْاَرْضُ مِنَ الْخُضَرِ زَكَاةٌ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سنت مقرر کی ہے' پانچ وسق سے کم اناج پر زکوٰۃ لازم نہیں ہوگی' ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے' تو یہ کل تین سو صاع ہو جائیں گے' جو گندم' جو' کھجور' انگور کے ہوں گے' زمین سے جو سبزیاں پیدا ہوتی ہیں' ان میں زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوتی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن اسحاق بن وھب بن ھیثم بن خداش ابوبکر بندار، سمع احمد بن علی بر بھاری، ومحمد بن اسحاق انصاری، وعلی بن احمد بن نصر، وغیرھم۔ روی عنہ دارقطنی وغیرہ۔ قال خطیب: کان علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کے

۲۰۰۴- وقد تفرد به صالح، كما ذكر الطبراني في الاوسط، و سبق ذكر كلامه في الرواية السابقة- و صالح: هو ابن موسى بن اسحاق بن طلحة بن عبيد الله الطلحي الكوفي- قال ابن معين: (ليس بثقة) و قال في موضع آخر: (لا يكتب حديثه) و في ثالث: (ليس بشيء)- و قال ابو حاتم: (منكر الحديث جدا، كثير المناكير عن الثقات) وقال: (ليس يعجبني حديثه)- اه- ينظر: تاريخ الدوري (٢/٢٦٦)-وقال البخاري: (منكر الحديث عن سهيل بن ابي صالح)- اه- و تركه النسائي وغيره، و لم يرضه احمد، و ضعفه غير واحد، و قال ابن حبان: (يروي عن الثقات ما لا يشبه حديث الاثبات حتى يشهد المستمع لها انها معمولة او مقلوبة- لا يجوز الاحتجاج به)- اه- ينظر في ترجمته: المجروحين لا بن حبان (١/٣٦٩)، و تهذيب الكمال (١٣/٩٥-٩٨)، و تهذيب التهذيب (٤/٤٠٤)، و ديوان الضعفاء (١٩٣٥)، و تقريب التهذيب (١/٣٦٢)-

Marfat.com

مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۳۶/۴)۔

2005- حَدَّثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى بْنِ اِسْحَاقَ الْاَنْصَارِىُّ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الشِّيرَازِىِّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِى سَعِيدِ الْخُدْرِىِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ اَوَاقٍ صَدَقَةٌ وَلَا فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ وَلَا فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ اَوْسَاقٍ صَدَقَةٌ ۔ وَالْوَسْقُ سِتُّونَ صَاعًا .

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: پانچ اوقیہ سے (چاندی) میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی' پانچ سے کم اونٹوں میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی اور پانچ وسق سے کم اناج میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبیداللہ بن موسیٰ بن اسحاق بن موسیٰ بن عبداللہ بن موسیٰ بن عبداللہ بن یزید، ابواسود انصاری خطمی، حدث عن بشر بن الولید قاف، ومحمد بن سعد عوفی، وجعفر بن محمد بن ابی عبداللہ شیرازی، وغیرھم۔ روی عنہ ابوحسن جراحی، وابوحسن دارقطنی وغیرھما۔ خطیب: کان علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ تاریخ بغداد (۳۵۳/۱۰)۔

2006- حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْمُغِيرَةِ اَبُو سَلَمَةَ الْمَخْزُومِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَا كَانَ بَعْلًا اَوْ سَيْلًا اَوْ عَثَرِيًّا فَفِى كُلِّ عَشَرَةٍ وَاحِدٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو (زمین) بعل، سیل، عثری ہو اس میں دسویں حصے کی ادائیگی لازم ہے۔ (ترجمہ کرنا ہے)

۲۰۰۵- اخرجه مالك في الموطا في الزكاة (۱/ ۲۴۴، ۲۴۵) باب: ما تجب فيه الزكاة' عن عمرو بن يحيى بن عمارة المازني عن ابيه' به- و من طريق مالك اخرجه الشافعي في الزكاة كما في ترتيب المسند (۱/ ۲۳۱، ۲۳۲) باب: فيما يجب اخذه من رب المال من الزكاة' و ما لا يجب ان يوخذ' و البخاري في الزكاة (۳/ ۳۱۰) باب: زكاة الورق (۱۴۴۷)' و ابو داود في الزكاة (۲/ ۲۰۸) باب: ما تجب فيه الزكاة (۱۵۵۸)' و ابن خزيمة (۲۲۶۳) (۲۲۹۸)' و الطحاوي في المعاني (۲/ ۳۵)-و اخرجه شعبة عن عمرو بن يحيى' به- اخرجه احمد (۳/ ۴۴، ۴۵، ۷۹)-و اخرجه سفيان عن عمرو بن يحيى' به- اخرجه الشافعي في الزكاة (۱/ ۲۳۱، ۲۳۲)' و عبد الرزاق (۷۲۵۳)' و احمد (۳/ ۶)' و مسلم في الزكاة (۲/ ۶۷۴) حديث: (۹۷۹)' و النسائي في الزكاة (۵/ ۱۷) باب: زكاة الابل' و البيهقي في الزكاة (۴/ ۱۲۱) باب: النصاب في زكاة الثمار' و اخرجه محمد بن يحيى بن حبان عن يحيى بن عمارة' به- اخرجه عبد الرزاق في الزكاة (۷۲۵۴)' و مسلم في اول الزكاة (۹۷۹)' و النسائي في الزكاة (۵/ ۳۷) باب: زكاة الرسل' و احمد في مسنده (۹۷۹)-

۲۰۰۶- اخرجه ابن حبان في الزكاة (۸/ ۸۱) باب: ذكر الخبر المدحض قول من زعم ان هذا الخبر تفرد به يونس عن الزهري (۳۲۸۶) حديث ابراهيم بن المنذر الحزامي: حدثنا عبد الله بن نافع' به- و في اسناده: عاصم بن عمر' و هو عاصم بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمر بن الخطاب العمري' المدني' ضعفه احمد و ابن معين -في رواية- ابو حاتم و غيرهم- و قال ابن معين في رواية: ليس بشيء' و تركه النسائي في رواية' و قال في اخرى: ليس بثقة- و قال البخاري وغيره: منكر الحديث- ينظر في ترجمته: المجروحين لابن حبان (۲/ ۱۲۷)' و تهذيب الكمال للمزي (۱۲/ ۵۱۷، ۵۱۹)-

Marfat.com

2007- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمِّي اَخْبَرَنِي يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَرَضَ فِيْمَا سَقَتِ السَّمَاءُ وَالْاَنْهَارُ وَالْعُيُوْنُ وَمَا كَانَ عَثَرِيًّا الْعُشْرَ وَمَا سُقِيَ بِالنَّضْحِ نِصْفَ الْعُشْرِ .

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: آسمان (یعنی بارش) نہر اور چشمے کے ذریعے سیراب ہونے والی زمین میں اور جو زمین عثری (یعنی قدرتی طریقے سے سیراب ہوتی ہو) اس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشر (یعنی پیداوار کے دسویں حصے کی ادائیگی) مقرر کی ہے اور جسے (مصنوعی طریقے سے) سیراب کیا جاتا ہے اس میں نصف عشر (یعنی بیسویں حصے کی ادائیگی) مقرر کی ہے۔

2008- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيْعَةَ اَخْبَرَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَرَضَ فِي الْبَعْلِ وَمَا سَقَتِ السَّمَاءُ وَالْاَنْهَارُ وَالْعُيُوْنُ الْعُشْرَ وَفِيْمَا سُقِيَ بِالنَّضْحِ نِصْفَ الْعُشْرِ .

☆☆ سالم بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعل (پانی کے قریب موجود درخت کے ذریعے زمین سیراب ہونے) آسمان نہر چشمے کے ذریعے سیراب ہونے والی (زمین کی پیداوار کے) دسویں حصے کی ادائیگی کو مقرر کیا ہے اور جسے مصنوعی طریقے سے سیراب کیا جاتا ہے اس میں نصف عشر کی ادائیگی لازم ہوگی۔

2009- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ قَالَ سَمِعْتُ الرَّبِيْعَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ الشَّافِعِيَّ يَقُوْلُ الْبَعْلُ الَّذِيْ بَلَغَتْ اُصُوْلُهُ الْمَاءَ .

ابوبکر نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: شیخ ربیع یہ بیان کرتے ہیں: میں نے امام شافعی کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے روایت میں استعمال ہونے والا لفظ "البعل" سے مراد یہ ہے: جس کی جڑیں پانی تک پہنچتی ہوں۔

امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ یہ بات نقل کی ہے: عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے (اپنے گورنر) عدی بن ارطات کو خط لکھا: امابعد! تم حسن بصری سے اس بارے میں دریافت کرو کہ ہم سے پہلے کے ائمہ نے ان مجوسیوں کے بارے میں کیا فتویٰ دیا ہے جو اس طرح کی عورتوں کو نکاح میں جمع کر لیتے ہیں جو مجوسیوں کے علاوہ اور کوئی نہیں کرتا' تو انہوں نے اس بارے میں حسن سے دریافت کیا تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بحرین کے رہنے والے مجوسیوں سے جزیہ قبول کیا تھا اور انہیں اپنی مجوسیت پر برقرار رہنے دیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت علاء بن حضرمی کو ان کا امیر مقرر کیا تھا۔ ان کے بعد حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم نے بھی ایسا ہی کیا تھا۔

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا تھا: اللہ کی قسم! مجھے یہ معلوم نہیں ہے' میں مجوسیوں کے ساتھ کیا طرزِ عمل اختیار کروں؟ تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اُٹھے اور بولے: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان کے ساتھ اہل کتاب کا سا رویہ اختیار کرو۔

زہری نے سعید بن مسیب کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے "ہجر" کے رہنے والے مجوسیوں سے جزیہ وصول کیا تھا۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے سوڈان کے رہنے والے مجوسیوں سے اسے وصول کیا تھا جبکہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بربر

Marfat.com

قبیلے سے تعلق رکھنے والے مجوسی لوگوں سے اسے وصول کیا تھا۔

جہاں تک سفیان ثوری کے اس قول کا تعلق ہے' عربوں کو قیدی نہیں بنایا جاسکتا (تو یہ بات غلط ہے) کیونکہ نبی اکرم نے بنو مصطلق کو قیدی بنایا تھا اور انہیں غلام بنالیا تھا' ان میں سیّدہ جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا بھی تھیں۔ اور شبیب بن فزارہ بھی یہ ایک سریہ میں ہوا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو اس کا امیر مقرر کیا تھا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے' عربوں سے جزیہ وصول نہیں کیا جائے (امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) امام ابو یوسف کے حوالے سے یہ بات صرف امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہے۔

جزیہ کی مقدار

ہمارے اصحاب اور حضرت حسن بن حیی نے یہ بات بیان کی ہے (اس کی مقدار) بارہ (دینار یا درہم) چوبیس یا اڑتالیس (درہم یا دینار) ہوگی۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جن لوگوں کے ہاں سونے کا سکہ چلتا ہو' ان سے چار دینار لیے جائیں گے جن کے چاندی کا سکہ چلتا ہو' ان سے چالیس درہم لیے جائیں گے۔ اس بارے میں خوشحال شخص اور غریب برابر ہیں۔ کوئی اضافہ یا کمی نہیں ہوگی۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: خوشحال شخص اور غریب شخص پر ایک دینار کی ادائیگی لازم ہوگی۔

امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات منقول ہے: وہ فرماتے ہیں اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یمن بھیجا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ ہدایت کی' میں ہر بالغ شخص سے ایک دینار وصول کروں یا اس کے کستوری وصول کرلوں۔

ایک اور سند کے ساتھ یہ بات منقول ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات مذکور ہے' انہوں نے عثمان بن حنیف بھیجا تو انہوں نے سوڈان کے رہنے والے لوگوں پر جزیہ مقرر کیا' جو (خوشحال شخص پر) اڑتالیس درہم (درمیانے درجے کے پر) چوبیس درہم اور (غریب لوگوں پر) بارہ درہم تھا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ یہ بات نقل کی ہے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جن لوگوں کا سونے کے سکوں کا لین دین ان پر چار دینار کی ادائیگی اور جو لوگ چاندی کا لین دین کرتے ہوں ان پر چالیس درہم کی ادائیگی مقرر کی تھی' اس کے ساتھ مسلمانوں کو خوراک فراہم کرنی تھی اور تین دن تک ان کی مہمان نوازی بھی کرنی تھی۔

یہاں یہ احتمال ہوسکتا ہے' یہ مہمان نوازی اور خوراک کی فراہمی اڑتالیس درہم پورے کرنے کے لیے ہو۔

امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یحییٰ بن آدم نے یہ بات بیان کی ہے' جزیہ میں کوئی متعین مقدار نہیں ہے لیکن یہ رائے اجماع کے خلاف ہے۔ کون لوگ جزیہ کے پابند ہیں؟!

ل مختصر اختلاف العلماء' از امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ طحاوی

Marfat.com

اس حکم کی وضاحت کرتے ہوئے ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں:

اہلِ ذمہ پر جزیہ کی ادائیگی لازم قرار دینے کے لیے کچھ شرائط ہیں:

۱) عقل اور بلوغت کے اعتبار سے اہل ہونا' لہٰذا یہ بچوں اور پاگل لوگوں پر واجب نہیں ہوگا کیونکہ وہ لوگ قتال کرنے کے اہل نہیں ہیں۔

۲) مذکر ہونا' تو یہ خواتین پر لازم نہیں ہوگا کیونکہ خواتین بھی قتال کی اہل نہیں ہوتی ہیں' اللہ تعالیٰ نے جزیہ ان لوگوں پر واجب قرار دیا ہے جو جنگ میں حصہ لیتے ہیں۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''تم ان لوگوں کے ساتھ جنگ کرو جو اللہ تعالیٰ پر ایمان نہیں رکھتے اور آخرت کے دن پر (ایمان نہیں رکھتے)''۔

تو جنگ میں حصہ لینا اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ قتال کو یعنی جنگ دونوں طرف سے پائی جارہی ہو۔

۳) صحت اور مال پر قدرت رکھنا' لہٰذا یہ ایسے بیمار شخص پر لازم نہیں ہوگا جو ایک سال سے بیمار ہو یا سال کے اکثر حصے میں بیمار رہا ہو اس کی وجہ یہ ہے: اکثر پر کل کا حکم عائد کیا جاتا ہے۔

اسی طرح یہ ایسے کسی غریب شخص پر بھی لازم نہیں ہوگا' جو کوئی کام کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا اور ان راہبوں پر بھی لازم نہیں ہوگا جو لوگوں کے ساتھ میل جول نہیں رکھتے۔

۴) ان تمام چیزوں سے محفوظ ہونا جو آدمی کو بیکار کر دیتی ہیں جیسے کوئی ایسی بیمار جو بے کار کر دے' نابینا ہونا' عمر رسیدہ ہونا وغیرہ۔

۵) آزاد ہونا' لہٰذا غلام پر جزیے کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی کیونکہ وہ مال کا مالک نہیں ہوتا ہے۔

مختصر یہ کہ تمام فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے' جزیے کی ادائیگی کے لیے بالغ ہونا' آزاد ہونا اور مذکر ہونا شرط ہے' لہٰذا کسی خاتون' بچے' مجنون' لنجے' نابینے' مقروض اور عمر رسیدہ شخص پر یہ لازم نہیں ہوگا کیونکہ یہ دشمن کی طرف سے جنگ میں حصہ لینے کے بدلے کے طور پر واجب ہوا ہے اور یہ سب لوگ اہلیت نہ ہونے کی وجہ سے جنگ میں حصہ نہیں لے سکتے۔

اسی طرح ایسے غریب شخص پر بھی جزیہ لازم نہیں ہوگا جو کوئی کام نہ کر سکتا ہو یعنی کچھ کما نہ سکتا ہو' کیونکہ یہ بات اس کی طاقت سے باہر ہے۔اسی طرح یہ ان راہبوں پر بھی لازم نہیں ہوگا جو لوگوں کے ساتھ میل جول نہیں رکھتے ہیں۔اس کی وجہ یہ ہے: یہ لوگ جنگ میں حصہ نہیں لیتے ہیں۔

جزیہ میں اصل یہ ہے: قتل کو ساقط کیا جائے۔غرباء کی تمام اقسام پر جزیے کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی۔

شوافع اور حنابلہ نے تیسری اور چوتھی شرط کے بارے میں مختلف رائے دی ہے' ان کے نزدیک عذر کی وجہ سے جزیہ کی ادائیگی ساقط ہو جائے گی۔[1]

2040 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ سِنَانٍ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ قَالَ قَدِمَ نَاسٌ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ بِخَيْلٍ وَّرَقِيقٍ

[1] الفقہ الاسلامی وادلتہ از ڈاکٹر وہبہ زحیلی

Marfat.com

فَقَالُوْا لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ خُذْ صَدَقَتَهَا .فَقَالَ مَا اَعْلَمُ اَحَدًا فَعَلَهُ قَبْلِي حَتّٰى اَسْاَلَ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ .

☆☆ عاصم بن ضمرہ بیان کرتے ہیں: شام سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ گھوڑے اور غلام لے کر آئے' انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ ان کی زکوۃ وصول کر لیں' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے علم کے مطابق مجھ سے پہلے کسی نے ایسا نہیں کیا' میں اس بارے میں دریافت کروں گا (اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث ذکر کی ہے)۔

2041- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِى الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ- يَرْفَعُ الْحَدِيْثَ- قَالَ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ فِىْ كِتَابِهٖ فَهُوَ حَلَالٌ وَّمَا حَرَّمَ فَهُوَ حَرَامٌ وَّمَا سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ عَافِيَةٌ فَاقْبَلُوْا مِنَ اللّٰهِ عَافِيَتَهُ فَاِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُنْ نَسِيًّا . ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ (وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا)

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے مرفوع حدیث کے طور پر یہ بات نقل کی ہے' (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:) اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں جس چیز کو حلال قرار دیا ہے' وہ حلال ہے اور جس چیز کو حرام قرار دیا ہے' وہ حرام ہے اور جس چیز کے بارے میں کوئی حکم ذکر نہیں کیا وہ عافیت ہے' تو تم اللہ تعالیٰ کی طرف سے دی ہوئی اس کی عافیت کو قبول کرو' اللہ تعالیٰ کوئی بات بھولا نہیں ہے (یا بھولتا نہیں ہے)۔

پھر انہوں نے یہ آیت تلاوت کی:

''اور تمہارا پروردگار بھولنے والا نہیں ہے''۔

۲۰۰۱- اخرجه الحاكم في التفسير من المستدرك (۲/۳۷۵) من حديث احمد بن حازم الغفاري؛ ثنا ابو نعيم باسناده- ومن طريقه البيهقي في سننه (۱۰/۱۲)-وانظر: تفسير ابن كثير (۵/۲۴۵) و الدر المنثور للسيوطي (۴/۲۷۹)-

Marfat.com

کِتَابُ زَكٰوةِ الْفِطْرِ

صدقۂ فطر کے احکام

1-باب

باب 1: بلاعنوان

2042- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَتِيْقٍ الْعَبْسِيُّ بِدِمَشْقَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ يَزِيْدَ الْخَوْلَانِيُّ حَدَّثَنِيْ سَيَّارُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الصَّدَفِيُّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) زَكَاةُ الْفِطْرِ طُهْرَةٌ لِلصَّائِمِ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ وَطُعْمَةٌ لِلْمَسَاكِيْنِ مَنْ اَدَّاهَا قَبْلَ الصَّلَاةِ فَهِيَ زَكَاةٌ مَقْبُوْلَةٌ وَمَنْ اَدَّاهَا بَعْدَ الصَّلَاةِ فَهِيَ صَدَقَةٌ مِنَ الصَّدَقَاتِ . لَيْسَ فِيْهِمْ مَجْرُوْحٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: صدقۂ فطر روزہ دار شخص کے لیے لغو اور رفث سے پاکیزگی کا باعث ہوتا ہے اور غریب آدمی کو کھانے کے طور پر مل جاتا ہے' جو شخص اسے نماز سے پہلے ادا کر دے گا' تو یہ مقبول صدقہ ہوگا اور جو شخص اسے نماز کے بعد ادا کرے گا' تو یہ عام صدقہ ہے۔

اس روایت کے راویوں میں کوئی بھی مجروح نہیں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

- فی (ط): عتیق عنسی، وھوابراھیم بن عثمان ابوشیبۃ مولی بنی عبس من اھل کوفۃ، ولی قضاء واسط، کان علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۶/۱۱۱) وانساب (۴/۱۴۰)۔
- سیار بن عبدالرحمٰن صدفی، مصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۲۷۳۱)۔

•••——•••——•••

2042- اخرجه ابو داود في الزكاة (۲/ ۱۱۱) باب: زكاة الفطر (۱۶۰۹)، و ابن ماجه في الزكاة (۱/ ۵۸۵) باب: صدقة الفطر (۱۸۲۷)، و الحاكم في الزكاة (۱/ ۴۰۹)، و البيهقي في الكبرى (۴/ ۱۶۳)، و في (المعرفة) في الزكاة (۶/ ۱۸۸- ۱۸۹) باب: من يلزمه زكاة الفطر (۸۴۳۸ - ۸۴۳۹) من حديث مروان بن محمد الدمشقي...... به- وقال الحاكم: على شرط البخاري و لم يخرجاه- و قال الشيخ في (الامام): لم يخرجه المخلون لابي يزيد و لا لسيار شيئا- ينظر: نصب الراية (۲/ ۴۱۱)-

Marfat.com

صدقہ فطر کے احکام

صدقہ فطر کے احکام کی وضاحت کرتے ہوئے شیخ عبدالرحمٰن جزیری تحریر کرتے ہیں:

ہر صاحبِ استطاعت آزاد مسلمان پر صدقۂ فطر کی ادائیگی لازم ہے' نبی اکرم ﷺ نے اس کا حکم اس سال دیا تھا جب رمضان کے روزے فرض ہوئے تھے اور یہ زکوٰۃ کے لازم ہونے سے پہلے کی بات ہے' اس وقت جب نبی اکرم ﷺ عید الفطر سے پہلے خطبہ دے رہے تھے تو آپ ﷺ نے اس کی ادائیگی کی ہدایت کی تھی۔

امام عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبد بن ثعلبہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے عید الفطر سے ایک یا دو دن پہلے خطبہ دیا اور ارشاد فرمایا:

''گندم کا ایک صاع' کھجور کا ایک صاع یا جَو کا ایک صاع' ہر آزاد اور غلام' چھوٹے اور بڑے کی طرف سے ادا کرو''۔

اس کے مسائل اور اس کی مقدار کی تفصیل مختلف مسالک کے حوالے سے حاشیے میں درج ہے۔

احناف یہ کہتے ہیں: صدقۂ فطر واجب ہے' فرض نہیں ہے' اس کے واجب ہونے کے لیے تین چیزیں شرط ہیں: مسلمان ہونا' آزاد ہونا اور بنیادی ضروریات کے بعد نصاب کی مقدار کے مطابق اضافی مال کا مالک ہونا۔

صدقۂ فطر کے لیے نصاب کی افزائش یا مخصوص عرصے تک اسکا باقی رہنا شرط نہیں ہے۔

اس لیے کہ کوئی شخص جو صدقۂ فطر واجب ہونے کے بعد نصاب کا مالک رہتا ہے' لیکن اس کے ادا کرنے سے پہلے ہی اس کا وہ مال اس کے پاس باقی نہیں رہتا تو اب اسکے ذمے صدقۂ فطر ساقط نہیں ہوگا' اسکے برخلاف زکوٰۃ کا حکم مختلف ہے کیونکہ اس کے لیے مخصوص عرصے تک باقی رہنا شرط ہے' جیسا کہ یہ بات پہلے بیان کی جا چکی ہے۔

اسی طرح اس میں عاقل اور بالغ ہونا شرط نہیں ہوتا' اس لیے نابالغ بچے اور فاتر العقل شخص کے مال میں سے بھی صدقۂ فطر کی ادائیگی واجب ہوگی۔ یہاں تک کہ اگر ان کے ولی نے اس صدقے کو ادا نہ کیا تو وہ گناہگار ہوگا اور ان کے بالغ ہو جانے یا جنون سے افاقہ پا جانے کے بعد فقیروں کو صدقۂ فطر دینا واجب ہوگا۔

صدقۂ فطر عید الفطر کی فجر کے طلوع ہونے کے وقت واجب ہوتا ہے اور اس کا ادا کرنا اس سے پہلے یا اس کے بعد درست ہے کیونکہ اسے پوری عمر میں ادا کیا جا سکتا ہے' لہٰذا صدقۂ فطر کو کسی وقت بھی ادا کیا جائے تو وہ ادا ہو جائے گا' اسے قضا نہیں کیا جائے گا۔

یہی حکم تمام ایسے واجبات کا ہے جن میں وقت کی گنجائش رکھی گئی ہے' تاہم مستحب یہ ہے: عیدگاہ جانے سے پہلے صدقۂ فطر ادا کر دیا جائے' جیسا کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اس دن (یعنی عید کے دن) انہیں (یعنی غریب لوگوں کو) مانگنے سے بے نیاز کر دو''۔

صدقۂ فطر اپنی طرف سے' اپنے چھوٹے زیر کفالت بچوں کی طرف سے' اپنے خادم کی طرف سے' اپنے ایسے بڑے بیٹے کی طرف سے جو مجنون ہو' واجب ہے۔

Marfat.com

اگر لڑکا عاقل ہو تو اس کی طرف سے ادائیگی باپ پر لازم نہیں ہوگی خواہ وہ لڑکا محتاج ہی کیوں نہ ہو البتہ باپ نفل کے طور پر یہ ادائیگی کرسکتا ہے۔ اسی طرح شوہر پر یہ بات لازم نہیں ہے وہ اپنی بیوی کی طرف سے صدقۂ فطر ادا کرے البتہ اگر وہ ثواب کے حصول کی نیت سے ایسا کر لیتا ہے تو یہ جائز ہوگا خواہ وہ بیوی کی اجازت کے بغیر ایسا کرے۔

صدقۂ فطر میں چار چیزیں ادا کی جاسکتی ہیں: گندم جو کھجور اور منقّی۔[1]

2043 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ الْقَاسِمِ التَّمَّارُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْمُعَلَّى حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ حَدَّثَنَا اَبِىْ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ بَعْضَ الْبَادِيَةِ جَاءُوْا اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالُوْا هَلْ عَلَيْنَا زَكَاةُ الْفِطْرِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) هِىَ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ صَغِيْرٍ اَوْ كَبِيْرٍ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ شَعِيْرٍ اَوْ اَقِطٍ .

☆☆ امام زین العابدین رضی اللہ عنہ اپنے والد (حضرت امام حسین علیہ السلام) کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: کچھ دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے دریافت کیا: کیا ہم پر صدقۂ فطر کی ادائیگی لازم ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ ہر چھوٹے بڑے آزاد غلام مسلمان پر لازم ہے جو کھجور کا جو کا یا پنیر کا ایک صاع ہوگا۔

2044 - حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجُوَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا الثَّوْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِزَكَاةِ الْفِطْرِ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ حُرٍّ وَعَبْدٍ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر مسلمان کو خواہ وہ آزاد ہو یا غلام نابالغ ہو یا بالغ کھجور کا ایک صاع یا جو کا ایک صاع ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔

2045 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الدَّبَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا الثَّوْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَابْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مِثْلَ حَدِيْثِ ابْنِ زَنْجُوَيْهِ سَوَاءً . وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَقَالَ فِيْهِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ . وَكَذَا رَوَاهُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَّالضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ وَعُمَرُ بْنُ نَافِعٍ وَّالْمُعَلَّى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ وَكَثِيْرُ بْنُ فَرْقَدٍ وَّيُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ وَرُوِىَ عَنِ ابْنِ شَوْذَبَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ كَذٰلِكَ.

[1] الفقہ علی المذاہب الاربعہ از: شیخ عبدالرحمٰن الجزیری

۲۰۴۳- اورده الزيلعي في (نصب الراية) (۲/۴۱۱) عن الدارقطني و حده و قال: (قال الشيخ في الامام: و في اسناده بعض من يحتاج الى معرفة حاله- انتهى- و هذه الالفاظ تمنع تاويل الفرض المذكور في الصحيح بالفرض التقديري و الله اعلم)- اه-

۲۰۴۴- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۳/۳۱۴) باب: زكاة الفطر (۵۷۶۳) دن الثوري به-

۲۰۴۵- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۳/۳۱۴) باب: زكاة الفطر (۵۷۶۳) دن الثوري عن عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر و عن ابن ابي ليلى عن نافع عن ابن عمر به-وله طرق عن نافع ياتي تخريجها عقب هذه الرواية ان شاء الله تعالى-

Marfat.com

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں لفظ''مسلمانوں'' کا اضافہ ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ شیخ عالم مسند علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ابویعقوب، اسحاق بن ابراہیم بن عباد صنعانی دبری، راویۃ عبدرزاق، یہ 195ھ میں پیدا ہوئے۔ امام دارقطنی فرماتے ہیں: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ما رایت فیہ خلافاً۔ ان کا انتقال 285ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: سیر اعلام النبلاء (۴۱۶/۱۳)۔

2046- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْمُغِيْرَةِ الْمَخْزُوْمِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى فُدَيْكٍ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَرَضَ زَكَاةَ الْفِطْرِ مِنْ رَمَضَانَ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ رَجُلٍ اَوِ امْرَاَةٍ صَغِيْرٍ اَوْ كَبِيْرٍ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر مسلمان شخص پر خواہ وہ غلام ہو یا آزاد مرد ہو یا عورت ہو' نابالغ ہو یا بالغ ہو' کھجور کا ایک صاع یا جَو کا ایک صاع رمضان کے بعد صدقۂ فطر کے طور پر ادا کرنا لازم قرار دیا ہے۔

2047- حَدَّثَنَا الْقَاضِى الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ نَافِعٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ عَنِ الْعَبْدِ وَالْحُرِّ وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى وَالصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَمَرَ بِهَا اَنْ تُؤَدّٰى قَبْلَ خُرُوْجِ النَّاسِ اِلَى الصَّلَاةِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کا ایک صاع یا جَو کا ایک صاع دینا لازم قرار دیا ہے' جو صدقۂ فطر کے طور پر ہر غلام یا آزاد' مذکر اور مؤنث' ہر نابالغ اور بالغ مسلمان کی طرف سے ادا کیا جائے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں یہ حکم دیا ہے' لوگوں کے نمازِ عید پڑھنے جانے سے پہلے اسے ادا کر دیا جائے۔

2048- حَدَّثَنَا الْقَاضِى الْمَحَامِلِىُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّعْمَانِىُّ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ عُتْبَةَ اَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ

۲۰۴۶- اخرجه احمد (۱۵۷/۲) و مسلم في الزكاة (۶۷۷/۲) باب: الامر باخراج زكاة الفطر قبل الصلاة (۹۸۴) و ابن خزيمة في صحيحه (۲۴۲۱) و البيهقي في الكبرى (۱۶۲/۴) من حديث ابن ابي فديك ...... به- و اخرجه البخاري في الزكاة (۱۵۰۹) باب: الصدقة قبل العيد ومسلم في الم. ضع السابق و ابو داود في الزكاة (۲/ ۲۶۴، ۲۶۵) باب كم يودى في صدقة الفطر؟ (۱۶۱۱) و النسائي في الزكاة (۵/ ۴۸) باب الوقت الذي يستحب ان يودى فيه صدقة الفطر و الترمذي في الزكاة (۶۱/۲) باب: ما جاء في تقديمها قبل الصلاة (۶۷۷) من حديث الضحاك بن عثمان به-

۲۰۴۷ اخرجه البخاري في الزكاة (۱۵۰۳) باب: فرض صدقة الفطر و ابو داود في الزكاة (۲/ ۱۱۴- ۱۱۵) باب: كم يودى في صدقة الفطر (۱۶۱۲) و النسائي في الزكاة (۴۸/۵) من حديث يحيى بن السكن ...... به-

۲۰۴۸ اخرجه ابن حبان في الزكاة (۸/ ۹۶، ۹۷) باب: صدقة الفطر (۲۲۰۴) من حديث شريح بن يزيد

Marfat.com

حَدَّثَنَا شُرَيْحُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا اَرْطَاةُ عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ اِسْمَاعِيلَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِزَكَاةِ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيرٍ عَنْ كُلِّ مُسْلِمٍ صَغِيرٍ اَوْ كَبِيرٍ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقۂ فطر میں کھجور کا ایک صاع یا جو کا ایک صاع ہر مسلمان خواہ وہ چھوٹا ہو یا بڑا' آزاد ہو یا غلام کی طرف سے ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔

2049- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْخَالِقِ حَدَّثَنَا اَبُو عُلَاثَةَ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ رِشْدِينَ حَدَّثَنَا ابْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ كَثِيرِ بْنِ فَرْقَدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ زَكَاةُ الْفِطْرِ عَلَى كُلِّ حُرٍّ وَعَبْدٍ مِّنَ الْمُسْلِمِينَ صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعٌ مِنْ شَعِيرٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: صدقۂ فطر کی ادائیگی ہر آزاد اور غلام مسلمان پر فرض ہے جو کھجور کا ایک صاع یا جو کا ایک صاع ہوگا۔

2050- وَحَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ السِّجِسْتَانِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَدَقَةَ الْفِطْرِ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ. وَذَكَرَ الْحَدِيثَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کا ایک صاع بطور صدقۂ فطر کی ادائیگی ہر مسلمان پر لازم قرار دی ہے۔

اس کے بعد راوی نے پوری حدیث ذکر کی۔

2051- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي طَالِبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَدَقَةَ الْفِطْرِ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثَى صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيرٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر آزاد یا غلام مذکر یا مؤنث مسلمان پر کھجور کا ایک صاع یا جو کا ایک صاع بطور صدقۂ فطر لازمی قرار دیا ہے۔

2052- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُفَضَّلِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْاَشْعَرِيُّ حَدَّثَنَا

۲۰۴۸- اخرجه الحاكم و صححه' لكنه سقط من المستدرك' ووجد في تلخيصه للذهبي (۱/۴۱۰)-

۲۰۵۰- اخرجه احمد في مسنده (۲/۵'۵۵'۶۳'۶۶'۱۰۲) من طرق عن عبيد الله بن عمر عن نافع' به-

۲۰۵۱- اشار ابو داود الى رواية عبد الله بن عمر عن نافع هذه في الزكاة (۲/۱۱۵) باب: كم يؤدى في صدقة الفطر؛ عقب رقم (۱۶۱۲)- و اخرجه الحاكم في الزكاة (۱/۴۱۰) من حديث سعيد بن عبد الرحمن الجمحي عن عبد الله ابن عمر عن نافع به-

۲۰۵۲- اخرجه البيهقي في الكبرى (۴/۱۶۱) من هذا الوجه' قال الزيلعي في (نصب الراية) (۲/۴۱۳): (وهو مرسل: فان جد علي بن موسى: هو جعفر الصادق بن محمد بن علي ابن الحسين بن علي بن ابي طالب رضي الله عنهم- و جعفر لم يدرك الصحابة و قد اخرجه له الشيخان- و قال ابن حبان في الثقات: يحتج بحديثه- مالم يكن من رواية اولاده عنه' فان في حديث ولده مناكير كثيرة)- اه-

Marfat.com

اِسْمَاعِيلُ بْنُ هَمَّامٍ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ مُوسَى الرِّضَا عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ اٰبَائِهِ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَرَضَ زَكَاةَ الْفِطْرِ عَلَى الصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثَى مِمَّنْ تَمُونُونَ .

☆☆ امام علی رضا رضی اللہ عنہ' امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ان کے والد (امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے ان کے دادا (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے ان کے آباء و اجداد (یعنی امام زین العابدین' امام حسین اور حضرت علی رضی اللہ عنہم کے حوالے سے) یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر چھوٹے اور بڑے اور مذکر و مؤنث پر صدقۂ فطر کی ادائیگی لازمی قرار دی ہے۔ جو آپ کے زیرِ کفالت ہوں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن موسیٰ بن جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی ہاشمی، یلقب رضا، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 20ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۸۳۸ھ)۔

2053- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ زُرَارَةَ حَدَّثَنَا عُمَيْرُ بْنُ عَمَّارٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا الْاَبْيَضُ بْنُ الْاَغَرِّ حَدَّثَنِي الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِصَدَقَةِ الْفِطْرِ عَنِ الصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ وَالْحُرِّ وَالْعَبْدِ مِمَّنْ تَمُونُونَ . رَفَعَهُ الْقَاسِمُ وَلَيْسَ بِقَوِيٍّ وَالصَّوَابُ مَوْقُوفٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر چھوٹے اور بڑے' آزاد اور غلام کی طرف سے صدقۂ فطر ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔ جو تمہارے زیرِ کفالت ہوں۔

قاسم نامی راوی نے اسے مرفوع حدیث کے طور پر نقل کیا ہے' یہ راوی قوی نہیں ہے اور درست یہ ہے: یہ روایت موقوف ہے۔

2054- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ سَمِعْتُ عِدَّةً مِنْهُمُ الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ يُعْطِي صَدَقَةَ الْفِطْرِ عَنْ جَمِيعِ اَهْلِهِ كَبِيرِهِمْ وَصَغِيرِهِمْ عَمَّنْ يَعُولُ وَعَنْ رَقِيقِهِ وَعَنْ رَقِيقِ نِسَائِهِ.

☆☆ نافع' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: وہ اپنے تمام اہل خانہ کی طرف سے صدقۂ فطر ادا کیا کرتے تھے' جن میں چھوٹے بڑے سب شامل تھے وہ سب لوگ جو ان کے زیرِ کفالت تھے' اپنے غلاموں' اپنی بیویوں کے غلاموں کی طرف سے بھی صدقۂ فطر ادا کیا کرتے تھے۔

۲۰۵۳- هكذا اورده الدارقطني هنا بهذا اللفظ من حديث الضحاك' و صوب وقفه' و من طريق اخرجه البيهقي في السنن (۱/۴) ومضى من هذا الوجه قريبا بلفظ آخر' و ياتي عقبه موقوفاً على ابن عمر بنحو ما هنا-

Marfat.com

2055- حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا جَدِّى حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بَعَثَ مُنَادِيًا يُنَادِىْ فِىْ فِجَاجِ مَكَّةَ اَلَا اِنَّ زَكَاةَ الْفِطْرِ وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ عَلٰى كُلِّ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى حُرٍّ وَعَبْدٍ وَّصَغِيرٍ وَّكَبِيرٍ مُّدَّانِ مِنْ قَمْحٍ اَوْ صَاعٌ مِمَّا سِوَاهُ مِنَ الطَّعَامِ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو اعلان کرنے کے لیے بھیجا جس نے مکہ کی گلیوں میں یہ اعلان کیا: یادرکھنا ہر مسلمان پر، ہر مذکر و مؤنث، آزاد و غلام، چھوٹے اور بڑے پر صدقہ فطر کی ادائیگی لازم ہے جو گندم کے دو مد ہوں گے اور اس کے علاوہ دیگر تمام قسم کے اناج کا ایک صاع ہوگا۔

2056- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْمَرْوَزِىُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِى الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بَعَثَ صَارِخًا يَصْرُخُ فِىْ بَطْنِ مَكَّةَ اَلَا اِنَّ صَدَقَةَ الْفِطْرِ مِثْلَهُ وَزَادَ فِيْهِ حَاضِرٍ اَوْ بَادٍ.

☆☆ عمرو بن شعیب بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو بھیجا جس نے مکہ کے نشیب میں بلند آواز میں یہ اعلان کیا: یادرکھنا صدقہ فطر (کی ادائیگی لازم ہے)۔

اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث بیان کی ہے، تاہم اس میں یہ الفاظ زائد ہیں: ہر شہری اور دیہاتی پر لازم ہے۔

2057- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِىُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ قَالَ عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ بَلَغَنِىْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَمَرَ صَارِخًا يَصْرُخُ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ .ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ .

☆☆ عمرو بن شعیب یہ بیان کرتے ہیں: مجھے یہ پتا چلا ہے، نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو حکم دیا جس نے یہ اعلان کیا: ہر مسلمان پر (اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث ذکر کی ہے)۔

2058- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَهْدِىٍّ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ اَنْبَاَنِىْ عَلِىُّ بْنُ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَمَرَ صَائِحًا صَاحَ اِنَّ صَدَقَةَ الْفِطْرِ حَقٌّ وَّاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ صَغِيرٍ اَوْ كَبِيرٍ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى حُرٍّ اَوْ مَمْلُوْكٍ حَاضِرٍ اَوْ بَادٍ مُّدَّانِ مِنْ قَمْحٍ اَوْ صَاعٌ مِنْ شَعِيرٍ اَوْ تَمْرٍ.

۲۰۵۵- اخرجه الترمذي في الزكاة (۲/ ٦٠) باب: ما جاء في صدقة الفطر (٦٧٤)، عن عقبة بن مكرم البصري: حدثنا سالم بن نوح به- و قال الترمذي: (حديث حسن غريب)- قال الزيلعي في (نصب الراية) (۲/ ٤٢٠): (واعله ابن الجوزي في التحقيق بسالم بن نوح، قال ابن معين: ليس بشيء، و تعقبه صاحب التنقيح، فقال: هو صدوق، روى له مسلم في صحيحه- وقال ابو زرعة: صدوق ثقة و وثقه ابن حبان- و قال النسائي: ليس بالقوي- وقال الدارقطني: فيه شيء- وقال ابن عدي: عنده غرائب، و افراد، و احاديثه مقاربة مختلفة)- اه-

۲۰۵٦- اخرجه عبد الرزاق في العيدين (۳/ ۳۲۱) باب: وجوب زكاة الفطر (٥٨٠٠)، وهو معضل: كما قال الزيلعي في نصب الراية (۲/ ٤۲۱)-

۲۰۵۷- اخرجه البيهقي في الكبرى (٤/ ۱۷۳) من طريق عبد الوهاب بن عطاء، و لم يسق لفظه- و عبد الوهاب بن عطاء، قال البخاري: ليس بالقوي عندهم، و تكلم فيه غيره، و مشاه جماعة، و وثقه الدارقطني- ينظر: تهذيب التهذيب (٦/ ٤٥٠- ٤٥٢)-

Marfat.com

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو اعلان کرنے کا حکم دیا کہ صدقۂ فطر حق ہے اور ہر چھوٹے بڑے مذکر مؤنث آزاد غلام شہری دیہاتی مسلمان پر اسے ادا کرنا لازم ہے جو گندم کے دو مُد ہوں گے اور جَو یا کھجور کا ایک صاع ہوگا۔

2059- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَدَّادُ وَحَمْدَانُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَا حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ السَّعْدِيُّ - وَكَانَ مِنْ خِيَارِ النَّاسِ - حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَمَرَ صَارِخًا بِبَطْنِ مَكَّةَ مِثْلَهُ سَوَاءً وَزَادَ اَلَا اِنَّ الْوَلَدَ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو حکم دیا: وہ وادیٔ مکہ کے ایک نشیب میں یہ اعلان کریں۔

تاہم اس روایت میں یہ الفاظ زائد درج ہیں: یاد رکھنا اولاد صاحبِ فراش کی ہوتی ہے اور زنا کرنے والے کو محرومی ملتی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن عباد سعدی، مجہول، یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ امام دارقطنی فرماتے ہیں: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ وقال ابوداود: لا اعرفہ، وحدیثہ منکر۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۷۶۲۷)، "میزان اعتدال" از حافظ شمس دین ذہبی (۷/۱۹۳) و لسان (۶/۳۴۴-۳۴۵)۔

2060- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي طَالِبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ قَالَ عَطَاءٌ مُدَّيْنِ مِنْ قَمْحٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ شَعِيرٍ الْحُرُّ وَالْعَبْدُ فِيهِ سَوَاءٌ.

۲۰۵۸- اخرجه البيهقي في الكبرى (۱۷۲/٤)؛ قال الزيلعي في نصب الراية (۲/٤۲۰): (قال ابن الجوزي: و علي بن صالح ضعفوه)- قال صاحب التنقيح: هذا خطا منه، و لا نعلم احدا ضعفه، لكنه غير مشهور الحال- قال ابن ابي حاتم: علي بن صالح روى عن ابن جريج، روى عنه معتمر بن سليمان، سالت ابي عنه؟ فقال: مجهول لا اعرفه- وذكر غير ابي حاتم انه مكي معروف، و هو احد العباد، و كنيته: ابو الحسن، وروى عن عمرو بن دينار و عبد الله بن عثيم و يحيى بن جرجة و الاوزاعي و عبيد الله بن عمر و جماعة- و روى عنه سعيد بن سالم القداح و معتمر بن سليمان و سفيان الثوري- وروى له الترمذي في جامعه، و ذكره ابن حبان في كتاب الثقات، وقال: يعرف- و توفي سنة احدى و خمسين و مائة- انتهى -واخرجه البيهقي كذلك عن المعتمر بن سليمان عن علي بن صالح، قال: و اخرجه سالم بن نوح عن ابن جريج عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده مرفوعًا، ثم قال: قال الترمذي: سالت محمد بن اسماعيل عن هذا الحديث؟ فقال: ابن جريج لم يسمع من عمرو بن شعيب- انتهى كلامه)-

۲۰۵۹- اخرجه الحاكم في الزكاة من المستدرك (۱/٤۱۰)، و عنه البيهقي في الكبرى (٤/۱۷۲) من طريق داود بن شبيب ...به- و قال الحاكم: (صحيح الاسناد، و لم يخرجاه بهذه الالفاظ)- اه -و تعقبه الذهبي بقوله: (قلت: بل خبر منكر جدًا- قال العقيلي: يحيى بن عباد عن ابن جريج حديثه يدل على الكذب- وقال الدارقطني ضعيف)- اه- وقال البيهقي: (تفرد به يحيى ابن عباد عن ابن جريج، و قد اخرجه غيره عن ابن جريج عن عطاء من قوله في المدين)- اه- قال ابن الجوزي في التحقيق -كما في نصب الراية ۲/٤۱۹-: (وقد ذكره العقيلي في يحيى هذا، و ضعفه، و كذلك ضعفه الدارقطني، قال الازدي: منكر الحديث جدًا عن ابن جريج - انتهى)-

۲۰٦۰- اشار البيهقي الى هذه الرواية في كلامه السابق على الرواية الماضية، و كانه مال الى ترجيح هذه الرواية- راجع: ما قبله -

Marfat.com

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں: گندم کے دومُد ہوں گے اور کھجور یا جَو کا ایک صاع ہوگا' اس بارے میں آزاد اور غلام شخص کا حکم برابر ہے۔

2061- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدِ بْنِ حَفْصٍ وَيَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْعَطَّارَانِ قَالَا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ عَثْمَةَ حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ اَبِيهِ قَالَ رَتَّبَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الزَّكَاةَ عَلَى الْمُسْلِمِ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ زَبِيبٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ اَقِطٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيرٍ.

☆☆ کثیر بن عبداللہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے صدقۂ فطر کی ادائیگی ہر مسلمان پر لازم قرار دی ہے جو کھجور کا ایک صاع ہوگا یا کشمش کا ایک صاع ہوگا یا پنیر کا ایک صاع ہوگا یا جَو کا ایک صاع ہوگا۔

2062- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي الثَّلْجِ حَدَّثَنِي جَدِّي حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي اَنَسٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّهُ اَمَرَ بِزَكَاةِ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيرٍ اَوْ مُدَّيْنِ مِنْ قَمْحٍ عَلَى كُلِّ حَاضِرٍ وَّبَادٍ صَغِيرٍ وَّكَبِيرٍ وَّحُرٍّ وَعَبْدٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم ﷺ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ ﷺ نے ہر شہری اور دیہاتی' چھوٹے اور بڑے' آزاد اور غلام شخص کو کھجور کا ایک صاع' جَو کا ایک صاع یا گندم کے دومُد بطور صدقہ فطر ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔

2063- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الدِّيبَاجِيُّ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ سُلَيْمَانَ الصُّغْدِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الزِّبْرِقَانِ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَدَقَةُ الْفِطْرِ صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعٌ مِنْ شَعِيرٍ اَوْ مُدَّانِ مِنْ حِنْطَةٍ عَنْ كُلِّ صَغِيرٍ وَّكَبِيرٍ وَّحُرٍّ وَّعَبْدٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: صدقہ فطر کھجور کا ایک صاع ہوگا یا جَو کا ایک صاع ہوگا یا گندم کے دومُد ہوں گے اور یہ ہر چھوٹے بڑے' آزاد غلام کی طرف سے ادا کیا جائے گا۔

2064- حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُولٍ حَدَّثَنَا جَدِّي حَدَّثَنَا اَبِي حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ

۲۰۶۱- عزاه الزيلعي (۴۲۵/۲) للدارقطني ثم قال: (وكثير هذا مجمع على تضعيفه' ولم يوافق الترمذي على تصحيح حديثه في موضع وتحسينه في آخر- قال احمد: ليس بشيء- و قال الشافعي -رحمه الله-: هو ركن من اركان الكذب- وقال ابن معين: ليس حديثه بشيء- وقال النسائي والدارقطني: متروك)-اه-

۲۰۶۲- اخرجه ابن الجوزي في التحقيق (۵۲/۲) من طريق الدارقطني' به- و الواقدي ضعيف سبقت ترجمته-

۲۰۶۳- اخرجه ابن الجوزي في التحقيق (۵۲/۲) باسناده المصنف به- و داود بن الزبرقان: تركه ابو زرعة او غيره- و قال ابن معين: ليس بشيء و ضعفه جماعة- و بقية: سبق الكلام حوله-

Marfat.com

فَضَالَةَ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَرَضَ عَلَى الذَّكَرِ وَالْاُنْثَى وَالْحُرِّ وَالْعَبْدِ صَدَقَةَ رَمَضَانَ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ طَعَامٍ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر مذکر، مؤنث، آزاد و غلام پر رمضان کا صدقہ لازم قرار دیا ہے، جو کھجور کا ایک صاع ہوگا یا اناج کا ایک صاع ہوگا۔

2065- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ يُوْسُفَ الْقُلُوْسِيُّ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ الْاَسْوَدِ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) حَضَّ عَلٰى صَدَقَةِ رَمَضَانَ عَلٰى كُلِّ اِنْسَانٍ صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعٌ مِنْ شَعِيْرٍ اَوْ صَاعٌ مِنْ قَمْحٍ .بَكْرُ بْنُ الْاَسْوَدِ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر شخص کو رمضان کا صدقہ (یعنی صدقۂ فطر) ادا کرنے کی ترغیب دی ہے جو کھجور کا ایک صاع ہوگا یا جَو کا ایک صاع ہوگا یا گندم کا ایک صاع ہوگا۔

اس روایت کا ایک راوی بکر بن اسود قوی نہیں ہے۔

2066- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اُمِرْنَا اَنْ نُعْطِيَ صَدَقَةَ رَمَضَانَ عَنِ الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ وَالْحُرِّ وَالْمَمْلُوْكِ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ مَنْ اَدّٰى بُرًّا قُبِلَ مِنْهُ وَمَنْ اَدّٰى شَعِيْرًا قُبِلَ مِنْهُ وَمَنْ اَدّٰى زَبِيْبًا قُبِلَ مِنْهُ وَمَنْ اَدّٰى سُلْتًا قُبِلَ مِنْهُ- قَالَ وَاَحْسَبُهُ قَالَ وَمَنْ اَدّٰى دَقِيْقًا قُبِلَ مِنْهُ- وَمَنْ اَدّٰى سَوِيْقًا قُبِلَ مِنْهُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہمیں اس بات کا حکم دیا گیا ہے، ہم ہر چھوٹے بڑے، آزاد و غلام کی طرف سے رمضان کا صدقہ (یعنی صدقۂ فطر) اناج کا ایک صاع ادا کریں جو شخص گندم ادا کرے گا، تو وہ اس کی طرف سے قبول کی جائے گی، جو شخص جَو ادا کرے تو وہ اس کی طرف سے قبول کیا جائے گا، جو شخص کشمش ادا کرے گا وہ اس کی طرف سے قبول کی جائے گی، جو شخص گندم ادا کرے گا وہ اس کی طرف سے قبول کی جائے گی۔

راوی بیان کرتے ہیں: میرا خیال ہے، روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: جو شخص آٹا ادا کرے گا وہ اس کی طرف سے قبول کیا جائے گا اور جو شخص ستو ادا کرے گا وہ اس کی طرف سے قبول کیے جائیں گے۔

2067- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ يُوْسُفَ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ

٢٠٦٤- اعله ابن الجوزي في التحقيق بمبارك بن فضالة' و نقل تضعيفه عن احمد و ابن معين و النسائي' و تعقبه صاحب التنقيح بان واحد من الائمة حسن امره' و ذكر ما يويد ذلك عن عفان بن مسلم و القطان و ابي زرعة الرازي- راجع (نصب الراية) (٢/ ٤٢٤)-

٢٠٦٥- اخرجه الحاكم في الزكاة من المستدرك (١/ ٤١٠) من حديث بكر بن الاسود' به- و صححه الحاكم-

٢٠٦٦- اخرجه النسائي في الزكاة (٥/ ٥١) باب: مكيلة زكاة الفطر' عن علي بن ميمون عن مخلد عن هشام..... به- و ذكره ابن ابي في علله (١/ ٢١٦) (٦٢٧) من حديث نصر بن علي عن عبد الاعلى عن هشام' به- و سال اباه عنه' فقال ابوه: (حديث منكر)- الا الزيلعي (٢/ ٤٢٥) عن صاحب التنقيح قوله : (رجاله ثقات غير ان فيه انقطاعاً! قال احمد و ابن المديني و ابن معين البيهقي : محمد سيرين لم يسمع من ابن عباس شيئا)- اه-

Marfat.com

الحُنَیْنِیُّ عَنْ كَثِیرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ عَنْ أَبِیهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ فَرَضَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) زَكَاةَ الْفِطْرِ عَلَى كُلِّ صَغِيرٍ وَكَبِيرٍ ذَكَرٍ وَأُنْثَى عَبْدٍ وَحُرٍّ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِّنْ طَعَامٍ أَوْ صَاعًا مِّنْ زَبِيبٍ أَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيرٍ أَوْ صَاعًا مِّنْ أَقِطٍ.

☆☆ کثیر بن عبداللہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہر چھوٹے بڑے مذکر مؤنث غلام وآزاد پر صدقۂ فطر کی ادائیگی لازم قرار دی ہے جو کھجور کا ایک صاع ہوگا یا اناج کا ایک صاع ہوگا کشمش کا ایک صاع ہوگا یا جَو کا ایک صاع ہوگا یا پنیر کا ایک صاع ہوگا۔

2068- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَمْزَةَ بْنِ الْحُسَيْنِ الْخَثْعَمِيُّ مِنْ أَصْلِ كِتَابِهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ صَبِيحٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَرَضَ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِّنْ بُرٍّ. كَذَا قَالَ عَلَى كُلِّ حُرٍّ أَوْ عَبْدٍ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى مِنَ الْمُسْلِمِينَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے کھجور کا ایک صاع، گندم کا ایک صاع، صدقۂ فطر کے طور پر ادا کرنا مقرر کیا ہے۔

راوی نے یہ الفاظ بھی نقل کیے ہیں: یہ ہر آزاد و غلام، مذکر و مؤنث مسلمان پر لازم ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سعید بن عبدالرحمٰن جمحی، من ولد عامر بن حذیم ابوعبداللہ مدنی، قاضی بغداد، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 176ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۲۳۶۳)۔

2069- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ عَبْدَانَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَزْهَرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُرَحْبِيلَ الصَّنْعَانِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى عَنْ نَافِعٍ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ قَالَ أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَمْرَو بْنَ حَزْمٍ فِي زَكَاةِ الْفِطْرِ نِصْفُ صَاعٍ مِّنْ حِنْطَةٍ أَوْ صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ.

۲۰۶۷- سبق هذا الحديث قريباً و سبق بيان ضعف كثير بن عبد الله- و اسحاق الحنيني ايضا تكلم فيه البخاري و النسائي و الازدي و ابن معين: كما ذكر الزيلعي (۲/۴۳۶)-

۲۰۶۸- اخرجه الحاكم في المستدرك (۱/۴۱۰) و البيهقي في الكبرى (۴/۱۶۶) من حديث الجمحي به- و صححه الحاكم- و قال البيهقي: (هكذا قال سعيد بن عبد الرحمن الجمحي- و ذكر البر فيه ليس بمحفوظ)-قال الحاكم: (و اشهر منه حديث ابي معشر عن نافع الذي علونا فيه لكني تركته: لانه ليس من شرط هذا الكتاب- انتهى)- و هذا الذي اشار اليه الحاكم اخرجه في (علوم الحديث)- كما في نصب الراية (۲/۴۲۵)- من حديث ابي معشر عن نافع ...... به- و ابو معشر: نجيح السندي كان يحيى لا يحدث عنه و يضعفه و كان ابن مهدي يحدث عنه- وقال احمد: حديثه مضطرب لا يقيم الاسناد و لكن اكتب حديثه: اعتبر به- و ضعفه ابن معين و ابو داود وغيرهما- وقال البخاري: منكر الحديث- ينظر: تهذيب التهذيب (۱۰/۴۱۹-۴۲۲)-

۲۰۶۹- محمد بن شرحبيل الصنعاني: ضعفه الدارقطني و ذكره ابن حبان في (الثقات) وقال: مستقيم الحديث- (لسان الميزان) (۵/۱۹۹)-

Marfat.com

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقۂ فطر کے بارے میں حضرت عمرو بن حزم کو حکم دیا تھا' وہ گندم کا نصف صاع یا کھجور کا ایک صاع وصول کریں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ مکی بن عبدان بن محمد بن بکر بن مسلم بن راشد ابو حاتم تمیمی النیسابوری، سمع احمد بن حفص بن عبید اللہ، وعبد اللہ بن ہاشم طوسی وغیرہما، وروی عنہ کافۃ اھل بلدہ، وقدم بغداد وحدث بھا، وثقہ خطیب فی تاریخہ، ولد سنۃ اثنتین واربعین ومائتین، وتوفی سنۃ خمس وعشرین وثلاثمائۃ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۱۳/۱۱۹، ۱۲۰)۔

2070- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدَانَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوبَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّاسُ يُخْرِجُونَ صَدَقَةَ الْفِطْرِ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَاعَ شَعِيرٍ اَوْ تَمْرٍ اَوْ سُلْتٍ اَوْ زَبِيبٍ فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ وَكَثُرَتِ الْحِنْطَةُ جَعَلَ نِصْفَ صَاعِ حِنْطَةٍ مَكَانًا مِّنْ تِلْكَ الْاَشْيَاءِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں لوگ جو کا ایک صاع یا کھجور کا ایک صاع یا گیہوں کا ایک صاع یا کشمش کا ایک صاع صدقۂ فطر کے طور پر ادا کرتے تھے۔

جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا تو گندم زیادہ ہوگئی' تو انہوں نے گندم کا نصف صاع ان تمام چیزوں کی جگہ مقرر کر دیا۔

2071- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْمَحَامِلِيُّ وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي سَرْحٍ قَالَ قَالَ اَبُو سَعِيدٍ- وَذَكَرُوا عِنْدَهُ صَدَقَةَ رَمَضَانَ فَقَالَ- لَا اُخْرِجُ اِلَّا مَا كُنْتُ اُخْرِجُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ حِنْطَةٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ اَقِطٍ. فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ اَوْ مُدَّيْنِ مِنْ قَمْحٍ قَالَ لَا تِلْكَ قِيمَةُ مُعَاوِيَةَ لَا اَقْبَلُهَا وَلَا اَعْمَلُ بِهَا.

☆☆ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ منقول ہے۔ ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: لوگوں نے ان کے سامنے صدقۂ فطر کا ذکر کیا' تو انہوں نے فرمایا: میں تو وہی صدقہ فطر ادا کروں گا جو میں زمانۂ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میں ادا کیا کرتا تھا' وہ کھجور کا یا ایک صاع' گندم کا ایک صاع یا جو کا ایک صاع یا پنیر کا ایک صاع ہوگا۔ ان کی قوم سے تعلق رکھنے والے شخص نے ان سے کہا: یا گندم

۲۰۷۰- اخرجه ابو داود في الزكاة (۲/۱۱۵) باب: كم يؤدى في صدقة الفطر؟ (۱۶۱۴) عن الهيثم بن خالد الجهني عن حسين بن علي الجعفي عن زائدة ...... به- و اخرجه النسائي في الزكاة (۵/۵۴) باب: السلت' عن موسى بن عبد الرحمن عن حسين عن زائدة ...... به اعله ابن الجوزي في التحقيق بابن ابي رواد' و قد سبقت ترجمته-

۲۰۷۱- اخرجه البخاري في الزكاة (۳/۳۷۵) باب: الصدقة قبل العيد (۱۵۱۰)' و مسلم في الزكاة (۲/۶۷۸) باب: زكاة الفطر على المسلمين من التمر و الشعير (۹۸۵)' و ابو داود في الزكاة (۲/۱۱۵-۱۱۶) باب: كم يؤدى في صدقة الفطر؟ (۱۶۱۶)' و الترمذي في الزكاة (۲/۸) باب: ما جاء في صدقة الفطر (۶۶۸)' و النسائي في الزكاة (۵/۵۱) باب: التمر في زكاة الفطر' و ابن ماجه في الزكاة (۱/۵۸۵) باب صدقة الفطر' من طرق عن عياض بن عبد الله بن ابي سرح ...... به-

Marfat.com

یا آٹے) کے دومُد ہوں گے؟ تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں! یہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی مقرر کردہ قیمت ہے' میں اسے قبول نہیں کروں گا اور نہ ہی اس پہ عمل کروں گا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن عبداللہ بن عثمان بن حکیم بن حزام اسدی حزامی۔ (اور ایک قول کے مطابق): عبیداللہ بن عبداللہ مقبول یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۳۴۳/)۔

2072- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ يُوسُفَ الْمَرْوَرُوذِيُّ وَعُثْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ الدَّقَّاقُ قَالاَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ الْمُنَادِي حَدَّثَنَا أَبُو بَدْرٍ شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ- الَّذِي كَانَ يَسْكُنُ الْجَزِيرَةَ وَهُوَ سَابِقٌ- عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي سَرْحٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّهُ قَالَ كُنَّا نُخْرِجُ زَكَاةَ الْفِطْرِ يَوْمَ الْفِطْرِ صَاعَ طَعَامٍ أَوْ صَاعَ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ زَبِيبٍ أَوْ صَاعًا مِنْ أَقِطٍ فَلَمْ نَزَلْ نُخْرِجُهُ حَتَّى قَدِمَ عَلَيْنَا مُعَاوِيَةُ مِنَ الشَّامِ حَاجًّا أَوْ مُعْتَمِرًا وَهُوَ يَوْمَئِذٍ خَلِيفَةٌ فَخَطَبَ النَّاسَ عَلَى مِنْبَرِ رَسُولِ اللهِ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَذَكَرَ زَكَاةَ الْفِطْرِ فَقَالَ إِنِّي لأَرَى مُدَّيْنِ مِنْ سَمْرَاءِ الشَّامِ تَعْدِلُ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ وَكَانَ ذَلِكَ أَوَّلَ مَا ذَكَرَ النَّاسُ الْمُدَّيْنِ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم عید الفطر کے دن صدقۂ فطر ادا کیا کرتے تھے جو اناج کا ایک صاع ہوتا تھا یا کھجور کا ایک صاع ہوتا تھا یا جو کا ایک صاع ہوتا تھا یا کشمش کا ایک صاع ہوتا تھا یا پنیر کا ایک صاع ہوتا تھا' ہم اسی طرح ادائیگی کرتے رہے' یہاں تک کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ حج یا عمرہ کرنے کے لیے شام سے ہمارے پاس تشریف لائے' وہ اس وقت خلیفۂ وقت تھے' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر لوگوں کو خطبہ دیا' انہوں نے صدقۂ فطر کا ذکر کرتے ہوئے یہ بات بیان کی: میں یہ سمجھتا ہوں کہ شام کی گندم کے دومُد کھجور کے ایک صاع کے برابر ہوتے ہیں۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس وقت لوگوں نے سب سے پہلے دومُد کا ذکر کیا۔

2073- حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ حَدَّثَنَا أَبُو ضَمْرَةَ حَدَّثَنِي دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ أَنَّهُ سَمِعَ عِيَاضَ بْنَ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ نَحْوَهُ وَقَالَ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: اناج کا ایک صاع۔

2074- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلاَنَ عَنْ

۲۰۷۲- هكذا أورده الدارقطني ههنا من رواية أبي سعيد سابق، و قد مضى من غير وجه، و يأتي من وجهين آخرين عن عياض بن عبد الله..... به- و انظر في ترجمة سابق: ثقات ابن حبان (۶/۴۳۲)، و لسان الميزان (۳/۲-۳)-

۲۰۷۳- أخرجه مسلم في الزكاة (۲/۶۷۸) باب: زكاة الفطر على المسلمين من التمر و الشعير (۹۸۵)، و أبو داود في الزكاة (۲/۱۱۵-۱۱۶) باب: كم يؤدى في صدقة الفطر؛ و النسائي في الزكاة (۵/۵۳) باب: الشعير و (۵/۵۱) باب: الزبيب، و ابن ماجه في الزكاة (۱۸۲۹) باب: صدقة الفطر، و ابن خزيمة (۲۴۱۸) من طريق داود بن قيس، به-

Marfat.com

عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ سَرْحٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِىَّ يَقُوْلُ مَا اَخْرَجْنَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِلَّا صَاعًا مِّنْ دَقِيْقٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ سُلْتٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ زَبِيْبٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ اَقِطٍ .قَالَ اَبُو الْفَضْلِ فَقَالَ لَهٗ عَلِىُّ بْنُ الْمَدِيْنِىِّ وَهُوَ مَعَنَا يَا اَبَا مُحَمَّدٍ اَحَدٌ لَا يَذْكُرُ فِىْ هٰذَا الدَّقِيْقَ .فَقَالَ بَلٰى هُوَ فِيْهِ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں آٹے کا ایک صاع یا کھجور کا ایک صاع یا گیہوں کا ایک صاع یا کشمش کا ایک صاع یا جَو کا ایک صاع یا پنیر کا ایک صاع ادا کیا کرتے تھے۔

2075- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ اَشْرَسَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْاَزْهَرِ الْوَاسِطِىُّ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لَهُمْ فِىْ صَدَقَةِ الْفِطْرِ صَاعٌ مِنْ زَبِيْبٍ صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ صَاعٌ مِنْ اَقِطٍ صَاعٌ مِنْ دَقِيْقٍ .

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقۂ فطر کے بارے میں انہیں یہ فرمایا تھا: یہ کشمش کا ایک صاع ہوگا یا کھجور کا ایک صاع ہوگا یا پنیر کا ایک صاع ہوگا یا آٹے کا ایک صاع ہوگا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن عباس بن اشرس، کان حافظاعلم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 273ھ میں ہوا۔انظر: تاریخ بغداد (۴/ ۳۲۷)۔

2076- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ بَكْرٍ الْخَوَارِزْمِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوْقٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صُهْبَانَ اَخْبَرَنِىْ ابْنُ شِهَابٍ الزُّهْرِىُّ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَخْرِجُوا زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ طَعَامٍ .قَالَ وَطَعَامُنَا يَوْمَئِذٍ الْبُرُّ وَالتَّمْرُ وَالزَّبِيْبُ وَالْاَقِطُ.

☆☆ مالک بن اوس اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: صدقۂ فطر میں اناج کا ایک صاع ادا کرو۔

راوی بیان کرتے ہیں: ان دنوں ہمارا اناج گندم، کھجور، منقی اور پنیر ہوتا تھا۔

2077- حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ بِاِسْنَادِهٖ نَحْوَهٗ.

۲۰۷۴- اخرجه النسائي في الزكاة (۵/ ۵۲) باب: الدقيق' من طريق سفيان' به-و اخرجه ابو داود في الزكاة (۲/ ۱۱۶) باب كم يؤدى في صدقة الفطر ا (۱۶۱۸)- ومن طريقه البيهقي في الكبرى (۴/ ۱۷۲)' عن مسدد عن يحيى القطان عن ابن عجلان' به-واخرجه ابو يعلى في مسنده (۱۲۲۷) عن ابي خيثمة عن يحيى بن سعيد القطان عن ابن عجلان' به-

۲۰۷۵- اورده الدارقطني هنا من وجه آخر عن ابن عيينة' به-

۲۰۷۶- ذكره الزيلعي (۲/ ۴۲۶) عن الدارقطني وحده' وقال: (عمر بن صهبان: قال احمد : ليس بشيء- وقال ابن معين: لا يساوي فلسا- وقال النسائي و الرازي و الدارقطني: متروك' اه-

Marfat.com

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما یہ فرماتے ہیں: جس شخص کو رمضان کا زمانہ نصیب ہو (اور وہ کسی وجہ سے روزے رکھ سکے) اور اس کے ذمے رمضان کے کچھ حصے (یعنی اس کے کچھ روزے) کی ادائیگی لازم ہو' تو وہ ہر ایک روزہ کے عوض ایک مسکین کو گندم کا ایک مُد کھلا دے۔

2309- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا مُعَاذٌ- يَعْنِى ابْنَ الْمُثَنّٰى- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنِ ا

۲۳۰۸- قال ابن حجر في (تلخيص الحبير) (۲۲۲/۲): اخرجه الطحاوي وهذا انه لا يقضي' و قال ابن حزم: روينا عدم القضاء عن عمر من طرق صحيحة. اه-

Marfat.com

جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ فِیْ رَجُلٍ مَرِضَ فِیْ رَمَضَانَ ثُمَّ صَحَّ فَلَمْ يَصُمْ حَتّٰی اَدْرَكَهُ رَمَضَانُ اٰخَرُ قَالَ يَصُومُ الَّذِیْ اَدْرَكَهُ وَيُطْعِمُ عَنِ الْاَوَّلِ لِكُلِّ يَوْمٍ مُدًّا مِنْ حِنْطَةٍ لِكُلِّ مِسْكِينٍ فَاِذَا فَرَغَ مِنْ هٰذَا صَامَ الَّذِیْ فَرَّطَ فِيهِ اِسْنَادٌ صَحِيحٌ مَوْقُوفٌ .

★★ عطاء بیان کرتے ہیں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ایک ایسے شخص کے بارے میں فرمایا تھا جو رمضان میں بیمار ہوا تھا اور بعد میں تندرست ہو گیا تھا' اس نے (ابتدائی حصے میں) روزے نہیں رکھے تھے' یہاں تک کہ آخری حصے میں اُسے روزے رکھنے کا موقع ملا تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا تھا: جس حصے میں وہ روزے رکھ سکتا ہے وہ روزے رکھے اور ابتدائی جس حصے میں اس نے روزے نہیں رکھے' ہر ایک دن کے عوض میں گندم کا ایک صاع ایک مسکین کو دیدے گا اور جب وہ اس سے فارغ ہوگا' تو اس دن کا روزہ رکھے گا جس دن کے بارے میں اس نے کوتاہی کی تھی۔

اس کی سند صحیح موقوف ہے۔

2310 - حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ السَّمْحِ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ زَنْجَةَ الرَّازِیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ الْمُقْرِءُ الرَّازِیُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِیْ قَيْسٍ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ فِيمَنْ فَرَّطَ فِیْ قَضَاءِ رَمَضَانَ حَتّٰی اَدْرَكَهُ رَمَضَانُ اٰخَرُ قَالَ يَصُومُ هٰذَا مَعَ النَّاسِ وَيَصُومُ الَّذِیْ فَرَّطَ فِيهِ وَيُطْعِمُ لِكُلِّ يَوْمٍ مِسْكِينًا اِسْنَادٌ صَحِيحٌ مَوْقُوفٌ.

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اس شخص کے بارے میں فرماتے ہیں جو شخص رمضان کی قضاء کے بارے میں کوتاہی کرے' یہاں تک کہ اسے رمضان کا آخری حصہ مل جائے' وہ فرماتے ہیں: وہ شخص لوگوں کے ہمراہ روزہ رکھے گا اور پھر اس دن کے بھی روزے رکھے گا جس دن کے بارے میں اس نے کوتاہی کی تھی اور ہر ایک دن کے عوض میں ایک مسکین کو کھانا کھلائے گا۔

اس کی سند مستند ہے' لیکن یہ روایت موقوف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسن بن فضل بن سمح، ابوعلی زعفرانی، معروف بہ (البوصرانی)، حدث عن مسلم بن ابراہیم وابی معمر منقری و جماعة توفی سنة ثمانين ومائتين۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۴۰۱/۷)۔

2311 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَحْمَدَ الصَّيْرَفِیُّ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مَحْمُودِ بْنِ مُكْرَمٍ الْقَزَّازُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَافِعٍ اَبُوْ اِسْحَاقَ الْجَلَّابُ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُوْسٰی بْنِ وَجِيهٍ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِیْ

۲۳۱۰- اخرجه البيهقي في سننه (۲۵۳/٤) كتاب الصيام: باب المفطر يمكنه ان يصوم ففرط حتى جاء رمضان آخر- من طريق قيس بن سعد عن عطاء عن ابي هريرة نحوه- وعلى طريق ابن جريج لفظه فقال: (واخرجه ابن جريج عن عطاء عن ابي هريرة وقال: مدا من حنطة لكل مسكين)- اه- و اخرجه مرة اخرى من طريق ابي عوانة عن رقبة قال: زعم عطاء انه سمع ابا هريرة..... فذكر نحوه- و سياتي قريبا و تعليقي من طريق مجاهد عن ابي هريرة في الذي يليه-

۲۳۱۱- اخرجه البيهقي في سننه (۲۵۳/٤) كتاب الصيام: باب المفطر يمكنه ان يصوم ففرط حتى جاء رمضان آخر من طريق صالح ابي الخليل عن مجاهد به-

Marfat.com

هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي رَجُلٍ اَفْطَرَ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ مِنْ مَّرَضٍ ثُمَّ صَحَّ وَلَمْ يَصُمْ حَتّٰى اَدْرَكَهُ رَمَضَانُ اٰخَرُ قَالَ يَصُومُ الَّذِي اَدْرَكَهُ ثُمَّ يَصُومُ الشَّهْرَ الَّذِي اَفْطَرَ فِيهِ وَيُطْعِمُ مَكَانَ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِينًا. اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَافِعٍ وَّابْنُ وَجِيهٍ ضَعِيفَانِ.

⭐⭐ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے شخص کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے جو رمضان کے مہینے میں بیماری کی وجہ سے روزے نہیں رکھ پاتا' پھر وہ بعد میں تندرست ہو جاتا ہے اور اس (رمضان کی قضاء کے) روزے نہیں رکھے یہاں تک کہ اگلا رمضان آ گیا' اس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

''جو رمضان آ گیا ہے وہ اس کے روزے رکھے گا' پھر اس کے بعد وہ ایک مہینہ وہ روزے رکھے گا جو اس نے نہیں رکھے تھے اور ہر ایک دن کے عوض میں ایک مسکین کو کھانا کھلائے گا''۔

اس کے راوی ابراہیم بن نافع اور ابن وجیہ دونوں ضعیف ہیں۔

2312- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ اَخْبَرَنَا رَقَبَةُ قَالَ زَعَمَ عَطَاءٌ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ فِي الرَّجُلِ يَمْرَضُ فِي رَمَضَانَ فَلَا يَصُومُ حَتّٰى يَبْرَاَ فَلَا يَصُومُ حَتّٰى يُدْرِكَهُ رَمَضَانُ اٰخَرُ قَالَ يَصُومُ الَّذِي حَضَرَهُ وَيَصُومُ الْاٰخَرَ وَيُطْعِمُ كُلَّ لَيْلَةٍ مِسْكِينًا. اِسْنَادٌ صَحِيحٌ.

⭐⭐ عطاء بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' وہ ایسے شخص کے بارے میں فرماتے ہیں' جو رمضان کے مہینے میں بیمار ہو جائے اور روزے نہ رکھے' پھر وہ تندرست ہو جائے یا جو شخص کوئی روزہ نہ رکھے' یہاں تک کہ اسے اگلا رمضان نصیب ہو جائے تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ اس رمضان کے روزے رکھے گا' جو اب آ گیا ہے اور دوسرے والے رمضان کے روزے (قضاء کے طور پر) رکھے گا اور ہر ایک دن کے عوض ایک مسکین کو کھانا کھلائے گا۔

اس کی روایت مستند ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ رقبۃ- بقاف وموحدۃ مفتوحتین- ابن مصقلۃ عبدی، کوفی، واب عبداللہ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''مامون''

۲۳۱۱- قال البیھقي في سننه (۴/۲۵۲) کتاب الصیام' باب المفطر یمکنه ان یصوم ففرط......: (روی هذا الحدیث ابراهیم بن نافع الجلاب عن عمر بن موسی بن وجیه عن الحکم عن مجاهد عن ابي هریرة مرفوعاً' و لیس بشيء: ابراهیم و عمر متروکان)- اه- وقال ابن حجر في (التلخیص) (۲/۲۲۲): (فیه عمر بن موسی بن وجیه' و هو ضعیف جداً' و الراوی عنه ابراهیم بن نافع ضعیف ایضاً' اخرجه الدارقطني من طرق عن ابي هریرة موقوفاً و صححها- وصح عن ابن عباس من قوله ایضاً)- اه-

۲۳۱۲- اخرجه البیهقي في سننه (۴/۲۵۲) کتاب الصیام' بابا لمفطر یمکنه ان یصوم...... من طریق علي بن محمد بن ابي الشوارب' عن سهل' به- وقد تقدم قبل حدیثین-

Marfat.com

قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 129ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲۵۲۸)۔

2313- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمْدَوَيْهِ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَنْ فَرَّطَ فِي صِيَامِ شَهْرِ رَمَضَانَ حَتَّى يُدْرِكَهُ رَمَضَانُ آخَرُ فَلْيَصُمْ هٰذَا الَّذِي اَدْرَكَهُ ثُمَّ لْيَصُمْ مَا فَاتَهُ وَيُطْعِمُ مَعَ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِينًا . خَالَفَهُ مُطَرِّفٌ فَرَوَاهُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَقَدْ تَقَدَّمَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جو شخص رمضان کے روزوں کے بارے میں کوتاہی کرے یہاں تک کہ اگلا رمضان آ جائے تو وہ شخص اس رمضان کے روزے رکھے گا جو اب آ چکا ہے' پھر اس کے بعد وہ روزے رکھے گا جو فوت ہو گئے تھے اور ہر ایک دن کے عوض میں ایک مسکین کو کھانا کھلائے گا۔

ابواسحٰق سے نقل کرنے میں مطرف نے اس کی مخالفت کی ہے اور یہ روایت پہلے گزر چکی ہے۔

2314- حَدَّثَنَا اَبُو صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ حَدَّثَنَا اَبِي قَالَ سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ سَعْدٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّهُ قَالَ اِذَا لَمْ يَصِحَّ بَيْنَ الرَّمَضَانَيْنِ صَامَ عَنْ هٰذَا وَاَطْعَمَ عَنِ الْمَاضِي وَلَاقَضَاءَ عَلَيْهِ وَاِذَا صَحَّ فَلَمْ يَصُمْ حَتَّى اَدْرَكَهُ رَمَضَانُ آخَرُ صَامَ هٰذَا وَاَطْعَمَ عَنِ الْمَاضِي فَاِذَا اَفْطَرَ قَضَاهُ . اِسْنَادٌ صَحِيحٌ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص دو رمضان کے درمیان تندرست نہ ہو' تو وہ موجودہ رمضان کے روزے رکھے گا (یعنی اس کی قضاء کے روزے) اور گزشتہ رمضان کی طرف سے کھانا کھلا دے گا اور اس شخص پر (گزشتہ رمضان کے روزوں کی) قضاء لازم نہیں ہوگی' لیکن جو شخص تندرست ہو اور وہ روزے نہ رکھے یہاں تک کہ اگلا رمضان آ جائے تو وہ موجودہ رمضان کے روزے رکھے گا' پھر سابقہ رمضان کے روزوں کی قضاء کے طور پر مسکینوں کو کھانا کھلائے گا اور جب اس کے اس مہینے کے روزے ختم ہو جائیں گے تو پھر وہ سابقہ رمضان کے روزوں کی قضاء کرے گا۔

اس کی سند مستند ہے۔

2315- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ اَسْلَمَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ يُونُسَ بْنِ

۲۳۱۴- قال ابن حجر في (التلخيص) (۲/۲۲۲): (اخرجه البيهقي من طريق ميمون بن مهران عنه) يعني عن ابن عباس' و صححه ابن حجر عن ابن عباس من قوله: كما سبق في آخر كلامه على رواية ابي هريرة قبل السابقة۔

۲۳۱۵- صححه الدارقطني من هذا الوجه موقوفاً' و قد ورد من وجه آخر عن ابن عمر مرفوعاً في النهي عن صيام الفطر و الاضحى عند البخاري في الصوم (۲۳۸/٤) باب: صوم يوم الفطر (۱۹۹۰)' و ابي داود في الصوم (۷۹۹/۲) باب: النهي عن صوم يوم الفطر و يوم الاضحى (۱۱۳۷)' و ابي داود في الصوم (۳۱۹/۲) باب: في صوم العيدين (۲٤۱٦)' و الترمذي في الصوم (۱٤۱/۳) باب: ما جاء في كراهية الصوم يوم الفطر و النحر (۷۷۱)' و النسائي في الكبرى: كما في التحفة للمزي (۱۲۰/۸)' و ابن ماجه في الصوم (۵٤۹/۱) باب: في النهي عن صيام يوم الفطر و الاضحى' من حديث ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن صيام هذين اليومين: الفطر و الاضحى ...... الحديث۔

Marfat.com

عُبَيْدٍ عَنِ ابْنِ جُبَيْرٍ وَّهُوَ زِيَادُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ قَالَ رَاَيْتُ رَجُلاً جَاءَ اِلَى ابْنِ عُمَرَ فَسَاَلَهُ فَقَالَ اِنَّهُ نَذَرَ اَنْ يَّصُـ كُلَّ يَوْمِ اَرْبِعَاءَ فَاَتَى ذٰلِكَ عَلٰى يَوْمِ فِطْرٍ اَوْ اَضْحٰى. فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ اَمَرَ اللّٰهُ بِوَفَاءِ النَّذْرِ وَنَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰـ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنْ صَوْمِ يَوْمِ النَّحْرِ. اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ.

☆☆ زیاد بن جبیر بیان کرتے ہیں: مجھے یاد ہے ایک شخص حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا اور ان سے سوال کـ وہ شخص بولا کہ اس نے یہ نذر مانی تھی کہ وہ ہر بدھ کو روزہ رکھے گا' تو یہ دن عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن آ گیا' تو اب (اسـ کرنا چاہیے)؟ تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے نذر کو پورا کرنے کا حکم دیا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں قربانی کے دن روزہ رکھنے سے منع کیا ہے۔

اس کی سند مستند ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ زیاد بن جبیر بن حیہ- ابن مسعود بن معتب' ثقفی بصری' علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ وکا ـرسل، یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن عسقلانی ت(۲۰۷۱)۔

2316- قُرِءَ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ صَالِحُ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَنَا عَـ الْاَعْلٰى بْنُ اَبِي الْمُسَاوِرِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ اَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَـ صُمْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ اَكْثَرَ مِمَّا صُمْنَا ثَلَاثِيْنَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ (یعنی آ کے زمانہ اقدس میں) جتنی مرتبہ تیس روزے رکھے ہیں' اس سے زیادہ مرتبہ انتیس روزے رکھے ہیں (یعنی رمضان کا مہینہ انتیس دن کا بھی ہوتا ہے)۔

2317- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَـ اِسْحَاقُ بْنُ سَعِيْدٍ ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ سَهْلٍ الثَّغْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ مَالِكُ بْـ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ عَائِشَةَ قَالَ قِيْلَ لَهَا يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ اَيَكُوْنُ شَهْرُ رَمَضَـ تِسْعَةً وَّعِشْرِيْنَ فَقَالَتْ مَا صُمْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ اَكْثَرَ مِمَّا صُمْتُـ

٢٣١٦ - ضعفه الدارقطني عقب الحديث التالي، وقال: لأن عبد الأعلى بن أبي المساور متروك - قلت: عبد الأعلى هذا: قال البخـ منكر الحديث؛ كما في التاريخ الكبير (٦/ ٧٤) - وقال أبو زرعة الرازي في (سؤالات البرذعي) ص (٣٣٢): ضعيف جداً - وقال أبو حا الرازي في علل الحديث (٢٦٧١): (ضعيف شبه المتروك) - اهـ - لكن أخرجه البيهقي في سننه (٤/ ٢٥٠) من طريق عمرو بن الحارث سمعت عبد الله بن مسعود، يقول: (ما صمت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم تسعاً وعشرين أكثر مما صمت معه ثلاثين) - اهـ -

٢٣١٧ - أخرجه البيهقي في سننه (٤/ ٢٥٠) كتاب الصيام، باب الشهر يخرج تسعاً وعشرين، فيكمل صيامهم من طريق أبي عمرو السماك، ثنا حامد بن سهل الثغري، ثنا أبو غسان مالك بن إسماعيل، به - وإسناده صحيح؛ كما قال الدارقطني - رحمه الله - فإن إسحاق بن سعيد ثقة؛ كما في التقريب (٢٥٩)، وأبوه سعيد بن عمرو بن سعيد بن العاص ثقة أيضاً - ينظر: التقريب (٢٣٨٢) -

Marfat.com

ثَلَاثِينَ .وَقَالَ اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ عَنْ اَبِيهِ وَقَالَ اَيْضًا مِمَّا صُمْتُ مَعَهُ ثَلَاثِينَ .هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيحٌ حَسَنٌ .وَالَّذِى قَبْلَهُ غَيْرُ ثَابِتٍ لِاَنَّ عَبْدَ الْاَعْلٰى بْنَ اَبِى الْمُسَاوِرِ مَتْرُوكٌ

★★ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے: ان سے عرض کی گئی: اے اُم المومنین! کیا رمضان کا مہینہ انتیس دن کا بھی ہوسکتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ (یعنی آپ کے زمانۂ اقدس میں) جتنی مرتبہ تیس روزے رکھے ہیں اس سے زیادہ مرتبہ انتیس روزے رکھے ہیں۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: آپ کے ہمراہ جتنی مرتبہ تیس روزے رکھے ہیں۔

اس کی سند حسن صحیح ہے اور اس سے پہلے والی روایت ثابت نہیں ہے کیونکہ اس کا راوی عبدالاعلیٰ بن ابوالمساور متروک ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حامد بن سھل بن سالم، ابوجعفر د، یعرف بالثغری، امام دارقطنی فرماتے ہیں: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 280ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۸/ ۱۶۷، ۱۶۸)۔

2318- حَدَّثَنَا اَبُو عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمُعَدِّلُ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بِوَاسِطٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوبَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ حَدَّثَنَا الْمِسْوَرُ بْنُ الصَّلْتِ الْمَدَنِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَا صُمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تِسْعَةً وَّعِشْرِينَ اَكْثَرُ مِمَّا صُمْنَا ثَلَاثِينَ .الْمِسْوَرُ ضَعِيفٌ.

★★ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ جتنی مرتبہ تیس روزے رکھے ہیں اس سے زیادہ مرتبہ انتیس روزے رکھے ہیں۔

اس روایت کا راوی مسور ضعیف ہے۔

6-باب الْاِعْتِكَافِ

باب 6: اعتکاف کا بیان

2319- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ

۲۳۱۸- اخرجه ابن عدي في الكامل (٦/ ٤٣١) من طريق صالح' ثنا المسور بن الصلت' ثنا محمد بن المنكدر عن جابر' قال: (لا تقولوا نقص الشهر' فقد صمنا مع رسول الله تسعة وعشرين اكثر مما صمنا ثلاثين)- اه-والحديث ذكره الذهبي في الميزان (٦/ ٤٢٩) في ترجمة المسور بن الصلت- وقال في الصلت: (ضعفه احمد و البخاري- وقال النسائي و الازدي: متروك)- اه-

۲۳۱۹- اخرجه البخاري في الاعتكاف (۲۰۳۲) باب: الاعتكاف ليلة' و مسلم في الايمان (١٦٥٦) باب: نذر الكافر' و ما يفعل فيه اذا اسلم' و ابو داؤد في الايمان و النذور (٣٣٢٥) باب: من نذر في الجاهلية ثم ادرك الاسلام' و الترمذي في النذور (١٥٣٩) باب: ما جاء في و فاء النذر' و الطحاوي في المعاني (٢/ ١٣٢)' و البيهقي في الكبرى (١٠/ ٧٦)' و ابن حبان (٤٣٨٠)' و ابن الجارود في (المنتقى) (٩٤١)' و احمد في مسنده (١/ ٣٧)' من رواية يحيى بن سعيد القطان...... به-

Marfat.com

الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ نَذَرَ اَنْ يَّعْتَكِفَ لَيْلَةً فِى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فِى الْجَاهِلِيَّةِ فَسَاَلَ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ اَوْفِ بِنَذْرِكَ . هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زمانۂ جاہلیت میں یہ نذر مانی تھی کہ مسجد حرام میں ایک رات کا اعتکاف کریں گے انہوں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم اپنی نذر کو پورا کرو۔

اس کی سند مستند ہے۔

•••——•••——•••

اعتکاف کے احکام

اعتکاف کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے ''تبیین الحقائق'' کے مصنف تحریر کرتے ہیں:

لفظ اعتکاف کا لغوی مطلب کسی جگہ پر قیام اختیار کرنا ہے اور اپنے آپ کو وہاں روک لینا ہے' جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''ان تصویروں کی حقیقت کیا ہے جن پر تم جمے بیٹھے ہو''۔

اسی طرح ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''اور وہ اپنے بتوں پر جمے بیٹھے ہیں''۔

شرعی طور پر اعتکاف کا مطلب مسجد میں قیام کرنا اور ٹھہرنا ہے جو روزے اور نیت کے ساتھ ہو۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''تم دونوں میرے گھر کو طواف کرنے والوں کے لیے اور اعتکاف کرنے والوں کے لیے پاک کردو''۔

یہاں یہ لغوی معنی موجود ہے اور اس میں ایک اضافی صفت کا تذکرہ ہے۔

مصنف نے یہ بات کہی ہے:

مسجد میں روزے اور نیت کے ہمراہ ٹھہرنا مسنون قرار دیا گیا ہے' اس کا مطلب یہ ہے: مسجد میں ایسا ٹھہرنا سنت ہے جس کے لیے یہ بات شرط ہے' اعتکاف کی نیت بھی ہو اور روزہ بھی رکھا ہوا ہو۔

امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات کہی ہے' اعتکاف کرنا مستحب ہے جبکہ صاحب ہدایہ یہ کہتے ہیں: صحیح یہ ہے: ایسا کرنا سنت مؤکدہ ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے آخری عشرے میں باقاعدگی سے اسے سرانجام دیا ہے اور یہ باقاعدگی مسنون ہونے کی دلیل ہے۔

(مصنف کہتے ہیں:) درست یہ ہے: اسے تین حصوں میں تقسیم کیا جائے' واجب یعنی وہ اعتکاف جس کی نذر مانی گئی ہو سنت یعنی وہ اعتکاف جو رمضان کے آخری عشرے میں کیا جائے اور مستحب یعنی وہ اعتکاف جو اس وقت کے علاوہ کسی بھی وقت

Marfat.com

اس کرلیا جائے۔

اعتکاف کی خوبی میں یہ بات شامل ہے انسان کا دل دنیاوی معاملات سے ہٹ جاتا ہے اور انسان اپنے آپ کو اپنے مولیٰ کے سپرد کردیتا ہے۔ انسان اپنے مولیٰ کی عبادت میں مشغول رہتا ہے اس کے گھر میں رہتا ہے اعتکاف سے مراد روزے اور نیت کے ساتھ مسجد میں ٹھہرنا ہے۔

جہاں تک ٹھہرنے کا تعلق ہے تو یہ اعتکاف کا رکن ہے کیونکہ اس کی بنیاد پر اعتکاف ہوتا ہے اور اس کے لیے نیت کو شرط قرار دیا گیا ہے۔ روزے اور مسجد کو شرط قرار دیا گیا ہے۔ یہ حضرت علی' حضرت عبداللہ بن عمر' حضرت عبداللہ بن عباس اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہم کے علاوہ دیگر صحابہ کرام کا مذہب ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں' اس کے لیے روزہ رکھنا شرط نہیں ہے' ان کی دلیل یہ ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اعتکاف کرنے والے پر روزہ رکھنا لازم نہیں ہے' البتہ اگر وہ خود اسے اپنے اوپر لازم کرلیتا ہے (تو حکم مختلف ہوگا)''۔

اس روایت کو امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے' وہ یہ فرماتے ہیں: ابوبکر محمد بن اسحٰق اور دیگر محدثین نے اسے مرفوع حدیث کے طور پر نقل کیا ہے جبکہ دیگر محدثین نے اسے مرفوع حدیث کے طور پر نقل نہیں کیا ہے۔

صحیحین میں یہ بات روایت کی گئی ہے۔

''حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: میں نے زمانۂ جاہلیت میں یہ نذر مانی تھی کہ میں مسجد حرام میں ایک رات کا اعتکاف کروں گا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنی نذر کو پورا کرو اور ایک رات کا اعتکاف کرلو''۔

اور رات کے وقت روزہ نہیں رکھا جاسکتا۔

اسی طرح حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہ بات منقول ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ نذر مانی تھی کہ وہ زمانۂ شرک میں اعتکاف کریں گے اور روزہ رکھیں گے تو انہوں نے اسلام قبول کرنے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنی نذر کو پورا کرو۔

اس روایت کو بھی امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے' وہ یہ فرماتے ہیں: اس کی سند حسن ہے۔

(امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:) اگر روزہ رکھنا اعتکاف کے لیے شرط ہوتا تو اب یہاں روزے کو اپنے اوپر لازم قرار دینے کی ضرورت نہ ہوتی۔

(امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے مؤقف کی) ایک دلیل یہ بھی ہے' روزہ اپنی اصل کے اعتبار سے بذاتِ خود ایک دینی رکن ہے' تو اب اسے کسی دوسری چیز کے لیے شرط کیسے قرار دے سکتے ہیں کیونکہ شرط ہونے میں تابع ہونے کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ تو روزہ ایک ایسی چیز کا تابع کیسے ہوسکتا ہے جو اس سے کمتر حیثیت رکھتی ہے۔

Marfat.com

ہماری دلیل سیّدہ عائشہ کے حوالے سے مذکور یہ روایت ہے:

وہ بیان کرتی ہیں: ''اعتکاف کرنے والے کے لیے یہ بات سنت ہے' وہ کسی بیمار کی عیادت کرنے کے لیے نہ جائے کسی کے جنازے میں شریک نہ ہو' کسی عورت کو چھوئے نہیں' اس کے ساتھ مباشرت نہ کرے اور انتہائی ضروری کام کے علاوہ مسجد سے باہر نہ نکلے اور روزے کے بغیر اعتکاف نہیں ہوتا اور اعتکاف صرف جامع مسجد میں ہوسکتا ہے''۔

اس روایت کو امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے اور یہ احکام وہ ہیں جو صرف سماع کے ذریعے ثابت ہوتے ہیں (اس کا مطلب یہ ہے: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہوگی) اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات منقول نہیں ہے' آپ نے روزے کے بغیر بھی اعتکاف کیا ہو۔ اگر ایسا کرنا جائز ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جواز کی تعلیم دینے کے لیے ایسا کر لیتے۔

2320- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ الزُّبَيْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ كَانَ نَذَرَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَنْ يَعْتَكِفَ لَيْلَةً فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَلَمَّا كَانَ الْإِسْلَامُ سَأَلَ عَنْهُ رَسُولَ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ لَهُ أَوْفِ نَذْرَكَ . فَاعْتَكَفَ عُمَرُ لَيْلَةً .إِسْنَادٌ ثَابِتٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے زمانہ جاہلیت میں یہ نذر مانی تھی کہ وہ مسجد حرام میں ایک رات کا اعتکاف کریں گے' جب اسلام کا زمانہ آیا تو انہوں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا' تو آپ نے فرمایا: تم اپنی نذر کو پورا کرو تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک رات کا اعتکاف کیا تھا۔

اس کی سند ثابت ہے۔

2321- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ السُّوسِيُّ مِنْ كِتَابِهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَصْرٍ الرَّمْلِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي سُهَيْلِ بْنِ مَالِكٍ عَمِّ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لَيْسَ عَلَى الْمُعْتَكِفِ صِيَامٌ إِلَّا أَنْ يَجْعَلَهُ عَلَى نَفْسِهِ . رَفَعَهُ هَذَا الشَّيْخُ وَغَيْرُهُ لَا يَرْفَعُهُ.

---

1 تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق' ص196/4

۲۳۲۰- اخرجه البخاري في الاعتكاف (۲۰٤۲) باب: من لم ير عليه اذا اعتكف صوماً' وباب: اذا نذر في الجاهلية ان يعتكف ثم اسلم (۲۰٤۳) و في الايمان و النذور (٦٦٩٧)' و مسلم في الايمان (١٦٥٦) باب: نذر الكافر' و ما يفعل فيه اذا اسلم' و ابن ماجه في الكفارات (۲۱۲۹) باب: الوفاء بالنذر' و الطحاوي في المعاني (۱۲۲/۲)' و البيهقي في الكبرى (۳۱۸/٤) (۷٦/۱۰)' و ابن حبان (٤۳۷۹) و الدارمي في السنن (۱۸۲/۲) من وجوه عن عبيد الله بن عمر' به-

۲۳۲۱- اخرجه الحاكم في الصيام (٤۳۹/۱) باب: الاعتكاف' عن ابي الحسن احمد بن محبوب الرملي' ثنا عبد الله بن محمد بن نصر الرملي به- وصححه الحاكم قال الزيلعي في (نصب الراية) (٤۹۰/۲): (قال في (التنقيح): و الشيخ هو عبد الله بن محمد الرملي - قال ابن القطان في (كتابه): و عبد الله بن محمد بن نصر الرملي هذا لا اعرفه- و ذكره ابن ابي حاتم فقال: يروي عن الوليد بن الموقري روى عنه موسى بن سهل' لم يزد على هذا' وروى ابو داود عن ابي احمد عبد الله بن محمد الرملي' حدثنا الوليد' فلا ادري اهم اثنان' ام واحد- و الحافي الثلاثة مجهولة- انتهى كلامه- واخرجه البيهقي (۳۹۱/٤)

Marfat.com

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اعتکاف کرنے والے شخص پر روزہ رکھنا لازم نہیں ہوتا' البتہ اگر وہ اپنے اوپر (روزہ رکھنے کو بھی) لازم کرے تو حکم (مختلف ہوگا)''۔

شیخ نے اس روایت کو مرفوع حدیث کے طور پر نقل کیا ہے جبکہ دیگر راویوں نے اسے مرفوع حدیث کے طور پر نقل نہیں کیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن اسحاق سوسی ابن عبدرحیم، ابوبکر سوسی، قدم بغداد و حدث بھا عن جماعۃ احادیث مستقیمۃ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۱/ ۲۵۸)۔

○ نافع بن مالک بن ابی عامر اصبحی تیمی ابوسھیل، ابن ابی انس، مدنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 140ھ کے بعد ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۷۱۳۱)۔

2322- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ يُوْسُفَ فِي الْإِجَازَةِ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ هَاشِمٍ حَدَّثَهُمْ قَالَ حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لَا اعْتِكَافَ اِلَّا بِصِيَامٍ . تَفَرَّدَ بِهٖ سُوَيْدٌ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اعتکاف صرف روزے کے ہمراہ ہی درست ہوتا ہے''۔

اس کو نقل کرنے میں سوید نامی راوی منفرد ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سفیان بن حسین بن حسن، ابومحمد، او ابوحسن واسطی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ہارون الرشید کے عہد خلافت کے آغاز میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۲۴۵۰)۔

2323- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ عَنْ جُوَيْبِرٍ عَنِ الضَّحَّاكِ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ كُلُّ مَسْجِدٍ لَهٗ مُؤَذِّنٌ وَّاِمَامٌ

۲۳۲۲- اخرجه الحاكم في الصوم (۱/ ۴۴۰) باب: الاعتكاف عن ابي علي الحسين بن علي الحافظ: ثنا احمد بن عمير الدمشقي' به- و قال الحاكم: (لم يحتج الشيخان بسفيان بن حسين)- اه- و اخرجه البيهقي (۴/ ۳۱۷) من هذا الوجه' وقال: (هذا وهم من سفيان بن حسين او من سويد بن عبد العزيز- و سويد ضعيف' لا يقبل ما تفرد به- وقد روي عن عطاء عن عائشة موقوفاً- اه- قال الزيلعي في (نصب الراية) (۲/ ۴۸۶): (وسويد بن عبد العزيز ضعفه جماعة' وفي (الكمال): قال علي بن حجر: سالت هشيما فاثنى عليه خيرا)- اه- قلت: وقد مضي موقوفاً من رواية حبيب بن ابي ثابت عن عطاء عن عائشة- اخرجه عبد الرزاق في (الاعتكاف) (۸۰۳۷)' و ابن ابي شيبة' و هي الرواية المشار اليها في كلام البيهقي السابق-

Marfat.com

فَالاِعْتِكَافُ فِيْهِ يَصْلُحُ . الضَّحَّاكُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ حُذَيْفَةَ.

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''ہر وہ مسجد جس میں مؤذن اور امام موجود ہوں' اس میں اعتکاف ہو سکتا ہے''۔

اس روایت کے راوی ضحاک نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے احادیث کا سماع نہیں کیا ہے۔

2324- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ الْمُعْتَكِفُ يَشْهَدُ الْجُمُعَةَ وَيَتْبَعُ الْجَنَازَةَ وَيَعُوْدُ الْمَرِيْضَ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اعتکاف کرنے والا شخص جمعے کی نماز میں شریک ہو سکتا ہے' جنازے میں شریک ہو سکتا ہے اور بیمار کی عیادت کر سکتا ہے۔

2325- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ اَوْ عَاصِمٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ الْمُعْتَكِفُ يَعُوْدُ الْمَرِيْضَ وَيَشْهَدُ الْجَنَازَةَ وَيَاْتِي الْجُمُعَةَ وَيَاْتِيْ اَهْلَهُ وَلَايُجَالِسُهُمْ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: اعتکاف کرنے والا شخص بیمار کی عیادت کر سکتا ہے' جنازے میں شریک ہو سکتا ہے' جمعے کے لیے جا سکتا ہے' اپنے گھر جا سکتا ہے (لیکن ان کے ساتھ زیادہ دیر رہ نہیں سکتا)۔

2326- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَمْرِو بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُدَيْلٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُدَيْلٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ اَنَّهُ سَاَلَ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنِ اعْتِكَافٍ عَلَيْهِ فَاَمَرَهُ اَنْ يَعْتَكِفَ وَيَصُوْمَ .تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ بُدَيْلٍ عَنْ عَمْرٍو وَهُوَ ضَعِيْفُ الْحَدِيْثِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اعتکاف کے بارے میں دریافت کیا جو ان کے ذمے لازم تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ہدایت

۲۳۲۳- اخرجه ابن عدي في (الكامل) (۱۱۴۱/۲)' و اعله الدارقطني بعدم سماع الضحاك من حذيفة- و جويبر ضعفه ابن المديني جدا' تركه الدارقطني' و النسائي و ابن الجنيد' وقال ابو احمد الحاكم: ذاهب الحديث' و ضعفه غيرهم' و كان يحيى و عبد الرحمن لا يحدثان عنه' و لم يكن الثوري يسميه: استضعافاله- ينظر: تهذيب التهذيب (۱۲۴-۱۲۳/۲)-

۲۳۲۴- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۲۵۶/۴- ۲۵۷) رقم (۸۰۴۹) عن الثوري عن ابي اسحاق عن عاصم بن ضمرة عن علي قال: اذا اعتكف' فلا يرفث في الحديث' ولا يساب' و يشهد الجمعة و الجنازة' و ليوص اهله اذا كانت له حاجة وهو قائم' و لا يجلس عندهم- واخرجه ابن ابي شيبة (۳۳۴/۲) رقم (۹۶۳۱) قال: نا ابو الاحوص عن ابي اسحاق عن عاصم بن ضمرة عن علي قال: اذا اعتكف الرجل فليشهد الجمعة' و ليعد المريض' و الیشهد الجنازة' و ليات اهله' و ليامرهم بالحاجة و هو قائم- و سياتي عند المصنف في الذي يليه من طريق شريك عن ابي اسحاق- و عاصم بن ضمرة متكلم في روايته عن علي -كما تقدم مرارا- و ابو اسحاق: هو السبيعي مدلس قد عنعن-

۲۳۲۶- اخرجه ابن الجوزي في التحقيق (۱۱۱/۲) من طريق الدارقطني به- اخرجه الحاكم (۴۳۹/۱) عن ابي العباس محمد بن يعقوب ثنا محمد بن سنان القزاز' ثنا ابو علي الحنفي' ثنا عبد الله بن بديل...... به- وقال : (لم يحتج الشيخان بابن بديل)- اه -و ابن بديل ضعيف- مع ذلك فقد خالفه ثقات اصحاب عمرو بن دينار' فلم يذكروافيه: (الصوم)- و ينظر: (نصب الراية) (۴۸۹/۲)-

Marfat.com

کہ وہ اعتکاف کریں اور روزہ بھی رکھیں۔

اس روایت کو نقل کرنے میں ابن بدیل نامی راوی منفرد ہیں اور یہ ضعیف ہیں۔

2327- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْمَحَامِلِيُّ وَابْنُ عَيَّاشٍ قَالاَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُدَيْلٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ قَالَ لِلنَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِنِّي نَذَرْتُ اَنْ اَعْتَكِفَ يَوْمًا ـ قَالَ اعْتَكِفْ وَصُمْ ـ سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيَّ يَقُوْلُ هٰذَا حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ لاَنَّ الثِّقَاتِ مِنْ اَصْحَابِ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ لَمْ يَذْكُرُوْهُ مِنْهُمْ ابْنُ جُرَيْجٍ وَّابْنُ عُيَيْنَةَ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ وَغَيْرُهُمْ ـ وَابْنُ بُدَيْلٍ ضَعِيْفُ الْحَدِيْثِ ـ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات نقل کی ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: میں نے یہ نذر مانی تھی کہ میں ایک دن کا اعتکاف کروں گا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اعتکاف بھی کرو اور روزہ بھی رکھو۔

شیخ ابوبکر نیشاپوری کو میں نے یہ کہتے ہوئے سنا ہے وہ فرماتے ہیں: یہ حدیث منکر ہے کیونکہ عمرو بن دینار کے ثقہ شاگردوں نے اسے نقل نہیں کیا جن میں ابن جریج، ابن عیینہ، حماد بن سلمہ، حماد بن زید اور دیگر حضرات شامل ہیں جبکہ اس کا راوی ابن بدیل ضعیف ہے۔

2328- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي مَسَرَّةَ حَدَّثَنَا اَبِي حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ حَدِيْثِ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ يُحَدِّثُ عُرْوَةُ عَنْ عَائِشَةَ وَابْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَعْتَكِفُ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ ثُمَّ لَمْ يَزَلْ عَلٰى ذٰلِكَ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ۔

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے مہینے کے آخری عشرے میں اعتکاف کیا کرتے تھے اس کے بعد یہ معمول اسی طرح رہا یہاں تک کہ آپ کا وصال ہوگیا۔

2329- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُجَشِّرٍ حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ

٢٣٢٧- استنكر البيهقي ايضاً قول ابن بديل هذا نقلاً عن الدارقطني كما في (المعرفة) للبيهقي (٢٩٣/٦- ٢٩٤) (٩٠٩٠)، و له طرق آخر عند البيهقي ايضاً- و راجع نصب الراية (٤٨٩/٢)-

٢٣٢٨- اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (٧٦٨٢) و من طريقه احمد (٢٨١/٦) و الترمذي في الصوم (٧٩٠) باب: ما جاء في الاعتكاف، عن معمر عن الزهري عن عروة عن عائشة، و عن سعيد بن المسيب عن ابي هريرة، به- واخرجه احمد (١٦٩/٦)، و ابن خزيمة (٢٢٢٣) من طريق ابن جريج به، بهذين الاسنادين- و هكذا اخرجه ابن حبان (٣٦٦٥) من طريق عبد الرزاق، اخبرنا معمر و ابن جريج عن الزهري...... بالاسنادين جميعاً-

٢٣٢٩- راجع ما قبله، و اما زيادة: (و ان السنة للمعتكف......) الى آخره: فرواها ابو داود في الصوم (٨٣٦/٢، ٨٣٧) باب: المعتكف يعود المريض (٢٤٧٣) و البيهقي في الصيام (٣١٧/٤) باب: المعتكف يصوم، و قال ابو داود : (غير عبد الرحمن بن اسحاق لا يقول فيه: قالت عائشة: السنة) و جعله منقول عائشة)- اه- وقال البيهقي: (قد ذهب كثير من الحفاظ الى ان هذا الكلام من قول من دون عائشة و ان من ادرجه في الحديث و هم فيه)- اه- واخرجه البيهقي في (المعرفة) (٢٩٥/٦) في الصوم، باب: الاعتكاف بصوم او بغير صوم (٩٠٩٤-٩٠٩٦) بين انه مدرج، قال: (ويشبه ان يكون من قول من دون عائشة)- اه- ودلل على ذلك- فراجعه-

Marfat.com

بْنُ مَعْنٍ ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ التُّبَعِيُّ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْحَ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ جُرَيْجٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَعَنْ عُرْوَةَ بْ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَعْتَكِفُ الْعَشْرَ الْاَوَاخِرَ مِنْ شَهْ رَمَضَانَ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ ثُمَّ اعْتَكَفَهُنَّ اَزْوَاجُهُ مِنْ بَعْدِهٖ وَاَنَّ السُّنَّةَ لِلْمُعْتَكِفِ اَنْ لَّا يَخْرُجَ اِلَّا لِحَاجَةِ الْاِنْسَا وَلَايَتْبَعَ جَنَازَةً وَّلَايَعُوْدَ مَرِيْضًا وَلَايَمَسَّ امْرَاَةً وَّلَايُبَاشِرَهَا وَلَااعْتِكَافَ اِلَّا فِيْ مَسْجِدِ جَمَاعَةٍ وَّسُنَّةُ مَ اعْتَكَفَ اَنْ يَّصُوْمَ ۔يُقَالُ اِنَّ قَوْلَهٗ وَاَنَّ السُّنَّةَ لِلْمُعْتَكِفِ اِلٰى اٰخِرِهٖ لَيْسَ مِنْ قَوْلِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَّهٗ مِنْ كَلَامِ الزُّهْرِيِّ وَمَنْ اَدْرَجَهٗ فِي الْحَدِيْثِ فَقَدْ وَهِمَ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ ۔وَهِشَامُ بْنُ سُلَيْمَانَ لَمْ يَذْكُرْهُ۔

★★ عروہ بن زبیر اور سعید بن میتب نے یہ بات بیان کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے انہیں یہ بتایا ہے' نبی اکر صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے مہینے میں آخری عشرے میں اعتکاف کیا کرتے تھے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو وفات دے دی' آپ کے بعد آپ کی ازواج نے بھی ان دنوں میں اعتکاف کیا اور اعتکاف کرنے والے شخص کے لیے سنت یہ ہے صرف قضائے حاجت کے لیے (اعتکاف کی جگہ سے) باہر نکلے گا' وہ جنازے میں شریک نہیں ہوگا' مریض کی عیادت کے نہیں جائے گا' وہ عورت کو چھوئے گا نہیں اور اس کے ساتھ مباشرت نہیں کرے گا' اور اعتکاف صرف اس مسجد میں ہوسکتا جہاں باجماعت نماز ہوتی ہے اور اعتکاف کرنے والے شخص کو یہ حکم دیا جائے گا کہ وہ روزہ بھی رکھے۔

ایک قول کے مطابق اس روایت کے یہ الفاظ ہیں: اعتکاف کرنے والے شخص کے لیے سنت یہ ہے۔

اس کے بعد سے لے کر روایت کے آخر تک کا حصہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نہیں ہے' بلکہ (اس روایت راوی) زہری کا کلام ہے' جنہوں نے اسے حدیث میں ہی درج کردیا ہے جس کی وجہ سے یہ وہم ہوا ہے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

ہشام بن سلیمان نامی راوی نے اس کا تذکرہ نہیں کیا ہے۔

2330- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مُسَلَّمٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْ اَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ عَنِ الْاِعْتِكَافِ وَكَيْفَ سُنَّتُهٗ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَعُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ اَ اَخْبَرَتْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَعْتَكِفُ الْعَشْرَ الْاَوَاخِرَ مِنْ رَمَضَانَ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ اعْتَكَفَ اَزْوَاجُهٗ مِنْ بَعْدِهٖ وَاَنَّ السُّنَّةَ فِي الْمُعْتَكِفِ اَنْ لَّا يَخْرُجَ اِلَّا لِحَاجَةِ الْاِنْسَانِ وَلَايَتْبَعَ جَنَازَةً وَّلَايَعُ مَرِيْضًا وَلَايَمَسَّ امْرَاَةً وَّلَايُبَاشِرَهَا وَلَااعْتِكَافَ اِلَّا فِيْ مَسْجِدِ جَمَاعَةٍ وَّسُنَّةُ مَنِ اعْتَكَفَ اَنْ يَّصُوْمَ

★★ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف کرتے تھے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو وفات دے دی' آپ کے بعد آپ کی ازواج نے اعتکاف کیا اور اعتکاف کر والے کے لیے سنت یہ ہے: وہ صرف قضائے حاجت کے لیے (اعتکاف کی جگہ سے) باہر نکل سکتا ہے' وہ جنازے میں شر نہیں ...گا' بیمار کی عیادت نہیں کرے گا' وہ اپنی بیوی کو چھو نہیں سکے گا' اس کے ساتھ مباشرت نہیں کرسکتا۔ اعتکاف صرف اس

Marfat.com

ں ہو گا جہاں باجماعت نماز ادا کی جاتی ہے' اور اعتکاف کرنے والے کے لیے سنت یہ ہے: وہ روزہ رکھے۔

2331- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَالِبِ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا هِلاَلُ بْنُ الْعَلاَءِ حَدَّثَنَا اَبِى حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ بَشِيرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ نَذَرَ اَنْ يَّعْتَكِفَ فِى الشِّرْكِ وَيَصُومَ فَسَاَلَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ اِسْلاَمِهٖ فَقَالَ اَوْفِ بِنَذْرِكَ . هٰذَا اِسْنَادٌ حَسَنٌ تَفَرَّدَ بِهٰذَا اللَّفْظِ سَعِيْدُ بْنُ بَشِيرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زمانۂ شرک میں یہ نذر مانی تھی کہ وہ اعتکاف کریں گے اور روزہ رکھیں گے' انہوں نے اسلام قبول کرنے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنی نذر کو پورا کرو۔

اس کی سند حسن ہے' اسے ان الفاظ میں نقل کرنے میں سعید بن بشیر نامی راوی منفرد ہیں۔

7-باب السِّوَاكِ لِلصَّائِمِ.

باب 7: روزہ دار شخص کا مسواک کرنا

2332-حَدَّثَنِى اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ ثَابِتٍ الصَّيْدَلاَنِىُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ حَامِدُ بْنُ الشَّاذِىِّ الْكَجِّىُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ الْبَلْخِىُّ اَخُو عِصَامِ بْنِ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الْخَوَارِزْمِىُّ قَالَ سَاَلْتُ عَاصِمًا الْاَحْوَلَ اَيَسْتَاكُ الصَّائِمُ قَالَ نَعَمْ .قُلْتُ بِرَطْبِ السِّوَاكِ وَيَابِسِهٖ قَالَ نَعَمْ .قُلْتُ اَوَّلَ النَّهَارِ وَآخِرَهٗ قَالَ نَعَمْ .قُلْتُ عَنْ مَّنْ قَالَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِىِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- .اَبُوْ اِسْحَاقَ الْخَوَارِزْمِىُّ ضَعِيْفٌ.

☆☆ ابو اسحٰق خوارزمی بیان کرتے ہیں: میں نے عاصم احول سے سوال کیا: کیا روزہ دار شخص مسواک کرسکتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! میں نے دریافت کیا: تر اور خشک دونوں طرح کی مسواک کرسکتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! میں نے سوال کیا: دن کے ابتدائی آخری یا آخری دونوں حصوں میں کرسکتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! میں نے دریافت کیا: یہ بات کس سے منقول ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

اس روایت کا راوی ابو اسحٰق خوارزمی ضعیف ہے۔

۲۳۳۱- اخرجه البيهقي (۳۱۷/٤) من حديث سعيد بن بشير' به- وقال: (ذكر الصوم فيه غريب)- اه- وضعفه غيره: راجع: نصب الراية (٤٨٩/٢) وقد سبقت الاشارة لضعف هذه الرواية نقلاً عن (المعرفة) للبيهقي (٦/ ٣٩٤) (٩٠٩١)-

۲۳۳۲- اخرجه البيهقي (۳/ ۲۷۲)' عن الخوارزمي' به- وقال: (تفرد به ابراهيم بن عبد الرحمن الخوارزمي' وقد حدث عن عاصم بالمناكير لا يحتج به- وقد روي من وجه آخر' ليس فيه ذكر اول النهار و آخره) ثم ساقه من طريق ابن عدي كذلك-وقال البيهقي ايضا في (المعرفة) (٦/ ٣٦٤) (٨٩٠٥): (وحديث ابي اسحاق الخوارزمي عن عاصم عن انس مرفوعاً في السواك اول النهار و آخره -ضعيف لا يصح)- اه-

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن یوسف بن میمون باھلی بلخی ماکیانی۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔قمواعلیہ ارجاء، یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 240ھ میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۲۷۷)۔

○ ابراہیم بن عبدالرحمٰن خوارزمی۔قال ابن عدی: احادیثہ لیست بمستقیمۃ۔قال ذھبی: ابن بیطار قاضی۔ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۱/۱۲۶)۔

•••———•••———•••

روزہ دار شخص کا مسواک کرنا

روزہ دار شخص کے مسواک کرنے کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

ہمارے اصحاب اور سفیان ثوری نے یہ بات بیان کی ہے' روزہ دار شخص کے لیے تر مسواک کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی یہی بات بیان کی ہے' تاہم وہ یہ فرماتے ہیں: میں شام کے وقت اس کے مسواک کرنے کو مکروہ سمجھتا ہوں کیونکہ اس سے منہ کی بو زائل ہو جاتی ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور حسن بن حیی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے: خشک مسواک کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے تاہم میں تر مسواک کو مکروہ قرار دیتا ہوں۔

امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس میں کوئی حرج نہیں ہے تاہم میں اس بات کو مکروہ سمجھتا ہوں کہ وہ اس میں پانی لگائے۔[1]

2333- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ حَدَّثَنَا شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَسْتَاكُ وَهُوَ صَائِمٌ .عَاصِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ غَيْرُهُ اَثْبَتُ مِنْهُ.

☆☆ عبداللہ بن عامر بن ربیعہ اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو روزے کی حالت میں مسواک کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

عاصم بن عبیداللہ کے مقابلے میں دیگر راوی زیادہ مستند ہیں۔

2334- حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُولِ حَدَّثَنَا جَدِّى حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَا

[1] مختصر اختلاف العلماء از امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ طحاوی

۲۳۳۳- اخرجه ابو داود في الصوم (۲/ ۳۱۸) باب: السواك للصائم (۲۳۶۴) عن محمد ابن الصباح ثنا شريك ......به-

Marfat.com

يُحْصِي يَتَسَوَّكُ وَهُوَ صَائِمٌ .

★★ عبداللہ بن عامر بن ربیعہ اپنے والد کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کئی مرتبہ روزے کی حالت میں مسواک کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

2335- حَدَّثَنَا الْقَاضِي اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا اَبِي حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ وَوَكِيعٌ وَاَبُوْ دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ وَاِسْحَاقُ ابْنُ بِنْتِ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ وَقَبِيصَةُ وَاِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ قَالُوْا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ .

★★ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

2336- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْخَيَّاطُ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ لَكَ السِّوَاكُ اِلَى الْعَصْرِ فَاِذَا صَلَّيْتَ الْعَصْرَ فَاَلْقِهِ فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ خُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ .

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تمہیں عصر کی نماز تک مسواک کرنے کی اجازت ہے جب تم عصر پڑھ لو تو پھر اسے ایک طرف رکھ دو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: روزہ دار شخص کے منہ کی بو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہے۔

2337- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ ح وَحَدَّثَنَا الْقَاضِي الْمَحَامِلِيُّ وَيُوسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ وَابْنُ عَيَّاشٍ الْقَطَّانُ وَابْنُ مَخْلَدٍ وَجَمَاعَةٌ قَالُوْا حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ

۲۳۳۴- اخرجه احمد في مسنده (۳/ ۴۴۵): ثنا وكيع ثنا سفيان و عبد الرحمن عن سفيان ...... به- و اخرجه الترمذي في الصوم (۳/ ۱۰۴) باب ما جاء في السواك للصائم (۷۲۵) عن محمد بن بشار حدثنا عبد الرحمن بن مهدي حدثنا سفيان ...... به- وقال: (حديث حسن و العمل على هذا عند اهل العلم: لا يرون بالسواك للصائم باساً- الا ان بعض اهل العلم كرهوا السواك للصائم بالعود الرطب- و كرهوا له السواك آخر النهار- و لم ير الشافعي بالسواك باساً اول النهار و لا آخره- و كره احمد و اسحاق السواك آخر النهار)- اهـ و اخرجه البيهقي (۴/ ۲۷۲) و كذلك اسحاق بن راهويه و ابو يعلى و البزار و الطبراني عن عاصم ...... به: كما في (نصب الراية) (۲/ ۴۵۹)- و قال الزيلعي: قال ابن القطان في (كتابه): و لم يمنع من صحة هذا الحديث الا اختلافهم في عاصم بن عبيد الله- انتهي- و قال صاحب (التنقيح): عاصم بن عبيد الله تكلم فيه غير واحد- من الائمة: كاحمد بن حنبل و ابن معين و ابن سعد و ابي حاتم و الجوزجاني و ابن خزيمة و قال الدارقطني: يترك و هو مغفل- و قال العجلي: لا باس به- و قال ابن عيينة: كان الاشياخ يتقون حديثه- انتهي- و قال في (الامام): و عاصم بن عبيد الله هذا قال فيه البخاري: منكر الحديث- و قال النسائي: لا نعلم مالكا روى عن انسان ضعيف مشهور بالضعف الا عاصم ابن عبيد الله: فانه يروي عنه حديثا و عن عمرو بن ابي عمرو و هو اصلح من عاصم و عن شريك بن ابي نمر و هو اصلح من عمرو- و لا نعلم ان مالكا حدث عن احد يترك حديثه الا عبد الكريم بن ابي المخارق- انتهي- اهـ-

۲۳۳۵- راجع ما قبله- و هو في مصنف عبد الرزاق (۷۴۸۴) ايضا عن الثوري به-

۲۳۳۶- كذا اخرجه الدارقطني من طريق عمر بن قيس عن عطاء- و عمر ضعيف- و من طريق الدارقطني اخرجه البيهقي في سننه (۴/ ۲۷۴) و قد ورد الجزء الاخير منه من وجه آخر عن عطاء عن ابي صالح الزيات انه سمع ابا هريرة به مطولا مرفوعا- هكذا اخرجه ابن جريج المصري عن عطاء- اخرجه البخاري في الصوم (۱۹۰۴) باب هل يقول اني صائم اذا شتم- و مسلم في الصيام (۱۵۱) باب فضل الصيام-

۲۳۳۷- اخرجه ابن ماجه في الصيام (۱/ ۵۳۶) باب ما جاء في السواك و الكحل للصائم (۱۶۷۷) عن عثمان بن محمد بن ابي شيبة ثنا ابو اسماعيل المودب ...... به- و قال في (الزوائد): (في اسناده مجالد و هو ضعيف- لكن له شاهد من حديث عامر بن ربيعة- اخرجه البخاري و ابو داود و الترمذي)- اهـ- و تقدم تخريج هذا الشاهد قريبا- و مجالد ضعيف ...... رحمه

Marfat.com

اِسْمَاعِيْلَ الْمُؤَدِّبُ عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) خَيْرُ خِصَالِ الصَّائِمِ السِّوَاكُ . وَفِيْ حَدِيْثِ ابْنِ مَنِيْعٍ مِنْ خَيْرِ خِصَالِ الصَّائِمِ السِّوَاكُ . مُجَالِدٌ غَيْرُهُ اَثْبَتُ مِنْهُ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''روزہ دار شخص کے لیے سب سے بہترین کام مسواک کرنا ہے''۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

''روزہ دار شخص کے بہترین کاموں میں سے ایک کام مسواک کرنا ہے''۔

مجالد نامی راوی کے مقابلے میں دیگر راوی زیادہ مستند ہیں۔

2338 - حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خُرَاسَانَ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّكَنِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْقَصَّابُ كَيْسَانُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ بِلَالٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ اِذَا صُمْتُمْ فَاسْتَاكُوْا بِالْغَدَاةِ وَلَا تَسْتَاكُوْا بِالْعَشِيِّ فَاِنَّهُ لَيْسَ مِنْ صَائِمٍ تَيْبَسُ شَفَتَاهُ بِالْعَشِيِّ اِلَّا كَانَتَا نُوْرًا بَيْنَ عَيْنَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: جب تم روزہ رکھو تو صبح کے وقت مسواک کرو شام کے وقت مسواک نہ کرو اس کی وجہ یہ ہے: جس روزہ دار شخص کے ہونٹ شام کے وقت خشک ہوں گے تو یہ چیز قیامت کے دن اس کے سامنے نور کے طور پر ہوگی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ کیسان قصار، ابوعمر فزاری (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۵۷۱۴)۔

2339 - حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ خُرَاسَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا كَيْسَانُ اَبُوْ عُمَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ خَبَّابٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ . كَيْسَانُ اَبُوْ عُمَرَ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ وَمَنْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ عَلِيٍّ غَيْرُ مَعْرُوْفٍ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

ابوعمر کیسان نامی راوی مستند نہیں ہے اور اس کے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے درمیان راوی معروف نہیں ہیں۔

۲۳۳۸- اخرجه البيهقي في السنن (۴/ ۲۷۴) كتاب الصيام: باب من كره السواك بالعشي اذا كان صائماً ...... و في المعرفة (۲/ ۴۱۷) رقم (۱۵۵۸) من طريق الدارقطني به-

۲۳۳۹- اخرجه البيهقي في (المعرفة) في الصيام (۶/ ۳۳۲) باب: السواك للصائم (۸۹۰۲- ۸۹۰۳) من طريق الدارقطني به- و نقل كلام الدارقطني عقبه- و اخرجه الطبراني في (معجمه)- كما في نصب الراية (۲/ ۴۶۰)- من حديث كيسان: ابي عمر ...... به-

Marfat.com

8-باب الْإِفْطَارِ فِی رَمَضَانَ لِکِبَرٍ اَوْ رَضَاعٍ اَوْ عُذْرٍ اَوْ غَیْرِ ذٰلِکَ.

باب 8: عمر رسیدہ ہو جانے' (بچے کو) دودھ پلانے' کسی عذر وغیرہ کی وجہ سے رمضان کے روزے نہ رکھنا

2340- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ اَبِی الْجَهْمِ الشِّیْعِیُّ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِذَا عَجَزَ الشَّیْخُ الْکَبِیْرُ عَنِ الصِّیَامِ اَطْعَمَ عَنْ کُلِّ یَوْمٍ مُدًّا مُدًّا. اِسْنَادٌ صَحِیْحٌ.

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ ارشاد فرماتے ہیں: جب بوڑھا شخص روزہ رکھنے کے قابل نہ رہے' تو وہ ہر ایک روزے کے عوض میں ایک مُد کھانا کھلائے گا۔

اس کی سند مستند ہے۔

9-باب طُلُوْعِ الشَّمْسِ بَعْدَ الْإِفْطَارِ.

باب 9: افطاری کر لینے کے بعد سورج نکل آنا

(یعنی بادل وغیرہ کی وجہ سے وقت سے پہلے افطاری کر لینے کا حکم)

2341- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُدَیْلٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ قَالَتْ اَفْطَرْنَا فِیْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) فِیْ رَمَضَانَ فِیْ یَوْمِ غَیْمٍ وَّطَلَعَتِ الشَّمْسُ فَقِیْلَ لِهِشَامٍ اُمِرُوْا بِالْقَضَاءِ قَالَ وَبُدٌّ مِنْ ذٰلِکَ. هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِیْحٌ ثَابِتٌ.

★★ سیدہ اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ہم نے رمضان کے مہینے میں ایک دن جب بادل چھائے ہوئے تھے' افطاری کر لی لیکن بعد میں سورج نکل آیا (تو پتہ چلا کہ افطاری کا وقت نہیں ہوا تھا)۔

ہشام نامی راوی سے دریافت کیا گیا: کیا ان لوگوں کو اس کی قضاء کرنے کا حکم دیا گیا تھا؟ تو انہوں نے جواب دیا: ایسا کرنا ضروری تھا۔

اس کی سند صحیح ہے اور ثابت ہے۔

۲۳۴۰- اخرجه البيهقي في الكبرى (٤/ ٢٧١) من طريق الدارقطني' به- و له طرق و الفاظ عن ابن عباس عند البخاري في التفسير (٨/ ١٧٩) تفسير قوله تعالى: (اياما معدودت) من سورة البقرة (٤٥٠٥)' و ابي داود في الصوم (٢/ ٣٠٦) باب: من قال هي مثبتة للشيخ و الحبلى (٢٣١٨)' و عبد الرزاق في الصوم (٤/ ٢٢٠-٢٢١) باب: الشيخ الكبير' و البيهقي في (المعرفة) (٦/ ٣٢٩' ٣٣١) باب: من لا يطيق الصوم لكبر سن-

۲۳۴۱- اخرجه البخاري في الصوم (٤/ ٢٣٥) باب: اذا افطر في رمضان ثم طلعت الشمس (١٩٥٩)' و ابو داود في الصوم (٢/ ٣١٦-٣١٧) باب: الفطر قبل غروب الشمس (٢٣٥٩)' و ابن ماجه في الصوم (١/ ٥٣٥) باب: ما جاء فيمن افطر ناسياً (١٦٧٤)' و ابن خزيمة رقم (١٩٩١) من طرق عن ابي اسامة' به- و اخرجه عبد بن حميد (١٥٧٤) عن عبد الرزاق' اخبرنا معمر عن هشام بن عروة' به-

Marfat.com

2342- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مِرْدَاسٍ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا قَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ بِهٰذَا .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

2343- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ (وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ وَاحِدٍ (فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا) قَالَ زَادَ مِسْكِينًا آخَرَ فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ قَالَ وَلَيْسَتْ بِمَنْسُوخَةٍ إِلَّا أَنَّهُ رُخِّصَ لِلشَّيْخِ الْكَبِيرِ الَّذِي لَا يَسْتَطِيعُ الصِّيَامَ وَأُمِرَ أَنْ يُطْعِمَ الَّذِي يَعْلَمُ أَنَّهُ لَا يُطِيقُهُ. إِسْنَادٌ صَحِيحٌ ثَابِتٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں یہ بات بیان کی ہے:

''اور وہ لوگ جو اس کی طاقت نہیں رکھتے' ان کا فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے''۔

اس سے مراد ایک مسکین ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''تو جو شخص بھلائی نفلی طور پر کرے''۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یعنی جو ایک اور مسکین کو بھی کھانا کھلا دے تو یہ زیادہ بہتر ہے۔ وہ یہ فرماتے ہیں: یہ حکم منسوخ نہیں ہے البتہ یہ رخصت اس بوڑھے آدمی کو دی گئی ہے جو روزہ رکھنے کی استطاعت نہیں رکھتا اور کھانا کھلانے کا یہ حکم اس شخص کے لیے ہے جو یہ جانتا ہے اب (وہ کبھی بھی) روزہ رکھنے کی طاقت نہیں رکھے گا۔

اس کی سند صحیح ہے اور ثابت ہے۔

2344- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا أَبُو بِشْرٍ وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ (وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ) قَالَ يُطِيقُونَهُ يُكَلَّفُونَهُ (فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ) وَاحِدٍ (فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا) فَزَادَ مِسْكِينًا آخَرَ لَيْسَتْ بِمَنْسُوخَةٍ (فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ وَأَنْ تَصُومُوا خَيْرٌ لَكُمْ) لَا يُرَخَّصُ فِي هٰذَا إِلَّا لِلْكَبِيرِ الَّذِي لَا يُطِيقُ الصِّيَامَ أَوْ مَرِيضٍ لَا يُشْفَى .وَهٰذَا صَحِيحٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ ارشاد فرماتے ہیں: (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''جو لوگ اس کی طاقت نہیں رکھتے ان کا فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے''۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جو لوگ اس کی طاقت نہیں رکھتے وہ اس بات کے پابند ہیں وہ ایک مسکین

۲۳۴۳- اخرجه البخاري في تفسير سورة البقرة (۴۵۰۵) باب ۲۵ [illegible] ... باب من لا يطيق الصيام كبر سن [illegible] (۴۸۹۳-۲۸۸۹) من حديث [illegible]

۲۳۴۴- سبق في الذي قبله من وجه آخر عن عطاء [illegible]

Marfat.com

کھانا کھلائیں اور جو شخص نفلی طور پر بھلائی کرنا چاہے تو وہ مزید ایک مسکین کو کھانا کھلا دے۔ یہ حکم منسوخ نہیں ہے بلکہ یہ ان کے لیے والا ہے۔ تو یہ ان کے لیے زیادہ بہتر ہے اور اگر تم لوگ روزہ رکھ لو تو یہ زیادہ بہتر ہے تو اس معاملے میں رخصت صرف بوڑھے آدمی کو دی گئی ہے جو روزہ رکھنے کی طاقت نہیں رکھتا اور اس مریض کو دی گئی ہے جو یہ جانتا ہے وہ اب کبھی بھی شفا یاب نہیں ہوگا۔

اس کی سند صحیح ہے۔

2345- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَكِيلُ اَبِي صَخْرَةَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا شِبْلٌ عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ وَعَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ (وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ) زَادَ مِسْكِيْنٌ (فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا) زَادَ طَعَامَ مِسْكِيْنٍ آخَرَ (فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ) وَلَا يُرَخَّصُ اِلَّا لِلْكَبِيْرِ الَّذِي لَا يُطِيقُ الصَّوْمَ اَوْ مَرِيضٍ يَعْلَمُ اَنَّهٗ لَا يُشْفٰى . وَهٰذَا صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

"جو لوگ اس کی طاقت نہیں رکھتے ان کا فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے" (آپ فرماتے ہیں:) یعنی ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے۔ (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

"جو شخص نفلی طور پر بھلائی کرنا چاہے"۔

اس کا مطلب ہے وہ مزید ایک مسکین کو کھانا کھلا دے۔ (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

"تو یہ اس کے لیے زیادہ بہتر ہوگا" "

اور اگر تم لوگ روزہ رکھ لو تو یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے۔

(حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:) یہ رخصت صرف اس بوڑھے آدمی کو دی گئی ہے جو روزہ رکھنے کی طاقت ہی نہ رکھتا ہو یا اس بیمار کو دی گئی ہے جو یہ جانتا ہے اب وہ کبھی شفا یاب نہیں ہوگا۔

اس کی سند صحیح ہے۔

2346- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ هَارُوْنَ اَبُوْ صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِيُّ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ رُخِّصَ لِلشَّيْخِ الْكَبِيْرِ اَنْ يُفْطِرَ وَيُطْعِمَ عَنْ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِيْنًا وَلَا قَضَاءَ عَلَيْهِ . وَهٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ رخصت اس بوڑھے آدمی کے لیے ہے جو روزہ رکھنا چھوڑ دے اور ایک دن کے عوض میں ایک مسکین کو کھانا کھلائے اور اس پر قضا لازم نہیں ہوگی۔

اس کی سند صحیح ہے۔

۲۳۴۵- اخرجه عبد الرزاق في الصوم (۲۲۱/۴) باب: الشيخ الكبير (۷۵۷۴) من رواية منصور عن مجاهد عن ابن عباس و (۷۵۷۵) من رواية عطاء عن ابن عباس- و اخرجه البيهقي في سننه (۲۴۱/۴) كتاب الصيام باب الشيخ الكبير لا يطيق الصوم من طريق منصور عن مجاهد-

۲۳۴۶- اخرجه البيهقي في سننه (۲۷۱/۴) من طريق ابي حاتم الرازي: ثنا محمد بن عبد الله الرقاشي به-

Marfat.com

2347- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَكِيلُ اَبِىْ صَخْرَةَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَطَاءٍ اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقْرَؤُهَا (وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ) قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَيْسَتْ مَنْسُوخَةً هُوَ الشَّيْخُ الْكَبِيرُ وَالْمَرْاَةُ الْكَبِيرَةُ لَا يَسْتَطِيعَانِ اَنْ يَصُومَا فَيُطْعِمَانِ مَكَانَ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِينًا . وَهٰذَا صَحِيحٌ .

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ تلاوت کرتے ہوئے سنا:

''اور وہ لوگ جو اس کی طاقت نہیں رکھتے تو اُن کا فدیہ مسکین کو کھانا کھلانا ہے''۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ حکم منسوخ نہیں ہے اس سے مراد وہ بوڑھا آدمی یا وہ عورت ہے جو اب کبھی روزہ رکھنے کی استطاعت نہیں رکھیں گے' تو وہ ہر ایک دن کے عوض میں ایک مسکین کو کھانا کھلا دیں۔

یہ روایت صحیح ہے۔

2348- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَزْرَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ لِاُمِّ وَلَدٍ لَهٗ حُبْلٰى اَوْ مُرْضِعٍ اَنْتِ مِنَ الَّذِينَ لَا يُطِيقُوْنَ الصِّيَامَ عَلَيْكِ الْجَزَاءُ وَلَيْسَ عَلَيْكِ الْقَضَاءُ . اِسْنَادٌ صَحِيحٌ.

☆☆ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنی اُم ولد سے' جو حاملہ تھی اور بچے کو دودھ پلاتی تھی' (یہ کہا تھا:) تم ان لوگوں میں شامل ہو جو روزہ رکھنے کی طاقت نہیں رکھتے' تم پر جزاء لازم ہے' قضاء لازم نہیں ہوگی۔

اس کی سند صحیح ہے۔

2349- حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ عَنِ ابْنِ اَبِىْ زَائِدَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَاحِبُ السُّلِّ الَّذِىْ قَدْ يَئِسَ اَنْ يَبْرَاَ فَلَا يَسْتَطِيعُ الصَّوْمَ يُفْطِرُ وَيُطْعِمُ عَنْ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِينًا . حَجَّاجٌ ضَعِيفٌ .

☆☆ سعید بن جبیر' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات بیان کرتے ہیں: انہوں نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: سل کا ایسا مریض جو اس بات سے مایوس ہو چکا ہو' کہ وہ ٹھیک ہوگا اور وہ کبھی روزہ نہ رکھ سکتا ہو' ایسا شخص روزہ نہیں رکھے گا اور ہر ایک دن کے عوض ایک مسکین کو کھانا کھلا دے گا۔

اس روایت کا راوی حجاج ضعیف ہے۔

۲۳۴۷- اخرجه عبد الرزاق في الصوم (۴/۲۲۱-۲۲۲) باب: الشيخ الكبير (۷۵۷۵) عن ابن جريج قال: قلت لعطاء...... و اخرجه الطبري في التفسير (۷۸/۲) من طريق ابن المبارك عن ابن جريج مختصرا-واخرجه عبد الرزاق (۷۵۷۷) عن ابن عيينة عن عمرو بن دينار عن عطاء...... نحوه-

۲۳۴۸- اخرجه ابو داود في الصوم (۲/۳۰۶) باب: من قال: هي مثبتة للشيخ و الحبلى (۲۳۱۸) عن ابن المثنى' ثنا ابن ابي عدي عن سعيد عن قتادة... به-ومن طريق ابي داود اخرجه البيهقي في سننه (۴/۲۳۰) كتاب الصيام' باب الحامل المرضع-

۲۳۴۹- في اسناده الحجاج بن ارطاة و هو كثير التدليس-

Marfat.com

2350- حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِیُّ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَزْرَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ كَانَتْ لَهُ اَمَةٌ تُرْضِعُ فَاُجْهِدَتْ فَاَمَرَهَا ابْنُ عَبَّاسٍ اَنْ تُفْطِرَ وَتُطْعِمَ وَلَاتَقْضِیَ . هٰذَا صَحِيْحٌ.

☆☆ سعید بن جبیر نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے: ان کی ایک کنیز تھی جو بچے کو دودھ پلاتی تھی' وہ بیمار ہوگئی' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کو یہ ہدایت کی کہ تم روزے نہ رکھو' اور (فدیہ کے طور پر) کھانا کھلا دو اور قضا نہ رکھنا۔

یہ روایت مستند ہے۔

2351- حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَوِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ الْحَامِلُ وَالْمُرْضِعُ تُفْطِرُ وَلَاتَقْضِی .وَهٰذَا صَحِيْحٌ وَّمَا بَعْدَهُ.

☆☆ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یا شاید حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی ہے: حاملہ یا دودھ پلانے والی عورت روزہ نہیں رکھے گی' وہ بعد میں اس کی قضاء بھی نہیں کرے گی (بلکہ مسکین کو کھانا کھلا دے گی)۔

یہ روایت اور اس کے بعد والی روایت مستند ہے۔

2352- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَكِيْلُ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الضَّيْفِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا الثَّوْرِیُّ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَرَاَ (وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطَوَّقُوْنَهُ) ثُمَّ يَقُوْلُ هُوَ الشَّيْخُ الْكَبِيْرُ الَّذِیْ لَا يَسْتَطِيْعُ الصِّيَامَ فَيُفْطِرُ وَيُطْعِمُ عَنْ كُلِّ يَوْمٍ مِّسْكِيْنًا نِصْفَ صَاعٍ مِّنْ حِنْطَةٍ.

☆☆ مجاہد بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ آیت تلاوت کی:

''جو لوگ اس کی طاقت نہیں رکھتے ان پر اس کا فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا فدیے کے طور پر واجب ہے''۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اس سے مراد وہ بوڑھا آدمی ہے جو اب روزہ رکھنے کی استطاعت نہیں رکھے گا' وہ روزہ چھوڑ دے گا اور ہر دن کے عوض ایک مسکین کو کھانا کھلائے گا' جو گندم کا نصف صاع ہوگا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسحاق بن ضیف- وقیل: ابن ابراہیم بن ضیف باھلی، ابویعقوب عسکری، بصری نزل مصر، علم حدیث کے ماہرین نے

۲۳۵۱- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (٤/ ٢١٨) رقم (٧٥٦٤) من طريق ابن جريج عن عطاء عن ابن عباس قال: (تفطر الحامل المرضع في رمضان' و تقضيان صياماً ولا تطعمان) فقد خالف عطاء: فنقل ذلك عن ابن عباس- وقد تقدم من رواية سعيد بن جبير عن ابن عباس خلاف ذلك- و اما اثر ابن عمر: فقد اخرجه عبد الرزاق في المصنف رقم (٧٥٦١) من طريق ايوب عن نافع عن ابن عمر-

۲۳۵۲- اخرجه عبد الرزاق في الصوم (٤/ ٢٢١) باب: الشيخ الكبير (٧٥٧٤) عن الثوري' به- واخرجه البيهقي في السنن (٤/ ٢٧١) من طريق سفيان' به- و اخرجه اسماعيل بن اسحاق القاضي عن ابن المديني عن جرير عن منصور' به: كما في (المحلى) لا بن حزم (٦/ ٢٦٥)-

Marfat.com

انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ روایت کے الفاظ نقل کرتے ہوئے یہ غلطی کر جاتے ہیں۔ یہ راوی ان کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو "التقریب" الحافظ ابن حجر عسقلانی (۳۶۵)

2353- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ كَانَ يَقْرَأُ (وَعَلَى الَّذِينَ يُطَوَّقُونَهُ) وَيَقُولُ لَمْ يُنْسَخْ.

☆☆ عکرمہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ آیت تلاوت کیا کرتے تھے:

"اور جو لوگ اس کی طاقت نہیں رکھتے ان پر لازم ہے"۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے: یہ آیت منسوخ نہیں ہوئی۔

2354- حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ الأَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو مَسْعُودٍ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتْهُ وَهِيَ حُبْلَى فَقَالَ أَفْطِرِي وَأَطْعِمِي عَنْ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِينًا وَلاَ تَقْضِي.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ منقول ہے: ان کی اہلیہ نے ان سے سوال کیا، وہ خاتون حاملہ تھیں تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم روزے رکھنے چھوڑ دو اور ایک دن کے عوض ایک مسکین کو کھانا کھلا دینا، کر تمہیں بعد میں اس کی قضاء بھی نہیں کرنا۔

2355- حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ حَدَّثَنَا أَبُو مَسْعُودٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَتْ بِنْتٌ لاِبْنِ عُمَرَ تَحْتَ رَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ وَكَانَتْ حَامِلاً فَأَصَابَهَا عَطَشٌ فِي رَمَضَانَ فَأَمَرَهَا ابْنُ عُمَرَ أَنْ تُفْطِرَ وَتُطْعِمَ عَنْ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِينًا.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی ایک صاحبزادی، وہ ایک قریشی کی بیوی تھیں، وہ خاتون حاملہ ہوئیں تو انہیں شدید پیاس محسوس ہوئی، تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے انہیں یہ ہدایت کی کہ وہ روزہ رکھنا چھوڑ دیں اور ایک دن کے عوض ایک مسکین کو کھانا کھلا دیا کریں۔

2356- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ وَكِيلُ أَبِي صَخْرَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ حُدَيْرٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ ضَعُفَ عَنِ الصَّوْمِ عَامًا فَصَنَعَ جَفْنَةً مِنْ ثَرِيدٍ وَدَعَا ثَلاَثِينَ مِسْكِينًا فَأَشْبَعَهُمْ.

☆☆ ایوب بیان کرتے ہیں: ایک سال حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کمزوری کی وجہ سے روزے نہیں رکھ سکے انہوں نے ثرید کی ہنڈیا تیار کروائی اور تیس مسکینوں کو بلا کر انہیں سیر ہو کر کھانا کھلا دیا۔

۲۳۵۳- اخرجه عبد الرزاق في الصوم (۲۲۱/۴) باب: الشيخ الكبير (۷۵۷۲) ...

۲۳۵۴- في اسناده الحجاج ... ابن عباس۔

۲۳۵۵- اسناده صحيح ...

۲۳۵۶- اخرجه عبد الرزاق في الصوم (۲۲۰/۴) باب الشيخ الكبير (۷۵۷۰) ... (۸۷/۱) (۱۸۲) ... عن ثابت عن انس بنحوه- و علقه الامام مالك عن انس بلا اسناد كما في الموطا (۳۰۷/۱) في الصيام باب: فدية من افطر في رمضان من علة ... البيهقي في (المعرفة) (۳۳۰/۶) (۸۸۹۱): (هذا منقطع و قد روينا عن قتادة موصولا عن انس ......) فساقه بمعناه-

Marfat.com

بیان حدیث کا تعارف:

○ عباس بن یزید بن ابی حبیب بحرانی - بصری، یلقب عباسویہ، ویعرف بالعبدی، کان قاضی ھمذان، علم حدیث کے ... نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے اپنی روایت کے الفاظ نقل کرتے ہوئے یہ غلطی کر جاتے ہیں ... راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی: ت (۳۲۱۱)

2357 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا ابْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ وَهِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ اَنَّ اَنَسًا ضَعُفَ عَامًا قَبْلَ مَوْتِهِ فَاَفْطَرَ وَاَمَرَ اَهْلَهُ اَنْ يُطْعِمُوا مَكَانَ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِينًا .قَالَ هِشَامٌ فِي حَدِيثِهِ فَاَطْعَمَ ثَلَاثِينَ مِسْكِينًا

☆☆ قتادہ بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ انتقال سے ایک سال پہلے اتنے کمزور ہو گئے تو انہوں نے روزے نہیں رکھے انہوں نے اپنی اہلیہ کو یہ ہدایت کی کہ وہ ہر ایک دن کے عوض میں ایک مسکین کو کھانا کھلا دیں۔

ہشام نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

انہوں نے تیس مسکینوں کو کھانا کھلایا۔

2358 - حَدَّثَنَا اَبُو صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو مَسْعُودٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِسْحَاقَ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ السَّائِبِ يَقُولُ اِنَّ شَهْرَ رَمَضَانَ يَفْتَدِيهِ الْاِنْسَانُ اَنْ يُطْعِمَ عَنْهُ لِكُلِّ يَوْمٍ مِسْكِينًا فَاَطْعِمُوا عَنِّي مِسْكِينَيْنِ لِكُلِّ يَوْمٍ

☆☆ مجاہد بیان کرتے ہیں: میں نے قیس بن سائب کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: رمضان کے مہینے کا فدیہ آدمی یہ دے گا کہ اپنی طرف سے ہر ایک دن کے عوض میں ایک مسکین کو کھانا کھلا دے اس لیے تم میری طرف سے روزانہ دو مسکینوں کو کھانا کھلا دینا۔

2359 - حَدَّثَنَا اَبُو صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو مَسْعُودٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ اَنَّ اَبَا حَمْزَةَ حَدَّثَهُ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ مَنْ اَدْرَكَهُ الْكِبَرُ فَلَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يَصُومَ فَعَلَيْهِ لِكُلِّ يَوْمٍ مُدٌّ قَمْحٍ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: جو شخص بوڑھا ہو جائے اور وہ روزہ رکھنے کی استطاعت نہ رکھتا ہو تو اس پر لازم ہے وہ ہر ایک دن کے عوض میں گندم کا ایک مد ادا کرے۔

بیان حدیث کا تعارف:

○ عبد الوارث انصاری مولی انس، ضعفہ دارقطنی، وقال ترمذی عن بخاری: عبد الوارث منکر الحدیث۔ وقال ابن معین:

اخرجه الطبراني في الكبير (١/ ٢٤٢) ... رجاله رجال الصحيح ...

اخرجه البيهقي في الكبرى (٤/ ٢٧١) ...

اخرجه البيهقي في (المعرفة) في الصوم (٦/ ٣٢٩) باب ... (٧٨٨٧) من رواية محمد بن اسماعيل ...

... عبد الله بن صالح ... البيهقي في السنن الكبرى ... (٤/ ٢٧١) ...

Marfat.com

مجہول۔ وامام ابوحاتم فرماتے ہیں: شیخ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: جرح وتعدیل (۶/۷۴)، ومغنی (۲/۱۲)، میزان (۴/۴۳۱)، واللسان (۴/۱۰۴)۔

2360- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ بَكْرٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيدَ الْبَحْرَانِيُّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا دَهْثَمُ بْنُ قُرَّانَ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَنْ كَانَ عَلَيْهِ دَيْنٌ فَقُضِيَ عَنْهُ فَقَدْ أَجْزَأَ عَنْهُ .وَقَالَ فِي الْحَجِّ وَالصِّيَامِ مِثْلَ ذٰلِكَ .دَهْثَمٌ ضَعِيفٌ وَعَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ مَجْهُولٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

”جس شخص کے ذمے قرض ہو اس کی طرف سے ادا کر دیا جائے تو یہ اس کی طرف سے ادائیگی ہو جاتی ہے“۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج اور روزے کے متعلق اسی کی مانند بات ارشاد فرمائی ہے۔

اس روایت کا راوی دہثم ضعیف ہے جبکہ دوسرا راوی عمرو بن عثمان مجہول ہے۔

2361- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ وَعُمَرُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَا حَدَّثَنَا الْمُنْذِرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ رَجُلًا أَتَى رَسُولَ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ هَلَكْتُ .قَالَ وَمَا أَهْلَكَكَ .قَالَ أَتَيْتُ أَهْلِي فِي شَهْرِ رَمَضَانَ .قَالَ هَلْ تَجِدُ رَقَبَةً .قَالَ لَا .قَالَ فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ .قَالَ لَا أُطِيقُ الصِّيَامَ .قَالَ فَأَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا لِكُلِّ مِسْكِينٍ مُدًّا .قَالَ مَا أَجِدُهُ .فَأَمَرَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِخَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا .قَالَ أَطْعِمْهُ سِتِّينَ مِسْكِينًا .قَالَ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا بِالْمَدِينَةِ أَهْلُ بَيْتٍ أَحْوَجَ مِنَّا .قَالَ انْطَلِقْ فَكُلْهُ أَنْتَ وَعِيَالُكَ فَقَدْ كَفَّرَ اللَّهُ عَنْكَ.

☆☆ محمد بن حسن اپنے والد (حسن) کے حوالے سے ان کے والد (امام زین العابدین رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے ان کے دادا (امام حسین رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ہلاکت کا شکار ہو گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کس چیز نے تمہیں ہلاکت کا شکار کیا ہے؟ اس نے عرض کی: میں نے رمضان میں (روزے کے دوران) اپنی اہلیہ کے ساتھ صحبت کر لی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس کوئی غلام یا کنیز ہے؟ اس نے عرض کی نہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مسلسل دو ماہ روزے رکھو اس نے عرض کی: میں روزے رکھنے کی طاقت نہیں رکھتا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ ہر ایک مسکین کو ایک مد دو اس نے عرض کی: میں اس

۲۳۶۰- اسنادہ ضعیف جدا؛ دھثم بن قران ضعفہ المصنف ھنا- وقال الحافظ فی التقریب (۱/۲۳۷): متروک، و عمرو بن عثمان قال الدارقطنی ھنا: (مجھول)- و لم اجد لہ ترجمۃ فیما بین یدی من کتب الرجال-

۲۳۶۱- المنذر بن محمد بن المنذر عن ابیہ وعنہ ابن عقدۃ- قال الدارقطنی: لیس بالقوی وقال فی (غرائب مالک): (ضعیف) ینظر المیزان (۶/۹۰)-

Marfat.com

گنجائش نہیں رکھتا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لیے یہ ہدایت کی کہ اسے پندرہ صاع دیئے جائیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ ساٹھ مسکینوں کو کھلا دو' اس نے عرض کی: اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے! پورے شہر میں ہمارے گھر والوں سے زیادہ محتاج اور کوئی نہیں ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم جاؤ اسے تم بھی کھاؤ اور تمہارے گھر والے بھی کھائیں' اللہ تعالیٰ نے تمہاری طرف سے کفارہ ادا کر دیا ہے۔

2362- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي أُوَيْسٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ ح وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ قَالاَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ أَفْطَرْتُ يَوْمًا مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ مُتَعَمِّدًا .فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَعْتِقْ رَقَبَةً أَوْ صُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ أَوْ أَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا .

☆☆ عامر بن سعد اپنے والد (سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' اس نے عرض کی: میں نے رمضان کے مہینے میں ایک دن جان بوجھ کر روزہ نہیں رکھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ایک غلام آزاد کر دو یا دو ماہ کے روزے رکھو یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ۔

2363- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الأَعْلَى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلاً أَفْطَرَ فِي رَمَضَانَ فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَنْ يُكَفِّرَ بِعِتْقِ رَقَبَةٍ أَوْ صِيَامِ شَهْرَيْنِ أَوْ إِطْعَامِ سِتِّينَ مِسْكِينًا قَالَ فَقَالَ لاَ أَجِدُ فَأُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِعَرَقِ تَمْرٍ فَقَالَ خُذْ هَذَا فَتَصَدَّقْ بِهِ . فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي لاَ أَجِدُ أَحَدًا أَحْوَجَ إِلَيْهِ مِنِّي فَضَحِكَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) حَتَّى بَدَتْ أَنْيَابُهُ ثُمَّ قَالَ كُلْهُ . تَابَعَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الأَنْصَارِيُّ وَابْنُ جُرَيْجٍ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ وَأَبُو أُوَيْسٍ وَفُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَعُمَرُ بْنُ عُثْمَانَ الْمَخْزُومِيُّ وَيَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ وَشِبْلُ بْنُ عَبَّادٍ وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ مِنْ رِوَايَةِ أَشْهَبَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْهُ وَابْنُ عُيَيْنَةَ مِنْ رِوَايَةِ نُعَيْمِ بْنِ حَمَّادٍ عَنْهُ وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ مِنْ رِوَايَةِ عَمَّارِ بْنِ مَطَرٍ عَنْهُ وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي زِيَادٍ إِلاَّ أَنَّهُ أَرْسَلَهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ كُلُّ هَؤُلاَءِ رَوَوْهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلاً أَفْطَرَ فِي رَمَضَانَ وَجَعَلُوا كَفَّارَتَهُ عَلَى التَّخْيِيرِ .وَخَالَفَهُمْ أَكْثَرُ مِنْهُمْ عَدَدًا فَرَوَوْهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الإِسْنَادِ أَنَّ إِفْطَارَ ذَلِكَ الرَّجُلِ كَانَ بِجِمَاعٍ وَأَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَمَرَهُ أَنْ يُكَفِّرَ بِعِتْقِ رَقَبَةٍ فَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَإِطْعَامُ سِتِّينَ مِسْكِينًا مِنْهُمْ عِرَاكُ بْنُ مَالِكٍ وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ وَإِسْمَاعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَتِيقٍ وَمُوسَى بْنُ عُقْبَةَ وَمَعْمَرٌ وَيُونُسُ وَعُقَيْلٌ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ وَالأَوْزَاعِيُّ وَشُعَيْبُ بْنُ

٢٣٦٢- في بعض رواياته الواقدي و هو متروك لكنه متابع في الرواية الاخرى- و ابو بكر ا بن اسماعيل له ذكر في ترجمة ابيه اسماعيل بن محمد من (التهذيب)-

Marfat.com

اَبِي حَمْزَةَ وَمَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسٰی وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ وَالنُّعْمَانُ بْنُ رَاشِدٍ وَحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ وَصَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حَفْصَةَ وَعَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عُمَرَ وَاِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى الْعَوْصِيُّ وَعَمَّارُ بْنُ عُقَيْلٍ وَثَابِتُ بْنُ ثَوْبَانَ وَقُرَّةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَزَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ وَبَحْرٌ السَّقَّاءُ وَالْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَشُعَيْبُ بْنُ خَالِدٍ وَنُوحُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ وَغَيْرُهُمْ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے رمضان کے مہینے میں روزہ توڑ لیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے یہ ہدایت کی کہ وہ کفارے کے طور پر ایک غلام آزاد کرے یا دو ماہ کے روزے رکھے یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے۔ راوی بیان کرتے ہیں: اس شخص نے عرض کی: میرے پاس اس کی گنجائش نہیں ہے، پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کھجوروں کی بوری لائی گئی، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے لو اور اسے صدقہ کر دو۔ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! مجھ سے زیادہ اس کا کوئی اور ضرورت مند نہیں معلوم ہوتا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے یہاں تک کہ آپ کے اطراف کے دانت بھی ظاہر ہوئے پھر آپ نے فرمایا: اسے تم کھا لو!

☆☆ بعض راویوں نے اس روایت میں یہ بات نقل کی ہے: اس شخص نے رمضان (کا روزہ) توڑ دیا تھا اور کفارے کے بارے میں اسے اختیار دیا گیا تھا (کہ وہ مذکورہ بالا تین صورتوں میں سے کسی ایک کو اختیار کر لے)۔

لیکن اکثر راویوں نے یہ بات نقل کی ہے: اس شخص نے صحبت کر کے روزہ توڑا تھا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے غلام آزاد کرنے کے ذریعے کفارہ ادا کرنے کا حکم دیا، جب اس کے پاس اس کی گنجائش نہیں تھی، تو اسے دو ماہ روزے رکھنے کی ہدایت کی۔ جب اس میں اس کی بھی استطاعت نہیں تھی، تو اسے ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانے کا حکم دیا۔

2364 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَلَفٍ حَدَّثَنَا اَبُو ثَوْرٍ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَخْبَرَهُ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ اَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ هَلَكْتُ وَاَهْلَكْتُ. قَالَ مَا اَهْلَكَكَ. قَالَ وَقَعْتُ عَلَى اَهْلِي فِي رَمَضَانَ. قَالَ تَجِدُ رَقَبَةً تُعْتِقُهَا. قَالَ لَا. قَالَ صُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ. قَالَ لَا اَسْتَطِيعُ. قَالَ فَاَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا. قَالَ لَا اَقْدِرُ عَلَيْهِ. فَاُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِعَرَقٍ فِيهِ تَمْرٌ فَقَالَ تَصَدَّقْ بِهٰذَا. فَقَالَ عَلٰى اَحْوَجَ مِنِّي. قَالَ فَاَطْعِمْهُ عِيَالَكَ. تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو ثَوْرٍ عَنْ مُعَلَّى بْنِ مَنْصُورٍ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ بِقَوْلِهِ وَاَهْلَكْتُ. وَكُلُّهُمْ ثِقَاتٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا: میں ہلاکت کا شکار ہو گیا (یا شاید یہ الفاظ ہیں:) میں نے (خود کو) ہلاکت کا شکار کروا لیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہیں کس چیز نے ہلاکت کا شکار کیا ہے؟ وہ بولا: میں نے رمضان میں (روزے کے دوران) اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کر لی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہارے پاس کوئی غلام ہے جسے تم آزاد کر دو؟ اس نے عرض کی: نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مسلسل

Marfat.com

نے عرض کی: میں یہ نہیں کر سکتا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ۔ اس نے عرض کی: میں اس کی بھی قدرت نہیں رکھتا۔

پھر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کھجوروں کی بوری لائی گئی تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم اسے صدقہ کر دو۔ اس نے عرض کی: کیا اپنے سے زیادہ ضرورت مند لوگوں کو (یعنی مجھے سب سے زیادہ ان کی ضرورت ہے) تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے اپنے گھر والوں کو کھلا دو۔

2365- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ مُسْلِمٍ اَخْبَرَهُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَمَرَ رَجُلًا اَفْطَرَ فِيْ رَمَضَانَ الْحَدِيْثَ نَحْوَهُ وَزَادَ فِيْهِ كُلْهُ وَصُمْ يَوْمًا. تَابَعَهُ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عُمَرَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رمضان میں روزہ توڑنے والے شخص کو نبی اکرم ﷺ نے یہ ہدایت کی (اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث ذکر کی ہے) تاہم اس میں یہ الفاظ زائد ہیں: "تم اسے کھا لو اور ایک دن روزہ رکھ لینا"۔

2366- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْفَقِيْهُ حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ وَحَاجِبُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَا حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَقَعْتُ بِامْرَاَتِيْ فِيْ رَمَضَانَ. قَالَ اَعْتِقْ رَقَبَةً. قَالَ لَا اَجِدُ. قَالَ فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ. قَالَ لَا اَسْتَطِيْعُ. قَالَ اَطْعِمْ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا. قَالَ لَا اَجِدُ. قَالَ فَاُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِمِكْتَلٍ فِيْهِ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ. قَالَ خُذْ هٰذَا فَاَطْعِمْهُ عَنْكَ. قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا اَحْوَجُ اِلَيْهِ مِنَّا. قَالَ فَخُذْهُ فَاَطْعِمْهُ اَهْلَكَ. لَفْظُ بَكَّارٍ. تَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ حَفْصَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: میں نے رمضان میں (روزے کے دوران) اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کر لی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ایک غلام آزاد کرو۔ اس نے عرض کی: وہ میرے پاس نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: دو ماہ کے مسلسل روزے رکھو۔ اس نے عرض کی: میں اس کی استطاعت نہیں رکھتا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ۔ اس نے عرض کی: میں ایسا بھی نہیں کر سکتا۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے پاس پندرہ صاع کھجوروں کا ٹوکرا لایا گیا تو آپ نے فرمایا: اسے لو اور اپنی طرف سے کھلا دو۔ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! پورے شہر میں ہم سے زیادہ ضرورت مند کوئی نہیں ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم یہ اپنے گھر والوں کو کھلا دو۔

یہ الفاظ بکار نامی راوی کے ہیں اور محمد بن ابوحفصہ نے زہری کے حوالے سے اسے نقل کرنے میں متابعت کی ہے۔

2367- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ وَالْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَاَبُوْ اُمَيَّةَ قَالُوْا حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ حَفْصَةَ وَقَالَ فِيْهِ بِزَبِيْلٍ وَّهُوَ الْمِكْتَلُ فِيْهِ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا اَحْسَبُهُ تَمْرًا .وَكَذٰلِكَ قَالَ هِقْلُ بْنُ زِيَادٍ وَّالْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ .وَتَابَعَهُمْ حَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ وَهِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:
ایک زبیل لائی گئی اور پیمانہ تھا جس میں پندرہ صاع تھے' یہ بھی ہے' کھجوروں کے پندرہ صاع تھے۔
اسی طرح دیگر راویوں نے بھی نقل کیا ہے اور دیگر راویوں نے اسے نقل کرنے میں متابعت کی ہے۔

2368- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ وَّالْحَسَنُ بْنُ اَبِى الرَّبِيْعِ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَحَدَّثَهٗ اَنَّهٗ وَقَعَ بِاَهْلِهٖ فِىْ رَمَضَانَ فَقَالَ لَهٗ اَعْتِقْ رَقَبَةً .قَالَ لَا اَجِدُهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ .قَالَ فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ .قَالَ مَا اَسْتَطِيْعُ .قَالَ فَاَطْعِمْ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا .قَالَ مَا اَجِدُ ذٰلِكَ .قَالَ فَاُتِيَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِمِكْتَلٍ فِيْهِ تَمْرٌ قَدْرَ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا .فَقَالَ خُذْ هٰذَا فَتَصَدَّقْ بِهٖ .فَقَالَ عَلٰى اَحْوَجَ مِنِّىْ وَاَهْلِ بَيْتِىْ فَمَا اَجِدُ اَحْوَجَ مِنِّىْ وَاَهْلِ بَيْتِىْ .قَالَ كُلْهُ اَنْتَ وَاَهْلُ بَيْتِكَ وَصُمْ يَوْمًا وَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' اس نے آپ کو بتایا گیا کہ اس نے رمضان میں (روزے کے دوران) اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کر لی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ایک غلام آزاد کرو' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس وہ نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مسلسل دو ماہ روزے رکھو' اس نے کہا: میں اس کی استطاعت نہیں رکھتا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ' اس نے عرض کی: میں اس کی بھی طاقت نہیں رکھتا۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک برتن لایا گیا جس میں پندرہ صاع کھجوریں تھیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے لو اور اسے صدقہ کر دو' اس نے عرض کی: کیا اپنے اور گھر والوں سے زیادہ ضرورت مند کو کروں' مجھے اپنے اور اپنے گھر والوں سے زیادہ کوئی ضرورت مند نہیں' آپ نے فرمایا: اسے تم کھا لو اور تمہارے گھر والے کھا لیں اور تم ایک دن روزہ رکھ لو اور اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرو۔

2369- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ سَالِمٍ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ حَدَّثَنَا مَنْدَلٌ عَنْ اَبِىْ هَاشِمٍ عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ اَفْطَرَ يَوْمًا مِّنْ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ فَعَلَيْهِ صَوْمُ شَهْرٍ .هٰذَا اِسْنَادٌ غَيْرُ ثَابِتٍ .مَنْدَلٌ ضَعِيْفٌ وَّمَنْ دُوْنَ اَنَسٍ ضَعِيْفٌ اَيْضًا.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:
"جو شخص عذر کے رمضان کا ایک روزہ نہ رکھے' اس پر ایک ماہ کے روزے رکھنا لازم ہوگا"۔

Marfat.com

اس کی سند ثابت نہیں ہے' اس کا راوی مندل ضعیف ہے' اور جس نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کی ہے' ی ضعیف ہے۔

2370- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ ب بْنِ اَبِىْ ثَابِتٍ عَنْ اَبِى الْمُطَوِّسِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ رَ يَوْمًا مِّنْ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ مَرَضٍ وَّلَا رُخْصَةٍ لَّمْ يُجْزِهٖ صِيَامُ الدَّهْرِ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص کسی بیماری اور رخصت کے بغیر رمضان کا ایک دن کا روزہ نہ رکھے تو ہمیشہ روزے رکھنا بھی اس کا بدلہ نہیں ہو سکتا''۔

یانِ حدیث کا تعارف:

○ ابومطوس ھو یزید، وقیل: عبد اللہ بن مطوس، یہ لین الحدیث ہیں یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ قریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۸۴۴۰)۔

○ مطوس، (اور ایک قول کے مطابق): ابومطوس، عن ابی ہریرة، مجھول یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ قریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۶۷۶۰)۔

2371- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْيَقْطِيْنِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا مَوْهَبُ بْنُ يْدَ حَدَّثَنَا ضَمْرَةُ عَنْ رَجَاءِ بْنِ جَمِيْلٍ قَالَ كَانَ رَبِيْعَةُ بْنُ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَقُوْلُ مَنْ اَفْطَرَ يَوْمًا مِّنْ رَمَضَانَ مَ اثْنَىْ عَشَرَ يَوْمًا لِاَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ رَضِىَ مِنْ عِبَادِهٖ شَهْرًا مِّنَ اثْنَىْ عَشَرَ شَهْرًا.

☆☆ ربیعہ بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں: جو شخص رمضان کے ایک دن کا روزہ نہ رکھے تو وہ بارہ دن روزے رکھے گا' اس کی یہ ہے: اللہ تعالیٰ نے بارہ مہینوں کے مقابلے میں ایک مہینہ روزہ رکھنے کو پسند کیا ہے۔

یانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن حسن بن علی بن محمد بن عیسٰی بن یقطین، ابوجعفر بزاز یقطینی، سمع ابا یعلی احمد بن علی موصلی وابا قاسم بغوی، ومن فی ھما، حدث عنہ ابونعیم اصبھانی، وعلی بن محمد بن عبداللہ حذاء وغیرھما، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ وقال نی: کان فھما ذکیا، لہ رحلۃ فی طلب حدیث۔ ان کے مزید حالات کیلئے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۲/۲۱۱)، وانساب (۵/۲۰۳)۔

237- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدٍ الرُّهَاوِيُّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ مَطَرٍ حَدَّثَنَا سٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ اَفْطَرَ يَوْمًا مِّنْ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ مَرَضٍ وَّلَا رُخْصَةٍ لَّمْ يَقْضِهٖ عَنْهُ صِيَامٌ وَّاِنْ صَامَ هْرَ كُلَّهٗ.

اخرجه عبد الرزاق في الصوم (۱۹۸/٤) باب: من يبطل الصيام ومن يأكل في رمضان متعمدا (۷٤۷۳) من وجه آخر عن ربيعة بنحو

Marfat.com

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص رخصت یا بیماری کے بغیر رمضان کے ایک دن کا روزہ نہ رکھے تو ہمیشہ روزے رکھنا بھی اس کی قضاء نہیں ہو سکتا۔

2373- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِيِّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْخَلِيلِ حَدَّثَنَا الْوَاقِدِيُّ حَدَّثَنَا رَبِيعَةُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ أَنَّهُ سَمِعَ مَسْعُودَ بْنَ الْحَكَمِ الزُّرَقِيَّ يَقُولُ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ حُذَافَةَ السَّهْمِيُّ قَالَ بَعَثَنِي رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَلَى رَاحِلَتِهِ أَيَّامَ مِنًى أُنَادِي أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّهَا أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ وَبِعَالٍ. الْوَاقِدِيُّ ضَعِيفٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ کے دنوں میں مجھے اپنی اونٹنی پر بھیجا تاکہ میں اعلان کروں: اے لوگو! یہ کھانے پینے کے اور صحبت کرنے کے دن ہیں۔

اس روایت کا راوی واقدی ضعیف ہے۔

2374- حَدَّثَنَا الْقَاضِي أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُولِ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ حَمْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ أَنَّهُ رَأَى رَجُلًا يَتْبَعُ رِحَالَ النَّاسِ بِمِنًى أَيَّامَ التَّشْرِيقِ عَلَى جَمَلٍ لَهُ وَهُوَ يَقُولُ أَلَا لَا تَصُومُوا هَذِهِ الْأَيَّامَ فَإِنَّهَا أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ. وَرَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بَيْنَ أَظْهُرِهِمْ قَالَ قَتَادَةُ بَلَغَنَا أَنَّ الْمُنَادِيَ كَانَ بِلَالًا. قَتَادَةُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ.

☆☆ حضرت حمزہ اسلمی بیان کرتے ہیں: انہوں نے ایک شخص کو دیکھا جو منیٰ میں ایام تشریق میں لوگوں کی قیام گاہوں کے پاس جا رہا تھا' وہ اونٹ پر سوار تھا اور یہ کہہ رہا تھا: خبردار! ان دنوں میں روزہ نہ رکھو کیونکہ یہ کھانے پینے کے دن ہیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے درمیان موجود ہیں۔

قتادہ نامی راوی نے یہ بات نقل کی ہے: یہ اعلان کرنے والے شخص حضرت بلال رضی اللہ عنہ تھے۔

قتادہ نامی راوی نے سلیمان بن یسار سے احادیث کا سماع نہیں کیا ہے۔

2375- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ خُرَّزَاذَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْقُرَشِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَهَى عَنْ صَوْمِ خَمْسَةِ أَيَّامٍ فِي السَّنَةِ يَوْمِ الْفِطْرِ وَيَوْمِ النَّحْرِ وَثَلَاثَةِ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ. قَالَ عُثْمَانُ مَا كَتَبْنَاهُ إِلَّا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ.

☆☆ قتادہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سال کے پانچ دنوں میں روزہ رکھنے سے منع کیا ہے: عید الفطر کے دن عید الاضحیٰ کے دن اور ایام تشریق کے تین دن۔

عثمان نامی راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے محمد بن خالد کے حوالے سے یہی روایت نقل کی ہے۔

۲۳۷۵- في اسناده محمد بن خالد ... قال ابن ... وقال ابو زرعة: رجل سوء ... وقال ... القاضي: ... محمد بن خالد الواسطي يقول: لم اسمع من ابي الا حديثا ... كتابه ... [illegible] ... تهذيب التهذيب ۹/۱۲۴-۱۲۲.

Marfat.com

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن خالد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن طحان واسطی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۵۸۸۳)۔

2376 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى حَدَّثَنَا مَكِّىُّ بْنُ عَبْدَانَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُرَحْبِيْلَ الصَّنْعَانِىُّ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ نَافِعٍ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَمْرَو بْنَ حَزْمٍ فِىْ زَكَاةِ الْفِطْرِ نِصْفَ صَاعٍ مِّنْ حِنْطَةٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ .

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کو صدقۂ فطر کے بارے میں یہ ہدایت کی تھی کہ وہ گندم کا نصف صاع ہوگا یا کھجور کا ایک صاع ہوگا۔

2377 - حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا تَشْتَرُوا اللَّبَنَ فِىْ ضُرُوْعِهَا وَلَا الصُّوْفَ عَلٰى ظُهُوْرِهَا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ فرماتے ہیں: جب دودھ تھن میں موجود ہو اس کا سودا نہ کرو اور جب اُون (جانور کی پشت پر) موجود نہ ہو اس وقت اس کا سودا نہ کرو۔

2378 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَطِيْرِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِىْ دَاوُدَ الْحَرَّانِىُّ حَدَّثَنَا الزُّهْرِىُّ عَنْ مَسْعُوْدِ بْنِ الْحَكَمِ الزُّرَقِىِّ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِىِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ حُذَافَةَ فَنَادٰى فِىْ اَيَّامِ التَّشْرِيْقِ اَلَا اِنَّ هٰذِهِ الْاَيَّامَ عِيْدٌ وَّاَكْلٌ وَّشُرْبٌ وَّذِكْرٌ فَلَا تَصُوْمُوْهُنَّ اِلَّا مُحْصَرٌ اَوْ مُتَمَتِّعٌ لَّمْ يَجِدْ هَدْيًا وَّلَمْ يَصُمْ فِىْ اَيَّامِ الْحَجِّ الْمُتَتَابِعَةِ فَلْيَصُمْهُنَّ .

☆☆ مسعود بن حکم زرقی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ نے ایامِ تشریق میں یہ اعلان کیا تھا: خبردار! یہ عید کے دن ہیں' یہ کھانے پینے اور ذکر کرنے کے دن ہیں تو ان دنوں میں روزہ صرف وہ شخص رکھے جو محصر ہو یا حج تمتع کرنے والا ایسا فرد ہو' جس کے ساتھ قربانی کا جانور نہ ہو' یا جس نے حج کے دنوں میں مسلسل روزے نہ رکھے ہوں' وہ ان دنوں میں روزے رکھ لے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ مسعود بن الحکم بن ربیع بن عامر انصاری زرقی، ابو ہارون مدنی۔ لہ رویۃ، ولہ روایۃ عن بعض صحابۃ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۶۶۵۳)۔

۲۳۷۶- اخرجه البيهقي في الكبرى (۴/۱۶۸) و نقله الزيلعي في (نصب الراية) (۲/۴۲۱)- وقال: (قال البيهقي: لهذا لا يصح' و كيف يصح! ورواية الجماعة عن نافع عن ابن عمران تعديل الصاع بمدين من حنطة' انما كان بعد رسول الله صلى الله عليه وسلم - و اعله ابن الجوزي بسليمان ابن موسى' قال: قال ابن المديني: مطعون عليه' و قال البخاري: عنده مناكير)- اه-قلت: و سبق في (الزكاة) تخريج لهذا الحديث من وجوه عن نافع عن ابن عمر بغير لهذا اللفظ- و راجع: نصب الراية (۲/ ۴۱۴-۴۱۶)-

۲۳۷۸- تفرد به الدارقطني' و عنه نقله الزيلعي في نصب الراية (۲/ ۴۸۴) وقال عقبة: (الواقدي: ضعيف)-

Marfat.com

اللہ
رسول
محمد

فتوحاتِ جہانگیری

شرح

سُنن دارقطنی

جزو ششم

5-6

متن

امام ابو الحسن علی بن عمر دارقطنی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

اداماللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

علم حدیث کی ترویج واشاعت اور درس وتدریس کرنے والوں کے لیے

دعاءِ نبوی

نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا شَيْئًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَ

اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش رکھے جو مجھ سے کوئی بات سن کر اسی طرح آگے پہنچا دے جیسے سنی تھی

الحدیث

اخرجہ الترمذی، بہذ اللفظ فی "جامعہ" کتاب العلم، باب: ماجاء فی الحث علی تبلیغ السماع، رقم الحدیث 2657 (وفی معناہ) ابوداؤد 3660، ترمذی 2656۔ 2658، ابن ماجہ 230، 231، 232، مسند احمد 4157، 16784 داری 229، 230، معجم اوسط 5179، 5392، 7004، 9444، شعب الایمان 1736، مجمع الزوائد 582، 583، 584، 588، 589، 591، کنز العمال 29165، 29166، 29200، 29375

اس روایت کے طرق کی وضاحت کے بارے میں ایک مستقل رسالہ بھی ہے جس کا نام "جزء فیہ قول النبی ﷺ نضر اللہ امرأ" ہے اس کے مولف شیخ ابو عمرو احمد بن محمد اصبہانی مدینی ہیں۔ یہ رسالہ "دار ابن حزم" بیروت لبنان سے 1994ء میں شیخ بدر بن عبداللہ البدر کی تحقیق کے ہمراہ شائع ہوا تھا۔

Marfat.com

كِتَابُ الْحَجِّ

حج کا بیان

1-باب

بلاعنوان

2379- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَالِبٍ اَحْمَدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ طَالِبٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُرَارَةَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ زِيَادٍ النَّصِيبِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ اَوْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلاً) قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا السَّبِيْلُ قَالَ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی:

''اور لوگوں پر لازم ہے' وہ اللہ تعالیٰ کے لیے بیت اللہ کا حج کریں' اس شخص پر لازم ہے جو اس تک جانے کی طاقت رکھتا ہو''۔

تو ایک شخص کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! یہاں ''سبیل'' سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زادِ سفر اور سواری۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالملک بن زیاد نصیبی، ازدی کہتے ہیں یہ منکر الحدیث اور غیر ثقہ ہے۔ امام ابن حبان فرماتے ہیں: مستقیم حدیث یغرب عن مالک۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: الضعفاء والمتروکین (۲/۱۴۹)، و میزان (۴/۳۹۸)۔ ولسان (۴/۷۶)۔

•••——•••——•••

حج کے حکم کی وضاحت

حج کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے ''مختصر القدوری'' کے شارح امام ابوبکر بن علی بن الحداد تحریر کرتے ہیں:

۲۳۷۹- قال الزيلعي في (نصب الراية) (۲/ ۱۰): (محمد بن عبد الله بن عبيد الليثي' تركوه' واجمعوا على ضعفه)- اهـ- و ذكره الفسائي في (تخريج الاحاديث الضعاف من سنن الدارقطني) ص (۲۵٦)' وقال: (محمد بن عبد الله بن عبيد ضعيف)-

Marfat.com

حج کا لغوی معنی کسی چیز کا ارادہ کرنا ہے۔

شریعت میں اس سے مراد تعظیم کی نیت سے بیت اللہ کی زیارت کا ارادہ کرنا ہے تاکہ اسلام کے عظیم رکن کی ادائیگی کی جا سکے۔

(امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ نے یہ کہا ہے: حج واجب ہے) اس سے مراد یہ ہے: یہ محکم فرض ہے۔

امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ نے لفظ وجوب کے ذریعے اس کو ذکر کیا ہے کیونکہ واجب کا مفہوم عمومی ہوتا ہے' ہر فرض چیز واجب ہوتی ہے لیکن ہر واجب چیز فرض نہیں ہوتی ہے۔

اس کے بعد آگے چل کر امام حداد رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں: حج محکم فرض ہے۔

اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اللہ تعالیٰ کے لیے بیت اللہ کا حج کرنا لوگوں پر لازم ہے''۔

سوال یہ ہے: یہ فوری طور پر ادا کرنا واجب ہوتا ہے یا اس میں مؤخر کرنے کی گنجائش ہوتی ہے؟

امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: اسے فوری طور پر ادا کرنا لازم ہے کیونکہ یہ ایک مخصوص وقت کے ساتھ مخصوص ہے اور سال میں کسی بھی وقت انسان کو موت آ سکتی ہے۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس میں مؤخر کرنے کی گنجائش ہے کیونکہ یہ ساری عمر کے اندر ایک مرتبہ ادا کیا جانے والا فرض ہے۔

ان حضرات کے درمیان اختلاف اس صورتِ حال میں ہوتا ہے کہ جب غالب گمان اس بات کا ہو کہ انسان بعد میں بھی سلامت رہے گا' لیکن اگر غالب گمان انتقال کرنے کا ہو' یعنی آدمی بیمار ہو یا بوڑھا ہو چکا ہو' تو اب اس بات پر اتفاق ہے' اب اس کو فوری طور پر ادا کرنا لازم ہوگا۔

امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک امکان کی صورت میں بھی حج میں تاخیر کرنا جائز نہیں ہے' اگر کوئی شخص حج میں تاخیر کر لیتا ہے تو وہ گناہ گار ہوگا' انہوں نے دلیل کے طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان پیش کیا ہے:

''جو شخص زادِ راہ اور سواری کا مالک ہو' جو اسے بیت اللہ تک پہنچا سکتے ہوں اور پھر وہ حج نہ کرے تو اب اس پر کچھ نہیں ہوگا کہ وہ یہودی مر جائے یا عیسائی مر جائے''۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی دلیل یہ ہے: اللہ تعالیٰ نے چھٹی سن ہجری میں حج فرض قرار دیا تھا' لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دسویں سن ہجری میں حج ادا کیا تھا' اگر اس کو فوراً ادا کرنا لازم ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے مؤخر نہ کرتے۔

امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے اس کا یہ جواب دیا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی کے ذریعے اس بات کا علم ہو گیا تھا' آپ اس وقت تک حیات رہیں گے' جب تک اسے ادا نہیں کر لیں گے' اس لیے آپ اس بات سے بے خوف ہو گئے کہ آپ اسے ادا نہیں کر سکیں گے۔

Marfat.com

امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں: حج لازم ہے آزاد بالغ، عقل مند تندرست لوگوں پر، جب وہ زادِ راہ اور سواری پر قدرت حاصل کرلیں، جو ان کی جائز سکونت سے اضافی ہو اور جو انتہائی ضروری نہ ہو اور ان کے واپس آنے تک وہ اپنے اہل عیال کے خرچ سے بھی بے نیاز ہوں اور راستہ بھی امن والا ہو۔

اس کی وضاحت کرتے ہوئے امام حداد رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں: لفظ بالغ استعمال کرکے انہوں نے بچوں سے احتراز کیا ہے کیونکہ وہ عبادات کے پابند نہیں ہیں کیونکہ وہ اس کے مکلف نہیں ہیں۔

لفظ عقل مند استعمال کرکے انہوں نے مجنون لوگوں سے احتراز کیا ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تین طرح کے لوگوں سے قلم اٹھالیا گیا ہے بچہ جب تک وہ بالغ نہ ہو جائے، مجنون شخص جب تک وہ ٹھیک نہ ہو جائے اور سویا ہوا شخص جب تک وہ بیدار نہ ہو جائے''۔

امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ نے لفظ تندرست جو استعمال کیا ہے، اس سے مراد یہ ہے: اس کا جسم اور اعضاء ٹھیک ہونے چاہئیں، یہاں تک کہ بیمار شخص کے اوپر حج کرنا لازم نہیں ہے، اس کی وجہ یہ ہے: جب انسان عبادت کی ادائیگی سے عاجز ہو جائے تو یہ چیز عبادت ساقط ہونے میں اثر انداز ہوتی ہے، جب تک وہ عجز باقی ہوتا ہے۔

نابینا شخص کے بارے میں اہل علم نے اختلاف کیا ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: ایسے شخص پر حج کرنا لازم نہیں ہے، اگرچہ اسے کوئی ساتھ لے جانے والا بھی مل جاتا ہے، تاہم اس کے مال میں سے حج واجب ہوگا (یعنی اس پر لازم ہوگا وہ کسی دوسرے کو حج کروا دے)۔

امام ابویوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک نابینا شخص کو اگر کوئی ساتھ لے جانے والا مل جاتا ہے، اس کے پاس زادِ راہ بھی ہوتا ہے اور سواری بھی ہوتی ہے تو اب اس پر حج کرنا لازم ہوگا، تاہم یہ ضروری ہے، اس کے ساتھ سفر میں اس کی خدمت کرنے کے لیے کوئی شخص موجود ہونا چاہیے۔ یہ بات جائز نہیں ہوگی کہ اس کی جگہ پر کوئی دوسرا شخص حج کرے، جہاں تک بیماری کی وجہ سے عاجز ہونے کا تعلق ہے تو اگر بیماری ایسی ہو کہ اس کے بارے میں یہ اُمید کی جاسکتی ہو کہ وہ ختم ہو جائے گی، اس بیماری کے ختم ہونے کے بعد اس شخص پر حج کرنا لازم ہوگا اور اب کسی دوسرے شخص کا اس کی طرف حج کرنا کافی نہیں ہوگا، تندرست ہونے کے بعد وہ شخص خود حج کرنے کے لیے جائے گا اور اس فرض کو ادا کرے گا۔[1]

2380- حَدَّثَنِي عَبْدُ الْبَاقِي بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ أَبِي نَافِعٍ حَدَّثَنَا عَفِيفٌ عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ السَّبِيلُ إِلَى الْبَيْتِ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ.

---

[1] الجوہرہ النیرہ، از ابوبکر بن علی بن محمد الحداد الزبیدی، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت، ص 360/1

۲۳۸۰- هكذا اخرجه الدارقطني عن ابن لهيعة عن عمرو بن شعيب به- و سيورده بعده من وجهين عن محمد بن عبيد الله- و هو العرزمي - عن عمرو بن شعيب به- قال الزيلعي في (نصب الراية) (۲/۱۰): (و ابن لهيعة و العرزمي: ضعيفان- قال الشيخ في (الامام) و قد خرج الدارقطني هذا الحديث عن جابر و انس و عبد الله بن عمرو بن العاص و عبد الله بن مسعود و عائشة و ليس فيها اسناد يحتج به- انتهى)-

Marfat.com

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بیت اللہ تک جانے کے راستے سے مراد زادِ سفر اور سواری ہے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن ابی نافع ابوسلمۃ موصلی، قال ابویعلی: وقد راہ ولم یروعنہ۔ قال: لم یکن اھلاً للحدیث وذکرلہ ابن عدی فی کامل احادیث منکرۃ، وامام ابن حبان فرماتے ہیں: یعتبر حدیثہ من غیر روایۃ ابنہ عنہ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: جرح و تعدیل (۲/۷۹)، ومیزان (۱/۳۰۷)، واللسان (۱/۲۲۳)۔

○ عفیف بن سالم موصلی بجلی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوعمرو، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۴۶۶۱)۔

•••———•••———•••

زادِ راہ اور سواری کے بارے میں اہل علم کی وضاحت

زادِ راہ اور سواری کے بارے میں اہل علم کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے مشہور مالکی فقیہ شیخ ابن رشد تحریر کرتے ہیں: استطاعت کے حوالے سے اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے، امن کے ساتھ مال کی موجودگی اور جسم کی استطاعت بھی اس میں شامل ہوگی۔

جسم اور مال کے اعتبار سے استطاعت کے بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام شافعی، امام ابوحنیفہ اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں اور یہ بات حضرت عبداللہ بن عباس اور عمر بن خطاب سے بھی منقول ہے:

اس کے لیے زادِ راہ اور سواری کی موجودگی شرط ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ یہ کہتے ہیں: جو شخص پیدل چل کر جا سکتا ہو اس کے حق میں حج کے واجب ہونے کے لیے سواری کی موجودگی شرط نہیں ہوگی بلکہ اس پر پیدل چل کے جا کر حج کرنا لازم ہوگا۔

اسی طرح امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک زادِ راہ کی موجودگی بھی شرط نہیں ہے، اگر وہ راستے میں زادِ راہ حاصل کرنے کے قابل ہو خواہ اسے مانگ کر ایسا کرنا پڑے۔

اس اختلاف کا بنیادی سبب یہ ہے: استطاعت کی وضاحت کیسے کی جائے گی، اس بارے میں منقول حدیث کا اس لفظ کے عموم سے تعارض ہے۔

حدیث میں یہ بات منقول ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا: استطاعت سے مراد کیا ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

''زادِ راہ اور سواری''۔

امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہما نے اسے ہر مفلس شخص پر محمول کیا ہے جبکہ امام مالک نے اسے اس شخص پر محمول کیا ہے جو پیدل نہ چل سکتا ہو اور وہ اس قابل نہ ہو کہ راستے میں مزدوری کر کے محنت کر کے روزی کما سکے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس موقف کو اس لیے اختیار کیا ہے کیونکہ وہ اس بات کے قائل ہیں: جب اللہ تعالیٰ کی کتاب کا حکم مجمل ہو اور سنت کے ذریعے اس کی وضاحت ہو رہی ہو تو اب سنت کی اس وضاحت سے انحراف کرنا درست نہیں ہوگا۔

2381- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ رُسْتُمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ غَالِبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْكُوفِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا يُوجِبُ الْحَجَّ قَالَ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ نقل کی گئی ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: (انہوں نے فرمایا:) تمہارے تمہارے نبی کی سنت کافی ہے' آپ نے کوئی شرط مقرر نہیں کی تھی' اگر کوئی شخص کسی وجہ سے سفر جاری نہ رکھ سکے تو جب بھی وہ اللہ تک پہنچ جائے تو اس کا طواف کرے' صفا و مروہ کا طواف کرے اور پھر سر منڈوا لے یا بال چھوٹے کروا لے اور اس پر اگلے سال حج کرنا لازم ہوگا۔

2460- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ رَسُولُ اللهِ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَلٰى ضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي أُرِيدُ الْحَجَّ وَأَنَا شَاكِيَةٌ فَقَالَ حُجِّي وَاشْتَرِطِي أَنَّ مَحِلِّي حَيْثُ حَبَسْتَنِي .

قَالَ مَعْمَرٌ وَأَخْبَرَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' سیّدہ ضباعہ بنت زبیر رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں حج کا ارادہ رکھتی ہوں' لیکن میں بیمار ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ارادہ کرلو اور یہ شرط رکھو کہ جہاں میں آگے جانے کے قابل نہ رہی' وہیں احرام کھول دوں گی۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند منقول ہے۔

2461- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّ طَاوُسًا وَعِكْرِمَةَ أَخْبَرَاهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَتْ ضُبَاعَةُ بِنْتُ الزُّبَيْرِ رَسُولَ اللهِ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَتْ إِنِّي امْرَأَةٌ ثَقِيلَةٌ وَإِنِّي أُرِيدُ الْحَجَّ فَكَيْفَ تَأْمُرُنِي أَنْ أُهِلَّ قَالَ أَهِلِّي وَاشْتَرِطِي أَنَّ مَحِلِّي حَيْثُ حَبَسْتَنِي . قَالَ فَأَدْرَكَتْ.

٢٤٦١- اخرجه عبد الرزاق عن معمر عن الزهري عن عروة عن عائشة، و من طريق عبد الرزاق اخرجه مسلم في الحج (١٢٠٧) باب: جواز اشتراط المحرم التحلل بعذر المرض و نحوه، و النسائي في المناسك (٥/ ٦٨) باب: الاشتراط في الحج، و احمد في المسند (٦/ ...) و البيهقي في الكبرى (٥/ ٢٢١)، و الطبراني في (الكبير) (٢٤/ رقم ٨٣٢)، و ابن الجارود في (المنتقى) (٤٢٠) و ابن حبان (٣٧٧٤) من طريق عبد الرزاق، به- ورواه هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة- اخرجه البخاري في النكاح (٥٠٨٩)، باب: الاكفاء في الدين، و مسلم في الموضع السابق، و كذلك النسائي (٥/ ١٦٨)، و احمد ٦٠/ ٢٠٢، و الطبراني (٢٤/ رقم ٨٣٤- ٨٣٥) -واخرجه مسلم في الحج (...) باب: اشتراط المحرم التحلل بعذر المرض و نحوه، و النسائي في الحج (٥/ ١٦٨) باب: الاشتراط في الحج، و ابن ماجه في الحج (...) باب: الشرط في الحج، و احمد (١/ ٣٣٧)، و البيهقي (٥/ ٢٢١) من طريق ابن جريج باسناده الذي هنا عند الدارقطني- ورواه عبد ال... الجزري عن طاوس و عكرمة، به- اخرجه الطبراني (١٢٠٢٣) -ورواه هلال بن خباب عن عكرمة عن ابن عباس ... به- اخرجه ابو دا... الحج (٢/ ١٥٦) باب: الاشتراط في الحج (١٧٧٦)، و الترمذي في الحج (٣/ ٢٧٨) باب: ما جاء في الاشتراط في الحج (٩٤١)، كلاهما عن ... بن العوام عن هلال بن خباب ... به -ورواه حبيب بن يزيد عن عمرو بن هرم عن سعيد بن جبير و عكرمة عن ابن عباس ... به- مسلم في الحج (٢/ ٨٦٨- ٨٦٩) باب: جواز اشتراط المحرم التحلل بعذر المرض، و نحوه (١٢٠٨)- و اخرجه عطاء عن ابن عباس ... اخرجه مسلم في الموضع السابق -قال الترمذي: (و العمل على هذا عند بعض اهل العلم- يرون الاشتراط في الحج- و يقولون ... اشترط، فعرض له مرض او عذر، فله ان يحل ويخرج من احرامه- و هو قول الشافعي و احمد و اسحاق- و لم ير بعض اهل العلم الا... في الحج- وقالوا: ان اشترط، فليس له ان يخرج من احرامه، و يرونه كمن لم يشترط)- اهـ-

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سیدہ ضباعہ بنت زبیر رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ ...وں نے کہا: میں بھاری بھرکم عورت ہوں اور میں حج کرنا چاہتی ہوں تو آپ مجھے احرام کے بارے میں کیا ہدایت کرتے ہیں؟ ...اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم احرام باندھ لو اور یہ شرط عائد کرو کہ جہاں میں آگے جانے کے قابل نہ رہی وہاں احرام کھول ...ں گی۔

راوی کہتے ہیں: انہوں نے وہ حج کرلیا تھا۔

2462- وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ اَبُو ...بَيْرِ اَنَّ طَاوُسًا وَعِكْرِمَةَ اَخْبَرَاهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

2463- وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ وَمُحَمَّدُ بْنُ مُنْخَلٍ قَالَا حَدَّثَنَا مَكِّيٌّ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ ...الزُّبَيْرِ بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ.

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

2464- حَدَّثَنَا الْقَاضِىْ اَبُوْ عُمَرَ وَالْقَاضِى الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا اَبُوْ ...سُفَ الْقُلُوْسِيُّ حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ هَمَّامٍ الْخَارِكِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ ...اسِمِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَمَرَ ضُبَاعَةَ اَنْ تَشْتَرِطَ .

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ضباعہ کو یہ ہدایت کی تھی (کہ وہ احرام باندھتے ہوئے) ...ط کریں۔

...ویانِ حدیث کا تعارف:

○ صلت بن محمد بن عبدالرحمٰن بصری، ابوہمام، خارکی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا۔ ...یہ دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "التقریب" از حافظ ابن حجر ...(۲۹۹۴)۔ وفی (ط): خازکی، بالزای معجمة۔

2- باب الْمَوَاقِيْتِ.

باب 2: مواقیت کا بیان

2465- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ حَدَّثَنَا حَفْصٌ وَاَخْبَرَنَا ...سَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ حَدَّثَنَا حَفْصٌ .وَاَخْبَرَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْاَزْرَقُ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ ...بِيْعٍ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ وَقَّتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

Marfat.com

لأَهْلِ الْعِرَاقِ ذَاتَ عِرْقٍ .

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ عراق کے لئے ذاتِ عرق کو میقات مقرر کیا تھا۔

•••———•••———•••

میقات کے احکام

میقات کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ سرخسی تحریر کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ حدیث ہم تک پہنچی ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کے رہنے والوں کے لیے ذوالحلیفہ کو میقات مقرر کیا ہے' اہلِ شام کے لیے جحفہ کو' اہلِ نجد کے لیے قرن کو' یمن کے رہنے والوں کے لیے یلملم کو اور عراق کے رہنے والوں کے لیے ذاتِ عرق کو میقات مقرر کیا ہے۔

یہ روایت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے منقول ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول روایت میں چار مواقیت کا ذکر ہے' اس میں اہلِ عراق کے لیے ذاتِ عرق کے میقات ہونے کا تذکرہ نہیں ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے جو روایت اس بارے میں منقول ہے' اس میں تین مواقیت کا ذکر ہے۔ اس روایت میں ذاتِ عرق اور یلملم کا تذکرہ نہیں ہے۔

ان روایات میں اس بات کی دلیل موجود ہے' جو شخص مکہ جانے کے ارادے کے تحت ان مواقیت تک پہنچ جاتا ہے' اس مقام پر احرام باندھنا اس کے لیے لازم ہو جاتا ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی فائدے کے بغیر اس جگہ کو میقات مقرر نہیں کیا ہوگا لہٰذا اس مقام پر پہنچنے کے بعد احرام باندھے بغیر یہاں سے گزرنا ممنوع ہوگا۔ ان مواقیت سے پہلے احرام باندھنے یا نہ باندھنے کے بارے میں گنجائش پائی جاتی ہے۔

احادیث کے ظاہری مفہوم کے حوالے سے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: میقات پر احرام باندھنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے تاہم ہمارے علمائے احناف اس بات کے قائل ہیں: میقات تک پہنچنے تک احرام باندھنے میں تاخیر کرنا (یعنی وہاں سے احرام باندھے بغیر گزر جانا) جائز نہیں ہے۔ اور یہ بات زیادہ فضیلت رکھتی ہے' میقات سے پہلے ہی احرام باندھ لیا جائے کیونکہ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات نقل کی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص مسجدِ اقصیٰ سے احرام باندھ کر حرام تک جائے' اس کے تمام گناہ بخش دیئے جاتے ہیں خواہ وہ سمندر کی جھاگ سے بھی زیادہ ہوں اور ایسے شخص کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔

حضرت علی اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما نے (قرآن کے یہ الفاظ) "تم اللہ کے لیے حج اور عمرے کو مکمل کرو" کی تفسیر میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے: حج اور عمرے کو مکمل کرنے میں یہ بات بھی شامل ہے' انسان اپنے گھر سے احرام باندھ لے۔

(علامہ سرخسی نے تحریر کیا ہے:) ہم تک یہ روایت بھی پہنچی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ہم نے میقات مقرر کیا ہے یہ اس شخص کے لیے ہے جو وہاں رہتا ہو اور اس شخص کے لیے بھی ہے جو اس کے دوسری جانب سے (مکہ

Marfat.com

(طرف آ رہا ہو) اگرچہ وہ وہاں کا رہنے والا نہ ہو۔ جبکہ اس نے حج یا عمرے کا ارادہ کیا ہو۔

اس روایت میں اس بات کی دلیل موجود ہے' جو شخص مکہ جانے کے ارادے سے اس میقات سے گزرے گا' اس پر احرام باندھنا لازم ہوگا۔ خواہ وہ میقات والی جگہ کا رہائشی ہو یا نہ ہو۔ کیا آپ نے غور نہیں کیا کہ باہر کا رہنے والا جو شخص حرم کی حدود میں رہا ہو' جب وہ حج کا ارادہ کرے گا' تو اس کے احرام باندھنے کے لیے میقات وہ جگہ ہوگی جو اہلِ مکہ کا میقات ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کے ظاہری الفاظ کے حوالے سے یہ بات بیان کی ہے' جو شخص حج یا عمرے کے ارادے کے ساتھ مکہ جا رہا ہو وہ احرام کے بغیر میقات سے نہیں گزر سکتا' جو شخص جنگ کے ارادے سے مکہ کی طرف جا رہا ہو اس پر احرام باندھنا شرط نہیں ہوگا کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے دن احرام باندھے بغیر مکہ میں داخل ہوئے تھے۔ جو شخص تجارت کے لیے یا اپنا قرض وصول کرنے کے لیے یا اسی نوعیت کے کسی اور کام کے لیے مکہ جانا چاہتا ہے' اس کے بارے میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے دو اقوال ہیں: ایک قول کے مطابق ایسے شخص پر احرام باندھنا لازم نہیں ہے۔ وہ یہ کہتے ہیں: احرام باندھنا بذاتِ خود عبادت نہیں ہے بلکہ حج کے افعال کی ادائیگی کے لیے احرام باندھا جاتا ہے' اسی لیے جو شخص حج یا عمرے کا ارادہ نہیں رکھتا' اس کے حق میں حرم کی سرزمین بھی دیگر مقامات کی طرح ہوگی' لہٰذا ایسے شخص پر احرام باندھنا لازم نہیں ہوگا۔

ہمارا (یعنی احناف کا) مؤقف یہ ہے: جو بھی شخص مکہ میں جانا چاہتا ہو' اس کے لیے احرام باندھے بغیر میقات سے گزرنا جائز نہیں ہے خواہ وہ حج کے ارادے سے مکہ جانا چاہتا ہو یا جنگ کرنے کے لیے جا رہا ہو یا تجارت کرنا مقصد ہو' اس کی دلیل حضرت ابوشریح خزاعی رضی اللہ عنہ کی یہ روایت ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فتح مکہ کے دن خطبہ دیتے ہوئے یہ بات ارشاد فرمائی تھی:

''اللہ تعالیٰ نے مکہ کو اس وقت حرم مقرر کیا تھا جب اس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا تھا۔ مجھ سے پہلے اور میرے بعد کسی بھی شخص کے لیے یہاں جنگ کرنا جائز نہیں ہے اور میرے لیے بھی صرف ایک مخصوص وقت کے لیے مکہ میں جنگ کرنا جائز ہوا تھا' اب اس کے بعد قیامت تک کے لیے مکہ میں جنگ کرنا حرام قرار دے دیا گیا ہے''۔

اس روایت سے یہ بات ثابت ہوتی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ میں جنگ کرنے کی اجازت حاصل ہوئی تھی اور یہ وقت کے ایک مخصوص حصے تک کے لیے تھی جیسا کہ آپ نے خود یہ بات ارشاد فرمائی ہے: میرے لیے ایک مخصوص وقت کے لیے یہاں قتال کرنا حلال ہوا ہے۔

اب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی کے لیے بھی یہ بات حلال نہیں ہے اور اس حدیث سے یہ بات پتہ چل جاتی ہے' جنگ کرنے کے لیے احرام کے بغیر مکہ میں داخل ہونا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت تھی اور یہ خصوصیت اسی وقت ظاہر ہو سکتی ہے' جب دوسرے کے لیے یہ حکم ہو کہ وہ احرام کے بغیر مکہ میں داخل ہو ہی نہیں سکتا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا: میں احرام کے بغیر میقات میں داخل ہو گیا ہوں' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم میقات تک واپس جاؤ اور وہاں سے احرام باندھو' ورنہ تمہارا حج ٹھیک نہیں ہوگا' کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' کوئی بھی شخص احرام باندھے بغیر

Marfat.com

میقات سے نہ گزرے۔

اس کی وجہ یہ ہے: جو بھی شخص حج یا عمرے کے ارادے کے تحت مکہ میں داخل ہونا چاہتا ہے اس پر لازم ہے وہ اس سرز... کے عزت اور شرف کے اظہار کے لیے احرام باندھ لے۔ اس حوالے سے حج کے افعال ادا کرنا یا نہ کرنا برابر کی حیثیت ر... ہوں گے اس لیے جو شخص مکہ میں داخل ہونے کا ارادہ کرتا ہے اس پر یہ بات لازم ہے وہ میقات سے ہی احرام باندھ لے ا... جو شخص میقات کے اندر کے علاقے میں (یعنی جو مکہ کی سمت میں ہو) رہائش پذیر ہو وہ اپنے کسی ذاتی کام کے تحت احر... باندھے بغیر مکہ شہر میں داخل ہوسکتا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے ایک قول کے مطابق یہ بھی جائز نہیں ہے۔

ہماری دلیل وہ روایت ہے جس میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لکڑیاں چننے والوں ک... اس بات کی اجازت دی تھی کہ وہ احرام باندھے بغیر مکہ میں داخل ہو سکتے ہیں۔

اور ظاہری طور پر بھی یہ بات ہے یہ لوگ میقات کے باہر سے اندر نہیں آتے ہیں اس سے یہ لازم ہوگا کہ جو لوگ میقا... کے اندر رہتے ہیں وہ احرام کے بغیر مکہ جاسکتے ہیں۔

ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما مکہ مکرمہ سے روانہ ہوئے اور مدینہ منورہ جانے کے لیے نکلے جب آپ بیداء ک... مقام پر پہنچے تو آپ کو اطلاع ملی کہ مدینہ منورہ کے حالات ٹھیک نہیں ہیں تو آپ احرام باندھے بغیر واپس مکہ چلے گئے تھے۔

اس کی وجہ یہی ہے جو شخص میقات کے اندر رہتا ہے وہ اہلِ مکہ کی مانند ہوگا کیونکہ اسے مکہ میں آنے جانے کی ضرور... پیش آتی رہے گی اس کی ضروریات مکہ کے رہنے والوں سے متعلق ہوں گی تو جس طرح مکہ کے رہنے والوں کے لیے یہ با... جائز ہے وہ اپنی ضروریات کے پیش نظر مکہ سے باہر جاسکتے ہیں اور پھر احرام باندھے بغیر مکہ میں آسکتے ہیں تو اسی طرح اہ... میقات کے لیے بھی یہ بات جائز ہوگی۔

اگر ہم یہ کہیں کہ ہر وقت ان پر احرام باندھنا لازم ہے تو یہ واضح طور پر ضرر ہوگا۔[۱]

2466- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْحَجَّاجِ مِثْلَهُ

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

---

[۱] المبسوط از شیخ ابوبکر سہیل بن احمد سرخسی، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت

۲۴۶۵- اخرجه ابو يعلى (۴/۱۵۶-۱۵۷) (۲۲۲۲)، و الطحاوي في (المعاني) (۲/۱۱۹)، و البيهقي في الكبرى (۵/۲۸)، من طريق حجاج ... ارطاة ...... به، و قال الهيثمي في (المجمع) (۲/۲۱۹): (اخرجه احمد، و فيه الحجاج بن ارطاة، و فيه كلام و قد وثق)- اه- و رواه ابن جر... اخبرني ابو الزبير انه سمع جابر بن عبد الله ...... به مرفوعاً- اخرجه مسلم في الحج (۲/۸۴۰-۸۴۱) باب: مواقيت الحج و العمرة (۱۱۸۲ ... الطحاوي في (شرح المعاني) في الحج (۲/۱۱۸، ۱۱۹) باب: المواقيت، و ابن خزيمة (۴/۱۵۹-۱۶۰)، و احمد (۲/۳۳۲)، و الشافعي (۱/۲۹۰) ... الباب الثاني: في مواقيت الحج و العمرة الزمانية و المكانية (۷۵۶)، به مطولاً- و رواه ابراهيم بن يزيد الخوزي عن ابي الزبير ... و زاد فيه: (ثم اقبل بوجهه للافق، ثم قال: (اللهم اقبل قلوبهم)- اه- و الخوزي ضعيف: كما سبق- و من ثم قال الهيثمي ... (الزوائد) (۲/۱۱-۱۲): (هذا اسناد ضعيف......)، و اعله بالخوزي- و رواه ابن لهيعة عن ابي الزبير عن جابر، به- اخرجه احمد (۳/۳۳۶ ... البيهقي (۵/۲۷)- و ابن لهيعة ضعيف-

۲۴۶۶- قال الزيلعي في (نصب الراية) (۳/۱۴): (و الحجاج غير محتج به)- اه-

Marfat.com

2467- اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْحَجَّاجِ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّهُ وَقَّتَ لاَهْلِ الْعِرَاقِ ذَاتَ عِرْقٍ.

عمرو بن شعیب اپنے والد اور دادا کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ذاتِ عرق کو اہلِ عراق کے لئے میقات مقرر کیا تھا۔

2468- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوبَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ وَاَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ. وَعَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالاَ وَقَّتَ رَسُولُ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - .وَذَكَرَ الْحَدِيثَ لَ لاَهْلِ الْعِرَاقِ ذَاتَ عِرْقٍ.

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

جس میں یہ الفاظ ہیں: نبی اکرم ﷺ نے (اس کے بعد انہوں نے پوری حدیث ذکر کی ہے اور یہ کہا ہے:) اہلِ عراق کے لئے ذاتِ عرق کو میقات مقرر کیا تھا۔

2469- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْبَغَوِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا اَبُو هَاشِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ حَدَّثَنَا اَفْلَحُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَقَّتَ لاَهْلِ الْمَدِينَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلاَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ وَلاَهْلِ الشَّامِ وَمِصْرَ الْجُحْفَةَ وَلاَهْلِ الْعِرَاقِ ذَاتَ عِرْقٍ.

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم نے اہلِ مدینہ کے لئے ذوالحلیفہ کو اہلِ یمن کے لئے یلملم کو اہلِ شام اور اہلِ مصر کے لئے جحفہ کو اور اہلِ عراق کے لئے ذاتِ عرق کو میقات مقرر کیا تھا۔

2470- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنَا اَبُو مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا عُتْبَةُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ السَّهْمِيُّ حَدَّثَنِي زُرَارَةُ بْنُ كُرَيْمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو السَّهْمِيُّ حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَهُوَ بِمِنًى .وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَقَالَ فِيهِ وَوَقَّتَ لاَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ اَنْ يُهِلُّوا مِنْهَا وَذَاتَ عِرْقٍ لاَهْلِ الْعِرَاقِ.

حضرت حارث بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ اُس وقت منیٰ میں موجود تھے۔ (اس کے بعد انہوں نے پوری حدیث ذکر کی ہے جس میں یہ بیان کیا ہے:) آپ نے اہلِ یمن کے لئے یلملم کو میقات

۲۴۶۹- اخرجه ابو داود في الحج (۲/ ۲۵۴-۲۵۵) باب: في المواقيت (۱۷۳۹)، و النسائي في المناسك (۵/ ۱۲۵) باب: ميقات اهل العراق، و الطحاوي في المعاني (۲/ ۱۱۸) باب: المواقيت، و البيهقي في الكبرى (۵/ ۲۸) باب: ميقات اهل العراق، و ابن عدي في الكامل (۱/ ۴۱۷)، من طريق افلح بن حميد، به-قال ابن عدي: قال لنا ابن صاعد: كان احمد بن حنبل ينكر هذا الحديث- مع غيره- على افلح بن حميد)- قال ابن عدي: (وانكار احمد على افلح في هذا الحديث قوله: (ولاهل العراق ذات عرق)، و لم ينكر الباقي من اسناده و متنه)- اه-

۲۴۷۰- اخرجه ابو داود في الحج (۲/ ۲۵۶- ۲۵۷) باب: في المواقيت (۱۷۴۲)، و البيهقي في الحج (۵/ ۲۸) باب: ميقات اهل العراق، من طريق زرارة بن كريم...... به-

Marfat.com

مقرر کیا کہ وہ لوگ وہاں سے احرام باندھیں گے اور اہلِ عراق کے لئے ذاتِ عرق کو (میقات مقرر کیا۔)

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ زرارۃ بن کریم بن حارث سہمی باہلی، لہ رویۃ، وذکرہ ابن حبان فی ثقات تابعین۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲۰۲۱)۔

2471- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنِيْ يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ وَّاَبُوْ حُمَيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُسْاَلُ عَنِ الْمُهَلِّ فَقَالَ سَمِعْتُ ثُمَّ انْتَهٰى اُرَاهُ يُرِيْدُ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ مُهَلُّ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ مِنْ ذِى الْحُلَيْفَةِ وَالطَّرِيْقُ الْاُخْرٰى مِنَ الْجُحْفَةِ وَمُهَلُّ اَهْلِ الْعِرَاقِ مِنْ ذَاتِ عِرْقٍ وَّمُهَلُّ اَهْلِ نَجْدٍ مِّنْ قَرْنٍ وَّمُهَلُّ اَهْلِ الْيَمَنِ مِنْ يَّلَمْلَمَ.

ابوزبیر بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو سنا' ان سے احرام باندھنے کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات بیان کی: اہلِ مدینہ کے احرام باندھنے کی جگہ ذوالحلیفہ ہے' جبکہ دوسرے راستے سے جحفہ ہے۔ اہلِ عراق کی مخصوص جگہ ذاتِ عرق ہے۔ اہلِ نجد کی مخصوص جگہ قرن ہے۔ اور اہلِ یمن کے احرام باندھنے کی جگہ یلملم ہے۔

2472- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرٍو عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ رَفَعَاهُ اِلَى النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّهٗ وَقَّتَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلِاَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ وَلِاَهْلِ نَجْدٍ قَرْنًا- قَالَ ابْنُ طَاوُسٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ- وَلِاَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ- اَوْ قَالَ اَلَمْلَمَ- قَالَ فَهِيَ لَهُمْ وَلِمَنْ اَتٰى عَلَيْهِمْ مِنْ غَيْرِهِمْ مِمَّنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَمَنْ كَانَ دُوْنَهُنَّ- وَقَالَ عَمْرٌو مِنْ اَهْلِهٖ وَقَالَ ابْنُ طَاوُسٍ مِّنْ حَيْثُ اَنْشَاَ- كَذَاكَ فَكَذَاكَ حَتّٰى اَهْلُ مَكَّةَ يُهِلُّوْنَ مِنْهَا .تَابَعَهٗ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَّغَيْرُ وَاحِدٍ وَّخَالَفَهُمْ يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ فَاَسْنَدَهٗ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے ''مرفوع'' حدیث کے طور پر یہ بات منقول ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ مدینہ کے لئے ذوالحلیفہ کو اہلِ شام کے لئے جحفہ کو' اہلِ نجد کے لئے قرن کو (ایک روایت میں لفظ قرن المنازل منقول ہے۔) اہلِ یمن کے لئے یلملم کو (ایک روایت میں لفظ الملم منقول ہے۔) میقات مقرر کیا ہے۔ یہ ان علاقوں اور ان کی دوسری طرف سے آنے والوں کے لئے ہے۔ جو شخص حج یا عمرہ کا ارادہ رکھتا ہو' لیکن جو ان جگہوں کے (مکہ کی طرف والے حصے) میں رہتا ہو (ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:) وہ اپنے گھر سے احرام باندھے گا (اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:)

۲۴۷۲- اخرجہ البخاري في الحج (۴/۳۸۷- ۳۰۸) باب: مهل اهل الشام (۱۵۲۶) و مسلم في الحج (۲/۸۳۸) باب: مواقيت الحج و العمرة (۱۱۸۱) و ابو داود في الحج (۱۷۳۸) و النسائي في المناسك (۵/۱۲۳- ۱۲۴) و ابن خزيمة في الحج (۴/۱۵۸- ۱۵۹) و البيهقي في الكبرى (۵/۲۹) من طرق عن طاوس به-

Marfat.com

ں سے چاہے احرام باندھ لے۔ یہاں تک کہ اہلِ مکہ بھی مکہ ہی میں احرام باندھ لیں گے۔

2473- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ ...مَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ.

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

2474- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ ...دَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِیْ ...رٍ عَنْ خَلَّادِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اَتَانِیْ جِبْرِيْلُ فَاَمَرَنِیْ اَنْ اٰمُرَ ...حَابِیْ اَنْ يَّرْفَعُوْا اَصْوَاتَهُمْ بِالْاِهْلَالِ . لَفْظُهُمَا سَوَاءٌ.

خلاد بن سائب اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا: جبریل میرے پاس آئے اور ...ں نے مجھ سے کہا: میں اپنے ساتھیوں کو یہ ہدایت کروں کہ وہ بلند آواز میں تلبیہ پڑھیں۔

2475- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ زَكَرِيَّا التَّمَّارُ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ...عَبْدِ اللّٰهِ الْاُمَوِیُّ قَالَ سَمِعْتُ صَالِحَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ زَائِدَةَ يُحَدِّثُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ ...بِیَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا فَرَغَ مِنْ تَلْبِيَتِهٖ سَاَلَ اللّٰهَ تَعَالٰى مَغْفِرَتَهٗ وَرِضْوَانَهٗ وَاسْتَعَاذَ بِرَحْمَتِهٖ مِنَ ...نَّارِ . قَالَ صَالِحٌ سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ يَقُوْلُ كَانَ يُسْتَحَبُّ لِلرَّجُلِ اِذَا فَرَغَ مِنْ تَلْبِيَتِهٖ اَنْ يُصَلِّیَ عَلٰى ...نَّبِیِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ-

عمارہ بن خزیمہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ تلبیہ پڑھ کر فارغ ہوئے تو آپ نے اللہ تعالیٰ ...ے مغفرت اور رضامندی کے حصول کی دعا مانگی اور جہنم سے اس کی رحمت کی پناہ مانگی۔

قاسم بن محمد کہتے ہیں: آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ تلبیہ پڑھ کر فارغ ہونے کے بعد نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ صالح بن محمد بن زائدہ مدنی ابوواقد لیثی صغیر، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں ...کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۲۹۰۱)۔

۲۴۷۴- اخرجه مالك في الحج (۱/۳۳٤) باب: رفع الصوت بالاهلال (۳٤)، و ابو داود في الحج (۲/٤۰۵) باب: كيف التلبية؟ (۱۸۱٤)، و ...نسائي في المناسك (۵/۱٦۲) باب: رفع الصوت بالاهلال، و الترمذي في الحج (۳/۱۹۱) باب: ما جاء في رفع الصوت بالتلبية (۸۲۹)، و ...ابن ماجه في المناسك (۲/۹۷۵) باب: رفع الصوت بالتلبية (۲۹۲۲)، و الحاكم (۱/٤۵۰)، و ابن خزيمة (۲٦۲۵، ۲٦۲۷)، و ابن حبان (۳۸۰۲)، من ...طريق عبد الله بن ابي بكر ...... به، و صححه الترمذي و ابن خزيمة و ابن حبان و الحاكم -وله شاهد من حديث ابي هريرة: اخرجه الحاكم ...(۱/٤۵۰)، وابن خزيمة (۲٦۳۰)، و البيهقي (۵/٤۲)، و احمد (۲/۳۲۵)-

۲۴۷۵- اخرجه الشافعي في (الام) (۲/۱۵٦)، و البيهقي في الكبرى (۵/٤٦)، و المعرفة (۷/۱۳۷) باب: ما يستحب من القول في اثر التلبية ...(۹۵۸۰، ۹۵۸۱) عن صالح ...... به- و صالح ضعيف-

Marfat.com

○ عمارۃ بن خزیمۃ بن ثابت انصاری اوسی، ابوعبداللہ، او ابومحمد، مدنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۴۸۷۸)۔

2476- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ غَيْلَانَ وَالْحُسَيْنُ وَالْقَاسِمُ ابْنَا إِسْمَاعِيلَ قَالُوا حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ أَسْلَمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَفْرَدَ الْحَجَّ.

قَالَ وَأَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ أَبِي عَلْقَمَةَ عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَهُ.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے حج افراد کیا تھا۔

2477- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا صَلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ أَهْلَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِالْحَجِّ مُفْرَدًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ حج افراد کا احرام باندھا تھا۔

2478- وَأَخْبَرَنَا أَبُو عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اسْتَعْمَلَ عَتَّابَ بْنَ أَسِيدٍ عَلَى الْحَجِّ فَأَفْرَدَ ثُمَّ اسْتَعْمَلَ أَبَا بَكْرٍ سَنَةَ تِسْعٍ فَأَفْرَدَ الْحَجَّ ثُمَّ حَجَّ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) سَنَةَ عَشْرٍ فَأَفْرَدَ الْحَجَّ ثُمَّ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَاسْتُخْلِفَ أَبُو بَكْرٍ فَبَعَثَ عُمَرَ فَأَفْرَدَ الْحَجَّ ثُمَّ حَجَّ أَبُو بَكْرٍ فَأَفْرَدَ الْحَجَّ وَتُوُفِّيَ أَبُو بَكْرٍ وَاسْتُخْلِفَ عُمَرُ فَبَعَثَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ فَأَفْرَدَ الْحَجَّ ثُمَّ حَجَّ عُمَرُ سِنِيهِ كُلَّهَا فَأَفْرَدَ الْحَجَّ ثُمَّ تُوُفِّيَ عُمَرُ وَاسْتُخْلِفَ عُثْمَانُ فَأَفْرَدَ الْحَجَّ ثُمَّ حُصِرَ عُثْمَانُ فَأَقَامَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبَّاسٍ لِلنَّاسِ فَأَفْرَدَ الْحَجَّ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے پہلے حضرت عتاب بن اسید رضی اللہ عنہ کو امیر الحج مقرر کیا تو انہوں نے حج افراد کیا۔ پھر 9 ہجری میں آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو امیر الحج مقرر کیا تو انہوں نے بھی حج افراد کیا۔

۲۴۷۶- اخرجه البخاري في الحج (۴۲۱/۳) باب: التمتع والقران و الافراد بالحج (۱۵۶)، و مسلم في الحج (۸۷۳/۲) باب: بيان وجوه الاحرام (۱۲۱۱)، و ابو داود في الحج (۳۸۱/۲) باب: في افراد الحج (۱۷۷۹)، و النسائي في المناسك (۱۴۵/۵) باب: افراد الحج، و ابن ماجه في المناسك (۹۹۸/۲) باب: العمرة من التنعيم (۳۰۰۰)، منطرق عن عروة، به- و اخرجه القاسم عن عائشة، به- اخرجه مسلم في (۸۷۵/۲) باب: بيان وجوه الاحرام (۱۲۱۱)، و ابو داود في الحج (۳۷۹/۲) باب: في افراد الحج (۱۷۷۷)، و الترمذي في الحج (۱۸۳/۳) باب: ما جاء في افراد الحج (۸۲۰)، و النسائي في المناسك (۱۴۵/۵) باب: افراد الحج، و ابن ماجه في المناسك (۹۸۸/۲) باب: الافراد في الحج-

۲۴۷۷- اخرجه احمد في مسنده (۹۷/۲) عن اسماعيل بن محمد، ثنا عباد بن عباد..... به- واخرجه مسلم في الحج (۹۰۴/۲-۹۰۵) باب: الافراد و القران بالحج و العمرة (۱۲۳۱) عن يحيى بن ايوب، حدثنا عباد بن عباد، به- و اخرجه مسلم عن عبد الله بن عون الهلالي عن عباد بن عباد باسناده بلفظ: (ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اهل بالحج مفردًا)- اهـ-

۲۴۷۸- اخرجه الترمذي في الحج (۱۸۳/۳) باب: ما جاء في افراد الحج (۸۲۰) عن قتيبة عن عبد الله بن نافع الصائغ، بنحوه مختصرًا- عنده (عبد الله بن عمر عن نافع) بدلاً من (عبيد الله عن نافع) مصغرًا- و راجع: تحفة الاشراف للمزي (۱۰۸/۶) (۷۷۳۲)- الترمذي: (وقال الثوري: ان افردت الحج فحسن، و ان قرنت فحسن، و ان تمتعت فحسن- وقال الشافعي مثله- وقال: احب الينا الافراد ثم التمتع ثم القران)- اهـ-

Marfat.com

10 ہجری میں نبی اکرم ﷺ نے خود حج کیا تو آپ نے بھی حج افراد کیا۔
آپ کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو (امیرالحج بنا کر) بھیجا تو انہوں نے بھی حج افراد کیا۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے خود حج کیا تو انہوں نے بھی حج افراد کیا۔
پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوگیا تو ان کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے' انہوں نے حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کو (امیرالحج بنا کر) بھیجا تو انہوں نے بھی حج افراد کیا۔ پھر اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کئی مرتبہ حج کیا اور ہمیشہ حج افراد کیا۔
پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوگیا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو انہوں نے بھی حج افراد کیا۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو محصور کر دیا گیا تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے حج میں لوگوں کی قیادت کا فریضہ سرانجام دیا۔ انہوں نے بھی حج افراد کیا۔

•••——•••——•••

حج قران کا حکم

حج قران کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:
ہمارے نزدیک حج تمتع اور حج افراد کے مقابلے میں حج قران زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ حج قران کا طریقہ یہ ہے: آدمی حج اور عمرے دونوں کا احرام ایک ساتھ میقات سے باندھے اور نماز پڑھنے کے بعد یہ کہے کہ اے اللہ! میں جو حج اور عمرہ (ایک ساتھ کرنے) کا ارادہ کرتا ہوں تو ان دونوں کو میرے لیے آسان کر دے اور ان دونوں کو میری طرف سے قبول کر لے!
جب آدمی مکہ میں داخل ہو تو سب سے پہلے بیت اللہ کا سات مرتبہ طواف کرے' جن میں سے پہلے تین چکروں میں رمل کرے' اسکے بعد صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے' یہ افعال عمرے کے افعال شمار ہوں گے' پھر سعی کر لینے کے بعد طواف کرے اور پھر صفا و مروہ کی سعی کرے جیسا کہ ہم نے حج مفرد میں یہ بات بیان کی ہے' پھر جب قربانی کے دن وہ جمرات کو کنکریاں مارے تو ایک بکری یا گائے یا اونٹ یا اس کا ساتواں حصہ قربان کرے تو یہ حج قران کا خون ہوگا۔
اگر اس کے پاس ایسا جانور نہ ہو جس کو وہ ذبح کر سکتا ہو' تو وہ حج کے دنوں میں تین دن روزہ رکھے گا' جن میں سے آخری دن عرفہ کا ہوگا' اگر وہ یہ روزے نہیں رکھ پاتا یہاں تک کہ قربانی کا دن آ جاتا ہے تو اب اس کے لیے دم دینا لازم ہوگا' اس کے بعد جب وہ اپنے گھر چلا جائے گا' تو وہاں سات دن روزے رکھے گا' اگر وہ حج سے فارغ ہونے کے بعد مکہ میں ہی روزے رکھ لیتا ہے تو یہ بھی جائز ہے۔
اگر حج قران کرنے والا شخص مکہ میں داخل نہیں ہوتا بلکہ سیدھا عرفات چلا جاتا ہے تو اب وقوف عرفات کی وجہ سے گویا اس نے اپنے عمرے کو ترک کر دیا تو ایسے شخص سے حج قران کا دم باطل ہو جائے گا اور عمرے کو ترک کرنے کا دم اس پر لازم ہوگا اور اس عمرے کی قضاء بھی اس پر لازم ہوگی۔

مختصر القدوری' از امام ابوالحسین احمد بن محمد بن جعفر بغدادی القدوری' مطبوعہ موسسۃ الریان' بیروت' لبنان' ص 150

Marfat.com

اسی مسئلے کی وضاحت کرتے ہوئے صاحبِ ہدایہ تحریر کرتے ہیں:

تمتع اور افراد کے مقابلے میں قران زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں. افراد زیادہ فضیلت رکھتا ہے' امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: قران کے مقابلے میں حج تمتع زیادہ فضیلت رکھتا ہے' کیونکہ اس کا ذکر قرآن میں ہے۔ قرآن میں حج قران کا ذکر نہیں ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''حج قران'' ایک اجازت ہے''۔

اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے' حج افراد کرنے میں زیادہ مرتبہ تلبیہ پڑھنا پڑتا ہے' زیادہ سفر کیا جاتا ہے اور زیادہ مرتبہ سر منڈوایا جاتا ہے۔

ہماری دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''اے محمد کے گھر والو! تم لوگ حج اور عمرہ ایک ساتھ کرنے کا احرام باندھو''۔

اس کی ایک دلیل یہ بھی ہے' یہاں اس صورت میں دو عبادتیں ایک ساتھ جمع ہو جاتی ہیں اور یہ بالکل اسی طرح ہو گا جیسے آدمی اعتکاف کرنے کے ساتھ روزہ بھی رکھ لے یا جس طرح آدمی اللہ کی راہ میں پہرہ دینے کے ساتھ نوافل بھی ادا کر لے۔[1]

حج تمتع کی وضاحت کرتے ہوئے امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

ہمارے نزدیک حج افراد کرنے کے مقابلے میں حج تمتع زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

حج تمتع کی دو قسمیں ہیں' ایک یہ کہ حجِ تمتع کرنے والا شخص قربانی کا جانور ساتھ لے کر جائے' ایک یہ کہ حجِ تمتع کرنے والے کے ساتھ قربانی کا جانور نہ ہو۔

حج تمتع کا طریقہ یہ ہے: آدمی میقات سے آغاز کرے گا اور عمرے کا احرام باندھے گا' پھر وہ مکہ میں داخل ہو کر وہاں طواف کرے گا سعی کرے گا' سر منڈوالے گا یا بال چھوٹے کروالے گا اور عمرے کا احرام کھول دے گا۔ جب وہ طواف کے ذریعے آغاز کرے گا' تو تلبیہ پڑھنا ترک کر دے گا اور مکہ میں قیام کے دوران حالت احرام کے بغیر رہے گا۔ پھر جب ترویہ کا دن آئے گا' تو وہ مسجد سے حج کا احرام باندھ لے گا اور وہ تمام افعال سرانجام دے گا' جو حج افراد کرنے والے لوگ سرانجام دیتے ہیں اس پر حج تمتع کی وجہ سے دَم دینا لازم ہو گا' اگر اسے دَم دینے کے لیے جانور نہیں ملتا تو وہ حج کے ایام میں تین دن روزے رکھے گا اور واپس (گھر پہنچ کر) سات روزے رکھے گا۔[2]

امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت کی وضاحت کرتے ہوئے مختصر القدوری کے شارح امام ابوبکر بن علی بن الحداد رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

صحیح روایت یہ ہے: (احناف کے نزدیک) حج افراد کے مقابلے میں حج تمتع زیادہ فضیلت رکھتا ہے' تاہم امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

---

[1] الہدایہ شرح بدایۃ المبتدی از امام ابوالحسن علی بن ابوبکر الفرغانی' ج 1 ص 153

[2] مختصر القدوری' از امام ابوالحسین احمد بن محمد بن جعفر بغدادی القدوری' مطبوعہ موسسۃ الریان' بیروت' لبنان' ص 152

Marfat.com

سے ایک روایت یہ بھی منقول ہے' حج افراد زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے: حج تمتع کرنے والے شخص کا سفر عمرے کے لیے ہے' اس کی دلیل یہ ہے: جب وہ عمرہ کر کے فارغ ہو جاتا ہے تو میقات کے حوالے سے وہ شخص ''مکی'' شمار ہوتا ہے کیونکہ وہ حالت احرام کے بغیر مکہ میں قیام پذیر ہے' پھر اس کے بعد وہ مسجد حرام سے حج کے لیے احرام باندھتا ہے جبکہ حج افراد کرنے والے شخص کا سفر حج کے لیے ہوتا ہے اور حج کرنا فرض ہے جبکہ عمرہ کرنا سنت ہے تو وہ سفر جو کسی فرض کی ادائیگی کے لیے ہو وہ اس سفر سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے' جو کسی سنت کام کی ادائیگی کے لیے ہو۔

پہلے قول کی وجہ یہ ہے: حج تمتع کے اندر دو عبادات کو جمع کرنے کی صورت پائی جاتی ہے۔ اس حوالے سے یہ حج قران کے مشابہہ ہے پھر اس میں ایک قربانی زیادہ پائی جاتی ہے' پھر یہ کہ آدمی کا سفر حج کے لیے ہی ہے' صرف عمرے کی وجہ سے درمیان میں خلل آتا ہے (یعنی درمیان میں وقفہ آتا ہے) کیونکہ یہ عمرہ حج کے تابع ہوتا ہے تو اس کی مثال اسی طرح ہوگی جیسے آدمی جمعے کے فرض سے پہلے سنتیں ادا کر لیتا ہے۔

2479 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَصِينٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِيهِ قَالَ حَجَجْتُ مَعَ اَبِىْ بَكْرٍ فَجَرَّدَ وَمَعَ عُمَرَ فَجَرَّدَ وَمَعَ عُثْمَانَ فَجَرَّدَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمْ.

عبدالرحمٰن بن اسود اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج کیا ہے' انہوں نے حج افراد کیا تھا۔ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج کیا ہے' انہوں نے حج افراد کیا تھا۔ میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج کیا ہے' انہوں نے حج افراد کیا تھا۔

2480 - حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ مَرْيَمَ حَدَّثَنَا الْفِرْيَابِىُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ احْتَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَهُوَ مُحْرِمٌ.

قَالَ وَاَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِىْ زِيَادٍ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ احْتَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ وَهُوَ صَائِمٌ مُحْرِمٌ.

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حالتِ احرام میں پچھنے لگوائے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ اور مدینہ کے درمیان (یعنی سفر کے دوران) پچھنے لگوائے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت روزے کی حالت میں بھی تھے اور احرام کی حالت میں بھی تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن عثمان بن خثیم قاری مکی ابوعثمان' علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔' یہ راویوں کے

الجوہرۃ النیرۃ' از ابوبکر بن علی بن محمد الحدادی الزبیدی' مطبوعہ دار الکتب العلمیہ' بیروت' ج 1 ص 395

٢٤٧٩- اخرجه البيهقي في السنن (٥/٥) من طريق الدارقطني به-

Marfat.com

پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۴۳۲/۱) وفی (ط): خیثم۔

2481- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعْدٍ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنَا عَمِّي حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ إِسْحَاقَ قَالَ فَحَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَ... وَسَلَّمَ) وَهُوَ فِي الْمَوْقِفِ مِنْ جَمْعٍ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ جِئْتُكَ مِنْ جَبَلَيْ طَيِّءٍ أَكْلَلْتُ مَطِيَّتِي وَأَتْعَبْتُ نَفْ... وَاللَّهِ إِنْ تَرَكْتُ مِنْ حَبْلٍ إِلَّا وَقَفْتُ عَلَيْهِ فَهَلْ لِي مِنْ حَجٍّ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَ... وَسَلَّمَ) مَنْ صَلَّى مَعَنَا صَلَاةَ الْغَدَاةِ بِجَمْعٍ وَقَدْ أَتَى عَرَفَاتٍ قَبْلَ ذَلِكَ لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَقَدْ قَضَى تَفَثَهُ وَتَمَّ حَجُّ...

☆☆ حضرت عروہ بن مضرس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' اس وقت آپ ... مزدلفہ میں پڑاؤ کیا ہوا تھا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں طے کے دو پہاڑوں سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوں' میں نے اپنی سواری کو بھی تھکا دیا ہے اور اپنے آپ کو بھی تھکا دیا ہے' اللہ کی قسم! میں نے ہر پہاڑ کے پاس پڑاؤ کیا ہے ... میرا حج ہو جائے گا' اے اللہ کے رسول! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے ہمارے ساتھ مزدلفہ میں صبح کی نماز ادا ک... اور جو اس سے پہلے رات کے وقت یا دن کے وقت عرفات تک پہنچ گیا' تو اس نے اپنی نذر کو پورا کر لیا اور اس کا حج مکمل ہو گیا

•••———•••———•••

عرفات میں وقوف کا حکم

عرفات میں وقوف کرنے کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے مصر کے مشہور محقق شیخ عبدالرحمٰن الجزیری تحریر کرتے ہیں:

حج کا چوتھا رکن عرفات میں وقوف کرنا ہے' خواہ وہ بیداری کی حالت میں ہو یا نیند کی حالت میں ہو' بیٹھ کر ہو یا کھڑے ہو' آدمی وہاں ٹھہر جائے یا وہاں سے گزر جائے' اس بات پر سب کا اتفاق پایا جاتا ہے' تاہم اس کے صحیح ہونے کی شرائط یا ... بارے میں مسنون اُمور کے بارے میں فقہاء کا اختلاف پایا جاتا ہے۔

(اس کے بعد شیخ عبدالرحمٰن الجزیری نے مذاہب اربعہ کے حوالے اس اختلاف کی وضاحت کی ہے' اس میں احناف ... مؤقف یہ ہے:)

احناف کے نزدیک عرفات میں وقوف کرنے کے لیے ایک چیز شرط ہے' اس میں کچھ چیزیں واجب ہیں اور کچھ ... ہیں۔

وقوف عرفات کے لیے شرط یہ ہے: شریعت کی طرف سے مخصوص شدہ مقرر وقت کے اندر ہونا چاہیے اور وہ وقت نو ذ...

۲۴۸۱- اخرجه الطبراني في الاوسط (۳۰۲٤) من رواية عبد الله بن بزيع عن صدقة بن ابي عمران عن اسماعيل بن ابي خالد به- ... (لم يروه عن صدقة بن ابي عمران الا عبد الله ابن بزيع)- اه- واخرجه ابو داود في المناسك (۱۹٦/۲) باب: من لم يدرك عرفة (۱۹۵۰) و الترمذي في الصحيح (۲۲۹/۳ - ۲۳۰) باب: ما جاء فيمن ادرك الامام بجمع فقد ادرك الحج (۸۹۱) و النسائي في المناسك (۲٦٤/۵- ...) باب: فيمن لم يدرك صلاة الصبح مع الامام بمزدلفة' و ابن ماجه في المناسك (۱۰۰٤/۲) باب: من اتى عرفة قبل الفجر ليلة جمع (۱...) و احمد (۲٦۱/٤)' و الطيالسي' و من طريقه البيهقي في (المعرفة) (۲۷۵/۷) باب: ادراك الحج بادراك عرفة (۱۰۲۹۲)' و البيهقي ... الكبرى (۱۷۳/۵) من طريق عامر الشعبي به-

Marfat.com

کے دن سورج کے ڈھل جانے کے بعد سے لے کر قربانی کے دن صبح صادق تک کا وقت ہے' اس بارے میں نیت شرط نہیں ہے' عقل کا ٹھیک ہونا شرط نہیں ہے جو شخص ان اوقات کے درمیان عرفات تک پہنچ جاتا ہے' اس کا حج ہو جاتا ہے' خواہ اس نے حج کی نیت کی ہو یا نہ کی ہو' خواہ وہ یہ جانتا ہو کہ وہ اس وقت عرفات میں موجود ہے یا اس بات سے واقف نہ ہو' خواہ وہ اس وقت جنون یا بے ہوشی کے عالم میں ہو' خواہ وہ اس وقت سو رہا ہو یا بیدار ہو۔

واجب یہ ہے: اگر کوئی شخص دوپہر کے وقت پہنچ جاتا ہے تو وہ سورج کے غروب ہونے تک وہاں ٹھہرا رہے' اگر وہ رات کے وقت وہاں پہنچتا ہے' تو اس پر کچھ بھی واجب نہیں ہوگا۔

اگر کوئی شخص دن کے وقت عرفات پہنچ کر وقوف کر لیتا ہے اور سورج کے غروب ہونے سے پہلے عرفات سے نکل جاتا ہے تو اس پر دَم دینا لازم ہوگا۔

عرفات میں وقوف کرنے کی سنتیں یہ ہیں: (اس سے پہلے) غسل کرنا' امام کا دو خطبے دینا' نماز کے باب میں جو شرائط ہم نے ذکر کی ہیں' ان کا خیال رکھتے ہوئے ظہر اور عصر کی نماز کو ایک ساتھ ادا کرنا' اس کے بعد وہاں وقوف کرے' اس دن روزہ نہ رکھنا' باوضو رہنا' سواری پر موجود رہنا' حاکم وقت کے پیچھے بلکہ جہاں تک ممکن ہو اس کے قریب رہنا' ذہنی طور پر متوجہ ہونا اور یہ بات بھی سنت ہے' آدمی سیاہ پتھر کی چٹان کے قریب ٹھہرے' یہ وہ جگہ ہے جہاں نبی اکرم ﷺ نے وقوف کیا تھا' اگر وہاں پر وقوف کرنا مشکل ہو' تو یہ کوشش کرے کہ جہاں تک ممکن ہو اس جگہ کے قریب رہے' یہ بھی سنت ہے' آدمی اپنے دونوں ہاتھ بلند کر کے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کرتے ہوئے دعا کرے اور ٹھہرنے کی جگہ پر تلبیہ پڑھے' اپنے لیے' اپنے والدین کے لیے اور تمام مسلمانوں کی مغفرت کے لیے بکثرت دعا کرے' خشوع خضوع اور خلوص کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء پڑھتا رہے' نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجتا رہے اور سورج کے غروب ہونے تک اپنی حاجات کے حوالے سے دعائیں کرتا رہے' دعا کے حوالے سے کوئی مخصوص الفاظ کی پابندی نہیں ہے۔[1]

2482 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ صَخْرٍ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ الْخُرَيْبِيُّ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ اَبِي السَّفَرِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَهُوَ بِجَمْعٍ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ هَلْ لِي مِنْ حَجٍّ فَقَالَ مَنْ صَلَّى مَعَنَا هٰذِهِ الصَّلَاةَ ثُمَّ وَقَفَ مَعَنَا حَتَّى نُفِيضَ وَقَدْ اَفَاضَ قَبْلَ ذٰلِكَ مِنْ عَرَفَاتٍ لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ وَقَضَى تَفَثَهُ . قَالَ الشَّعْبِيُّ مَنْ لَمْ يَقِفْ بِجَمْعٍ جَعَلَهَا عُمْرَةً.

☆☆ حضرت عروہ بن مضرس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' آپ ﷺ اس وقت مزدلفہ میں تھے' میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا میرا حج ہو گیا؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص ہمارے ساتھ یہ نماز ادا

[1] الفقہ علی المذاہب الاربعہ از: شیخ عبدالرحمٰن الجزیری

۲۴۸۲- رواية سفيان لهذه عند النسائي في الموضع السابق في الذي قبله-

Marfat.com

کر لے اور ہمارے ساتھ اس وقت تک ٹھہرا رہے جب تک ہم روانہ نہ ہو جائیں یا جو شخص رات کے وقت یا دن کے وقت ا سے پہلے عرفات سے روانہ ہو جائے اس کا حج مکمل ہو جائے گا اور اس نے اپنی نذر کو پورا کر لیا۔

امام شافعی بیان کرتے ہیں: جو شخص مزدلفہ میں وقوف نہیں کر پاتا وہ اسے عمرہ بنالے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالرحمٰن بن یعمر دیلی، صحابی نزل کوفۃ، (اور ایک قول کے مطابق): ان کا انتقال خراسان میں ہوا۔''التقریب'' حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۴۰۷۴)۔

2483 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانِ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَطَاءٍ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَعْمَرَ الدِّيلِيُّ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَهُوَ وَاقِفٌ بِعَرَفَةَ فَاَتَاهُ نَاسٌ مِنْ اَهْلِ نَجْدٍ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْحَجُّ قَالَ الْحَجُّ عَرَفَةُ الْحَجُّ عَرَفَةُ مَنْ اَدْرَكَ عَرَفَةَ قَبْلَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ فِيْ يَوْمِ النَّحْرِ فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ اَيَّامُ مِنًى ثَلَاثَةٌ مَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ ۔

☆☆ حضرت عبدالرحمٰن بن یعمر دیلی بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' آپ ﷺ اس وقت عرفہ میں پڑاؤ کیا ہوا تھا' آپ ﷺ کی خدمت میں نجد سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ حاضر ہوئے' انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! حج کیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: حج عرفہ (میں وقوف کا نام ہے) جو شخص قربانی کے دن صبح صادق ہونے سے پہلے عرفہ پہنچ جائے' اس کا حج پورا ہو گیا' منیٰ کے ایام تین ہیں لیکن جو شخص دو دن بعد جلدی چلا جائے تو اسے کوئی گناہ نہیں ہوگا اور جو شخص بعد میں (یعنی تیسرے دن بھی) ٹھہرا رہے اسے بھی کوئی گناہ نہیں ہوگا۔

2484 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ وَالْقَاسِمُ ابْنَا اِسْمَاعِيْلَ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا بُكَيْرُ بْنُ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْمَرَ الدِّيلِيِّ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ۔

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

2485 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوْنٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَوْنٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ

۲۴۸۳- اخرجه ابو داود في المناسك (۲/ ۴۸۵-۴۸۶) باب: من لم يدرك عرفة (۱۹۴۹) و الترمذي في الحج (۲/ ۲۳۷) باب: ما جاء فيمن ادرك الامام بجمع' فقد ادرك الحج (۸۹۰)' والنسائي في المناسك (۵/ ۲۶۴-۲۶۵) باب فيمن لم يدرك صلاة الصبح مع الامام بالمزدلفة و ابن ماجه في المناسك (۲/ ۱۰۰۳) باب: من اتى عرفة قبل الفجر ليلة جمع (۳۰۱۵)' و ابن خزيمة (۲۸۲۲)' و ابن حبان (۳۸۹۲)' والطحاوي (شرح المعاني) (۲/ ۲۰۹-۲۱۰)' و الحاكم (۱/ ۴۶۴)' و البيهقي في الكبرى (۵/ ۱۵۲' ۱۷۳)' و في (المعرفة) (۷/ ۳۷۶) باب: ادرك الحج بادراك عرفة (۱۰۳۹۰)' من طرق عن سفيان الثوري' به-

۲۴۸۴- اخرجه الدارمي (۲/ ۵۹)' و احمد (۴/ ۳۰۹' ۳۱۰)' و الطيالسي في (المسند) (۱۳۰۹' ۱۳۱۰)' و الطحاوي في المعاني (۲/ ۲۱۰)' والحاكم (۲/ ۲۷۸)' والبيهقي في الكبرى (۵/ ۷۳)' من طرق عن شعبة' باسناده- و صححه الحاكم على شرط الشيخين-

۲۴۸۵- قال الزيلعي في (نصب الراية) (۳/ ۹۲): (وكذلك اخرجه ابن عدي في (الكامل)' و اعله بمحمد بن عبد الرحمن بن ابي ليلى' و ضعفه عن جماعة من غير توثيق)- اه-

Marfat.com

جبیر حَدَّثَنَا رَحْمَةُ بْنُ مُصْعَبٍ اَبُوْ هَاشِمٍ الْفَرَّاءُ الْوَاسِطِيُّ عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى عَنْ عَطَاءٍ وَّنَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَنْ وَقَفَ بِعَرَفَاتٍ بِلَيْلٍ فَقَدْ اَدْرَكَ الْحَجَّ وَمَنْ فَاتَهُ عَرَفَاتٌ بِلَيْلٍ فَقَدْ فَاتَهُ الْحَجُّ فَلْيُحِلَّ بِعُمْرَةٍ وَّعَلَيْهِ الْحَجُّ مِنْ قَابِلٍ . رَحْمَةُ بْنُ مُصْعَبٍ ضَعِيْفٌ وَّلَمْ يَاْتِ بِهٖ غَيْرُهُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص رات کے وقت عرفات میں وقوف کرے اس نے حج کو پالیا اور جو شخص رات کے وقت عرفات میں وقوف نہیں کر سکا' اس کا حج قضاء ہو جائے گا' تو وہ عمرے کا احرام باندھ لے اب اس پر اگلے سال حج کرنا لازم ہوگا۔

رحمت بن مصعب نامی راوی ضعیف ہے اس روایت کو اس کے علاوہ اور کسی نے بھی نقل نہیں کیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ داود بن جبیر، وامہ نسیبۃ ام سعید بن میںب، اخو سعید بن میںب لامہ، روی عن سعید بن میںب، روی عنہ ابو عامر عقدی وحماد بن خالد۔ قال ابن ابی حاتم: سالت ابی عنہ فقال: (لا اعرفہ)۔ جرح والتعدیل (۴۰۸/۳)۔

○ رحمۃ بن مصعب واسطی عن عثمان بن سعد، قال ابن معین: لیس بشی ء۔ وقال آجری: سالت ابا داود عنہ، فاثنی علیہ خیرا۔ وذکرہ ابن حبان فی ثقات۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''میزان اعتدال'' از حافظ شمس دین ذہبی (۷۲/۳)، ولسان المیزان (۵۳۰/۲)۔

2486- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْيَقْطِينِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْغَزِّيُّ اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ عِيْسٰى عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ اَدْرَكَ عَرَفَاتٍ فَوَقَفَ بِهَا وَالْمُزْدَلِفَةَ فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ وَمَنْ فَاتَهُ عَرَفَاتٌ فَقَدْ فَاتَهُ الْحَجُّ فَلْيُحِلَّ بِعُمْرَةٍ وَّعَلَيْهِ الْحَجُّ مِنْ قَابِلٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص عرفات پہنچ کر وہاں وقوف کرے اور مزدلفہ بھی پہنچ جائے' اس کا حج مکمل ہو جائے گا اور جو شخص عرفات نہ پہنچ سکے' اس کا حج بھی نہیں ہو سکے گا' اسے عمرے کا احرام باندھ لینا چاہیے' اب اس پر اگلے سال حج کرنا لازم ہوگا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عمرو بن حجاج غزی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے

۔ قال الزيلعي (۹۲/۳): ووجدته في الحلية لابي نعيم عن عمر بن ذر عن عطاء' به- وقال: غريب من حديث عمر بن ذر' تفرد به عبيد بن عقيل' ذكره في (ترجمة عمر بن ذر)-اه- ثم ساق الزيلعي حديث ابن ابي شيبة في (مصنفه) عن حفص بن غياث عن ابن ابي ليلى وابن جريج عن عطاء ان النبي صلى الله عليه وسلم قال...... فذكر الحديث- قال الزيلعي (۹۳/۳): (وهذا مرسل ضعيف: فان محمد بن عبد الرحمن بن ابي ليلى -وهو ضعيف- لم يثبته ابن عدي)- اه- قلت: و هو في الاوسط للطبراني (۵۳۳۹) من رواية عبيد بن عقيل عن عمر بن ذر عن عطاء عن ابن عباس مرفوعاً- قال الطبراني: (لم يرو هذا الحديث عن عمر بن ذر الا عبيد ابن عقيل)- اه- و اخرجه الطبراني في الاوسط ايضاً (۶۳۰۲) عن محمد بن علي' ثنا القعنبي' نا عمر بن قيس عن عطاء عن ابن عباس مرفوعاً- و قال الطبراني: (لم يروه عن عطاء الا عمر بن قيس)- اه-

Marfat.com

سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 280ھ میں ہوا۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۶۲۲۱)۔

2487- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اِمْلَاءً حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ مَوْلٰى بَنِىْ هَاشِمٍ حَدَّ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ عَنْ هُدْبَةَ بْنِ الْمِنْهَالِ عَنْ اَبِىْ حَصِيْنٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِىِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ قَالَ وَاللّٰهِ كَانَتِ الْمُتْعَةُ اِلَّا لَنَا خَاصَّةً وَّلِلْمُحْصَرِ.

☆☆ ابراہیم تیمی اپنے والد کے حوالے سے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: اللہ کی قسم! حج تمتع کا صرف ہمارے لیے مخصوص تھا یا اس شخص کے لیے ہے' جسے محصور کر دیا گیا ہو۔

2488- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ وَّاَبُوْ حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ الْحَضْرَمِىُّ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ الزِّيَادِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا رَبِيْعَةُ بْنُ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَسْخُ الْحَجِّ لَنَا اَوْ لِمَنْ بَعْدَنَا فَقَالَ بَلْ لَنَا.

☆☆ حارث بن بلال اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! حج کو فسخ کرنے کا حکم صرف ہمارے لیے ہے' یا ہمارے بعد والوں کے لیے بھی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہیں! صرف ہمارے لیے ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حارث بن بلال بن حارث مزنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ روی لہ ابوداود والنسائی وابن ماجہ۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱۰۲۰)۔

2489- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمُعَدِّلُ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيْمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ حَدَّثَنَا قَيْسٌ عَنْ اَبِىْ حَصِيْنٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِىِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ مُتْعَةِ الْحَجِّ فَقَالَ هِىَ وَاللّٰهِ لَنَا اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ خَاصَّةً وَّلَيْسَتْ لِسَائِرِ النَّاسِ اِلَّا لِمُحْصَرٍ.

☆☆ ابراہیم تیمی بیان کرتے ہیں: ان کے والد نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے: ان سے حج تمتع کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو انہوں نے فرمایا: اللہ کی قسم! یہ صرف ہمارے یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کے مخصوص ہے' یہ باقی لوگوں کے لیے نہیں ہے' البتہ (باقی لوگوں میں سے صرف) اس شخص کے لیے اس کا حکم ہے' جسے محصور کر دیا گیا ہو۔

2490- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يُوْنُسَ بْنِ يَاسِيْنَ حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنِ الْمُرَقَّعِ الْاَسَدِىِّ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ قَالَ لَمْ تَكُنْ مُتْعَةُ الْحَجِّ لِاَحَدٍ اَنْ يُهِلَّ بِحَجٍّ ثُمَّ يَفْسَخَهَا بِعُمْرَةٍ اِلَّا

۲۴۸۷- اخرجه مسلم في الحج (۲/ ۸۹۷) باب: جواز التمتع (۱۲۲٤)، و النسائي في المناسك (۵/ ۱۸۰، ۱۸۱) باب: اباحة فسخ الحج بعمرة لمن لم يسق الهدي، و ابن ماجه في المناسك (۲/ ۹۹٤) باب: من قال: كان فسخ الحج لهم خاصة (۲۹۸۵) من طرق عن ابراهيم التيمي

۲۴۸۸- اخرجه ابو داود في المناسك (۲/ ۱٦٦، ۱٦٧) باب: الرجل يهل بالحج ثم يجعلها عمرة (۱۸۰۸)، و النسائي في المناسك (۵/ ۱۸۰) باب اباحة فسخ الحج بعمرة لمن لم يسق الهدي، و ابن ماجه في المناسك (۲/ ۹۹٤) باب: من قال: كان الفسخ لهم خاصة (۲۹۸٤) من طرق عبد العزيز بن محمد به- و عبد العزيز بن محمد: هو الدراوردي، و هو متكلم فيه-

Marfat.com

لِلرَّكْبِ الَّذِينَ كَانُوا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -.

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حج تمتع کرنے کا حق کسی کو نہیں ہے، وہ صرف حج کا احرام باندھے اور پھر اسے عمرے کے ذریعے فسخ کردے، ماسوائے ان سواروں کے، جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے (یعنی یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحاب کے ساتھ مخصوص ہے)۔

2491 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْخَالِقِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُلَاثَةَ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنِ الْمُرَقَّعِ الْاَسَدِيِّ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ اِنَّهَا لَمْ تَكُنْ لِاَحَدٍ مِنْ بَعْدِنَا اَنْ يُحْرِمَ اَحَدٌ مُهِلًّا بِحَجٍّ ثُمَّ يَفْسَخَ حَجَّتَهُ بِعُمْرَةٍ قَبْلَ الْحَجِّ.

امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہما نے یہ بات بیان کی ہے کہ ایسا جانور جس کا گوشت کھایا جاتا ہو اس گوشت کے عوض میں اس جانور کا سودا کرنا جائز ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں آپ ایک ایسی چیز کو فروخت کر رہے ہیں جس کا وزن کیا جاتا ہے اور دوسری طرف ایک ایسی چیز ہے جس کا وزن نہیں کیا جاتا تو اب یہ جائز ہوگا خواہ کوئی بھی جانور ہو لیکن شرط یہ ہے کہ چیز متعین ہونی چاہیے (یعنی جانور کا تعین ہونا چاہیے اور اس کے بدلے میں گوشت کی مقدار کا تعین ہونا چاہیے) اس کی وجہ یہ ہے کہ جانور کوئی ایسا مال نہیں ہے جس میں ربوٰ کا مفہوم پایا جاتا ہو۔

احناف کے علاوہ بقیہ تینوں ائمہ نے یہ بات بیان کی ہے کہ جس جانور کا گوشت کھایا جاتا ہے اس جانور کو اسی قسم کے گوشت کے عوض میں فروخت کرنا جائز نہیں ہے یعنی آپ کسی ذبح کی گئی بکری کو کسی (زندہ) بکری کے عوض میں فروخت نہیں کر سکتے اس کی دلیل کے طور پر انہوں نے اپنے مؤقف کی تائید میں روایات پیش کی ہیں۔

جہاں تک جانور کے عوض میں جانور کو فروخت کرنے کا تعلق ہے تو ایسا کرنا جائز ہے اس میں اضافی ادائیگی بھی جائز ہے جبکہ دونوں طرف سے جنس ایک ہو یا اجناس مختلف ہوں جیسے ایک بکری کو دو بکریوں کے عوض میں فروخت کیا جا سکتا ہے یا ایک بکری کو ایک اونٹ کے عوض میں فروخت کیا جا سکتا ہے اس کی وجہ یہی ہے کہ جانور کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس میں ربا کا پہلو پایا جاتا ہو کیونکہ جانور کو اس کی ظاہری حالت میں (یعنی جب وہ زندہ ہو) کھایا نہیں جاتا اور یہ ثمن بھی نہیں ہے (کیونکہ ثمن تو سونا اور چاندی ہوتا ہے)[1]

جہاں تک گوشت فروخت کرنے کا تعلق ہے تو اگر دونوں طرف سے جنس ایک ہو تو ایک جتنا گوشت دونوں طرف سے لین دین کیا جا سکتا ہے جبکہ دست بدست لین دین کیا جائے کیونکہ یہ ایک ایسا مال ہے جس میں سود کا مفہوم پایا جاتا ہے لیکن اگر جنس مختلف ہو جاتی ہے جیسے دُنبے کے عوض میں گائے کا گوشت خرید کیا جاتا ہے تو اب اضافی ادائیگی کرنا جائز ہوگا لیکن شرط یہی ہے

۳۰۲۴- رواية مالك عن زيد بن اسلم سعيد بن المسيب في الموطا ص (٦٥٥- برواية يحيى) و رقم (٧٣٦- برواية محمد بن الحسن) و (٢٦١٠- برواية ابي مصعب الزهري)- واخرجه البيهقي في السنن (٥/ ٢٩٦) من طريق الشافعي عن مالك- به- واخرجه البيهقي ايضاً من طريق عبد العزيز بن محمد و حفص بن ميسرة عن زيد بن اسلم- به- قال البيهقي: هذا هو الصحيح و اخرجه يزيد بن مروان الخلال عن مالك عن الزهري عن سهل بن سعد عن النبي صلى الله عليه وسلم و غلط فيه)- اه- قلت: ورواية سهل هذه تقدمت في الذي قبل هذا و اما رواية مالك عن ابي الزناد فهي في الموطا ص (٦٥٥) و من طريقه اخرجه البيهقي في السنن (٥/ ٢٩٧)-

[1] الفقہ الاسلامی وادلتہ از ڈاکٹر وہبہ زحیلی

Marfat.com

کہ دست بدست لین دین کیا جائے۔

3025- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ -صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- نَهَى عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نَسِيئَةً.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جانور کے عوض میں جانور کو اُدھار فروخت کرنے سے منع کیا ہے۔

3026- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ إِسْمَاعِيلَ الْأُبُلِّيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَحْمَدَ الصَّنْعَانِيُّ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جُوتِيٍّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ الذِّمَارِيُّ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ حَدَّثَنِي مَعْمَرٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ -صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- نَهَى عَنِ السَّلَفِ فِي الْحَيَوَانِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (جانور کے عوض میں) جانور کی بیع سلف (اُدھار سودے) سے منع کیا گیا ہے۔

3027- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ الْكَيْسَانِيُّ حَدَّثَنَا الْخَصِيبُ بْنُ نَاصِحٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ -صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- نَهَى عَنْ بَيْعِ الْكَالِءِ بِالْكَالِءِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُدھار کے عوض میں اُدھار سودا کرنے سے منع کیا ہے۔

۳۰۲۵- اخرجه الطحاوي في المعاني (٦٠/٤) من طريق ابي احمد الزبيري' به- و اخرجه ابن حبان في البيوع (٥٠٢٨) من طريق ابي داود الحفري عن سفيان' به- و اخرجه عبد الرزاق (١٤١٣٣) عن معمر' به- و اخرجه ابراهيم بن طهمان عن معمر به- اخرجه البيهقي (٢٨٨/٥- ٢٨٩)- و اخرجه داود بن عبد الرحمن العطار عن معمر' به- اخرجه ابن الجارود (٦١٠)' والطبراني في الكبير (١١٩٩٦)' و الاوسط (٥٠٣١)- و قال الطبراني في الاوسط: (لم يصل هذا الحديث عن معمر الا داود العطار' وسفيان الثوري: تفرد بحديث داود شهاب' وتفرد به بحديث سفيان الثوري عثمان بن ابي شيبة عن ابي احمد الزبيري)- اه- و اخرجه عبد الرزاق عن معمر عن يحيى عن عكرمة مرسلاً' ليس فيه ابن عباس- اخرجه ابن الجارود (٦٠٩)- و تابعه سفيان و عبد الاعلى عن معمر' به مرسلاً- و كذلك اخرجه علي بن المبارك عن يحيى بن ابي كثير به مرسلاً -وذكر ذلك كله البيهقي في الكبرى' ووهم من وصله' و صوب ارساله' و نازعه ابن التركماني في ذلك و خالفه' كما في الجوهر النقي بذيل السنن الكبرى-

۳۰۲٦- اخرجه الحاكم في البيوع (٥٧/٢) من طريق عبد الله بن اسماعيل الصنعاني' به- وقال: (صحيح الاسناد)- و قد اشار البيهقي الى رواية الذماري لهذه ضمن الروايات الموصولة' ثم قال: (وكل ذلك وهم)-

۳۰۲۷- اخرجه البيهقي في السنن (٢٩٠/٥) كتاب البيوع' باب: ما جاء في النهي عن بيع الدين بالدين' قال: اخبرنا ابن بشران ببغداد' نا ابو الحسن علي بن محمد المصري' ثنا سليمان...... به- و اخرجه الحاكم في المستدرك (٥٧/٢): حدثنا ابو العباس محمد بن يعقوب' ثنا الربيع بن سليمان' ثنا الخصيب بن ناصح...... به- و من طريقه اخرجه البيهقي في السنن (٢٩٠/٥) كتاب: البيوع' باب: ما جاء في النهي عن بيع الدين بالدين- و صححه الحاكم على شرط مسلم -وقال البيهقي: موسى هذا: هو ابن عبيدة الربذي' و شيخنا ابو عبد الله قال في روايته عن موسى بن عقبة: هو خطأ- و العجب من ابي الحسن الدارقطني شيخ عصره روى هذا الحديث في كتاب السنن عن ابي الحسن علي بن محمد المصري هذا' فقال: عن موسى بن عقبة: و شيخنا ابو الحسين -يعني: ابن بشران- اخرجه لنا عن ابي الحسن المصري في الجزء الثالث من سنن المصري)- اه -واخرجه ابن عدي في الكامل (٢٣٥/٦) في ترجمة موسى بن عبيدة الربذي -ومن طريق ابن عدي اخرجه البيهقي في السنن (٢٩٠/٥)- قال ابن عدي: (قال موسى : قال نافع: و ذلك بيع الدين بالدين' و هذا معروف بموسى عن نافع)- اه- وللحديث طريق اخرجه عن الربذي ستاتي في الذي بعده-

Marfat.com

3028- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا ذُؤَیْبُ بْنُ عِمَامَةَ حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِینَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ- اَنَّهُ نَهَى عَنْ بَیْعِ الْكَالِءِ بِالْكَالِءِ . قَالَ اللُّغَوِیُّونَ هُوَ النَّسِیئَةُ بِالنَّسِیئَةِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کالئی کے عوض میں کالئی کا سودا کرنے سے منع کیا ہے۔

اہل لغت نے یہ بات بیان کی ہے: اس سے مراد اُدھار کے عوض میں اُدھار سودا کرنا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ذویب بن عمامہ بن عمرو سہمی۔ ذکرہ دارقطنی فی ضعفاء ومتروکین (۲۱۵)۔

○ حمزہ بن عبدواحد مکی علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: جرح وتعدیل (۳/۲۱۳) (۹۳۷)۔

3029- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیلُ بْنُ یُونُسَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِی اِسْرَائِیلَ حَدَّثَنَا عِیسَى بْنُ یُونُسَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِی سُفْیَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ- عَنْ ثَمَنِ السِّنَّوْرِ وَالْكَلْبِ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلی اور کتے کی قیمت استعمال کرنے سے منع کیا ہے۔

3030- حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا وَهْبُ اللّٰهِ بْنُ رَاشِدٍ اَبُو زُرْعَةَ الْحَجْرِیُّ حَدَّثَنَا حَیْوَةُ بْنُ شُرَیْحٍ حَدَّثَنَا خَیْرُ بْنُ نُعَیْمٍ الْحَضْرَمِیُّ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِیَّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ- نَهَى عَنْ ثَمَنِ السِّنَّوْرِ وَهِیَ الْهِرَّةُ.

۳۰۲۸- اخرجه الحاكم (۵۷/۲): من طريق احمد بن محمد بن اسماعيل بن مهران' ثنا ابي' ثنا المقدام بن داود الرعيني ...... به- فذكره وذكر (موسى بن عقبة) هنا- ايضاً- وهم من الحاكم و الدارقطني' كما بينه البيهقي في السنن- فقد اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (٤/٦٠) رقم (۲۲۱۲۵): حدثنا ابن ابي زائدة عن موسى بن عبيدة' به- و اخرجه الطحاوي في شرح المعاني (٤/۲۱) من طريق ابي عاصم' اخبرنا موسى بن عبيدة' به-واخرجه عبد الرزاق في المصنف (۸/۹۰) رقم (۱٤٤٤۰): اخبرنا الاسلمي' قال: حدثنا عبد الله بن دينار ...... به- قال الزيلعي في نهصب الراية (٤/٤۰): و هو معلول بالاسلمي-

۳۰۲۹- اخرجه ابو داود في البيوع (۲/۳۰۰) باب: في ثمن السنور (۳٤۷۹)' و الترمذي في البيوع(۳/۵۷۷) باب: ما جاء في كراهية ثمن الكلب و السنور (۱۲۷۹)' و ابن الجارود (۵۸۰)' و الطحاوي في المعاني (٤/۵۳)' و الحاكم (۲/۳٤) من طريق عيسى بن يونس' به- و صححه الحاكم-وقال الترمذي: (هذا حديث في اسناده اضطراب- ولا يصح في ثمن السنور- وقد روي هذا الحديث عن الاعمش عن بعض اصحابه عن جابر- و اضطربوا على الاعمش في رواية هذا الحديث- و قد كره قوم من اهل العلم ثمن الهر' و رخص فيه بعضهم- و هو قول احمد و اسحاق وروى ابن فضيل عن الاعمش عن ابي حازم عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم من غير هذا الوجه)-واخرجه مسلم في المساقاة (۳/۱۱۹۹) باب: تحريم ثمن الكلب' و حلوان الكاهن' و مهر البغي' و النهي عن بيع السنور (۱۵٦۹) من طريق معقل عن ابي الزبير قال: سالت جابراً عن ثمن الكلب و السنور؟ قال: زجر النبي صلى الله عليه وسلم عن ذلك-

۳۰۳۰- اخرجه ابو داود رقم (۳٤۸۰)' (۳۸۰۷)' والترمذي (۱۲۸۰)' و ابن ماجه (۳۲۵۰)' و عبد بن حميد رقم (۱۰٤٤)' و عبد الله بن احمد (۳/۲۹۷) من طريق عبد الرزاق' حدثنا عمر بن زيد الصنعاني' عن ابي الزبير' عن جابر' قال: (نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن اكل الهرة و ثمنها)- و قال الترمذي: (حديث غريب' و عمر بن زيد: لا نعرف كبير احد روى عنه' غير عبد الرزاق)- اه- و قال الترمذي عقب حديث ابي هريرة (۱۲۸۱) في هذا الباب: (وقد روي عن جابر عن النبي صلى الله عليه وسلم نحو هذا- و لا يصح اسناده ايضاً)- اه-

Marfat.com

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلی کی قیمت استعمال کرنے سے منع کیا ہے۔حدیث میں استعمال ہونے والے لفظ ''سنور'' سے مراد بلی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ وہب بن راشد بصری، قال ابن ابی حاتم: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: علل حدیث (۲۰۶/۲)، رقم (۲۱۰۸)۔

○ خیر بن نعیم بن مرہ بن کریب حضرمی، مصری، قاضی برقہ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ فقیہ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 137ھ میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱۷۸۴)۔

3031- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الصَّغَانِيُّ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبِي مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ الْقَرْقَسَانِيُّ حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ عَمِّهِ عَطَاءٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ -صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- قَالَ ثَلاَثٌ كُلُّهُنَّ سُحْتٌ كَسْبُ الْحَجَّامِ وَمَهْرُ الْبَغِيِّ وَثَمَنُ الْكَلْبِ إِلاَّ الْكَلْبَ الضَّارِي . الْوَلِيدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ ضَعِيفٌ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: تین چیزیں حرام ہیں' پچھنے لگانے والے کی آمدن' فاحشہ عورت کی آمدن اور کتے کی قیمت' البتہ شکاری کتے کا حکم مختلف ہے۔

(اس روایت کا ایک راوی) ولید بن عبیداللہ' ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن مصعب بن صدقہ قرقسانی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔کثیر غلط، یہ نویں طبقے کے کم سن راویوں میں سے ہیں۔ان کا انتقال 108ھ میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۶۳۴۲)۔

3032- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ -صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالْهِرِّ إِلاَّ الْكَلْبَ الْمُعَلَّمَ . الْحَسَنُ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ ضَعِيفٌ.

۳۰۳۱- اخرجه ابو داود في البيوع (۳۰۱/۲) باب: في اثمان الكلاب (۳٤۸٤)؛ و النسائي في الصيد (۱۹۰/۷) باب: النهي عن ثمن الكلب؛ و البيهقي في الكبرى (٦/٦) و الطحاوي في المعني (٥۲/٤) من طريق علي بن رباح اللخمي عن ابي هريرة مرفوعا بلفظ: (لا يحل ثمن الكلب؛ ولا حلوان الكاهن؛ ولا مهر البغي)۔و اخرجه الاعمش عن ابي حازم عن ابي هريرة قال: (نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن ثمن الكلب و عسب الفحل)۔ اخرجه الدارمي في البيوع (۲۷۲/۲)؛ و ابو يعلى (٦۲۱۰)؛ و النسائي في البيوع (۳۱۱/۷) باب: بيع ضراب الجمل؛ و ابن ماجه في التجارات (۷۳۱/۲) باب: النهي عن ثمن الكلب و مهر البغي (۲۱٦۰)۔

۳۰۳۲- اخرجه احمد (۳٦۷/۲) من طريق الحسن بن ابي جعفر؛ به-

Marfat.com

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے اور بلی کی قیمت سے منع کیا ہے البتہ تربیت یافتہ کتے (یعنی شکاری کتے) کا حکم مختلف ہے۔

(اس روایت کا ایک راوی) حسن بن ابوجعفر ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عباد بن عوام بن عمر کلابی، (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوسہل واسطی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 185ھ یا اس کے بعد ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۳۱۵۵)۔

3033- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَكِيْلُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِىْ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ الْمُثَنّٰى عَنْ عَطَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- ثَلَاثٌ كُلُّهُنَّ سُحْتٌ كَسْبُ الْحَجَّامِ سُحْتٌ وَّمَهْرُ الزَّانِيَةِ سُحْتٌ وَّثَمَنُ الْكَلْبِ اِلَّا كَلْبًا ضَارِيًا سُحْتٌ . الْمُثَنّٰى ضَعِيْفٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: تین چیزیں حرام ہیں' پچھنے لگانے والے کی آمدن حرام ہے' زنا کرنے والی عورت کا معاوضہ حرام ہے اور کتے کی قیمت حرام ہے' البتہ شکاری کتے کا حکم مختلف ہے۔

(اس روایت کا ایک راوی) مثنیٰ' ضعیف ہے۔

3034- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِىُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ لَا اَعْلَمُهُ اِلَّا عَنِ النَّبِىِّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اَنَّهُ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ اِلَّا كَلْبَ صَيْدٍ.

☆☆ ابوزبیر' حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کرتے ہوئے' کہتے ہیں: میرا خیال ہے انہوں نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے ہی بیان کی ہوگی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے اور بلی کی قیمت (استعمال کرنے) سے منع کیا ہے' البتہ شکاری کتے کا حکم مختلف ہے۔

۳۰۳۳- اخرجه الترمذي في البيوع (۳/ ۵۷۸-۵۷۹) باب: ما جاء في كراهية ثمن الكلب (۱۲۷۱) من طريق حماد بن سلمة عن ابي المهزم عن ابي هريرة قال: نهي عن ثمن الكلب الا كلب الصيد- وقال الترمذي: (هذا حديث لا يصح من هذا الوجه' و ابو المهزم اسمه: يزيد بن سفيان' تكلم فيه شعبة بن الحجاج)- اه-

۳۰۳۴- اخرجه النسائي في الصيد (۷/ ۱۹۰-۱۹۱) باب: الرخصة في من كلب الصيد' من طريق حجاج بن محمد عن حماد' به- وقال النسائي: (ليس هو بصحيح)- وقال مرة (۷/ ۳۰۹): (هذا منكر)-وقال الترمذي: (لا يصح اسناده)- و صوب الدارقطني و قفه: كما سياتي سوله شاهد من حديث ابن عباس قال: (رخص رسول الله صلى الله عليه وسلم في ثمن كلب الصيد)- اخرجه ابن عدي في الكامل (۱/ ۲۲۰) في ترجمة احمد بن عبد الله : ابي علي الكندي' من طريقه عن علي بن معبد عن محمد بن الحسن عن ابي حنيفة عن الهيثم -يعني: الصراف- عن عكرمة عن ابن عباس- و قال ابن عدي في صدر ترجمة ابي علي: (حدث باحاديث مناكير لا بي حنيفة) وختم ترجمته بقوله: (وهذه الاحاديث لابي حنيفة ليحدث بها الا احمد بن عبد الله هذا' و هي بواطيل عن ابي حنيفة' ولا يعرف احمد بن عبد الله هذا الا بهذه الاحاديث)- اه-

Marfat.com

3035- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْجَرَّاحِ بِاَذَنَةَ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ ح وَاَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ بُرْدٍ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نُهِىَ عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ اِلَّا كَلْبَ صَيْدٍ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کتے اور بلی کی قیمت (استعمال کرنے) سے منع کیا گیا ہے البتہ شکاری کتے کا حکم مختلف ہے۔

3036- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نُهِىَ عَنْ ثَمَنِ السِّنَّوْرِ وَالْكَلْبِ اِلَّا كَلْبَ صَيْدٍ .وَلَمْ يَذْكُرْ حَمَّادٌ عَنِ النَّبِيِّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- .هٰذَا اَصَحُّ مِنَ الَّذِى قَبْلَهُ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کتے اور بلی کی قیمت (استعمال کرنے) سے منع کیا گیا ہے البتہ شکاری کتے کا حکم مختلف ہے۔

حماد نے اس روایت کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہونے کا ذکر نہیں کیا اور یہ روایت پہلے والی روایت کے مقابلے میں زیادہ مستند ہے۔

3037- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ اَبُو بَحْرٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ وَحَبِيبٌ وَهِشَامٌ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- قَالَ مَنِ اشْتَرَى مُصَرَّاةً فَهُوَ بِالْخِيَارِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ اِنْ شَاءَ رَدَّهَا وَصَاعًا مِّنْ طَعَامٍ لَا سَمْرَاءَ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص ''مصراة'' جانور خرید لے' اُسے تین دن تک اختیار ہوگا' اگر وہ چاہے تو (اس عرصے کے اندر) اُسے اناج کے ایک صاع سمیت واپس کردے' جو گندم نہ ہو۔

3038- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا اَبُو عَامِرٍ حَدَّثَنَا قُرَّةُ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- مِثْلَهُ سَوَاءً .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

۳۰۳۷- اخرجه عبد الرزاق (۱۴۸۵۸)' و الحميدي (۱۰۲۹)' و احمد (۲/۲۴۸)' و مسلم في البيوع (۳/۱۱۵۸) باب: حكم بيع المصراة (۱۵۲۴)' و ابو داؤد في البيوع (۳/۷۲۷) باب: من اشترى مصراة فكرهها (۳۴۴۴)' و النسائي في البيوع (۷/۲۵۴) باب: النهي عن المصراة' و الترمذي في البيوع (۳/۵۵۳-۵۵۴) باب: ما جاء في المصراة (۱۲۵۲)' و ابن ماجه في التجارات (۲/۷۵۳) باب: بيع المصراة (۲۲۳۹)' و ابو يعلى (۶۰۴۹)' و ابن الجارود (۵۶۵' ۵۶۶)' و الطحاوي في المعاني (۴/۱۹)' و البيهقي في البيوع (۵/۳۱۸) باب: الحاكم فيمن اشترى مصراة' من طرق عن محمد بن سيرين' به- و قال الترمذي: (حديث حسن صحيح)- الخ- واخرجه ابو الزناد عن الاعرج عن ابي هريرة' به- اخرجه مالك في البيوع (۲/۶۸۳-۶۸۴) باب: ما ينهى عن المساومة و المبايعة (۹۶)' و الحميدي (۱۰۲۸)' و احمد ۲/۲۴۲' و البخاري في البيوع (۴/۴۳۲) باب: النهي للبائع الا يحفل الابل (۲۱۵۰)' و ابو داؤد في البيوع (۳/۷۲۷) باب: من اشترى مصراة فكرهها (۳۴۴۳)' و النسائي في البيوع (۷/۲۵۳) باب: النهي عن المصراة' و البيهقي في البيوع (۵/۳۴۶) باب: لا يبيع حاضر لباد- و اخرجه حماد بن سلمة عن محمد بن زياد عن ابي هريرة' به- اخرجه الطيالسي (۲۳۴۴-منحة)' و احمد ۲/۲۸۶' ۴۰۶' ۴۶۹' ۴۸۱' و الترمذي في البيوع (۳/۵۵۳) باب: ما جاء في المصراة (۱۲۵۱)' و الطحاوي في المعاني (۴/۱۷)-

Marfat.com

3039- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَأَبِي هُرَيْرَةَ رَفَعَا الْحَدِيثَ قَالَ لَا يَبِيعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَلَا تَلَقَّوُا السِّلَعَ بِأَفْوَاهِ الطُّرُقِ وَلَا تَنَاجَشُوا وَلَا يَسُمِ الرَّجُلُ عَلَى سَوْمِ أَخِيهِ وَلَا يَخْطُبْ عَلَى خِطْبَةِ أَخِيهِ حَتَّى يَنْكِحَ أَوْ يَرُدَّ وَلَا تَسْأَلِ الْمَرْأَةُ طَلَاقَ أُخْتِهَا لِتَكْتَفِءَ مَا فِي صَحْفَتِهَا فَإِنَّمَا لَهَا مَا كُتِبَ لَهَا وَلَا تَبِيعُوا الْمُصَرَّاةَ مِنَ الْإِبِلِ وَالْغَنَمِ فَمَنِ اشْتَرَاهَا فَهُوَ بِالْخِيَارِ إِنْ شَاءَ رَدَّهَا وَصَاعًا مِنْ تَمْرٍ وَالرَّهْنُ مَحْلُوبٌ وَمَرْكُوبٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے مرفوع حدیث کے طور پر یہ بات نقل کی ہے: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے) ارشاد فرمایا ہے: شہری شخص دیہاتی کیلئے سودا نہ کرے سامان (کے قافلے کو منڈی میں پہنچنے سے پہلے) راستے میں نہ خرید و مصنوعی بولی نہ لگاؤ کوئی شخص اپنے بھائی کی لگائی ہوئی قیمت کے مقابلے میں قیمت نہ لگائے کوئی شخص اپنے بھائی کے پیغامِ نکاح کے مقابلے میں نکاح کا پیغام نہ بھیجے جب تک وہ دوسرا شخص نکاح نہ کر لے یا اُس پیغام کو ختم نہ کر دے کوئی عورت اپنی بہن (سوکن) کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے تا کہ اس کے ذریعہ وہ اُس (سوکن) کے حصے کے فوائد حاصل کر لے کیونکہ اُس عورت کو وہی ملے گا جو اُس کے نصیب میں ہوگا' مصراۃ اونٹنی اور بکری کو فروخت نہ کرو' جو شخص اُسے خرید لے اُسے اختیار ہوگا گر وہ چاہے تو کھجور کے ایک صاع سمیت اُسے واپس کر دے' رہن میں (رکھے ہوئے) جانور کا دودھ دوہا جا سکتا ہے اور اُس پر سواری کی جا سکتی ہے۔

3040- حَدَّثَنَا أَبُو عُثْمَانَ سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ ح وَأَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عَامِرٍ الْأَحْوَلِ جَمِيعًا عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- لَا يَحِلُّ سَلَفٌ وَبَيْعٌ وَلَا شَرْطَانِ فِي بَيْعٍ وَلَا بَيْعُ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ وَلَا رِبْحُ مَا لَمْ يُضْمَنْ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: (ایک ہی سودے میں) سلف اور بیع' ایک سودے میں دو شرائط' جو چیز اپنے پاس موجود نہ ہو اُس کا سودا کرنا' جس چیز کے ضمان کی ذمہ داری نہ ہو' اُس کا منافع (یہ سب چیزیں) جائز نہیں ہیں۔

3041- حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مَطَرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ

۳۰۳۹- اخرجه الشيخان عن ابي هريرة طرفاً منه' و عن ابن عمر طرفاً منه ايضاً- و تقدم حديث ابي هريرة قبل ذلك-

۳۰۴۰- اخرجه احمد (۲/۱۷۸-۱۷۹)' و الدارمي (۲/۲۵۳)' و ابو داود في البيوع (۳/۷۶۹) باب: في الرجل يبيع ما ليس عنده (۳۵۰۴) و الترمذي في البيوع (۲/۵۲۵-۵۳۶) باب: كراهية بيع ما ليس عندك (۱۲۳۴)' و النسائي في البيوع (۷/۲۸۸) باب: بيع ما ليس عند البائع' و ابن ماجه في التجارات (۲/۷۳۷-۷۳۸): النهي عن بيع ما ليس عندك (۲۱۸۸)' و ابن الجارود (۶۰۱)' و الحاكم (۲/۱۷)' و البيهقي (۵/۳۳۹-۳۴۰) من طريق عمرو بن شعيب' به- و قال الترمذي: (حسن صحيح)- وقال الحاكم: (هذا حديث- على شرط جماعة من ائمة المسلمين- صحيح)-اه-

۳۰۴۱- اخرجه مالك في البيوع (۲/۶۸۳-۶۸۴) باب: ما ينهى عن المساومة و المبايعة (۹۶)' و الحميدي (۱۰۲۸)' و احمد (۲/۲۴۲)' و البخاري في البيوع (۴/۴۲۲) باب: النهي للبائع الا يحفل الابل (۲۱۵۰)' و ابو داود في البيوع (۳/۷۲۷) باب: من اشترى مصراة فكرهها (۳۴۴۳)' و النسائي في البيوع (۴۵۳۷) باب: النهي عن المصراة' و البيهقي في البيوع (۵/۳۴۶) باب: لا يبيع حاضر لباد' من طريق ابي الزناد' به-

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ یَعْنِی النَّبِیَّ -صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ- لَا یَبِیْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَلَاتَنَاجَشُوا وَلَاتَلَقَّوُا الرُّکْبَانَ لِلْبَیْعِ وَلَاتُصَرُّوا الْاِبِلَ وَالْغَنَمَ لِلْبَیْعِ فَمَنِ ابْتَاعَ مِنْ ذٰلِكَ شَیْئًا فَهُوَ بِخَیْرِ النَّظَرَیْنِ اِنْ شَاءَ اَنْ یُمْسِکَهَا اَمْسَکَهَا وَاِنْ شَاءَ اَنْ یَرُدَّهَا رَدَّهَا وَصَاعًا مِّنْ تَمْرٍ لَا سَمْرَاءَ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: شہری شخص دیہاتی کیلئے سودا نہ کرے' مصنوعی بولی نہ لگاؤ' (اناج کے قافلے کے منڈی پہنچنے سے پہلے) اُسے راستے میں نہ ملو' اونٹنی یا بکری کو فروخت کرنے کیلئے اُن کا تصریہ نہ کرو' جو شخص اُسے خرید لے اُسے دو میں سے ایک بات کا اختیار ہوگا' اگر وہ اپنے پاس رکھنا چاہے تو اپنے پاس رکھے اور اگر وہ واپس کرنا چاہے تو اُسے واپس کر دے اور ساتھ میں کھجور کا ایک صاع دے' گندم کا نہیں۔

3042- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَالِبٍ الْکَاتِبُ عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْجَهْمِ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ زَیْدٍ الْفَرَائِضِیُّ حَدَّثَنَا الْحُنَیْنِیُّ اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ حَدَّثَنَا کَثِیْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ- لَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ وَلَااعْتِرَاضَ وَلَایَبِیْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَلَاتُصَرُّوا الْاِبِلَ وَالْغَنَمَ فَمَنِ ابْتَاعَهَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ اِذَا حَلَبَهَا بِخَیْرِ النَّظَرَیْنِ اِنْ رَضِیَهَا اَمْسَکَهَا وَاِنْ سَخِطَهَا رَدَّهَا وَصَاعًا مِّنْ تَمْرٍ . تَابَعَهٗ عَاصِمُ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰهِ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ فِی الْمُصَرَّاةِ حَدَّثَ بِهٖ عَنْهُ دَاوٗدُ بْنُ عِیْسٰی .وَقَالَ الْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ عَنِ الْحَکَمِ عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ عَلِیٍّ عَنِ النَّبِیِّ -صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ- .وَقَالَ اَبُوْ شَیْبَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ .وَقَالَ شُعْبَةُ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ -صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ-.

☆☆ کثیر بن عبداللہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جلب' جنب' اعتراض (کی کوئی حیثیت نہیں ہے)' شہری شخص دیہاتی کیلئے کوئی سودا نہ کرے' اونٹنی یا بکری کا تصریہ نہ کرو' جو شخص تصریہ والے جانور کو خرید لے اور اُس کا دودھ دوہ لے تو اُسے دو میں سے ایک بات کا اختیار ہوگا' اگر وہ چاہے تو اُسے اپنے پاس رکھے اور اگر چاہے تو اُسے واپس کر دے اور ساتھ میں کھجور کا ایک صاع دیدے۔

عاصم بن عبیداللہ نے سالم کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے' مصراۃ کے بارے میں اسے نقل کرنے میں متابعت کی ہے' اُن کے حوالے سے داؤد بن عیسیٰ نے اس روایت کو نقل کیا ہے۔

حسن بن عمارہ نے حکم کے حوالے سے' ابن ابی لیلیٰ کے حوالے سے' حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے۔

ابوشیبہ نامی راوی نے اسے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

شعبہ نامی راوی نے اسے ایک صحابی کے حوالے سے (جن کا نام مذکور نہیں ہے) روایت کیا ہے۔

۳۰۴۲- في اسناده اسحاق بن ابراهيم الحنيني: قال الذهبي: (صاحب اوابد)- قال البخاري: في حديثه نظر- وقال النسائي: ليس بثقة- انظر للميزان (۱/ ۳۳۰)- و ضعفه الحافظ في التقريب (ت ۳۳۹)- و الحديث اخرجه ابن عدي في الكامل (۶/ ۵۸) من طريق اسماعيل بن ابي اويس' حدثنا كثير المزني عن ابيه عن جده' به مختصراً-

Marfat.com

3043- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَالِبٍ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْجَهْمِ الْكَاتِبُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُخَاضَرَةِ وَالْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ وَالْمُزَابَنَةِ .قَالَ عُمَرُ فَسَّرَهُ اَبِى الْمُخَاضَرَةُ لَا يَشْتَرِى شَيْئًا مِّنَ الْحَرْثِ وَالنَّخْلِ حَتّٰى يُوْنِعَ يَحْمَرَّ اَوْ يَصْفَرَّ وَاَمَّا الْمُنَابَذَةُ فَيَرْمِىْ بِالثَّوْبِ وَيُرْمٰى اِلَيْهِ بِمِثْلِهِ فَيَقُوْلُ هٰذَا لَكَ بِهٰذَا وَالْمُلَامَسَةُ يَشْتَرِى الْبَيْعَ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِ وَالْمُحَاقَلَةُ كِرَاءُ الْاَرْضِ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے محاقلہ مخاضرہ ملامسہ منابذہ اور مزابنہ سے منع کیا ہے۔

عمر (بن یونس) نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: میرے والد نے اس کی وضاحت یوں کی ہے:

مخاضرہ سے مراد یہ ہے: خریدار کسی کھیت یا کھجوروں کے باغ کو اس وقت تک نہیں خریدے گا جب تک وہ سرخ یا زرد نہیں ہو جاتے (یعنی پیداوار پک نہیں جاتی)۔

منابذہ سے مراد یہ ہے: خریدار فروخت کرنے والے کی طرف اور فروخت کرنے والا خریدار کی طرف کپڑا پھینکے گا اور کہے گا: یہ اس کے عوض میں تمہارا ہوا۔

ملامسہ یہ ہے: خریدنے والا سامان خرید لے گا حالانکہ اُس نے سامان دیکھا بھی نہیں ہوگا۔

محاقلہ سے مراد زمین کرائے پر دینا ہے۔

3044- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيسَ اَبُوْ بَكْرٍ وَرَّاقُ الْحُمَيْدِىِّ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ حَدَّثَنَا فَرَجُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عَمِّى ثَابِتُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ سَعِيْدٍ عَنْ جَدِّهِ اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ اَنَّهُ اسْتَقْطَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- الَّذِىْ يُقَالُ لَهُ مِلْحُ شَذَا بِمَأْرِبَ فَقَطَعَهُ لَهُ ثُمَّ اِنَّ الْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ التَّمِيْمِىَّ قَالَ يَا نَبِىَّ اللّٰهِ اِنِّىْ قَدْ وَرَدْتُ عَلَى الْمِلْحِ فِى الْجَاهِلِيَّةِ وَهِىَ بِاَرْضٍ لَيْسَ فِيْهَا مِلْحٌ وَّمَنْ وَرَدَهُ اَخَذَهُ وَهُوَ مِثْلُ الْمَاءِ الْعِدِّ .فَاسْتَقَالَ اَبْيَضَ فِىْ قَطِيْعَةِ الْمِلْحِ فَقَالَ اَبْيَضُ قَدْ اَقَلْتُكَ فِيْهِ عَلٰى اَنْ تَجْعَلَهُ مِنِّىْ صَدَقَةً فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- هُوَ مِنْكَ صَدَقَةٌ وَّهُوَ مِثْلُ الْمَاءِ الْعِدِّ مَنْ وَرَدَهُ اَخَذَهُ قَالَ فَقَطَعَ لَهُ نَبِىُّ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اَرْضًا وَنَخِيلًا بِالْجُرْفِ- جُرْفِ مُرَادٍ- مَكَانَهُ حِيْنَ اَقَالَهُ فِيْهِ قَالَ فَرَجٌ فَهُوَ عَلٰى ذٰلِكَ مَنْ وَرَدَهُ اَخَذَهُ.

٣٠٤٤ اخرجه ابن ماجه في الرهون (٢٤٧٥) باب: اقطاع الانهار و العيون' و ابن سعد في الطبقات (٥/٣٨٢)' و الطبراني في الكبير (٨٠٨) من طريق فرج بن سعيد' به-ورواه محمد بن يحيى بن قيس المأربي عن ابيه عن ثمامة بن شراحيل عن سمي بن قيس عن شمير بن عبد المدان عن ابيض' به- اخرجه ابو داود في الخراج و الامارة (٣٠٦٤) باب: في اقطاع الارضين و الترمذي في الاحكام (١٣٨٠) باب: ماجاء في القطائع' و حميد بن زنجويه (١٠١٧)' و ابو عبيد (٦٨٤)' كلاهما في الاموال' و ابن حبان (٤٤٩٩)' و الطبراني (٨١٠) من طرق عن محمد بن يحيى به- و خالفه معمر' فاخرجه عن يحيى بن قيس المأربي عن رجل عن ابيض- هكذا اخرجه يحيى بن آدم في الخراج (٣٤٦) من طريق ابن المبارك عن معمر به-وقال الترمذي (٣/٦٦٥): (حديث ابيض حديث غريب' و العمل على هذا عند اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم في القطائع: يرون جائزاً ان يقطع الامام لمن راى ذلك)- اه-

Marfat.com

☆☆ ثابت بن سعید اپنے والد سعید کے حوالے سے اپنے دادا حضرت ابیض بن حمال کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: اُنہوں نے نبی اکرم ﷺ سے وہ قطعہ اراضی مانگا جسے ''ملح شذا'' کہا جاتا تھا اور یہ ''مارب'' میں تھا' نبی اکرم ﷺ نے وہ قطعہ اراضی اُنہیں عطاء کر دیا۔ پھر اقرع بن حابس تمیمی نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں زمانۂ جاہلیت میں ''ملح'' نامی جگہ گیا تھا' وہ ایک ایسی جگہ ہے جہاں نمک نہیں ہے' جو شخص وہاں پہنچ جائے وہ اُسے حاصل کر سکتا ہے' اُس کی مثال اُس بہتے ہوئے پانی کی ہے جس کا بہاؤ ختم نہیں ہوتا' پھر اقرع نے ''ملح'' کے قطعہ اراضی کے بارے میں ابیض سے اقالہ کی فرمائش کی تو حضرت ابیض نے کہا: میں اس میں اس شرط پر تمہارے ساتھ اقالہ کرتا ہوں کہ تم اسے میری طرف سے صدقے کے طور پر استعمال کرو گے۔ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ تمہاری طرف سے صدقہ ہے' اس کی مثال چشمے سے بہتے ہوئے پانی کی ہے' جو شخص اُس تک پہنچ جائے گا وہ اُسے استعمال کرے گا۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اُنہیں ''جُـرف'' کے مقام پر کچھ زمین اور کھجور کا باغ عنایت کیا تھا' اس سے مراد ''جُرف'' مراد ہے' یہ عطاء نبی اکرم ﷺ نے اُس وقت کی جب اُنہوں نے اس میں اقالہ کر لیا۔

فرج بن سعید نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: اس کی بھی یہی صورت تھی جو اُس تک پہنچ جائے گا وہ اُسے حاصل کر لے گا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ فرج بن سعید بن علقمہ بن سعید بن ابیض ماربی، ابوروح یمانی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۵۴۱۷)۔

○ ثابت بن سعید بن ابیض بن حمال ماربی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔
ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تہذیب الکمال (۱/۴۰۵) ت (۸۰۲)، ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۸۲۳)۔

○ سعید بن ابیض بن حمال مرادی، ابوہانی، ماربی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۲۲۸۴)۔

3045- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ

۳۰۴۵- في اسناده و اصل بن ابي جميل: قال الذهبي في الميزان (۷/۱۱۷): قال يحيى بن معين: لا شيء- وقال البخاري: يروي عن مجاهد و مكحول' روى عنه الاوزاعي' احاديثه مرسلة-

Marfat.com

مُسْلِمٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ وَاصِلِ بْنِ اَبِیْ جَمِيْلٍ عَنْ مُجَاهِدٍ اَنَّ نَفَرًا اشْتَرَكُوْا فِیْ زَرْعٍ مِنْ اَحَدِهِمُ الْاَرْضُ وَمِنَ الْاٰخَرِ الْفَدَانُ وَمِنَ الْاٰخَرِ الْعَمَلُ وَمِنَ الْاٰخَرِ الْبَذْرُ فَلَمَّا طَلَعَ الزَّرْعُ ارْتَفَعُوْا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- فَاَلْغَى الْاَرْضَ وَجَعَلَ لِصَاحِبِ الْفَدَانِ كُلَّ يَوْمٍ دِرْهَمًا وَاَعْطَى الْعَامِلَ كُلَّ يَوْمٍ اَجْرًا وَجَعَلَ الْغَلَّةَ كُلَّهَا لِصَاحِبِ الْبَذْرِ. قَالَ فَحَدَّثْتُ بِهٖ مَكْحُوْلًا فَقَالَ مَا يَسُرُّنِیْ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَصِيْفٌ. هٰذَا مُرْسَلٌ وَلَا يَصِحُّ. وَوَاصِلٌ هٰذَا ضَعِيْفٌ.

☆☆ مجاہد بیان کرتے ہیں: چند لوگوں نے ایک زرعی زمین میں مشترکہ طور پر کام کرنے کے بارے میں طے کیا' اُن میں سے ایک شخص کی زمین تھی' دوسرے شخص نے زرعت کے آلات فراہم کرنے تھے' تیسرے شخص نے کھیت میں کام کرنا تھا اور چوتھے نے بیج فراہم کرنا تھا' جب وہ پیداوار تیار ہوگئی تو یہ لوگ اپنا مقدمہ لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' آپ ﷺ نے زمین کی ملکیت کو بے حیثیت قرار دیا (یعنی اُسے کوئی معاوضہ نہیں ملے گا)' جس شخص نے زراعت کے آلات فراہم کیے تھے' اُسے ایک دن کا ایک درہم معاوضہ ادا کرنے کا حکم دیا' جس شخص نے کھیت میں مزدوری کرنی تھی اُس کے لیے معاوضہ مقرر کیا اور آپ نے بیج فراہم کرنے والے شخص کو تمام پیداوار کا مالک قرار دیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے یہ حدیث مکحول کو سنائی تو اُنہوں نے فرمایا: اس حدیث کے عوض میں مجھے وصیف بھی ملتا تو خوشی نہ ہوتی۔

یہ حدیث ''مرسل'' ہے اور مستند نہیں ہے' اس روایت کا راوی واصل' ضعیف ہے۔

3046- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- قَالَ لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ مَنْ ضَارَّ ضَارَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ شَاقَّ شَقَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: (اسلام میں) ضرر اور ضرار نہیں ہے' جو شخص ضرر پہنچانے کی کوشش کرے گا' اللہ تعالیٰ اُسے ضرر میں مبتلا کرے گا اور جو شخص مشقت کا شکار کرنے کی کوشش کرے گا' اللہ تعالیٰ اُسے مشقت میں مبتلا کرے گا۔

3047- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی الثَّلْجِ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَدْرٍ عَبَّادُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنِیْ عَبَّادُ بْنُ لَيْثٍ صَاحِبُ الْكَرَابِيْسِ. وَاَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْقُرَشِيُّ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ لَيْثٍ صَاحِبُ الْكَرَابِيْسِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَجِيْدِ بْنُ وَهْبٍ اَبُوْ وَهْبٍ قَالَ قَالَ لِیَ الْعَدَّاءُ بْنُ خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ

۳۰۴۷ اخرجه الترمذي (۱۲۱۶)' و النسائي كما في تحفة الاشراف (۹۸۴۸)' و ابن ماجه رقم (۲۲۵۱)' و ابن الجارود (۱۰۲۸) من طريق عباد بن ليث صاحب الكرابيس به-وعلقه البخاري في صحيحه (۳۱/۵) كتاب البيوع' باب: اذا بين البيعان' و لم يكتما و نصحا- قال الترمذي: (هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من حديث عباد بن ليث' وقد روى عنه هذا الحديث غير واحد من اهل الحديث)- اه-

Marfat.com

اَلاَ اُقْرِئُكَ كِتَابًا كَتَبَهُ لِی رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- هٰذَا مَا اشْتَرَى الْعَدَّاءُ بْنُ خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ عَبْدًا اَوْ اَمَةً لاَ دَاءَ وَلاَ غَائِلَةَ وَلاَ خِبْثَةَ بَيْعُ الْمُسْلِمِ الْمُسْلِمَ . وَقَالَ ابْنُ اَبِی الثَّلْجِ فَاَخْرَجَ اِلَیَّ كِتَابًا هٰذَا مَا اشْتَرَى الْعَدَّاءُ بْنُ خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ اشْتَرَى مِنْهُ عَبْدًا اَوْ اَمَةً- شَكَّ عَبَّادُ بْنُ لَيْثٍ- لاَ دَاءَ لَهُ وَلاَ خِبْثَةَ وَلاَ غَائِلَةَ بَيْعُ الْمُسْلِمِ الْمُسْلِمَ .

☆☆ ابو وہب بیان کرتے ہیں: حضرت عداء بن خالد رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: کیا میں تمہیں وہ تحریر پڑھ کر سناؤں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لیے لکھوائی تھی؟ (اُس کے الفاظ یہ ہیں:)

''یہ (تحریر اس بارے میں ہے) عداء بن خالد نے اللہ کے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے غلام (راوی کو شک ہے شاید) کنیز کو خریدا ہے' جس میں کوئی بیماری نہیں ہے' کوئی دھوکا نہیں ہے' کوئی خرابی نہیں ہے' یہ ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان کے ساتھ سودا ہے''۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: پھر اُنہوں نے میرے سامنے یہ تحریر نکالی:

''یہ (تحریر اس بارے میں ہے) عداء بن خالد نے اللہ کے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے غلام (راوی کو شک ہے شاید) کنیز کو خریدا ہے' (یہاں عباد نامی راوی کو شک ہے) جس میں کوئی بیماری نہیں ہے' کوئی دھوکا نہیں ہے' کوئی خرابی نہیں ہے' یہ ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان کے ساتھ سودا ہے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عداء بن خالد بن ھوذہ عامری، یہ صحابی ہیں یہ اور ان کے والد ایک ساتھ مسلمان ہوئے تھے۔ ان کا انتقال پہلی صدی کے بعد ہوا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۴۵۶۹)۔

3048- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ السَّدُوْسِیُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَرْقَمَ اَبُوْ اَرْقَمَ الْكِنْدِیُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْجَارُوْدِ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ يَسَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اِذَا دَفَعَ مَالاً مُضَارَبَةً اشْتَرَطَ عَلٰى صَاحِبِهِ لاَ يَسْلُكُ بِهِ بَحْرًا وَلاَ يَنْزِلُ بِهِ وَادِيًا وَلاَ يَشْتَرِی بِهِ ذَاتَ كَبِدٍ رَطْبَةٍ فَاِنْ فَعَلَ فَهُوَ ضَامِنٌ فَرَفَعَ شَرْطَهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- فَاَجَازَهُ .اَبُو الْجَارُوْدِ ضَعِيْفٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ جب ایک شخص کو اپنا مال مضاربت کے طور پر دیا تو ساتھ یہ شرط عائد کی' کہ وہ اس مال کو لے کر سمندری سفر نہیں کرے گا' اس کے ساتھ کسی وادی (یعنی بے آب وگیاہ) جگہ پر پڑاؤ نہیں کرے گا' اس کے ذریعہ کسی جاندار کو نہیں خریدے گا اور اگر وہ ایسا کرے گا تو وہ اس کا ضمان (تاوان) ادا کرے گا' پھر اُنہوں نے یہ شرط نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ذکر کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے درست قرار دیا۔

Marfat.com

ابوجارود نامی راوی ''ضعیف'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حبیب بن یسار کندی کوفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تھذیب ت (۱۰۸۷)، ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۱۱۱۷)۔

3049- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَحْرٍ الْعَطَّارُ بِالْبَصْرَةِ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ الْوَصَّافِيُّ حَدَّثَنِیْ عَطِيَّةُ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ شَهِدْتُ جَنَازَةً فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- فَلَمَّا وُضِعَتْ سَاَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- عَلَيْهِ دَيْنٌ. قَالُوْا نَعَمْ فَعَدَلَ عَنْهَا وَقَالَ صَلُّوا عَلٰى صَاحِبِكُمْ. فَلَمَّا رَآهُ عَلِیٌّ يُقَفِّی قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بَرِءَ مِنْ دَيْنِهِ وَاَنَا ضَامِنٌ لِمَا عَلَيْهِ فَاَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- فَصَلّٰى عَلَيْهِ ثُمَّ انْصَرَفَ فَقَالَ يَا عَلِیُّ جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا فَكَّ اللّٰهُ رِهَانَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَمَا فَكَكْتَ رِهَانَ اَخِيْكَ الْمُسْلِمِ لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يَقْضِیْ عَنْ اَخِيْهِ دَيْنَهُ اِلَّا فَكَّ اللّٰهُ رِهَانَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لِعَلِیٍّ هٰذَا خَاصَّةً قَالَ بَلْ لِعَامَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں ایک نمازِ جنازہ میں شریک ہوا جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی موجود تھے جب اُسے رکھا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا اس کے ذمہ کوئی قرض ہے؟ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے ہٹنے لگے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اپنے ساتھی کی نمازِ جنازہ ادا کرلو۔ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو واپس جاتے ہوئے دیکھا تو اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ شخص اپنے قرض سے بری الذمہ ہے' اس کے ذمہ جو ادائیگی ہے میں اُس کا ضامن ہوں۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے' آپ نے اُس شخص کی نمازِ جنازہ ادا کی' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے علی! اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر عطاء کرے! جس طرح تم نے اپنے مسلمان بھائی کی ادائیگی اپنے ذمہ لی ہے' اسی طرح اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تمہاری ادائیگیاں بھی اپنے ذمہ لے' جو بھی شخص اپنے بھائی کی طرف سے اُس کا قرض ادا کرتا ہے' اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اُس شخص کی ادائیگیوں کا ذمہ دار ہوگا۔ ایک انصاری شخص کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ (حکم) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ مخصوص ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (نہیں!) بلکہ یہ تمام مسلمانوں کیلئے عام ہے۔

3050- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الشَّافِعِیُّ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ كُزَالٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَاتِمٍ الطَّوِيْلُ حَدَّثَنَا زَافِرٌ ح وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِیٍّ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ النَّيْسَابُوْرِیُّ اَحْمَدُ بْنُ سَالِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَرَّاحِ حَدَّثَنَا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْوَصَّافِیِّ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ شَهِدَ النَّبِیُّ

Marfat.com

-صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- جَنَازَةً فَلَمَّا وُضِعَتْ قِيلَ عَلَيْهِ دَيْنٌ فَتَنَحَّى رَسُولُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- فَقَالَ عَلِيٌّ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَنَا ضَامِنٌ لِّدَيْنِهِ .قَالَ فَكَّ اللّٰهُ عَنْكَ يَا عَلِيُّ رِهَانَكَ كَمَا فَكَكْتَ عَنْ اَخِيكَ الْمُسْلِمِ رِهَانَهُ . قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ لِعَلِيٍّ خَاصَّةً اَمْ لِلْمُؤْمِنِينَ عَامَّةً قَالَ لِلْمُؤْمِنِينَ عَامَّةً .

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنازے میں شریک ہوئے جب اُسے رکھا گیا تو بتایا گیا: اس کے ذمہ قرض ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پیچھے ہٹے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں اس کے قرض کا ضامن ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے علی! اللہ تعالیٰ تمہاری ضرورتوں کو اُسی طرح پورا کرے' جس طرح تم نے اپنے مسلمان بھائی کی ضرورت کو پورا کیا ہے۔لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ حکم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ مخصوص ہے یا تمام اہلِ ایمان کیلئے عام ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمام اہلِ ایمان کیلئے عام ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ زافر بن سلیمان ایادی، ابوسلیمان قہستانی، ذکرہ بخاری فی ضعفاء صغیر، وقال: عندہ مراسیل ووہم، وھو یکتب حدیثہ، وقال فی کبیر: عندہ مراسیل۔ وقال نسائی: عندہ حدیث منکر عن مالک۔ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بخاری کبیر (۱۵۰۶/۳)، واسامی ضعفاء (۱۱۴)، وضعفاء ومتروکون للنسائی (۲۱۴)۔

3051- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ مَاتَ رَجُلٌ فَغَسَّلْنَاهُ وَكَفَّنَّاهُ وَحَنَّطْنَاهُ وَوَضَعْنَاهُ لِرَسُولِ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- حَيْثُ تُوضَعُ الْجَنَائِزُ عِنْدَ مَقَامِ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ اٰذَنَّا رَسُولَ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- فِي الصَّلَاةِ عَلَيْهِ فَجَاءَ مَعَنَا خُطًى ثُمَّ قَالَ لَعَلَّ عَلٰى صَاحِبِكُمْ دَيْنًا . قَالُوا نَعَمْ دِينَارَانِ فَتَخَلَّفَ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِّنَّا يُقَالُ لَهُ اَبُو قَتَادَةَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هُمَا عَلَيَّ . فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- يَقُولُ هُمَا عَلَيْكَ وَفِي مَالِكَ وَحَقُّ الرَّجُلِ عَلَيْكَ وَالْمَيِّتُ مِنْهُمَا بَرِيءٌ . فَقَالَ نَعَمْ فَصَلَّى عَلَيْهِ فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اِذَا لَقِيَ اَبَا قَتَادَةَ يَقُولُ مَا صَنَعْتَ فِي الدِّينَارَيْنِ حَتّٰى كَانَ اٰخِرَ ذٰلِكَ قَالَ قَدْ قَضَيْتُهُمَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ .قَالَ الْاٰنَ حِينَ بَرَدَتْ عَلَيْهِ جِلْدُهُ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک صاحب کا انتقال ہوگیا' ہم نے اُنہیں غسل دیا' کفن دیا' اُنہیں خوشبو لگائی اور اُسے حضرت جبرائیل علیہ السلام کے قیام کی جگہ کے پاس رکھ دیا' جہاں جنازے رکھے جاتے تھے' پھر ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا تاکہ آپ اُس کی نمازِ جنازہ ادا کریں۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ساتھ چند قدم چل کر آئے' پھر آپ نے فرمایا: شاید تمہارے ساتھی کے ذمہ کچھ قرض تھا' لوگوں نے عرض کی: جی ہاں! دو دینار تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس مڑنے لگے' ہم

۳۰۵۱- اخرجه البيهقي في الكبرى (۷۵/۶) من طريق زائدة عن عبد الله بن محمد بن عقيل' بنحوه' و اخرجه عبد الرزاق (۱۵۲۵۷) عن معمر عن الزهري عن ابي سلمة عن جابر' بنحوه' و من طريق عبد الرزاق اخرجه ابو داود في البيوع (۳۳۴۳) باب في التشديد في الدين' و النسائي في الجنائز (۶۵/۴-۶۶) باب: الصلاة على من عليه دين' و ابن حبان في الجنائز (۳۰۶۴)-

Marfat.com

میں سے ایک صاحب جن کا نام ابوقتادہ تھا' اُنہوں نے آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ! ان دونوں (دیناروں) کی ادائیگی میرے ذمہ ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ان دونوں کی ادائیگی تمہارے ذمہ ہے اور تمہارے مال میں سے ہوگی اور (وصولی کرنے والے) شخص کا حق تمہارے ذمہ ہے' یہ مرحوم ان دونوں سے بری ہے۔ تو حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: جی ہاں! تو نبی اکرم ﷺ نے اُس شخص کی نمازِ جنازہ ادا کی۔ اس کے بعد نبی اکرم ﷺ کی جب بھی حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی' آپ ﷺ نے اُن سے یہی دریافت کیا: تم نے اُن دو دیناروں کا کیا کیا؟ آخرکار جب حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کو بتایا: یارسول اللہ! میں نے اُن دونوں کو ادا کر دیا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اب اُس شخص کو ٹھنڈک نصیب ہوئی ہے۔

3052 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيلَ السُّوطِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ غَالِبٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- قَالَ مَا عُبِدَ اللّٰهُ بِشَىْءٍ اَفْضَلَ مِنْ فِقْهٍ فِىْ دِيْنٍ وَّلَفَقِيْهٌ اَشَدُّ عَلَى الشَّيْطَانِ مِنْ اَلْفِ عَابِدٍ وَّلِكُلِّ شَىْءٍ عِمَادٌ وَّعِمَادُ هٰذَا الدِّيْنِ الْفِقْهُ . فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ لَاَنْ اَجْلِسَ سَاعَةً فَاَفْقَهَ اَحَبُّ اِلَىَّ مِنْ اَنْ اُحْيِىَ لَيْلَةً اِلَى الْغَدَاةِ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ کی بندگی کے حوالے سے جو بھی کام کیے جاتے ہیں اُن میں سب سے زیادہ فضیلت دین میں سمجھ بوجھ حاصل کرنے کو ہے' ایک فقیہہ' شیطان کیلئے ایک ہزار عبادت گزاروں سے زیادہ شدید (پریشانی کا باعث) ہوتا ہے' ہر چیز کا ایک ستون ہے' اس دین کا ستون فقہ ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ایک گھڑی بیٹھ کر دین کا علم حاصل کرلوں یہ میرے نزدیک اس سے زیادہ محبوب ہے کہ میں رات بھر نوافل ادا کرتا رہوں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن سعید بن غالب بغدادی، ابویحییٰ، عطار، یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 261ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۵۹۴۹)۔

3053 - حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا جَدِّىْ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ مُوْسٰى عَنِ ابْنِ التَّرْجُمَانِ عَنْ اِسْرَائِيلَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اَلْاَنْبِيَاءُ قَادَةٌ وَّالْفُقَهَاءُ سَادَةٌ وَّمُجَالَسَتُهُمْ زِيَادَةٌ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: انبیاء قائدین ہیں' فقہاء سردار ہیں' ان کی ہم نشینی (علم اور اجر وثواب میں) اضافہ کا باعث ہوتی ہے۔

۳۰۵۲- اخرجه الطبراني في الاوسط (٦١٦٦) من وجه آخر عن يزيد بن هارون به- وقال الطبراني: (لم يرو هذا الحديث عن صفوان بن سليم الا يزيد بن عياض)- اه-

۳۰۵۳- اخرجه القضاعي في مسند الشهاب رقم (۲۰۷) من طريق اسحاق بن احمد بن بهلول...... به- قال الغماري في فتح الوهاب (۲۸۷/۱): (عبد العزيز بن الحصين: قال البخاري: ليس بالقوي عندهم- وقال ابن معين وغيره: ضعيف- وقال ابو داود: متروك)- اه-

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر تصانیف، ترجمہ، شرح و تخریج کی ہوئی کتب

جہانگیری

مسند امام زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ

امام حسین رضی اللہ عنہ کے پوتے حضرت زین العابدین رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے

امام باقر رحمۃ اللہ علیہ کے بھائی امام جعفر صادق اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے استاد

الامام زید رحمۃ اللہ علیہ

کی نقل کردہ روایات اور بیان کردہ فقہی آراء کا مجموعہ

جہانگیری

الموطا امام مالک

احادیث نبویہ آثار صحابہ اقوال تابعین اور آراء امام مالک

تالیف امام دار الهجرة

امام ابو عبد الله مالك بن انس بن مالك المدني

جہانگیری

مسند الامام الشافعي

ترتیب

الامير ابي سعيد سنجر بن عبد الله الناصري الجاولي

2 جلدیں

جہانگیری

سنن دارمی

احادیث و آثار کا مستند اور قدیم مجموعہ

الامام الحافظ ابو محمد عبد الله بن عبد الرحمن بن الفضل بن بهرام الدارمي

15 کتب سے تخریج

2 جلدیں

شبیر برادرز

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

علماء اہلسنت کی کتب Pdf فائل میں حاصل
کرنے کے لئے
"فقہ حنفی PDF BOOK"
چینل کو جوائن کریں
http://T.me/FiqaHanfiBooks
عقائد پر مشتمل پوسٹ حاصل کرنے کے لئے
تحقیقات چینل ٹیلیگرام جوائن کریں
https://t.me/tehqiqat
علماء اہلسنت کی نایاب کتب گوگل سے اس لنک
سے فری ڈاؤن لوڈ کریں
https://archive.org/details/
@zohaibhasanattari
طالب دعا۔ محمد عرفان عطاری
زوہیب حسن عطاری

فتوحاتِ جہانگیری

شرح

سُنن دارقطنی

متن

امام ابو الحسن علی بن عمر دارقطنی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر
ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
اردو بازار ۔ لاہور

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

علماء اہلسنت کی کتب Pdf فائل میں حاصل
کرنے کے لئے
"فقہ حنفی PDF BOOK"
چینل کو جوائن کریں
http://T.me/FiqaHanfiBooks
عقائد پر مشتمل پوسٹ حاصل کرنے کے لئے
تحقیقات چینل ٹیلیگرام جوائن کریں
https://t.me/tehqiqat
علماء اہلسنت کی نایاب کتب گوگل سے اس لنک
سے فری ڈاؤن لوڈ کریں
https://archive.org/details/
@zohaibhasanattari
طالب دعا۔ محمد عرفان عطاری
زوہیب حسن عطاری

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

1

فتوحاتِ جہانگیری

شرح

سُنن دارقطنی

جزو ہفتم

7-8

متن

امام ابوالحسن علی بن عمر دارقطنی

ترجمہ

ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ھو القادر

جلد چہارم

نام کتاب ـــــــــ فیوضاتِ جہانگیری سننِ دارقطنی

مترجم ـــــــــ ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

پروف ریڈنگ ـــــــــ ملک محمد یونس

کمپوزنگ ـــــــــ ورڈز میکر

باہتمام ـــــــــ ملک شبیر حسین

سن اشاعت ـــــــــ جولائی 2014ء

سرورق ـــــــــ اے ایف ایس ایڈورٹائزرز 0322-7202212

طباعت ـــــــــ اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ہدیہ ـــــــــ روپے

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر 40 اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

جمیع حقوق الطبع محفوظ للناشر
All rights are reserved
جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

ترتیب

كِتَابُ الْحُدُوْدِ وَالدِّيَّاتِ وَغَيْرِهٖ

حدود اور دیات وغیرہ کے بارے میں روایات ____ ۸

شرح: حد کی لغوی تعریف: ____ ۸

لعان کا بنیادی اصول ____ ۱۱۵

كِتَابُ النِّكَاحِ

نکاح کا بیان ____ ۱۸۹

نکاح کا لغوی معنی: ____ ۱۸۹

نکاح کا حکم ____ ۱۹۱

نکاح کا پیغام دینا ____ ۱۹۲

دوسرے کے پیغام کی موجودگی میں نکاح کا پیغام دینا ____ ۱۹۲

ایک ذیلی اختلاف ____ ۱۹۳

پیغامِ نکاح کے وقت عورت کو دیکھنا ____ ۱۹۴

اذنِ نکاح کا حکم ____ ۱۹۶

کن الفاظ کے ذریعہ نکاح منعقد ہو جاتا ہے؟ اور کن الفاظ کے ذریعہ نکاح منعقد نہیں ہوتا ہے؟ ____ ۱۹۷

کیا غلام کو نکاح پر مجبور کیا جا سکتا ہے؟ ____ ۱۹۷

نکاح میں کن خواتین کی رضامندی کا اعتبار ہوگا؟ ____ ۱۹۷

نابالغ ثیبہ کا حکم ____ ۱۹۸

زبردستی کی علت کیا ہے؟ ____ ۱۹۹

ثیبہ ہونے کا معیار کیا ہے؟ ____ ۱۹۹

نابالغ لڑکی کے نکاح کا حکم ____ ۲۰۰

سرپرستوں کے احکام ____ ۲۰۱

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

نکاح کی درستگی کیلئے ولی کا ہونا شرط ہے ۲۰۱
ولی کی بحث ۲۰۳
ولی کی اصناف ۲۰۴
نسب میں ولایت کی ترتیب ۲۰۴
کفو کے احکام ۲۰۵
نکاح میں گواہی کا حکم ۲۰۶
نکاح میں ولی کا حکم ۲۱۰
شرح: مہر کا ذکر کیے بغیر نکاح درست ہوتا ہے ۲۱۳
شرح: مہر کی کم از کم مقدار دس درہم ہے ۲۱۴
